4440

مفرد اور مرکب نسخہ جات

نادر جواہرات ہومیوپیتھی

مولفین

پروفیسر ڈاکٹر اسرار الحق قریشی

ڈاکٹر عطا الحق قریشی

argent. nit.

30c

8/8/2018 محمد یوسف مجاہد بلوچ
Qta

4440 مفرد اور مرکب نسخہ جات

نادر جواہرات ہومیوپیتھی

پروفیسر ڈاکٹر سراج الحق قریشی
ڈاکٹر عطاء الحق قریشی

کمپیوٹر ورلڈ اینڈ سے ڈی سنٹر
قریشی مارکیٹ گول بازار ربوہ
فون: 0333-6703577, 042-76211282

نام کتاب: ''جواہرات ہومیو پیتھی''

''(مفید مفرد اور مرکب نسخہ جات ہومیو پیتھی)''

مصنفین: 1۔ پروفیسر (ہومیو) ڈاکٹر سراج الحق قریشی

2۔ (ہومیو) ڈاکٹر عطاء الحق قریشی

سن اشاعت: 2008ء

ناشر:

پریس: ندیم یونس پرنٹرز لاہور

کمپوزنگ: ریاض احمد، قمر الحق قریشی

ملنے کا پتہ: 1۔

2۔ کشمیر ہومیو کلینک اینڈ سٹور

رائے ونڈ روڈ ٹھوکر نیاز بیگ لاہور۔

3۔ احمدیہ بک ڈپو گولبازار چناب نگر (ربوہ)

4۔ کمپیوٹر ورلڈ اینڈ سی ڈی سینٹر

قریشی مارکیٹ گولبازار چناب نگر (ربوہ)

قیمت =/900 روپے

انتساب

والد محترم قریشی فضل حق صاحب مرحوم

جن کی مشفقانہ دُعاؤں نے مجھ ناچیز کو دینی و دنیوں علوم سے بہرہ ور کیا اور ہومیوپیتھی کی اس خدمت کے قابل بنایا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ یَشۡفِیۡنِ

(الشعرآء: ۸۱)

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔

انڈیکس

پیش لفظ

خداتعالیٰ کا بے حد شکر اور احسان ہے کہ "نادر جواہرات ہومیو پیتھی" کے نام سے تقریباً 4440 منتخب ہومیو پیتھک نسخہ جات پر مشتمل یہ خوبصورت گلدستہ ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی ترویج کے لئے پیش کرنے کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔مفید اور مجرب ہومیو پیتھک نسخہ جات پر مشتمل یہ خوبصورت گلدستہ زیادہ تر مرزا طاہر احمد صاحب (امام جماعت احمدیہ چہارم) کی شہرہ آفاق کتاب "ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل" میں رقم فرمودہ نسخہ جات کے علاوہ ان مجوزہ نسخہ جات پر بھی مشتمل ہے جو آپ نے مختلف اوقات میں مریضوں کے علاج کے لئے تجویز فرمائے۔علاوہ ازیں اس کتاب میں دنیائے ہومیو پیتھی کے بہت سے مشہور و معروف اور مستند ماہرین کے نسخہ جات بھی ہومیو پیتھی سے دلچسپی رکھنے والے احباب کے استفادہ کیلئے شامل کر دیئے گئے ہیں۔

اس کتاب کے مفید اور مجرّب نسخہ جات کے بہترین انتخاب اور ترتیب و تزئین میں پروفیسر (ہومیو) ڈاکٹر سراج الحق قریشی صاحب نے خاکسار کی بے انتہاء مدد فرمائی ہے۔جس پر خاکسار ان کا دلی طور پر شاکر و ممنون ہے۔

ہومیو ڈاکٹر عطاء الحق قریشی بی۔ایس۔سی

ڈی ایچ ایم ایس، آر ایچ ایم پی

کمپیوٹر ورلڈ اینڈ سی ڈی سنٹر قریشی مارکیٹ گولبازار ربوہ (چناب نگر) 03336703577

تحسین و تشکر

ہومیو پیتھی طریقۂ علاج کو میڈیکل سائنس میں یہ منفرد اہمیت حاصل ہے کہ یہ واحد بے مثل طریقۂ علاج ہے جسے قبولیت عامہ کی سند حاصل ہو چکی ہے جس کے لئے ہانیمن کے بعد بہت سے ماہرین معالج گزرے ہیں جنہوں نے انتھک جدوجہد کر کے ہومیو پیتھی کو موجودہ پذیرائی سے ہمکنار کیا جس میں امریکہ، برطانیہ اور یورپین ممالک کے بہت سے اکابرین شامل رہے ہیں۔ اسی طرح برصغیر میں ڈاکٹر کاشی رام، ڈاکٹر دولت سنگھ، ڈاکٹر بشمبر داس، ڈاکٹر محمد مسعود قریشی، ڈاکٹر ایف۔ ایم افضل، ڈاکٹر ایم۔ اے سعید، ڈاکٹر محمد اسمٰعیل نامی اور ڈاکٹر عبدالحمید حمید نے بطور ہومیو پیتھک معالج بہت نام کمایا۔

زیر نظر کتاب ''نادر جواہرات ہومیو پیتھی'' ایسے ہی نادر روزگار لوگوں کے لیکچرز اور دوران علاج شفایاب ہونے والے مریضوں سے حاصل ہونے والے نکات پر مشتمل نگارشات سے ترتیب دی گئی ہے۔

اس کتاب میں کوشش کی گئی ہے کہ مفرد اور مرکب نسخہ جات کو مختلف امراض کے عنوانات کے تحت ترتیب دے کر ایک خوبصورت کتاب کی صورت میں شائع کیا جائے۔ ان نسخہ جات کے ساتھ ہی دیگر معروف و مشہور ہومیو پیتھک ماہرین کی آراء اور نسخہ جات کو بھی اس کتاب کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی خاطر اس میں شامل کر دیا گیا ہے تا کہ ہومیو پیتھک طریقۂ علاج میں دلچسپی رکھنے والے معالجین اور عوام الناس اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکیں۔

ہومیو پیتھک نسخہ جات کا یہ خوبصورت گلدستہ تقریباً **4440** مفرد اور مرکب نسخہ جات پر مشتمل ہے۔ کتاب کی عظیم ضخامت اس کی تالیف و ترتیب کے طویل محنت طلب کام کی شاہد ناطق ہے جو تقریباً سات آٹھ سال کے عرصہ پر محیط ہے۔

اس کتاب کی کمپوزنگ کا کام محترم ریاض احمد صاحب نے بڑی محنت اور دلجمعی کے ساتھ کیا ہے۔ اسی طرح نسخہ جات کی ترتیب اور پروف ریڈنگ میں محترم (ہومیو) ڈاکٹر منور احمد صاحب اور عزیزم قمر الحق قریشی نے ہماری معاونت فرمائی ہے۔ ہم ان کے تہہ دل سے شاکر و ممنون ہیں۔

اُمید واثق ہے کہ ہومیو پیتھک نسخہ جات پر مشتمل یہ حسین و دلکش گلدستہ......

— نادر جواہرات ہومیو پیتھی —

...... ہومیو پیتھک طریقۂ علاج کی ترویج کے لئے بہت مفید اور گرانقدر خزینہ ثابت ہوگا۔

پروفیسر (ہومیو) ڈاکٹر سراج الحق قریشی (میڈلسٹ)

ایم اے، ڈی ایچ ایم ایس، آر ایم پی

ہومیو ڈاکٹر عطاء الحق قریشی

بی ایس سی، ڈی ایچ ایم ایس، آر ایم پی

ہومیو پیتھک دواؤں اور نسخہ جات کی پوٹینسی کا عمومی طریق کار

1۔ مدر ٹنکچر Q-1 تا 30-1x تا 6x روزانہ تین بار

2۔ 200 طاقت عموماً پہلے تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں ایک دو بار

3۔ 1M-1000 ہفتہ میں ایک بار

4۔ ایک لاکھ یا CM پندرہ دنوں یا مہینہ میں ایک بار

بعض معالجین 200 اور 1000 طاقت کی دوا روزانہ تین بار بھی استعمال کراتے ہیں ان کے تجربہ کے مطابق اس کے بھی اچھے نتائج دیکھنے میں آئے ہیں۔

حاد امراض مثلاً ہیضہ، درد قولنج، جریان خون، وضع حمل کی تکالیف وغیرہ کے فوری اور شدید حملہ کی صورت میں مجوزہ ادویات کو ابتداء میں دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے بھی دُہرایا جا سکتا ہے۔

ہومیو پیتھک نسخہ جات اور مرکبات بنانے کی فلاسفی:

(حوالہ جات کے مطابق مرزا طاہر احمد صاحب فرماتے ہیں

(1) "مَیں بعض دواؤں کو ملا کر فارمولے بناتا ہوں۔ مگر ان کے پس منظر میں گہری فلاسفی ہوتی ہے۔ جہاں دوؤں کے مزاج ملتے ہوں اور انہیں اکٹھا کر دیا جائے تو وہ ایک دوسرے کو طاقت دیتی ہیں، باہم ٹکراتی نہیں ہیں انہیں ملا کر دے دیں تو زیادہ طاقتور نسخہ بن جاتا ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل ایڈیشن دوم صفحہ 576-577)

(2) "دو تین دواؤں کو ایک دوسرے کے بعد دینا یا ملا کر ایک نسخہ کی صورت میں دینا ایسا فن ہے جو دواؤں کے مزاج کے گہرے مطالعہ اور تجربہ سے نصیب ہوتا ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل جدید ایڈیشن صفحہ 83-84)

(3) "وقت بچانے کیلئے بعض دفعہ مجبوراً دوائیں ملا کر دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور ایسے نسخہ ہنگامی صورت میں کام آتے ہیں۔ مگر ہر دوا کا مزاج سمجھنا اپنی ذات میں انتہائی ضروری ہے۔ تا کہ اگر ایک صحیح دوا مل جائے تو اس سے بہتر کوئی علاج نہیں۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل ایڈیشن دوم صفحہ 223)

"اگر روزمرّہ کی مصروفیت کی وجہ سے وقت نہ ملے تو مرض کے حوالے سے دوائیں دی جاتی ہیں۔ مَیں بھی ہمیشہ وقت کی کمی کی وجہ سے ایسے نسخوں کی تلاش میں رہا جن سے جلد فائدہ ہو جائے۔ لمبے تجربے کے پیش نظر احتیاط سے بنائے ہوئے یہ نسخے کام اکثر صورتوں میں آ جاتے ہیں۔ لیکن جو مریض باقی رہ جائیں ان کے بارہ میں مذکورہ بالا طریق اختیار کرنا لازم ہے۔

عام طور پر ہومیو پیتھ اس فلسفے کو قبول کرتے ہیں کہ ہومیو پیتھی کی ایک دوائی کو دوسری میں نہ ملایا جائے۔ مَیں بھی شروع شروع میں ایسا ہی کرتا رہا۔ مگر پھر مجھے یہ طریق بدلنا پڑا۔ اسکی وجہ میری یہ مشکل تھی کہ ایک دوا کی پہچان کیلئے جتنا وقت چاہیئے وہ اکثر میسّر نہیں آتا تھا......... مصروفیات مجھے مجبور

کرتی تھیں کہ اپنے علم اور تجربات کی روشنی میں ایسے مرکبات بنالوں جو اکثر مریضوں کیلئے کارآمد ثابت ہوں۔ جن کو فائدہ نہ ہوا نہیں متبادل مرکبات دیا کرتا تھا اور آخر پر جو چند مریض رہ جاتے تھے ان کا علاج **مذکورہ بالا طریق پر کرتا تھا۔**

پس مرکب بنانے پر مجبور ہونے کی ایک وجہ تو یہ ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہومیوپیتھک طریقہ علاج تو دن بدن نئی دواؤں سے مزّین ہو رہا ہے اور ایسی دوائیں دریافت ہو رہی ہیں جو سابقہ دواؤں سے بہتر اثر دکھاتی ہیں یا سابقہ دواؤں میں ان مریضوں کا علاج ہی نہیں۔ اس لئے جو مرکبات بنائے جاتے ہیں تو دراصل ایک نئی دوا وجود میں آتی ہے۔ کیونکہ اکثر دوائیں جو پہلے استعمال ہو رہی ہیں وہ قدرتی مرکبات ہی تو ہیں۔ مثلاً نکس وامیکا کو ایک دوا کہنا اس لئے درست نہیں کہ نکس وامیکا تو بہت سی دواؤں کا قدرتی طور پر بننے والا ایک مرکب ہے۔ پس مَیں ہمیشہ اپنے بنائے ہوئے مرکبات پر اس پہلو سے غور کرتا ہوں کہ آخری نتیجہ کے طور پر ان کی کونسی علامات قابل اعتبار ہیں اور ہرگز ضروری نہیں کہ ہر دوا جو اس مرکب میں شامل ہو اس کی تمام علامات مرکب میں بھی موجود رہیں کیونکہ دوائیں ایک دوسرے کے اثر کو اندر ہی اندر زائل بھی کرتی رہتی ہیں اور آخری صورت میں بعض دفعہ بالکل مختلف تاثیر بھی ظاہر ہوتی ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل جدید ایڈیشن صفحہ XIV-XIII)

☆

عورتوں کی بیماریاں

FEMALE DISEASES

(حصول اولاد، حمل نہ ٹھہرنا، اٹھراء اور اسقاط حمل وغیرہ)

☆ حصول اولاد۔ اولاد نہ ہوتی ہو

1۔ حصول اولاد کیلئے: عورت کے لئے مفید نسخہ

پلسٹیلا	Pulsatilla	1000

ہر دس دن کے بعد ایک خوراک کھائیں۔

2۔ اولاد نہ ہوتی ہو: اگر عورت کا نقص ہو اور عورت میں خون کی حدت کی علامتیں ہوں۔

مثلاً پاؤں کے تلوے جلتے ہوں۔

نسخہ نمبر 1: 1۔ پلسٹیلا	Pulsatilla	1000	ہر دس دن کے بعد ایک بار
2۔ پلسٹیلا	Pulsatilla	30	روزانہ ایک بار
3۔ اشوکا	Ashoka	Q	

دس قطرے ایک گھونٹ پانی میں دن میں تین بار۔

3۔ اولاد نہ ہوتی ہو: عورت کا نقص ہو۔ گرمی کی بجائے عورت کا جسم سردی کا زیادہ احساس رکھتا ہو۔ مثلاً پاؤں ٹھنڈے رہتے ہوں تو حسب ذیل علاج کریں۔

نسخہ نمبر 2: 1۔ سلیشیا	Silicea		
نیٹرم میور	Nat. Mur	6x	روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں
کلکیریا فلور	Calc. Fluor		

4۔ اولاد نہ ہوتی ہو: عورت کا نقص ہو:

نسخہ نمبر 3: اشوکا	Ashoka	Q

روزانہ تین بار دس پندرہ قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر لمبا عرصہ جاری رکھیں۔

نوٹ: نسخہ نمبر 1 چند مہینے استعمال کیا جائے تو بعض دفعہ گرمی کی علامات سردی کی علامات میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ لہذا ایسی صورت میں نسخہ نمبر 1 کو چھوڑ کر نسخہ نمبر 2 استعمال کرنا شروع کر دینا چاہیئے۔ اگر اس کے برعکس صورت ہو تو نمبر 2 چھوڑ کر نمبر 3 شروع کر دیں۔

5۔ اولاد نہ ہوتی ہو: جبکہ عورت میں نقص ہو تو مفید نسخہ

1۔ پلسٹیلا	Pulsatilla	30	روزانہ تین بار
2۔ اشوکا	Ashoka	Q	روزانہ تین بار پندرہ قطرے

6۔ حصول اولاد کیلئے دیسی نسخہ:

کچلا	آدھ پاؤ
دودھ	ایک کلو
گڑ	آدھ چھٹانک

طریق استعمال: کچلے کو ایک ہفتہ تک پانی میں بھگو کر رکھیں اور ہر روز پانی تبدیل کریں سات دن کے بعد کچلے کے نرم پڑنے پر اس کو درمیان سے چھری سے کاٹ دیں کھولنے پر کچلے میں سے پان کے پتے کی طرح کا ایک چھوٹا سے پتا نکلے گا جسے باہر نکال کر پھینکنا ہے کیونکہ وہ زہریلا ہے اسے احتیاط سے باہر نکالیں۔ اس کے بعد کچلے کو ہاون دستے میں باریک پیس لیں۔ پھر پسے ہوئے کچلے کو دودھ میں ملا کر چولہے پر چڑھا دیں اور ساتھ گڑ بھی ڈال دیں۔ ہلکی آنچ پر دودھ کو گاڑھا ہونے دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر مناسب مقدار کی گولیاں بنالیں۔ (میاں بیوی دونوں استعمال کریں)

خوراک: ایک پیالی نیم گرم دودھ میں ایک چمچہ دیسی گھی کا ملالیں اور روزانہ سوتے وقت ایک گولی اس دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

پرہیز: بڑا گوشت، دال چنا، کھٹی چیزیں اور چائے کا استعمال کم رکھیں۔

7۔ اولاد نرینہ کے لئے نسخہ

1۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30 روزانہ تین بار

جب پیریڈ ختم ہوں اور اُمید بند ھنے کا محسوس ہو تو

2۔ اورم میور Aurum Mur CM صرف ایک خوراک

3۔ حمل کے تیسرے ماہ سے روزانہ ایک کپورا کھائیں۔

8۔ بچہ دانی چھوٹی ہے۔ اولاد نہیں ہوتی۔

سلیشیا	Silicea	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر روزانہ تین بار
کالی فاس	Kali Phos	

9۔ یوٹرس میں غدود۔ اولاد نہیں ہوتی۔

(i) لیکسس	Lachesis	200 ملا کر
آرنیکا	Arnica	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک بار

(ii) سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

10۔ بیضۃ الرحم میں چھوٹی چھوٹی گانٹھیں سی بن جاتی ہوں جن کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔ (خاص علامت)

مفید دوا : سبائنا **Sabina 30**

اس صورت میں اللہ تعالٰی کے فضل سے سبائنا سے مکمل شفاء ہو جاتی ہے اور حمل بھی ٹھہر جاتا ہے۔

11۔حیض کی زیادتی کی وجہ سے کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرے تو اس کے بانجھ پن کے لئے

(بشرط عمومی مزاج) مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

12۔رحم کی اندرونی جھلیوں کی مستقل سوزش اور بیضہ دانیوں کی خرابیوں کی وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو

کارآمد دوا: پیولکس اری ٹینس Pulex Irritanis 200

اس دوا کے چند مہینے استعمال سے جو مناسب وقفوں کے ساتھ ہونا چاہیے حمل ٹھہرنے کا امکان روشن ہو جاتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 688)

13۔رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے اور اس وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

نیٹرم فاس حمل میں حائل روک کو دور کر سکتی ہے، بشرطیکہ رحم کو اپنے مقام کی طرف لے آئے۔

14۔یوٹرس (رحم) کا منہ تنگ۔اولاد نہیں ہوتی۔مفید نسخہ:

سلیشیا	Silicea		
کلکیر یا فاس	Calc. Phos		
کالی فاس	Kali Phos	6x	سب ملا کر روزانہ تین بار
فیرم فاس	Ferr.Phos		
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor		

حمل کا نہ ٹھہرنا۔اٹھراء۔اسقاط حمل

15۔حمل نہ ٹھہرتا ہو۔تو ایک اور مفید نسخہ

1) آئرس ورسیکلر Iris Versicolor 200

سلفر Sulphur 200 باری باری

2) سبائنا — Sabina] 30 ملاکر
کالی کارب — Kali Carb

16۔ حمل نہ ٹھہرتا ہو تو ایک اور مفید نسخہ:

1۔ آئرس ورسیکولر — Iris Veirsicolor 200
سلفر — Sulphur 200 باری باری

2۔ سبائنا — Sabina] 30 ملاکر
کالی کارب — Kali Carb

17۔ حمل نہ ٹھہرتا ہو تو ایک اور نسخہ:

1۔ سلفر — Sulphur] 200 ملاکر
برائیونیا — Bryonia

2۔ بیلاڈونا — Belladonna] 200 ملاکر
پوڈوفائیلم — Podophyllum
کولوفائیلم — Caulophyllum

نمبر1 اور نمبر2 باری باری ہفتہ میں دو بار

3۔ فیرم فاس — Ferr. Phos] 6x ملاکر
کلکیریا فلور — Calc. Fluor
کالی میور — Kali Mur
سلیشیا — Silicea

ملاکر روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں۔

18۔ حمل نہ ٹھہرتا ہو تو ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ تھوجا — Thuja] 200 ملاکر
برائیونیا — Bryonia

ملاکر پہلے تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

19۔حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ایک اور مفید نسخہ:

1۔ لیکیسس Lachesis ⎤
آرنیکا Arnica ⎦ 200 ملا کر

2۔ سلیشیا Silicea ⎤
کلکیر یا فاس Calc. Phos ⎦ 6x ملا کر

20۔اسقاط حمل کے رجحان کو روکنے کے لئے حفظ ماتقدم

1۔سبائنا Sabina 30

2۔کولوفائیلم Caulophyllum 200-30

اکثر تجربہ کار ڈاکٹروں نے لکھا ہے کہ سبائنا اسقاط کے رجحان کو روکنے کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔میرے نزدیک کولوفائیلم **Caulophylum** بھی بہت مؤثر ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 728)

اٹھراء کے لئے مفید نسخہ جات

21۔اگر حمل نہ ٹھہرتا ہو۔یا اٹھرا ہو یا اسقاط Abortion or Misscarriage

مفید نسخہ: (i) سپیا Sepia CM

پہلی خوراک کے بعد دو ماہ کا وقفہ، دوسری خوراک کے بعد دو ماہ کا وقفہ پھر تیسری خوراک۔اگر حمل ٹھہر جائے تو اس کے بعد صرف ایک خوراک اور

(ii) کلکیر یا فاس Calc. Phos ⎤
فیرم فاس Ferrum Phos ⎥ 6x ملا کر روزانہ تین بار
کالی فاس Kali Phos ⎦

دو دو ٹکیاں ملا کر روزانہ تین بار کھائیں۔

22۔اٹھرا کے لئے ایک اور نسخہ

1۔	سلفر	Sulphur	200 ملا کر
	پائروجینم	Pyrogenium	

ہفتہ میں دو بار مسلسل۔جب حمل ٹھہر جائے تو

2۔	کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر روزانہ تین بار
	فیرم فاس	Ferrum Phos	
	کالی فاس	Kali Phos	

23۔اٹھرا کے لئے ایک اور مفید نسخہ

(1)	سپیا	Sepia	30	روزانہ تین بار
(2)	کالی فاس	Kali Phos	1000	مہینہ میں ایک بار

24۔بار بار حمل ضائع ہو جاتا ہے۔

کالی کارب	Kali Carb	30 ملا کر
سبائنا	Sabina	

بعض مہینوں میں عادتاً حمل گرنے کا رجحان اور بعض وجوہات کی بناء پر حمل ساقط ہونے کا اندیشہ

25۔حمل کے دوران عورتوں کے لئے ٹانک Tonic (یہ خون کی کمی کا بہت اچھا نسخہ ہے۔)

فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	

شروع کے مہینوں میں دینے سے حمل ضائع ہونے کا رجحان رک جاتا ہے اور آخری دو تین مہینوں میں بچہ کی نشو و نما کے لئے مفید ہے۔اسے مسلسل استعمال نہیں کرنا چاہیے۔کچھ

عرصہ کھلانے کے بعد وقفہ ڈال کر دوبارہ شروع کرانا چاہیے۔اس طرح سے کوئی نقصان نہیں ہوتا بلکہ فائدہ پہنچتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 385-286)

26۔عورتوں میں حمل گرنے کا خطرہ ہو یا بعض مہینوں میں عادتاً حمل گرتا ہو تو:

اگر شروع کے تین مہینے میں خطرہ ہو تو:۔

1۔ سبائنا 30 Sabina

روزانہ تین بار چند گولیاں فی خوراک یا ایک دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے۔

اس کے ساتھ:

2 ۔ وائی برنم اوپولس Viburnum Opulus
ایلیٹرس فیری نوسا Aletris Farinosa
Q ملا کر

پندرہ بیس قطرے ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے روزانہ پانچ چھ مرتبہ۔اور مکمل آرام۔علاوہ ازیں لیڈی ڈاکٹر سے فوری رجوع کریں۔

27۔اگر چوتھے مہینے یا بعد میں خطرہ ہو تو (مفید نسخہ)

1۔کالی کارب 30 Kali Carb روزانہ تین چار بار

2۔وائی برنم اوپولس Viburnum Opulus
آلیٹرس فیری نوسا Aletris Farinosa
Q ملا کر

حسب طریق بالا۔پندرہ بیس قطرے روزانہ پانچ چھ مرتبہ اور مکمل آرام۔

28۔عورتوں میں حمل گرنے کا مستقل رجحان پایا جاتا ہو۔

ناقابل فراموش دوا: کالی فاس 1000 Kali Phos

29۔اعصابی تناؤ سے حمل گرتا ہو تو چوٹی کی دوا:

کالی فاس 1000 Kali Phos کالی فاس ہر ماہ دی جا سکتی ہے۔

''حمل ضائع ہونے میں اگر اعصاب ذمہ دار ہوں تو اس کا گہرا تعلق کالی فاس سے ہے۔جن عورتوں میں یہ رجحان ہو ان کو بغیر حمل کے بھی کالی فاس 1000 کھلاتے رہنا چاہیئے۔ ہر مہینے ایک دو بار اسے دہرایا جا سکتا ہے'' (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 512-513)

30۔حمل کے آغاز میں حمل ضائع ہونیکا خطرہ ہو تو

(1) مفید دوا: وائی برنم اوپولس Viburnum Opulus Q

دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر پہلے اور دوسرے مہینہ میں باقاعدگی سے دینے چاہئیں۔

(2) تیسرے مہینے میں حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

چوتھے اور پانچویں مہینے میں حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو

(3) موثر دوا: کالی کارب Kali Carb 30 استعمال کروائیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 512)

31۔اگر محض کمزوری کی وجہ سے شروع مہینوں میں حمل ضائع ہو جائے تو

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

یہ اس کمزوری کو دور کر کے طاقت بحال کرتی ہے اور عورت کو اس قابل بناتی ہے کہ جنین کا بوجھ اُٹھا سکے۔

32۔عورتوں میں اگر حمل ضائع ہونے کا رجحان ہو تو (بشرط علامت) اس رجحان کا قلع قمع کرنے والی دوا: سیکیل کار Secale Cor 30 روزانہ تین بار

ایک دو ماہ کے استعمال سے رحم کی کایا پلٹ جاتی ہے اور وہ مضبوط اور توانا ہو کر بچے کا بوجھ برداشت کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔سیکیل کار میں اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جہاں بھی مرض نمودار ہوگا وہاں سُن ہونے کا احساس ضرور پایا جائے گا۔اور رات کے وقت تشنج اور اینٹھن میں اضافہ ہوگا۔اس کا مریض کھلی ہوا میں آرام محسوس کرتا ہے۔گرمی اور ٹکور سے حیض

کے ایام سے قبل تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔سیکیل کار میں ہر سیلان خون خواہ رحم سے جاری ہو یا ناک سے یا کسی اورزخم سے سیاہی بہت نمایاں ہوتی ہے۔مریض کوگرمی سخت تکلیف دیتی ہے اور وہ ہر وقت کھلی اور ٹھنڈی ہوا پسند کرتا ہے۔کپڑا اوڑھنا نہیں چاہتا اور بہت بے چینی اور جلن ہوتی ہے۔سیکیل میں اندرونی طور پر گرمی محسوس ہوتی ہے لیکن باہر سے جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔ سیکیل کے مریض کوگرمی کی بجائے ٹھنڈ سے فائدہ ہوتا ہے۔

33۔معمولی حرکت سے خون جاری ہو اور آرام کرنے سے رُک جائے اور حمل ضائع ہونے کا خدشہ لاحق ہو جائے تو اس صورت میں

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 30

34۔جس عورت کو حمل کے آغاز سے ہی سرخ خون کے جریان کی شکایت ہو جس سے اکثر بچہ ضائع ہو جاتا ہو اس کے لئے متوقع حمل سے کچھ پہلے اس بیماری سے نجات دلانے والی

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium CM

متوقع حمل سے پہلے ملی فولیم کی ایک لاکھ طاقت میں ایک خوراک بعض دفعہ اس بیماری سے مستقل نجات دے سکتی ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 602)

35۔پاؤں پھسلنے سے یا دیگر حادثات کے اثر سے حمل ضائع ہونیکا خطرہ ہو تو

(1) **مفید نسخہ:** آرنیکا Arnica ، کالی فاس Kali Phos — 1000 ملا کر

علامات ظاہر ہوتے ہی ملا کر دیں۔

(2) مفید دوا : کولوفائیلم Caulophyllum 200

کولوفائیلم بھی حفظ ماتقدم کے طور پر بہت مفید دوا ہے۔

36۔چوٹ لگ گئی ہو اور اسقاط کا خطرہ ہو تو اس اسقاط کے خطرہ کو ٹالنے کے لئے فوری

اور بہت مؤثر نسخہ:

برائیونیا	Bryonia	
آرنیکا	Arnica	200-30
ایکونائیٹ	Aconite	

37۔ جریان خون شروع ہونے سے پہلے استعمال کے لئے مفید نسخہ

(1)	کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر دینا ضروری ہے
	فیرم فاس	Ferr. Phos	
(2)	ملی فولیم	Millefolium	200 ملا کر
	فاسفورس	Phosphorus	

ملا کر دینے سے بعض دفعہ فوری فائدہ ہوتا ہے۔

''جریان خون کے آغاز میں کالی فاس کے ساتھ فیرم فاس ملانا بہت ضروری ہوتا ہے''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 513)

38۔ حاملہ عورت تھک جائے یا لُو لگنے سے حمل کے ساقط ہونے کا خطرہ ہو جائے۔

مفید نسخہ: برائیونیا	Bryonia	
آرنیکا	Arnica	200
ایکونائیٹ	Aconite	

ملا کر فوراً استعمال کرائیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 172)

39۔ بہت گاڑھا ہر وقت رسنے والا لیکوریا۔ اگر ایسی عورتوں میں بار بار حمل ضائع ہونے کا رجحان ہو تو (بشرط علامت)

بہت قیمتی دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

''میں نے ایک دفعہ ایسی ہی مریضہ کو یہ دوا دی جس نے اتنا اثر دکھایا کہ اسے اگلے حیض سے پہلے ہی حمل ٹھہر گیا اور بچے کی پیدائش تک اسقاط کی تکلیف نہیں ہوئی حالانکہ اس سے پہلے اس کے کئی حمل ضائع ہو چکے تھے۔'' (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 172)

40۔عمومی کمزوری اور خون کی کمی کو دُور کرنے اور دورانِ حمل اسقاط کے خلاف اور بار بار حمل ضائع ہونے کے رجحان کیلئے

1۔اچھا مؤثر نسخہ: فیرم فاس Ferr. Phos
کلکیریا فاس Calc. Phos — 6x
کالی فاس Kali Phos

2۔مددگار دوا: کولوفائیلم Caulophyllum 200-30

3۔بشرط مزاج مفید دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

اگر مریض کی ساخت کلکیریا کارب کی ہو تو اسے بلا تردد کلکیریا کارب ہی دیں۔ کلکیریا کارب کا مریض واضح طور پر پہچانا جاتا ہے۔جسم فربہی مائل، زرد رنگت، سر نسبتاً بڑا، پسینہ آنے کا رجحان۔جسم کبھی ٹھنڈا کبھی گرم۔سارے جسم کا نظام سست ہو تو یہ کلکیریا کارب کے مریض کی عمومی تصویر ہے۔

41۔حاملہ عورتیں جن میں حمل ضائع ہونے کا خدشہ رہتا ہو، اگر وہ بہت نازک طبع اور حساس ہوں۔آواز اور قدموں کی چاپ بھی برداشت نہ کر سکیں۔اعصاب زود حس ہو جائیں تو ان کے حمل ضائع ہونے کے رجحان کو روکنے کے لئے

مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

42۔عورتوں کو حمل کے دوران ٹائیفائیڈ ہو جائے۔جس کی وجہ سے حمل ضائع ہو جائے۔تو بعد میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں میں

مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 200

43۔خوف کی وجہ سے حمل ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتو

مفید دوا : اوپیئم   Opium 200-30

44۔اسقاط کے رجحان اور رحم کی اندرونی تکالیف اور رسولیوں کے رجحان کو ختم کرنے کیلیئے

بہت مؤثر نسخہ: کلکیریا کارب   Calc. Carb

میوریکس   Murex 30

45۔دوران حمل رحم میں دردزہ کی طرح درد اٹھتے ہوں۔رحم میں حرکت اور نیچے کی طرف دباؤ پڑتا ہو۔ایسے درد حمل ضائع ہونے کا موجب بن جاتے ہیں۔(علامت)

مفید دوا : سبائنا   Sabina 30

46۔حمل کے دوران رحم کی بیرونی جھلی پھٹ جائے اور جنین ضائع ہونے کا خطرہ ہوتو

مفید دوا : سبائنا   Sabina 30

بعض دفعہ فوری طور پر سبائنا دینے سے یہ خطرہ ٹل جاتا ہے۔

47۔عورتوں کے لئے دوران حمل ٹانگوں میں دردیں ہوں اور حمل ضائع ہونے کا شدید خطرہ ہو بہت ہی مفید اور اہم دوا: کولوفائیلم   Caulophyllum 200

''یہ رحم کو طاقت بخشتی اور مضبوط بناتی ہے۔میں نے بہت سے ایسے مواقع پر جب حمل ضائع ہونے کا شدید خطرہ تھا کولوفائیلم کو استعمال کروایا ہے۔اللہ کے فضل سے حمل کا بقیہ زمانہ بخیر و عافیت گزرا۔''

''کولوفائیلم کو میں نے مخصوص علامتوں والے لنگڑی کے درد میں بھی بہت مفید پایا ہے یہ درد کمر سے دونوں ٹانگوں میں یا ایک ٹانگ میں نیچے اترتا ہے اور کولوفائیلم کی مریض عورتوں میں حمل کے دوران جو تکلیفیں ملتی ہیں ان سے مشابہت رکھتا ہے۔''

48۔دوران حمل رحم میں دردزہ کی طرح کے درد اٹھتے ہیں۔جن سے حمل ضائع کرنے

کا خطرہ ہو تو ایک اور

مفید دوا : سبائنا 30 Sabina

ان دردوں کیساتھ رحم میں حرکت اور نیچے کی طرف دباؤ ہوتا ہے جو سبائنا کی علامت ہے۔ ان دردوں کا جنسی اعضاء کی خارش سے تعلق ہوتا ہے۔ اگر جنسی اعضاء میں خارش ہو اور درد رحم کی طرف منتقل ہوں تو سبائنا اس کا علاج ہے۔ یہ درد ایک جگہ نہیں ٹھہرتے ہیں ان کی حرکت نیچے سے اوپر کی طرف مسلسل جاری رہتی ہے۔

49۔ حمل گرنے کے رجحان کو دُور کرنے کیلئے

مفید دوا : پلسٹیلا 200-30 Pulsatilla

50۔ عورت کا حمل ساقط ہو جائے اور رحم دائیں بائیں ڈھلک جائے۔ نیز سامنے اور پیچھے سے دباؤ محسوس ہو۔

مفید دوا : ہیلونیس 200-30 Hellonias

ہیلونیس رحم کے اعصاب کو طاقت دے کر اسے واپس اپنی اصل حالت کی طرف لوٹا دیتی ہے۔

51۔ رحم کی سختی، گانٹھیں بننے کا رجحان، رحم کا نیچے لٹک جانا اور رحم سے بے تحاشہ خون بہنا

(علامت) مفید دوا : پلاٹینا 30 Platina

52۔ رحم میں غدود بڑھ جانا، رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا، ڈھیلا ہو کر لٹک جانا، نیچے گرنے کا احساس اور رحم کا دباؤ برداشت نہ کرسکنا۔ ان علامات میں

مفید دوا : ٹیرینٹولا 30 Tarentula

دوران حمل مختلف تکالیف

53۔ عورت حاملہ ہے۔ قبل از وقت دردیں۔

(1) کالی کارب 30 Kali Cabrb

	Calc. Phos	(2) کلکیریافاس
6x ملاکر	Ferr. Phos	فیرم فاس
	Mag. Phos	میگنیشیافاس
	Kali Phos	کالی فاس

54۔ دوران حمل بلیڈنگ اور ساتھ بوجھ۔

(1) سبائنا   Sabina   30

(2) وائی برنم اپولس   Viburnum Opulus   Q

دس قطرے پانی کے گھونٹ میں دن میں تین بار

55۔ دوران حمل بلیڈنگ اور ساتھ بوجھ کیلئے ایک اور مفید نسخہ

(1) کالی کارب   Kali Carb   30

(2) پیسی فلورا   Passi Flora   Q

دونوں ادویات روزانہ تین بار علیحدہ علیحدہ

56۔ حمل کے دوران خصوصاً آخری دنوں میں حاملہ کو تشنج ہو جائے۔ (جو جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے)

(1) اگر مریضہ کو ہمیشہ ٹھنڈ سے آرام آتا ہو اور گرمی سے تکلیف بڑھتی ہو تو

	Apis	مفید نسخہ: ایپس
1000	Belladonna	بیلاڈونا
	Aconite	ایکونائیٹ

ملا کر دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو تین خوراکیں۔

(2) اگر تکلیف ٹھنڈ سے بڑھے تو

کارآمد دوا: میگ فاس   Mag Phos   6x   (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 68)

57۔ دوران حمل اور وضع حمل کے وقت تشنج ہو جائے تو

مفید دوا : کیموملا Chamomilla 30

58۔ حمل کے دوران غیر متوقع خوشی یا غم کی خبر پہنچنے سے سر درد یا پیٹ درد شروع ہو جاتی ہو اور ایسی خبر کے بعد بھی عرصہ تک جاری رہتی ہو۔

مفید دوا : سائنا Cina 30

59۔ دوران حمل دل کی دھڑکن زیادہ تیز ہو جائے۔

بہت مؤثر دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met 30

کبھی کبھی اچانک دل بہت شدت سے دھڑکنے لگتا ہے۔ ایسی صورت میں ارجنٹم میٹیلیکم خدا کے فضل سے بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

60۔ حمل کے دوران دل کی کمزوری میں مفید دوا :

ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 30

ارجنٹم نائیٹریکم میں حمل کے دوران پیدا ہونیوالی دل کی کمزوری پائی جاتی ہے۔ جس میں حمل کے دوران بوجھ پڑنے سے اضافہ ہوتا ہے اور یہ تکلیف سارے حمل کے زمانہ میں رہتی ہے۔ یہ تکلیف جسمانی حرکت اور جذباتی ہونے سے بڑھ جاتی ہے۔

61۔ عورتوں کو حمل کے دوران جنین کی حرکت کی وجہ سے رحم میں درد محسوس ہوتا ہو جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : آرنیکا Arnica 200

62۔ بچہ، بچہ دانی میں اُلٹا یا ٹیڑھا ہو تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200

63۔ اگر جنین کی پوزیشن غلط ہو مثلاً سر کی بجائے پیٹھ نیچے کی طرف ہو تو مفید نسخہ:

(1) پلسٹیلا Pulsatilla 200

چند دن روزانہ ایک خوراک۔ چند گولیاں فی خوراک یا ایک دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔ اگر ہفتہ دس دن کے اندر فائدہ نہ ہو تو

(2) کولوفائیلم Caulophyllum
کاسٹیکم Causticum
200 ملا کر

ملا کر حسب طریق بالا۔ یا

(3) کولوفائیلم Caulophyllum
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

"اگر پلسٹیلا دینے سے بھی بچہ کی پوزیشن درست نہ ہو تو اگر کوئی دوا کام آسکتی ہے تو وہ کولو فائیلم ہے جسے 200 طاقت میں آرنیکا کے ساتھ ملا کر دینے سے بسا اوقات جنین کی حالت درست ہو جاتی ہے۔ اگر ایک دو ہفتہ تک ہفتہ میں دو تین بار دینے سے کوئی فائدہ نہ ہو تو غالباً اس کا علاج صرف جراحی سے ہو سکے گا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 262)

64۔ جنین جو پیٹ میں صحیح پوزیشن میں نہیں ہوتے بلکہ ٹیڑھی حالت میں ہوتے ہیں ان کو صحیح پوزیشن میں لانے کیلئے

فائدہ مند دوا: ہیلونیس Helonias Q

65۔ رحم میں بچے کی پوزیشن اُلٹی ہو تو پوزیشن درست کرنے کیلئے بہت

شہرت یافتہ دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

66۔ حمل کے دوران شدید قبض ہو جاتی ہو۔ (جبکہ عام حالات میں قبض نہیں ہوتی)

مفید دوا: ایلومینا Alumina 30

یہ وہ تکلیف ہے جس میں ایلومینا عارضی طور پر بھی کام دکھاتی ہے اور دیرینہ بیماری میں بھی۔

67۔ دوران حمل قبض کا رجحان بڑھ جاتا ہوتو

مفید دوا : سیپیا 30 Sepia

دوران حمل قبض کا رجحان بڑھ جانے کی وجہ سے فضلہ خارج کرنے کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔ایسی عورت وضع حمل کے وقت بھی دقت محسوس کرتی ہے۔سیپیا کی علامتیں ہوں تو اس کے دینے سے بچہ کی پیدائش میں سہولت ہوتی ہے۔اگر یہ مدد نہ کرے تو کولو فائیلم یا جلسیمیم بھی کام آسکتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 746-747)

68۔ دوران حمل عورتوں کی ٹانگوں پر نیلے خون کی رگیں اُبھرآتی ہوں،اس تکلیف میں بہت

اہم دوا: بیلس 30 Bellis

اکثر ہومیوپیتھ معالجین اسے بھلا دیتے ہیں اور دوسری دواؤں پر ہی توجہ دیتے ہیں۔

69۔ عورتوں کے چہرے پر حمل کے دوران چھائیاں پڑجاتی ہوں اور چہرہ بےرونق نظر آتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا 30 Sepia

سیپیا میں بغیر حمل کے بھی یہ علامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔

70۔ حمل کے دوران گردوں میں اجتماع خون ہوجاتا ہو،دونوں طرف شدید جلن محسوس ہوتی ہو جو بیرونی جلد پر بھی محسوس کی جاسکتی ہو۔مریض بیرونی طور پر درد کی لکیروں کا خاکہ اپنی انگلی سے کھینچ سکتا ہو۔

ناقابل فراموش دوا: ہیلونیس 30 Helonias

ایسے مریضوں کے پیشاب میں بعض دفعہ البومن بھی خارج ہوتی ہے۔

71۔ دوران حمل چھاتیاں سکڑ جائیں اور دودھ نہ بنے اور ماں بچے کو دودھ نہ پلا سکے تو

مفید دوا :سیکیل کار 30 Secale Cor

72۔ دوران حمل بہت بوجھ اٹھانے کی وجہ سے کمزوری کا احساس باقی رہ جاتا ہو۔

ٹانگوں میں ٹخنوں کے گرد سوجن نمایاں ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met 30

آرم میٹ کا مریض بظاہر اپنی ذات میں گم، مایوس اور پژمردہ دکھائی دیتا ہے۔ اس کی اکثر بیماریاں ذہنی تکالیف کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہیں۔ ذہن پر پڑنے والے بد اثرات جسمانی بیماریوں میں تبدیل ہو جاتے ہوں۔ اس دوا میں سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ ایسا مریض اپنی ذات کا اعتماد کھونے لگتا ہے۔ ہر وقت اپنے آپ کو ملامت کرتا ہے۔ خود کو بیکار اور ناکارہ وجود سمجھتا ہے۔

73۔ رحم میں جنین کی بجائے لوتھڑا سا بن جاتا ہو جو بے جان ہوتا ہو۔ اس لوتھڑے کو پگھلانے والی دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

74۔ رحم میں زندہ جنین کی بجائے ایک بے جان سا لوتھڑا بننا شروع ہو جائے۔ تو بعض اطباء کے نزدیک اس کو نکالنے کیلئے

مفید دوا : ریڈیم بروما ئیڈ Radium Bromide 30

دورانِ حمل متلی، قے اور اُلٹیاں

75۔ دورانِ حمل اُلٹیاں۔

نسخہ نمبر 1 (1)

اپیکاک	Ipecac	30 ملا کر
آرسینک	Arsenic	
پلسٹیلا	Pulsatilla	
کاکولس	Cocculus	

روزانہ تین بار۔ اس کے ساتھ

(2) کالی فاس Kali Phos
کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x ملا کر
فیرم فاس Ferr. Phos

76۔ دوران حمل اُلٹیاں۔

نسخہ نمبر 2 سلفر Sulphur 200 ملا کر
زنکم میٹیلیکم Zincum Met

ملا کر تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک بار

77۔ دوران حمل متلی کے لئے مفید دوائیں:

1۔ فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2۔ پپلی Piply 200-30

حمل کی متلی بعض دفعہ الرجی سے پیدا ہوتی ہے۔ بعض عورتوں کو بچے سے الرجی ہوتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 387)

78۔ حمل کی قے میں مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

79۔ حمل کی قے ۔ کھانا کھانے کے بعد قے میں سفید دودھیا مادہ خارج ہوتا ہو۔

(امتیازی نشان) مفید دوا : سیپیا Sepia 30

80۔ حمل کے دوران ہونے والی متلی جو کسی دوا سے قابو میں نہ آئے اس میں

مفید دوا : اوپئیم Opium 200-30

81۔ حمل کی متلی جس کے ساتھ قے کا رجحان نہ ہوتا ہو۔

1۔ مفید دوا : لیک ڈیف Lac Def 200-30

2۔ مشابہ دوا: اپیکاک Ipecac 200

لیک ڈیف میں متلی کے ساتھ قے کا رجحان نہیں ہوتا۔ اور قے شاذ کے طور پر ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ اپیکاک کے مشابہ ہے۔ مگر اپیکاک میں قے کا رجحان نسبتاً زیادہ ہے۔

لیک ڈیف کا مریض بہت ٹھنڈا ہوتا ہے۔

82۔ حمل کی متلی: عورت کو دودھ سے نفرت نہ ہو لیکن اسے دوران حمل دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو اسکی حمل کی متلی کے لئے

مفید دوا : لیک ڈیف Lac Def 200-30

لیک ڈیف کی مریضہ کا موٹاپے کی طرف میلان ہوتا ہے اور جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔

دوران حمل بچہ پیٹ میں فوت ہو جائے

83۔ بچہ 7 ماہ کا تھا پیٹ میں فوت ہو گیا۔

فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کر
سلیشیا	Silicea	
کالی فاس	Kali Phos	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	

84 ۔ بچہ پیٹ میں فوت ہو گیا ہو اور آپریشن سے نکالا گیا ہو اور پیٹ درد ہوتا ہو۔

(1) پائروجینم Pyrogenium — 200 ملا کر
سلفر Sulphur

(2) اکینیشا Echinatia Q

صبح شام 8-10 قطرے پانی کے گھونٹ میں۔

وضع حمل کے عوارض

85۔ حمل کے 9 ماہ گزر جائیں اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو۔

پلسٹیلا Pulsatilla 30 روزانہ دن میں پانچ چھ بار

86۔ ڈلیوری آسان ہونے کے لئے

(1) پلسٹیلا Pulsatilla 30 دن میں تین بار

(2) میگنیشیا فاس Mag. Phos ⎤ 6x ملا کر
کالی فاس Kali Phos ⎦

چھ چھ گولیاں لے کر نیم گرم پانی میں حل کر کے چمچ چمچ کر کے پلائیں۔

87۔ وضع حمل میں بہت آسانی کے لئے

مفید دوا : کولوفائیلم Caulophyllum 30

بعض معالج حمل کے آخری مہینوں میں باقاعدگی سے طاقت میں کولوفائیلم دیتے ہیں۔

88۔ دردیں شروع ہونے کے بعد وضع حمل میں سہولت پیدا کرنے کے لئے بہترین نسخہ:

میگنیشیا فاس Mag Phos ⎤ 6x ملا کر
کالی فاس Kali Phos ⎦

دونوں کی کچھ کچھ ٹکیاں پانی میں گھول کر گھونٹ گھونٹ پلائیں تو وضع حمل بہت سہولت سے ہو جاتی ہے۔

عورت وضع حمل کے وقت دقت محسوس کرتی ہو۔ کیونکہ عضلات کی بالا رادہ حرکت میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اور پوری طاقت سے بچہ کو باہر دھکیلنے کی صلاحیت نہیں رہتی۔

89۔ بچوں کی پیدائش میں سہولت کے لئے

1۔(بشرط علامت) مفید دوا : سیپیا Sepia 30

اگر یہ مدد نہ کرے تو کار آمد دوائیں:

1۔کولوفائیلم Caulophyllum 200-30

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

90۔تسہیل ولادت: اگر بچے کی پیدائش میں روک پیدا ہو رہی ہو اور دردیں جس انداز میں اٹھنی چاہئیں ویسے انداز میں نہ اٹھ رہی ہوں۔ کمر کے نچلے حصہ میں درد ہو اور درد کی لہریں ایک مقام پر نمایاں طور پر اکٹھی ہو کر دائیں بائیں رانوں میں پھیل جائیں تو

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

91۔تسہیل ولادت: پیدائش کے وقت اگر دردیں کمزور ہوں تو ان کو طاقت دینے کیلئے

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200

بعض ڈاکٹر روٹین کے مطابق نواں مہینہ شروع ہوتے ہی پلسٹیلا شروع کروا دیتے ہیں۔اس کے اچھے اثرات دیکھے گئے ہیں۔

92۔وضع حمل کے وقت رحم کے منہ میں اینٹھن، دردزہ کے کوندے نیچے سے اوپر کمر تک جاتے ہوں تو

بہت مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

جلسیمیم ایسے موقع پر بہت تیزی سے کام کرتی ہے اور اس کے استعمال سے کمر کے عضلات کا کھچاؤ ختم ہو جاتا ہے اور بچہ آسانی سے پیدا ہو جاتا ہے۔ جلسیمیم عورتوں کے لئے بہت کام کی دوا ہے۔

93۔وضع حمل کے وقت دردیں رُک جاتی ہوں۔ مریضہ پر غشی طاری ہو جاتی اور جھٹکے لگتے ہوں۔اچانک بے ہوشی اور غنودگی کا دورہ پڑتا ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 1000-30

94۔وضع حمل کے وقت سیلان خون کی وجہ سے دردیں رُک جائیں اور تشنج شروع ہو جائے

تو بہت مفید دوا : چائنا China 30

95۔وضع حمل کے وقت اور بعد میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں اور کئی قسم کے نقصانات

سے بچانے والی دوا:

آرنیکا Arnica 1000

''اگر ولادت سے چند دن قبل آرنیکا **1000** طاقت میں دی جائے تو وضع حمل کے

وقت اور بعد میں پیدا ہونے والی پیچیدگیوں اور کئی قسم کے نقصان سے بچائے گی۔''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ **86**)

96۔بچہ کی پیدائش کے وقت دردیں رحم کی طرف منتقل ہونے کی بجائے دونوں رانوں کے

اندر کی طرف یا ران کے پیچھے کی طرف عرق النساء(**Sciatica**) کے اعصاب

کے خطوط پر اتریں اور رحم کی گردن میں تشنج ہو تو بہترین دوائیں:

1۔کولوفائیلم Caulophyllum 200

2۔سیکیل کار Secale Cor 30-Q

سیکیل کار بھی فم رحم کے تشنج کی دوا ہے لیکن اس کا تشنج کولوفائیلم کے تشنج سے بہت زیادہ

سخت ہوتا ہے اور سیکیل کی دوسری علامتیں اسے کولوفائیلم سے واضح طور پر جُدا کر دیتی ہیں۔

اگر ایسی تکلیف سیکیل کار کے غلط استعمال سے پیدا ہو تو اس کے توڑ کے طور پر کولوفائیلم

کام آ سکتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ **261-262**)

97۔وضع حمل کے وقت رحم کے منہ کی نالی میں تشنج ہو جاتا ہو۔

1۔بشرط علامت فوری مؤثر دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

2۔کارآمد دوا: کولوفائیلم Caulophyllum 200-30

98۔ وضع حمل کے وقت رحم بچے کو باہر نکالنے کی کوشش کرے مگر فم رحم میں سخت اینٹھن کی وجہ سے بچہ پیدا نہ ہوسکے تو ایسی مریضہ کے فوری علاج کے لئے

ضروری دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

99۔ وضع حمل کے وقت بہت مفید اور ضروری دوائیں جو وضع حمل کے بعد کی پیچیدگیوں مثلاً پرسوتی بخار کے خلاف حفظ ماتقدم کا کام دیتی ہیں۔

1۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔ کالی کارب Kali Carb 200-30

3۔ آرنیکا Arnica 200-30

100۔ وضع حمل کے وقت پیشاب بند ہوجائے تو ناگزیر اور جان بچانے والی دوائیں:

1۔ کاسٹیکم Causticum 1000-200

کاسٹیکم کے بعد مفید دوا

2۔ پریرا بریوا Pareira Brava Q

اگر وضع حمل کے وقت عورتوں کے گردوں پر اثر ہو، خوف، دباؤ یا سوزش کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے تو بسا اوقات کاسٹیکم ناگزیر ہو جاتی ہے بلکہ ایسی حالت میں یہ جان بچانے والی دوا بن جاتی ہے۔

بعض عورتوں کو جنہیں وضع حمل کے بعد چوبیس گھنٹوں تک پیشاب نہیں آیا جب کاسٹیکم دی گئی تو شروع میں خون والا پیشاب آیا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ گردوں میں سوزش تھی، فالجی حالت نہیں تھی۔ پھر پیشاب کے ساتھ خون کم ہونے لگا اور کھل کر پیشاب آنا شروع ہو گیا۔ بعد میں انہیں پریرا بریوا Q Pareira Brava کا کورس دیا گیا۔ کیونکہ گردوں کو دھونے اور پیشاب کو زیادہ کرنے میں عموی طور پر اچھا اثر کرتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 265)

101۔ زچگی کی حالت میں اگر اچانک شدید خون بہنے لگے تو

بہت اچھی دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

اس میں بالعموم بیماری کا رجحان دائیں طرف زیادہ ہوگا اور گرمی سے تکلیف بڑھے گی۔

وضع حمل کے بعد کے عوارض

102۔ بچے کی پیدائش کے بعد آنول (Placenta) کا کچھ حصہ رحم میں رہ جائے۔ جس کی وجہ سے سخت تعفن والا بخار ہو جائے۔ تو بہترین نسخہ:

سلفر Sulphur
پائروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

اس بخار میں سلفر اور پائروجینم ملا کر دینے سے بہتر کوئی نسخہ نہیں۔

103۔ پیدائش کے بعد گندگی وغیرہ پوری طرح خارج نہ ہو تو اس کی صفائی میں بہت

مددگار دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200

لیکن اس کا استعمال پرسوتی بخار سے پہلے ہو تو کام آتی ہے پرسوتی بخار ہو جائے تو سلیشیا یا سلفر اور پائیروجینم کام دیں گی۔

104۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد رحم کی پوری طرح صفائی نہ ہو اور اس کا ذہن پر اثر پڑے تو ایسی صورت میں رحم کی صفائی کے لئے اچھی عمومی دوا:

پلسٹیلا Pulsatilla 30

105۔ بچے کی پیدائش کے بعد آنول اندر رہ جائے اور رحم میں گینگرین بننے کا خطرہ لاحق ہو جائے تو مفید دوائیں:

1۔ سیکیل کار Secale Cor 200-30

2۔ کینتھرس Canthoris 200-30

بیماری اس حد تک نہ بڑھی ہو تو رحم عموماً سوزش کا شکار رہتا ہے اور گندی رطوبت کا مسلسل اخراج ہوتا رہتا ہے۔

106۔ بچے کی پیدائش کے بعد اگر پلیسنٹا (Placenta) یعنی بچہ دانی کی تھیلی اندر ہی رہ جائے اور بہت گہری تکلیفیں پیدا ہوں تو

1۔ مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

اگر پلسٹیلا کام نہ کرے تو

2۔ کارآمد دوا: سیپیا Sepia 30

جب خون میں زہر شامل ہو جائے تو

3۔ بہترین نسخہ: سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

107۔ پیدائش کے بعد انفیکشن اور پرسوتی بخار کیلئے بہت فائدہ مند نسخہ:

پائرُوجینم Pyrogenium
سلفر Sulphur
200 ملا کر

ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 86)

108۔ پیدائش کے بعد انفیکشن اور پرسوتی بخار کیلئے مفید نسخہ:

1۔ پائرُوجینم Pyrogenium
سلفر Sulphur
200 ملا کر

2۔ کالی فاس Kali Phos 6x

کالی فاس 6x بھی اچھا کام کرتی ہے۔

سلفر اور پائیروجینم دونوں کو 200 طاقت میں ملا کر حسب ضرورت بخار ٹوٹنے تک دن میں تین بار اور ٹوٹنے کے بعد چند دن روزانہ ایک بار دیتے رہیں تو یہ بہترین علاج ہے۔

اگر پیدائش کے بعد پرسوتی بخار ہو جائے تو سلفر اور پائیروجینم ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے لیکن اگر (وضع حمل سے) پہلے آرنیکا 1000 دے دی جائے تو غالباً ان دواؤں کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی۔ ان دونوں دواؤں کے ساتھ ملا کر بھی دے سکتے ہیں۔

109۔ اسقاط کے بعد صفائی کروائی گئی لیکن پھر بھی زہر پھیل گیا ہو۔

(1) سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

اگر کمزوری ہو تو

(2) کاربوویج Carbo Veg. 30

اگر سردی لگنی شروع ہو جائے۔

(3) اکنیشیا Echinacea Q

دس بارہ قطرے پانی کے گھونٹ میں دن میں تین بار

110۔ رحم کے انفیکشن کے نتیجہ میں بخار ہو تو

1۔ مفید نسخہ: سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

2۔ اچھی دوا: کیمفر Camphor 30

اگر جسم ٹھنڈا ہو تو کیمفر سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔ بعض اوقات بخار دب جاتا ہے اور جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے اس وقت سلفر کی بجائے کیمفر ضروری ہے۔ جب وہ بخار کو باہر نکال دے تو سلفر اور پائیروجینم ملا کر دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 218)

111۔ رحم میں انفیکشن ہو جائے اور بخار ہو تو

1۔ مفید نسخہ: سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

ملا کر استعمال کرنی چاہیئے۔ اس کے ساتھ

2۔اچھا نسخہ: سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur
فیرم فاس Ferr. Phos
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر

ملا کر دینا اچھا نسخہ ہے۔

3۔اگر ایسی مریضہ کو وہمی نظارے آنے لگیں اور اس کا دُودھ بھی خشک ہو جائے تو

کارآمد دوا: ایگیریکس Agaricus 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 22)

112۔نفاس کا خون لمبا عرصہ جاری رہتا ہو جس میں سخت بدبُو ہوتی ہو تو

مفید دوا : چائنا China 30

113۔نفاس کا سُرخ خون ہلکا ہلکا دیر تک جاری رہے اور بدبُو نمایاں ہو تو

کارآمد دوا: فاسفورس Phosphorus 30

114۔بچے کی پیدائش کے بعد بہت خون بہنے لگے تو بہت

مفید دوا : کیمومیلا Chamomilla 30

بعض دفعہ یہ اکیلی ہی اُس جریان کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے جس کا بچے کی پیدائش سے تعلق ہو۔

115۔بچے کی پیدائش کے بعد بدبُو دار خون کا اخراج اور رحم باہر نکلتا ہوا محسوس ہوتا ہو، شدید کھچاؤ اور درد، مریضہ ٹانگوں کو بے چینی اور تکلیف کی وجہ سے مسلسل ہلاتی رہتی ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalis 200-30

116۔وضع حمل کے بعد درد اور تکلیف جاری رہے۔نفاس کے خون کی زیادتی کی وجہ

سے رحم میں درداور خون سیاہی مائل گندے رنگ کا ہو تو شفا کا باعث بن سکنے والی

دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

117۔ بچے کی پیدائش کے بعد عورت سخت بیمار ہو جائے تو مفید دوائیں:

(1) آرنیکا Arnica 200

(2) پلسٹیلا Pulsatilla 30

118۔ بچہ کی پیدائش کے بعد باقی رہ جانے والی کمزوریوں کو دُور کرنے کے لئے

مفید دوا: نیٹرم میور Nat Mur 200-30-6x

119۔ بچے کی پیدائش کے بعد عورت کی عمومی صحت خراب ہو جائے تو مؤثر دوائیں:

1۔ کالی کارب Kali Carb 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

120۔ بچے کی پیدائش کے بعد کمر درد کے لئے مفید دوائیں:

1۔ کالی کارب Kali Carb 30

اگر یہ درد کالی کارب سے ٹھیک نہ ہو تو

2۔ بہت مؤثر دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

121۔ زچگی کا آپریشن کروانے کے بعد سینہ سے درد اُٹھتا ہو اور ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہوں

مفید نسخہ: کوکس کیکٹائی Coccus Cacti]
کیوپرم Cupurm] 30 ملاکر

ملاکر روزانہ تین بار

122۔ وضع حمل کے بعد عورتوں کا پیشاب رُک جائے

(1) اوّلین دوا: کاسٹیکم Causticum 200

(2) بہت مؤثر نسخہ: کاسٹیکم Causticum
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

(3) اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو ہائیوسیمس Hyoscyamus 200

ہائیوسیمس پیشاب کی نالیوں کی انفیکشن اور سوزش میں مفید ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 460)

123۔وضع حمل کے بعد پیشاب بند ہو جائے۔

1۔اوّلین دوا: کاسٹیکم Causticum 1000-200

2۔ آرسینک البم Arsenic Alb. 30

رحم کی تکالیف

UTERUS AILMENTS

(رحم میں ورم،سوزش،جلن،خارش،تشنج وغیرہ)

124۔رحم کے ورم کے لئے نسخہ

(1) کولوفائلم Caulophyllum
پوڈوفائلم Podophyllum
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

(2) کلکیر یا فاس Calc. Phos
کالی میور Kali Mur.
فیرم فاس Ferr. Phos
کلکیر یا فلور Calc. Fluor
6x ملا کر

روزانہ تین بار

125۔رحم کی تکلیف کے لئے نسخہ

کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر روزانہ تین بار
فیرم فاس	Ferr. Phos	
سلیشیا	Silicea	

126۔رحم کا تشنج جس کو گرمی پہنچانے سے آرام ملتا ہو (مفید دوائیں:)

1) میگ فاس Mag. Phos 6x

2) کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

127۔رحم کا تشنج جس کو سردی سے آرام آئے تو اچھی دوائیں:

1۔بیلا ڈونا Belladonna 30

2۔ایپس Apis 30

3۔سیکیل کار Secale Cor 30

4۔پلسٹیلا Pulsatilla 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 206)

128۔رحم میں تیزی سے واقع ہونے والے تشنج کے دورے پڑتے ہوں اور یہ تکلیف گرمی سے بڑھتی ہو۔اس کا فوری اور مؤثر علاج:

بیلا ڈونا Belladonna 200-30

129۔رحم میں دردیں نیچے کی طرف اُترتی ہوئی محسوس ہوں اور بیضہ دانی (Ovary) میں درد اور گھٹن ہو اور تشنجی درد نیچے کی طرف اُترتے محسوس ہوں تو

بہترین مددگار دوا: ہیڈی اوما Hedeoma 1

130۔بیضۃ الرحم یعنی Ovary میں ڈنک دار درد ہوں اور جلن کا احساس ہو۔حیض کا

خون مقدار میں بہت زیادہ، پیٹ میں درد، لیکوریا جورات کوزیادہ ہوجائے، چھیلنے والا مواد خارج ہو۔ صبح کے وقت متلی کا رجحان، پیشاب کرنے کے بعد خارش اور جلن جسے ٹھنڈے پانی سے دھونے سے آرام آتا ہو توان عمومی علامات میں بہت مفید ثابت ہونیوالی دوا: مرکسال Merc. Sol 30

131۔ رحم اور پیٹ کے پٹھوں میں درد ہو اور بعض عورتیں بیٹھ کر اٹھنے میں تکلیف محسوس کرتی ہوں اور انہیں پکڑ کر اٹھانا پڑتا ہو:

مفید دوا : بیلس Bellis 30

132۔ رحم کی اندرونی جھلیوں کی سوزش Endometritis کے لئے

1۔ مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

عین ممکن ہے یہ بیماری کو جلد پر نکال دے۔

2۔ مفید نسخہ: سلفر Sulphur ملا کر 200
پائیروجینم Pyrogenium

ان دواؤں کو رسٹاکس کے ساتھ ادل بدل کر دیں تو خدا کے فضل سے بعض مریضوں کو مکمل شفا ہو جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 710-711)

133۔ بیضۃ الرحم میں مستقل سوزش ہو جاتی ہو۔ بندش حیض اور رحم کی دوسری تکالیف میں

مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

134۔ عورتوں کے بیضۃ الرحم (Ovaries) کی تکلیفوں میں بہت مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200

2۔ لائیکوپوڈیم Lycopodium 200

3۔ ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

اگر بائیں بیضۃ الرحم میں تکلیف کا آغاز ہو اور دائیں طرف منتقل ہو جائے تو اس میں لیکیسس بہت اچھی ثابت ہوتی ہے۔

اگر دائیں بیضۃ الرحم میں تکلیف ہو تو بہت مفید دوائیں:

1۔لائیکو پوڈیم Lycopodium 200-30

2۔ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

135۔عورتوں کی بیضہ دانیوں میں تیز اور کاٹنے والے درد ہوتے ہوں جو جوڑوں پر اثرانداز ہوتے ہوں۔

مفید دوا : ابراٹینم Abrotanum 30

ایسی مریضہ جس کی بیضہ دانیوں میں اس قسم کے کاٹنے والے درد ہوں اور وہ عموماً جوڑوں کے درد کی بھی شاکی رہے اس کے بانجھ پن میں بھی ابراٹینم بہترین ثابت ہوگا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 3)

136۔عورتوں کے رحم کی جلن کو دور کرنے کے لئے جو ہسٹیریائی مزاج رکھتی ہوں بہت

اچھی دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 30

ٹیرینٹولا کی تکلیفوں میں سردی مضر ہے۔

137۔عورتوں کے رحم میں جلن کے ساتھ شدید خارش جو رحم کے اندر جاتی ہوئی محسوس ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 30

138۔بیضۃ الرحم میں سوزش کے نتیجہ میں پیپ بننے لگے۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

روزانہ تین بار

139۔حمل نہ بھی ہو تو رحم میں دردزہ کی طرح کے درد اٹھتے ہوں جو بچہ کی پیدائش کے

وقت سے تعلق رکھتے ہوں۔ رحم میں حرکت اور نیچے کی طرف دباؤ ہوتا ہو (علامت)

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

اگر واقعی حمل ہو تو پھر ایسے درد حمل کے ضائع ہونے کا موجب بن جاتے ہیں۔ ان دردوں کا جنسی اعضاء کی خارش سے تعلق ہوتا ہے۔ اگر جنسی اعضاء میں خارش ہو اور درد رحم کی طرف منتقل ہوں تو سبائنا اس کا اچھا علاج ہے۔ یہ درد ایک مقام پر نہیں ٹھہرتے، ان کی حرکت نیچے یا اوپر کی طرف مسلسل جاری رہتی ہے۔

رحم کا نیچے گرنا، ڈھلک جانا، باہر نکل آنا وغیرہ

140۔ رحم باہر آتا محسوس ہو یا باہر آنے لگے۔ مفید نسخہ:

(1) رسٹاکس Rhustox ⎤
پوڈوفائلم Podophyllum ⎦ 200 ملا کر

(2) کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x روزانہ تین بار

141۔ پیشاب کرتے ہوئے رحم باہر آجائے تو

فوراً دی جانے والی دوا: کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 206)

142۔ رحم نیچے گرنے کا احساس ہو تو

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

143۔ رحم نیچے گرنے کا رجحان پیدا ہو جائے تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

144۔ بچوں کی پیدائش کے بعد رحم ڈھیلا ہو کر لٹکنے لگتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

فاسفورس اعضاء کو اپنی جگہ لے جانے اور عضلات کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

145۔ رحم نیچے گرنے کے رجحان کو روکنے والی مفید دوا :

کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

146۔ رحم اپنی جگہ سے گر جائے اور سخت بدبُودار اور سیاہ رنگ کا مواد نکلنے لگے۔

کارآمد دوا: کاربوویج Carboveg 30

147۔ رحم میں شدید خارش اور نیچے گرنے کا احساس بھی ہوتا۔ ہو زردی مائل یا سفید رطوبت نکلتی ہو جس کی وجہ سے کمزوری بھی ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : سٹینم Stannum 30

148۔ رحم نیچے گر جائے یا ریڑھ کی ہڈی کے عضلات ڈھیلے ہو جائیں

فوری مؤثر دوا: سیپیا Sepia 30

سیپیا میں خالی پیٹ ہونے کا احساس رہتا ہے اور بہت بھوک محسوس ہوتی ہے۔ سیپیا میں بھوک اور کمزوری اسی طرح محسوس ہوتے ہیں۔ کھانے کے باوجود آرام نہیں ملتا۔ اگر ایسی صورت میں رحم نیچے گر جاتے یا ریڑھ کی ہڈی کے عضلات ڈھیلے پڑ جائیں تو سیپیا فوراً اثر دکھاتی ہے۔

149۔ رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے، پیشاب درد کے ساتھ آئے یا بالکل سفید ہو جائے، گردوں میں سوزش، اور سردی لگ کر بخار چڑھے ان تمام علامات میں مفید دوا :

سینیشو اورس Seneceo Aureus 30

150۔ عورت کا حمل ساقط ہو جائے اور رحم دائیں بائیں ڈھلک جائے۔ نیز سامنے اور پیچھے سے دباؤ محسوس ہو۔ چلتے ہوئے تکلیف بڑھے یا رحم اپنی جگہ چھوڑ کر دائیں یا بائیں طرف چلا جائے تو مفید دوا : ہیلونیس Helonias 30-Q

ہیلونیس رحم کے اعصاب کو طاقت دیکر اسے واپس اپنی اصل حالت کی طرف لوٹا دیتی ہے۔

151۔رحم ڈھلکنے کے احساس کے ساتھ ہونیوالے دردوں اور تکلیفوں میں بہت

کارآمد دوا: ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

بہتے ہوئے پانی کی آواز یا اس کے تصور اور خفیف سی ہوا کے جھونکوں سے تکلیفیں بڑھتی ہیں۔

152۔ضرورت سے زیادہ بوجھ اٹھانے کی وجہ سے رحم نیچے گرنے کا رجحان پیدا ہو جائے تو

بہترین دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

153۔مردانہ اور زنانہ اعضاء کے نیچے گرنے کے احساس کو دُور کرنے کیلئے

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

رحم میں پانی کے تھیلے، رسولیاں، چھوٹی چھوٹی گلٹیاں بن جانا، رحم میں انفیکشن، زخم، رحم کا کینسر وغیرہ

154۔رحم میں پانی کے تھیلے سے بن جائیں جو رِستے رہتے ہوں اور پھٹ جائیں۔اور ان سے لی سدار مواد بہنے لگے۔یہ کافی تکلیف دہ اور بے چین کرنے والی بیماری ہے۔(بشرط مزاج)

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 759)

155۔رحم میں چھوٹی چھوٹی گلٹیاں بن جائیں۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

156۔یوٹرس میں گلٹی یا رسولی کے لئے مفید نسخہ:

(1) تھوجا Thuja

برائیونیا Bryonia

200 ملا کر

(2) سلیشیا Silicea
کلکیریا فاس Calc. Phos
فیرم فاس Ferr. PHos
کالی فاس Kali Phos

6x ملا کر

157۔ یوٹرس میں گلٹی یا رسولی کے لئے ایک اور نسخہ

(1) سلفر Sulphur
برائیونیا Bryonia

200 ملا کر

(2) بیلاڈونا Belladonna
پوڈوفائلم Podophyllum
کولوفائلم Caulophyllum

200 ملا کر

نمبر 1 اور نمبر 2 باری باری ہفتہ میں دو بار

(3) سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur
کلکیریا فلور Calc. Fluor

6x ملا کر دن میں تین بار

158۔ رحم کی سختی، گانٹھیں بننے کا رجحان۔ رحم کا نیچے لٹک جانا اور رحم سے بے تحاشا خون بہنا (علامت)

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 674)

159۔ رحم کی رسولیوں کے لئے

مفید دوا : کلکیریا آیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

160۔رحم میں انفیکشن اور رسولیاں ہوں۔ان سے خون جاری ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

بعض دفعہ اس خون میں بدبو نہیں ہوتی۔کم از کم آغاز میں یہ خون بغیر بدبو کے ہوتا ہے۔

161۔رحم میں غدود کا بڑھ جانا، رحم اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ڈھیلا ہو کر لٹک جانا، نیچے گرنے کا احساس اور رحم کا دباؤ برداشت نہ کرسکنا۔ان علامات میں

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

162۔رحم کے غدود بڑھ جائیں اور وہ اسفنج کی طرح پھلپھلے ہوں تو

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

163۔رحم کی سختی، گانٹھیں بننے کا رجحان، رحم کا نیچے کی طرف لٹک جانا اور رحم سے بے تحاشا خون بہنا (علامت)

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 200-30

164۔عورتوں کے رحم کی پھولی ہوئی غددوں کو درست کرنے کے لئے

اچھی دوا: فاسفورس Phosphorus 30

رحم کے زخم اور رحم کا کینسر

165۔رحم کے کینسر کے لئے مفید نسخہ

(1) تھوجا Thuja
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

(2) آرسینکم Arsenic Alb. 30 روزانہ تین بار

(3) نیٹرم فاس	Nat. Phos	6x ملا کر
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	
کالی میور	Kali Mur.	
سلیشیا	Silicea	

166۔رحم کے منہ کے کینسر میں بہت کامیابی سے استعمال ہونے والی دوا:

ارجنٹم میٹ Argentum Met. 30

167۔رحم کے منہ کے کینسر میں مفید دوائیں:

1) ٹیرنٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 30

2) ہیلونیس Hellonias Q

3) کاربو اینیملس Carbo Animalis 30

168۔رحم کی گردن پر زخم بن جاتے ہوں جن سے خون رِستا ہو، رحم میں گینگرین بننے کا خطرہ ہو تو مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

169۔عورتوں کے رحم میں زخم بن جاتے ہوں اور مسلسل سیاہ رنگ کا خون جاری رہتا ہو۔مہینہ میں چند دن کے لئے خون رُکے تو سیاہی مائل گندے پانی کا اخراج ہوتا ہو جس میں ناقابل برداشت بُو رہتی ہو۔سیاہ بدبُودار خون کے لوتھڑے نکلتے ہوں جن میں تعفن پایا جاتا ہو، خصوصاً اگر رحم میں گینگرین بننے کا خطرہ ہو تو ان عوارض میں کار آمد دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

170۔بیضہ دانی (Ovary) کا سکڑ جانا، جو دراصل کینسر کا آغاز ہوتا ہے۔

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 200

دوا نسبتاً اونچی طاقت میں استعمال کرنی چاہیئے 200 طاقت سے آغاز اچھی تدبیر ہے۔

171۔رحم کے کینسر میں بہت مفید دوائیں:

1۔ہیڈی اوما Hedeoma 1

2۔پولیکس اری ٹینس Pulex Irritans 30

رحم کی اندرونی جھلیوں کو صحت بخشنے میں یہ دونوں دوائیں بہت اچھا کام کرتی ہیں۔

172۔رحم کے کینسر میں اگر مسلسل ہلکا ہلکا خون جاری رہے اور وہ تیزابی اور بدبُو دار ہو تو بہت

فائدہ بخش دوا: کلکیریا آرس Calc. Ars 30

173۔عورتوں کے رحم اور جگر کے کینسر میں بہت مفید دوا :

پیولک اری ٹینس Pulex Irritans

رحم کی اندرونی جھلیوں کی اس حد تک اصلاح کر دیتی ہے کہ گردن کی مستقل سوزش اور بیضہ دانیوں کی خرابیوں کی وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس دوا کے چند مہینے استعمال سے جو مناسب وقفوں کے ساتھ ہونا چاہیئے حمل ٹھہرنے کا روشن امکان ہو جاتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 688)

174۔رحم اور چھاتی کے کینسر میں تکلیف کو کم کر دینے اور آرام پہنچانے والی

بہترین دوا: مرک سال Merc. Sol 30

(مرکسال مکمل شفا بخشنے کی صلاحیت نہیں رکھتی)

☆☆☆☆☆

رحم کی متفرق بیماریاں

175۔رحم کے خطرناک تعفنات اور ان کے نتیجہ میں بخار یا ذہنی انتشار کو دُور کرنے کیلئے

1۔بہت مفید نسخہ: سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

2۔ مفید دوائیں:

1۔ آرسینک البم Arsenic 30

2۔ سیکیل کار Secale Cor 30

آرسینک میں بے چینی اور خون کے تعفنات شامل ہیں۔ آرسینک کا مریض سخت سردی محسوس کرتا ہے۔ موت کا خوف اور گھونٹ گھونٹ پانی پینا، یہ تصویر ذہن کو فوری طور پر آرسینک کی طرف منتقل کرتی ہے۔

سیکیل کار خون کے گہرے امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ جس بیماری میں بھی کالے رنگ کا متعفن خون خارج ہونے لگے اور سیکیل کار کی نمایاں علامت یعنی شدید گرمی کا احساس موجود ہو تو یہ بسا اوقات تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔

176۔ عورتوں کے رحم کی بیماریاں ذہنی بیماریوں میں تبدیل ہو جاتی ہوں۔ اگر کسی دوا سے ماہانہ نظام ٹھیک ہو جائے، لیکن بے چینی، توہمات، موت کا خوف اور پاگل پن کی علامات ظاہر ہو جائیں تو یہ اچھا سودا نہیں۔ (بشرط علامت)

مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb 30

اگر آرسینک کی علامات ہوں تو آرسینک دینے سے یہ سب بیماریاں یک دفعہ دور ہو جائیں گی۔

حیض کے عوارض

MENSES PROBLEMS

(حیض کے ابتدائی دور کے مسائل اور عوارض)

177۔ بچیوں میں بلوغت کے آثار دیر سے ظاہر ہوتے ہوں (علامت)

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

178۔نو جوان بچیوں میں حیض کا زمانہ بہت دیر سے اور آہستہ آہستہ شروع ہو (علامت)

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met 30

اگر زنک سے اس کا علاج نہ کیا جائے تو بعض دفعہ رحم اور اعصاب کی بہت سی بیماریاں اور کمزوریاں زندگی بھر کے لئے لگ جاتی ہیں۔

179۔نو جوان بچیوں کو بلوغت کے آغاز میں ہی حیض کے دوران تشنجی درد کی تکلیف ہو تو بہت

کارآمد دوا: کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

180۔نو جوان بچیوں میں حیض کا خون جاری ہونے سے پہلے سینے اور مثانے میں سوزش محسوس ہوتی ہو۔حیض کے ایام ختم ہونے کے بعد یہ تکلیفیں خود بخود ختم ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

181۔جو بچیاں جوانی کی عمر کو پہنچ رہی ہوں ان کے لئے مفید دوائیں:

1۔کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

2۔پلسٹیلا Pulsatilla 30

182۔بچیاں ہر حیض سے پہلے بغیر کسی وجہ کے بے حد اُداس اور مایوس ہو جاتی ہوں۔ مسکرانا بھول جاتی ہوں۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb 30

ان کو اگر وریٹرم البم شفا دے تو مستقل شفا ہو جاتی ہے ورنہ ایسی بچیوں کے مستقل ذہنی مریضہ بن جانے کا احتمال نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ طبیب کو ایسی بچیوں کے علاج میں یہ علامت یاد رکھنی چاہیئے کہ جن کو وریٹرم البم کی ضرورت ہو ان کو لازماً سردی بہت محسوس ہوتی ہے۔

183۔ابتدائی دور میں سردی لگنے کی وجہ سے ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جائے تو

کارآمد دوا: کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

اگر اس ابتدائی دور میں سردی لگنے کی وجہ سے ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جائے تو ساری عمر کا روگ لگ جاتا ہے اور اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتا جب تک کلکیر یا فاس نہ دی جائے۔

184۔حیض کے ابتدائی ایام میں خون کی مقدار کم ہو اور رحم میں تشنج ہو جاتا ہو تو

اوّلین دوا: کونیم Conium 30

بندش حیض یا حیض کا رُک کر آنا، قلت حیض

185۔ماہواری رُک گئی ہو ایام میں داغ و درد مفید نسخہ:

(1) سلفر Sulphur 1000 صرف ایک خوراک

اس کے ایک ہفتہ بعد

(2) پلسٹیلا Pulsatilla 30 روزانہ تین بار

186۔ماہواری عرصہ سے بند ہو۔

نیٹرم میور Nat. Mur. 1000

پندرہ روز بعد ایک ایک خوراک چند ماہ تک

187۔عورتوں میں حیض رُک جانے سے تشنج اور مرگی کے دورے پڑنے لگیں۔

مفید دوا: ملی فولیم Millefolium 200

188۔عورتوں خصوصاً بچیوں کے حیض اچانک رُک جائیں اور اس کے نتیجے میں مرگی کے دورے پڑنے لگیں تو بشرط علامات

مؤثر علاج: سلیشیا Silicea 6x

مرگی میں اگر سلیشیا دوا ہو تو مریض کا ٹھنڈے ہونے کے علاوہ اس کا اورا (Aura) بھی اس کی نشاندہی کرتا ہے جو پیٹ کے اندر درمیان سے شروع ہوتا ہے اور اس کا غبار دماغ کی طرف اُٹھتا ہے۔

189۔حیض کے دوران مرگی کے دورے پڑنے لگیں (علامت)

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

190۔حیض کے دوران مرگی کے دورے پڑنے کی تکلیف کا نئے چاند کے ساتھ تعلق ہو تو

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

191۔ماہانہ ایام کے دوران کوئی صدمہ پہنچ جائے یا کسی وجہ سے خوف طاری ہو یا کسی عزیز کی وفات ہو جائے اور حیض بند ہو جائے تو

ممکنہ مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 30

192۔خوف کے نتیجہ میں حیض کا خون بند ہو جاتا ہو تو

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

193۔سردی لگنے کے نتیجہ میں یا خوف کی وجہ سے حیض بند ہو جائے اور دماغی علامات ظاہر ہو جائیں تو

مفید دوائیں: 1۔گلونائین Glonoine 200-30

2۔سمسی فیوجا Cimicifuga 200-30

3۔برائیونیا Bryonia 200-30

194۔پاؤں بھیگ کر ٹھنڈ لگنے سے اگر حیض بند ہو جائیں یا بہت دیر سے آئیں تو

اچھی اور موثر دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

195۔غم اور صدمہ کے نتیجہ میں حیض بند ہو جاتا ہو، نظام میں سُستی پیدا ہو جاتی ہو تو

(بشرط مزاج) مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

196۔اگر پاگل پن کے اثرات نمایاں ہوں تو

کارآمد دوا: ایتھوزا Aethusa 30

عموماً معدہ کی تکلیفیں سر کی طرف منتقل ہو جائیں تو ایتھوزا (Aethusa) دوا ہوتی ہے۔اس طرح حیض رُکنے کا اثر ذہن پر ہونے کے ازالہ کے لئے ایتھوزا کام آ سکتا ہے۔
(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 405)

197۔ ماہواری کے وقت میں درد، مقدار میں کم اور بار بار پیشاب

(1) آرنیکا Arnica
بیلاڈونا Belladonna
200 ملا کر

(2) پلسٹیلا Pulsatilla
برائیونیا Bryonia
30 ملا کر

اگر فرق نہ پڑے تو

(3) سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں دو بار

198۔ مریضہ کی ماہواری جسے زیادہ خون آتا ہو دب جائے۔ مگر رحم کے اندر سڑاند کے آثار پیدا ہو جائیں اور مستقل بدبُودار اور لیسدار مادہ یا خون کے لوتھڑے نکلنے لگیں۔ اخراجات کو بند کیا جائے تو بہت خطرناک اثرات ظاہر ہوتے ہوں۔ سارے جسم میں دردیں اور بے چینی ہوتی ہو۔ جسم میں زہریلے مادے جمع ہونے لگتے ہوں۔ گُردوں پر بُرا اثر پڑے۔ ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اخراجات کو دوبارہ جاری کیا جائے۔

1۔اہم دوا: آرسینک البم Arsenic 30

2۔مفید نسخہ: 1۔کالی آئیوڈائیڈ Kali Iod. 200

2۔آرسینک آئیوڈائیڈ Ars. Iod. 200

باری باری یا ملا کر دینا بہت مفید ہے۔

199۔حیض کے دوران بہت ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے حیض فوراً رک جائے یا کوئی اور عارضہ لگ جائے۔

کارآمد دوا: لیک ڈیف   Lac Def   200-30

ایسی مریضاؤں کو احتیاط کرنی چاہیئے اور حیض کے دوران سرد پانی کے استعمال سے احتراز کرنا چاہیئے۔

200۔قلت حیض جو وقت گزرنے کے بعد ایک آدھ دن کے لئے آتا ہو۔خون کی رنگت پھیکی، پانی کی طرح ہوتی ہو۔

کارآمد دوا: مینگنیم   Manganum   30

ایسی صورت میں بجائے اس کے کہ حیض جاری کرنے والی دوا دی جائے، مینگنیم دینی چاہیئے۔کیونکہ ایسے مریض میں خون کی شدید کمی ہوتی ہے۔اس لئے حیض کا خون جاری کرنے والی دوا سے رہا سہا خون بھی نکل جائے گا۔میرا تجربہ ہے کہ علامات کے مطابق صحیح دوا دی جائے تو حیض کا خون جاری ہونے کی بجائے کچھ عرصہ کے لئے رُک جاتا ہے لیکن کئی مہینے بند رہنے کے بعد جب جسم میں خون کی کمی پوری ہو جائے اور طاقت آ جائے تو پھر حیض نارمل ہو جاتا ہے۔   (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 578)

201۔حیض کا خون بہت کم اور رُک رُک کر آتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا   Pulsatilla   30

202۔عورتوں میں کسی وجہ سے حیض کا خون رُک جائے اور اس کی بجائے ناک سے خون جاری ہو جائے۔

مفید دوا : سینیشو اورس   Seneceo Aureus   30

203۔حیض دیر سے ہوتے ہوں یا بالکل نہیں ہوتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔کالی میور   Kali Mur   6x

اگر کالی میور سے فائدہ نہ ہوتو

2۔نیٹرم میور   Nat. Mur   6x

204۔قلت حیض اور کمر درد: عورتوں میں حیض کے خون کی مقدار کم ہوتی ہو اور حیض سے قبل کمر میں درد، شدید بھوک اور دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو، دورانِ حیض مریضہ رات کو دم گھٹنے کی وجہ سے اٹھ جاتی ہو۔

مفید دوا : سپونجیا   Spongia   30

205۔ عورتوں کو حیض کا خون دیر سے جاری ہوتا ہو اور بیضۃ الرحم (Ovary) میں یوں محسوس ہوتا ہو جیسے چاقو چل رہے ہوں۔ اعضاء کے نیچے گرنے کا احساس پایا جاتا ہو تو

مفید دوا : سباڈیلا   Sabadilla   30

206۔ حیض کے خون کی کمی دُور کرنے کے لئے مشہور دوائیں:

1۔پلسٹیلا   Pulsatilla   30

2۔گریفائٹس   Graphites   30

پلسٹیلا گرم مزاج کی دوا ہے۔

گریفائٹس ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

207۔بندش حیض: دودھ پلانے کے زمانے میں حیض عموماً بند ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا   Sepia   30

دودھ پلانے کے زمانے میں سیپیا کا مزاج رکھنے والی عورت کا حیض عموماً بند ہو جاتا ہے۔

208۔ عورتوں کو سارا احساس رہتا ہو کہ حیض آنے والے ہیں لیکن نہیں آتے ہوں

مفید دوا : پلسٹیلا   Pulsatilla   30

209۔عورتوں کے ایام حیض کا خون اچانک بند ہو جانے پر ان کو ذہنی یا دوسرے عوارض لاحق ہو جاتے ہوں تو

مفید دوا : ابراٹینم 30 Abrotanum

حیض بہت جلد اور مقدار میں زیادہ آنا

210۔رحم میں ذرا سے دباؤ سے مسلسل خون آنے کی شکایت۔ حیض کے ایام گزر جانے کے باوجود بھی خون جاری رہتا ہو۔

مفید دوا : کریئوزوٹ 30 Kreosotum

211۔حیض بہت جلد، بہت زیادہ اور گہرے سُرخ رنگ کا ہو۔ مریضہ کی ہر تکلیف کو ٹھنڈ پہنچانے سے آرام آتا ہو تو

مفید دوا: لیڈم 200 Ledum

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 844.562)

212۔حیض کا خون قبل از وقت جاری ہو جاتا ہو۔ مقدار میں کم لیکن نہایت بدبُو دار ہوتا ہو۔ سیاہ خون کے لوتھڑے نکلتے ہوں۔ حرکت کرنے سے خون زیادہ جاری ہوتا ہو۔ لیٹنے اور آرام کرنے سے ختم ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: للئیم ٹگ 30 Lilium Tig

للئیم ٹگ ایسی عورتوں کے لئے بہت مفید ہے جو ہسٹیریائی مزاج رکھتی ہوں اور بہت پُر جوش ہوں۔ رحم اور دل کی بیماریوں میں مبتلا رہتی ہوں۔ طرح طرح کے وہم، خوف اور خدشات انہیں گھیرے رہتے ہوں۔ رحم اور دیگر اعضاء نیچے گرنے کا احساس۔ اس لئے مریضہ لاشعوری طور پر ہاتھ کے دباؤ سے انہیں اوپر کرنے کا رحجان رکھتی ہو۔

213۔حیض عموماً وقت سے پہلے جاری ہو جاتا ہو۔ اگر جلدی شروع ہو جائے تو وہ سُرخ ہو لیکن

اگر دیر سے جاری ہو جائے تو خون سیاہی مائل ہوتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس 30 Calc. Phos

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 206)

214۔ حیض کا خون مقدار میں بہت زیادہ اور پیٹ درد ہو۔ بیضۃ الرحم (Ovary) میں ڈنک دار دردیں اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: مرک سال 30 Merc. Sol

215۔ عورتوں میں حیض بہت جلد اور مقدار میں زیادہ آتے ہوں۔ رحم میں شدید خارش اور نیچے گرنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سٹینم 30 Stannum

216۔ حیض مقدار میں بہت زیادہ، کھٹے، بدبُو دار، سیاہ یا زردی مائل، لمبا عرصہ چلیں یا پھر بالکل بند ہو جائیں (بشرط مزاج)

مفید دوا : چنینم آرس 30 Chininum Ars

اگر چنینم آرس کی مزاجی علامتیں پائی جائیں تو حیض کی یہ سب تکلیفیں خدا کے فضل سے دُور ہو سکتی ہیں۔ مریض انتہائی کمی خون کا شکار ہو تو یہ دوا مفید ہے۔

217۔ حیض عموماً وقت سے پہلے شروع ہو جاتا ہو۔ اگر جلدی خون شروع ہو جائے تو سرخ ہوگا لیکن اگر دیر سے جاری ہو تو سیاہی مائل ہوگا۔ بعض دفعہ شروع میں سرخ پھر سیاہی مائل ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس 6x Calc. Phos

218۔ خواتین میں حیض بہت جلد، بہت زیادہ گہرے اور سرخ رنگ کا ہوتا ہو۔ اگر یہ

علامتیں موجود ہوں تو

مفید دوا : لیڈم Ledum 30-200

لیڈم کی اس علامت کو فراموش نہ کریں کہ ہر تکلیف کو ٹھنڈ پہنچانے سے آرام آتا ہے۔

219۔ حیض بہت جلد، بہت زیادہ اور لمبا عرصہ ٹھہرنے والے ہوں۔ درد بھی بہت پائے جاتے ہوں۔ دیگر ادویات کے علاوہ ایک مفید دوا :

ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

220۔ حیض کا خون بہت جلد شروع ہو جاتا ہو (بشرط مزاجی علامات)

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 30

221۔ خون کی کمی کا شکار عورتوں میں حیض کا خون لمبا ہو جائے اور پتلا ہو جائے تو

بہترین دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

چونکہ پلسٹیلا خون کی کمی کی بہترین دوا ہے۔ اس لئے ایسی عورتوں کو پلسٹیلا دی جائے تو حیض بالکل رُک جاتا ہے لیکن چند مہینوں میں خون کی کمی پوری ہونے کے بعد پھر خود بخود معتدل طور پر جاری ہو جاتا ہے۔ پلسٹیلا خون کی کمی پوری کئے بغیر حیض جاری نہیں کرے گی۔ اگر خون کی کمی نہ بھی ہو اور سیاہی مائل اور تھوڑا تھوڑا خون آئے تو اس کا فوری تدارک پلسٹیلا سے کیا جا سکتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 691-693)

222۔ حیض کے ایام کا لمبا ہونا اور بہت زیادہ خون بہنا۔ بعض دفعہ یہ دوران اتنا لمبا ہو جاتا ہے کہ ایک حیض دوسرے حیض سے ملنے لگتا ہو۔ درمیانی وقفہ بہت کم رہ جاتا ہو۔ سرخ چمکدار خون بہتا ہو جس کی وجہ سے مریضہ عموماً خون کی کمی کا شکار ہو جاتی ہو اور اس کے خون کی رنگت بھی گلابی ہو جاتی ہو (خاص علامت)

مفید دوا : سبائنہ Sabina 30

223۔حیض کے طویل ایام:رحم کی اندرونی تکالیف،رسولیوں اوراسقاط کے رجحان کوختم کرنے کیلئے

بہت موثر نسخہ:

30	Sabina	سبائنا
	Calc. Carb	کلکیریا کارب
	Murex	میوریکس

224۔حیض کا خون بہت زیادہ بہتا ہو۔خون بہنے کا رجحان صرف رحم تک ہی محدود نہیں رہتا ہو بلکہ دوسرے مقامات مثلاً ناک یا گردوں سے بھی خون بہنے لگتا ہو۔اگر حیض کا خون مقدار میں بہت زیادہ ہو اور عمومی رنگ میں بھی خون بہنے کا رجحان ہو تو

بہت موثر دوا: سبائنا Sabina 30

225۔حیض کا خون لمبا عرصہ جاری رہے۔رحم اور پیٹ میں تشنج ہو جائے۔اور بہت زیادہ مقدار میں خون بہہ رہا ہو۔(خاص علامت)

مفید دوا: ملی فولیم Millefolium 200

یہ تینوں علامتیں اکٹھی ہو جائیں تو الا ماشاء اللہ ملی فولیم خدا کے فضل سے فوری فائدہ دیتی ہے۔

226۔حیض وقت سے پہلے شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: چائنا China 30

227۔حیض کا خون وقت سے پہلے اور مقدار میں زیادہ آتا ہو۔

مفید دوا لیک کینینم Lac. Cann 200-30

228۔ماہواری میں زیادہ بلیڈنگ، پیٹ درد، کمزوری کیلئے مفید نسخہ:

(1) کلکیریا کارب	Calc. Carb	30 ملا کر
ملی فولیم	Millefolium	
میوریکس	Murex	

اس کے ساتھ

(2) میگنیشیا فاس	Mag. Phos	6x ملا کر روزانہ تین بار
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

229۔حیض وقت سے پہلے اور بکثرت آتا ہو۔اس دوران پیٹ میں شدید درد ہوتا ہو جو کمر کے پیچھے تک جاتا ہو۔

مفید دوا : بوریکس Borax 30

230۔ماہواری نظام کی خرابیاں، عادتاً بہت زیادہ خون جاری ہونا۔

1۔بہت اہم دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

2۔بہت مؤثر نسخہ: کلکیریا کارب	Calc. Carb	30
میوریکس	Murex	
سبائنا	Sabina	

کلکیریا کارب صرف بلیڈنگ کو ہی نہیں روکتی بلکہ اندر جو غدودیں وغیرہ بڑھ جاتی ہیں ان کا بھی علاج کرتی ہے۔جہاں کسی ایک دوا کی واضح تشخیص نہ ہو سکے تو مذکورہ بالا تین دوائیں ملا کر دی جائیں تو حیض کے دوران زیادہ خون جاری ہونے کا اکثر مؤثر علاج ہوتی ہیں۔ کلکیریا کارب میوریکس (Murex) اور سبائنا 30 طاقت میں چند مہینے تک دی جائیں۔ شروع میں تین دن روزانہ، پھر فائدہ ہونے پر صرف ایک دفعہ روزانہ کافی ہے۔

231۔حیض جلد جلد اور خون زیادہ آئے (علامت)

مفید دوا : فائیٹو لاکا Phytolacca 30

عموماً ایسی عورتوں کے دائیں طرف بیضہ دانی میں درد ہوتا ہے۔

232۔عورتوں کے جسم میں خون کی کمی ہو جانے کی وجہ سے حیض کا خون مسلسل آنے لگتا ہو جو خون ملے پانی کی طرح کچا لہو ہوتا ہو اور بند نہیں ہوتا ہو۔

بہت مفید دوا : سیانوتھس Ceanothus 1x-Q

233۔عورتوں کے ماہانہ ایام میں وقت سے پہلے سرخ چمکدار رنگ کا خون آنے لگے

(خاص علامت) مفید دوا : Phosphorus 30

سلفر میں کالے رنگ کا خون بہتا ہے۔

حیض کے ایام میں بے قاعدگی

234۔حیض بہت جلد یا بہت تاخیر سے آتے ہوں اور لمبا عرصہ چلنے والے ہوں۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

235۔حیض جلدی جلدی ہوتا ہو یا پھر کئی ماہ کیلئے بند ہو جاتا ہو۔سخت افسردگی کے دورے پڑتے ہوں اور مریضہ بہت سُست ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ہیلونیس Helonias 3-Q

236۔بلوغت کے آغاز میں سردی لگ جانے کی وجہ سے حیض کے ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جائے۔اس تکلیف میں بہت شہرت یافتہ دوائیں:

1۔کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

2۔سینیشو اورس Senecio Aureus 30

اگر بلوغت کے آغاز میں سردی لگ جانے کی وجہ سے حیض کے ایام میں بے قاعدگی ہو جائے تو جب تک صحیح دوا سے علاج نہ کیا جائے ساری عمر یہ تکلیف رہتی ہے۔اس تکلیف میں کلکیر یا فاس کے علاوہ سینیشو کا بھی شہرت حاصل ہے۔عام طور پر بچیاں شرم کی وجہ سے اپنی تکلیف نہیں بتاتیں۔بے احتیاطی سے ان دنوں نہا لیا جائے، پاؤں بھیگے رہیں۔نہا کر پوری احتیاط نہ کی جائے اور مرطوب موسم میں ننگے پاؤں پھرنے کی عادت ہو تو حیض پر جتنے بداثرات پڑتے ہیں ان کا علاج سینیشو سے ممکن ہے۔

237۔شادی کے بعد حیض کے ایام میں بے قاعدگی، درد اور اعصابی کمزوری ہو تو

ضروری دوا: میڈورائینم Medorrhinum 200

238۔حیض کے ایام بے قاعدہ ہوں۔حیض سے قبل طبیعت میں افسردگی اور غمگینی محسوس

ہو۔نیچے کی طرف بوجھ اور درد جو صبح کے وقت زیادہ ہو۔سوزش پیدا کرنے والا لیکوریا جس سے خارش بھی ہوتی ہو۔ان علامات میں مفید دوا :

نیٹرم میور Nat. Mur 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 844-846)

239۔حیض کے ایام بہت تکلیف دہ ہوں۔خون زیادہ آئے یا ایام میں کمی بیشی ہو تو

بہت ضروری دوا: کلکیر یا فاس Clac. Phos 6x

240۔حیض کے ابتدائی ایام میں سردی لگ جائے اور حیض کی بے قاعدگی شروع ہو جائے تو فوراً استعمال کی جانے والی مفید دوا :

کلکیر یا فاس Clac. Phos 6x

اگر اس ابتدائی دور میں سردی لگنے کی وجہ سے ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جائے تو ساری عمر کا روگ لگ جاتا ہے اور اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتا جب تک کلکیر یا فاس استعمال نہ کی جائے۔اس کے استعمال کے بعد یہ تکلیفیں خدا کے فضل سے دوبارہ نہیں ہوں گی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 205)

241۔خواتین کا ماہانہ نظام بے قاعدہ ہو جاتا ہو۔جب ماہواری وقت سے پہلے شروع ہو جائے تو لمبا چلتی ہو۔اگر وقت کے بعد شروع ہو تو معمول سے کم مدّت میں ختم ہو جاتی ہو۔

1۔اگر حرکت سے تکلیف بڑھتی ہو تو مفید دوا : برائیونیا Bryonia 30

2۔اگر حیض کی تکلیف حرکت سے نہ بڑھتی ہو تو مفید دوا :

نکس وامیکا Nux Vomica 30

242۔عورتوں کو شادی کے بعد بعض تکلیفیں آگھیرتی ہوں۔مثلاً حیض کے ایام میں بے قاعدگی درد اور اعصابی کمزوری وغیرہ۔ان کے لئے مفید دوا :

میڈورائینم Medorrhinum 200

میڈورائینم کا مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود اسے پسینہ بہت آتا ہے۔

حیض کی متفرق تکالیف

243۔ماہواری سے پہلے مثانہ میں بے چینی اور زود حسی پیدا ہو جائے اور حیض تاخیر سے آئیں۔منہ میں پانی بہت آئے اور اندام نہانی میں سخت جلن محسوس ہو۔

کارآمد دوا: پیولکس اری ٹینس Pulex Irritans 200-30

ایسی عورت اس دوا کی مثالی تصویر بن جاتی ہے۔

244۔ماہواری کا زیادہ گاڑھا سیاہی مائل اور لوتھڑے دار ہونا۔جس کے ساتھ عموماً پیشاب رُکنے کی بیماری بھی ہو جاتی ہو۔ماہواری رُک رُک کر آتی ہو اور صرف رات کو جاری ہوتی ہو۔

مفید دوا : کوکس کیکٹائی Coccus Cacti 30

245۔سخت محنت مشقت کرنے کی وجہ سے رحم سے خون جاری ہو جائے تو

مفید دوا: ملی فولیم Millefolium 200

246۔ماہواری کے وقت پیٹ درد۔مفید نسخہ:

آرسینک	Arsenic	
کولوفائیلم	Caulophyllum	200 ملاکر
بیلاڈونا	Belladonna	

247۔حیض سے پہلے اور حیض کے دوران سینہ میں سوزش اور اکڑاؤ ہوتا ہو تو

مفید دوا: فائیٹولاکا Phytolacca 30

248۔حیض کے آغاز میں رحم میں اینٹھن، درد اور تشنج ہوتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

2۔سمی سی فیوجا Cimicifuga 30

کلکیر یا فاس اور سمی سی فیوجا میں یہ علامت مشترک ہے۔لیکن ایک پہچان ایسی ہے جو دونوں کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دیتی ہے۔سمی سی فیوجا میں جُوں جُوں خون کا بہاؤ زیادہ ہوتا ہے تکلیف بڑھتی ہے جبکہ کلکیر یا فاس میں خون شروع ہونے سے پہلے دردیں شروع ہو جاتی ہیں اور بہت تکلیف دہ تشنجی دورے پڑتے ہیں اور سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے۔لیکن جب خون جاری ہو جائے تو آرام محسوس ہوتا ہے اور دورانِ حیض کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی، کلکیر یا فاس کی یہ علامت اسے دوسری دواؤں سے ممتاز کرتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 206)

249۔حیض کے دوران شدید تشنجی درد ہوتا ہو۔کبھی کبھی ایسے دورے پڑتے ہوں۔

1۔مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

اگر یہ رجحان زیادہ ہو تو

2۔اوّلین دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

نیٹرم میور پلسٹیلا کی مزمن دوا ہے۔

250۔حیض کے دوران پانی کی طرح پتلا خون جاری ہو جائے۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

251۔حیض کے آغاز میں معدہ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 30

252۔حیض کے دنوں میں کمر میں شدید درد ہوتا ہو۔شادی شدہ خواتین کی بجائے اکثر کنواری بچیوں میں یہ تکلیف زیادہ ہو تو

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30-6x

بسا اوقات نیٹرم میور کی صرف ایک خوراک اثر دکھاتی ہے۔

253۔حیض کے دنوں میں کمر اور کولہوں میں درد ہوتا ہو۔سردی بہت لگتی ہو۔انفیکشن کی وجہ سے مسلسل بخار رہتا ہو جو ٹوٹتا نہیں ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

254۔حیض کے دوران کمر درد میں کارآمد دوا:

لیک ڈیف Lac. Def 200-30

255۔حیض کے دوران پیٹھ اور کمر میں درد ہو تو

1۔بہت اچھی دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

2۔زیادہ مؤثر نسخہ:

- نیٹرم فاس Nat. Phos
- کالی فاس Kali Phos
- میگ فاس Mag. Phos

6x

256۔حیض سے پہلے اور بعد میں سر درد ہوتا ہو جو گدی، پیشانی اور کنپٹیوں تک پھیل جاتا ہو

مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def 200-30

257۔دو حیضوں کے درمیان کے وقت اسہال لگ جاتے ہوں۔حیض کا خون اکثر وقت سے پہلے اور بہت کھلا آتا ہو جس کے بعد سبزی مائل گاڑھے لیکوریا کی بھی شکایت ہو جاتی ہو۔ مفید دوا : بووسٹا Bovista 30

258۔دو حیضوں کے درمیان ہلکا سا خون جاری ہو جاتا ہو یا داغ لگنے لگتا ہو۔

مفید دوا : بووسٹا Bovista 30

259۔حیض کے ایام میں خصوصاً دن کے وقت ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

260۔حیض کی تکالیف: رحم اور بیضۃ الرحم میں دونوں طرف درد ہوتا ہو۔حیض کھل کر جاری ہونے سے مریض کی تمام نسوانی تکلیفیں دُور ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : لیک کینائینم Lac. Cann 200-30

لیک کینائینم میں رحم کی وہ تکلیفیں شامل ہیں جو سارا مہینہ جاری رہیں اور کھل کر حیض جاری ہونے سے بالکل ختم ہو جائیں۔

261۔حیض کھل کر جاری ہونے سے تکلیفیں بھی بڑھ جاتی ہوں۔

مفید دوا : سمسی فیوجا Cimicifuga 30

262۔گلے کی خرابی حیض کے ساتھ شروع ہوتی ہو اور حیض ختم ہونے کے ساتھ ہی ختم ہو جاتی ہو (امتیازی علامت)

مفید دوا : لیک کینائینم Lac. Cann 30

گلے کی خرابی کا حیض کی ابتداء اور اختتام سے تعلق ہونا لیک کینائینم کا خاصا ہے۔

263۔ حیض شروع ہونے سے پہلے گلا خراب ہو جاتا ہو (حیض ختم ہونے کے ساتھ گلا ٹھیک نہیں ہوتا ہو)

(علامت) مفید دوا : میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

264۔ حیض ختم ہونے کے ایک دو ہفتہ بعد دوبارہ خون جاری ہو جائے جو مقدار میں کم ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 30

265۔ حیض کے خون کے ساتھ جمے ہوئے خون کے لوتھڑے آتے ہوں۔ یوں محسوس ہوتا ہو کہ رحم کی جھلیوں کے ٹکڑے کٹ کٹ کر آ رہے ہیں۔

مفید دوائیں: 1۔ لیک کینا بینم Lac. Cann 200-30

2۔ کریوزوٹ Kereosotum 200-30

266۔ حیض کا خون اور لیکوریا نہایت بدبُو دار ہوتے ہوں۔ حیض سے پہلے متلی اور درد جورانوں تک پھیلتا ہو۔

کارآمد دوا: سینگوینیریا Sanguinaria 30

267۔ حیض کا خون بے محل جاری ہو جاتا ہو تو

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 30

کلکیریا کارب کے مریض کے حیض کا خون بے محل جاری ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

لیکوریا Leucorrhoea

268۔ بچیوں کے آغاز بلوغت سے قبل لیکوریا ہو جائے تو

شافی دوا: کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

اس کے مریض کے حیض اور لیکوریا کی رطوبت میں بدبُو ہوتی ہے۔

269۔ لیکوریا اور عمومی کمزوری کیلئے مفید نسخہ:

کریئوزوٹم	Kreosotum	30 روزانہ تین چار بار
بوریکس	Borax	
کالی کارب	Kali Carb	

270۔ اگر افاقہ نہ ہو تو لیکوریا کیلئے ایک اور نسخہ:

پلسٹیلا	Pulsatilla	30 روزانہ تین چار بار
کالی میور	Kali Mur	
بیلاڈونا	Belladonna	

271۔ فائدہ نہ ہو تو لیکوریا اور عمومی کمزوری کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

(1)	پائروجینم	Pyrogenium	30 تین دن روزانہ ایک بار
	آرسینک	Arsenic	
(2)	سلفر	Sulphur	30 روزانہ تین بار
	سٹینم	Stannum	

272۔ لیکوریا انڈے کی سفیدی کی طرح ہو۔ صبح کے وقت علامات شدت اختیار کر لیتی ہوں۔

مفید دوا: کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 206)

273۔لیکوریا۔پانی کارنگ اور جہاں لگے کھجلی پیدا کرے۔

(1)	سلفر	Sulphur	200 ملاکر
	پائروجینم	Pyrogenium	
(2)	آرسینک	Arsenic 30	روزانہ تین بار

274۔رحم سے جلن دار لیکوریا کا اخراج ہو۔

فوری دوا: کاربوانیمیلس Carbo Animalis 30

اگر تاخیر ہو جائے تو علامتیں بڑھ کر کینسر میں تبدیل ہو سکتی ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 238)

275۔حیض سے پہلے اور بعد میں زردی مائل بدبُو دار لیکوریا کا اخراج ہوتا ہو (پختہ علامت)

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 30

یہ دونوں علامتیں مل جائیں تو علاج بہت سہل ہو جاتا ہے۔

276۔لیکوریا زرد رنگ کا، کاٹنے والا، تیزابی مادہ رکھتا ہو اور بعض دفعہ تکلیف کا باعث بنے کے علاوہ نفسیاتی الجھنیں بھی پیدا کر دیتا ہو۔اس قسم کے سخت بدبُو دار اور سوزش والے لیکوریا میں مؤثر دوائیں:

1۔کلکیریا فاس Clac. Phos 6x

2۔کالی فاس Kali Phos 6x

3۔آرسینک Arsenic 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 190)

277۔لیکوریا زیادہ اور سخت بدبُو دار، جو کپڑوں کو زردی مائل سبز داغ لگانے والا ہو۔ ان داغوں کو اچھی طرح دھو کر دُور کرنا بھی مشکل ہو۔

مفید دوا: پولکس اری ٹینس Pulex Irritans 30

278۔ حیض کے بعد لیکوریا بہت بڑھ جائے جو چھیلنے والا اور سخت بدبُو دار ہو۔ نیز جنسی خواہشات بڑھ جائیں تو۔

مفید دوا : سبائنا 30 Sabina

279۔ بہت گرم اور جلن پیدا کرنے والا لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں بہتا ہو۔ مریضہ بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہو۔

بے مثل دوا: بوریکس 30 Borax

بوریکس کا مزاج رکھنے والی عورتوں میں بہت گرم اور جلن پیدا کرنے والا لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں بہتا ہے اس بیماری میں مبتلا اکثر عورتیں بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہیں۔ جب تک ان کا علاج بوریکس سے نہ کیا جائے بچہ پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے اس علامت کو بانجھ پن کا علاج کرتے وقت پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ بوریکس اس میں بے مثل دوا ہے۔

بوریکس کی مریضہ کو حیض وقت سے پہلے اور بہت کثرت سے آتا ہے اس دوران پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے جو کمر سے پیچھے تک جاتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 155)

280۔ بہت گاڑھا اور ہر وقت رسنے والا لیکوریا۔ اگر ایسی مریضہ میں بار بار حمل ضائع ہونے کا رجحان ہو تو

بہت قیمتی دوا: کلکیریا کارب 30-6x Calc. Carb

281۔ لیکوریا میں سفید مادہ نکلتا ہو تو

بہت مفید دوا: سیپیا 30 Sepia

282۔ دو حیضوں کے درمیان سفید پانی کی طرح لیکوریا جو بہت کمزور کرنے والا ہوتا ہو۔ اتنا کہ عورت کے لئے بات کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کاکولس 30 Cocculus

283۔ایام حیض کے بعد سیلان الرحم (لیکوریا) شدت اختیار کر جاتا ہو۔جس کی وجہ سے رحم کی گردن پر زخم بن جاتے ہوں۔شدید خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

284۔لیکوریا دودھیا ہوتا ہو اور بے ضرر ہوتا ہو۔جلن پیدا نہیں کرتا ہو۔

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

285۔لیکوریا میں خون کی آمیزش ہوتی ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

286۔شدید لیکوریا جس کے ساتھ خارش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : ہیلونیس Helonias 30-Q

287۔عورتوں میں چھیلنے والا لیکوریا جو تکلیف دہ ہو اور خون کی آمیزش کے ساتھ آتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس .Chininum Ars 30

288۔عورتوں کے اندرونی اعضاء میں خارش، سوزش اور سبزی مائل لیکوریا۔

بہت اچھی دوا: میلینڈرینم ہے Malandrinum 30

289۔لیکوریا کاٹنے اور چھیلنے والا ہو تو مفید دوا :

فاسفورس Phosphorus 30

فاسفورس کے اخراجات میں تیزابیت پائی جاتی ہے۔

290۔رحم میں سختی اور رحم کے منہ پر اینٹھن اور اکڑاؤ کی علامت۔نیز ایسا لیکوریا جس میں غیر معمولی بدبو اور تعفن پایا جائے۔

مفید دوا : ارجنٹم میٹیلیکم .Argent. Met 30

یہ باتیں نشاندہی کرتی کہ یہ عام لیکوریا نہیں ہے بلکہ کسی گہری مرض کے نتیجہ میں پیدا ہوا ہے۔اس وقت ارجنٹم میٹیلیکم استعمال کی جائے تو بیماری کی شروع میں ہی روک تھام ہو جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 73)

291۔حیض کا خون اور لیکوریا نہایت بدبُودار ہوتے ہوں۔حیض سے پہلے متلی اور درد جو رانوں تک پھیلتا ہو۔

مفید دوا : سینگوینیریا Sanguinaria 30

292۔عورتوں کے جنسی اعضاء میں لمبے نزلے کے بداثرات کے نتیجہ میں ہر قسم کا لیکوریا جاری ہو جاتا ہو اور مستقل بیٹھا رہتا ہو۔

کارآمد دوا: الیومینا Alumina 30

293۔دائمی لیکوریا اور بانجھ پن کے لئے

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

جن عورتوں کو دائمی لیکوریا کی تکلیف ہوتی ہے ان کے بانجھ پن کے لئے بھی مفید ہے۔یہ علامت اور بھی بہت سی دواؤں میں پائی جاتی ہے لیکن نیٹرم کارب کی خاص علامت یہ ہے کہ مریضہ کا مزاج ٹھنڈا ہوگا۔دائمی بانجھ پن کا شکار ہوگی اور مسلسل جاری رہنے والا لیکوریا ہوگا۔اگر یہ علامتیں اکٹھی ہو جائیں تو خدا کے فضل سے یہ دوا بانجھ پن کو دُور کرنے میں بہت مؤثر ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 613-614)

☆☆☆☆☆

پستانوں کی تکالیف

Breast Diseases

294۔ایسی مائیں جن کو دودھ بہت کم آتا ہوان کیلئے مفید دوا :

200-30 Pulsailla پلسٹیلا

295۔ماں کے دُودھ میں کوئی ایسی کمی پائی جائے کہ بچہ صحیح رنگ میں پرورش نہ پائے یا دُودھ جلد سوکھ جائے۔

کارآمد دوا: نیٹرم میور 30 Nat. Mur

نیٹرم میور اس اندرونی زہر کو دُور کرتا ہے جو بچے کی پرورش میں حائل ہو اور بچے کی ضرورت کے مطابق دُودھ بھی بڑھاتا ہے۔

296۔عورتوں میں بچوں کو دُودھ پلانے کے زمانے میں کسی حادثے، صدمہ اور ذہنی دباؤ کی وجہ سے دُودھ خشک ہو جائے اور اس کا دماغ پر گہرا اثر ہو تو

مفید دوا : ایگریکس 30 Agaricus

اگر عورتوں کا دودھ کم اُترے یا خشک ہو جائے اور اس دوران دماغ پر بوجھ ہو تو اس کی دوا ایگریکس ہو سکتی ہے۔

297۔کسی صدمہ یا غم کی خبر سے دودھ پلانے والی عورتوں کا دُودھ خشک ہو جائے تو

مفید دوا : کاسٹیکم 30 Causticum

298۔عورتوں کا دُودھ سوکھ جائے تو (بشرط علامت)

مفید دوا : پلسٹیلا 30 Pulsatilla

299۔عورتوں میں دودھ کی کمی ہو یا دُودھ بالکل خشک ہو جائے ان کے لئے

مفید دوا : فائیٹولاکا 30 Phytolacca

300۔ دُودھ پلانے والی عورتوں کا دُودھ کم ہو جائے اور کمزوری بہت ہو اور بار بار بخار ہوتا ہو تو بہت مفید دوا :

30 Carboveg کاربوویج

301۔ دُودھ پلانے والی عورتوں کا دُودھ نمکین ہو جائے اور بچہ دُودھ پینے سے انکار کر دیتا ہو تو مفید دوا :

6x Calc. Phos کلکیریافاس

302۔ دُودھ مکڑی کے جالے کی طرح دھاگے دار ہوتا ہو تو

مفید دوا : فائیٹولاکا 30 Phytolacca

303۔ دودھ پلانے کے زمانہ میں سخت کمزوری ہو جائے اور اعصاب جواب دے جائیں تو ناقابل فراموش دوا:

30 Carbo Animalis کاربوانیملس

304۔ عورتوں کو دودھ پلاتے ہوئے جسم کے کسی حصہ بالخصوص ٹانگوں یا گردن میں تشنج ہو جائے تو مفید دوا :

30. Chamomilla کیمومیلا

کیمومیلا کی ایک دو خوراکوں سے ہی فائدہ ہوگا۔ بلکہ یہ دوا بچے کے لئے بھی مفید ہوگی۔ دُودھ پیتے بچے کو دوا دینی ہو تو اس کی ماں کو دی جائے۔ جب وہ دُودھ پلائے گی تو بچے کو بھی دوا پہنچ جائے گی۔ لیکن بعض اوقات ایسا نہیں ہوتا۔ اس لئے براہ راست دوا دی جا سکے تو دینی چاہیئے۔ اگر بچے کی بیماری کی علامتیں ایسی ہوں جو ماں کے عمومی مزاج کے مطابق ہوں، یعنی ماں کو بھی ایسی بیماریاں ہوں تو پھر ماں کو دوا دینا ہی بہت کافی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 273)

305۔ دُودھ پلانے والی عورتوں کے منہ کے چھالوں میں بہترین دوا:

نیٹرم کارب Nat. Carb 30

306۔ اگر کسی وجہ سے عورت بچے کو دُودھ نہ پلا سکے اور دُودھ خشک کرنا مطلوب ہو تو

بہت مفید دوائیں:

1۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ لیک کینائینم Lac. Cann 30

ان دونوں کا مزاج اس پہلو سے ملتا جلتا ہے۔

307۔ دودھ پلانے والی ماؤں میں بچے کی ضرورت سے بہت زیادہ دُودھ پیدا ہونے لگتا ہو، ان کے لئے

مفید دوا: پائپر نائیگرا Piper Niger 30

308۔ عورتوں کی چھاتیوں میں حمل اور بچے کی پیدائش کے بغیر بھی دودھ اُتر آتا ہو۔ اس کیفیت میں

1۔ بہت مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ مفید دوائیں: 1۔ مرکیورس Merc. Sol 30

2۔ سائیکلیمن Cyclamen 30

سینے اور پستانوں میں گلٹیاں اور کینسر

309۔ عورتوں کے سینے کے غدود پھول جاتے ہوں اور ان میں شدید درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: ایتھوزا Aethusa 30

310۔ عورتوں کی چھاتیاں حیض آنے سے پہلے یا دُودھ پلانے کے زمانہ میں پک جاتی

ہوں اوران میں سوزش ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : لیک کینائینم Lac. Cann 30

311۔ بائیں چھاتی میں درد۔ آپریشن بھی کرایا گیا ہو۔ مفید نسخہ:

برائیونیا Bryonia
فائیٹولاکا Phytolacca 30 ملا کر
کلکیریا فلور Calc. Fluor

312۔ پانچ سال سے پستانوں میں دُودھ جم گیا ہوا اور دودھ پھٹ گیا ہو۔

(1) پلسٹیلا Pulsatilla 30 دن میں تین بار

(2) کارسینوسن Carcinosin 30 ہفتہ میں ایک بار

313۔ سینے کی گلٹیاں (جو کینسر نہ ہوں) ان کیلئے

شفا بخش دوا: مرکسال Merc. Sol 30

314۔ سینے کے کینسر میں بہت مفید دوا :

پروٹو آئیوڈائیڈ Proto Iodide 100

ڈاکٹر کینٹ سینے کے کینسر کی وجہ سے پیدا ہونے والے غدود میں پروٹو آئیوڈائیڈ 100 کی طاقت میں استعمال کرواتے تھے۔ جب بھی درد اُٹھے اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان کے تجربہ میں آیا ہے کہ انڈے کے برابر رسولی اس دوا کے استعمال سے بالکل ختم ہوگئی۔

یہ دوا دائیں طرف کی تکلیف میں زیادہ اثر دکھاتی ہے۔ جبکہ اس کی دوسری قسم Bin Iodide بائیں طرف کی تکلیفوں میں مفید ہے ۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 600-599)

315۔ چھاتی کے کینسر میں تکلیف کو کم کر دینے والی اور آرام پہنچانے والی مفید دوا:

مرکسال Merc. Sol 30

(مرکسال مکمل شفا بخشنے کی صلاحیت نہیں رکھتی)

316۔سینہ کے غدود بہت سخت اور زود حس ہو جائیں اور کینسر کا احتمال ہو تو

1۔بلا تاخیر دی جانے والی دوا: فائیٹو لا کا Phytolacca 30

2۔مفید دوائیں: 1۔برائیونیا Bryonia 30

2۔بیلاڈونا Belladonna 30

3۔کونیم Conium 30

فائیٹو لاکا: دودھ پلانے والی عورتوں کے لئے غیر معمولی اہمیت کی دوا ہے۔فائیٹو لاکا میں پتھر کی طرح سخت گلٹیاں بن جاتی ہیں۔مریضہ کا دودھ کھٹا، زہریلا اور پھٹا ہوا ہوتا ہے۔اسے دودھ پلاتے ہوئے سخت تکلیف ہوتی ہے اور درد سارے جسم میں پھیلتا ہے۔فائیٹو لاکا کے مریض کو چکر بھی بہت آتے ہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 644)

برائیونیا: میں بغیر سُرخی کے غدود سخت ہو جاتے ہیں۔ذرا سی حرکت بھی نا قابل برداشت ہوتی ہے۔پتھر کی طرح گلٹیاں بن جاتی ہیں۔

بیلاڈونا: کے ساتھ سُرخی بھی پائی جاتی ہے۔

کونیم: عورتوں کے سینے میں چھوٹی چھوٹی گانٹھیں اور اُبھار بننے لگتے ہیں......کونیم غدودوں کی سختی اور گانٹھوں کو تحلیل کرنے میں بھی بہت اہمیت رکھتی ہے۔جب تک یہ علامتیں بڑھ کر کینسر میں تبدیل نہ ہو جائیں عموماً ان غدودوں میں درد محسوس نہیں ہوتا۔

کونیم کی عمومی علامتیں پائی جائیں مثلاً کونیم سے مشابہ چکر تو اسے بلا تاخیر شروع کر دینا چاہیئے۔اس کے نتیجہ میں کینسر کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہتا۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 644)

317۔عورتوں کے سینے میں گلٹیاں بننے کا رجحان جو لمبا عرصہ رہیں تو کینسر میں تبدیل ہو سکتی ہوں۔ مفید دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

318۔عورتوں کی چھاتیوں کے غدود سکڑنے لگیں اور بالکل جھلی سی باقی رہ جائے (استثنائی صورت)

مفید دوا : آیوڈین 30 Iodine

319۔حمل کے دوران چھاتیاں سکڑ جائیں اور دودھ نہ بنے اور ماں بچے کو دودھ نہ پلا سکے

کارآمد دوا: سیکیل کار 30 Secale Cor

320۔عورتوں کو سینے کی بیماریوں میں اندر دھاگے سے کھینچنے کا احساس ہوتا ہو اور شدید درد ہوتا ہو۔جس سے سونا دشوار ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : پارس کواڈ ریفولیا 3 Paris Qudrifolia

عورتوں کا بانجھ پن Sterlity

321۔بانجھ پن کا تعلق بہت زیادہ بہنے والے لیکوریا سے ہو تو

یقینی دوا: بوریکس 30 Borax

بوریکس کا مزاج رکھنے والی عورتوں میں بہت گرم اور جلن پیدا کرنے والا لیکوریا بہت زیادہ مقدار میں بہتا ہے۔اس بیماری میں مبتلا عورتیں اکثر بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہیں۔جب تک ان کا علاج بوریکس سے نہ کیا جائے بچہ نہیں پیدا ہوتا۔اس لئے اس علامت کو بانجھ پن کا علاج کرتے وقت پیش نظر رکھنا چاہیئے۔

322۔بانجھ پن: بیضۃ الرحم میں سوزش اور لمبا عرصہ چلنے والا بانجھ پن۔

قابل ذکر دوا: پلاٹینم 30 Platinum

"اگر بیضۃ الرحم میں سوزش ہو اور لمبا عرصہ چلنے والا بانجھ پن بھی پایا جاتا ہو۔جنسی تحریک بہت جلد ہوتی ہو اور بظاہر اس کی کوئی وجہ معلوم نہ ہو سکے تو صرف اس علامت کے

ساتھ پیدا ہونے والے بانجھ پن میں پلاٹینم کو یاد رکھنا چاہیے۔"

(ہومیو پیتھک یعنی علاج بالمثل صفحہ 674)

323۔بانجھ پن۔مریضہ کی بیضہ دانیوں (Ovaries) میں تیز اور کاٹنے والے درد ہوں اور وہ عموماً جوڑوں کے درد کی شاکی ہو یا رات کو بڑھنے والا تیز کاٹنے والا درد ہو اور اسے اسہال سے آرام ملتا ہو تو اسکے بانجھ پن کا بہترین علاج:

ابراٹینم Abrotanum 30 (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 3)

324۔بچوں کی ولادت کے بعد۔رحم نیچے گرنے کا احساس، حیض میں کمی، رحم میں سوزش، زردی مائل لیکوریا کا اخراج، ازدواجی تعلقات سے نفرت، بے چینی، مایوسی اور غمگینی کے علاوہ بانجھ پن پیدا ہو جاتا ہو تو

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

325۔دائمی لیکوریا اور دائمی بانجھ پن کیلئے مفید دوا :

نیٹرم کارب Nat. Carb 30

جن عورتوں کو دائمی لیکوریا کی تکلیف ہوتی ہے ان کے بانجھ پن کے لئے بھی نیٹرم کارب مفید ہے۔یہ علامت اور بھی بہت سی دواؤں میں پائی جاتی ہے لیکن نیٹرم کارب کی خاص علامت یہ ہے کہ مریضہ کا مزاج ٹھنڈا ہوگا۔دائمی بانجھ پن کا شکار ہوگی اور مسلسل جاری رہنے والا لیکوریا ہوگا۔اگر علامتیں اکٹھی ہو جائیں تو خدا کے فضل سے یہ دوا بانجھ پن کو دُور کرنے میں بہت مؤثر ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 613-614)

326۔حیض کی زیادتی کی وجہ سے کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرے تو اس کے علاج کے لئے بشرط عمومی مزاج:

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

327۔عورتوں کے بانجھ پن میں اہم دوا:

سلفر Sulphur 30

عورتوں کی سنِ یاس کی تکالیف

328۔عورتوں کے سن یاس میں کارآمد دوا:

سلفر Sulphur 200-30

329۔سن یاس کی عمر میں عورتوں کا حیض بند ہو رہا ہو۔اس دور میں عورتوں کے چہرے اور سر پر گرمی کی لہریں محسوس ہوتی ہوں۔بعض دفعہ دل پر بھی خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہو

1۔مفید نسخہ: پلسٹیلا Pulsatilla
بیلاڈونا Belladonna
200-30 ملا کر

2۔مفید دوا: سلفر Sulphur 200-30

اگر سلفر کی علامتیں واضح ہوں تو سلفر اکیلی ہی کافی ہوتی ہے۔

330۔عورتوں کو حیض ختم ہونے کے زمانے میں پیدا ہونیوالی تکلیفوں،عموماً چہرے پر گرم ہوا کے جھونکے محسوس ہونا یا چہرہ سُرخ ہو جانا۔

1۔بہترین دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔مفید نسخہ: پلسٹیلا Pulsatilla
لیکیسس Lachesis
200-30 ملا کر

3۔ایک اور مفید نسخہ: پلسٹیلا Pulsatilla
بیلاڈونا Belladonna
200-30 ملا کر

ملا کر دینے سے کافی مفید نتائج نکلتے ہیں۔

331۔عورتوں کو اُدھڑ عمر میں جب حیض بند ہونے کا وقت آئے تو بسا اوقات کئی قسم کی تکلیفیں شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر گرمی کی لہریں محسوس ہوتی ہیں۔اس میں دیگر دواؤں کے علاوہ

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

ایسی عورتیں جو کیمفر سے آرام محسوس کرتی ہیں کپڑا اُتار دیں تو سخت ٹھنڈ محسوس کرتی ہیں اور کپڑا اوڑھیں تو پسینہ سے تربتر ہو جاتی ہوں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 219)

332۔عورتوں کے حیض ختم ہونے زمانے میں پیدا ہونیوالی علامتوں، چہرہ کی تمتماہٹ، خون کے دوران کا کسی خاص عضو کی طرف ہو جانا اور بے چینی وغیرہ میں مفید دوا :

ڈروسرا Drosera 30

333۔سن یاس کی تکلیفوں میں مفید دوا :

سینگوینیریا Sanguineria 30

334۔سن یاس کے زمانہ میں یعنی حیض بند ہونے کے بعد بھی خون جاری ہو جائے تو بہت مؤثر دوا:

ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

یہ عموماً دبلی پتلی اور لمبے ہاتھوں والی عورتوں کے کام آنے والی دوا ہے۔لیکن یہ ضروری نہیں۔نسبتاً موٹی خواتین کی بیماریوں میں بھی مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ہسٹیریا اور ذہنی امراض

Hysteria & Mental Ailments

335۔ ہسٹیریا Hysteria

مفید دوا : نکس موسکاٹا Nux. Moschata 30 روزانہ تین بار

336۔ایام حیض سے قبل ہسٹیریائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔ تشنج، دوران حیض عضلات میں اینٹھن، پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

337۔نوجوان بچیوں میں بیماری پیدا ہونے سے خطرناک ہسٹیریا، کپڑوں اور بدن پر چٹکیاں بھرتی ہوں۔

1۔ پاکباز ہونے کے باوجود فحش کلامی کرتی ہو تو

مفید دوا: ہائیوسیمس Hyoscyamus 200

2۔نفسانی اور گندی باتوں کی آمیزش نہ ہو تو

مفید دوا : آرسینک Arsenic 200-30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 85)

338۔غم کے اثر سے دل کی مریض یا دماغی مریض بن جانا۔ بعض اوقات ہسٹیریائی دورے پڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

اگنیشیا کا مزاج رکھنے والی عورتیں بہت حساس ہوتی ہیں اور غم یا صدمہ کا بہت گہرا اثر قبول کرتی ہیں۔ اگنیشیا کا مزاج رکھنے والی عورت کا غم کے اثر سے دل کی مریض یا دماغی مریض بن جانا

بعید از قیاس نہیں ہے۔اسے بعض اوقات ہسٹیریا کے دورے بھی پڑنے لگتے ہیں۔ایسی صورت میں اگنیشیا کو یادرکھنا چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 463)

339۔ مریضہ اکثر نااُمید اور مایوس رہتی ہو، کسی سے ملنا جُلنا پسند نہیں کرتی ہو۔یادداشت کمزور ہو جاتی ہو اور ہسٹیریا ہو جاتا ہو، اس وہم کا شکار رہتی ہو کہ کچھ ہو جائے گا، عزیزوں کے مرنے کا خوف رہتا ہو، بعض نظارے دیکھتی ہو، یہ کیفیت بڑھ کر پاگل پن میں تبدیل ہو جائے تو مفید دوائیں:

1۔اگنیشیا Ignatia 30

2۔نیٹرم میور Nat. Mur 30

اگر ایسی مریضہ کو وقت پر اگنیشیا نہ دی جائے تو یہ کیفیت بڑھ کر پاگل پن میں بھی تبدیل ہو سکتی ہے۔اگر ایک دفعہ مریضہ پاگل ہو جائے تو پھر اگنیشیا کام نہیں آئے گی۔ اس کی بجائے نیٹرم میور بہت بہتر کام کرتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 465)

340۔ عورت ہر وقت غمگین رہتی ہو اور بعض اوقات ہسٹیریائی علامات پیدا ہو جاتی ہوں تو

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Caustus 30

341۔ خوف کے نتیجہ میں ہسٹیریا یا مرگی کے دورے شروع ہو جائیں تو

کارآمد دوا: اوپیم Opium 1000

اگر خوف کے نتیجہ میں عضلات میں اکڑاؤ پیدا ہو، ہاتھ پاؤں مڑنے لگیں اور ہسٹیریا یا مرگی کے دورے پڑنے شروع ہو جائیں تو اونچی طاقت میں اوپیم استعمال کرنی چاہیئے۔

342۔ معصوم بچیوں کا فحش کلامی کرنا۔مفید دوائیں:

1۔ہائیوسمس Hyoscyamus 200-30

2۔کینتھرس Canthoris 200-30

عورتوں کے متفرق عوارض

Different Female Diseases

343۔ جسم اور چہرہ پر غیر ضروری بالوں کیلئے کارآمد دوا:

تھوجا Thuja 10 M

پندرہ دن کے وقفہ سے ایک خوراک

344۔ ہونٹوں کے اندر اور رخساروں پر اور پیشاب والی جگہ تکلیف دہ دانے نکل آئیں۔

(1) سورائینم Psorinum 1000

صرف ایک خوراک پھر ہفتہ کے بعد

(2) پائروجینم Pyrogenium 1000 ایک خوراک

345۔ لڑکیاں بلوغت کی عمر کو پہنچیں اور ان کے گلے کے غدود **Thyroid Gland** پھول جائیں۔

ناقابل فراموش دوا: کلکیریا آئیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

کلکیریا کا خصوصیت سے اس دور سے تعلق ہے۔ایسی بچیوں کو بلاتاخیر یہ دوا دینی چاہیئے۔

346۔ عورتوں کے اعضاء میں بے چینی اور گرمی کا احساس ایک مستقل بیماری بن جائے۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

347۔ عورتوں کے جسم کے غدود بڑھ جائیں تو بہت مفید دوا:

سلیشیا Silicea 6x

348۔ سردی لگنے سے عورتوں کے سینہ میں درد ہوتا ہو، ایسی عورتوں کا نزلہ سینہ کے غدودوں پر گرتا ہے اور وہاں سختی پیدا ہو کر سخت تکلیف ہوتی ہے۔

مفید دوا : فائٹولاکا Phytolacca 30

349۔عورتوں کی بیماریوں میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوجاتے ہوں۔اعصاب میں مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں رہتی ہو۔حرارت غریزی کم ہوجاتی ہو(علامتیں)

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

350۔عورتوں اور بچیوں کے ہاتھ سے برتن ,گر گر ٹوٹ جاتے ہوں۔

مفید دوا : ایگریکس Agaricus 30

ایگریکس کے مریض کو اپنے اعضاء پر قابو نہیں رہتا۔اکثر عورتوں اور بچیوں کے ہاتھ سے برتن گر گر ٹوٹ جاتے ہیں۔کوئی چیز پکڑی ہو تو گرفت مضبوط نہیں رہتی۔انگلیاں خود بخود کھل جاتی ہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 33)

351۔مریضہ پرلے درجے کی مکار ہوتی ہو،اور اپنے مکر سے بہت نقصان پہنچاسکتی ہو۔ اکثر دھمکی آمیز الفاظ استعمال کرتی ہو۔

کارآمد دوا: ٹیرینٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 30

ٹیرینٹولا کا مریض بالعموم سخت پیاسا،بدمزاج،عیار اور مکار ہوتا ہے۔خوفناک سکیمیں بنا کر بہت عیاری سے نقصان پہنچاتا ہے۔

352۔عورتوں کی بیماریوں سے تعلق رکھنے والی مفید دوا:

ایگنس کاسٹس Agnus Caustus 30

علامات: 1۔بچوں کی ولادت کے بعد اعصاب کمزور ہوجائیں اور لچک ختم ہوجائے۔

2۔عضلات ڈھیلے ہوکر لٹکنے لگیں اور سکڑ کر واپس اپنی اصل حالت میں جانے کی طاقت نہیں رکھتے ہوں۔جیسے ربڑ ڈھیلا ہوکر لٹک جاتا ہو۔

3۔رحم کے نیچے گرنے کا احساس

4۔حیض میں کمی آجاتی ہو۔

5۔بانجھ پن پیدا ہو جاتا ہو۔

6۔ازدواجی تعلقات سے نفرت ہونے لگتی ہو۔

7۔زردی مائل لیکوریا کا اخراج ہوتا ہو۔

8۔بے چینی، خوف اور مایوسی کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہوں۔

9۔ہر وقت غمگین رہتی ہو اور بعض اوقات ہسٹیریا کی علامات پیدا ہو جاتی ہوں۔

10۔رحم میں سوزش ہوتی ہو۔

11۔ناک سے خون بہتا ہو۔

اگنس کاسٹس ان سب علامات میں مفید ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 35)

353۔عورتوں کو شادی سے نفرت ہو جاتی ہو۔ اگر شادی سے نمایاں طور پر نفرت پائی جائے اور کوئی دوسری نفسیاتی وجہ معلوم نہ ہو تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

354۔عورتوں میں طبعی جنسی رجحان مٹ جاتا ہو اور پیار و محبت کے جذبات ختم ہو جاتے ہوں۔ یہانتک کہ ایک پیار کرنے والی ماں اچانک ممتا کے جذبات سے عاری دکھائی دیتی ہو۔ اپنے خاوند سے قطعاً بے نیاز اور بے تعلق ہو جاتی ہو، رفتہ رفتہ اس کے تعلقات کے دائرے محدود ہونے لگتے ہوں اور اس میں خودکشی کا رجحان بھی پیدا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

یہ کیفیت دراصل لمبے عرصہ تک اندر ہی اندر تکلیفیں برداشت کرتے رہنے سے پیدا ہوتی ہے۔ خاوند اور بچوں کی طرف توجہ نہ کرنا اس بڑھتے ہوئے دباؤ کا نتیجہ ہے۔ گویا مریضہ اندر سے ٹوٹ پھوٹ چکی ہے۔ یہاں تک کہ ہر چیز سے بیزار ہوتی ہے۔

355۔حساس عورت جس کے جذبات منجمد ہو گئے ہوں اور اس کے چہرے اور ناک پر داغ ہوں اس کے داغ کیلئے

فائدہ مند دوا: سیپیا　30 Sepia

356۔عورتوں کی جنسی خواہشات بیماریوں کے نتیجہ میں بڑھ جائیں:

کارآمد دوائیں:1۔کلکیریا فاس　30 Calc. Phos

2۔پلاٹینا　30 Platina

3۔گریشولا　30 Gratiola

4۔اوری گینم　30 Origanum

357۔مریضہ کی ناک پر کالے رنگ کی کاٹھی سی بن جاتی ہو جیسے پرندے کے دو پر ہوتے ہیں۔

1۔ مفید دوا : سیپیا　30 Sepia

یہ نشان اکثر جگر کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔اگر سیپیا کا مزاج ہو اور جگر خراب ہو تو پھر سیپیا فائدہ دے گی۔ایسی حساس عورت جس کے جذبات منجمد ہو گئے ہوں اور اس کے چہرے اور ناک پر داغ ہوں تو اس کے علاج میں سیپیا فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔

2۔کارآمد دوا: کاربو انیمیلس　30 Carbo Animalis

کاربو انیمیلس میں حیض عموماً جلد اور مقدار میں زیادہ اور لمبا چلنے والا ہوتا ہے حیض کے دوران مریضہ سخت کمزور ہو جاتی ہے۔سیپیا سے مشابہ ناک کے اوپر سیاہی مائل نشان بن جاتا ہے جو رخساروں کے اطراف میں گالوں پر اُترتا ہے۔سیپیا سے یہ نشان دُور نہیں ہوتا کیونکہ سیپیا کا اپنا ایک خاص مزاج ہے جب تک وہ نہ ہو سیپیا سے فائدہ نہیں ہوتا۔عورتوں کی جسمانی کیفیت اور ساخت سیپیا کی پہچان ہے،وہ نسبتاً پتلی ہوتی ہے،اپنوں سے اجنبیت محسوس

کرنے لگتی ہے، محبت کے جذبات میں کمی آ جاتی ہے۔ خصوصاً خاوند اور بچوں کو دلی محبت کے باوجود پسند نہیں کرتی اور بیزار ہو جاتی ہے۔ اگر ایسی عورت کے ناک پر نشان ہو تو سیپیا دینی چاہیئے، فائدہ نہ ہو تو کاربو انیمیلس ضرور دینی چاہیئے۔ کیونکہ میرا تجربہ ہے کہ وضع حمل کے بعد ہونیوالی تکلیفوں میں کاربو انیمیلس بہت مؤثر ہے۔ اس سے ناک کا نشان بھی ختم ہو جاتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 238-239)

358۔ عورتوں کے چہرہ پر حمل کے دوران چھائیاں پڑ جاتی ہوں، چہرہ بے رونق نظر آتا ہو۔ بھورے رنگ کے مسے بھی نکلتے ہوں اور ان میں کالے کالے دھبے بننے لگتے ہوں۔ (خاص علامت)

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

سیپیا میں بغیر حمل کے بھی یہ علامتیں ظاہر ہوتی ہیں، بھورے رنگ کے مسے بھی نکلتے ہیں اور ان میں کالے کالے دھبے بننے لگتے ہیں یہ علامت خاص طور پر سیپیا سے تعلق رکھتی ہے جسم پر سفید یا ہلکے بھورے رنگ کے گول گول دھبے پڑ جاتے ہیں۔ جن کا جگر کی خرابی سے تعلق ہے۔ ہومیوپیتھی اصطلاح میں انہیں Liver Spots کہا جاتا ہے۔ اگر یہ بھورے یا پیلے رنگ کے ہوں تو فاسفورس اور سیپیا مفید ہیں اور سفیدی مائل ہوں تو مرکسال یا کلکیر یا وغیرہ مفید ہوں گی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 746)

359۔ عورتوں میں رحم کی تکلیفوں کے ساتھ ذیابیطس بھی ہو تو دونوں تکلیفوں کو دُور کرنے کے لئے مفید دوا :

ہیلونیس Helonias 30-Q

کم از کم ایک ماہ تک مسلسل استعمال کروانی چاہیئے۔

☆☆☆☆☆

مردوں کی بیماریاں

MALE DISEASES

MALE STERLITY (اولاد نہ ہونا) مردانہ بانجھ پن

360۔ بے اولاد مردوں کیلئے کارآمد نسخہ:

(1) سفیلینم Syphilinum CM

ایک خوراک دوسری خوراک ایک ماہ کے بعد

(2) نیٹرم میور Nat. Mur 200 ہفتہ وار ایک بار

(3) کالی فاس Kali Phos 6x صبح شام ایک ایک بار

(4) ایسڈ فاس Acid Phos Q, 1x صبح و شام

تین قطرے پانی کے گلاس میں

361۔ اولاد سے محرومی:۔ اگر مرد کے جرثومے کمزور ہوں یا مُردہ ہوں۔ بے اولاد مردوں کیلئے ایک اور نسخہ

(1) ٹائیفائیڈینم Typhoidinum CM

(2) کالی فاس Kali Phos CM

(3) زنکم میٹ Zincum Met CM

طریق استعمال:۔ پہلے مہینے نمبر 1 کی ایک خوراک۔ دوسرے مہینے نمبر 2 کی ایک خوراک۔ تیسرے مہینے نمبر 3 کی ایک خوراک۔ پھر اسی طرح یکے بعد دیگرے نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 مہینے مہینے کے وقفہ سے لیتے رہیں۔ اس کے ساتھ

(4) نیٹرم میور Nat. Mur
سلیشیا Silicea
6x ملا کر

روزانہ صبح نہار منہ ایک ایک خوراک یعنی دونوں کی دو تین ٹکیاں ملا کر چوس لیا کریں۔

اس کے ساتھ (5) ایسڈ فاس Acid Phos Q, 1x

پانی کے گلاس میں دو قطرے ڈال کر کھانے کے ساتھ گھونٹ گھونٹ کر کے صبح ،دوپہر شام پئیں۔

علاوہ ازیں (6) مرد ایک کپورا بکرے کا روزانہ کھائے۔

تین ماہ کے استعمال سے اگر مندرجہ بالا نسخہ سے فائدہ نہ ہو تو درج ذیل نسخہ استعمال کر کے دیکھیں

362۔ مرد کے جرثومے کمزور ہوں یا مردہ ہوں تو ایک اور مفید نسخہ:

(1) جلسیمیم Gelsimium
لائیکوپوڈیم Lycopodium
200 دو دن روزانہ پھر ہفتہ وار

اسکے ساتھ (2) ہائی پیریکم Hypericum
سمفائٹم Symphytum
سٹفی سیگیریا Staphysagria
30 ملا کر روزانہ تین بار

اور (3) نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x ملا کر روزانہ تین بار

363۔ اگر عورت کا نقص ہو اور عورت میں خون کی حدت کی علامتیں ہوں۔ مثلاً

پاؤں کے تلوے جلتے ہوں تو عورت کے لئے مفید نسخہ:-

(1) پلسٹیلا Pulsatilla 200 ہفتہ وار ایک خوراک
پلسٹیلا Pulsatilla 30 روزانہ تین بار
اشوکا Ashoka Q روزانہ تین بار

خوراک: دس پندرہ گولیاں۔ قطروں کی صورت میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

(2) اگر گرمی کی بجائے عورت کا جسم سردی کا زیادہ احساس رکھتا ہو۔ مثلاً

پاؤں ٹھنڈے رہتے ہوں تو حسب ذیل علاج:-

سلیشیا	Silicea		
نیٹرم میور	Nat. Mur	6x	روزانہ تین بار دو دونکیاں ملاکر۔
کلکیریا فلور	Calc. Fluor		

(3) اشوکا Ashoka Q روزانہ تین بار

پندرہ بیس قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملاکر مسلسل لمبا عرصہ جاری رکھیں

نوٹ: نمبر 1 نسخہ چند مہینے استعمال کیا جائے تو بعض دفعہ گرمی کی علامات سردی کی علامات میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ لہذا ایسی صورت میں نسخہ نمبر 1 چھوڑ کر نسخہ نمبر 2 استعمال کرنا شروع کر دینا چاہیئے۔

اگر اس کے برعکس صورت ہو تو نمبر 2 چھوڑ کر نمبر 3 شروع کریں۔

364۔ مرد اور عورتیں اعصاب کی زود حسی کی وجہ سے اولاد سے محروم ہوں۔

اعصاب کی زود حسی براہ راست بانجھ پن پیدا نہیں کرتی بلکہ خصیوں میں بننے والے جرثوموں کی تکمیل نہیں ہو پاتی اور ان میں جان نہیں پڑتی اس عارضہ کی مفید دوائیں:

1۔ کالی فاس Kali Phos 6x روزانہ تین بار

2۔ فاسفورس Phosphorus 3x روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 660)

365۔ بچپن میں کن پیڑوں کے عارضہ کی وجہ سے اولاد سے محرومی۔ کن پیڑوں کو کسی علاج سے دبا دیا جائے یا ٹھنڈ لگ جائے تو یہ بیماری اعضائے تناسل میں منتقل ہو جاتی ہے۔ خلیے مر جاتے ہیں اور ساری عمر کے لئے اولاد سے محرومی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس بیماری کو اپنی جگہ پر لاکر مفید ثابت ہونے والی دوائیں۔

1۔ابراٹینم	Abrotanum	30	روزانہ تین بار
2۔پلسٹیلا	Pulsatilla	30	روزانہ تین بار
3۔کاربوویج	Carboveg	30	روزانہ تین بار

''عموماً کن پیڑوں کی بیماری میں یہ عادت پائی جاتی ہے کہ گلے پر اور کان کے پیچھے جو اُبھار پیدا ہوتا ہے وہ وہاں سے دب جاتا ہے اور اعضائے تناسل کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اسکے دبنے کی وجوہات مختلف ہیں۔وہ سب دوائیں جو انتقال مرض میں کام آتی ہیں اور اسے اپنی جگہ کی طرف لوٹا دیتی ہیں ان میں ابراٹینم کو نمایاں مقام حاصل ہے۔''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 9)

''پلسٹیلا کن پیڑوں (Mumps) کی بھی بہترین دوا ہے اور یہ بیماری کو دوسری جگہ منتقل ہونے نہیں دیتی۔صحیح علاج نہ کیا جائے تو بیماری منتقل ہو کر آلات تناسل پر اثر انداز ہو جاتی ہے اور ایسے مریض ساری عمر کے لئے اولاد سے محروم ہو جاتے ہیں۔ایسی صورت میں سب سے پہلے ابراٹینم دینی چاہیئے۔اس سے ٹھیک نہ ہو تو پھر پلسٹیلا دیں''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 693-694)

366۔مجامعت کے وقت مادہ منویہ خارج نہ ہونے کی وجہ سے بچوں کی پیدائش میں رکاوٹ۔

اگر مرد اور بیوی کے تعلقات ہر لحاظ سے درست ہوں۔جرثومے صحت مند ہوں مگر مادہ منویہ خارج نہ ہو تو بعض دفعہ اس کی وجہ سے بچوں کی پیدائش رُک جاتی ہے۔اس غیر معمولی علامت میں بہت اہمیت رکھنے والی

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 603)

☆☆☆☆☆

مردانہ کمزوری

Male Sexual Weakness

367۔ جنسی کمزوری اور مجامعت / ہم بستری کے وقت مرگی کا دورہ پڑ جاتا ہو مرگی کا جنسی کمزوری سے بھی تعلق ہے۔ اس لئے بعض مریضوں کو ہم بستری کے وقت مرگی کا دورہ پڑ جاتا ہے۔

مفید دوا: بوفو رانا Bufo 30 روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 175)

368۔ بوڑھے آدمی کو مجامعت کے بعد تشنج: بوڑھا آدمی جو لمبا عرصہ سے تجرد کی زندگی گزار رہا ہو۔ شادی کر لے اور مجامعت کے بعد اسے تشنج شروع ہو جائے جو اکثر پاؤں کی پنڈلیوں سے چل کر اوپر تک پہنچ جائے تو

بہترین دوا: کیوپرم میٹ Cuprum Met 30 روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 342)

369۔ مردانہ کمزوری کیلئے مفید نسخہ :

(1) مرد روزانہ ایک کپورا کھائے۔ اور

(2) ایسڈ فاس Acid Phos
ایگنس کاسٹس Agnus Castus
نیوفرلوٹیم Nupharluteum
Q

تین قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ اس کے ایک ہفتہ بعد حسب ذیل نسخہ استعمال کریں۔

(3) سیلکس ناگرا Salix Nigra
ڈامیانہ Damiana
ٹریبولیس ٹیرسٹرس Tribulus Terrestris
Q

تین تین قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں تین بار

370۔مردانہ کمزوری،مباشرت سے قبل ڈھیلا پن:مفید نسخہ:

(1) سیلینم Selenium 200

(2) انوسموڈیم Onosmodium 200

پہلے تین دن روزانہ ایک بار نمبر 1 صبح نمبر 2 شام پھر ہفتہ وار نمبر 1 ،نمبر 2

371۔حد سے زیادہ مردانہ کمزوری کے لئے نسخہ

1۔ لائیکوپوڈیم Lycopodium CM

مہینے کے وقفہ سے صرف دو خوراک

2۔ کالی فاس Kali Phos
نیٹرم فاس Nat. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر جب تک توانائی بحال نہ ہو عورت کے پاس جانے سے مکمل پرہیز۔

372۔بہت زیادہ مردانہ کمزوری کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملا کر

تین دن روزانہ رات کو ایک ایک خوراک پھر ہفتہ وار۔

2۔ ایسڈ فاس Acid Phos 30 روزانہ تین بار

خوراک:۔دس پندرہ گولیاں چوس کر۔یا قطروں کی صورت میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

373۔مردانہ کمزوری کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔ سیلینیم Selenium
ایگنس کاسٹس Agnus Castus
200 ملا کر

روزانہ تین بار ایک بار پھر ہفتہ وار

2۔ کیلیڈیم Caladium
ایسڈ فاس Acid Phos
30 روزانہ تین بار

374۔اگر مرد کے جذبات نہ اُبھرتے ہوں تو مفید نسخہ:

آرنیکا Arnica
انوسموڈیم Onosmodium
200 ہفتہ میں تین بار

375۔مردانہ قوت کا بیدار نہ ہونا۔(کارآمد نسخہ)

1۔ آرنیکا Arnica 1M
2۔ لائیکوپوڈیم Lycopodium 1M
3۔ کالی فاس Kali Phos 1M

نمبر 1 کے بعد ہفتہ کا وقفہ پھر نمبر 2۔ ہفتہ کا وقفہ پھر نمبر 3 ہفتہ کا وقفہ۔اسی طرح جاری رکھیں۔

376۔مردانہ ناطاقتی اور کمزوری کے لئے

بہت اچھی دوا: کالی سلف Kali Sulph 6x روزانہ تین بار

"کالی سلف مردانہ ناطاقتی اور کمزوری کے لئے بھی اہم دوا ہے۔"
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 510)

377۔اوائل عمر میں کی جانے والی بدافعالیوں کے نتیجہ میں کمزوری اور ناطاقتی

مؤثر دوا: ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

"ایگنس کاسٹس مردانہ کمزوری میں بھی مفید دوا ہے۔اوائل عمر میں کی جانے والی بد افعالیوں کے نتیجہ میں کمزوری اور ناطاقتی کا شکار ہونے والے مریضوں کی سب کمزوریوں کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے"۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 36)

378۔جنسی بے راہ روی کے شکار لوگ جو بالکل بیکار اور ناکارہ ہونے کے باوجود نظر

بازی سے باز نہ آئیں اس کے لئے بہترین دوائیں۔(بشرط مزاج)

1۔ فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

2۔ پکرک ایسڈ Picric Acid 30

3۔ لائیکوپوڈیم Lycopodium 30

4۔ سیپیا Sepia 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 391)

379۔تمباکونوشی کی کثرت سے پیدا ہونے والی جنسی کمزوریوں میں

مفید دوا : کیلیڈیم Caladium 30

مشابہ دوائیں:

1۔ پکرک ایسڈ Picric Acid 30

2۔ سیلینیئم Selenium 200

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 186)

380۔انسان کی جنسی خواہش میں کمی واقع ہو جاتی ہو اور کوئی احساس باقی نہیں رہتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔سورائینم Psorinum 200

2۔گریفائیٹس Graphites 200-30

381۔جذبات میں غیر معمولی ہیجان یا جذبات بالکل ختم ہو جائیں بلکہ جنسی تصور سے ہی نفرت ہو جائے اور مریض درمیانی حالت میں نہ رہے۔ بلکہ ایک یا دوسری انتہا پر پہنچ جائے۔ مردانہ اور زنانہ اعضاء میں یہ تضاد دبے ہوئے سوزاک کا آئینہ دار ہوتا ہے۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 588)

382۔ جسم کی اندرونی جلن اور سوزش غیر طبعی جذبات کو ابھار دے۔ مرد ہو یا عورت دونوں کا علاج ممکنہ دوا: گریشولا Gratiola 200-30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 415)

383۔ جنسی ہیجان اور نفسانی خواہش کی زیادتی جس میں قابو پانا مشکل ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ للئیم ٹگ Lillium Tig 30

2۔ ہائیوسیمس Hyoscyamus 30

3۔ کینتھرس Canthoris 30

"للئیم ٹگ میں ہائیوسیمس اور کینتھرس کی طرح جنسی اعضاء میں ہیجان ملتا ہے لیکن ایک واضح فرق یہ ہے کہ للئیم ٹگ میں ان دونوں دواؤں کے مزاج کے برعکس زوردار نفسانی خواہش ایک مستقل بیماری بن جاتی ہے جس پر قابو پانا مشکل ہوتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 566)

384۔ شوگر کی زیادتی سے تعلق رکھنے والی زنانہ و مردانہ جنسی بیماریوں میں

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

385۔ مردوں اور عورتوں کی جنسی بیماریوں میں بہت مفید دوا:

سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

سٹیفی سیگریا کا مریض بہت حساس اور شائستہ مزاج ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سُرعتِ انزال

EARLY EJACULATION

386۔سُرعتِ انزال کے لئے مفید نسخہ:

1۔ سلفر — Sulphur 200

2۔ زنکم میٹ — Zincum Met. 200

باری باری ہفتہ میں دو بار۔

387۔ سُرعتِ انزال (کے لئے عمدہ نسخہ)

1۔ سلفر — Sulphur
آرنیکا — Arnica
200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار رات کو سونے سے پہلے پھر ہفتہ وار ایک بار۔

خوراک:۔دس پندرہ گولیاں۔قطروں کی صورت میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

2۔ کالی فاس — Kali Phos
نیٹرم فاس — Nat. Phos
6x ملا کر

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

جلق، مُشت زنی

MASTURBATION

388۔مُشت زنی کیلئے مفید نسخہ:

رانا بوفو — Rana Bufo
کیلیڈیم — Caladium
1M-30

دن میں تین بار۔ پھر ہفتہ کے بعد انہی ادویہ کو 200 طاقت میں ہفتہ میں دو بار۔ پھر 1000 طاقت میں دسویں دن ایک بار پھر 20 دن کے بعد دس ہزار ایک ماہ کے وقفہ سے استعمال کریں۔

389۔ جلق (Self Abuse) مشت زنی روکنے اور اس کے بد اثرات دور کرنے والی

مفید دوا : بوفورانا Rana Bufo 30

"اگر کوئی نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو جائے تو اس کی دوا بوفو (Bufo) ہے۔ اور یہ جلق (Self Abuse) کو روکتی اور اسکے بد اثرات کو دُور کرتی ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 173)

390۔ کثرت جلق (مشت زنی) کی وجہ سے مرگی کے دورے پڑنا:

مفید دوا : بوفورانا Rana Bufo 30

"بعض نوجوان جنہوں نے اپنی بیوقوفوں سے اپنی جان پر ظلم کیا ہو اور وہ مرگی کا شکار ہو جائیں تو ان کے لئے بھی بوفو بہت مفید ہے۔ ایسے مرگی کے مریض کو پہلے بوفو دینی چاہیئے اور اس کی ناکامی کی صورت میں دوسری دوائیں تلاش کرنی چاہئیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 173)

391۔ نوجوانی میں ہونے والے اخلاقی تجاوزات اور جنسی بے راہ روی کے نتیجہ میں پیدا ہونیوالی بیماریوں میں مؤثر دوا:

نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

"عموماً اسے 6x طاقت میں دیا جاتا ہے اگر خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوں تو 30 یا 200 طاقت یا بعض دفعہ اس سے بھی اونچی طاقت میں دینی پڑتی ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 627)

392۔ اگر کوئی نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو جائے تو اس کے لئے

مفید دوا : بوفو Bufo 30-Q

جریان

Spermatorrhoea

393۔جریان۔پیشاب کے ساتھ منی۔مفید نسخہ:

1۔ سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں دو بار

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos] 6x ملا کر تین بار

سوزاک

GONORRHOEA

394۔سوزاک کے لئے نہایت مفید نسخہ:

1۔ مرک کار Merc. Cor. CM

ایک خوراک اس کے ایک ماہ بعد دوسری خوراک۔اس عرصہ میں ساتھ ہی

2۔ تھوجا Thuja 200

ہفتہ میں ایک بار فی خوراک اور ساتھ ہی۔

3۔ کینتھرس Canthoris 30 روزانہ تین بار

اگر کچھ عرصہ مندرجہ بالا ادویات کے استعمال سے آفاقہ نہ ہو تو

4۔ کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa CM صرف ایک خوراک دیں

395۔سوزاک کیلئے ایک اور مفید نسخہ

1۔مرکیورس کار Merc. Cor CM

صرف ایک خوراک ۔اس کے ساتھ

2۔ کینتھرس Canthoris
تھوجا Thuja
6x ملا کر روزانہ تین بار

396۔ سوزاک کیلئے ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ کینابس انڈیکا Cannabis Indica CM صرف ایک خوراک

اسکے ساتھ 2۔ آرسینک Arsenic
نیٹرم میور Nat. Mur
6x ملا کر روزانہ تین بار

اور 3۔ پریرا بریوا Pareira Brava Q

پندرہ بیس قطرے ایک گھونٹ پانی میں روزانہ تین بار

397۔ سوزاک: پیشاب کی نالی میں زخم۔ پیشاب میں خون اور پیپ

مرکیورس کار Merc. Cor CM صرف ایک خوراک

398۔ سوزاک: پیشاب کی نالی میں زخم۔ پیشاب میں خون اور پیپ کے لئے ایک ا

مفید نسخہ: 1۔ فیرم فاس Ferr. Phos
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
6x ملا کر روزانہ تین

اسکے ساتھ 2۔ پریرا بریوا Pereira Brava Q

دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں تین بار

399۔ پیشاب میں انفیکشن۔ پیشاب سخت بدبُو دار۔ درد اور بخار رہتا ہو۔ مفید نسخہ:

1۔ آرسینک Arsenic
تھوجا Thuja
بیلاڈونا Belladonna
200

پہلے دن تین خوراکیں۔دوسرے دن دو خوراکیں۔تیسرے دن ایک خوراک۔ پھر
ہفتہ وار حسب ضرورت۔ اسکے ساتھ

2۔سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur 6x ملا کر روزانہ تین بار

ملا کر روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں اسکے ساتھ

3۔ پریرا بریوا Pereira Brava Q

دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر روزانہ تین چار بار

400۔پیشاب میں انفیکشن ۔پیشاب سخت بدبودار۔جلن اور بخار کے ساتھ۔پیشاب میں خون آرہا ہو۔اور مریض مندرجہ بالا علاج سے ٹھیک نہ ہو تو درج ذیل ادویات یا نسخہ استعمال کروائیں۔

1۔فاسفورس Phosphorus •
2۔ملی فولیم Millefolium 30 ملا کر

401۔پیشاب کی نالی میں جلن اور ہلکے درد کی شکایت ہو۔پیشاب کثرت سے آئے۔ ہر دفعہ پیشاب آنے پر کچھ دیر انتظار کرنا پڑے۔پیشاب آہستہ آہستہ ختم ہو۔مفید دوائیں:

1۔کینابس انڈیکا CM Cannabis Indica

سوزاک کے مریضوں کو کینابس انڈیکا CM کی ایک خوراک دینے سے شفا ہو جاتی ہے

2۔کینابس سٹائیوا CM Cannabis Sativa

مذکورہ علامات میں کینابس سٹائیوا بھی مفید دوا ہے۔(صرف ایک خوراک)

3۔مرک کار CM Merc. Cor (صرف ایک خوراک)

مذکورہ بالا مرض کے ازالہ کیلئے مرک کار CM کی صرف ایک خوراک مفید ثابت ہوتی ہے

402۔مردوں کی پیشاب کی نالی جو خصیوں کے اندر مادہ منویہ میں سے گزرتی ہے،اس میں درد کی لہریں دوڑتی ہوں جو گردے اور مثانے کی تکلیف کے دوران زیادہ

زور پکڑ جاتی ہوں۔

مفید دوا : بربرس Q Berberis

403۔سوزاک: پیشاب کی نالی میں درد، ورم اور خارش کا رجحان۔ پیشاب کی خواہش ہوتی ہو لیکن پیشاب آسانی سے نہ آئے۔

سوزاک کی بہترین دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30 روزانہ تین بار

404۔پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش۔ گردوں کی جھلیاں متورم ہوں۔ پیشاب قطرہ قطرہ جل کر آئے۔

مفید دوا: کینتھرس Canthoris 30 روزانہ تین بار

نوٹ: مذکورہ علامات کیمفر (Camphor) میں بھی پائی جاتی ہیں۔ بعض اوقات کینتھرس دینے سے گردوں میں مسلسل سوزش ٹھہر جاتی ہے جو مریض کو اعصابی طور پر بھی متاثر کرتی ہے اس صورت میں کیمفر اس سوزش کو زائل کرتی ہے۔

405۔سوزاک: پیشاب کی نالی میں سرسراہٹ۔ پیشاب بار بار۔ قطرہ قطرہ جلن کے ساتھ۔ مثانے میں دائیں طرف ورم۔

کارآمد دوا: کلیمیٹس Clematis 30 روزانہ تین بار

"پیشاب کی نالی میں سرسراہٹ جو پیشاب کے بعد کچھ عرصہ تک جاری رہتی ہے بار بار تھوڑا تھوڑا پیشاب آتا ہے جس کے آخر پر جلن بھی ہوتی ہے پیشاب رکاوٹ سے آتا ہے بعض دفعہ صرف قطرہ قطرہ اور پیشاب کے بعد بھی قطرہ قطرہ پیشاب آنے کا رجحان ایک دو منٹ تک جاری رہتا ہے۔ دائیں طرف مثانے کے ورم میں بھی کارآمد دوا ہے"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 308)

406۔دبے ہوئے سوزاک کا قلع قمع کرنے والی دوا:

میڈورائینم Medorrhinum CM

''ان دواؤں میں جو دبے ہوئے سوزاک کا قلع قمع کر سکتی ہیں ایک میڈورائینم ہے جس کی بہت تعریف کی جاتی ہے اور بعض ڈاکٹر کہتے ہیں کہ ہر علاج میڈورائینم سے شروع کرنا چاہیے۔ اگر سوزاک کی دبی ہوئی علامتیں موجود ہوئیں تو میڈورائینم کی بہت اونچی طاقتیں انہیں اُچھال کر کر باہر لے آئیں گی۔ اس کے نتیجہ میں بیماری کی جو بھی شکل ظاہر ہوگی۔ اس کا علاج دراصل دبے ہوئے سوزاک کا علاج ثابت ہوگا اور اس کے بداثرات ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائیں گے۔'' (میوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 584)

نوٹ: (سوزاک کی دبی ہوئی علامتیں بچوں کا سُوکھا پن، دائمی نزلہ، دمہ، داد اور خاص قسم کے مسّے وغیرہ ہیں)

407۔ سوزاک (Gonorrhoea) کے دب جانے کے نتیجہ میں پیدا ہونیوالی بیماریوں میں

مفید دوا: کلیمیٹس Clematis 30 روزانہ تین بار

408۔ دبے ہوئے سوزاک کے نتیجہ میں جذبات میں یا تو غیر معمولی ہیجان پیدا ہو جاتا ہو یا پھر جذبات بالکل ختم ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 1000-200

اندرونی اعضاء کی مردانہ اور زنانہ بیماریوں میں جو دبے ہوئے سوزاک کی آئینہ دار ہوں، ان کے نتیجہ میں بالکل متضاد علامات واقع ہوتی ہیں۔ جذبات میں یا تو غیر معمولی ہیجان پیدا ہو جاتا ہے یا پھر جذبات بالکل ختم ہو جاتے ہیں، بلکہ جنسی تصور سے بھی نفرت ہو جاتی ہے۔ مریض درمیانی حالت میں نہیں رہتا۔ یا ایک انتہاء پر یا دوسری انتہا پر۔

☆☆☆☆☆

خصیوں کی تکالیف

TESTICLE AILMENTS

409۔ مادہ منویہ کی نالی اور دائیں خصیے کی سوزش اور ورم میں

اونچے درجے کی دوا: کلیمیٹس Clematis 30 روزانہ تین بار

"بہت سی مردانہ بیماریوں میں کلیمیٹس استعمال ہوتی ہے خصوصاً دائیں نالی کی سوزش میں جس میں مادہ منویہ حرکت کرتا ہے۔ نیز اس طرف کے خصیے کی سوزش اور ورم میں یہ اونچے درجے کی دوا بتائی جاتی ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 307)

410۔ خصیوں (گولیوں) میں درد اور سوزش کیلئے مفید نسخہ:

بیلاڈونا	Belladonna	200 ملاکر
سلفر	Sulphur	
آرنیکا	Arnica	

411۔ خصیوں (فوتوں) کا اوپر کی طرف کھچاؤ:

مفید دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 30 روزانہ تین بار

کثرت احتلام

Involuntary Emission

412۔ کثرت احتلام کے لئے ایک نسخہ:

1۔ آرسینک	Arsenic	200 ملاکر
آرنیکا	Arnica	

تین دن روزانہ ایک بار رات کو۔ پھر ہفتہ وار ایک بار۔

2۔	نیٹرم فاس	Nat. Phos	6x
	نیٹرم میور	Nat. Mur	
	کالی فاس	Kali Phos	

روزانہ صبح و شام دو دو ٹکیاں ملا کر

413۔ کثرتِ احتلام کے لئے ایک اور نسخہ:

1۔	زنکم میٹ	Zincum Met.	200	ہفتہ میں دو بار
2۔	سلفر	Sulphur	30	روزانہ تین بار

رات کے کھانے میں تیز مصالحے اور گوشت سے پرہیز۔

414۔ احتلام۔ نیز پیشاب کے ساتھ منی کے قطرے نکلتے ہوں۔ مفید نسخہ:

1۔	لائیکو پوڈیم	Lycopodium	200	ہفتہ میں دو بار
2۔	سلفر	Sulphur	30	روزانہ تین بار

☆☆☆☆☆☆

آلات تناسل کا ایگزیما

Eczema Of Genitals

415۔آلات تناسل کا ایگزیما

1۔سرِ فہرست دوا: کروٹن Croton 30 روزانہ تین بار

2۔شہرت یافتہ دیگر دوائیں:

1۔رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔ایناگیلس Anagallis 200-30

3۔گریفائیٹس Graphites 200-30

"کروٹن کے ایگزیما کے چھالے رسٹاکس سے چھوٹے ہوتے ہیں اور پانی بھی رسٹاکس کے مقابلے میں کم بہتا ہے۔کروٹن میں اسہال کی علامتیں ملتی ہیں جبکہ رسٹاکس میں اسہال کی علامت نہیں ملتی۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 338)

416۔اعضائے رئیسہ میں خون کی نیلی رگ بن جاتی ہو۔جن سے خون نکلنے لگتا ہو۔

مفید دوائیں:

1۔ کلکیریا فلور Calc. Flour 6x

2۔ برائیٹا کارب Baryta Carb 30

☆☆☆☆☆☆

بچوں کی بیماریاں

CHILDREN DISEASES

417۔بچوں کی نزلاتی بیماریوں ۔ گلے کی خرابیوں ۔ کان کی تکلیفوں وغیرہ کے نتیجہ میں

روزانہ رات کو بخار کا حملہ ہو جاتا ہو جو یا تو مسلسل بڑھتا چلا جاتا ہو یا ایک دم سے دب جاتا ہو جس کے نتیجہ میں بچے کی موت واقع ہو سکتی ہو۔ایسی تمام بیماریوں کے لئے **ٹکسالی نسخہ:**

(1)	ایکونائیٹ	Aconite	200 ملا کر
	آرنیکا	Arnica	
	آرسینک	Arsenic	
	بیلاڈونا	Belladonna	

روزانہ ایک بار یا دو بار استعمال کریں۔اور اس کے ساتھ

(2)	فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
	سلیشیا	Silicea	
	کالی میور	Kali Mur	
	کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	
	کالی فاس	Kali Phos	

دن میں چار پانچ بار دیتے رہیں۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 827-828)

418۔وضع حمل کے وقت بچے کے سر پر دباؤ پڑ جائے۔

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

ایسے بچوں کو ماں کے دودھ کے ذریعہ فوری طور پر نیٹرم سلف استعمال کروانی چاہیئے تاکہ کوئی منفی نتائج ظاہر نہ ہوں اور بچہ نیم پاگل ہونے سے بچ جائے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 633)

419۔ بچے کی کمر میں پیدائش کے بعد پھوڑا یا بچے کا سر چھوٹا ہو۔

مفید نسخہ: کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
6x ملا کر روزانہ تین بار

ملا کر ماں کے دودھ میں حل کر کے۔ روزانہ تین بار

420۔ بچوں کا سر بائیں طرف قدرے چھوٹا رہ جائے اور پوری طرح نشوونما نہ ہو پائے۔ بائیں آنکھ بھی نسبتاً دبی ہوئی اور چھوٹی ہوتی ہو۔ (خاص نشان)

مفید دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

چونکہ یہ ہڈی کی تعمیر میں بہت مفید دوا ہے اس لئے یہ اس قسم کی کمزوری میں کام آتی ہے اکثر مریضوں پر تجربہ سے اس دوا کی یہ خوبی معلوم ہوئی ہے۔ یہ ایسی چیز ہے جو طریقہ آزمائشی (Proving) سے نہیں معلوم کی گئی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 397)

421۔ بچوں کی عمومی صحت کی بحالی اور جسم میں خون کی مقدار بڑھانے کیلئے۔

بہت مفید نسخہ: کالی فاس Kali Phos
کلکیر یا فاس Calc. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x

422۔ بچہ پیدائشی طور پر کمزور ہو۔ یا بچہ وقت سے پہلے پیدا ہو گیا ہو تو اس کی پیدائشی کمزوریاں دور کرنے کیلئے بہت اچھا نسخہ:

کالی فاس Kali Phos
کلکیر یا فاس Calc. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
سلیشیا Silicea
6x

اگر بچہ وقت سے پہلے پیدا ہو گیا ہو تو اس کے بہت سے عضلات جو ماں کے پیٹ کے اندر نشو و نما پانے چاہیئے تھے وہ کمزور رہ جاتے ہیں۔ ان کو سلیشیا تقویت دیتی ہے۔ پیدائشی کمزوریاں دور کرنے کے لئے یہ بہت اچھا نسخہ ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل 513-514)

بچوں کا بخار

Infantile Fever

423۔ بچے کا بہت تیز بخار۔ اس کا سر پر زیادہ اثر ہو۔ پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوں۔

اوّلین دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

424۔ بخار میں جسم ٹھنڈا ہو جائے لیکن سر پر گرمی کا احساس ہو تو یہ بہت خطرناک علامت ہے۔ فوری اور مؤثر دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

ایسی حالت میں مائیں سمجھتی ہیں کہ بخار اُتر گیا ہے لیکن وہ بیماری بے ہوشی کی سی ہوتی ہے۔ اگر صحیح دوا دیں تو ایک دم سارا جسم گرم ہو جائے گا، ورنہ خطرناک بیماریاں مثلاً گردن توڑ بخار، مرگی وغیرہ پیدا ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ایسے موقع پر فوری اثر کرنے والی دواؤں میں بیلاڈونا بھی ایک ہے۔ اگر صحیح دوا جلد نہ دی جائے تو ایسی حالت میں بچے مر بھی سکتے ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 138)

425۔ بچے کا بخار بہت تیز ہو اور اس کا سر پر زیادہ اثر ہو، پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوں تو اوّلین دوا:

بیلاڈونا Belladonna 30

426۔ بچوں کو معمولی تکلیفوں اور بخار وغیرہ سے تشنج ہو جائے (اگر مزاج غصیلا اور چڑچڑا ہو)

فوری فائدہ دینے والی دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

427۔دانت نکالنے کے وقت (Dentition) بہت مفید نسخہ:

فیرم فاس	Ferr. Phos		
کالی فاس	Kali Phos	6x	ملا کر صبح وشام
کلکیریا فاس	Calc. Phos		
کلکیریا فلور	Calc. Fluor		

428۔پیٹ کی خرابی کی وجہ سے بخار ہو تو مفید نسخہ:

(1)	رسٹاکس	Rhustox	200	
(2)	برائیونیا	Bryonia	200	باری باری
(3)	بپٹیشیا	Baptisia	30	روزانہ تین بار
(4)	سلیشیا	Silicea		
	فیرم فاس	Ferr. Phos	6x	ملا کر روزانہ تین بار
	نیٹرم سلف	Nat. Sulph		
	کالی فاس	Kali Phos		

429۔بچہ اگر ڈرتا ہو۔تو مفید دوا :

ایپس میلیفیکا Apis Mel. 30 روزانہ تین بار

430۔بچے کو اگر کھٹولے میں اُتارا جائے تو وہ گھبراہٹ محسوس کرتا ہو اور خوفزدہ ہو کر چیختا ہو۔مفید دوا :

بوریکس Borax 30

یہ علامت صرف بچوں میں ہی نہیں بڑوں میں بھی پائی جاتی ہے۔لفٹ سے نیچے اُترتے ہوئے گھبراہٹ ہوتی ہے،یا کار اونچائی سے ڈھلان پر آ رہی ہو تو دل بیٹھنے لگتا ہے۔

431۔ بچوں کیلیئے ٹانک Tonic کا نسخہ

کالی فاس	Kali Phos	6x	روزانہ تین بار
کلکیر یا فاس	Calc. Phos		
فیرم فاس	Ferr. Phos		

بچوں کا دیر سے بولنا، تھتھلانا یا ہکلانا

432۔ بچہ کے جلد بولنے کے لئے (نسخہ)

کالی فاس	Kali Phos	6x	ملا کر روزانہ تین بار
نیٹرم فاس	Nat. Phos		

433۔ بچہ دیر سے بولنا شروع کرے تو

بہترین دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

434۔ بچہ ٹانگوں کی کمزوری کی وجہ سے دیر سے چلنا سیکھے اور دیر سے بولنا شروع کرے تو

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

435۔ بچہ باتیں نہ کرتا ہو۔ مفید نسخہ

نیٹرم میور	Nat. Mur	6x	ملا کر روزانہ تین بار
کالی فاس	Kali Phos		

436۔ بچہ صاف نہیں بولتا ہو تو مفید دوا :

سٹریمونیم Stramonium 30 روزانہ تین بار

437۔ لکنت (Stammering) کے لئے مفید دوا:

ایکونائیٹ Aconite CM صرف ایک خوراک

438۔لکنت کے لئے مفید نسخہ

ایکونائیٹ	Aconite	200 ملا کر
سٹریمونیم	Stramonium	

بعض بچوں کو بولنے میں دقت پیش آتی ہے۔ بہت کوشش کر کے بولنا پڑتا ہے۔ بار بار بات کو دہراتے ہیں اور اٹکتے ہیں۔ اس بیماری کا اصل تعلق خوف سے ہوتا ہے اور اس کا نفسیاتی علاج بھی ضروری ہے۔ عموماً سٹرامونیم کو گہرے اعصابی خوف سے پیدا ہونیوالی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے، لیکن لکنت یا ہکلانے کے مرض میں اس کا نمایاں فائدہ مشاہدہ میں نہیں آیا۔ اس لئے بیماری کی اصل وجہ کو پیش نظر رکھ کر دوا استعمال کرنی چاہیئے۔

439۔لکنت کیلئے ایک اور مفید دوا :

ایگریکس Agaricus 30

بچوں کو بولنے میں دقت پیش آتی ہے۔ بہت کوشش کر کے بولنا پڑتا ہے۔ بار بار بات کو دہراتے ہیں اور اٹکتے ہیں...... ایگریکس بھی لکنت میں مفید ثابت ہوسکتی ہے۔

بچوں میں شروع میں ہی ذہنی کمزوری پائی جاتی ہے۔

440۔مریض میں رفتہ رفتہ ہکلانے اور تھتھلانے کا رجحان پیدا ہوجاتا ہو۔ مریض کی بات سمجھنی مشکل ہوجاتی ہو۔ اور اسے غصہ دلاتی ہو۔

مفید دوا : بوفو Bufo 30

441۔ٹائیفائیڈ سے لکنت کے لئے مفید نسخہ:

ٹائیفائیڈینم Typhoidinum CM صرف ایک خوراک

442۔زبان پر فالج اثر انداز ہو اور تھتھلاہٹ پیدا ہوجائے۔

1۔کارآمد دوا: کاسٹیکم Causticum 200-30

2۔مفید نسخہ: سٹرامونیم Stramonium
کاسٹیکم Causticum
200 ملا کر

ایسے مریضوں میں جہاں خوف (لکنت کی) وجہ نہ ہو بلکہ ہکلانے کا آغاز زبان کے جزوی فالج سے رہا ہو تو کاسٹیکم بہترین دوا ہے۔کاسٹیکم کا فالج اگر زبان پر اثر انداز ہو تو تھتھلاہٹ پیدا کر دیتا ہے۔

اس کے فالج کے نتیجہ میں اگر بچہ ایک دفعہ ہکلانا شروع کر دے تو اس میں خوف بھی شامل ہو جاتا ہے۔ایسے موقع پر سٹرامونیم کے ساتھ کاسٹیکم ملا کر دیا جائے تو فالج کا اثر بہت جلد زائل ہو جاتا ہے۔

بچوں کا دیر سے چلنا

443۔بچہ چل نہیں رہا۔

(1) برائیٹا کارب 200 Baryta Carb

(2) نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر روزانہ تین بار

444۔بچوں کا دیر سے چلنا اور بچوں کی ٹانگوں کی کمزوری کے لئے مفید دوائیں:

1۔برائیٹا کارب 30-6x Baryta Carb

2۔کلکیریا کارب 30-6x Calc. Carb

ان میں ایک فرق بہت واضح ہے۔

کلکیریا کارب کے بچوں کی ٹانگیں کمزور ہوتی ہیں۔ان میں ہڈیوں کی صحیح نشوونما نہیں ہوتی۔اس لئے صاف پتہ چلتا ہے کہ کمزور ٹانگوں والا بچہ ہے جو چل نہیں سکتا۔لیکن پیٹ موٹا اور سر بڑا ہوتا ہے۔

برائیٹا کارب کے مریض بچوں میں جسمانی لحاظ سے ٹانگیں ٹھیک بھی ہوں تو بھی ان میں کمزوری پائی جاتی ہے اور وہ بہت دیر سے چلنا سیکھتے ہیں۔

445۔ بچہ ٹانگوں کی کمزوری کی وجہ سے دیر سے چلنا سیکھے۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

446۔ بچوں کی ٹانگوں کی کمزوری اور دیر سے چلنے کی علامات میں مفید دوائیں:

1۔ بوریکس Borax 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

447۔ بچہ صرف چلنے میں ہی نہیں بلکہ بولنے میں بھی دیر کرتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

نیٹرم میور میں دونوں کمزوریاں اکٹھی ہو جاتی ہیں۔

448۔ بچہ چلنے میں تو دیر نہ کرے، محض بولنا دیر سے سیکھے۔

1۔ بہترین دوا: کالی فاس Kali Phos 6x

2۔ بہت مفید نسخہ: کالی فاس Kali Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x ملا کر روزانہ تین بار

449۔ بچپن میں خسرہ نکلنے سے بیمار چل نہ سکتا ہو۔

مفید دوا : ویری لینم Variolinum CM

دو ماہ کے وقفہ سے ایک ایک خوراک۔ کُل تین خوراک

☆☆☆☆☆

بچوں کا سوکھا پن Marasmus

450۔ سوکھے کے مریض بچوں کے لئے مفید دوا :

ایتھوزا Aethusa 30 روزانہ تین بار

451۔ بچوں کی ٹٹیاں اگر نہ رُکتی ہوں۔ یا سُوکھا پن پایا جاتا ہو تو مفید دوا :

ایتھوزا Aethusa 30 روزانہ تین بار

452۔ سوکھا پن کے لئے مفید دوائیں:

(1) سارا جسم بیک وقت سوکھتا ہو۔ دُودھ ہضم نہ ہوتا ہو۔ عموماً قبض رہتی ہو۔

ایتھوزا Aethusa 30 روزانہ تین بار

(2) سُوکھا پن ٹانگوں سے شروع ہو کر اُوپر بدن کی طرف منتقل ہونے لگے۔

ابراٹینم Abrotanum 30 روزانہ تین بار

(3) سُوکھا پن صرف ٹانگوں سے تعلق رکھتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30 روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 2, 25)

(4) کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x روزانہ تین بار

کلکیر یا کارب کا سوکھا پن بھی ٹانگوں سے تعلق رکھتا ہے مگر ٹانگوں تک محدود نہیں رہتا بلکہ اوپر بدن کی طرف منتقل ہونے لگتا ہے۔

453۔ بچوں کا سوکھا پن: بچہ جو کچھ پیتا ہو فوراً نکل جاتا ہو۔ قے اور اسہال بیک وقت شروع ہو جاتے ہوں۔ سبزی مائل دست آتے ہوں۔ قے اور اسہال اکٹھے یا باری باری ہوتے رہتے ہوں۔ اسہال کے ساتھ آؤں بھی آتی ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

بچے کو بھوک نہ لگتی ہو (Anorexia)

454۔ بچے کو بھوک نہ لگتی ہو (Anorexia)

جگر یا معدے کی خرابی کی وجہ سے بھوک مٹ جائے تو

بہترین دوا: نکس وامیکا Nux. Vomica 30

455۔ دُبلے پتلے نوجوان بچے جو زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے بھوک نہ لگنے کی بیماری میں مبتلا ہو جائیں ان کے لئے

سب سے اچھی دوا: کالی فاس Kali Phos 6x

جب کچھ فائدہ ہو جائے تو ایک خوراک اونچی طاقت میں دینے سے حیرت انگیز فائدہ ظاہر ہوتا ہے۔ (ہومیو پیتھی علاج بالمثل صفحہ 510)

456۔ بچہ ایسی چیزیں کھاتا ہو جو ہضم نہیں ہوتیں، مثلاً مٹی، کاغذ وغیرہ۔

مفید دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

اکثر ایسے بچے بدہضمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

☆☆☆☆

بول بستری، بچوں کا رات کو بستر پر پیشاب کر دینا

Bed Wetting

457۔ بچہ رات کو سوتے ہوئے پیشاب کر دیتا ہو۔ مفید نسخہ

(1) ایکوزیٹم Equisetum
نکس وامیکا Nux. Vomica
30 ملا کر روزانہ تین بار

458۔ بچہ رات کو سونے کے دوران بستر پر پیشاب کر دیتا ہو۔ مفید دوا :

کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

459۔ بچہ رات کو سوتے ہوئے پیشاب کر دیتا ہو تو ایک اور مفید نسخہ:

(1) نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر روزانہ تین بار

(2) ایکوزیٹم Equisetum 30 روزانہ تین بار

460۔ بچے رات کو بستر میں پیشاب کر دیتے ہوں (تو ایک اور کار آمد نسخہ)

نیٹرم فاس Nat. Phos
کالی فاس Kali Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x روزانہ تین بار

ملا کر دینا زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 630)

461۔ بچے رات کو بستر گیلا کر دیتے ہوں۔ سارا گھر بدبُو سے بھر جاتا ہو اور کپڑوں پر ایسے داغ لگ جاتے ہوں جو دھونے سے بھی نہیں اُترتے ہوں۔

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

بچوں کی نیند کے عوارض

462۔ بچہ کمزوری سے بار بار سوتا ہو۔ مفید نسخہ:

فیرم فاس Ferr. Phos
میگنیشیا فاس Mag. Phos
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
6x ملا کر روزانہ تین بار

463۔ اگر بیمار بچہ سوتا رہتا ہو یعنی بار بار سوتا ہو تو مذکورہ بالا نسخہ کے ساتھ اس کیلئے

مفید نسخہ: نیٹرم میور Nat. Mur
کلکیریا فاس Calc. Phos
6x ملا کر روزانہ تین بار

464۔ بچہ کو سوتے ہوئے یا غصہ آنے پر کھانسی شروع ہو جائے تو

مفید دوا : کیمومیلا Chamomilla 30

☆☆☆☆☆

بچوں کے دانت نکالنے کی تکالیف

Dentition

465۔ دانت نکالنے کے وقت (Dentition) بچوں کیلئے مفید نسخہ:

فیرم فاس Ferr. Phos
کالی فاس Kali Phos
کلکیریا فاس Calc. Phos
کلکیریا فلور Calc. Fluor
6x ملا کر صبح و شام

466۔ بچوں کے دانت نکلنے میں آسانی پیدا کرنے کے لئے غیر معمولی طور پر مفید ثابت ہونے والا بائیوکیمک مرکب:

کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
سلیشیا Silicea
کلکیریا فاس Calc. Phos
کلکیریا فلور Calc. Fluor
6x روزانہ تین بار

467۔ بچوں کے دانت نکالنے کی زمانے کی تکلیفوں میں بڑی کارآمد دوا:

فائیٹولاکا Phytolacca 30

دانت بہت زور سے بھینچے جاتے ہیں۔ زبان پر دانتوں کے نشان پڑ جاتے ہیں۔

468۔ بچہ کے دانت نکالنے کی زمانے کی تکلیفوں میں مفید دوا :

کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

اس میں دانت بہت آہستہ آہستہ بڑھتے ہیں اور کیڑا لگنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔

469۔ دانت نکالنے کے زمانے میں شیر خوار بچہ بہت ضدّی، چڑ چڑا اور بے چین ہو، اسہال آتے ہوں تشنج بھی ہو جائے تو بہت ضروری دوا:

کیمومیلا Chamomilla 30

470۔ بچوں کے اعصاب کمزور ہوں اور ان کیلئے دانت نکالنا مشکل ہو جاتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met 30

خاص علامت یہ ہے کہ دونوں پاؤں بے چینی کی وجہ سے ہلتے رہیں گے یا آپس میں رگڑتے رہیں گے۔

474۔ بچہ دانت کچکچاتا ہو۔

مفید دوا: سائنا (وارمی سڈ) Cina 30

475۔ مریض سوتے ہوئے دانت آپ میں کٹکٹاتا ہو (مریض ٹھنڈا ہو) تو

مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def 200-30

476۔ بچے سوتے ہوئے دانت رگڑتے ہوں یا جبڑوں میں سوجن ہو جائے تو اس کے نتیجہ میں کہ دانت کٹکٹاتا ہو۔ اس طرح معدہ کی خرابی خواہ پیٹ میں کیڑے نہ بھی ہوں، دودھ ہضم نہ ہو تب بھی بچہ دانت کٹکٹاتا ہے۔ پیٹ میں کیڑے ہوں تو بچے

کی ناک کے اوپر سخت کھجلی ہوتی ہے اور کنارے زرد ہو جاتے ہیں۔ ہونٹوں کے کناروں پر بھی زردی پائی جاتی ہے۔ مریض سخت بھوک محسوس کرتا ہے۔ ان دونوں علامتوں میں

1۔ چوٹی کی دوا: سائنا Cina 30

2۔ مفید دوا: سباڈیلا Sabadilla 30

☆☆☆☆☆

بچوں کا روتے رہنا

477۔ بچہ چھوٹی عمر میں زیادہ روتا ہو۔

مفید دوا: میگنیشیا فاس Mag. Phos 30

478۔ بچہ سوتے ہوئے روتا اور کراہتا ہو۔

مفید دوا: ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

479۔ بچہ روتے روتے سانس بند کر لیتا ہو۔

(1) سولینم نائیگرم Solanum Nigrum 30

(2) میگنیشیا فاس Mag. Phos
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر

480۔ بچہ روتے روتے سانس بند کر لیتا ہو (ایک اور نسخہ)

کیوپرم Cuprum 30

481۔ بچہ نیند میں روئے اور چیخے اور اسے ڈراؤنے خواب آئیں تو

مفید دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

482۔ بچوں کا کان درد کی وجہ سے رونا:

1۔ اگر بچہ درد سے روئے لیکن اس کے رونے میں نرمی اور بیچارگی پائے جائے تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ اگر رونے کے ساتھ انتہائی غصہ پایا جاتا ہو تو

مفید دوا : کیمومیلا Chamomilla 30

3۔ اگر یہ دونوں علامتیں نہ ہوں تو

مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

بچوں کے پیٹ کے عوارض

دودھ پیتے بچوں کی قے اور اسہال

483۔ دُودھ پینے کے فوراً بعد اسہال۔ مفید نسخہ:

کلکیریا کارب	Calc. Carb	30 ملا کر دن میں تین بار
بپٹیشیا	Baptisia	
ارجنٹم نائیٹریکم	Argent. Nit	
ایتھوزا	Aethusa	

484۔ دُودھ پینے کے فوراً بعد اسہال کے لئے ایک اور نسخہ:

بپٹیشیا	Baptisia	30 ملا کر دن میں تین بار
کروٹن	Croton	
اپیکاک	Ipecac	
کاربو ویج	Carbo Veg	

485۔ بچہ دُودھ نکال دیتا ہو۔ مفید دوا :

کلکیر یا کارب   Calc. Carb   30

486۔ بچے سارا وقت دودھ پینا چاہتے ہوں اور پھر اُلٹی کر دیتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس   Calc. Phos   6x

487۔ بچہ دودھ پیتے ہی اُلٹ دیتا ہو اور قبض کا رجحان رکھتا ہو۔

مفید دوا : ایتھوزا   Aethusa   30

488۔ بچہ دودھ پیتے ہی اُلٹ دیتا ہو اور اسہال لگ جاتے ہوں یا پیچش ہو جاتی ہو جس میں سفید آؤں آتی ہو۔ اگر انفیکشن بہت گہری ہو جائے اور سبز رنگ کے اسہال آتے ہوں تو   مفید دوا : سائنا   Cina   30

سائنا کی ایک خاص علامت جو اسے دوسری دواؤں سے ممتاز کرتی ہے یہ ہے کہ بچہ پیٹ کے بل لیٹے تو اسہال رُک جاتے ہیں۔ یعنی اُلٹا لیٹ کر پیٹ دبانے سے افاقہ ہوتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 296)

489۔ بچہ کھٹا دودھ نکالتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ سائنا   Cina   30

2۔ ایتھوزا   Aethusa   30

سائنا کے مریض کی تکلیفیں کھانا کھانے سے بڑھ جاتی ہیں۔ مریض بہت بھوک محسوس کرتا ہے۔ بچہ کھٹا دودھ نکالتا ہے۔ اس کا مزاج کسی حد تک ایتھوزا (Aethusa) سے بھی ملتا ہے۔ گرمی کا اثر دماغ کے علاوہ معدے اور انتڑیوں پر بھی ہوتا ہے۔ لیکن ان علامات کا اظہار ایتھوزا سے قدرے مختلف ہوتا ہے۔ ایتھوزا میں بچہ دُودھ پیتے ہی اُلٹ دیتا ہے اور قبض کا رجحان رکھتا ہے۔ جبکہ سائنا میں اسہال لگ جاتے ہیں یا پیچش ہو جاتی ہے جس

میں سفیدی مائل آؤں آتی ہے۔ اگر انفیکشن بہت گہری ہو جائے تو سبز رنگ کے اسہال آتے ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 296)

490۔ بچہ گرم موسم میں دُودھ پیتے ہی قے کر دیتا ہو۔ بچہ کے دماغ میں کچھ خلل بھی ہو۔ (نمایاں علامت)

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

یہ پیٹ کی بیماری اور دماغی خلل دونوں بیماریوں کو ٹھیک کر دے گی۔ اگر روایتی طریقہ علاج سے ایسے بچہ کی معدہ کی علامتیں اور دُودھ اُلٹنے کے رجحان کو ٹھیک کیا جائے تو وہ بچہ ذہنی توازن کھو دیتا ہے۔ ایسی صورت میں ایتھوزا کو نہ بھولیں۔ ورنہ بچہ مستقل دیوانہ ہو جائیگا۔

491۔ بچوں کو دُودھ سے الرجی ہوتی ہو۔ وہ دُودھ ہضم نہیں کر سکتے ہوں اور انہیں اسہال وغیرہ شروع ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def CM

ایک خوراک ہی مؤثر ثابت ہوتی ہے اور پھر دوبارہ کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

492۔ دُودھ پلانے والی ماں بہت زیادہ میٹھا کھائے تو بچے کو اسہال لگ جاتے ہوں۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 30

493۔ بچوں کی پیچش جو لیسدار ہو اور سبز رنگ کی ہو جیسے گھاس کُتر کر ڈالا گیا ہو۔

1۔ بہت اچھی اور اوّلین دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

2۔ عمدہ دوا: اپیکاک Ipecac 30

اپیکاک میں اجابت کی علامتیں کیمومیلا سے بہت ملتی ہیں لیکن مزاج کا بہت نمایاں فرق ہے۔

494۔ بچوں کے پیٹ درد کے لئے اچھی دوا:

ایلیم سیپا Allium Cepa 30

WORMS پیٹ کے کیڑے

495۔ پیٹ میں کیڑے (مفید دوا)

سائنا (وارمی سڈ) 30 Cina

496۔ پیٹ کے کیڑوں کے لئے اور نسخہ:

نسخہ نمبر 1۔ سلفر Sulphur
سپائجیلیا Spigelia — 30 روزانہ تین بار
سٹینم Stannum

علاوہ ازیں۔

(2) آرسینک Arsenic
بیسلینم Bacillinum — 200 ملاکر

دو دن روزانہ پھر ہفتہ وار ایک خوراک۔

497۔ پیٹ کے کیڑوں کے لئے ایک اور عمدہ نسخہ:

(1) سلفر 200 Sulphur

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

(2) سائنا Cina
نیٹرم کارب Nat. Carb — 30 روزانہ تین بار
آرسینک. Arsenic

498۔ پیٹ کے کیڑوں خصوصاً کدودانوں (Hook Worms) کے لئے

چوٹی کی دوا: کاربو اینیمیلس 30 Carbo Animalis

499۔ پیٹ کے کیڑے اور جرثومے مارنے کے لئے کارآمد دوائیں:

1۔ کاربوویج — Carboveg 30

2۔ کاربوانیمیلس — Carbo Animalis 30

500۔ پیٹ کے عام کیڑوں کے لئے سب سے مؤثر دوائیں:

1۔ سینٹونینم — Santoninum 30

2۔ سائنا — Cina 30

3۔ ٹیوکریم — Teucreum 30

4۔ سباڈیلا — Sabadilla 30

501۔ پیٹ کے کیڑوں کے لئے کارآمد دوا:

نیٹرم فاس — Nat. Phos 6x

بچوں کے سر کے عوارض

ہائیڈروکیفیلس Hydrocephalous

502۔ بچے کا سر بڑا ہونے لگے۔ آنکھوں کی پتلیاں کمزور ہو جائیں اور بچہ رات کو سوتے میں دردناک چیخیں مارے۔

1۔ کارآمد دوا: کلکیریا کارب — Calc. Carb 6x

2۔ مؤثر دوا: سلیشیا — Silicea 6x

عموماً ایسے بچوں کا آپریشن کروانا پڑتا ہے جس میں شفا کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔ بچہ نیم پاگل سا ہو کر رہ جاتا ہے۔ اگر وقت پر ہومیوپیتھی علاج کیا جائے تو کلکیریا کارب کام کر سکتی ہے مگر زیادہ تر سلیشیا کی ضرورت پڑتی ہے جس کے اثر سے بعض دفعہ آنکھوں کے

رستے اچانک پانی خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے۔کبھی ایک آنکھ یا کان سے بکثرت پانی بہہ کر بچے کا تکیہ گیلا کر دیتا ہے اور اس طرف سے سر چھوٹا ہونے لگتا ہے۔پھر چند دن کے بعد یہی عمل دوسری طرف سے شروع ہو جائے گا۔اس بیماری کو انگریزی میں ہائیڈرو کیفیلس (Hydrocephalous) کہتے ہیں۔بسا اوقات میں نے انہی دو دواؤں سلیشیا اور کلکیریا کارب سے ایسے متعدد بچوں کا علاج کیا ہے۔

اگر بیماری زیادہ بڑھ چکی ہو تو کلکیریا کارب اُونچی طاقت میں مفید ثابت ہو سکتی ہے مگر ضروری نہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 196)

503۔بچوں کے سر بڑا ہونے کی بیماری ہائیڈرو کیفیلس (Hydrocephalous) سر میں پانی بھرنے لگے اور اس سے آنکھیں سکڑ جائیں اور بچہ اچانک دل ہلا دینے والی چیخیں مارتا ہو۔

1۔فوری مفید دوا : ایپس — Apis 30

2۔سب سے زیادہ مؤثر دوا: سلیشیا — Silicea 1000-6x

3۔مفید دوا : ہیلی بورس — Helleborus 30

یہ علامت نمایاں طور پر ایپس (Apis) میں پائی جاتی ہے۔ایپس میں چونکہ ڈنک والے درد جیسا احساس پایا جاتا ہے۔اس لئے سر کے اندر پانی کے دباؤ کی وجہ جو تکلیف ہوتی ہے اس میں بھی ڈنک لگنے کا سا درد ہو تو ایپس دینے سے بچوں کو افاقہ ہوتا ہے۔لیکن ایپس کا اثر کچھ آہستہ ظاہر ہوتا ہے۔اس کے برعکس سلیشیا جلد تر اثر دکھاتی ہے (سلیشیا چھوٹی طاقتوں سے شروع کر کے بعض دفعہ اونچی طاقتوں میں دینی پڑتی ہے) ہائیڈرو کیفیلس کے دوران دماغ کی بیرونی جھلی کی سوزش سے نکلنے والی رطوبت کو کم کرنے کیلئے ہیلی بورس بہت مؤثر دوا ہے اور دماغ پر اس رطوبت کے نتیجہ میں پڑنے والے مسلسل دباؤ کو کم کر دیتی ہے۔اگر یہ مکمل شفا نہ بھی دے تو کچھ نہ کچھ فائدہ ضرور پہنچاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 432)

504۔ ہائیڈروکیفیلس: بچوں کے بڑھتے چلے جانے والے سر کی بیماری ہائیڈروکیفیلس میں جب بظاہر بالکل دوائیں کام نہ کریں تو

کار آمد دوا: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 1000-200

ٹیوبرکولینم اونچی طاقت میں وہ ردعمل پیدا کر دیتی ہے جو عام دواؤں کو دکھانا چاہیئے لیکن وہ نہیں دکھاتیں۔

☆☆☆☆☆

Measles : خسرہ

505۔ خسرہ کی علامات: اگر بچے کو اُلٹیاں آئیں، بدہضمی ہو، بدبُودار ہوائیں خارج ہوں اور خسرہ کی علامات ظاہر ہونی شروع ہو جائیں تو بہت

مفید دوا: ایلیم سیپا Allium Cepa 30

506۔ خسرہ میں اگر جلن اور بے چینی بہت بڑھ جائے لیکن دانے باہر نہ نکلیں اور خوف ہو کہ بیماری اندرونی جھلیوں پر حملہ نہ کر دے تو بہت کار آمد دوا:

سلفر Sulphur 30

سلفر میں آرسینک جیسی بے چینی نہیں ہوتی۔ہاں جلن اور آگ کا احساس آرسینک سے مشابہ ہوتا ہے۔

507۔ عام خسرہ میں اکثر استعمال ہونے والی دوا:

پلسٹیلا Pulsatilla 30

508۔ خسرہ کے بعد بچوں میں سر بڑھنے کی علامت نظر آئے تو اس رجحان کو ختم کر دینے والی

مفید دوا: مرک سال Merc. Sol 30

509۔ بچپن میں خسرہ نکلنے سے بیمار چل نہ سکتا ہو۔

مفید دوا: ویری لینم Variolinum CM

دو ماہ کے وقفہ سے ایک ایک خوراک۔ کل تین خوراک

510۔ جرمن خسرہ (German Measles) میں ایک لازمی دوا:

یوفریزیا Euphrasia 30

اس میں بیماری کا آغاز آنکھوں پر بیماری کے حملہ سے ہوتا ہے اور آنکھیں بہت سرخ ہو جاتی ہیں۔ یہ بیماری ویسے تو خطرناک نہیں لیکن حاملہ عورتوں اور ہونے والے بچوں کے لئے بعض دفعہ بہت خطرناک ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ اگر پہلے تین مہینوں میں اس بیماری کا حملہ ہو جائے تو جنین کے اعضاء کی نشوونما جہاں تک پہنچی ہو اس مقام پر رُک جاتی ہے اور بچہ بڑھتا نہیں ہے۔ اس بیماری کی وباء کے دنوں میں حاملہ عورتوں کو بہت احتیاط سے کام لینا چاہیئے کیونکہ یہ بہت خطرناک بیماری ہے۔ ابتدائی تین مہینوں میں اگر یہ بیماری ہو تو یا تو بچوں کی آنکھیں ہی نہیں بنتیں یا دل کے بعض حصے خام رہ جاتے ہیں۔ اسی طرح شنوائی پر بھی گہرا اثر پڑتا ہے اور بعض دفعہ بالکل اندھے اور بالکل بہرے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ بسا اوقات ایسے بچے چند مہینے کے اندر ہی مر جاتے ہیں اور اسے رحمت شمار کرنا چاہیئے ورنہ جو بچے بچ جائیں وہ ماں باپ کے لئے عمر بھر کا روگ بن جاتے ہیں۔ مزید احتیاط کا تقاضا ہے کہ اگر حاملہ عورت کو ابتدائی تین مہینوں میں خسرہ ہو جائے تو اسے ضرور اچھے کلینک میں داخل کروا کر یہ تسلی کر لینی چاہیئے کہ کہیں یہ جرمن میزلز (German Measles) تو نہیں تھی جس کا اثر جنین پر پڑا ہو۔ ایسی صورت میں ڈاکٹر مشورہ دیں گے کہ زچہ اور بچہ دونوں کا مفاد تقاضا کرتا ہے کہ ایسا حمل ضرور گرا دیا جائے۔

یوفریزیا میں روشنی سے زود حسی پائی جاتی ہے۔ خسرے میں یہ اس کی خاص پہچان بن جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 376-377)

Chicken Pox : چکن پاکس

511۔ چکن پاکس CHICKEN POX کیلئے مفید نسخہ:

سلیشیا	Silicea		
کالی فاس	Kali Phos	6x	ملاکر
فیرم فاس	Ferr. Phos		

512۔ لاکڑا کاکڑا (چکن پاکس) کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

(1) ویری لینم Variolinum 200

(2) اینٹی مونیم کروڈ Antim. Crud 30

Small Pox چیچک

513۔ چیچک سے بچاؤ کے لئے بطور حفظ ماتقدم

شہرت یافتہ دوا: میلنڈ رینم Malandrinum 200-30

یہ ایک ثابت شدہ حقیقت ہے کہ ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں میلنڈ رینم چیچک کے توڑ میں بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے اگر میلنڈ رینم کو چیچک کے حملہ کے بعد بھی استعمال کرایا جائے تو مریض بہت جلد بغیر کسی گہرے نقصان کے صحت یاب ہو جاتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 571)

514۔ چیچک کے بد اثرات کو زائل کرنے کیلئے

مفید دوا: میلنڈ رینم Malandrinum 200-30

515۔ چیچک کے ردعمل کے طور پر جسم پر اگیزیما ظاہر ہو جائے تو

مفید دوا: میلنڈ رینم Malandrinum 200-30

بچوں کے ذہنی عوارض

516۔ بچہ ضدی ہے اور تھوکنے کی عادت ہے۔ مفید نسخہ:

زنکم میٹ	Zincum Met	200 ملا کر
ہائیوسیمس	Hyoscyamus	

517۔ بچے بہت حساس، زود رنج، بہت ضدی اور غصیلے ہوں۔ غصہ کی حالت میں بدتمیز ہو جاتے ہوں۔ ذرا سی بات پر پارہ آسمان کو چڑھ جاتا ہو۔ بیمار ہو جائیں تو سنبھالنا مشکل ہوتا ہو۔

مفید دوا : کیمومیلا Chamomilla 30

518۔ بچہ شام ہوتے ہی خوفزدہ ہو جاتا ہو۔

لائیکوپوڈیم Lycopodium 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار۔

519۔ پڑھنے کو جی نہیں چاہتا ہو۔ مفید نسخہ:

(1) سلفر Sulphur 200

(2) رسٹاکس Rhustox 200 باری باری کچھ عرصہ کیلئے۔

520۔ بچے جو پڑھ کر سب کچھ بھول جائیں۔ ان کیلئے بہت مفید دوا :

میلنڈرینم Malandrinum 30

چھوٹی طاقت میں ہفتہ میں دو تین بار چند ماہ تک استعمال کرانی چاہیئے۔

521۔ بچے کا ذہنی توازن بچپن سے ٹھیک نہ ہو تو کارآمد نسخہ:

(1) سلفر Sulphur 200

(2) نکس وامیکا Nux. Vomica 30

اگر اس سے فرق نہ پڑے تو

(3) نیٹرم میور Nat. Mur 200 ہفتہ میں دو بار

522۔ بچوں کی جسمانی کمزوری کے ساتھ ذہنی کمزوری بھی نمایاں ہوتی ہو تو

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

523۔ ٹانسلز (TONSILS) کے لئے بہت مفید نسخہ:

فائٹولاکا	Phytolacca	30 ملا کر
بپٹیشیا	Baptisia	
کالی میور	Kali Mur	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	
سلیشیا	Silicea	

بچوں کے کن پیڑے MUMPS

524۔ کن پیڑوں (Mumps) کے لئے کارآمد نسخہ:

بپٹیشیا	Baptisia	30 ملا کر روزانہ تین بار
کینتھرس	Canthoris	
ہیپر سلف	Hepar Sulph	
کونیم	Conium	
فاسفورس	Phosphorus	
بیلاڈونا	Belladonna	
انٹی مونیم کروڈ	Antim Crud	

525۔ کن پیڑوں کی بیماری میں گلے پر اور کانوں کے پیچھے جو اُبھار وہاں سے دب جاتے ہوں اور آلاتِ تناسل کی طرف منتقل ہو جاتے ہوں۔ نمایاں مقام کی حامل

مفید دوائیں: 1۔ ابراٹینم Abrotanum 30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

بچوں کا چھوٹا قد

DWARFISHNESS

526۔ قد چھوٹا ہونا (Dwarfishness) مفید نسخہ:

(1) بیسلینم Bacillinum
برائیٹا کارب Baryta Carb
200 ملا کر

(2) سلیشیا Silicea
کلکیریا فاس Calc. Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x ملا کر

اگر فرق نہ پڑے تو طاقت 6x سے بڑھا کر 30 کر دیں۔

527۔ قد چھوٹا اور بیمار سا رہنا (کارآمد نسخہ)

(1) سفیلینم Syphilinum CM

صرف ایک خوراک پھر دس دن بعد مندرجہ ذیل نسخہ کم از کم ایک سال استعمال کریں۔

(1) برائیٹا کارب Baryta Carb 200 ہفتہ وار ایک بار

(2) سلیشیا Silicea
کلکیریا فاس Calc. Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x ملا کر روزانہ ایک بار

528۔ چھوٹے قد، بونا پن یعنی Dwarfishness کیلئے

1۔ مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

2۔ مفید نسخہ: سلیشیا Silicea
کلکیریا فلور Calc. Fluor
6x ملا کر

یہ قد بڑھانے کے لئے اکثر بہترین نسخہ ثابت ہوتا ہے۔

برائیٹا کارب کا بونا پن جسمانی نہیں بلکہ بسا اوقات ذہنی بھی ہوتا ہے اور یہ دونوں کمزوریاں ساتھ ساتھ رہتی ہیں۔ اگر صرف جسمانی لحاظ سے ہی بونا پن پایا جائے تو اس میں بھی برائیٹا کارب اچھا کام کرتی ہے اس لئے اسے خواہ مخواہ ذہنی علامات سے باندھ لینا درست نہیں ہے۔ میں نے اچھے سمجھدار بونوں اور بہت ذہین مگر چھوٹے قد والوں کو برائیٹا کارب استعمال کروائی ہے۔ اللہ کے فضل سے دونوں صورتوں میں بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔ اس کے ساتھ اگر چھوٹی طاقت میں سلیشیا بھی دی جائے یعنی 6x میں اور ساتھ کلکیریا فلور 6x ملا دی جائے تو یہ قد بڑھانے کے لئے اکثر بہترین نسخہ ثابت ہوتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 125)

529۔ بچوں کا چھوٹا قد (علامت)

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

530۔ بچوں کی ریڑھ کی ہڈی میں خم پڑ جائے اور قد نہ بڑھے اور وہ اُونچا ہونے کی بجائے کبڑے ہونے لگیں۔ ایسے کبڑوں کے لئے

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 697)

531۔ وہ بونے جن کا ذہن بھی نشوونما سے محروم ہو اُن کے لئے کارآمد دوا:

برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

بچوں کی متفرق بیماریاں

(بچوں کی ہڈیوں، مسلز اور پٹھوں کی بیماریاں)

532۔ بچے کی ہڈیوں کی خطرناک بیماری (RICKETS) کیلئے مفید نسخہ:

فاسفورس Phosphorus

بیسیلینم Bacillinum 1000 صرف ایک خوراک

533۔ مسلز (Muscles)، ہڈیاں کمزور، پیدائشی کمزوری ہو تو مفید دوا :

پلسٹیلا Pulsatilla 1000

534۔ بچے کے پٹھوں میں کھچاؤ، نہ بیٹھ سکتا ہو نہ کھڑا ہو سکتا ہو تو کارآمد نسخہ:

ابسنتھیم Absinthium
میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30
کاربوویج Carbo Veg.

535۔ بچوں کے ناک کے اندر پانی کی تھیلیاں بن کر سانس میں رکاوٹ پیدا کریں۔

ان تھیلیوں کی وجہ سے سونے میں بہت تکلیف ہو۔ بچے منہ کھول کر سانس لیتے ہوں۔

بہت اچھی دوا: فاسفورس Phosphorus 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 657)

536۔ بچوں کے چہرے پر خون کی غدودیں اُبھر آتی ہوں۔ کچی کچی جلد اور خون کے چھالے بھی بن جاتے ہوں۔

1۔ اوّلین دوا: فیرم میٹیلیکم Ferrum Met. 30

2۔ اگر مزاج ٹھنڈا ہو تو مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

فیرم میٹ: اس مرض کی اوّلین دوا ہے اور تجربہ میں آیا ہے کہ یہ بعض پیدائشی خون کے اُبھاروں میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

سلیشیا: اگر مریض ٹھنڈے مزاج کے ہوں تو اللہ کے فضل سے سلیشیا سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

536۔ بچے نہلانے دُھلانے کے باوجود صاف نظر نہیں آتے ہوں۔ ان کی جلد میلی میلی سی دکھائی دیتی ہو تو

مفید دوا: ہیپر سلف — Hepar Sulf 30

ہیپر سلف کے استعمال سے جلد صاف ستھری اور چہرے پر نظر آنے والی میل ختم ہو جاتی ہے۔

537۔ بچوں کی ٹانگوں میں کمزوری کے لئے مفید دوائیں:

1۔ برائیٹا کارب — Baryta Carb 6x

2۔ کلکیریا کارب — Calc. Carb 6x

3۔ بوریکس — Borax 30

4۔ نیٹرم میور — Nat. Mur 6x

لیکن ان میں ایک فرق بہت واضح ہے کلکیریا کارب کے بچوں کی ٹانگیں بہت کمزور ہوتی ہیں ان میں ہڈیوں کی صحیح نشوونما نہیں ہوتی اسی لئے صاف پتہ چلتا ہے کہ کمزوری ٹانگوں والا بچہ ہے جو جلدی چل نہیں سکتا لیکن پیٹ موٹا اور سر بڑا ہوتا ہے۔

برائیٹا کارب کے مریض بچوں میں جسمانی لحاظ سے ٹانگیں ٹھیک بھی ہوں تو بھی ان میں کمزوری پائی جاتی ہے اور وہ بہت دیر سے چلنا سیکھتے ہیں۔ ٹانگوں کی کمزوری اور دیر سے چلنے کی علامت بوریکس اور نیٹرم میور میں بھی پائی جاتی ہے۔ نیٹرم میور میں دونوں کمزوریاں اکٹھی ہو جاتی ہیں۔ مریض صرف چلنے میں ہی نہیں بلکہ بولنے میں بھی دیر کرتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 126)

538۔ مریض چلنے میں تو دیر نہ کرے مگر محض بولنا دیر سے سیکھے تو ایسے مریض کے لئے

1۔ بہت بہتر دوا: کالی فاس — Kali Phos 6x

2۔ بہت مفید نسخہ: کالی فاس — Kali Phos
نیٹرمیور — Nat. Mur
6x ملا کر

539۔ بچے عموماً بہت جھینپنے والے ہوں۔ سکول میں پیچھے پیچھے رہتے ہوں اور کوئی اجنبی آجائے تو فوراً چھپ جاتے ہوں۔ (علامت)

مفید دوا: برائیٹا کارب — Bryta Carb 6x

☆☆☆☆☆☆

General Diseases : عمومی امراض

آنکھوں کی تکلیفیں

DISEASES OF EYES

(آشوب چشم، آنکھ سے پانی بہنا، سرخی، سوزش، روشنی وغیرہ سے زود حسی وغیرہ)

540۔آنکھ سے پانی بہنا۔سُرخی۔سوزش کیلئے مفید نسخہ:

1۔ مرک سال — Merc. Sol — 1000

پہلے دودن ایک ایک خوراک۔پھر ہفتہ وار۔

2۔ یوفریزیا	Euphrasia	30	روزانہ تین بار
نیٹرم میور	Nat. Mur		
زنکم میٹ	Zincum Met		

خوراک: دس پندرہ گولیاں یا دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

علاوہ ازیں کسی کیمسٹ سے

3۔ سپر ایسڈ آئی ڈراپس — Super Acid Eye Drops — 10 %

لے کر روزانہ تین دفعہ آنکھوں میں ڈالیں۔

541۔آنکھوں میں جلن اور خراشدار پانی بہتا ہو

مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb. 30 روزانہ تین بار

542۔نزلہ کی علامات میں آنکھوں سے تیز جلن دار تیزابی مادے والا پانی بہتا ہو۔

آنکھوں میں ہلکی سوزش اور سُرخی، نظر دھندلا جائے، دن کے وقت کھانسی نہ ہو مگر رات کو بستر پر لیٹتے ہی نزلہ اندر گرنے سے کھانسی شروع ہو جائے۔

مفید دوا : یوفریزیا Euphrasia 30 روزانہ تین بار

543۔آنکھوں میں اچانک سوزش ہو جائے۔ مفید نسخہ:

ایکونائیٹ	Aconite	30 ملا کر
بیلاڈونا	Belladonna	

آنکھوں میں سوزش ہو جائے تو ایکونائیٹ اور بیلاڈونا ملا کر کسی بھی طاقت میں فور
دے دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 12-13, 832)

544۔آنکھ میں خارش اور سُرخی ہو تو مفید دوا :

ہیپر سلف Hepar Sulph 30 روزانہ تین بار

545۔آنکھ میں جلن، خارش اور پانی کیلئے مفید نسخہ:

بیلاڈونا	Belladonna	30 ملا کر
ایپس میلیفیکا	Apis Mel	

546۔آنکھوں سے جلن پیدا کرنے والا اور کاٹنے والا پانی بہے جو سوتے میں گلا
چھاتی پر گر کر خارش اور کھانسی کا موجب بنے۔ آنکھیں سُرخ ہوں تو

1 ۔ مفید دوا: یوفریزیا Euphrazia 30

2۔مشابہ دوا: بیلاڈونا Belladonna 30

547۔آنکھ سے پانی بہتا ہو تو مفید نسخہ:

1 ۔ سلفر Sulphur 200

2۔ رسٹاکس Rhustox 200

باری باری ہفتہ وار یا ملا کر ہفتہ میں ایک بار

548۔آنکھ سے پانی بہتا ہو تو ایک اور مفید دوا :

نیٹرم سلف Nat. Sulf 6x

549۔ بائیں آنکھ سے پانی بہتا ہو اور درد کا احساس ہوتا ہو تو

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

550۔ آشوب چشم: گرمیوں کے موسم میں آنکھیں دُکھنے لگیں، سوزش، گرمی، جلن، درد، سُرخی

گیس لیمپ کی طرف دیکھیں تو تکلیف بڑھے، آنکھوں سے پانی بہتا ہو۔

1۔ مرک سال Merc. Sol 30

یا۔ 2۔ مرک سال Merc. Sol 1000

551۔ آشوب چشم: آنکھیں دُکھنے اور چپکنے لگیں یا پیپ کے دھاگے نکلیں۔ یا آنکھ کے

اوپر گومڑ نکل آئیں جن میں جلن اور خارش ہو۔

مفید دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

552۔ آشوب چشم: آنکھوں کے اندرونی حصہ اور پپوٹوں کے نیچے کی جھلیاں سوج کر

بھیانک دکھائی دیں، گرمی سے تکلیف بڑھے۔ آنکھوں میں شوخ سُرخی اور چبھن دار درد:

مفید دوا : ایپس Apis 30

553۔ بچوں کا آشوب چشم: آنکھوں سے گاڑھا مواد نکلتا ہو۔ پلکیں متورم اور چپکی ہوئی ہوں۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

554۔ آنکھوں میں سوزش، جلن اور سُرخی پائی جاتی ہو، پانی بہتا ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

555۔ آنکھوں میں جلن اور سُرخی کے ساتھ پانی آتا ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 30

556۔ آنکھوں میں روزمرہ پیدا ہونے والی تکلیفوں مثلاً پانی بہنے اور آنکھیں چپک جانے

میں بہت کارآمد دوا:

ہیپر سلف Hepar Sulph 30

557۔ نزلہ اور کھانسی کے ساتھ آنکھوں میں سُرخی اور گرم پانی بہے، روشنی سے زود حسی، آنکھوں میں ریت کی موجودگی کا احساس اور جلن، پپوٹوں کے کنارے گرم (علامات)

مفید دوا : فائیٹو لاکا Phytolacca 30

558۔ آنکھ سے گرم پانی بہتا ہو لیکن اس میں جلن نہ ہو۔ جبکہ نزلاتی علامات نمایاں ہوں۔

مفید دوا : بوریکس Borax 30

559۔ آنکھوں میں روشنی سے زود حسی اور گرم آنسو بہتے ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

560۔ آنکھوں میں سوزش ہو جاتی ہو جو مزمن ہو جائے تو آنکھیں بہت سُوجی رہتی ہوں۔

مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig 30

561۔ آنکھوں میں سوزش ہو، روشنی سے زود حسی پائی جاتی ہو اور روشنی سے طبیعت گھبراتی ہو اور آنکھوں سے پانی بہتا ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : کونیم Conium 30

کونیم میں اگر آنکھ میں ورم اور سوزش کی کوئی علامت نہ پائی جائے، پھر بھی روشنی سے طبیعت گھبراتی ہے اور آنکھوں سے پانی بہتا ہے۔ یہ کونیم کی خاص علامت ہے۔

562۔ آنکھوں کے پپوٹے آپس میں چپک جاتے ہوں۔ آنکھوں سے زردی مائل رطوبت نکلتی ہو، بہت خارش ہوتی ہو، اور پانی نکلتا ہو۔ پپوٹوں پر دانے نکل آتے ہوں۔ آنکھ کا بصری پردہ (کورنیا) دھندلا جاتا ہو۔ (بشرط مزاج)

کارآمد دوا: کالی سلف Kali Sulph 6x

563۔ آشوب چشم: آنکھوں میں زردی پائی جائے اور انفیکشن اتنی گہری ہو جائے کہ پیپ کا رنگ سبزی مائل ہو جائے۔ پلکیں آپس میں جڑنے لگیں تو

مؤثر دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 30-6x

564۔ آشوب چشم: گرمیوں کے موسم میں پپوٹے سوج جاتے ہوں۔ پپوٹوں کے اندرونی حصہ میں سوزش اور سُرخی کے دائرے بن جاتے ہوں (یہ بیماری برصغیر میں گرمیوں کے موسم میں عام ہے)

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

565۔ مستقل آشوب چشم جس میں پیپ کی طرح کا مواد جاری رہتا ہو۔

مؤثر دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

566۔ آگ کی طرف دیکھنے سے آشوب چشم کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: مرک سال Merc. Sol 30

567۔ آنکھوں کی انفیکشن: آنکھیں سرخ ہو جائیں اور پیپ پڑ جائے۔ آنکھ پر دباؤ پڑنے سے تکلیف بڑھتی ہو اور گرم پانی نکلتا ہو، خاص طور پر اگر مرطوب موسم میں آنکھوں کی تکلیفیں زیادہ ہوں تو بہت

کارآمد دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

568۔ آنکھوں سے پیلے رنگ کی رطوبت نکلتی ہو۔ آنکھیں زردسی ہو جاتی ہوں۔ آنکھوں کے سامنے دُھندسی آجاتی ہو۔ پپوٹوں میں جلن اور خارش ہوتی ہو تو

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

569۔ آنکھوں سے زرد رنگ کی رطوبت سی خارج ہوتی ہو۔ نظر دھندلا جاتی ہو اور اکثر

چیزیں صرف آدھی نظر آنے لگتی ہوں۔

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

570۔آنکھوں میں سوزش رہنے سے گومڑ بن جائیں۔

مؤثر دوا: ایسکولس Aesculus 30

آنکھوں کی سرخی، آنکھوں کی بواسیر، سوزش، پپوٹوں کا ورم اور نظر کا دھندلا جانا

571۔آنکھوں کی بواسیر جس میں آنکھیں سرخ اور شدید متورم ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

572۔آنکھوں میں سرخی اور خارش کے لئے

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

573۔آنکھیں ہمیشہ سُرخ رہیں: آنکھوں کی بواسیر

بہت مفید دوا: ایسکولس Aesculus 30

اس بیماری کے مزید بڑھ جانے سے آنکھ کے ضائع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

574۔آنکھیں غیر معمولی سرخ ہو جاتی ہوں اور پپوٹے سوج جاتے ہوں۔آنکھوں کے سامنے تارے ناچتے ہوں لیکن آنکھیں بالکل خشک رہتی ہوں۔

مفید دوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

575۔آنکھوں میں سرخی کے ساتھ تیز پانی بہتا ہو، جبکہ سوزش زیادہ نہ ہو۔

مفید دوا : یوفریزیا Euphrazia 30

576۔ نزلہ کی وجہ سے آنکھوں میں سُرخی ہو تو

مفید دوا : یوفریزیا Euphrazia 30

577۔ خون کا دوران زیادہ ہونے کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جاتی ہوں اور نظر دھندلا جائے اور ساتھ ہی نکسیر پھوٹنے کا رجحان ہو تو

1۔ مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 30

2۔ مفید نسخہ : ملی فولیم Millefolium 30

فاسفورس Phosphorus 30

اس بیماری میں عام طور پر ان دواؤں کو ملا کر دیا جائے تو یہ دونوں اکٹھی بہت مؤثر ثابت ہوتی ہیں۔

578۔ آنکھیں خون سے بھر جاتی ہوں، آنکھ میں اور آنکھ کے ارد گرد رگیں اُبھر آتی ہوں، نکسیر بھی پھوٹتی ہو، ایک رخسار سرخ اور دوسرا زرد ہو جاتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

☆☆☆☆☆

آنکھوں میں درد، جلن اور تکلیف

579۔ باریک کام کرنے سے آنکھوں میں درد کی بجائے سر درد ہو تو۔

مفید دوا : اونوسموڈیم Onosmodium 30

580۔ اچانک سردی لگ جائے اور آنکھوں میں درد ہو تو

مفید دوا: سپائجیلیا Spigelia 30

581۔آنکھ کے اعصابی درد کیلئے

مفید دوا : لیک فیل Lac Fellium 30

582۔آنکھ کے اوپر اور ارد گرد اعصابی درد ہوتا ہو۔اگر یہ درد آنکھ میں اپنا مستقل مقام

بنالے تو مفید دوا : کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

583۔آنکھوں میں درد۔سرخی۔پانی بہنا۔آنکھیں کھولنے اور بند کرنے سے تکلیف میں

اضافہ۔آنکھوں کی جلن۔نیز پڑھنے سے آنکھوں میں درد ہو تو

مفید دوا : سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

584۔آنکھ میں تکلیف (درد) کیلئے مفید نسخہ:

1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis — 200
لیڈم Ledum

2۔ سلفر Sulphur — 200 ملا کر
بیلاڈونا Belladonna

585۔آنکھ کی تکلیف (درد) کے لئے (ایک اور نسخہ)

1۔ گریفائیٹس Graphites
بیلاڈونا Belladonna — 200
جلسیمیم Gelsemium

2۔ کلکیریا فلور Calc. Fluor
کالی فاس Kali Phos — 6x روزانہ تین بار
سلیشیا Silicea

586۔ درد جو آنکھوں میں آ کر ٹھہر جائے اور آنکھیں شدید درد کریں۔ مفید نسخہ:

انوسموڈیم	Onosmodium	200 ملا کر
جلسیمیم	Gelsemium	

587۔ آنکھ میں جلن وار درد جیسے کسی نے چاقو مار دیا ہو۔ روشنی نا قابل برداشت، آنکھوں سے خون بہنے کا رجحان ہو تو

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200

588۔ آنکھ میں درد اور اندھیرا سا سامنے رہتا ہو تو کارآمد نسخہ:

1۔ زنکم سلف	Zincum Sulph	200 ملا کر
جلسیمیم	Gelsemium	

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار دو بار

2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں

589۔ آنکھ کے آگے اندھیرا اور درد۔ کارآمد نسخہ:

آرنیکا	Arnica	30 ملا کر
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

590۔ آنکھوں میں درد کی وجہ سے خصوصاً رات کو آنکھیں کھولنی مشکل ہوں۔ پپوٹے متورم ہوں اور پُتلیاں سکڑ جائیں۔ (علامت)

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

591۔ آنکھوں میں درد کے ساتھ سخت دباؤ محسوس ہوتا ہو۔ آنکھ کا ڈیلا ہلائیں تو درد

بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : سپائجیلیا Spigelia 30

اس میں سُرخی نہیں آتی۔ صاف ستھری آنکھ میں درد ہو تو اکثر اعصاب کا قصور ہوتا ہے آنکھ ہلانے سے بھی سر چکرانے لگتا ہے۔

592۔ باریک کام کرنے سے آنکھوں میں تکلیف (درد) ہو جاتی ہو تو مفید دوائیں:

1۔ روٹا Ruta 30

2۔ پکرک ایسڈ Picric Acid 30

593۔ باریک تحریر پڑھنے اور زور لگانے سے آنکھوں میں درد ہوتا ہو۔ آنکھوں کے اردگرد کے عضلات میں کمزوری پیدا ہو جانے سے روزمرہ کے کام کاج میں رکاوٹ ہونے لگتی ہو۔ اس کمزوری کو دُور کرنے کیلئے۔

1۔ اچھی دوا: پکرک ایسڈ Picric Acid 30

2۔ ہم پلہ دوا: روٹا Ruta 30

3۔ مفید دوا : اونوسموڈیم Onosmodium 30

594۔ آنکھوں کے ڈیلوں میں درد ہوتا ہو تو

1۔ مفید دوا : یوپیٹوریم Eupatorium 30

2۔ مددگار دوائیں: 1۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔ برائیونیا Bryonia 200-30

595۔ آنکھ کے ڈیلوں یں جلن اور شدید درد جیسے پھٹ جائیں گے۔ اس کے ساتھ ناک میں خارش اور چھینکیں بھی آئیں تو

مفید دوا : پائپر نائیگر Piper Niger 30

596۔آنکھوں میں سخت جلن اور حرارت محسوس ہوتی ہو، جیسے آگ نکل رہی ہو، پانی بہتا ہو اور آنکھیں سوج جاتی ہوں۔مریض کے لئے آنکھیں کھولنا دشوار ہوتا ہو۔

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 30

597۔دائیں آنکھ سے تیز درد اٹھتا ہو جو بائیں کنپٹی کی طرف بڑھتا ہو۔

مفید دوا : سینشو اورس Seneceo Aureus 30

آنکھ کے کورنیا (Cornia) کے زخم اور دیگر تکالیف

598۔آنکھ کے کورنیا میں سفید موتیا آجائے اور آہستہ آہستہ بہنے لگے۔انفیکشن پرانی ہو تو مواد زرد ہو جائے۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

599۔کورنیا کے اندر چھوٹے چھوٹے داغ (نمایاں علامت)

مفید دوا : سینیگا Sanega 30

600۔نزلہ کے نتیجہ میں آنکھ کے کورنیا کے پردے میں زخم اور پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : یوفریزیا Euphrasia 30

601۔کورنیا کے زخم میں مفید دوائیں:

1۔ سلیشیا Silicea 6x

2۔ کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

602۔آنکھوں کی سُرخی اور زخم۔پپوٹوں پہ دانوں یا آبلوں کا پایا جانا۔اور سوزش کیلئے

مفید دوا : کروٹن Croton 30

روزانہ تین بار

603۔آنکھوں میں چوٹ لگ جانا اور خون اتر آنا

مفید دوا: لیڈم Ledum 200

تین دفعہ روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار

"لیڈم آنکھوں کی تکلیفوں میں بھی مفید ہے۔اگر آنکھ میں چوٹ لگ جائے اور خون اُتر آئے اور نقرس اور موتیا کی تکلیفیں بیک وقت شروع ہو جائیں تو لیڈم سے نمایاں افاقہ ہوتا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 562)

604۔کورنیا (آنکھ کی پتلی) کے زخم میں شفا بخش دوا:

کونیم Conium 30

کونیم السر اور زخموں کے رجحان کے لئے مفید ہے۔

605۔آنکھ اور کورنیا کے السر میں دھڑکن بہت تکلیف دیتی ہو۔

بہت مفید دوا: کالی بائیکروم Kali Bich. 30

کالی بائیکروم آنکھوں کی تکلیف کے لئے بہت مفید ہے۔تکلیف کا بڑھنا، آنکھوں کے سامنے مختلف رنگوں کے دھبے، نظر کا دھندلا جانا، آنکھوں کے پردے کی تکلیفیں، کورنیا میں السر (Ulcer) ان سب کے لئے کالی بائیکروم بہت مفید ہے۔

606۔آنکھ کے کورنیا کی تکلیفوں میں بہت مفید دوا:

برائیٹا کارب Baryta Carb 3-6x

607۔آنکھ کے کورنیا کے زخم میں مفید دوا:

ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

اس میں روشنی سے بہت زود حسی پائی جاتی ہے۔

608۔آنکھوں میں زخم اور پیپ

1۔ سورائینم Psorinum 1000 ہفتہ میں ایک بار

یا 2۔ مرک کار Merc. Cor 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار

609۔آنکھ کے کورنیا میں سفید مواد آجاتا ہو جو آہستہ آہستہ بہنے لگتا ہو اور انفیکشن پُرانی ہو تو مواد میں زردی پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

610۔آنکھ کے پردہ (کورنیا) کے زخموں میں اگر کنارے سخت ہو جاتے ہوں۔کورنیا کے سامنے ستارے ناچتے ہوں، کورنیا پر دھبے نظر آتے ہوں تو

بہت مفید دوا : کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

611۔دونوں آنکھوں میں زخم پائے جاتے ہوں۔السر اور ایگزیما اور آنکھوں میں خارش ہوتی ہو۔مفید دوائیں:

1۔چینینم آرس Chininum Ars. 30

2۔آرنیکا Arnica 30

612۔آنکھ کے ناسوروں میں کارآمد دوائیں:

1۔بہت اچھی دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2۔بہترین دوا: خالص شہد Pure Honey

روزانہ تین بار خالص شہد کی سلائی لگائی جائے تو پہلے کچھ عرصہ تک پانی نکلتا رہتا ہے۔ پھر ناسور مندمل ہونے لگتے ہیں۔

613۔آنکھوں میں آتشک (Syphilis) کے مشابہ علامات پائی جائیں۔یعنی ہڈیاں گلنے لگیں اور کھوکھلی ہونے کا رجحان ہو تو اس میں

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met. 30

614۔ آنکھ میں بال (Ball) لگ گیا (ہو)۔

1۔ آرنیکا Arnica 1000 چار ہفتہ تک ہفتہ وار

2۔ سلیشیا Silicea 1000 پندرہ دن میں ایک بار

615۔ آنکھ میں ناخونا (Pterygium) کیلئے مفید دوا:

زنکم میٹ Zincum Met. 200

زنک بہت جلد ٹھیک کر دیتا ہے اور کسی آپریشن کی ضرورت نہیں رہتی۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 810)

616۔ آنکھ میں "Cyst" پھنسی، پھولا، آبلہ کیلئے مفید نسخہ:

1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ کلکیر یا فلور Calc. Fluor
سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x روزانہ تین بار

617۔ آنکھ کا فسچولا (Fistula) یعنی ناسور چوٹی کی دوائیں:

1۔ کالی بائیکرومم Kali Bich 30 روزانہ تین بار

2۔ لیکیسس Lachesis 30 روزانہ تین بار

618۔ آنکھ کے اردگرد پھنسیاں نکلتی ہوں۔

مفید دوا: گائیکم Guaiacum 30

''گائیکم میں آنکھیں متورم ہو جاتی ہیں۔ پتلیاں پھیلی ہوئی اور پپوٹے سکوے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ آنکھ کے اردگرد پھنسیاں نکلتی ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 419)

619۔ آنکھ اور بدن پر کہیں کہیں چھالے بن جاتے ہوں جو گچھوں کی صورت میں ہوتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ بوفو — Bufo 30

2۔ اینٹی مونیم کروڈ — Antimonium Crud 30

3۔ اینٹی مونیم ٹارٹ — Antim. Tart 30

☆☆☆☆☆

آنکھ پر گوہانجیاں

620۔ آنکھ پر گوہانجیاں نکل آتی ہوں۔ مفید نسخہ

بیلاڈونا — Belladonna
پلسٹیلا — Pulsatilla
30 ملا کر

اگر افاقہ نہ ہو تو یہ چھوڑ کر حسب ذیل نسخہ استعمال کریں۔

621۔ گوہانجیوں کے لئے ایک اور نسخہ

سلیشیا — Silicea
نیٹرم میور — Nat. Mur
فیرم فاس — Ferrum Phos
6x

622۔آنکھوں میں گوہانجیاں بننے کا رجحان ہو تو

بہت اچھی دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30

623۔گوہانجیاں بہت نکلتی ہوں تو ان کا اچھا علاج:

پلسٹیلا Pulsatilla 30

روشنی سے زود حسی، ککرے اور دیگر علامات

624۔روشنی سے بہت زود حسی۔پانی بہنا اور سر میں چکروں کا رجحان۔لیٹنے سے چکر زیادہ آئیں۔ان علامات میں مخصوص دوا:

کونیم Conium 30

625۔آنکھوں کو روشنی سے زود حسی ہوتی ہو تو

مفید دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 30-6x

626۔روشنی سے زود حسی اور گرم آنسو بہتے ہوں تو مفید دوائیں:

1۔چینینم آرس Chininum Ars. 30

2۔نیٹرم میور Nat. Mur 30

627۔روشنی سے شدید زود حسی پائی جاتی ہو، آنکھوں میں چھوٹے چھوٹے کنکر چبھنے کا احساس ہوتا ہو، نظر دھندلا جاتی ہو (مریض ٹھنڈا ہو) تو

مفید دوا: لیک ڈیف Lac Def 200-30

628۔آنکھیں روشنی سے زود حس ہوں، آنکھوں سے پانی بہتا ہو۔

مفید دوا: سپائی جیلیا Spigelia 30

629۔روشنی سے زود حسی پائی جاتی ہو۔ پپوٹوں کے کنارے سوج جاتے ہوں۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

630۔روشنی سے بہت زود حسی، آنکھوں میں درد اور تکلیف کا احساس ہو تو

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

631۔اگر سورج کی روشنی چبھتی ہو تو

مفید دوا : گریفائٹس Graphites 200

632۔آنکھ کی چھت کے نیچے پھنسیاں یا گکروں میں شدید خارش ہو تو مفید نسخہ:

1۔ مرک سال Merc. Sol 200

2۔ سلفر Sulphur 200 باری باری ہفتہ میں دو بار

633۔آنکھ میں ریت کی موجودگی کا احساس ہو، جلن، پپوٹوں کے کنارے گرم۔

مفید دوا : فائٹولاکا Phytolacca 30

634۔آنکھوں کے عضلات میں کمزوری اور بوجھ محسوس ہوتا ہو، آنکھوں میں ریت اور خشکی کا احساس اور بھاری پن نمایاں ہو تو

مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

635۔آنکھوں میں گکرے پائے جائیں، گرم پانی بہتا ہو، جس میں جلن نہ ہو بلکہ نزلاتی علامات ہوں۔ آنکھ کے گکروں کے لئے

مفید دوا : بوریکس Borax 30

636۔آنکھوں میں سوزش اور بعض دفعہ گکرے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

637۔آنکھوں میں چھوٹے چھوٹے کنکر چبھنے کا احساس۔روشنی سے زود حسی۔نظر دھندلا جائے

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 200

638۔آنکھوں کے کنارے پلکیں سخت ہو جائیں۔کورنیا پر سیاہ دھبے نظر آنے لگیں۔ آنکھوں کے سامنے ستارے ناچتے ہوں۔

مفید دوا: کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

639۔آنکھوں میں بے چینی اور چبھن ہوتی ہو،آنکھوں کے سامنے دھند اور جالا سا آجاتا ہو

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

آنکھوں میں ایسی بے چینی ہوتی ہے جیسے ریت پڑ گئی ہو۔گریشولا ایسی چبھن اور بے چینی کا اچھا علاج ہے۔

آنکھ کے چھپر اور پپوٹوں کی تکالیف

640۔آنکھ کے چھپر موٹے ہو کر اُوپر کی طرف اُلٹ ہو جائیں اور اندر سُرخی نمایاں ہو کر آنکھیں بہت بھیانک شکل اختیار کر لیں۔پلکیں جڑنے لگیں۔

مفید دوائیں: 1۔ سورائینم Psorinum 30

2۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3۔ ایلومینا Alumina 30

641۔آنکھوں کی بہت زیادہ زود حسی۔پپوٹوں کے کنارے سوج جائیں۔تکلیف کی شدت سے پتلیاں اِدھر اُدھر حرکت کرتی ہوں۔آنکھیں نیچے کی طرف کھنچ جائیں۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

642۔آنکھوں کے نیچے ورم آ کر ساری آنکھ سوج جائے۔ کچا کچا گوشت اُبھرا ہوا دکھائی
دینے لگے۔مفید دوا : ایپس   Apis   30

643۔آنکھ کے چھپر کا ایگزیما۔گرمی۔ بھاری پن۔دُکھن کا احساس۔پانی بہنا۔آنکھیں
بوجھل۔ پیپ کے چھوٹے چھوٹے دانے۔پپوٹوں کا سوجنا۔روشنی سے زود حسی۔نظر کی
کمزوری۔رنگوں کی پہچان کا فقدان۔ان سب علامتوں میں مفید دوا:

کاربونیم سلف   Carbonium Sulph   30

644۔آنکھ کے چھپر کا تدریجی فالج جو آہستہ آہستہ بڑھتا ہو

مفید دوا: کاسٹیکم   Causticum   30

645۔آنکھ کا چھپر فالجی کمزوری کی وجہ سے گر جائے تو مفید دوائیں:

1۔ ایگریکس   Agaricus   30

2۔ پلمبم   Plumbum   30

3۔سینیگا   Senega   30

4۔کاسٹیکم   Causticum   30

646۔آنکھ سے تعلق رکھنے والے اعصاب پر فالج کا حملہ ہو جائے،اس سے Third Nerve متاثر ہو(خاص علامت)

مفید دوا : یوفریزیا   Euphrasia   6x

647۔آنکھ کے پردے کی سوزش میں مفید دوائیں:

1۔پلسٹیلا   Pulsatilla   30

اگر پلسٹیلا فائدہ نہ دے تو

2۔نیٹرم میور   Nat. Mur   30-6x

نیٹرم میور پلسٹیلا کی مزمن دوا ہے۔

648۔آنکھ کے چھپراور پردوں میں سوزش ہوتی ہو، روشنی سے زود حسی پائی جاتی ہو تو

مفید دوا : مینگینم Manganum 30

649۔آنکھ کے چھپر کی بیماری میں پلکوں کے بال مڑ کر اندر چھپر میں داخل ہونے شروع ہو جائیں اور وہ قدرتی طور پر بڑھتے ہوئے چھپروں کے اندر گول چھلوں کی شکل میں بڑھے ہوئے لگیں اور بہت تکلیف دیتے ہوں اس کے مستقل علاج کے لئے

مفید دوا : زنکم سلف Zincum Sulph 200

650۔آنکھ کے پپوٹوں پر فالجی اثرات ظاہر ہوں۔انہیں کھولنا مشکل ہوتا ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 30

جلسیمیم تازہ تکلیف میں زیادہ مفید ہے۔

651۔آنکھ کے پپوٹے ایک دفعہ اندرونی رساؤ کے جم جانے کی وجہ سے موٹے ہو جائیں اور موٹے ہی رہ جائیں۔

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

652۔آنکھ کے چھپر متورم اور چپکے ہوئے ہوتے ہوں۔پپوٹوں کے کنارے سرخ ہو کر سوج جاتے ہوں

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

اگر بیماری بہت بڑھ جائے اور آنکھوں کی شکل بگڑنے لگے تو

بالمثل دوائیں: 1۔ الیومینا Alumina 30

2۔ الیومن Alumen 30

خصوصاً الیومن بہت گہرا اثر کرنے والی دوا ہے۔

653۔ آنکھوں کے پپوٹے موٹے ہو جاتے ہوں اور ان پر زخم بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

654۔ آنکھ کے چھپر پر چھوٹے چھوٹے زخم بن جائیں یا جھلی پھول کر لٹک جائے، آنکھیں سرخ رہنے لگیں تو

مؤثر دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30

655۔ آنکھیں پھول کر باہر آ جاتی ہوں، غدودوں کی خرابیاں، گٹھلیاں یا سلی مادوں کی موجودگی سے آنکھ کے ڈیلے پھول جاتے ہوں۔ ایسی پھولی ہوئی آنکھوں کے علاج کے لئے مفید دوائیں:

1۔ آرم میٹ Aurum Met. 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

3۔ بیسلینم Bacillinum 30

656۔ اگر آنکھ میں خون کا دباؤ زیادہ ہو تو مفید نسخہ:

نیٹرم میور Nat. Mur
بیسلینم Bacillinum
آرنیکا Arnica
بیلاڈونا Belladonna

30 روزانہ تین بار

657۔ آنکھ کے نیچے سوزش ہو جاتی ہو۔ اس سے آنکھوں کے چھپر سوج جاتے ہوں۔

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

658۔ اگر پوری آنکھ میں سوزش ہو تو

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

659۔ اگر آنکھ کا صرف چھپر اور غلاف سوجے ہوئے ہوں (علامت)

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 3-6x

660۔ مریض لمبی بیماریوں کے نتیجہ میں بالکل نڈھال ہو جائیں اور خون کی کمی کا شکار ہوں ان کی آنکھوں کے نیچے پتلیاں سی لٹک جاتی ہوں اور وہ چھوٹی عمر میں ہی بوڑھے دکھائی دینے لگتے ہوں۔ ان کے لئے مفید دوائیں:

1۔ چینینم آرس Chininum Ars. 30

2۔ سارسپاریلا Sarsaprilla 30

آنکھوں کے سامنے مختلف رنگ کے دھبے، لکیریں اور دھندلاہٹ

661۔ آنکھوں میں سبز رنگ کے دھبّے۔

(خصوصی علامت) کاسٹیکم Causticum 30

662۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبّے نظر آئیں۔ آنکھ کھلنے پر نظر دھندلی محسوس ہو۔ آنکھوں میں سوئیاں چبھتی ہوں اور جلن ہوتی ہو تو

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

663۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے نظر آتے ہوں۔

مفید دوا : مرکسال Merc. Sol 30

664۔ آنکھوں میں مختلف قسم کے دھبے نظر آتے ہوں۔ سبز رنگ کے دھبے (خصوصی علامت)

مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 30

665۔آنکھوں کے سامنے دھبے دکھائی دیتے ہوں، ٹیڑھی میڑھی لکیریں آنکھوں کے سامنے جھلملاتی ہوں، نظر کمزور ہو جاتی ہو اور آنکھیں دُکھتی ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

666۔موم بتی کے گرد سبز ہالہ دکھائی دیتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔اوپیئم Opium 30

☆☆☆☆☆

آنکھوں کے گرد سیاہ یا نیلگوں حلقے

667۔آنکھیں زرد۔آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے۔آنکھوں میں جلن اور درد جیسے کسی نے چاقو گھونپ دیا ہو۔نظر کا دُھندلا جانا۔بینائی کی بڑھتی ہوئی کمزوری۔خون بہنے کا رجحان۔روشنی نا قابل برداشت ان تمام علامات میں

مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 30

668۔آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑ جاتے ہوں اور پپوٹے متورم ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

669۔آنکھوں کے گرد نیلگوں مائل حلقے پڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : چائنا China 30

670۔آنکھوں کے سیاہ حلقوں کے لئے

مفید دوا: آرسینک Arsenic 200

671۔آنکھوں کے حلقے سیاہ (ایک اور نسخہ)

سلیشیا	Silicea	6x روزانہ تین بار
فیرم فاس	Ferr. Phos	
نیٹرم میور	Nat. Mur	
کالی فاس	Kali Phos	

آنکھوں کے سامنے لکیریں، چنگاریاں، ستارے وغیرہ ناچتے ہوں

672۔آنکھوں کے سامنے ستارے ٹوٹتے دکھائی دیتے ہوں۔

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met. 30

673۔چمکدار ستارے نیچے سے اوپر کی طرف جاتے ہوئے نظر آتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 30-6x

674۔ستارے اوپر سے نیچے کی طرف جاتے دکھائی دیں۔

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met. 30

675۔آنکھوں کے سامنے تارے اور چنگاریاں، بائیں آنکھ میں دائیں آنکھ کے مقابل پر زیادہ نظر آتی ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

676۔سر درد سے پہلے آنکھوں کے سامنے چنگاریاں اور شعلے ناچتے ہوں، کبھی سر اُوپر اٹھانے سے تارے نظر آنے لگتے ہوں۔ مختلف قسم کے رنگوں کے دھبے دکھائی

دیتے ہوں۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

عام طور پر سر درد شروع ہونے سے پہلے ایسا ہوتا ہے۔ اگر شروع میں سلفر دے دی جائے تو سر درد ہوتا ہی نہیں۔

677۔ مریض کو تمام اشیاء بہت چمکدار اور بھڑکیلی نظر آتی ہوں، آنکھوں کے سامنے چنگاریاں اور روشنی کے دھبے نظر آتے ہوں، آنکھوں کی تکلیفیں سورج کی روشنی میں بڑھ جاتی ہوں۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

678۔ آنکھوں کے سامنے بجلی لہراتی ہو اور ستارے چمکتے ہوں، نیچے جھکنے سے آنکھوں کے سامنے سیاہ نشان نظر آتے ہوں، آنکھوں میں درد اور دباؤ محسوس ہوتا ہو، آنکھیں سرخ ہو جاتی ہوں، آنکھوں میں خون کا اجتماع بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

گلونائن کے مریض کی آنکھیں اندر دھنسی ہوئی ہوتی ہیں اور آنکھوں کی رنگت زردی مائل ہوتی ہے، روشنی سے زود حسی ہوتی ہے۔ وقتی اندھاپن بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سفید اور کالا موتیا

Cataract & Glaucoma

679۔ سفید موتیا (Cataract) کیلئے مفید نسخہ:

1۔ زنکم سلف Zincum Sulph CM

مہینہ کے وقفہ سے صرف تین خوراک

2۔ کلکیریا فلور Calc. Fluor

سلیشیا Silicea 6x

روزانہ دو تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر

3۔ سنیریریا مارٹیما Cineraria Maritima

Sussex Homoeopathic Eye Drops

روزانہ تین بار ایک دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔

نوٹ: اگر موتیا پکنے کے قریب ہو تو ہومیو پیتھک علاج کی بجائے آپریشن کروائیں۔

680۔ سفید موتیا کے لئے ایک اور نسخہ:

1۔ کلکیریا فلور Calc. Fluor 30-6x تا CM

2۔ زنکم سلف Zincum Sulph CM

ایک نوے سالہ بزرگ مریض کو موتیا کے لئے کلکیریا فلور اور زنکم سلف اونچی طاقت میں استعمال کروائی۔ اللہ کے فضل سے ان کی آنکھ شیشے کی طرح صاف ہو گئی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 200)

موتیا کے سلسلہ میں یہ بات یاد رکھیں کہ کلکیریا فلور کالے موتیے میں مفید نہیں کیونکہ اس کی وجوہات بالکل اور ہوتی ہیں۔

681۔ موتیا (Cataract) کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ زنکم سلف Zincum Sulph 30 روزانہ تین بار

2۔ کلکیر یا فلور Calc. Fluor
میگ فاس Mag. Phos — 6x روزانہ تین بار

682۔ کالا موتیا (Glaucoma)

بہترین دوائیں: 1۔ کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

اگر ایک آنکھ سے پانی بہے اور اسی طرف گدی میں درد ہو تو یہ کالے موتیا کی ابتدائی نشانی ہے اس کیلئے کلکیر یا فاس اور جلسیمیم بہترین دوائیں ہیں۔ لیکن اگر دونوں آنکھوں سے پانی بہتا ہو اور نظر کمزور ہو تو نیٹرم سلف دوا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 634)

683۔ کالا موتیا کے لئے مفید نسخہ:

1۔ جلسیمیم Gelsemium
آرنیکا Arnica — 200

تین دن روزانہ تیک بار پھر ہفتہ وار

2۔ کالی فاس Kali Phos
نیٹرم فاس Nat. Phos
کلکیر یا فلور Calc. Fluor — 6x

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر

684۔ کالا موتیا کیلئے ایک اور مؤثر نسخہ

1۔ جلسیمئم Gelsemium
برائیونیا Bryonia — 30 ملا کر

اس کے ساتھ 2۔ کالی فاس Kali Phos
کلکیریافاس Calc. Phos
6x ملاکر

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ , 140 ، 167

685۔کالا موتیا کے لئے مفید دوائیں:

1۔برائیونیا Bryonia 200-30

اگر پیاس مفقود ہو تو

2۔زیادہ بہتر دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

بعض اوقات برائیونیا کے بعد پیاس غائب ہو جاتی ہے۔اس وقت جلسیمیم دی جا سکتی ہے۔ان دونوں کو ایک دوسرے کے بعد استعمال کیا جا سکتا ہے۔

3۔بہت مؤثر نسخہ: جلسیمیم Gelsemium 30

برائیونیا Bryonia 30

کالی فاس Kali Phos 6x

کلکیریافاس Calc. Phos 6x ملاکر

686۔کالا اور سفید موتیا۔دونوں کے لئے مفید نسخہ:

جلسیمیم Gelsemium 200

زنکم سلف Zincum Sulph 200

باری باری پہلے دو دن دو دو خوراکیں تیسرے دن ایک ایک خوراک
پھر ہفتہ میں صرف ایک بار

☆☆☆☆☆

نظر کی کمزوری

Weakness of Eye Sight

687۔ آنکھوں کی تھکاوٹ اور دباؤ سے پیدا ہونے والی کمزوری کیلئے۔ مؤثر دوائیں:

1۔ اونوسموڈیم Onosmodium 30 (زیادہ مؤثر ہے)

2۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

688۔ نظر کی کمزوری کے لئے مفید نسخہ

1۔ سلیشیا Silicea 200 پندرہ دن میں ایک بار

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر

689۔ نظر کمزور، حافظہ کمزور اور سر کے بال سفید۔

مفید دوا : ایسڈ فاس Acid Phos 30 روزانہ تین بار

690۔ نظر کی کمزوری کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ جلسیمیم Gelsemium
زنکم میٹ Zincum Met
200 ملا کر

2۔ کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
6x

691۔ نزدیک کی نظر کمزور ہو تو

1۔ زنکم سلف Zincum Sulph 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

2۔ کلکیریا فاس — Calc. Phos
کالی فاس — Kali Phos
رُوٹا — Ruta

30 روزانہ تین بار

692۔ دُور کی نظر کمزور ہو تو مفید نسخہ

1۔ زنکم میٹ — Zincum Met
جلسیمیم — Gelsemium

200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ نیٹرم میور — Nat. Mur
کالی فاس — Kali Phos
کالی میور — Kali Mur

6x روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں

693۔ دُور کی نظر کمزور (ایک اور نسخہ)

نیٹرم میور — Nat. Mur
کالی فاس — Kali Phos
کلکیریا فاس — Calc. Phos

6x روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں

694۔ دور کی نظر کمزور ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ زنکم میٹ — Zincum Met
جلسیمیم — Gelsemium

200 ملا کر

ملا کر چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ کلکیریا فاس — Calc.Phos
کالی فاس — Kali Phos
سلیشیا — Silicea

6x روزانہ تین بار

695۔ نظر دن کے وقت زیادہ۔ مگر رات کے وقت کم دکھائی دیتا ہو۔

مفید دوا: لائیکو پوڈیم Lycopodium CM صرف ایک خوراک

696۔ نظر کمزور ہے درمیان سے نظر نہیں آتا۔ سائیڈ سے نظر آتا ہے۔ مفید نسخہ:

سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر

697۔ کولیسٹرول زیادہ ہونے کی وجہ سے آنکھوں پر اثر پڑے اور بینائی دُھندلانے لگے۔

مفید نسخہ: کولیسٹرونیم Cholesterinum
فائٹولاکا Phytolacca
فاسفورس Phosphorus
30 روزانہ تین بار

نوٹ: فاسفورس کو مستقل لمبے عرصے تک استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ اس میں خطرہ ہوتا ہے کہ لمبا استعمال خون کو ضرورت سے زیادہ گاڑھا نہ کردے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 129)

698۔ دونوں آنکھوں سے پانی بہتا ہو اور نظر کمزور ہو تو

بہترین دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-30

699۔ سخت تھکاوٹ یا پڑھتے ہوئے اعصابی دباؤ کی وجہ سے ایک آنکھ کی نظر اچانک ختم ہو جائے اور دل پر بھی کمزوری کا اثر ہو تو

فوری فائدہ مند دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

ایسی صورت میں عموماً دائیں آنکھ کے سامنے سائے حرکت کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں یا دائیں طرف کی نظر ختم ہو جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 708)

700۔ اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے نظر کمزور ہو جائے۔ نظر دھندلا جائے اور ایک

جگہ نہ ٹھہرے اور وقتاً فوقتاً خرابی ظاہر ہونے لگے تو

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

701۔ عضلاتی کمزوری کی وجہ سے نظر کمزور ہو جاتی ہو۔ آنکھوں کے سامنے سیاہ دھبے تھر کتے ہوں تو

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

702۔ دُور کی نظر کمزور ہو تو مفید دوا :

نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

703۔ بڑی عمر میں نظر کی کمزوری کیلئے مفید دوا :

برائیٹا کارب Baryta Carb 30-6x

اگر ایک عمر کے بعد نظر دھندلا جانے کا عمل شروع ہو تو برائیٹا کارب معمول کے طور پر لمبے عرصہ تک کھلانا مضر نہیں، ہاں فائدہ کا امکان ہے۔

704۔ آنکھ میں دھندلاہٹ، آنکھوں کے سامنے دھندلا جالا سا آجاتا ہو۔ اور نظر کی کمزوری

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

705۔ آنکھوں کے سامنے دُھند کا احساس ہو اور صاف نظر نہ آتا ہو تو

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

706۔ نزلہ کے نتیجہ میں آنکھ سے جلن پیدا کرنے والے مادہ کے بہنے کے بداثرات کے نتیجہ میں نظر دھندلا جائے تو

مفید دوا : یوفریزیا Euphrasia 30

چونکہ آنکھ سے جلن پیدا کرنے والا تیزابی مادہ بہتا ہے اس کے نتیجہ میں جو بداثرات باقی رہ جاتے ہیں وہ کافی عرصہ تک آنکھوں کو متاثر رکھتے ہیں اور نظر دھندلا جاتی ہے۔

707۔ شدید سر درد ہوتا ہو، جس سے نظر بھی دھندلا جاتی ہو اور نظر پر زیادہ دباؤ ڈالا جائے تو درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

708۔ سر درد پیچھے گدی سے شروع ہوتا ہو اور نظر دھندلا جاتی ہو، بعض دفعہ نظر آدھی رہ جاتی ہو، اُوپر کا آدھا حصہ یا نیچے کا آدھا حصہ نظر نہیں آتا ہو، یا دائیں کا نصف یا بائیں کا نصف نظر نہیں آتا ہو۔ مؤخر الذکر بیماری میں بہت مفید دوا :

میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

709۔ نظر دھندلا جائے اور اکثر چیزیں صرف آدھی نظر آنے لگیں۔

مفید دوا : کلکیریا سلف Calc. Sulph 6x

710۔ آنکھوں کی بیماریوں میں اگر چیزیں دو دو نظر آنے لگیں اور روشنی آنکھوں میں چبھے تو یاد رکھنے کے قابل دوا:

کلکیریا سلف Calc. Sulph 6x

711۔ ایک طرف کی نظریں میں تھرتھراہٹ پیدا ہو جائے تو

کارآمد دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

712۔ پڑھتے ہوئے حروف نظر سے غائب ہو جاتے ہوں، چیزیں نزدیک آتی ہوئی اور دُور ہٹتی ہوئی معلوم ہوتی ہوں۔ (علامت)

مفید دوا : سیکوٹاوروسا Cicuta Virosa 30

713۔ قریب کی چیزیں دیکھنے سے آنکھوں میں درد ہوتا ہو۔ اس وجہ سے کتاب نزدیک رکھ کر پڑھنے یا سلائی کے کام کرنے سے آنکھیں دُکھنے لگتی ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ مینگنیم Manganum 30

2۔ روٹا Ruta 30

یہ علامت روٹا سے ملتی جلتی ہے۔

714۔ مریض کی نظر مصنوعی روشنی میں کمزور ہو جاتی ہو۔ ویسے بالکل ٹھیک ہو۔ رات کے وقت روشنیوں میں نمایاں کمزوری ہو تو

اچھی دوا: آرم میور Aurum Mur 30

715۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے کچھ عرصہ کے لئے نظر دھندلا جائے تو

مفید دوا: کاکولس Cocculus 30

716۔ آنکھ کی پتلیاں پھیل جاتی ہوں، آدمی نظر غائب ہو جاتی ہو، آنکھوں کے سامنے دھبے آتے ہوں جو مختلف رنگوں کے ہوں، آنکھوں میں حدت اور گرمی کا احساس ہوتا ہو، ایک کی بجائے دو نظر آتے ہوں۔

کارآمد دوا: سائیکلیمن Cyclamen 30

717۔ آنکھیں بہت بڑی محسوس ہوتی ہوں۔ نظر ایک جگہ نہیں ٹھہرتی ہو اور بعض دفعہ ایک چیز اپنی جگہ سے ہٹتی ہوئی دکھائی دیتی ہو۔

مفید دوا: سپائجیلیا Spigelia 30

718۔ آنکھ کا دیسی نسخہ (مکرم محمد ابراہیم صاحب)

عقرکرا	ماخورہ	نمک سفید	کالی مرچ	لونگ
ایک حصہ	ایک حصہ	ایک حصہ	دو حصے	ایک حصہ

سمندر جھاگ	پھٹکڑی سرخ
۱۰ حصے	۱۰ حصے

تمام کو باریک پیس لیں۔ ایک چٹکی لے کر دانتوں کے اندر باہر ہلکا ہلکا ملیں ایک گھنٹہ تک کلی نہ کریں اور نہ ہی سوتے وقت کریں۔ نظر کیلئے بہتر بتایا گیا ہے۔

آنکھوں کی متفرق تکالیف

Different Ailments of Eyes

719۔آنکھ کی شکل بگڑنے لگے تو بالشل ثابت ہونیوالی دوائیں:

1۔ایلیومینا Alumina 30

2۔ایلیومن Alumen 30

خصوصاً ایلیومن بہت گہرا اثر کرنے والی دوا ہے۔

720۔آنکھ کے غدود جو آنسو بناتے ہیں ان میں زخم بن جاتے ہوں جو بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں ان زخموں میں

بہت مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

لیکیسس کی خاص پہچان یہ ہے کہ چہرے پر ایگزیما، اُبھار اور چھالے وغیرہ بننے لگتے ہیں غالباً چہرے کی یہی تکلیفیں آنکھوں کی طرف منتقل ہو جاتی ہیں۔ صرف آنکھ کے زخموں سے لیکیسس کی پہچان نہیں کی جا سکتی۔ اگر چہرے کی علامات نمایاں ہوں تو اس صورت میں آنکھ کے زخم کے لئے بہترین دوا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 550)

721۔آنکھ کی بیماریوں کا اثر دائیں طرف زیادہ ہو۔ دائیں آنکھ میں دُھند۔ نظر کی کمزوری اور مواد نکلے۔

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula Hisp 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 832 تا 835)

722۔آنکھ کے اعصابی تناؤ میں بہت مفید دوا :

نیٹرم فاس   6x Nat. Phos

723۔آنکھ کے پٹھے پھڑ کنے کے لئے اچھی دوا:

نیٹرم فاس   6x Nat. Phos

724۔اگر پڑھتے ہوئے دائیں آنکھ میں پھڑکن ہوتو خاص طور پر مفید دوا :

نیٹرم فاس   6x Nat. Phos

725۔آنکھ کے پپوٹوں اور بائیں آنکھ کے نچلے عضلات میں پھڑکن پائی جاتی ہو۔اور آنکھوں کی پتلیوں میں درد ہوتا ہوتو

مفید دوا : ایسکولس   30 Aesculus

726۔وہمی اور خیالی چیزیں نظر آنے لگیں، آنکھوں میں تناؤ ہو، اعصاب کھنچے ہوئے محسوس ہوں۔

مفید دوا : میڈورائینم   200 Medorrhinum

727۔آنکھ کے اوپر کے بال جھڑتے ہوں۔مفید نسخہ

1۔ بیسی لینم   Bacillinum
نیٹرم میور   Nat. Mur
200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ ٹیوکریم   Teucrium
پکرک ایسڈ   Picric Acid
30 ملا کر

728۔جگر کی خرابی کی وجہ سے آنکھیں زرد ہو جاتی ہوں اور دباؤ محسوس ہوتا ہو۔نظر

کمزور ہو جاتی ہو اور عارضی اندھاپن پیدا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

729۔آنکھوں کے سامنے لہریں جیسے پنکھا چلتا ہو اور سر بھاری اور درد۔

ایکونائیٹ Aconite
سلفر Sulphur
200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار

730۔سر درد کے اثر سے آنکھیں بھینگی ہو جائیں۔سر درد، آنکھوں میں سخت دباؤ، آنکھیں اوپر کو چڑھ جائیں۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30 روزانہ تین بار

آنکھ کی پتلیوں کی تکالیف

731۔آنکھ کی پُتلی سکڑ جاتی ہو اور آنکھیں زرد ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

732۔آنکھ کی ایک پُتلی پھیلی ہوئی اور ایک سکڑی ہوئی ہو اور آنکھ کی سوزش، نظر میں دھندلاہٹ۔مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

جلسیمیم آنکھ کے اعصاب کی کمزوری میں مفید دوا ہے۔

733۔سوتے ہوئے آنکھ کی پتلیاں ادھر اُدھر حرکت کرتی ہوں۔

مفید دوا: ایتھوزا Aethusa 30

734۔آنکھیں لرزتی ہوں اور ڈولتی رہتی ہوں اور نظر ایک جگہ نہیں ٹکتی ہو۔

مفید دوا : ایگریکس Agaricus 30

735۔آنکھوں کی پُتلیاں گھڑی کے پینڈولم کی طرح حرکت کرتی رہتی ہوں۔

کارآمد دوا: ایگریکس Agaricus 30

736۔ذہنی تناؤ سے آنکھوں کے سامنے چیزیں تھر کنے لگتی ہوں۔نظر دھندلا جاتی ہو اور ایک جگہ نہیں ٹھہرتی ہو، کالے یا بھورے دھبے نظر آنے لگتے ہوں۔بعض دفعہ دو دو چیزیں دکھائی دیتی ہوں۔اگر یہ علامتیں مزمن ہو جائیں تو

بہت اچھی دوا: میڈورائینم Medorrhinum 200

737۔آنکھوں میں تھکاوٹ کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے تارے ناچنے لگیں۔

1۔اوّلین دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

738۔آنکھوں کے سامنے لہریں جیسے پنکھا چلتا ہو اور سر بھاری اور درد۔مفید نسخہ:

ایکونائیٹ Aconite
سلفر Sulphur
200 ملاکر

چند دن روزانہ ایک بار

☆☆☆☆☆

آنکھ کا بلڈ پریشر

Blood Pressure of Eyes

739۔آنکھ کا بلڈ پریشر کم کرنے کیلئے مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا Belladonna 200

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200

740۔ آنکھوں میں خون کا دباؤ زیادہ ہو تو مفید نسخہ:

200-30 ملا کر	Nat. Mur	نیٹرم میور	
	Bacillinum	بیسیلینم	
	Arnica	آرنیکا	
	Belladonna	بیلاڈونا	

741۔ آنکھ کے اندر پریشر کے لئے (مفید نسخہ)

200	Arnica	آرنیکا	-1
	Belladonna	بیلاڈونا	
	Bacillinum	بیسی لینم	
200	Sulphur	سلفر	-2

نمبر 1 ایک اور نمبر 2 باری باری

6x ملا کر	Calc. Fluor	کلکیر یا فلور	-3
	Kali Phos	کالی فاس	

Squinting : بھینگا پن

742۔ بھینگا پن: اگر چوٹ کے نتیجہ میں بھینگا پن پیدا ہو جائے

200 ملا کر	Arnica	1۔ آرنیکا	پہلے
	Nat. Sulph	نیٹرم سلف	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

روزانہ تین بار 30 Cicuta Virosa 2۔ سیکوٹا وروسا اس کے بعد

743۔خوف کے نتیجہ میں آنکھیں اوپر کو چڑھ جائیں اور بھینگا پن پیدا ہو جائے پُتلیاں پھیل جائیں تو سب سے بہتر دوا:

سیکوناوروسا Cicuta Virosa 30 روزانہ تین بار

744۔آنکھیں پیچھے کی طرف کھنچ جاتی ہوں (علامت) مفید دوائیں:

1۔کروٹن Croton 30

2۔پارس کواڈریفولیا Paris Qudrifolia 30

پارس میں یہی علامت وسیع بیماریوں کے دائرے سے تعلق رکھتی ہے۔کروٹن اور پارس Paris میں یہ فرق ہے کہ پارس میں اسہال کی علامت نہیں ہوتی لیکن کروٹن میں اسہال کی علامت عموماً پائی جاتی ہے۔

745۔آنکھیں نیچے کی طرف کھنچ جاتی ہوں اور چیزیں اپنے اصل جسم سے بڑی دکھائی دینے لگتی ہوں۔ مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

746۔ایسا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈیلا اندر کی طرف سُکڑ جائے۔

مفید دوا: سائیکلیمین Cyclamen 30 روزانہ تین بار

747۔بھینگا پن: آنکھ میں تھکاوٹ،جلن،خارش،آنکھوں کے سامنے دھبے ناچیں، ایک کی بجائے دو نظر آئیں،پڑھنے میں دقّت،ایک جگہ نظر جمانا مشکل۔

مفید دوا : ایگریکس Agaricus 30 روزانہ تین بار

748۔بھینگے پن میں بشرط دیگر علامات شافی ثابت ہونے والی دوا:

نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

عضلاتی ریشوں کی کمزوریوں میں اور اعصابی تناؤ خصوصاً آنکھ کے اعصابی تناؤ میں نیٹرم فاس بہت مؤثر دوا ہے۔

وقتی اندھاپن

Temporary Blindness

749۔ سر درد کے نتیجہ میں وقتی اندھاپن پیدا ہو جائے، لیکن کچھ عرصہ بعد بینائی واپس آ جائے فالجی علامات نہ ہوں۔

مفید دوا: جلسیمیم 200 Gelsemium

750۔ سر درد کے نتیجہ میں روشنی نا قابل برداشت۔ سر درد عموماً ماتھے میں رہے، نظر کمزور ہو جائے اور وقتی اندھاپن پیدا ہو جائے۔ بعض دفعہ کمرہ میں بہت اندھیرا لگتا ہو۔ آنکھوں کے سامنے سائے ناچتے ہوں۔

مفید دوا: للنیم ٹگ 30 Lillium Tig

751۔ نظر کمزور ہو جائے، عارضی اندھاپن پیدا ہو جائے، آنکھوں کے گرد نیلے حلقے، آنکھوں پر دباؤ، جگر کی خرابی سے آنکھیں زرد۔

مفید دوا: چائنا 200 China

752۔ وضع حمل کے وقت عارضی طور پر بینائی کھو دینا۔

مفید دوا: کیوپرم 30 Cuprum

دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو تین خوراکیں۔ پھر روزانہ تین بار

753۔ وقتی اندھاپن (نمایاں علامت)

مفید دوا: جلسیمیم 200-30 Gelsemium

754۔ وقتی اندھاپن: اگر ایک طرف کی نظر متاثر ہو تو مفید دوائیں:

1۔ رسٹاکس 200-30 Rhustox

2۔لیکیسس Lachesis 200-30

755۔نظر کی ایسی خرابی جس میں سب رنگوں کا اندھا پن نہیں ہوتا ہو، صرف سبز رنگ سفید نظر آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

اندھا پن

Blindness

756۔دائیں آنکھ کی پلکیں جاتی ہیں اور سر درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 1000

صرف دو خوراک ہفتہ دس دن کے وقفہ سے

757۔اچانک بے ہوشی طاری ہو جائے اور نظر ختم ہو جائے۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30 روزانہ تین بار

758۔شدید کمزوری سے بینائی جاتی رہے۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200

759۔کسی صدمہ سے اچانک اندھا پن پیدا ہو جائے۔

ناقابل فراموش دوا: فاسفورس Phosphorus 30

760۔سورج گرہن کو دیکھنے سے رفتہ رفتہ مکمل اندھا پن پیدا ہو جائے۔

مفید دوا : مرک کار Merc. Cor CM

ایک ایک ماہ کے وقفہ سے دو تین خوراکیں اللہ کے فضل سے بہت فائدہ پہنچاتی ہیں۔
مرض جہاں تک پہنچا ہو، وہیں رُک جاتا ہے۔

761۔ آہستہ آہستہ بڑھنے والا اندھا پن جو بعد میں پورے اندھے پن میں تبدیل ہو جائے۔ مفید دوائیں

1۔ فاسفورس	Phosphorus	200-30
2۔ کاسٹیکم	Causticum	200-30

چہرے اور منہ کی بیماریاں

(چہرے پر کیل، تل، موہکے، مہاسے، مسے، چھائیاں اور پھنسیاں نکل آنا)

762۔ چہرے پر کیل (Acne)

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	30 روزانہ تین بار
کالی بائیکروم	Kali Bich	
سلفر	Sulphur	

اگر پندرہ دن میں افاقہ نہ ہو تو پھر یہ نسخہ بند کر کے درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔

763۔ چہرے پر کیل ایک اور عمدہ نسخہ

2۔ سلیشیا	Silicea	6x روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں
کالی میور	Kali Mur	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

764۔ چہرے پر کیل ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کالی میور	Kali Mur	

765۔ چہرے پر کیل ایک اور مؤثر نسخہ

بیلاڈونا Belladonna 1000

سلیشیا Silicea 1000 باری باری ہفتہ وار

766۔ آغاز جوانی میں لڑکیوں اور لڑکوں کے چہرے پر کیل نکل آتے ہوں جو بہت بدنما دکھائی دیتے ہوں۔ مفید نسخہ:

کالی برومیئم Kali Brom
سلیشیا Silicea
30 ملا کر

"بسا اوقات نمایاں فائدہ ہوتا ہے اور بہت ضدی قسم کے کیل بھی پیچھا چھوڑ دیتے ہیں لیکن ان دونوں کو کم از کم ایک ماہ تک استعمال کرنا چاہیے۔ بعد ازاں بھی وقفے وقفے کے ساتھ حسب ضرورت دہرانا چاہیے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 754)

767۔ چہرے پر کیل مہاسوں اور پھنسیوں کے لئے عمدہ دوا:

ریڈیم برومائیڈ Radium Brom 30 روزانہ تین بار

768۔ چہرے پر کیل اور مہاسوں کیلئے

مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

مریض عموماً سردی محسوس کرتا ہے اور اسے ٹھنڈی ہوا بھلی محسوس ہوتی ہے۔

769۔ چہرے پر تانبے کے رنگ کے دانے اور کیل نکلتے ہوں۔

مفید دوا : کاربوانیملیس Carbo Animalis 30

770۔ ناک اور منہ کے قریب کیل نکلتے ہوں۔

مفید دوا : لیڈم Ledum 30

مریض ٹھنڈا ہوتا ہے اور بہت سردی محسوس کرتا ہے۔

771۔ چہرے پر کیل مہاسے نکلتے ہوں۔

مفید دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

772۔ عورتوں اور مردوں کے منہ پر بھورے تل:

1۔ بہترین دوا: کولوفائیلم Caulophyllum 200

تین دن روزانہ پھر ہفتہ وار ایک بار

"کولوفائیلم سے کبھی تو اتنا فائدہ پہنچتا ہے کہ چہرہ بالکل صاف ہو جاتا ہے اور تلوں کا نام ونشان مٹ جاتا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 262)

2۔ عمدہ دوا: آرنیکا Arnica 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

773۔ منہ پر بھورے تل، پیلے دھبے اور کیل بن جاتے ہوں۔ اوپر کا ہونٹ سوجا ہوا محسوس ہوتا ہو، آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑ جاتے ہوں۔ پپوٹے متورم ہو جاتے ہوں۔ ان تمام علامات میں

مفید دوا: نیٹرم کارب Nat. Carb 30

774۔ بوڑھے لوگوں کے چہرے اور ہاتھوں پر مسے نکلتے ہوں۔

مفید دوا: کاربوانیمیلس Carbo Animalis 30

775۔ چہرے پہ چھائیاں۔ مفید دوا:

کالی بائیکروم Kail Bich 30 صبح وشام

776۔ عورتوں کے چہرے پر حمل کے دوران یا بغیر حمل کے چھائیاں پڑ جاتی ہوں اور چہرہ بے رونق نظر آتا ہو

مفید دوا: سیپیا Sepia 30 روزانہ تین بار

775۔ موکوں کے لئے کارآمد نسخہ:

1۔ تھوجا Thuja 200 ہفتہ میں دو بار

2۔ کاسٹیکم Causticum 30 روزانہ تین بار

776۔ چہرے پر غیر ضروری بال۔ بہت کارآمد دوا:

تھوجا Thuja 10 M مہینہ کے وقفہ سے چند خوراکیں

777۔ چہرے پر داغوں کیلئے مفید نسخہ:

کالی بائیکروم Kali Bich ⎤
سلیشیا Silicea ⎦ 30 ملاکر

778۔ چہرے پر سُرخ دھبّے اور خارش کیلئے مفید دوا :

سورائینم Psorinum 1000 ہفتہ وار ایک خوراک

779۔ چہرے پر سُرخ رنگ کے چٹاخ پڑ جاتے ہوں۔ (عموماً عورتوں کے چہرے پر

یہ علامت پائی جاتی ہے) مفید دوا : بینزوِک ایسڈ Benzoic Acid 30

یہ صحت کی علامت نہیں بلکہ بیماری کی نشاندہی کرتے ہیں۔

780۔ چہرہ پر دانے اور داغ۔ مفید نسخہ:

1۔ بیلاڈونا Belladonna 1000

2۔ سلیشیا Silicea 1000

باری باری ایک ہفتہ ایک خوراک دوسرے ہفتہ دوسری خوراک

3۔ بیلاڈونا Belladonna 200

4۔ سلیشیا Silicea ⎤
کالی میور Kali Mur ⎦ 6x ملاکر

اگر نمبر 1۔ اور نمبر 2 سے فائدہ نہ ہو تو پھر نمبر 3 اور نمبر 4 شروع کر دیں۔

781۔ چہرے پر دانے نکلتے ہوں۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

782۔ چہرے پر دانے نکلتے ہوں جن میں خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

783۔ پیشانی اور گالوں پر سُرخ رنگ کے چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہوں۔ جن کو چھونے سے درد ہوتا ہو

مفید دوا : لیڈم Ledum 200

لیڈم کا مریض ٹھنڈا ہوتا ہے اور سردی بہت محسوس کرتا ہے۔

784۔ اگر کسی کا حیض کا خون جاری نہ ہو اور منہ دانوں سے بھر جائے تو اس کی

خاص دوا: کروٹیلس Crotalus 30

یہ حیض کو دوبارہ جاری کر کے چہرے کی طرف خون کا دباؤ کم کر دیتی ہے۔

785۔ چہرے اور ہاتھوں پر مٹر کے دانوں کے برابر اُبھار بن جائیں۔

مفید دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

786۔ چہرے پر پھنسیاں اور پیپ۔ مفید نسخہ:

رسٹاکس Rhustox 200

سلفر Sulphur 200 باری باری

787۔ چہرے پر چھوٹے چھوٹے آبلے پڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

روزانہ تین بار

788۔ چہرے پر پھوڑا نکل آئے جو پکتا نہ ہو اور لمبے عرصہ تک تکلیف دیتا رہے۔

1۔ مفید دوا : سلیشیا Silicea 30-6x

سلیشیا کے بعد

2۔ فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

789۔ چہرے کی جلد پر اگیزیمے کی قسم کے زخم بن جاتے ہوں۔ جو تیزی سے پھیل جاتے ہوں۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

790۔ چہرے پر دھدری کے نشان ظاہر ہوں اور عام گنجاپن بھی پایا جائے۔ مفید نسخہ:

بیسلینم	Bacillinum	30 ملا کر
نیٹرم میور	Nat. Mur	
ٹیوکریم	Tuecreum	
پکرک ایسڈ	Picric Acid	

791۔ چہرے پر الرجی کی وجہ سے دانے

1۔ سورائینم Psorinum 200

2۔ پیٹرولیم Petrolium 200 باری باری ہفتہ میں دو بار

792۔ چہرے کی جلد کا رنگ بدل جائے اور سیاہی سی چھا جائے۔

1۔ اوّلین دوا: آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30

2۔ ممکنہ دوا: کولوفائیلم Caulophyllum 30

793۔ مریض کے چہرے پر زرد داغ پڑ جاتے ہیں۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

794۔ چہرہ زرد اور متورم ہو جاتا ہو، ہونٹ متورم اور بے حس ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

795۔ چہرہ بے رنگ اور زردی مائل ہو جاتا ہو (خاص علامت)

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

796۔ چہرہ زرد، آنکھوں کے گرد نیلگوں حلقے پڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

797۔ خون کی گردش میں خرابی کی وجہ سے چہرے پر نیلاہٹ آ جاتی ہو، ہاتھ پاؤں کی انگلیاں نیلی ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

798۔ چہرہ زرد اور کھنچا ہوا اور زندگی کے احساسات سے عاری معلوم ہوتا ہو۔ ٹھنڈا پسینہ بھی آتا ہو تو کنز کا خاصہ ہے۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

799۔ چہرہ بالکل پھیکا پھیکا، بے رونق اور زرد ہو جاتا ہو۔

بہت نمایاں حیثیت کی دوا: مینگینم Manganum 30

800۔ چہرہ پژمردہ اور نیلگوں ہو جاتا ہو، آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی اور بے رونق ہو جاتی ہوں۔ مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

801۔ چہرے کا رنگ زرد، گال مرجھائے ہوئے اور جلد چکنی اور چمکیلی ہو جاتی ہو، اور گہرے بھورے داغ پڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

802۔مریض کے منہ، چہرے پر مستقل سُرخی اور تمتماہٹ پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : سینگوئنیریا Sanguineria 30

جلن اور سرخی اس دوا کا خاصہ ہے۔

چہرے کی متفرق تکالیف

803۔چہرے پر مکڑی کے جالے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

804۔چہرے پر یوں لگتا ہو جیسے جالا سا تنا گیا ہو یا انڈے کی سفیدی لگانے کے بعد خشکی ہوگئی ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

805۔مریض کے چہرے کی جلد پر جُھریاں پڑ جاتی ہوں۔جلد کی چمک ختم ہو جاتی ہو اور موٹی موٹی لکیریں نمایاں ہونے لگتی ہوں۔عضلات ڈھیلے اور لٹکے ہوئے ہوں اور دوران خون میں خلل پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 200-30

806۔چہرے پر ورم، بے رونقی اور جھریاں پڑنے لگیں، چہرہ بہت بوڑھا دکھائی دے۔

مثالی دوا: چینینم آرس Chininum Ars 30

خون کی کمی کی وجہ سے چہرہ پر ورم اور بے رونقی ہو۔جھریاں پڑنے لگیں، چہرہ بہت بوڑھا دکھائی دے اور مریض بالکل کھوکھلا اور بے جان سا ہو تو ایسے مریضوں کے لئے چینینم آرس بشرط مزاج مثالی دوا ہے۔

807۔چہرہ کا رنگ پیلا اور مٹیالا سا ہو جاتا ہو اور چہرہ خمیر کی طرح پھولا ہوا دکھائی دیتا

ہونیز ایک عجیب سی قسم کی چمک چہرہ کے ایک حصہ پر نمایاں ہو جاتی ہو جو خون کی
کمی کی مزید نشاندہی کرتی ہو اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: بینزوک ایسڈ Benzoic Acid 30

چہرے کی علامتیں بیرونی گرمی اور دبانے سے کم ہو جاتی ہیں۔

808۔ چہرے کا دق / لیوپس (Lupus)

شہرت یافتہ دوا: سسٹس Cistus 30

809۔ چہرے کی جلد اور اندرونی جھلیوں کی دق۔

شفا بخشنے والی دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30

810۔ چہرے کے پٹھے پھڑ کنے لگیں۔ مفید دوائیں:

1۔ کالی فاس Kali Phos 30

2۔ ایگریکس Agaricus 30

چہرے کے اعصاب اور عضلات باری باری پھڑکتے ہوں یہ اگاریکس کی علامت ہے
کالی فاس کا ایگریکس (Agaricus) سے بھی کسی حد تک مزاج ملتا ہے۔ بعض
اوقات چہرے کے پٹھے پھڑ کنے لگتے ہیں جو کالی فاس، ایگریکس یا اس سے ملتی جلتی دواؤں کا تقاضا
کرتے ہیں۔ ایگریکس کی خاص علامت یہ ہے کہ چہرے کے اعصاب اور عضلات پھڑکتے ہیں۔

**811۔ کمزور اعصاب کے مریضوں میں عضلات ذہنی دباؤ کی وجہ سے پھڑ کنے لگیں تو
اس مرض میں مفید دوائیں:**

1۔ کلکیریا سلف Calc. Sulph 3x-6x

2۔ ایگریکس Agaricus 30

3۔ کالی فاس Kali Phos 200-30

812۔ کھڑے ہوکر کھانا پکانے والی عورتوں کے چہرے کے عضلات پھڑکنے لگیں۔

مفید دوا : کلکیر یا سلف　Calc. Sulph　3x-6x

813۔ سر اور چہرے پر گرمی کا احساس ہوتا ہو تو

مفید دوا : کاربو اینیمیلس　Carbo Animalis　30

814۔ چہرے کا پسینہ بہت نمایاں ہو۔ یوں معلوم ہوتا ہو جیسے پانی اندر سے پھوٹ رہا ہے۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم　Argent. Nit.　30

815۔ رخساروں پر خارش اور چیونٹیاں رینگنے کا احساس (خاص علامت)

مفید دوا : ایگنس کاسٹس　Agnus Caustus　30

816۔ چہرے کے عضلات میں تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس　Laurocerasus　30

817۔ چہرے اور سر کی طرف خون کا دباؤ ہو، چہرہ گرم اور ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہوں، بعض دفعہ پنڈلیاں بھی ٹھنڈی ہو جاتی ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ جلسیمیم　Gelsemium　200-30

2۔ آرنیکا　Arnica　200-30

3۔ گلونائن　Glonoine　200-30

جلسیمیم اور گلونائن میں فرق یہ ہے کہ جلسیمیم میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں لیکن پسینہ بالکل نہیں آتا۔ جبکہ گلونائن میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہوں اور پسینہ بھی آتا ہے۔

☆☆☆☆☆

NEUERALGIA چہرے کا درد

818۔ چہرہ کے اعصابی درد (Neuralgia) کیلئے

بہترین دوا: فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

819۔ چہرے کے بائیں طرف کے نوریلجیا (Neuralgia) کے لئے اچھا نسخہ:

فاسفورس	Phosphorus	30 ملا کر
سپائجیلیا	Spigelia	

820۔ چہرے کے بائیں طرف کے نوریلجیا (Neuralgia) کیلئے بہت اچھا نسخہ:

سپائجیلیا	Spigelia	30 ملا کر
فاسفورس	Phosphorus	
سلیشیا	Silicea	
میگ فاس	Mag. Phos	

ملا کر دیا جائے تو بہت اچھا نسخہ ثابت ہوسکتا ہے۔

821۔ چہرے کے دائیں طرف کے نوریلجیا کے لئے مفید نسخہ۔

فاسفورس	Phosphorus	30 روزانہ تین بار
سلیشیا	Silicea	
میگ فاس	Mag. Phos	

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 660)

822۔ چہرے کے دائیں طرف درد ہوتا ہو تو

مفید دوا: سینیشو اورس Seneceo Auraus 30

823۔ چہرے کے دائیں طرف اعصابی درد ہوتا ہو، نیچے کا ہونٹ سوج کر موٹا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

یہ تکلیفیں عموماً شام کو بڑھتی ہیں۔

824۔ چہرے کے اعصابی دردوں میں مفید دوائیں:

1۔ کالی فاس	Kali Phos	6x
2۔ فاسفورس	Phosphorus	30
3۔ سلیشیا	Silicea	6x
4۔ سپائجیلیا	Spigelia	30
5۔ میگ فاس	Mag. Phos	6x

میگ فاس بھی اعصاب سے گہرا تعلق رکھنے والی دوا ہے۔ اگر اعصاب میں بے چینی اور عضلات میں تشنج پیدا ہو جائے تو کالی فاس سے زیادہ میگنیشیا فاس کی طرف دھیان جانا چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 501)

825۔ ناشتے کے بعد چہرہ کا اعصابی درد۔

مفید دوا : آئرس ورسیکولر Iris Versicular 30

826۔ چہرے کے اعصابی درد سردی لگنے سے زیادہ ہو جائیں تو

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

827۔ ٹھنڈی ہوا سے چہرے اور دانت کی تکلیفیں بڑھ جاتی ہوں۔ صرف دانت کے اعصاب ہی نہیں سارے چہرے کے اعصاب زود حس ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

828۔ بائیں طرف آدھے چہرے پر شدید سردی کے ساتھ ڈنک دار دردوں کا احساس

اوردا ہنے آدھے چہرے پر خشکی اور گرمی کا احساس (امتیازی علامت)

مفید دوا : ڈلکامارا 30 Dulcamara

829۔ چہرے کے ایک طرف اعصابی درد ہوتا ہو، جیسے چٹکی بھری گئی ہو، یہ درد بہت تکلیف دہ ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: گائیکم 30 Guaiacum

830۔ چہرے پر اعصابی درد ہوتا ہو اور ہڈیوں میں بے حسی کا احساس ہوتا ہو

مفید دوا : پلاٹینم 30 Platinum

831۔ چہری کی ہڈی میں درد، مسوڑھے بھی دُکھتے ہوں اور آسانی سے خون نکل آتا ہو۔

مفید دوا : رُوٹا 30 Ruta

832۔ گالوں میں شدید درد ہوتا ہو، جو کان، آنکھ اور جبڑوں تک پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا 30 Dulcamara

833۔ چہرے کا اعصابی درد رخساروں کی ہڈیوں، آنکھوں، دانتوں اور کن پٹیوں تک پھیل جاتا ہو۔ مفید دوا : سپائجیلیا 30 Spigelia

منہ اور زبان کی تکالیف

Ailments of Mouth & Tongue

834۔ منہ کے چھالے۔ مفید دوا:

بوریکس 30 Borax روزانہ تین بار

دودھ پلانے والی عورتوں کے منہ میں زخم اور چھالے بن جائیں اور ان کے بچے بھی اس بیماری سے متاثر ہوں تو ان کے لئے یہ بہترین دوا ہے۔

835۔منہ کے چھالے۔ مفید نسخہ:

آرسینک	Arsenic	200 ملا کر
پائروجینم	Pyrogenium	

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

836۔منہ کے چھالے ایک اور کارآمد نسخہ:

کالی میور	Kali Mur	30 روزانہ تین بار
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	

837۔منہ میں زخموں اور چھالوں کی وجہ سے اتنی تکلیف ہو کہ پانی پینا بھی دوبھر ہو جائے

غیر معمولی مؤثر دوا: آرم ٹرائی فلم Aurum Triphyllum 30

838۔منہ میں زخم اور چھالے بن جائیں اور سُرخ رنگ کی کچی کچی سطح نظر آئے۔ اگر منہ میں دھات کا سا مزہ آنے لگے تو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200

839۔منہ میں زخم اور چھالے (اگر منہ میں لعاب زیادہ آتا ہو)

1۔مرک سال Merc Sol 1000

چند ہفتے تک ہفتہ وار ایک خوراک

2۔آرسینک	Arsenic	30 روزانہ تین چار بار
بیلاڈونا	Belladonna	
کولوسنتھ	Colocynthis	

840۔منہ میں زخم اور چھالے۔اگر منہ نسبتاً خشک ہو۔مفید نسخہ:

1۔ برائیونیا	Bryonia	200 ملا کر
آرنیکا	Arnica	

تین دن روزانہ رات کو ایک بار۔پھر ہفتہ وار ایک بار۔دس پندرہ گولیاں فی خوراک یا چند قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2۔کولوسنتھ	Colocynthis	30 روزانہ تین بار
کُرچی	Kurchi	
میگ فاس	Mag Phos	
کالی میور	Kali Mur	

خوراک: دس پندرہ گولیاں۔قطروں کی صورت میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں

841۔منہ میں زخم ہو جائیں اور سفید نشان بن جائیں۔مسوڑھے خراب ہو جائیں اور دانت ہلنے لگیں (بشرط دیگر علامات)

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

842۔دُودھ پلانے والی عورتوں کے منہ میں زخم اور چھالے بن جائیں اور ان کے بچے بھی اس بیماری سے متاثر ہوں۔

بہترین دوا: بوریکس Borax 30

بوریکس میں ایسے زخم اور چھالے بننے کا عام رجحان ہوتا ہے۔زبان پر بھی سُرخ اور دُکھن پیدا کرنے والے آبلے بن جاتے ہیں۔

843۔منہ میں سفید چھالے بنتے ہوں۔

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

844۔منہ کے چھالوں میں ایک کارآمد دوا:

30 Stannum　　سٹینم

845۔منہ میں چھالے بن جاتے ہوں۔زبان پر لیسدار زرد رطوبت ہوتی ہو۔

6x Kali Sulph　　مفید دوا : کالی سلف

846۔منہ میں چھوٹے چھوٹے زخم بن جاتے ہوں۔زبان کے کنارے زردی مائل یا سفید کٹے پھٹے ہوں۔

30 Nux Vomica　　مفید دوا : نکس وامیکا

847۔منہ میں زخم اور چھالے بن جاتے ہوں۔

30 Nat. Carb　　مفید دوا : نیٹرم کارب

848۔منہ میں زخم جو کٹے پھٹے،موٹے کناروں والے ہوں بننے لگیں۔

200 Medorrhinum　　مفید دوا : میڈورائینم

849۔بچے منہ کے زخموں کی وجہ سے دُودھ نہ پی سکتے ہوں۔

30 Sulphuric Acid　　بہترین دوا: سلفیورک ایسڈ

850۔بخار کے نتیجہ میں منہ میں آبلے اور زخم بنتے ہوں اور زبان کٹ جاتی ہو۔

30 Muriatic Acid　　مفید دوا : میوریٹک ایسڈ

اس صورت میں گہرے علاج کی ضرورت پیش آتی ہے جس سے صرف منہ ہی نہیں بلکہ اصل بخار اور اس کے تمام بداثرات کو دُور کیا جا سکے۔

851۔ٹائیفائیڈ کے نتیجہ میں منہ میں گہرے زخم ہو جاتے ہوں۔زبان گندی اور بہت بدبُودار ہو جاتی ہو۔(علامت)

30 Kali Phos　　مفید دوا : کالی فاس

852۔ منہ میں زخم جو گینگرین کی شکل اختیار کر لیتے ہوں۔ اکثر زخموں میں درد نہیں ہوتا ہو، البتہ منہ کا مزہ خراب ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : بپٹیشیا Baptisia 30

بپٹیشیا کے زخم کے اردگرد فالجی علامتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور اردگرد کے ماحول سے زخم کا تعلق ٹوٹ جاتا ہے۔ یہ بہت خطرناک علامت ہے۔

853۔ منہ میں گہرے ناسور بننے کا رجحان پایا جاتا ہو، منہ سے انتہائی خطرناک بدبُو آتی ہو جو سارے کمرے میں محسوس کی جاسکتی ہو۔

کارآمد دوا: مرکری Mercurius 30

854۔ منہ اور تھوڑی کے گرد گیلا ایگزیما ہو جاتا ہو۔

کارآمد دوا: گریفائیٹس Graphites 200

855۔ منہ اور گلے میں زخم بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

856۔ منہ میں جلن کا احساس، زبان، گلے اور منہ کی اندرونی جلد بھی متاثر ہوتی ہو، گلا خشک ہوتا ہو اور ٹھنڈے پانی سے آرام نہیں آتا ہو۔ تکلیف بڑھتی ہو تو سر میں شدید درد ہونے لگتا ہو۔

کارآمد دوا: آئرس ورسیکولر Iris Versicolor 30

857۔ منہ سے سڑی ہوئی بدبُو آتی ہو۔ زبان پر جلن دار سے چھالے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 30

858۔ منہ خشک لیکن پیاس زیادہ نہ ہو۔ زبان سرخی مائل ہوتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

859۔منہ بالکل خشک ہوتا ہو۔لیکن پیاس نہیں ہوتی ہو۔زبان بالکل خشک ہو کر چمڑے کی طرح ہو جاتی ہو تو مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200

860۔منہ، تالو اور گلا خشک ہوتے ہوں اور نگلنے میں دقت محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

861۔مریض کے منہ پر سُرخی، تمتماہٹ اور جلن پائی جاتی ہو (علامت)

مفید دوا : سینگوینیریا Sanguinaria 30

862۔منہ کا ذائقہ کڑوا اور خوراک بھی کڑوی یا ضرورت سے زیادہ نمکین لگتی ہو۔جس کی وجہ سے مریض خوراک سے نفرت کرنے لگتا ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

863۔منہ کا مزہ خراب ہو جائے، اچھے سے اچھا کھانا بھی بُرا لگتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

864۔منہ میں دھات کا مزہ آنے لگتا ہو، جیسے بیٹری کے سیل کو زبان لگائی جائے تو عجیب سا احساس ہوتا ہے۔(خاص علامت)

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 30

865۔منہ کا مزہ دھات کا سا ہو جاتا ہو، گلے میں بال پھنسے ہونے کا احساس، پیاس عموماً زیادہ، مزاج جلد برہم ہونے والا اور چڑ جانے والا ہو۔

مفید دوا : پیولکس اری ٹینس Pulex Irritans 30

866۔منہ کا مزہ دھات کا سا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : مرکری Mercurious 30

867۔صبح کے وقت ذائقہ کڑوا ہوتا ہو اور زبان پر سفید موٹی تہہ جم جاتی ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

868۔کوئی چیز کھاتے ہوئے کسی اور چیز کا مزہ آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : سائنا Cina 30

869۔مریض کے لمس اور مزے کی حس بہت تیز ہو جاتی ہو یا بہت کم۔توازن نہیں رہتا ہو۔ مفید دوا : سائنا Cina 30

870۔منہ میں دھنکی ہوئی روئی کی طرح کا تھوڑا تھوڑا جھاگ پیدا ہوتا ہو جو منہ اور گلے کو تر نہیں کر سکتا ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30

871۔منہ کا ذائقہ بہت نمکین ہوتا ہو، مریض ترش چیزیں پسند کرتا ہو۔زبان لیسدار، کمزوری اور نقاہت کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

872۔مریض کے منہ میں جھاگ آ جاتی ہو اور مریض مسلسل تھوکتا رہتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

873۔منہ میں کوئی چیز چپکنے کا احساس ہوتا ہو۔جھاگ کی طرح چپکنے والا تھوک بنتا ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis Q

874۔تھوک صابن کے جھاگ کی طرح ہوتا ہو۔مزے کے لحاظ سے نہیں بلکہ شکل سے

یوں لگتا ہو جیسے صابن کی جھاگ ہو۔

مفید دوا : لیکیسس　Lachesis 200-30

875۔تھوک گاڑھی، سخت، مضبوط دھاگے دار، زرد رنگ کی ہوتی ہو۔

1۔سب سے نمایاں علامت: کالی بائیکروم　Kali Bich 30

2۔نمایاں علامات: لیکیسس　Lachesis 200-30

876۔مریض کے منہ کا تھوک لیسدار اور دھاگے دار ہوتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ہائیڈروفوبینم　Hydrophobinum 200

2۔کوکس کیکطائی　Coccus Cacti 30

3۔کالی بائیکروم　Kali Bich 30

4۔ہائیڈروکوٹائل　Hydrocotyle 200

877۔منہ کے اندرونی حصے خصوصاً زبان کا بے حس ہو جانا (نمایاں علامت)

مفید دوا : کاربونیم سلف　Carbonium Sulph 30

878۔منہ اور منہ کے کنارے جھل جاتے ہوں۔خشک اور چھلے ہوئے ہونٹ (خاص علامت)

مفید دوا : کریوزوٹ　Kreosot 30

879۔منہ کے کناروں پر زخم بن جاتے ہوں۔زبان اور مسوڑھے زخمی رہتے ہوں اور دانت ڈھیلے ہو کر ہلنے لگتے ہوں۔

مفید دوا: سورائینم　Psorinum 200

880۔منہ اور ناک کے کناروں پر زخم بن جاتے ہوں اور زخموں پر ایک پتلے چھلکے کی تہہ آ جاتی ہو۔

مفید دوا : بووسٹا　Bovista 30

881۔ منہ اور ناک کے کناروں پر زخم بن جاتے ہوں ان زخموں میں کچا پن پایا جاتا ہو اور کوئی تہہ نہیں جمتی ہو تو

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30-6x

882۔ منہ کی جھلیوں اور مسوڑھوں سے سرخ رنگ کا خون بہے تو مفید دوائیں:

1۔ فیرم فاس Ferr. Phos 30-6x

2۔ ملی فولیم Millefolium 200-30

883۔ منہ کی اندرونی جھلیوں سے خون بہنے کا احتمال ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

884۔ منہ سے رالیں بہت بہتی ہوں۔

عمدہ دوا: لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 30

زبان کی متفرق تکالیف

885۔ زبان پر چیرے پڑ گئے ہوں۔ مفید نسخہ:

1۔ لائیکو پوڈیم Lycopodium 200

2۔ سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x ملا کر

886۔ مریض کی زبان موٹی ہو کر باہر نکل آئے اور کانپنے لگے۔ بولنے میں دقت ہوتی ہو اور فالجی اثرات نمایاں ہوں۔

مفید دوا : ابسنتھیم Absinthium 30

887۔زبان بند ہو گئی۔ مفید نسخہ:

1۔آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
1000 ملا کر

ہفتہ کے وقفہ سے

2۔کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30 روزانہ تین بار

888۔زبان سفید اور متورم ہو جاتی ہو۔ کناروں پر سیاہی مائل زخم ہو جاتے ہوں جو گینگرین کی یاد دلاتے ہوں۔

کارآمد دوا: بسمتھم Bismuthum 30

889۔زبان سفید اور منہ کا ذائقہ بہت نمکین ہوتا ہو۔ مریض ترش چیزیں پسند کرتا ہو۔ نقاہت اور کمزوری کا احساس بہت زیادہ ہوتا ہو۔

مفید دوا: سیپیا Sepia 30

890۔زبان کے کھچاؤ اور سختی کیلئے

مفید دوا: کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

یہ فالجی کیفیت پر بھی اثرانداز ہوتی ہے اور اس میں اچانک تشنج کی علامت بھی پائی جاتی ہے۔

891۔زبان پر گنٹھیا کی قسم کا درد اور سوجن ہوتی ہو، یعنی زبان کا کوئی نہ کوئی حصہ دُکھنے لگتا ہو، مسوڑھوں پر چھالے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا: سلیشیا Silicea 6x

892۔زبان پر سختی اور سوزش نمایاں ہو تو

مفید دوا: کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

893۔منہ میں خشکی سے زبان چپکتی ہو، زبان جلی ہوئی اور چھلی ہوئی محسوس ہو، زبان پر

چھالے بھی پڑ جاتے ہوں تو مفید دوا : بربرس Berberis 3-Q

894۔زبان سرخ اور زخمی سی ہو جاتی ہو تو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

895۔زبان پر سُرخی اور دکھن کے علاوہ جلن دار سنسناہٹ پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم Arum Triphyllum 30

اس تکلیف کو عموماً **Strawberry Tongue** کہا جاتا ہے۔

896۔زبان پر چھوٹے چھوٹے آبلے بن جاتے ہوں جن کو چھونے سے درد ہوتا ہو اور نگلنے میں دقّت ہوتی ہو

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 200-30

897۔زبان پر لکیریں ظاہر ہوتی ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

898۔زبان کے کنارے زردی مائل یا سفید کٹے پھٹے ہوں۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

899۔زبان پر کالا، بھورا، سفید اور زرد رنگ پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

900۔زبان کا بے حس ہو جانا۔ منہ کے اندرونی حصے خصوصاً زبان کا بے حس ہو جانا (نمایاں علامت)

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

901۔زبان پر زرد رنگ کی تہہ جم جاتی ہو۔زبان کناروں سے چھل جاتی ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

902۔ زبان پیلی پیلی اور سوجی ہوئی اور بالکل خشک ہوتی ہو، کئی دفعہ زبان اور منہ میں السر بھی بن جاتے ہوں

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

903۔ زبان بے حس ہو جاتی ہو اور کھانا کھاتے ہوئے مریض کی زبان کٹ جاتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

904۔ اگر معدے کی خرابی کی وجہ سے مذکورہ بالا علامات پیدا ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ہائیوسیمس Hyoscyamus 30

2۔پلسٹیلا Pulsatilla 30

3۔کاربوتیج Carboveg 30

905۔ زبان کا موٹا ہو جانا، زبان اور ہونٹوں کا بے حس ہو جانا (علامت)

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

اس صورت میں لفظوں کی ادائیگی مشکل ہو جاتی ہے۔ دراصل زبان کا موٹا ہونا اور ہونٹوں کی بے حسی منہ اور گلے کے اندر فالجی علامتیں پیدا ہونے کا آغاز ہے۔ اگر اسے بروقت قابو نہ کیا جائے تو زبان اور گلے پر فالج گر سکتا ہے۔ اس لئے ایسے مریض کو فوری طور پر لیکیسس دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 547)

906۔ زبان مفلوج ہو جاتی ہو اور لکنت کے آثار ظاہر ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

907۔ زبان کا فالج نمایاں ہو تو

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

908۔ زبان پر سے کنٹرول اُٹھ جاتا ہو یا کم ہو جاتا ہو۔ اس لئے مریض بولتے بولتے

فالج زدہ کی طرح رُک رُک کر بولتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

909۔زبان پر زرد رنگ کی تہہ جم جاتی ہو، تالو میں زردی پائی جاتی ہو۔منہ اور زبان خشک رہتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat Phos 6x

910۔مریض کی زبان سرخی مائل ہوتی ہو اور منہ خشک لیکن پیاس نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

911۔زبان اور منہ کے اندر جلنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : آئرس ورسیکولر Iris Versicolor 30

912۔زبان پر سُرخ اور جلن پیدا کرنے والے آبلے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : بوریکس Borax 30

913۔زبان پر بہت باریک باریک دانے نکل آتے ہوں اور زبان زخمی ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30

914۔زبان پر جلن دار چھالے بن جاتے ہیں۔منہ سے سڑی ہوئی بدبُو آتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30

915۔زبان کٹ جاتی ہو تو

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

916۔زبان کناروں سے چھل جاتی ہو۔زبان پر زرد رنگ کی تہہ جم جاتی ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

917۔زبان چھلی ہوئی ہوتی ہوتو

مفیددوا : فائیٹو لاکا 30 Phytolacca

918۔زبان پر میل سی جھاگ دار تہہ جم جاتی ہو، سرسراہٹ کا احساس ہوتا ہو جیسے بال

چپکا ہو۔ مفیددوا : نیٹرم میور 6x Nat. Mur

919۔زبان پر لیسدار زرد رطوبت پائی جاتی ہو۔

مفیددوا : کالی فاس 6x Kali Phos

920۔زبان پر پھپھوندی لگ جاتی ہو، جسم میں عفونت پھیل جاتی ہو تو

مفیددوا : کالی فاس 6x Kali Phos

جب دفاعی طاقتیں جواب دے جائیں تو جسم میں عفونت پھیل جاتی ہے اور زبان پر

پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ کالی فاس اس بیماری میں اچھی دوا ہے۔

921۔زبان کے نیچے غدود کی سوزش کے لئے

مفیددوا : پلمبم میٹ 30 Plumbum Met

922۔زبان سانپ کی زبان کی طرح باہر نکلتی اور سکڑتی ہو۔

کارآمد دوا: کیوپرم 30 Cuprum

923۔زبان بالکل خشک ہو کر چمڑے کی طرح ہو جاتی ہو، منہ بھی خشک ہوتا ہو لیکن

پیاس نہیں ہوتی ہو۔

مفیددوائیں: 1۔لیکیسس 200 Lachesis

2۔جلسیمم 200 Gelsemium

924۔زبان سرخ، خشک اور سوجی ہوئی، ایسے مریض کی زبان کے کینسر کے لئے

مفیددوا: کروٹیلس 200-30 Crotalus

925۔زبان خشک اور کھردری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

926۔زبان سرخ یا بھوری، خشک اور کٹی پھٹی ہوتی ہو (بخار کی حالت میں)

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

منہ کا ذائقہ

Taste of Mouth

927۔منہ میں دھات کا مزہ رہتا ہو اور بہت تھوک بہتا ہو۔

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

928۔منہ کا ذائقہ دھات کی طرح کسیلا ہو۔مفید دوائیں:

1۔کاکولس Cocculus 30

2۔ ایسکولس Aesculus 30

کاکولس میں منہ کا ذائقہ دھات کی طرح ہو جاتا ہے جس میں ہلکی سی تیزابیت پائی جاتی ہے۔معدہ میں کھٹاس، متلی اور قے کا رجحان پایا جاتا ہے۔

929۔منہ کا مزہ دھات کی طرح کا ہو جاتا ہو۔منہ میں بہت رطوبت بنتی رہتی ہو۔

مفید دوا: مرکری Mercurius 30

مرکری کی عام علامات جو ہومیو پیتھک ڈاکٹروں کے زبان زد عام ہیں ان میں منہ سے رال بہنا، بہت پسینہ آنا، گلے کی خرابی اور خوفناک بدبُو وغیرہ ہیں۔مرکری کا مریض ہمیشہ متعفن ہوتا ہے اس سے ایسی خطرناک اور تیز بُو آتی ہے کہ اس کا بیان کرنا بہت مشکل کام ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 592)

930۔ کسی چیز کا ذائقہ ٹھیک نہیں رہتا ہو۔ کھٹے ڈکار آتے ہوں۔

مفید دوا : الیومینا 30 Alumina

931۔ عام کھانے میں مزہ نہیں رہتا ہو۔

مفید دوا : سٹرونشیم کارب 30 Strontium Carb

سٹرونشیم کارب میں مریض کی بھوک ختم ہو جاتی ہے وہ گوشت سے عموماً نفرت کرتا ہے۔ ویسے بھی عام کھانے میں مزہ نہیں رہتا۔

932۔ جگر خراب ہونے سے منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہو یا پھیکا اور بدمزہ، زبان گندی ہو جاتی ہو۔ کھانے کی خواہش مٹ جاتی ہو۔

مفید دوا : کارڈوس میریانس 30-Q Carduus Marianus

933۔ منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہو اور زبان سفید ہو جاتی ہو۔ معدہ میں دُکھن کا احساس اور نظام ہضم بہت خراب ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس 30 Hydrastis

934۔ صبح کے وقت منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہو اور زبان پر سفید موٹی تہہ جم جاتی ہو، پیٹ کی ہوا میں بہت بدبُو ہوتی ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا 30 Dioscorea

935۔ منہ کا ذائقہ خصوصاً پانی پینے کے بعد کڑوا معلوم ہوتا ہو۔

مفید دوا : کریوزوٹ 30 Kreosotum

معدے میں تیزابیت، قے اور متلی کا رجحان ملتا ہے۔ قے کا مواد گلے میں جلن اور خراش پیدا کرتا ہے۔ منہ کا ذائقہ خصوصاً پانی پینے کے بعد کڑوا معلوم ہوتا ہے۔ معدے میں درد جسے کچھ کھانے سے آرام ہو مگر کھانے کے بعد قے ہو جاتی ہو۔ گرم غذا سے مریض بہتر محسوس

کرتا ہے جبکہ ٹھنڈی غذا سے بیماریوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ معدہ میں کھچاؤ اور ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 522)

کریئوزوٹ میں زبان پر سفیدی مائل تہہ جم جاتی ہے۔ ہونٹ سرخ جن میں خون بہنے کا رجحان ہوتا ہے۔ منہ کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

936۔ شدید بھوک اور پیاس کی علامت پائی جاتی ہو۔ منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہو۔

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

937۔ منہ کا ذائقہ کڑوا محسوس ہوتا ہو۔ (نظام ہضم بہت کمزور پڑ جاتا ہو۔)

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

938۔ زبان سفید اور منہ کا ذائقہ نمکین ہوتا ہو۔ مریض ترش چیزیں پسند کرتا ہو۔

کارآمد دوا: سیپیا Sepia 30

939۔ منہ میں دھات کا سا مزہ آنے لگتا ہو جیسے بیٹری کے سیل کو زبان لگائی جائے تو عجیب سا احساس ہوتا ہے۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

زبان سُرخ اور زخمی سی ہو جاتی ہے۔ حلق کے غدود سوج جاتے ہیں اور گلے میں سوزش ہوتی ہے، چھالے پڑ جاتے ہیں۔

940۔ کھانا پکانے کی بُو سے متلی ہوتی ہو اور منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ سٹینم Stannum 30

2۔ کالچیکم Colchicum 30

سٹینم میں معدہ خالی ہونے کا احساس رہتا ہے اور خالی پن کے احساس کے ساتھ تشنج بھی ہوتا ہے۔

کالچیکم میں یا تو معدے میں سخت گرمی محسوس ہوتی ہے یا سخت سردی۔ انتڑیوں کے تشنج کی وجہ سے پیٹ ہوا سے ایسا تن جاتا ہے کہ کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دیگا۔

ہونٹوں کی تکالیف

Ailments of Lips

941۔ہونٹوں کے ناسور اور زخموں کے لئے

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

942۔ہونٹوں کے زخموں خصوصاً نچلے ہونٹ کے السر میں فائدہ مند دوا:

سسٹس Cistus 30

943۔دونوں ہونٹوں کے السر میں مفید دوا :

ڈلکامارا Dulcamara 30

944۔ہونٹ سرخ، جن سے خون بہنے کا رجحان ہو۔

مفید دوا : کریئوزوٹ Kreosotum 30

945۔ہونٹ کٹے پھٹے ہوں اور ان میں زخم بنتے ہوں تو

کارآمد دوا: سلفر Sulphur 30

946۔ہونٹوں اور گالوں کے اندر سوزش کے حلقے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

947۔نیچے کا ہونٹ سُوج کر موٹا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

948۔ہونٹوں کے کنارے پھٹ جاتے ہوں، ہونٹوں پر پپڑیاں جم جاتی ہوں۔
مریض گھبرا کر انہیں اتارنے کی کوشش کرتا ہو تو خون رسنے لگتا ہو مفید دوائیں:

1۔برائیونیا Bryonia 30

2۔ نیٹرم میور   Nat. Mur   30-6x

نیٹرم میور، برائیونیا کی مزمن دوا بھی ہے۔

949۔ ہونٹوں پر پپڑیاں جم جاتی ہوں اور کنارے خشک ہو کر پھٹ جاتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ برائیونیا   Bryonia   200-30

2۔ فاسفورس   Phosphorus   200-30

3۔ نیٹرم میور   Nat. Mur   200-6x

950۔ ہونٹ خشک اور چھلے ہوئے ہوں۔ منہ کے کنارے بھی چھل جاتے ہوں (علامت)

مفید دوا : کریوزوٹ   Kreosot   30

951۔ ہونٹ خشک ہو کر پھٹ جاتے ہوں۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ   Muriatic Acid   30

دانتوں کی تکالیف

Ailments of Teeth

952۔ دانت میں درد (TOOTHACHE) مفید نسخہ:

فیرم فاس   Ferr. Phos

کلکیریا فلور   Calc. Fluor

سلیشیا   Silicea

کالی فاس   Kali Phos

(6x ملا کر)

953۔ دانت درد سردی کی وجہ سے۔

مفید دوا : ایکونائیٹ   Aconite   1000

دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں۔

954۔ دانت ہلتے ہوں اور سردی اور ٹھنڈی ہوا سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

955۔ دانتوں کو گرم چیز لگنے سے بھی تکلیف ہوتی ہو اور ٹھنڈی چیز لگنے سے بھی۔ مفید دوائیں:

1۔ کالی کارب Kali Carb 30

2۔ مرک سال Merc. Sol 30

کالی کارب میں دانت سردی سے زود حس ہو جاتے ہیں۔ کالی کارب کے مریض میں چڑچڑاپن بہت نمایاں ہوتا ہے۔ اکیلے پن کا خوف۔ توہمات کا شکار ہو جاتا ہے۔ گرمی اور سردی دونوں سے زود حس ہوتا ہے۔

مرکری کی علامت میں منہ سے رال بہنا۔ بہت پسینہ آتا ہو، گلے کی خرابی اور خوفناک بدبُو وغیرہ ہیں۔

956۔ دانت بہت حساس ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

957۔ کھانا چباتے وقت دانت بہت حساس ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

958۔ دانت اور اس کے ارد گرد کا حصہ بہت حساس ہو جاتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

2۔ اینٹی مونیم کروڈ Antim. Crud 30

3۔ چائنا China 30

959۔ دانتوں کے درد میں برف کا پانی منہ میں رکھنے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : کافیا Coffea 30

دانتوں کا درد اعصابی تکلیف کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس میں کوئی معین قانون نہیں چلتا۔ کافیا کے درد کو ٹھنڈ آرام دیتی ہے۔

960۔ دانت کے اعصابی ریشوں میں درد ہوتا ہو۔ ہلکی حرکت سے دانت درد میں افاقہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

961۔ دانت درد رات کو اور تمباکو کی بُو سے زیادہ ہو جاتے ہوں۔ خصوصاً بستر کی گرمی سے تکلیف بڑھتی ہو۔

کارآمد دوا: کلیمیٹس Clematis 30

962۔ رات کو دانتوں میں درد۔ دانت کٹکٹانے کو دل چاہتا ہو جس کی وجہ سے نیند بے چین ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

963۔ دانت درد جو عموماً رات کو شروع ہو کر صبح تک غائب ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کیموميلا Chamomilla 30

964۔ دانت کے نیچے ہڈی میں درد، اکثر رات کو بڑھتا ہو۔ اگر چھ بجے شام کو شروع ہو اور صبح چار بجے تک جاری رہے تو بہت زود اثر اور

ناقابل فراموش دوا: گائیکم Guaicum 30

965۔ دانت درد کا ساری رات سے تعلق ہو تو

مفید دوا : آرسینکم Arsenic 30

966۔ دانتوں کا درد آہستہ آہستہ بڑھتا ہو اور بہت شدید ہوتا ہو لیکن ایک دم ختم بھی ہو جاتا ہو اور لمبا گہرا اثر نہیں چھوڑتا ہو

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

967۔ دانتوں میں درد اور مسوڑھے سوج جاتے ہوں تو

مفید دوا : بسمتھم 30 Bismuthum

968۔ دانتوں میں درد۔ رخساروں اور جبڑوں کی ہڈی میں سوزش ہو، مسوڑھے سوجے ہوئے ہوں۔ دانت ہلنے لگتے ہوں اور کھانا کھاتے ہوتے سخت درد ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: کلکیریا فلور 6x Calc. Fluor

969۔ چباتے ہوئے دانتوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : سبائنا 30 Sabina

970۔ دانت ہلنے لگتے ہوں اور چباتے ہوئے سخت درد ہوتا ہو۔ گویا دانت بہت لمبے ہو گئے ہوں۔

مفید دوا : چائنا 30 China

971۔ چہرے اور جبڑے کے اعصاب کے درد جنہیں ٹھنڈ سے آرام ملتا ہو۔

مفید دوا : کیموملا 30 Chamomilla

کیموملا کے مریض کے اعصاب ڈھکے چھپے ہوں تو انہیں گرمی سے آرام آئے گا۔
اگر اعصاب کے کنارے ننگے ہوں تو وہاں گرمی سے تکلیف ہوگی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 271)

972۔ دانت درد رات کو شروع ہو کر صبح تک غائب ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کیموملا 30 Chamomilla

عموماً رات کے پہلے حصہ میں زیادہ تکلیف ہوتی ہے بارہ ایک بجے کے بعد جب کروٹ صبح کی طرف پلٹ جائے تو درد ختم ہونے لگتا ہے۔

973۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی علامات میں مفید دوائیں:

1۔ اگر بہت جلن اور چبھن پائی جاتی ہو۔ اور دانت گل جاتے ہوں تو

مفید دوا : سلفر 30 Sulphur

2۔ جبڑوں کے عضلات میں کمزوری واقع ہو جاتی ہو جس کی وجہ سے دانت ڈھیلے ہونے لگتے ہوں لیکن ان میں جلن نہیں ہوتی ہو تو

مفید دوا : سسٹس 30 Cistus

اکثر ڈاکٹر مشورہ دیتے ہیں کہ دانت یا ٹانسلز نکلوا دیں۔ لیکن پھر بھی تکلیف باقی رہتی ہے اگر وقت پر کالکم دے دی جائے تو آپریشن کی نوبت نہیں آتی۔

974۔ مسوڑھے سوج جاتے ہوں۔ چھالے بنتے ہوں اور دانت مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : کیمومیلا 30 Chamomilla

وہ لوگ جو دانتوں کی صفائی میں بداحتیاطی سے کام لیتے ہیں عموماً ان تکلیفوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

975۔ دانت نکلوانے کے بعد یا دانت میں کیڑا لگنے کی وجہ سے چہرے کے اعصابی

درد میں مفید دوا : ہیکلا لاوا 30 Hekla Lava

976۔ دانت خراب اور بوسیدہ ہونے کی وجہ سے بہت تکلیف دیتے ہوں اور کسی دوا سے ٹھیک نہیں ہوتے ہوں۔

کارآمد دوا: ہیکلا لاوا 30 Hekla Lava

977۔ بچوں کے دانت نکالنے کے زمانہ میں اگر بوسیدہ اور کالے رنگ کے دانت نکلیں اور دانتوں کو نکلتے ہی کیڑا لگ جائے اور مسوڑھے سیاہی مائل ہو تو

اکسیر ثابت ہونیوالی دوا: کریئوزوٹ 30 Kreosot

978۔دانتوں کا سیاہ پڑ جانا اور جڑوں سے کھایا جانا۔مفید دوائیں:

1۔کریئوزوٹ Kreosot 30

2۔مرکسال Merc Sol 30

979۔دانتوں کی جڑیں کالی ہونا شروع ہو جائیں تو (مرکسال سے)

بہتر دوا: سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

980۔دانتوں کی جڑوں میں انفیکشن ہو اور ایسا مریض کسی اور بیماری کے لئے سلیشیا استعمال کرے اور اچانک دانت کے گرد جبڑے سوج جائیں اور دانت ہلنے لگیں تو اس کا تریاق

ہیپر سلف Hepar Sulph 30

ایسی صورت میں اگر وہ سلیشیا کے تریاق کے طور پر ہیپر سلف کھالے تو درد کو فوراً آرام آجائے گا۔پھر حسب ضرورت کوئی اور بالمثل دوا دی جاسکتی ہے۔

981۔دانتوں کے کنارے بکھرنے لگیں تو مفید دوائیں:

1۔کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

2۔سلیشیا Silicea 6x

982۔حمل کا دانت درد جو وضع حمل تک جاری رہتا ہو۔

مفید دوا: میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

983۔حیض کے ایام میں دانتوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

984۔حیض کے دوران دانت میں درد ہوتا ہو۔جو حیض ختم ہونے سے ٹھیک ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

داڑھوں کی تکالیف

985۔داڑھ نکال دی گئی مگر درد ہوتا ہو۔مفید نسخہ

میگ فاس	Mag. Phos	
سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	

986۔داڑھ میں کھوڑ۔مفید نسخہ

سلیشیا	Silicea	
کالی میور	Kali Mur	
کلکیر یافلور	Calc. Fluor	6x ملا کر
فیرم فاس	Ferr. Phos	

987۔داڑھوں میں کھانسی کی وجہ سے درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

988۔سر درد اور نزلاتی تکلیفوں میں جس طرف بھی درد ہوتا ہو اس طرف کی نچلی داڑھوں میں درد کا احساس ہوتا ہو تو

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

یہ درد دراصل اعصابی ریشوں میں ہوتا ہے جو داڑھوں میں محسوس ہوتا ہے۔

جبڑوں کی تکالیف

989۔جبڑے کی ہڈی میں زخم۔مفید نسخہ

1۔ہیکلا لاوا Hekla Lava 200 ہفتہ میں ایک بار

2۔کارسینوسن Carcinosin 30

3۔سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur 6x روزانہ تین بار
فیرم فاس Ferr. Phos

990۔جبڑے کی ہڈی کا کینسر جو بہت بڑھ چکا ہو۔شدید تکلیف ہوتی ہو،کان بھی متاثر ہو اور چہرہ سوجا ہوا ہو۔آنکھوں میں دباؤ اور درد ہو۔

مفید نسخہ: 1۔سلفر Sulphur CM

2۔سلیشیا Silicea CM

پہلے سلفر CM کی ایک خوراک۔دو ہفتے بعد سلیشیا CM کی ایک خوراک۔
اس طرح اُدل بدل کر وقفہ سے علاج کریں۔

دندل پڑ جانا

Lock Jaw

991۔گرمی کی شدت اور اندرونی کمزوریوں کی وجہ سے (عورتوں کو) دندل پڑ جاتے ہوں ہونٹ اور زبان نیلے ہو جاتے ہوں۔تشنج اور دندل پڑنے کا مشہور علاج:

کیمفر Camphor 30

منہ زبردستی کھول کر اندر دوا ڈالنے کی ضرورت نہیں۔کیمفر کی چھوٹی طاقت سے صرف ہونٹ گیلا کر دیں تو وہ خود بخود اثر دکھائے گی اور یہ کیفیت جاتی رہے گی۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 219)

☆☆☆☆☆

پائیوریا : Pyorrhoea

992۔ پائیوریا۔ بدبُو۔ خون اور پیپ یا دانتوں کا گلنا سڑنا اور درد وغیرہ کے لئے عمومی نسخہ

1۔ مرک سال Merc. Sol 1000

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہر دس دن میں صرف ایک بار

2۔ کلکیریا فلور Calc. Fluor
فیرم فاس Ferr. Phos
میگ فاس Mag. Phos
کالی میور Kali Mur
6x ملا کر

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر چوس لیا کریں۔

993۔ پائیوریا: اگر مذکورہ بالا نسخہ سے افاقہ نہ ہو تو نمبر 1 حسب سابق جاری۔ مگر نمبر 2 کی بجائے

3۔ بیلاڈونا Belladonna
آرسینک Arsenic
آرنیکا Arnica
30

درد کے دوران دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے تین خوراک۔ پھر حسب ضرورت روزانہ دن میں تین چار بار۔

994۔ اگر افاقہ نہ ہو تو نمبر 1 حسب سابق جاری مگر نمبر 3 کی بجائے نمبر 4 استعمال کریں۔

4۔ کریوزوٹم Kreosotum
آرنیکا Arnica
کالی سلف Kali Sulph
کولوسنتھ Calocynthis
30 ملا کر

شروع میں چند خوراک نصف نصف گھنٹہ کے وقفہ سے پھر حسب ضرورت روزانہ تین بار

995۔ پائیوریا کے لئے مفید نسخہ

مرک سال	Merc. Sol		30 ملا کر
کریوزوٹم	Kreosotum		

996۔ پائیوریا: دانت کھُر کھُرے ہو کر مسوڑھوں سے الگ ہو جاتے ہوں اوران کے درمیان بدبُو دار مادہ پیدا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : مرکسال Merc. Sol 30

مسوڑھوں کی تکالیف

Ailments of Gums

997۔ مسوڑھوں میں پیپ اور درد۔ مفید نسخہ

1۔ مرک سال Merc. Sol 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار

2۔ کاربوویج	Carbo Veg		30 ملا کر
کالی فاس	Kali Phos		

998۔ مسوڑھے خراب ہوں تو مفید نسخہ

مرک سال	Merc. Sol		1000
سورائینم	Psorinum		ہفتہ کے وقفہ سے تین چار خوراک

999۔ مسوڑھے سوجے ہوئے ہوتے ہوں اوران سے خون بھی نکلتا ہو۔ دانت ہلنے لگتے ہوں۔

کارآمد دوا: میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

1000۔ مسوڑھے متورم ہو جاتے ہوں اور خون بہتا ہو۔ دانت ہلنے لگتے ہوں اور سردی اور ٹھنڈی ہوا سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

1001۔ مسوڑھے سوج جاتے ہوں۔ چھالے بنتے ہوں اور مسوڑھے دانتوں کو چھوڑنے لگیں تو مفید دوا :

کیمومیلا Chamomilla 30

1002۔ مسوڑھوں سے خون بہنے لگتا ہو۔ دانت نکل جاتے ہوں، بچے رات کو دانت پیستے ہوں۔ زیادہ میٹھا کھانے کی وجہ سے دانتوں میں سوراخ ہو جاتے ہوں۔

ایک اہم دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1003۔ دانت اور مسوڑھے خراب ہوں۔ بدبُو دار پیپ بننے لگے اور مسوڑھے دانت چھوڑ دیں۔

ممکنہ دوا: بپٹیشیا Baptisia 30

1004۔ مسوڑھے سُوجے ہوتے ہوں۔ دانت مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

1005۔ مسوڑھوں سے خون آنے لگے، ذرا سا دبانے سے خون جاری ہو جاتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ کریئوزوٹ Kreosot 30

2۔ میلنڈرینم Malandrinum 30

1006۔ مسوڑھوں میں زخم بننے کی علامات پائی جائیں تو

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 30

1007۔ مسوڑھے زخمی ہوتے ہوں اور دانت ڈھیلے ہو کر ہلنے لگتے ہوں تو

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

1008۔ مسوڑھے خراب ہو جائیں اور دانت ڈھیلے ہو کر ہلنے لگیں تو (بشرط مزاج)

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

اگر صرف ایک دانت میں تکلیف ہو تو سلفر کی بجائے کوئی اور دوا تلاش کریں۔

1009۔ مسوڑھے خراب ہوجائیں اور دانت ہلنے لگیں (بشرط علامت)

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

1010۔ مسوڑھے سوجے ہوئے ہوتے ہوں اور سفید ہو جاتے ہوں۔ جن سے خون بہ

ہو۔ حلق میں گھٹن اور چبھن جو کانوں تک جاتی ہوئی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

1011۔ مسوڑھے جواب دے جائیں اور ان سے ہلکے سرخ رنگ کا بدبُو دار خون بہنے لگ

کار آمد دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

یہ خون روکنے کی اوّلین دوا ہے۔

1012۔ مسوڑھوں کے درد میں ٹھنڈے پانی کی ٹکور سے آرام آتا ہو اور گرمی پہنچانے

سے تکلیف بڑھتی ہو

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 30

1013۔ گہرے انفیکشن کے نتیجہ میں مسوڑھے خراب ہونے کے باوجود درد یا سوزش اور ہ

کی علامتیں ظاہر نہیں ہوتی ہوں۔ جراثیم اندر ہی اندر ان کو کھوکھلا کر دیتے ہوں۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

1014۔مسوڑھوں پر چھالے بن جاتے ہوں۔زبان پر سوجن اور گنٹھیا کی قسم کا درد۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

1015۔دانتوں کی جڑوں اور گالوں کے اندرونی حصوں میں السر بننے کا رجحان ہو تو

مفید دوا : کالی بائیکرومم Kali Bich 30

1016۔دانتوں کے نیچے مسوڑھوں پر ایک نیلی سی لکیر آ جاتی ہو۔جو وقت کے ساتھ ساتھ گہری ہوتی چلی جاتی ہو۔(خاص علامت)

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

1017۔دانت جلدی مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہوں۔دانتوں کے بھینچنے سے مسوڑھوں کو کچھ آرام محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

☆☆☆☆☆

سر اور گردن کے عوارض

Ailments of Head & Neck

سر درد ، درد شقیقہ

1018۔میگرین (Migraine): سر درد۔نظر پر بھی اثر پڑتا ہو۔گردن کے پٹھوں میں درد۔مفید نسخہ:

انوسموڈیم	Onosmodium	
جلسیمیم	Gelsemium	200 درد والے دن دو دفعہ
لیکیسس	Lachesis	

1019۔ میگرین یعنی درد شقیقہ کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

جلسیمیم	Gelsemium	200-30 ملا کر
اونوسموڈیم	Onosmodium	

1020۔ درد شقیقہ کی علامات: معدے کی کھٹاس، متلی کا رجحان، آدھے سر کا درد، جکڑن کا احساس وغیرہ ہوں۔

مفید دوا: آئرس ورسیکولر Iris Virsicolor 30

1021۔ سر درد، درد شقیقہ سے مشابہت رکھتا ہو۔ عموماً ایک طرف ہوتا ہو۔ کنپٹیوں میں اندر کی طرف جاتا ہو۔ اور چہرہ کی ایک ہی طرف ہوتا ہو۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

اس دوا کی خاص علامت یہ ہے کہ جسم کی ایک طرف گرم اور ایک طرف ٹھنڈی ہوتی ہے۔ یہ گرمی اور سردی کا فرق ہاتھ لگانے سے بھی محسوس ہوتا ہے۔ چہرہ ایک طرف سے تمتمایا ہوا اور دوسری طرف سے ٹھنڈا اور زرد گویا خون نہیں رہا۔ یہ ایک ایسی نمایاں علامت ہے جس کے نتیجہ میں پلسٹیلا کی پہچان مشکل نہیں رہتی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 692)

☆☆☆☆☆

پرانا اور ضدی سر درد

1022۔ پرانا سر درد: اگر یک طرفہ سر درد ہو اور گردن کے پٹھے بھی متاثر ہوں۔ مفید نسخہ

1۔ روٹا	Ruta	
انوسموڈیم	Onosmodium	200
جلسیمیم	Gelsemium	

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار علاوہ ازیں

2۔ ملی فولیم	Millefolium		
میگ فاس	Mag. Phos	30	روزانہ تین بار
سمسی فیوجا	Cimicifuja		

1023۔ پرانا سردرد: اگر مذکورہ بالا نسخہ سے افاقہ نہ ہو اور پاؤں گرم ہوا ,.2 کی بجائے

3۔ پلسٹیلا	Pulsatilla	
بیلاڈونا	Belladonna	0
سینگونیریا	Sanguinaria	

روزانہ تین چار بار۔ گولیوں کی شکل میں دس پندرہ گولیاں فی خوراک قطروں کی شکل میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

1024۔ پرانا سردرد: اگر نسخہ نمبر 3 سے افاقہ نہ ہو تو

میگ فاس	Mag Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	

ملا کر دن میں تین بار دو دو ٹکیاں

1025۔ ضدّی سردرد کے لئے : CHRONIC HEADACHE

1۔ کیوپرم میٹ	Cuprum	30 ملا کر
نکس وامیکا	Nux Vomica	
2۔ پیسی فلورا	Passiflora	Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

1026۔ دائمی سردرد جو معیّن وقفوں سے آتا ہو۔ سردرد میں جھکنے سے اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 200-30

1027۔ پرانے اور ضدی سر درد میں مفید دوا :

کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

اگر کسی دوا سے فائدہ نہ ہو تو کلکیر یا فاس کو بھی استعمال کر کے دیکھنا چاہیئے ۔اس کے سر درد کی علامت سمی فیوجا سے بالکل اُلٹ ہے۔ سمی فیوجا میں ماؤف حصہ کے بل لیٹنے سے اضافہ ہو جاتا ہے لیکن بعض دفعہ ماؤف حصہ کو دبانے سے اعصاب بھی پھڑ کنے لگتے ہیں۔کلکیر یا فاس میں جس کروٹ مریض لیٹے گا اس کی مخالف سمت درد شروع ہو جائے گا۔اگر دائیں طرف لیٹے گا تو سر درد کا حملہ بائیں طرف ہو جائے گا۔بائیں طرف سر رکھے گا تو درد دائیں طرف منتقل ہو جائے گا۔یہ کلکیر یا فاس کی خاص علامت ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 191)

سر درد کی مختلف علامات اور ان کا علاج

(اعصابی تکلیف، سر، گردن اور بازو میں درد)

1028۔اعصابی تکلیف، سر، گردن اور بازو میں درد۔مفید نسخہ

1۔آرنیکا Arnica
جلسیمیم Gelsemium
200 ملا کر

2۔کالی کارب Kali Carb
سمی فیوجا Cimicifuga
30 ملا کر

1029۔آنکھ کھجلانے سے سر درد۔کارآمد نسخہ

سلفر Sulphur
بیلاڈونا Belladonna
200 ملا کر

1030۔سر درد سارے سر میں پھرتی ہے۔

بیلاڈونا Belladonna
جلسیمیم Gelsemium
آرسینک Arsenic
200

چند دن روزانہ رات کو ایک بار

1031۔ سر میں شدید درد جو گردن تک پھیلتا ہو۔ دباؤ سے اور گرم کمرے میں آرام ملتا ہو۔ پیشانی میں دھڑکن محسوس ہوتی ہو۔ مریض ہلکا سا دباؤ برداشت نہیں کرسکتا ہو جبکہ بھرپور دباؤ سے آرام آتا ہو لمس، ہوا کے جھونکوں اور کسی چیز کی دھمک سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

1032۔ کھوپڑی اور گردن کے پٹھوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

1033۔ اگر پڑھنے سے سر درد زیادہ ہوتی ہو اور آنکھیں سُرخ ہو جاتی ہوں۔ یا شور سے زیادتی ہوتی ہو تو

بیلاڈونا Belladonna
ملی فولیم Millefolium 30
نیٹرم میور Nat. Mur

روزانہ تین بار۔ افاقہ ہو تو آہستہ آہستہ کم کردیں۔

خوراک: دس پندرہ گولیاں۔ قطروں کی شکل میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں

1034۔ پڑھتے وقت اگر سر درد ہو تو

1۔ بیلاڈونا Belladonna
ملی فولیم Millefolium
30 ملا کر

اگر فرق نہ پڑے

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur
میگ فاس Mag. Phos
6x ملا کر

1035۔ پڑھنے سے سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ لفظ چھوٹے محسوس ہوتے ہوں۔ ہر چیز آدھی روشن اور آدھی تاریک نظر آتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

1036۔ بہت محنتی اور امتحان سے خوفزدہ رہنے والے طلباء کو مستقل سر درد کی شکایت ہو جاتی ہو۔

بہت اہم دوا: پکرک ایسڈ Picric Acid 30

وہ سر درد جو لمبی محنت اور دماغ سوزی کے نتیجہ میں رفتہ رفتہ آ کر ٹھہر جائیں۔ خواہ وہ شدید ہوں یا نہ ہوں۔ ان میں پکرک ایسڈ اچھا کام کرتی ہے۔ پکرک ایسڈ کے مریض کو نیند سے آرام ملتا ہے۔

1037۔ لمبے غور و فکر اور زیادہ کام کرنے کے نتیجہ میں ذہن پر دباؤ ہو جو لمبا عرصہ چلے اور سر درد کا دورہ ہو۔

کارآمد دوا: پکرک ایسڈ Picric Acid 30

دماغی محنت سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہے۔ لیکن مرطوب موسم میں درد بڑھ جاتا ہے۔ سر درد کو لیٹنے اور سر کر باندھنے سے آرام آتا ہے۔ لیکن حرکت اور جھکنے سے درد بڑھ جاتا ہے۔

1038۔ ذرا سی ذہنی تھکاوٹ سے سر میں درد ہوتا ہو۔ جو سورج کی روشنی یا گیس کی روشنی سے بڑھ جاتا ہو اور چکر بھی آتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1039۔ بائیں کنپٹی میں درد

آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملا کر

1040۔ بائیں کنپٹی میں درد ہوتا ہو۔ کھوپڑی میں دباؤ اور گھٹن محسوس ہو۔ جلن اور خارش بھی پائی جاتی ہو

مفید دوا : مرکسال Merc. Sol 30

1041۔ کنپٹیوں اور پیشانی میں درد ہوتا ہو جو حرکت سے بڑھتا ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

1042۔ پیشانی، کنپٹیوں اور گدی میں شدید درد ہوتا ہو۔ جس میں دبانے سے اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

1043۔ کھانے کے بعد پیشانی میں شدید درد، سر میں بھاری پن، گدی میں درد اور چکر.

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

1044۔ سر میں بھاری پن اور کنپٹیوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

1045۔ قبض کی وجہ سے پیشانی اور سر میں درد ہوتا ہو (نمایاں علامت)

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

1046۔ سر خصوصاً پیشانی میں درد ہوتا ہو اور رخسار کی ہڈیوں کے راستے باہر کی طرف پھیلتا ہو۔

مفید دوا : ڈورسرا Drosera 30

1047۔ سر درد پیشانی سے شروع ہو کر سر کے پچھلی طرف گدی میں جاتا ہو۔ سر بوجھل ہوتا ہو۔ چہرے اور سر کی طرف خون کا دوران ہوتا ہو۔ جلد دُکھتی ہو اور سرخ ہو کر متورم ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

رسٹاکس جب بھی بالکل دوا ہوگی اس کے کھاتے ہی ضرور گہری نیند آ جائیگی اور گھبراہٹ اور بے چینی کا نشان باقی نہیں رہے گا۔

رسٹاکس کے سردرد کی کئی علامات بخار میں ہونے والے سردرد سے مشابہ ہوتی ہیں۔ اگر کسی دوسری دوا کی علامتیں واضح ہوں تو وہی دینی چاہیئے۔ اگر کسی دوا کی علامتیں واضح نہ ہوں تو بسا اوقات رسٹاکس مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

1048۔ سردرد پیشانی سے پیچھے کی طرف منتقل ہوتا ہو۔ آنکھوں اور کنپٹیوں پر بوجھ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : فائیٹو لاکا Phytolacca 30

1049۔ مریض کو سر کی چوٹی پر بوجھ کا احساس، سر میں درد ہوتی ہو، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔ نیز ذہنی دباؤ سے سردرد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

1050۔ سر میں شدید درد کے ساتھ پیشانی میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocrasis 200-30

سردرد گدی سے شروع ہوتا ہو

1051۔ سردرد گدی سے شروع ہوتا ہو اور عام طور پر دائیں کنپٹی یا دائیں آنکھ میں آ کر ٹھہر جاتا ہو۔

مفید دوا : سینگو نیریا Sanguineria 30

سینگو نیریا کی بیماری خون کی خرابیوں سے پیدا ہوتی ہے۔ سینگو نیریا کے درد کے ساتھ دھڑکن پائی جاتی ہے۔ سینگو نیریا میں نیند مرض کو بڑھا دیتی ہے۔

1052۔ سر درد گدی سے شروع ہوتا ہو۔ عموماً صبح کے وقت درد کا آغاز ہوتا ہو۔ درد گدی سے آگے کی طرف منتقل ہوتا ہو۔ ماتھے اور آنکھوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہو۔ اگر یہ علامت واضح ہو۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 30-6x

اس کا سر درد صبح سے شروع ہو کر رات تک جاری رہتا ہے۔ سلیشیا ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

1053۔ سر درد ہمیشہ پچھلے حصہ سے شروع ہوتا ہو اور سارے سر میں پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 30

1054۔ سر درد یا تو سر کی پشت پر شروع ہوتا ہو یا پیشانی پر۔ سر درد سر کے پیچھے اور گردن کے نچلے حصہ میں محدود ہو۔ نیز دھڑکن پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

1055۔ سر درد سر کے پچھلے حصہ یعنی گدی سے شروع ہو کر گردن میں دونوں طرف پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 30

1056۔ سر درد عموماً گدی میں بیٹھ جاتا ہو جس کا نزلہ سے تعلق ہوتا ہو۔ بالآخر سارے سر میں درد محسوس ہوتا ہو جیسے ہتھوڑے چل رہے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ کاربوویج Carboveg 30

2۔ نیٹرم میور Nat Mur 200-30

نیٹرم میور میں بھی ہتھوڑے چلنے کی علامت پائی جاتی ہے۔

1057۔ بائیں طرف کا سر درد جو گدی میں آ کر ٹھہر جائے یا گردن میں جائے۔

1۔ بہت موثر دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔مفید دوا : اونوسموڈیم Onosmodium 200-30

1058۔سر درد ہمیشہ بائیں طرف سے شروع ہوتا ہو اور گدی پر بہت دباؤ ہوتا ہو اور جبڑا بھی متاثر ہوتا ہو۔

1۔(علامت) لیکیسس Lachesis 200

2۔مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200

جلسیمیم بھی اس قسم کے درد کے حملوں میں بہت مفید ہے۔لیکن اس میں درد سر کے پیچھے کندھوں میں اترتا ہے اور پیٹھ کے عضلات تک پھیل جاتا ہے۔صرف گدی کے ایک طرف ہی محدود نہیں رہتا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 545)

1059۔سر درد عموماً گدی میں ہوتا ہو اور ریڑھ کی ہڈی تک پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

1060۔سر کے پیچھے گدی میں درد اور کمر میں جلن (علامت)

مفید دوا : آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iod. 30

1061۔سر درد گدی سے شروع ہوتا ہو۔سر درد کے ساتھ متلی اور قے کا رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : بنزوک ایسڈ Benzoic Acid 30

1062۔سر درد گدی سے شروع ہوتا ہو، کبھی دائیں طرف اپنا مقام بناتا ہو اور کبھی بائیں طرف اور اس میں دھڑکن ہوتی ہو۔درد کی لہریں دوڑتی پھرتی ہوں۔یہ درد ماتھے پر آ کر کبھی دائیں اور کبھی بائیں آنکھ میں آ کر ٹھہر جاتا ہو۔درد کے ساتھ یہ احساس بھی ہوتا ہو کہ سر پر کس کر کپڑا بندھا ہوا ہے۔بعض دفعہ درد کی شدت سے مریض ٹھنڈا ہو جاتا ہو۔پسینے چھوٹ جاتے ہوں۔بلا تاخیر دی جانے والی مؤثر دوا:

سپائی جیلیا Spigelia 30

ایسے مریض کو فوراً گرم لحاف اوڑھا کر قہوہ وغیرہ پلانا چاہیئے اور بلا تاخیر سپائی جیلیا شروع کروا دینی چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 762)

1063۔ سر میں درد ہو اور مریض تکیہ پر سر رکھ کر سو نہیں سکتا ہو۔ جس طرف بھی سر رکھے وہاں دھڑکن محسوس ہوتی ہو کیونکہ خون کا رجحان سر کی طرف ہوتا ہے۔

مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200-30

نزلہ اور سر درد

1064۔ نزلے سے سر درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

1065۔ نزلہ کے ساتھ سر درد ہو تو

مفید دوا : یوفریزیا Euphrasia 30

1066۔ جب بھی نزلہ بند ہو سر درد شروع ہو جاتا ہو۔ سر درد اور نزلہ آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہوں۔ (نمایاں علامت)

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

سر درد کا مختلف اوقات کے ساتھ تعلق

1067۔ اوقات کی تبدیلی سے پیدا ہونے والے سر درد کی دوا:

جلسیمیم Gelsemium 200-30

اگر اٹھنے کے اوقات میں تبدیلی واقع ہو جائے یا ناشتہ کا وقت بدل جائے تو جلسیمیم کے مریض کو عموماً سر میں درد شروع ہو جاتا ہے۔

1068۔ سر درد رات کو سونے کے بعد تیسرے پہر شروع ہوتا ہو یا پھر صبح نو بجے۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

1069۔ رات کے وقت سر میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

مریض انتہائی کمی خون کا شکار ہو تو یہ دوا مفید ہے۔

1070۔ سونے سے سر درد میں بہت شدت پیدا ہو جاتی ہو۔ سونے سے پہلے درد نہ بھی ہو تو بھی سونے کے کچھ دیر بعد سر درد کی وجہ سے مریض کی آنکھ کھل جاتی ہو۔ سر اٹھانے سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ درد کی لہریں سر کے پچھلے حصہ سے آگے کی طرف آتی ہوں اور بہت کمزوری ہوتی ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

1071۔ صبح کے وقت شدید سر درد (علامت)

جلسیمیم Gelsemium 200

1072۔ سر میں صبح کے وقت بھاری پن، ایسا درد جیسے کسی نے زخم لگا دیا ہو۔

مفید دوا : ہیڈی اوما Hedeoma 30

1073۔ سر درد صبح شروع ہو کر رات تک جاری رہتا ہو تو

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

سلیشیا ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

1074۔ مریض صبح سر درد کے ساتھ اٹھتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200

لیکیسس کے مریض کا مرض سوتے میں رات بھر بڑھتا رہتا ہے۔اور بعض مریضوں کو پریشان کن خوابیں آتی ہیں اور صبح اٹھنے تک بیماری میں بہت اضافہ ہو چکا ہوتا ہے۔ مریض سخت بے چین ہوتا ہے صبح سر میں ٹپکن والا درد ہوتا ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہے۔اس کے علاوہ مریض غم کا گہرا اثر قبول کرتا ہے جو لیکیسس کا خاص نشان ہے۔

جلسیمیم میں بھی مریض صبح سر درد کے ساتھ اٹھتا ہے لیکن اس کی رات بے چینی سے نہیں گزرتی اور نہ ہی اسے ڈراؤنے خواب آتے ہیں۔

معیّن وقفوں سے ہونے والا سر درد

1075۔ سر درد بہت ہوتا ہو جس کا دورہ ہفتہ میں ایک دفعہ ضرور پڑتا ہو۔ اسے گرمی پہنچانے سے آرام آتا ہو۔اس طرح گرم ٹکور سے بھی فائدہ پہنچتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 200-30

سلفر کی عمومی تکلیفیں گرمی سے بڑھتی ہیں خاص طور پر بستر میں گرم ہونے اور کمرے کی گرمی سے۔ لیکن سر درد کو گرم کمرے میں آرام ملتا ہے۔ اسی طرح گرم ٹکور سے بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

1076۔ نیند میں ایک دفعہ سر درد کا دورہ ہوتا ہو۔ سر درد عموماً دائیں آنکھ پر اپنا مقام بنا لیتا ہو۔ کھٹی سبز رنگ کی قے آتی ہو۔

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tanix 30

1077۔ سات سات دن کے سر درد کا دورہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : سینگونیریا Sanguinaria 30

سینگونیریا کے سر درد بہت شدید ہوتے ہیں اور ان کے اندر خاص خصوصیتیں پائی جاتی ہیں۔

1۔نوبتی۔ ہر ساتویں دن

2۔صبح کے وقت شروع ہو کر دوپہر کے وقت تک بڑھتے ہیں اور پھر گھٹنے شروع ہوتے ہیں۔

3۔درد کی نوعیت پھٹنے والی ہوتی ہے۔یا ایسے معلوم ہوتا ہے کہ آنکھیں باہر نکل آئیں گی۔

4۔گدی سے شروع ہو کر اُوپر اور آگے کی طرف جاتے ہیں اور داہنی آنکھ میں مجتمع ہو جاتے ہیں۔

5۔گدی میں بجلی کا سا جھٹکا لگتا ہے۔

6۔نیند سے ان دردوں کو آرام ہوتا ہے۔

7۔سن یاس میں دوبارہ نمودار ہوتے ہیں۔ (کاشی رام)

سر درد کا تعلق سردی، گرمی، کھلی ہوا اور مختلف موسموں سے ہو

1078۔سر درد کو کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہو لیکن مرطوب موسم میں درد بڑھ جاتا ہو (علامت)

مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

1079۔سر درد سردی اور مرطوب موسم میں بڑھ جاتی ہو۔آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

1080۔سر درد ہوا کے جھونکوں، سردی لگنے اور سر کو ننگا کرنے سے بڑھ جاتا ہو۔سر درد کے ساتھ متلی اور قے کا رجحان بھی ہوتا ہو۔

مفید دوا : بنزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

1081۔گرمیوں کے موسم میں سر درد سورج کے ساتھ ساتھ بڑھتا ہو۔ہلکے سے جھٹکے

سے بھی درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

1081۔گرمی سے سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : چیلیڈونیم Cheledonium 30-Q

گرم ملکوں میں یہ دوا گرمی کی شدت سے پیدا ہونے والے سر درد میں مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

1082۔گرمی، دھوپ اور لُو لگنے سے سر درد:

1۔لُو لگنے سے بچنے کے لئے چوٹی کی دوا: گلونائن Glonoine 30

یہ احساس صرف سر تک نہیں رہتا بلکہ سارا جسم متاثر ہوتا ہے۔

2۔لُو لگنے سے بچنے کے لئے مفید نسخہ:

گلونائن	Glonoine	30
نیٹرم میور	Nat. Mur	30
آرسینک	Arsenic	30

گھر سے نکلنے سے پہلے ایک خوراک استعمال کر لی جائے تو خدا کے فضل سے سارا دن سر درد نہیں ہوگا۔

3۔دھوپ میں کام کرنے سے ہونیوالے سر درد میں مفید دوائیں:

1۔بیلاڈونا Belladonna 30

2۔گلونائن Glonoine 30

3۔کاکولس Cocculus 30

4۔دھوپ سے طبیعت خراب ہو جاتی ہو۔ مریض گرمی کو برداشت نہیں کر سکتا ہو۔ اس کے نتیجے میں درد سے سر پھٹنے لگتا ہو۔ چوٹیں پڑتی ہوں اور دھمکے ہوتے ہوں جیسے

کوئی سر کو کوٹ رہا ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

1083۔ دھوپ سے سر درد میں اضافہ ہو تو مفید دوائیں:

1۔ نیٹرم میور Nat. Mur 6x

2۔ سینگونیریا Sanguinaria 30

3۔ سٹینم Stannum 30

سٹینم میں سر کا درد آہستہ آہستہ ختم نہیں ہوتا۔ ایک دم ختم ہو جاتا ہے۔

1084۔ سر درد میں ٹھنڈی ہوا سے فائدہ ہوتا ہو تو

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1085۔ سر درد کو سخت سردی محسوس ہونے کے باوجود ٹھنڈک سے ہی آرام آتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ لیک ڈیف Lac. Def 200-30

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

یہ علامت فاسفورس سے مشابہ ہے۔ فاسفورس کا مریض سردی سے شدید احساس کی وجہ سے جسم کو گرم کپڑوں میں لپیٹ کر رکھتا ہے۔ لیکن سر کو ٹھنڈا رکھنا چاہتا ہے۔ اور سردی کے احساس کے بغیر کسی چیز سے تسکین نہیں ملتی۔ اس علامت کے علاوہ فاسفورس کی دیگر علامات لیک ڈیف سے بہت مختلف ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 537)

1086۔ سر درد حرکت سے بڑھ جاتا ہو۔ کھلی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہو۔ یہ سر درد، آنکھوں، پیشانی اور سر کے دونوں اطراف میں پھیل جاتا ہو۔ سر پر تنگی اور گھٹن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

1087 بارش کے ساتھ سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : فائیٹو لا کا Phytolacca 200-30

سر درد میں کمی کی علامات اور مفید نسخہ جات

1088۔ سر درد کو پیچھے کی طرف سر جھکانے سے آرام آتا ہو۔

1۔ مفید دوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

2۔ مشابہ دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

ایسے مریضوں کو بیلاڈونا یا جلسیمیم دینا چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 39)

1089۔ سر درد میں دباؤ سے آرام محسوس ہوتا ہو۔ شدید متلی اور قے کا رجحان بھی پایا جاتا ہو۔ مفید دوا : آرسینکم Arsenic 200-30

آرسینک کے مریض کا سارا جسم ٹھنڈا ہوتا ہے اور گرمی پہنچانے سے آرام محسوس ہوتا ہے لیکن معدے اور سر کی تکلیفوں میں سردی آرام دیتی ہے۔

1090۔ سر درد کو کھانے سے آرام ملتا ہو۔ مریض کو بھوک نہیں لگتی مگر بعض دفعہ سر درد کی وجہ سے کھانا پڑتا ہے۔ کھانے سے آرام ملتا ہے۔ (علامت)

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم Arum Triphyllum 30

1091۔ شدید سر درد کے ساتھ سر پر بوجھ کا احساس ہوتا ہو۔ دبانے سے اور ٹھنڈک پہنچانے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : الیومن Alumen 30

1092۔ سر کے پچھلے حصہ میں درد جو گردن، کندھوں اور کمر تک پھیل جاتا ہو۔ دبانے اور لیٹنے سے آرام محسوس ہوتا ہو۔ نیز اجابت اور ہوا کے اخراج سے سر کی علامات کو

آرام ملتا ہو۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

1093۔ سر درد میں ٹھنڈی ہوا سے فائدہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1094۔ سر درد میں گرم مشروب سے آرام آتا ہو۔ رات کو درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ جو آدھی رات کے کچھ دیر بعد بہت شدت اختیار کر جاتا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

1095۔ سر درد کو لیٹنے اور کس کر باندھنے سے آرام آتا ہو لیکن حرکت، جھکنے اور دماغی محنت سے بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

سر درد کی مختلف وجوہات

1096۔ بال کٹوانے اور حجامت بنوانے سے سر درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

1097۔ سر درد گرم مشروب پینے سے یا گرم کپڑا لینے سے بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم Arum Triphyllum 30

1098۔ کھانے پینے میں بد احتیاطی اور مرغن غذاؤں سے سر درد ہونے لگے۔

مفید دوا : سینگونیریا Sanguinaria 30

1099۔ کھانے کے بعد پیشانی میں شدید درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

1100۔روشنی سے زود حسی کے نتیجہ میں سر درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

1101۔روشنی میں آنکھیں کھولنے سے تکلیف ہوتی ہو تو ایسے سر درد کیلئے

مفید دوا: گریفائیٹس Graphites 200

1102۔سر درد روشنی سے بڑھتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔کلکیر یا کارب Calc. Carb 30-6x

2۔گریفائیٹس Graphites 200-30

3۔کاربوویج Carboveg 200-30

ان تینوں دواؤں میں کاربن کا عنصر موجود ہے۔

کلکیر یا کارب میں دن کے وقت رات کی نسبت زیادہ سر درد ہوتا ہے۔

1103۔موسیقی سے سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea 30

1104۔سر درد، دماغی محنت سے بڑھتا ہو۔آنکھوں، گدی اور کنپٹیوں میں درد ہوتا ہو، سوئیاں چبھتی ہوں اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1105۔سیڑھیاں چڑھنے سے سر درد شدت اختیار کر جاتا ہو اور بعض دفعہ نظر آنا بھی بند ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

دراصل یہ خون کی کمی، انیمیا (Anaemia) کی نشانی ہے۔خون کی کمی ہو تو ایک دم اٹھنے سے، سیڑھیاں چڑھنے سے خون نیچے کی طرف آتا ہے اور سر کو پوری طرح خون نہیں پہنچتا۔اگر سر میں درد ہو تو اس صورت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

سر درد کے نتیجہ میں نظر کی کمزوری، دھندلاہٹ، اندھاپن اور دیگر تکالیف

1106۔ پڑھنے سے سر درد میں اضافہ، لفظ چھوٹے محسوس ہوتے ہوں۔ ہر چیز آدھی روشن اور آدھی تاریک نظر آتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

1107۔ سر درد سورج کی روشنی یا گیس کی روشنی سے بڑھ جاتا ہو اور چکر بھی آتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1108۔ سر درد زیادہ تر آنکھوں کے اوپر سے شروع ہوتا ہو جو ڈیلوں کی حرکت سے بہت شدید ہو جاتا ہو اور نشتر کی سی چبھن ہوتی ہو۔ دھوپ میں جانے سے یا روشنی میں آنکھیں کھولنے سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ صبح کے وقت اور کھانے کے بعد تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

1109۔ سر درد شروع ہونے سے پہلے آنکھوں کے سامنے چنگاریاں اور شعلے ناچتے ہوں کبھی سر اٹھانے سے تارے نظر آتے ہوں۔ مختلف قسم کے رنگوں کے دھبے بھی دکھائی دیتے ہوں۔ مفید دوا : سلفر Sulphur 30

1110۔ سر درد بائیں آنکھ میں اپنا مقام بنا لے (علامت)

مفید دوا : سپائیجیلیا Spigelia 30

سپائی جیلیا کی تکلیفیں عصاب کی زود حسی کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہیں۔ سپائی جیلیا میں

بجلی کے کوندوں کی طرح لپکتے درد کی لہریں پائی جاتی ہیں۔

1111۔ سر درد پیشانی سے پیچھے کی طرف منتقل ہوتا ہو۔ آنکھوں اور کنپٹیوں پر بوجھ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : فائٹولاکا Phytolacca 30

1112۔ سر درد عموماً سامنے کے حصہ میں اس احساس کے ساتھ کہ آنکھیں بڑی بڑی ہیں۔ سر درد کے دوران پیاس زیادہ ہوتی ہو۔

مفید دوا : پیولکس اری ٹینس Pulex Irritans 30

1113۔ سر درد گدی سے شروع ہوتا ہو اور نظر بھی دھندلا جاتی ہو۔ بعض دفعہ نظر آدھی رہ جاتی ہو۔ اُوپر کا آدھا یا نیچے کا آدھا حصہ نظر نہیں آتا ہو۔ دائیں کا نصف یا بائیں کا نصف حصہ نظر نہیں آتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

1114۔ سر درد گدی سے شروع ہوتا ہو۔ درد ماتھے پر آ کر کبھی دائیں اور کبھی بائیں آنکھ میں آکر ٹھہر جاتا ہو۔

مفید دوا : سپائی جیلیا Spigelia 30

1115۔ ہفتہ میں ایک دفعہ سر درد کا دورہ ہوتا ہو۔ سر درد عموماً دائیں آنکھ میں اپنا مقام بنا لیتا ہو ایسے معلوم ہوتا ہو کہ آنکھیں باہر نکل آئیں گی۔ سبز رنگ کی کھٹی قے آتی ہو۔

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tanix 30

1116۔ روشنی سے زود حسی کے نتیجہ میں سر درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Caustus 30

1117۔روشنی میں آنکھیں کھولنے سے تکلیف ہوتی ہوتو ایسے سردرد کی مفید دوا :

گریفائیٹس Graphites 200-30

1118۔سردرد سیڑھیاں چڑھنے سے شدت اختیار کرجاتا ہو اور بعض دفعہ نظر آنا بھی بند ہوجاتا ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1119۔خون کا دباؤ زیادہ ہونے سے سردرد کے دورے کے ساتھ اچانک نظر غائب ہوجاتی ہو۔مفید دوائیں:

1۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔بیلاڈونا Belladonna 200-30

1120۔خون کی کمی کی وجہ سے سر میں خون نہ پہنچنے کے نتیجہ میں سردرد میں اضافہ ہوجاتا ہو اور اچانک نظر غائب ہوجاتی ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1121۔سردرد بہت شدید ہوتا ہو جس سے نظر بھی دھندلا جاتی ہو اور نظر سے دباؤ ڈالا جائے تو درد میں اضافہ ہوجاتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

1122۔آنکھ کھجلانے سے سردرد ۔

مفید نسخہ: سلفر Sulphur ┐
بیلاڈونا Belladonna ┘ 200-30

1123۔سردرد کے ساتھ نکسیر شروع ہوجاتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

1124۔ سر درد کا بواسیری مسّوں کے ساتھ تعلق ہو۔ سخت قبض ہوتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

سر درد کی مختلف کیفیات اوران کا علاج

1125۔ سر درد اور سر میں ہتھوڑے پڑنے کا احساس۔ خون کی کمی کی وجہ سے سر میں ہتھوڑے پڑنے کا احساس ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ چینینم آرس Chininum Ars. 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

3۔ جلسیمیم Gelsemium 30

یہ احساس خون کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ علامت نیٹرم میور میں بھی نمایاں ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ بھی خون کی کمی کی بہترین دوا ہے۔ اس میں خون میں پانی کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے۔ نیٹرم میور کے سر درد میں سارے سر میں ہتھوڑے برسنے کا احساس ہوتا ہے۔

جلسیمیم کا سر درد عموماً گدی سے تعلق رکھتا ہے۔ گدی کے حصہ میں درد کی چوٹیں پڑنے کا احساس ہوتا ہے۔

چینینم آرس میں خون کے سرخ ذرے کم ہونے کی وجہ سے خون کی کمی ہو جاتی ہے اس لئے اس کی وریں پھولی ہوئی اور کھوکھلی ہوتی ہیں۔ سر کے باہر بھی عضلات میں درد ہونے لگتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 285)

1126۔ سر پر چھوٹے چھوٹے ہتھوڑے پڑنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 30

1127۔ بہت شدید سر درد۔ سر گرم محسوس ہوتا ہو اور بالوں کی جڑوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

1128۔ مریض کے سر میں لہریں مارتے ہوئے درد کا احساس ہوتا ہو جس کے ساتھ دھڑکن بھی سنائی دیتی ہو۔ گدی میں بوجھ محسوس ہوتا ہو۔ کنپٹیوں میں بھی دھڑکن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 200-30

1129۔ سر درد جو آ کر ٹھہر جاتا ہو لیکن زیادہ شدت نہیں اختیار کرتا ہو۔

غیر معمولی مفید نسخہ: کلکیریا کارب Calc. Carb
جلسیمیم Gelsemium
200-30

1130۔ سر درد کے ساتھ غنودگی اور چکر پائے جاتے ہوں۔ سر بھاری اور سُن ہونے کا احساس ہوتا ہو۔ آگے کی طرف گرنے کا رجحان ہوتا ہو۔ سر درد دائیں طرف کان کے پیچھے کندھے تک پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium Q

1131۔ سر درد اور چکر آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہوں۔ اگر آرام کرے تو سر میں درد ہونے لگتا ہو اور حرکت سے چکر آتے ہوں۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 30 ,,

1132۔ دماغ میں درد ہوتا ہو۔ سر پر سرخی مائل نیلاہٹ اور سوزش پائی جاتی ہو۔ یوں محسوس ہوتا ہو کہ گویا سر پر گرم پانی ڈالا جا رہا ہے۔

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

1133۔ خون کا دباؤ زیادہ ہونے سے سر درد کے دورے کے ساتھ اچانک نظر غائب ہو جاتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔ بیلاڈونا Belladonna 200-30

1134۔ سر کی طرف دوران خون ہوتا ہو اور شدید سر درد ہوتی ہو تو

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

1135۔ سر کی طرف خون کا دباؤ۔ چہرہ گرم اور ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔

بعض دفعہ پنڈلیاں بھی ٹھنڈی سی ہو جاتی ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔ آرنیکا Arnica 200-30

3۔ گلونائن Glonoine 200-30

جلسیمیم اور گلونائن میں فرق یہ ہے کہ جلسیمیم میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں لیکن پسینہ بالکل نہیں آتا جبکہ گلونائن میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں اور پسینہ بھی آتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 396)

آرنیکا کے مریض کا سر گرم ہوتا ہے لیکن اسے ٹھنڈا کرنے کا مطالبہ نہیں کرتا۔ آرنیکا میں بیلاڈونا کی طرح سر گرم ہوتا ہے اور باقی جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔ آرنیکا کے مریض کے سانس اور پسینہ میں بدبُو ہوتی ہے۔ **(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 88-89)**

1136۔ خون کی کمی کی وجہ سے سر میں خون نہ پہنچنے کے نتیجہ میں سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو اور اچانک نظر غائب ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1137۔ مریض کو پیشاب کی حاجت محسوس ہو اور پیشاب کو روک لے تو سر میں درد ہونے لگتا ہو۔ سر میں گرمی اور تپش بھی محسوس ہوتی ہو۔ پیشاب کرنے سے سر درد

کوآرام آجاتا ہو۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

1138۔تکیہ پر سر رکھتے ہی سر پھٹنے لگتا ہو۔دل پر بھی دباؤ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

خون کا دباؤ یکایک سر یا دل کی طرف ہو جاتا ہے اور کوئی سیال چیز اندر سے گزرتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔

1139۔سر کا درد اندر سے باہر کی جانب حرکت کرتا ہو۔پیشانی اور آنکھوں پر سخت دباؤ ہوتا ہو۔آنکھیں اوپر چڑھ جاتی ہوں۔درد کے اثر سے آنکھیں بھینگی ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا: ہیلی بورس Helleborus 30

1140۔روشنی سے بہت زود حسی ہوتی ہو۔سر میں بھاری پن اور اندر گہرائی میں گرمی کا احساس ہوتا ہو۔مریض درد کی شدت سے کراہتا ہو۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

1141۔سر میں ہلکا ہلکا درد رہتا ہو۔درد پیشانی اور سر کے دائیں جانب ہوتا ہو۔چھینکیں آنے سے سر درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

1142۔سر میں اچانک درد شروع ہو جاتا ہو جو آہستہ آہستہ ٹھیک ہوتا ہو۔

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

1143۔سر درد میں تیزی نہیں پائی جاتی ہو مگر بدحواس سا کر دیتی ہو۔

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

1144۔سردرداور دوسری دردیں آہستہ آہستہ بڑھتی ہوں اور ایک دم ختم ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

1145۔سردرد کے ساتھ شدید متلی ہوتی ہو اور تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔اُلٹیاں آنے کے بعد آرام آتا ہو۔

مفید دوا : سینگونیریا Sanguinaria 30

سینگونیریا دائیں طرف کی دوا ہے۔

1146۔سر زیادہ تر دائیں طرف حملہ آور ہوتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔سلیشیا Silicea 6x

2۔میگ فاس Mag Phos 6x

سلیشیا ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

میگ فاس کے درد کو گرمی اور دباؤ سے آرام آتا ہے۔(فرگنٹن)

میگ فاس کے درد جگہ بدلتے رہتے ہیں اور گرمی سے افاقہ ہوتا ہے۔(ڈاکٹر عبدالحمید)

1147۔غصہ کو دبانے کے بداثرات کے نتیجہ میں سردرد یا پیٹ درد ہو اور بے چینی کے دورے پڑتے ہوں

مفید دوا : سٹفی سیگریا Staphysagria 30

بہت حساس اور شائستہ مزاج مریض یا زود حس اور نازک مزاج عورتیں شرافت کی وجہ سے غصہ کو دبالیں تو اس کے بداثرات کے نتیجہ میں سردرد، پیٹ درد اور بے چینی کے دورے پڑنے لگیں تو سٹفی سیگریا مفید دوا ہے۔ ہر وہ بیماری جو مسلسل غصہ، تکلیف اور شرمندگی برداشت کرنے کے نتیجہ میں ہو اس میں سٹفی سیگریا کو اوّل مرتبہ حاصل ہے۔

1148۔عورتوں کا سردرد، حیض سے پہلے اور بعد میں سردرد ہوتا ہو۔جو گدی، پیشانی

اور کنپٹیوں تک پھیل جاتا ہو۔

کارآمد دوا: لیک ڈیف Lac. Def 200-30

1149۔سردرد کے ساتھ کھلا پیشاب آتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ لیک ڈیف Lac. Def 200-30

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

لیک ڈیف ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔ جلسیمیم بھی ٹھنڈاے مزاج کی دوا ہے۔لیکن ایک فرق یہ ہے کہ لیک ڈیف میں سخت پیاس ہوتی ہے جبکہ جلسیمیم میں پیاس مفقود ہوتی ہے۔لیک ڈیف میں پیشاب مقدار میں زیادہ اور ہلکے پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔لیکن بعض دفعہ گاڑھا اور سیاہی مائل بھی ہوتا ہے۔جس کا مطلب ہے کہ البیومن (Albumen) آ رہی ہے۔

1150۔روزہ رکھنے سے پیدا ہونیوالے سردرد میں کارآمد دوا:

سسٹس Cistus 30

1151۔لمبے فاقہ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے سردرد میں کارآمد دوائیں:

1۔ لائیکوپوڈیم Lycopodium 200-30

2۔ نکس وامیکا Nux Vomica 200-30

3۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

1152۔سردرد، یوں محسوس ہوتا ہو جیسے کسی نے میخ ٹھونک دی ہو۔جس طرف درد ہو اسے تکیہ میں زور سے دبانے سے کچھ آرام ملتا ہو۔

مفید دوا: اگنیشیا Ignatia 30

1153۔سردرد کے ساتھ سر باندھنے کا احساس ہوتا ہو جیسے کسی نے سر کے اوپر کپڑا کس دیا ہو۔ مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200-30

1154۔سر کے گرد پٹی بندھے ہونے کا احساس ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

1155۔سر درد کا تعلق دبے ہوئے اخراجات سے ہوتا ہو مثلاً اگر پسینہ رُک جائے تو سر میں درد ہونے لگتا ہو۔حیض کا خون رُک جائے تو سر میں درد ہونے لگتا ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

1156:۔سر درد کو لیٹنے اور کس کر باندھنے سے آرام آتا ہو لیکن حرکت سے،جھکنے سے اور دماغی محنت سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں آرام محسوس ہوتا ہو لیکن مرطوب موسم میں درد بڑھ جاتا ہو(علامات)

مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

1157۔غم کے بداثرات اور جذبات کے ہیجان کے نتیجہ میں سر درد کے علاوہ جو علامات پیدا ہوتی ہوں ان کے لئے

1۔بہت مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

2۔نمایاں مقام کی حامل دوائیں:(حسب علامات)

1۔ایمبرا گریسیا Ambra.Grisea 30

2۔اگنیشیا Ignatia 30

3۔نیٹرم میور Nat. Mur 6x

4۔ایسڈ فاس Acid Phos 30

5۔سلیشیا Silicea 30-6x

☆☆☆☆☆

دماغی اور ذہنی عوارض

AILMENTS OF BRAIN & MIND

1158 ۔ برین ہیمرج کے لئے (اچانک دماغ کی رگ پھٹ جائے اور بے ہوشی طاری ہو جائے)

فوری مؤثر نسخہ: اوپیئم Opium

آرنیکا Arnica 1000 یا CM

فوراً بہت اونچی طاقت میں آرنیکا کے ساتھ اوپیئم ملا کر دینے سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے..... سارے خون میں طراوت سی آجاتی ہے، چستی پیدا ہوتی ہے۔ ٹھنڈا جسم گرم ہونے لگتا ہے اور منجمد خون خود بخود ہی پتلا ہو کر معمول کے مطابق گردش کرنے لگتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 646)

اپوپلیکسی اور کیٹا لیپسی

Apoplexy اور Catalepsy

اپوپلیکسی اور کیٹا لیپسی میں فرق یہ ہے کہ **Apoplexy** میں مریض دماغ میں خون جمنے کے نتیجہ میں بالکل بے حس و حرکت اور مفلوج سا ہو جاتا ہے۔

Catalepsy میں گو (مریض) بظاہر غافل دکھائی دیتا ہے لیکن اس سے کوئی بات کی جائے تو اس کا درست جواب دیتا ہے۔ بعد ازاں اسے بالکل یاد نہیں رہتا کہ کیا ہوا تھا۔ حال کے واقعات کو ماضی سے ملا دیتا ہے۔ پرانے دوست کو مل کر بہت حیران ہوتا ہے کہ شاید اس سے پہلے بھی کبھی مل چکا ہو۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 292)

1159 ۔ کیٹا لیپسی میں ذہن تشنج کے نتیجہ میں عارضی طور پر سُن ہو جاتا ہو۔ مریض بھول

جاتا ہو کہ وہ کون ہے اور کہاں ہے؟ دماغ میں ایک لہر سی اٹھتی ہو جس کے نتیجہ میں مریض گردوپیش سے کلیۃً بے تعلق ہو جاتا ہو۔ اس بیماری میں بہت اہم دوا:

سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

1160۔ کیٹالپسی: اگر تشنج کی وجہ دماغ میں خون رُک جائے، چہرہ سرخ ہو جاتا ہو اور مریض بے ہوش ہو جاتا ہو۔ یا اس کی یادداشت ختم ہو جاتی ہو جو آہستہ آہستہ واپس آتی ہو یا مستقل طور پر ضائع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

1161۔ کیٹالپسی: خون کا دوران دماغ کی طرف نہیں جاتا ہو۔ چہرہ خون سے بھر جاتا ہو اور آنکھیں پتھرا جاتی ہوں تو اس بیماری میں مفید دوائیں:

1۔ کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

2۔ اوپیئم Opium 200-30

1162۔ اپوپلیکسی (Apoplexy) کے نتیجہ میں ایک بازو یا ٹانگ میں کمزوری رہ جائے تو مفید دوائیں:

1۔ کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 200-30

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

1163۔ مرگی یا اپوپلیکسی (Apoplexy) میں اچانک خون کا رجحان سر کی طرف ہو کر رگ پھٹ جائے۔ چہرہ سُرخ ہو اور آنکھ کی پتلیاں پھیل جائیں۔

1۔ مفید علاج: اوپیئم Opium
آرنیکا Arnica
1000

2۔ مفید دوا : پلمم Plumbum 1000

"اپوپلیکسی میں اچانک خون کا رجحان سر کی طرف ہو کر رگ پھٹ جائے، چہرہ سُرخ ہو اور آنکھ کی پتلیاں پھیل جائیں تو اکثر یہ علامت موت پر منتج ہوتی ہیں۔ اگر شروع میں اونچی طاقت میں آرنیکا اور اوپیئم دے دی جائیں تو بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔ پلمم کے مزاجی مریضوں میں اسے بھی اونچی طاقت میں دینا ضروری ہوتا ہے۔ دونوں کا اثر ایک ساتھ ظاہر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کینٹ کا کہنا ہے کہ اوپیئم سے علاج شروع کرنا چاہیئے، پلمم بعد میں دینی چاہیئے۔ یہی بات درست ہے۔ اس بیماری کی اول مشابہت اوپیئم سے ہی ملتی ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 679)

1164۔ اپوپلیکسی میں اگر جگہ جگہ سے سُرخ خون کا جریان ہو تو بہت مفید دوائیں:

1۔ فاسفورس Phophorus 30

2۔ ایلیومینا Alumina 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 679)

1165۔ اپوپلیکسی میں مریض کا چہرہ اچانک سرخ ہو جاتا ہو۔

1۔ مفید دوا : چینوپوڈیم Chinopodium 30

2۔ مشابہ دوا: اوپیئم Opium 200-30

چینوپوڈیم کے مریض میں اوپیئم کی طرح Apoplexy ہو جانے کا رجحان ملتا ہے جو اوپیئم میں بہت زیادہ ہے۔

1166۔ دماغ میں پانی جمع ہو گیا ہو۔ مفید نسخہ:

1۔ سلفر Sulphur
بیلاڈونا Belladonna
200 ہفتہ میں دو تین بار

2۔ اپِس   Apis 30   روزانہ تین بار

1167۔ دماغ میں خون جم جائے تو

لازمی دوا: اوپیئم   Opium 1000

1168۔ سرگرم رہتا ہو اور خون جمنے کا رجحان ہو تو مفید دوائیں:

1۔ آرنیکا   Arnica 200-30

2۔ پلمبم میٹ   Plumbum Met 200-30

1169۔ حادثہ کے نتیجہ میں اگر دماغ پر چوٹ آ جائے تو مفید نسخہ

آرنیکا   Arnica
نیٹرم سلف   Nat. Sulph
1000

1170۔ دماغ کو نقصان پہنچنے کے نتیجہ میں مریض بہت خوفزدہ رہتا ہو۔

مفید دوا: کینابس انڈیکا   Cannabis Indica 30

1171۔۔ اگر دماغ کا کچھ حصہ ماؤف ہو جائے تو فوراً دی جانے والی دوا:

اوپیئم   Opium 1000 یا CM

1172۔ برین میں بائیں طرف کلاٹس (Clots) اور بیہوشی

1۔ آرنیکا   Arnica
اوپیئم   Opium
1000

پہلے دو دن ایک ایک خوراک پھر ہفتہ وار

اوپیئم میں آرنیکا کی کچھ علامتیں بھی پائی جاتی ہیں۔ مزاج میں خشکی اور خون کا گاڑھا ہو کر جمنے کا رجحان پیدا ہو جاتا ہے۔ ہومیوپیتھک اوپیئم آرنیکا کی طرح خون جمنے کے رجحان کو روک دیتی ہے بلکہ خون کے لوتھڑوں کو پگھلا دیتی ہے۔

2۔سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

1173۔اگر دماغ میں ٹیومر کا شبہ ہوتو : BRAIN TUMOUR

کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر
میگ فاس	Mag Phos	
سلیشیا	Silicea	
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

اگر دائیں طرف درد ہو اور جسم ٹھنڈا ہو تب بھی یہی نسخہ استعمال کریں۔

1174۔دماغ معطل اور ماؤف ہو جاتا ہو جس کی وجہ سے جسمانی افعال میں بے ترتیبی پیدا ہو جاتی ہو۔اعضاء اور عضلات کے نظام پر کنٹرول نہیں رہتا ہو اور دماغ کے پیغام کو دیر سے قبول کرتے ہوں۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 1000-30

1175۔خوف کے علاوہ غیر معمولی خوشی پہنچنے سے اگر دماغ پر اثر ہو جائے اور اس کے بداثرات باقی رہ جائیں۔

1۔مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

2۔ کافیا Coffea 200-30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 649)

1176۔آہستہ آہستہ انسان کی قوتِ فیصلہ ماؤف ہونے لگے اور مریض کرنہ کرکی غیر معیّن حالت میں معلق رہتا ہو۔رفتہ رفتہ ذہن دھندلا جائے اور ابہامات کا شکار ہو جائے۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 200-30

1177۔دماغ کے خُلیے آہستہ آہستہ گھُلنے لگیں اور بڑھاپے کی علامتیں وقت سے پہلے ظاہر ہونے لگتی ہوں۔قوت فکریہ کمزور ہونے لگتی ہو۔یہ کمزوری دماغ کے مرکزی حصے سے شروع ہوکر رفتہ رفتہ جسم کے دوسرے اعضاء پر قبضہ کرلے۔ہاتھ پاؤں مڑنے لگیں۔ ذہنی صلاحیتیں متاثر ہوں اور یادداشت اتنی کمزور ہو جاتی ہو کہ بعض دفعہ مریض نیم پاگل سا ہو جاتا ہو اور اُول فول بکتا ہو۔سوچنے سمجھنے کی صلاحیت میں کمی آنے لگتی ہو۔کوئی بات سوچے تو چکر آنے لگتے ہوں۔یہ خطرے کا الارم ہے کہ دماغ کے خُلیے سکڑنے لگے ہیں۔

فوراً دی جانیوالی دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met 1000

پندرہ بیس دن یا مہینے کے وقفہ سے دہراتے رہنا چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 71-72)

1178۔آرٹیریو سکلروسس (Arterio Sclerosis) یعنی دماغ کی طرف خون لیجانے والی شریانوں کا تنگ ہو جانا۔

مفید دوائیں: 1۔ ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 200-30

2۔ الیومینا Alumina 200-30

الیومینا بھی اس بیماری میں مفید ہے۔اس کے لمبے عرصہ تک استعمال سے فائدہ ہوگا۔اس میں قریب کے واقعات بھول جاتے ہیں۔مریض سب کچھ بھول جاتا ہے۔تشنج کا رجحان زیادہ ہو جانے سے مریض مستقل طور پر یادداشت کھو بیٹھتا ہے۔

1179۔ ذہنی تھکاوٹ اور کمزوری دُور کرنے کے لئے نمایاں اہمیت کی حامل دوا:

پکرک ایسڈ Picric Acid 30

ذہنی تھکاوٹ کے آثار بڑی عمر میں زیادہ تر اس وقت ہوتے ہیں جب آرٹیریو سکلروسس کی اثر شروع ہو۔ یعنی مریض کی خون کی رگوں کے خول سخت ہو جائیں، لچک باقی نہ رہے اور خون کی شریانیں تنگ ہونے لگیں جس کی وجہ سے دماغ کو مناسب مقدار میں خون فراہم نہ ہو۔

1180۔ دماغ میں شدید گھبراہٹ اور بے چینی۔ کارآمد نسخہ

1۔ نکس وامیکا Nux Vomica 200

2۔ سلفر Sulphur 30

1181۔ دماغ، ذہن پر دباؤ۔ کارآمد نسخہ

1۔ سلفر Sulphur
ایکونائیٹ Aconite
200 ملا کر

2۔ کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
کلکریا فاس Calc. Phos
6x ملا کر

☆☆☆☆☆

متفرق نفسیاتی اور ذہنی عوارض اور احساسات

1182۔نروس کمزوری کے لئے (Nervous Weakness) مفید نسخہ

1۔انفلوئنزیم Influenzium 200 ہفتہ میں دو بار

2۔ // // 1000 پندرہ دن کے وقفہ سے

3۔ // // دس ہزار طاقت میں ایک ماہ کے وقفہ سے

4۔ // // پچاس ہزار طاقت میں تین ماہ کے وقفہ سے

5۔ // // ایک لاکھ طاقت (CM) میں چھ ماہ کے وقفہ سے

1183۔نروس سسٹم کی بیماری (Nervousness) مفید نسخہ

1۔میورٹک ایسڈ Muriatic Acid
پکرک ایسڈ Picric Acid
200 ملا کر

2۔کلکیریا کارب Calc. Carb
کالی کارب Kali Carb
سمسی فیوجا Cimicifuga
30 ملا کر

1184۔مریض کا بہت زیادہ نروس (Nervous) ہو جاتا ہو۔اس کا جسم کانپتا ہو اور زبان بھی باہر نکالتے وقت کانپتی ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200

1185۔نفسیاتی مریض Psycho Patient کیلئے

مفید دوا : آرسینک Arsenic 1000

دسویں دن ایک خوراک۔چند خوراکیں۔

1186۔ کسی نفسیاتی بیماری کی وجہ سے ایک شخص کے ذہنی خیالات دوسرے کے ذہن کی طرف منتقل ہونے لگیں۔ دُور کی جگہ پر رکھی ہوئی چیزیں معلوم ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 200-30

1187۔ نروس ہو جانا اور چکر آنا۔ (Nervousness & Virtigo) مفید نسخہ

1۔ جلسیمیم Gelsemium
انوسموڈیم Onosmodium
زنکم میٹ Zincum Met
200 ملا کر

2۔ کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
کلکیریا فاس Calc. Phos
6x ملا کر

1188۔ ذہنی معذور (Handicap)

1۔ برائیٹا کارب Baryta Carb 200

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 200 باری باری ہفتہ وار

1189۔ معذور کیلئے اور طاقت کیلئے (مفید نسخہ)

کاکولس Cocculus
ایگریکس Agaricus
جلسیمیم Gelsemium
30 ملا کر

یہی پھر بڑھا کر 200 طاقت میں کر دیں۔

☆☆☆☆☆

متفرق ذہنی عوارض واحساسات

1190۔احساس تکبر اور تفاخر: مریض خود کو بہت اعلیٰ وارفع سمجھتا ہو۔چھوٹی سی بات سے چڑ جاتا ہو اور دوسروں کو حقیر سمجھتا ہو۔

کارآمد دوا: پلاٹینم Platinum 1000

پلاٹینم مغرور عورتوں کی بیماریوں میں بہت شہرت رکھتی ہے۔امیر خاندان کی عورتیں جو بچپن سے ہی منہ میں سونے کے چمچ لے کر پیدا ہوتی ہوں خود کو ہر شے سے برتر سمجھتی ہوں۔ ایسی عورتیں پلاٹینم کی مزاجی تصویر ہیں۔

1191۔مریض کا اپنے آپ کو دوسروں سے الگ کر لینا اور بہت اونچا سمجھنا۔تکبر بہت ہوتا ہو۔ (علامت) مفید دوا : پلاٹینم Platinum 200-30

پلاٹینم کا مریض متکبر بہت ہوتا ہے اور اسے یہ وہم ہوتا ہے کہ گویا وہ آسمان سے اُترا ہوا ہے۔ہر ایک کو نیچی نظر سے دیکھتا ہے۔

1192۔مریض کے مزاج کے صاف ستھرا ہونے کی وجہ سے علیحدگی پسند ہو لیکن اس میں تکبر نہیں پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

فاسفورس کا مریض بہت ہمدرد اور نرم مزاج رکھتا ہو۔

1193۔مریض کو فلسفی بننے کا بہت شوق ہو۔اگر یہ شوق جنون کی حد تک بڑھ جائے تو

مفید دوا : سلفر Sulphur CM-1000

اونچی طاقت میں سلفر کی ایک دو خوراکوں سے کافی فرق پڑ جاتا ہے۔ان میں بعض اقتصادی فلسفی ہوتے ہیں جو ہر وقت سکیمیں بناتے رہتے ہیں لیکن عملی طور پر کچھ نہیں کرتے یہ اقتصادی فلسفی عملاً اگر کوئی کام کر بیٹھیں تو اکثر اپنا سارا سرمایہ ڈبو بیٹھتے ہیں۔ بہت سست مزاج

ہوتے ہیں۔ کسی کام میں ان کا دل نہیں لگتا۔ اپنی سوچوں میں مقید رہتے ہیں ان کا علاج بھی سلفر کی اونچی طاقت ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 784)

1194۔ دھوکہ دہی اور بے ایمانی کرنے والوں کے

شفاء کا اثر رکھنے والی دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met 200-30

1195۔ مریض کو گپیں مارنے اور بلاوجہ جھوٹ بولنے کی عادت ہوتی ہو جسے وہ خود محسوس نہیں کرتا ہو۔ مگر بے مقصد گپیں مارنے اور جھوٹ بولنے کی لاشعوری عادت

میں مبتلا ہوتا ہو۔ مفید دوا: اوپیئم Opium 200-30

1196۔ اگر کوئی لومڑ کی طرح چالاک ہو اور ساتھ کچھ پاگل بھی ہو۔

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula CM-1000

ٹیرینٹولا کا مریض بالعموم سخت پیاسا، بدمزاج، عیار اور مکار رہتا ہے۔ خوفناک سکیمیں بنا کر بہت عیاری کے ساتھ نقصان پہنچاتا ہے۔

1197۔ بدنیت اور کینہ پرور شخص ہر وقت دوسروں کی عیب جوئی کرتا رہے اور ان کے نقص تلاش کرنے کا عادی ہو۔ اس کی ذہنی حالت درست کرنے کیلئے

کارآمد دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 1000

نکس وامیکا اونچی طاقت میں دینے سے ایسے مریضوں کی ذہنی حالت درست ہونے لگتی ہے اور ان میں حسد کا مادہ کم ہو جاتا ہے۔

1198۔ مریض میں بہت زیادہ بولنے کی عادت پائی جاتی ہو۔ اس کی باتیں بے ترتیب اور اُلجھی ہوئی ہوتی ہوں۔ مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200

1199۔ مریض مثبت دلیل کے مقابل پر اُوٹ پٹانگ باتیں کرتا ہو اور بحث کو بڑھاتا جاتا ہو۔

مفید دوا: اگنیشیا Ignatia 200-30

مراق، مالیخولیا

MELANCHOLIA

1200۔ مراق کا نسخہ

نکس موسکاٹا Nux Moschata 30

1201۔ عورتوں کو مالیخولیا ہو جائے تو

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

1202۔ مریض سنجیدہ باتوں پر بھی ہنستے رہتے ہوں۔ نہ ہنسی پر قابو ہو نہ رونے پر۔ کبھی ہنستے ہوں تو ہنستے ہی چلے جاتے ہوں اور روتے ہوں تو روتے ہی چلے جاتے ہوں۔

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

یہ رجحان گہرے مرض کی نشاندہی کرتا ہے، ہنسنا اور رونا دھوپ چھاؤں کی طرح ساتھ ساتھ چلے اور اس میں پاگل پن کی مستقل علامت کی بجائے وقتی نشے کی کیفیت ہو تو یہ کینابس انڈیکا کی علامت ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 224)

1203۔ مریض پر ہسٹیریائی مزاج غالب ہو اور ضد میں آ کر غیر منطقی باتیں کرتا ہو۔ حالانکہ روزمرہ زندگی میں وہ بالکل معتدل ہوتا ہو۔ لیکن بیماری کا اثر غالب ہو تو فضول بحثیں کرتا ہو۔

مفید دوا : للیَم ٹگ Lillium Tig. 30

1204۔ مریض بچوں کی سی حرکتیں کرتا ہو۔ بستر پر چھلانگیں لگاتا ہو۔ عجیب وغریب باتیں کرتا ہو۔ ناچتا ہو، گاتا ہو، بچوں کی طرح چیختا ہو، بے وقوفانہ خیالات رکھتا ہو۔

مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-30

ANGER غصہ

1205۔غصہ آتا ہو (FOR ANGER)

1۔کیموملا Chamomilla 1000 ہفتہ کے وقفہ سے تین چار خوراک

یا- 2۔کیموملا Chamomilla 30 دن میں تین بار

1206۔ہر وہ بیماری جو مسلسل غصہ، تکلیف اور شرمندگی برداشت کرنے کے نتیجہ میں پیدا ہو۔اس کے لئے

اوّلین دوا: سٹیفی سیگریا Staphy Sagria 30

''مریضہ چھوٹی چھوٹی جسمانی بیماریوں میں شدید تکلیف کا اظہار کرتی ہے.....اس کے متعلق جو بیماریاں سامنے آتی ہیں وہ خاموشی کے دورے، بے خوابی، جسم میں تھکاوٹ، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت میں کمی، بات بھول جانا اور مثانے میں بے چینی کی وجہ سے کثرت پیشاب وغیرہ وغیرہ ہیں'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 774)

1207۔مریض بہت جوشیلا ہو۔قوت برداشت نہ رہتی ہو۔غصہ بہت آتا ہو۔کھرے کھوٹے کی تمیز ختم ہو جاتی ہو خودکشی کا رجحان پایا جاتا ہو۔

بہت اہم دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

1208۔مریض میں جنون اور شدید غصہ کی علامت پائی جاتی ہو، سوزش دماغ کی طرف منتقل ہوتی ہو اور مریض دیوانگی اور تشدد پر اُتر آتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ کیمفر Camphor 30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

3۔ ہائیوسمس Hyoscyamus 200-30

کیمفر کا مریض ذہنی لحاظ سے بہت کمزور ہو جاتا ہے۔حافظہ جواب دے دیتا ہے۔

اکیلے رہنے سے خوف محسوس کرتا ہے، چکر آتے ہیں اور بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔ آنکھیں بند کر کے لیٹا رہتا ہے، لگتا ہے کہ سو گیا ہے لیکن سوتا بھی نہیں۔ دنیا سے بے تعلق سا ہو جاتا ہے۔ اس میں جنون اور شدید غصہ کی علامت بھی پائی جاتی ہے۔ یہ علامت کینتھرس اور ہائیوسیمس (Hyoscyamus) دونوں میں ملتی ہے۔ سوزش دماغ کی طرف منتقل ہوتی ہے اور مریض دیوانگی اور تشدد پر اُتر آتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 218)

مایوسی اور اُداسی DEPRESSION

1209۔ ڈپریشن : DEPRESSION

مفید دوا: اورم میور Aurum Mur 200

1210۔ ڈپریشن کے لئے ایک اور نسخہ:

پیسی فلورا Passiflora Q

1211۔ ڈپریشن اور اُداسی کے دورے عموماً شام کو پڑتے ہوں۔ اور مریضوں کے لئے یہ وقت بہت تکلیف دہ ہوتا ہو۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

1212۔ ذہنی پراگندگی: اچانک ہر چیز سے لاتعلقی اور بے ہوشی کی علامت پائی جاتی ہو۔ عجیب و غریب خیالات کا ہجوم رہتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

ان دونوں میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ کینابس انڈیکا میں مریض پراگندہ خیالات کا لطف اٹھا رہا ہوتا ہے۔ بیماری کا احساس نہیں ہوتا۔ لیکن کینتھرس میں ذہنی پراگندگی بہت بڑھ جاتی ہے اور مریض کو کچھ سمجھ نہیں آتی کہ وہ کیا کر رہا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 229)

1213۔ مریض پژمردہ رہتا ہو۔ اسے اپنی جلد موت کا یقین سا ہو جاتا ہو بلکہ مرنے کی تمنا بھی رکھتا ہو۔ سُست اور پست ہمت ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

ہائیڈراسٹس عموماً بوڑھے، نحیف اور جلد تھکنے والے لوگوں کی بیماریوں میں نمایاں اثر کرنے والی دوا ہے۔

1214۔ ذہنی پژمردگی کی ایک اعلیٰ دوا:

گریفائیٹس Graphites 200-30

گریفائیٹس کا مریض ہر وقت متفکر نظر آتا ہے۔ غمگین اور مایوس ہوتا ہے۔ ذہن پر غبار سا چھایا رہتا ہے۔ سوچنے سمجھنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت مفقود ہو جاتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 412)

1215۔ مریض کو گہری اُداسی اور ڈپریشن (**Depression**) کے دورے پڑتے ہوں۔ مریض یہ سمجھنے لگے کہ میں فلاں چیز ہوں اور یہ وہم ہٹنے کا نام نہ لیتا ہو۔

(خاص علامات) مفید دوا : للیئم ٹگ Lillium Tig 30

1216۔ رات کو ذہنی انتشار بہت نمایاں ہو مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

رات کو آنکھ کھلے تو سپونجیا کے مریض کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ وہ خود کہاں ہے۔ دروازہ اور کھڑکی کہاں ہے۔ یہ کیفیت روز مرہ اپنے گھر میں رہتے ہوئے بھی ہو جاتی ہو جو مرض کی نشاندہی کرتی ہے۔ اور یہ دماغی انتشار سپونجیا میں نمایاں ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ بعض اور دواؤں میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے یہ احساس کہ میں کہاں ہوں سپونجیا کے علاوہ فاسفورس، لیکیسس، کاربوویج، گلونائن، لائیکوپوڈیم اور ایسکولس میں بھی پایا جاتا ہے۔ سپونجیا کا مریض رات کے کسی حصہ میں جب بھی اُٹھے گا ذہنی انتشار کا شکار ہوگا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 766)

1217۔ مریض میں گہری اُداسی پائی جاتی ہو جس کے ساتھ یہ احساس ہوتا ہو کہ کچھ ہونے والا ہے۔ عورتیں اکثر اس غم میں مبتلا رہتی ہوں۔ اپنے عزیزوں کے متعلق توہمات کا شکار رہتی ہوں۔ اگر ذہنی علامات بڑھ جائیں تو سوچنے سمجھنے کی طاقت ماؤف ہونے لگتی ہو۔ کسی بات کا شعور نہیں رہتا ہو۔ بینائی کم ہو جاتی ہو۔ ان علامات کو دُور کرنے کے علاوہ دوسری بیماریوں میں بھی مؤثر دوا:

مینگنیم Manganum 200-30

1218۔ مریض اُداس رہتا ہو۔ ہر بات کا صرف تاریک پہلو دیکھتا ہو۔ گھر سے دُور ہو تو اعزہ و اقارب کے لئے اُداس ہو جاتا ہو۔ اور واپس گھر آنے کی خواہش رکھتا ہو۔ اُداسی کا یہ رجحان بعض دفعہ خوشی میں بدل جاتا ہو۔ لیکن پاگل پن کی علامتیں نہیں ہوتی ہوں۔ موڈ بدل جاتا ہو۔ کبھی بشاشت محسوس کرتا ہو کبھی اُداس ہو جاتا ہو۔ آدھی رات کو اُداسی بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tenax 200-30

1219۔ مریض زیادہ دیر گھر سے باہر نہیں رہ سکتا ہو اور اسے گھر سے باہر اُداسی کا دورہ پڑتا ہو۔ کارآمد دوا: کیپسیکم Capsicum 200-30

اس کی ایک حیرت انگیز علامت یہ ہے کہ مریض زیادہ دیر گھر سے باہر نہیں رہ سکتا۔ اگر کوئی زیادہ مرچیں کھانے کا عادی نہ بھی ہو اور اسے گھر سے باہر اُداس کا دورہ پڑتا ہو تو کیپسیکم کی ایک دو خوراکیں دینے سے اس میں گھر جانے کی تمنا کسی حد تک کم ہو جاتی ہے۔

1220۔ مریض کی بیماریاں مزمن ہو جائیں اور وہ اپنے گھر والوں سے اجنبیت محسوس کرنے لگتا ہو۔ اسے ہر ایک سے دوری کا احساس ہونے لگتا ہو۔ محبت اور تعلق میں

کمی آجاتی ہو۔ یہ کیفیت بڑھتے بڑھتے تمام بنی نوع انسان سے بیزاری اور بے تعلق کے رنگ میں ظاہر ہونے لگتی ہو اور وہ کسی کو برداشت نہیں کرسکتا ہو۔ خوف کی بجائے بیزاری نمایاں ہوتی ہو۔

کارآمد دوا: نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1221 ۔ مریض اپنے آپ کو مظلوم سمجھنے لگتا ہو اور ہر وقت اسی خیال میں کھویا رہتا ہو لیکن اس کے باوجود کسی کی ہمدردی کو برداشت نہیں کرسکتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

نیٹرم میور کی دماغی علامات عجیب ہیں۔ شروع میں جب ذہنی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں تو مریض اپنے آپ کو مظلوم سمجھنے لگتا ہے اور ہر وقت اسی خیال میں کھویا رہتا ہے۔

1222 ۔ مریض فرضی محبت میں مبتلا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

بعض بوڑھی عمر کی عورتیں بھی ایسی فرضی محبت میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔ اگر محبت کا علاج دوا سے ممکن ہے تو ایسی عورتوں کا علاج نیٹرم میور سے ہو سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

غم، غصّہ، صدمہ اور اس کے بد اثرات

1223۔ بُری خبر سننے سے مریض گُم سُم ہو جائے۔

مفید دوا: نیٹرم فاس   Nat. Phos   6x

"اس میں دوسری دواؤں کے علاوہ نیٹرم فاس سے فوراً فائدہ پہنچتا ہے اور آئندہ خطرات سے بھی نجات مل جاتی ہے ورنہ ایسا مریض پاگل بھی ہو سکتا ہے یا پھر اسے ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگتے ہیں"   (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 629)

1224۔ غم سے دماغ پر پڑنے والے اثرات (پاگل پن وغیرہ):

1۔ غم کے ابتدائی مراحل میں فوری طور پر اثر دکھانے والی دوائیں۔

(i)۔ اگنیشیا   Ignatia   30

(ii)۔ ایمبر اگریسیا   Ambra Grisea   30

2۔ اگر گہرا غم زندگی کا حصہ بن چکا ہو تو بہتر دوا:

نیٹرم میور   Nat. Mur   200-30

عارضی طور پر غم کے صدمہ کے لئے اگنیشیا سے بہتر کوئی اور دوا نہیں۔ ایمبر اگریشیا فوری صدمہ کی شدت کو کم کرنے میں بھی کام آتی ہے میں نے کئی بار اسے ایسی مریض خواتین میں استعمال کیا ہے جو جذباتی صدمہ کے پہنچنے سے گہرے غم کا شکار ہو گئی تھیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ

56)

"نیٹرم میور کے بارے میں میرا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ اس سے پورے پاگل مریض بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ نیٹرم میور کے مریض تشدد پسند نہیں ہوتے بلکہ خاموشی سے بیٹھے رہتے ہیں یا دنیا سے کھوئے جاتے ہیں اور جسمانی لحاظ سے کمزور ہونے لگتے ہیں۔ انہیں غصہ بہت آتا ہے لیکن مار دھاڑ نہیں کرتے۔"   (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 619-620)

1225۔ بچوں یا عزیزوں کی وفات کا غم اور صدمہ کم کرنے کیلئے

چوٹی کی دوا: اگنیشیا Ignatia 30

"اگنیشیا میں بچوں یا عزیزوں کی وفات کا صدمہ بہت شدت سے محسوس ہوتا ہے اور دوررس گہرے بداثرات باقی رہ جاتے ہیں۔ ان سب میں اگنیشیا مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ لیکن میرا تجربہ ہے کہ غم اور صدمہ تازہ ہوں تو یہ بہت مفید ہے اور غم کے باقی رہنے والے بداثرات سے بھی بچالیتی ہے۔ ہاں اگر جسمانی عوارض کو پیدا ہوئے دیر ہوجائے تو پھر یہ مفید نہیں رہتی"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 464)

1226۔ اگر غم کے بداثرات جسم کا حصہ بن چکے ہوں تو بہت مفید دوائیں:

1۔ ایمبر اگریسیا Ambra Grisea 30

2۔ سلیشیا Silicea 30

3۔ نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 464)

1227۔ غم کے ابتدائی مراحل میں فوری طور پر اثر کرنے والی دوائیں:

1۔ اگنیشیا Ignatia 30

2۔ ایمبر اگریسیا Ambra Grisea 30

1228۔ گہرا غم زندگی کا حصہ بن چکا ہو تو بہترین دوائیں:

1۔ ایمبر اگریسیا Ambra Grisea 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

3۔ سلیشیا Silicea 30-6x

اگنیشیا اپنے اثرات کے لحاظ سے نسبتاً سب سے بہتر مگر عارضی دوا ہے بار بار دینی پڑتی ہے۔ اگر گہرا غم زندگی کا حصہ بن چکا ہو تو وہ اگنیشیا کے دائرہ اثر سے نکل جاتا ہے۔ ایمبرا

گریسا (Ambra Grisea) ایسے مریض میں بہتر کام کرتی ہے۔ اس کے بعد نیٹرم میور کی باری آتی ہے۔ اگر نیٹرم میور سے غم کے بداثرات ٹھیک نہ ہوں اور مرض زیادہ گہرا معلوم ہو تو سلیشیا نیٹرم میور کی مزمن دوا بنتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 620)

1229۔ کسی حادثے یا بُری خبر کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے بداثرات کو دُور کرنے کیلئے

مفید دوائیں: 1۔ایمبر اگریسا Ambra Grisea 30

2۔کالی فاس Kali Phos 6x

ایمبر اگریسا فوری صدمہ کی شدت کو کم کرنے میں بھی کام آتی ہے۔ مَیں نے کئی بار اسے ایسی خواتین میں استعمال کیا ہے جو جذباتی صدمہ پہنچنے کے نتیجہ میں گہرے غم کا شکار ہو گئی تھیں۔ عارضی طور پر غم کے صدمہ کے لئے اگنیشیا سے بہتر کوئی اور دوا نہیں۔

کالی فاس میں صدمہ اور اچانک پہنچنے والی متوحش خبریں نمایاں طور پر اعصاب کو نقصان پہنچاتی ہیں اور مریض لمبی افسردگی اور کمزوری کا شکار ہو جاتا ہے۔

1230۔ بُری خبر سے دل اور معدے کو نقصان پہنچے۔

بہترین دوا: کالی کارب Kali Carb 30-6x

1231۔صدمہ کی وجہ سے دماغ ماؤف ہو جاتے (اہم علامت)

مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 6x

1232۔غم اور گہری اُداسی کے دورے میں مؤثر دوائیں:

1۔نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2۔آرم میور Aurum Mur 200-30

3۔گریشولا Gratiola 200-30

1233۔مریض غمزدہ ہو کر زندگی میں دلچسپی لینا چھوڑ دے تو مؤثر دوائیں:

1۔ایمبر اگریسیا Ambra Grisea 30

2۔آرنیکا Arnica 200-30

1234۔چھوٹی سی عمر کی بچی غمزدہ ہو کر ہر چیز سے تعلق ہو کر بیٹھ جائے حالانکہ ابھی اس کے کھیلنے کودنے کے دن ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 30

اگر بلوغت سے پہلے خصوصاً لڑکیوں میں اُداسی کا ایسا دورہ پڑے تو اس کے فوری علاج کی ضرورت ہے کیونکہ وہ مایوس ہو کر خودکشی کی خواہش کرتی ہیں۔کلکیریا کارب کی ایک خاص علامت ڈپریشن ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 95)

1235۔مریض میں غم کے احساس کے نتیجہ میں موت کی خواہش بڑھ جاتی ہو اور مریض ایسا طریقہ ڈھونڈتا ہو جس میں سب سے زیادہ آسانی سے موت واقع ہو۔

مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig 200-30

ایسا مریض متشدد نہیں ہوتا۔اس کی اُداسی میں نرمی پائی جاتی ہے اور وہ موت میں بھی آسانی ڈھونڈتا ہے کہ مرتے ہوئے زیادہ تکلیف نہ ہو۔

1236۔مریض زیادہ تر غمگین اور پریشان رہتا ہو۔مسلسل غم کے خیالات میں ڈوبا رہتا ہو۔حوصلہ پست ہو جاتا ہو۔سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفقود ہو جاتی ہو۔ذہن کمزوری محسوس کرتا ہو۔ مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1237۔مریض مزاجی لحاظ سے غمگین اور اُداس رہتا ہو۔کسی کام پر پوری توجہ نہیں دے سکتا ہو۔اس کے خیالات میں یکسوئی نہیں رہتی ہو۔ذرا سی آواز پر چونک اٹھتا ہو۔

مفید دوا : پائپر نائیگرا Piper Niger 30

1238۔مریض کا رونے کی طرف رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

نیٹرم میور میں رونے کی کوئی بات ہو یا نہ ہو ویسے ہی رونے کی طرف میلان ہوتا ہے
مریض پلسٹیلا کے مزمن مریض کی طرح ہو جاتا ہے۔

1239۔مریض بار بار رونے کی طرف مائل ہو جاتا ہو۔ مگر ذہنی لحاظ سے بالکل ٹھیک ہوتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

1240۔مریض نرم مزاج: رونے کی طرف مائل اور بزدل ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

یہ مزاج عورتوں میں زیادہ تر ملتا ہے اس لئے یہ عورتوں کی دوا کے طور پر مشہور ہے
پلسٹیلا کا مریض سب کیلئے دل میں نرمی رکھتا ہے۔ بات بات پر رو پڑے گا یا چھوئی موئی کی
طرح گُم سُم ہو جائے گا چھوٹی چھوٹی باتوں کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے۔ جب یہ دیکھے کہ
اس کی اَنا کو کچلا گیا ہے تو بہت بے عزتی محسوس کرتا ہے اور چڑ جاتا ہے۔ بہت وہمی ہوتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 689)

وہم اور خوف، شکوک وشبہات، گھبراہٹ، بے چینی

Obession, Hallucination & Fear

1241۔وہم کے لئے (For Obession)

مفیددوا: آرسینک Arsenic CM صرف ایک خوراک

1242۔کھانے میں زہر ملا ہونے کا وہم (ذہنی طور پر معذور) دورے کی کیفیت میں آنکھیں سُرخ۔

1۔نکس موسکاٹا Nux Moschata 1000

2۔لیکیسس Lachesis 1000

باری باری نمبر 1 کے چند دن بعد نمبر 2

"لیکیسس کے مریض خطرناک قسم کے شکوک وشبہات میں مبتلا ہو جاتے ہیں شروع شروع میں وہ یہ سوچنے لگتے ہیں کہ سب لوگ ان کے خلاف باتیں کر رہے ہیں یا ان کے کھانے پینے میں کچھ ملا دیا گیا ہے۔ وہ اپنے قریبی عزیزوں پر بھی شک کرتے ہیں بعد میں یہ علامتیں بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ ایسے مریضوں کو لیکیسس دینا ضروری ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 547)

1243۔ مریض مختلف قسم کے توہمات کا شکار رہے، بلیاں، کتے اور چوہے نظر آنے لگیں۔ ذہنی یکسوئی نہ رہے۔ بہت غمگین اور بے چین ہو۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

1244۔ مریض کو یہ وہم ہونے لگے کہ اس کا کوئی عضو دوسرے اعضاء سے بڑا ہو گیا ہے یا چہرہ ایک طرف سے سوج کر بڑا ہونے کا وہم ہو جائے جبکہ دیکھنے میں ایسا نہ لگتا ہو۔ (خاص علامت) سباڈیلا Sabadilla 30

1245۔ مریض اس وہم میں مبتلا ہو جائے کہ اسکی پسلیاں ٹیڑھی ہو گئی ہیں یا بعض اعضاء سُوکھ رہے ہیں اور یہ وہم اتنا پختہ ہو جائے کہ اس کے دماغ سے نکلتا ہی نہ ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

1246۔ مریض کو یہ وہم ہو کہ وہ شیشے کا بنا ہوا ہے اور جھنجھنا کر ٹوٹ جائے گا۔

مفید دوا : تھوجا Thuja 30

1247۔ مریض توہمات کا شکار، بے چین، پست ہمت، ہمیشہ زندگی کے تاریک پہلوؤں پر نظر رکھتا ہو، بے حد چڑچڑا ہو جائے

مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

1248۔مریض یہ سمجھنے لگے کہ میں فلاں چیز ہوں، یہ وہم بھی ہٹنے کا نام نہ لیتا ہو۔

(خاص علامت) مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig 30

اس کے ساتھ گہری اُداسی اور ڈپریشن (Depression) کے دورے بھی ہوتے ہوں۔ایسے مریضوں کو صرف دوا ہی نہیں بلکہ پیار سے سمجھانے کی بھی ضرورت ہے۔

1249۔مریض چلتا ہوا محسوس کرتا ہو کہ وہ فضا میں تیر رہا ہے۔مریض اپنے آپ کو چھوٹا سمجھتا ہو۔مریض سمجھتا ہو کہ اس پر دوسرے کی ناک لگی ہوئی ہے یا یہ کہ اس کا جسم کسی اور کا جسم ہے اور اس کی بجائے کوئی اور بات کر رہا ہے۔

مفید دوا : لیک کینا ئینم Lac. Cann. 30

لیک کینائینم کی یہ علامت کسی اور دوا میں نہیں ہے۔

1250۔مریض بالکل معمولی چیزوں پر اپنے آپ کو بہت گنا بیکار سمجھنے لگتا ہو۔چھوٹی چھوٹی باتوں پر اس وہم میں مبتلا ہو کر خوف اور توہمات کا شکار ہو جاتا ہو۔بعض دفعہ عجیب وغریب نظارے نظر آنے لگتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔چینینم آرس Chininum Ars. 200-30

2۔لیکیسس Lachesis 200-30

3۔اگنیشیا Ignatia 200-30

لیکیسس میں بھی بعض مریضوں کو یہ احساس رہتا ہے کہ وہ ایسے گنہگار ہیں جو بخشے نہیں جائیں گے۔

اگنیشیا میں بعض اور دواؤں کی طرح مریضہ اس وہم میں مبتلا ہو جاتی ہے کہ وہ سخت گنہگار ہے اور اس کی بخشش کی کوئی صورت نہیں رہی۔

پلسٹیلا ، ہیلی بورس ، آرم ، ہائیوسمس ،لیکیسس اور بعض دوسری دواؤں میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 465)

1251۔ مریض اس خوف میں مبتلا ہو جاتا ہو کہ وہ کوئی ایسا گناہ کر بیٹھا ہے جس کی بخشش ناممکن ہے۔

مفید دوائیں: 1۔ ہیلی بورس Helleborus 200-30

2۔ آرم میٹ Arum Met. 200-30

3۔ لیکیسس Lachesis 200-30

4۔ سٹرامونیم Stramonium 200-30

1252۔ مریضوں کو یہ خطرہ رہتا ہو کہ ان کا مستقبل ہمیشہ کے لئے تاریک ہو گیا ہے یا ان سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو گیا ہے جو نا قابل تلافی ہے۔ یا ان کا وجود کسی اور بالا طاقت کے قبضہ میں آ گیا ہے۔ اور وہ اس کے ہاتھوں آلہ کار بن چکے ہیں۔

مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200

ایسے مریضوں کا علاج لیکیسس سے کرنا چاہیئے جو خدا کے حکم سے اسی کی نافرمانی کریں۔ وہ سانپ کے حکم پر اس کی فرمانبرداری شروع کر دیتے ہیں۔ یہ شدت لیکیسس سے تعلق رکھتی ہے۔...... مگر اس کی سب سے خطرناک صورت یہ ہے کہ ان کے دل میں بعض دفعہ یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کا حکم ہے کہ وہ کسی کو قتل کر دیں اور یہ یقین جاگزین ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس کام پر مامور کر رہا ہے۔ ایسے مریض بعض دفعہ واقعتاً قتل کر بھی دیتے ہیں۔ یا قتل کرنے کی کوشش ضرور کرتے ہیں۔ اگر یہ مذہبی جنونی ہوں تو بے حد باتونی بھی ہو جاتے ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 465)

1253۔ مریض کو یہ احساس کہ کوئی بیرونی طاقت اس پر قبضہ کئے ہوئے جس کے زیر اثر وہ بول رہا ہے۔

مفید دوائیں: 1۔ کینتھرس Canthoris 200-30

2۔ کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 200-30

کینتھرس میں زہر کے اثر کے دوران مریض اپنا تشخص بالکل کھو دیتا ہے اور یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ کسی اور شخص کے زیر تصرف ہے۔ یہ احساس مستقل ہو جائے تو یہ کینتھرس کے زیر کا نہیں بلکہ مستقل دماغی خلل کا نتیجہ ہوا کرتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایسے مریض کو کینتھرس اونچی طاقت میں دینے سے یہ بیماری ٹھیک ہو جائے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 230)

1254۔ مریض خیال کرتے ہوں کہ انہیں سمجھا ہی نہیں گیا۔ ہمیشہ یہی دہراتے رہیں کہ ہمیں کوئی نہیں سمجھ سکا کہ ہم کیا کہنا چاہتے ہیں اور کیا کرنا چاہتے ہیں۔

مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig 200-30

ایسے مریضوں سے پیچھا چھڑانا بہت مشکل ہوتا ہے سمجھانے کا اثر نہیں ہوتا۔ انہیں صرف دوا دینی چاہیئے۔

1255۔ بچوں یا لڑکیوں کو یہ احساس ہوتا ہو کہ ان کے پیچھے کوئی کھڑا ہے۔ ایک دم ڈر کر پیچھے دیکھتے ہوں جیسے کوئی دبے پاؤں پیچھے آ گیا ہو۔ یوں لگتا ہو جیسے کچھ چہرے انہیں جھانک رہے ہوں۔ اس احساس کو دور کرنے کیلئے

مفید دوائیں: 1۔ میڈورائینم Medorrhinum 200

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

فاسفورس میں بھی یہ احساس پایا جاتا ہے کہ کوئی شخص چیزوں کے پیچھے چھپا ہوا مریض کو جھانک رہا ہے۔

1256۔ مریض اپنی بہت اہمیت (اپنے آپ کو اعلیٰ وارفع سمجھنے) کی وجہ سے ہر وقت سمجھتا ہو کہ اس کی جان اور بدن کو خطرہ ہے۔ یہ ذہنی کیفیت جسمانی حالت میں بدل جاتی ہو۔ اسے ہر وقت یہ دھڑکا لگا رہتا ہو کہ اسے کچھ ہو جائے گا۔

کارآمد دوا: پلاٹینم Platinum 200-30

گھبراہٹ، بے چینی، پریشانی، خوف

1257۔گھبراہٹ، بے چینی، بے خوابی، خوفزدگی۔مفید نسخہ:

آرسینک	Arsenic	30 ملاکر
اگنیشیا	Ignatia	

1258۔مریض شام ہوتے ہی خوفزدہ، رنگ زرد، رات سونے کے وقت خوفزدہ۔

مفید دوا : لائیکوپوڈیم Lycopodium 200

1259۔خوف آنا، ذہن پریشان، کم نیند۔مفید نسخہ:

1۔ایکونائیٹ	Aconite	200 ملاکر
سلفر	Sulphur	

2۔نکس وامیکا Nux Vomica 30 رات سونے سے قبل

1260۔ڈرائیونگ کے امتحان میں ناکام ہونے کا خوف: تعجب انگیز مفید نسخہ

سلیشیا	Silicea	6x ملاکر
کالی فاس	Kali Phos	

اگر امتحان میں فیل ہونے کا خوف ہو تو یہی نسخہ استعمال کریں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 754,668)

1261۔مریض کسی بیماری میں خوف سے چیخیں مارے اور سر چکراتا ہو۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 1000

1262۔کتا اچانک جھپٹے اور مریض خوفزدہ ہو جائے اور سر گھومنے لگے۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 1000

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 120)

1263۔ بچے رات کو ڈر کر اٹھ جائیں۔ مفید نسخہ:

آرسینک	Arsenic	30
اوپیئم	Opium	
ایکونائیٹ	Aconite	

1264۔ بچے اکیلے رہنے سے ڈرتے ہوں۔

فاسفورس Phosphorus 30

1265۔ خوف کے بد اثرات دور کرنے کے لئے موئثر نسخہ:

ایکونائیٹ	Aconite	CM ملا کر
اوپیئم	Opium	

1266۔ مریض کو بخار ہو تو وہ گھبرا کر بستر سے باہر نکلتا ہو، ہر وقت بے چین رہتا ہو۔ آہستہ آہستہ زندگی سے مایوسی اور نفرت ہونے لگتی ہو۔

مفید دوا: چینینم آرس Chininum Ars. 30

1267۔ تنگ کپڑے پہننے سے گھبراہٹ ہوتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ بووسٹا Bovista 30

2۔ لیکیسس Lachesis 30

1268۔ مریض پانی میں ہاتھ دھونے سے گھبراتا ہو۔ جبکہ پانی بہنے سے نہیں گھبراتا ہو۔

مفید دوا: کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

1269۔ شور سے طبیعت گھبراتی ہو اور آوازیں تکلیف دیتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30

2۔ بیلاڈونا Belladonna 30

3۔ کافیا Coffea 30

1270۔شور کی تکلیف اعضاء کے کناروں پر دردوں کی صورت میں ظاہر ہوتی ہو۔

(خاص علامت) مفید دوا : کافیا Coffea 30

1271۔شور سے ٹانگ یا گھٹنے کا درد یکدم جاگ اٹھتا ہو۔(خاص علامت)

مفید دوا : کافیا Coffea 30

1272۔مریض کو قدموں کی چاپ سے سخت گھبراہٹ ہوتی ہو۔اس کی جلد پر اس گھبراہٹ سے خارش کے دانے بھی نمودار ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کافیا Coffea 30

کافیا میں سرخ دانے بن جاتے ہیں جو اچانک ظاہر ہوتے ہیں اور اچانک ہی غائب ہو جاتے ہیں وہ اعصابی دباؤ جس کی وجہ سے دانے ظاہر ہوتے ہیں مستقل نہیں رہتا۔

1273۔طلباء جو کمرۂ امتحان میں گھبرا جائیں اور پرچہ حل نہ کر سکیں ان کے لئے

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 200

200 طاقت میں ایک خوراک صبح امتحان کیلئے جانے سے پہلے استعمال کی جائے تو غیر معمولی فائدہ پہنچاتی ہے۔

1274۔مریض کے دل میں خاص قسم کے خوف بیٹھ جاتے ہوں اور محسوس کرتا ہو کہ کوئی اسے اُٹھا کر لے جا رہا ہے۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

1275۔خوف کے علاوہ اچانک غیر معمولی خوشی پہنچنے سے اگر دماغ پر اثر ہو جائے۔اس کے بد اثرات باقی رہ جائیں تو مفید دوائیں۔

1۔ اوپیئم Opium 200-30

2۔کافیا Coffea 200-30

1276۔رات کو مریض خوفزدہ ہو جاتا ہو، جنوں اور بھوتوں کا خیال آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 200-30

1277۔مریض پانی سے خوفزدہ ہوتا ہو، چھلکتے ہوئے پانی کی چمک دیکھتے ہی اسے تشنج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کینتھرس Canthoris 30

1278۔اندھیرے سے ڈرنے اور گرنے کا خوف نمایاں ہوتا ہو۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

1279۔مریض بہت ڈرپوک ہوتا ہو، اندھیرے سے سخت ڈرتا ہو۔ڈراؤنے خیالات آتے ہوں، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے عاری ہو کر اپنی بیماری اور تکلیف کو بھی نہیں سمجھ سکتا ہو۔غنودگی اور بیہوشی کی سی حالت میں رہتا ہو۔کسی چیز سے خوفزدہ ہونے کے بعد اسے سر میں چکر آتے ہوں۔(علامت)

مفید دوا : اوپئیم Opium 200-30

1280۔مریض نیچے کھڑا ہو اور اونچی جگہ سے خوف آئے۔ایسے نفسیاتی اور دماغی امراض میں بہت

1۔اچھی اور کارآمد دوا: لیکیسس Lachesis CM-1000-200

2۔ممکنہ مفید دوائیں:

1۔آرسینک Arsenic 1000-30

2۔ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 200-30

1281۔مریض میں خودکشی کا رجحان پایا جاتا ہو لیکن یہ رجحان صرف ان کی سوچ تک

محدود رہتا ہو۔ عملی قدم اٹھانے سے ڈرتے ہوں۔ اونچی جگہ سے چھلانگ لگانے کو دل چاہتا ہو لیکن ساتھ ہی ایسی جگہوں سے خوفزدہ ہوں۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 1000-200

1282۔ مریض اکیلا ہو تو اس پر موت کا خوف طاری ہو جاتا ہو۔ دماغ میں ہیجانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

مریض میں مزاج کی نفاست کی وجہ سے زود حسی پیدا ہو جاتی ہے جو کئی بیماریوں کا موجب بن جاتی ہے۔ بعض دفعہ جب اکیلا ہو تو اس پر موت کا خوف طاری ہو جاتا ہے۔ دماغ میں ہیجانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

1283۔ مریض اکیلا رہنے سے گھبراتا اور شکی مزاج ہو جاتا ہو۔ اپنے قریبی عزیزوں پر بھی اعتبار نہیں کرتا ہو۔

مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

1284۔ مریض ایک منٹ کے لئے بھی تنہا نہیں رہنا چاہتا ہو۔ ہر وقت کسی نہ کسی کو اپنے ساتھ رکھنا چاہتا ہو۔

مفید دوا : بسمتھم Bismuthum 200-30

بڑھاپے میں اکثر ایسے مریض ملتے ہیں جن کے پاس ہر وقت ضرور ہی کوئی نہ کوئی ہونا چاہیئے۔ انہیں اپنی کہانی سناتے رہنے کی تمنا ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

پاگل پن، ہذیان اور جنون

Madness, Belirum & Mania

1285۔پاگل پن یا دماغی توازن کی خرابی کیلئے مفید نسخہ:

سٹرامونیم	Stramonium	30
کیمومیلا	Chamomilla	
بیلاڈونا	Belladonna	

1286۔پاگل پن یا دماغی توازن کی خرابی کے لئے ایک اور نسخہ:

سلفر	Sulphur	200 ملا کر
بیلاڈونا	Belladonna	

1287۔اچانک پاگل پن کا دورہ سرسام وغیرہ کے نتیجہ میں ہوتو فوراً دی جانے والی دوائیں:

1۔بیلاڈونا Belladonna 200

2۔ایکونائیٹ Aconite 200

1288۔شدید پاگل پن کا دورہ۔پاگل بہت متشدد ہو۔ اس میں بے انتہا جوش پایا جائے وہ کسی کو مارنے یا خودکشی کرنے کی کوشش کرے۔غصے میں بہت تیزی ہو اور سنبھالنے والوں کو بھی مارے اور اسے زنجیروں سے باندھنا پڑے۔فوراً دی جانے والی مفید دوا:

بیلاڈونا Belladonna 200

1289۔پاگل پن مزمن ہو جائے اور مریض مستقل پاگل پن کا شکار ہو تو مؤثر دوائیں:

1۔سلفر Sulphur 200

2۔سٹرامونیم Stramonium 200

1290۔ذہن پر پرانے صدموں کے اثر یا غم اور مالی نقصان کے اثر سے ذہنی توازن کھو بیٹھنا۔

مفید نسخہ: سلفر Sulphur
سٹرامونیم Stramonium
200 ملا کر

1291۔دماغ میں پاگل پن کی بجائے بھولا پن آ جائے۔ ساٹھ سال کا بوڑھا آدمی پندرہ سولہ سال کے لڑکوں کی طرح باتیں کرنے لگے اور مجہول سا ہو جائے۔لوگوں سے بات کرنے اور دوسروں کو سمجھانے کی صلاحیت نہ رہے۔

مفید دوا: بوفورانا Bufo Rana 30

1292۔پاگل پن: مریض تشدد پسند نہ ہو بلکہ خاموشی سے بیٹھا رہے یا دُنیا سے کھویا ہوا ہو۔غصہ بہت آتا ہو مگر مار دھاڑ نہ کرتا ہو۔جسمانی لحاظ سے کمزور ہونے لگے، دماغ بھی کمزور ہونے لگے۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200

1293۔یادداشت کمزور ہو اور اعصاب جواب دے جائیں اور آخر پاگل پن کی علامتیں ظاہر ہونے لگیں تو مفید دوا:

کالی فاس Kali Phos CM

1294۔پاگل پن کا خوف۔مریض کو یہ خوف ہو کہ کہیں وہ پاگل نہ ہو جائے۔ صبح اُٹھنے پر نفسیاتی علامات میں زیادتی۔مفید دوا:

الیومینا Alumina 200-30

''الیومینا کا مریض بہت غمگین رہتا ہے اور اپنے ماحول سے تنہا کہیں دُور چلے جانے کی خواہش رکھتا ہے۔''
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 52)

1295۔دماغ اور ریڑھ کی ہڈیوں کی جھلیوں میں سوزش ہونے کی وجہ سے اعصابی

نظام متاثر ہواور پاگل پن کی علامتیں پیدا ہو جائیں تو مفید دوا :

ہیلی بورس نائیگر Helleborus Niger 30

"ہیلی بورس نائیگر ایسی دوا ہے جو خدا کے فضل سے ان سب علامات کو دُور کر کے مریض کو ذہنی لحاظ سے بالکل تندرست کر دیتی ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 431)

1296۔ پاگل پن: مریض ہذیان بکتا ہو۔ متشدد ہوتا ہو، کمزوری کے باوجود پاگل پن کے جوش میں مارنے کیلئے دوڑتا ہو۔ ایسی حالت میں اسے سنبھالنا مشکل ہوتا ہو۔

مفید دوا : سیکیل کار Secale Cor 30

"سیکیل کے مریض لاغر، کمزور اور پتلے ہوتے ہیں..... مریض کو گرمی سخت تکلیف دیتی ہے اور وہ ہر وقت کھلی اور ٹھنڈی ہوا میں رہنا پسند کرتا ہے، کپڑا اوڑھنا نہیں چاہتا ۔ آرسینک کی طرح بہت بے چین اور جلن محسوس ہوتی ہے۔ لیکن ایک فرق نمایاں ہے سیکیل کار میں مریض کا جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 735)

1297۔ مریض کو یہ خیال ہو کہ میں پاگل ہو جاؤں گا یا مجھے کچھ ہو جائے گا۔ دماغ میں یہ خیال ایک بار راہ پالے تو نکلتا نہیں ہو۔

مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig 30

1298۔ مریض کو ہر وقت یہ خدشہ رہتا ہو کہ وہ پاگل ہو جائے گا۔

مفید دوا . کینابس انڈیکا Canabis Indica 30

1299۔ صدمہ کا اثر پاگل پن کی صورت میں ظاہر ہو تو

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 6x

1300۔ مریض پاگل ہونے یا مرنے کے وہم میں مبتلا ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : مرکری Mercury 200-30

مریض کی طبیعت میں جلد بازی پائی جاتی ہے گفتگو میں تیزی پائی جاتی ہے۔

صبر کا فقدان ہوتا ہے۔غصہ آسان سے باتیں کرتا ہے۔پاگل پن کا رجحان ہوتو بہت خطرناک ہوتا ہے کیونکہ ایسے مریض کسی جذبہ سے مغلوب ہوکر فوراً کوئی انتہائی قدم اٹھا لیتے ہیں یا خودکشی کرلیتے ہیں۔بے حد پریشان اور بے چین رہتے ہیں۔شکی مزاج ہوتے ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 595)

1301۔پاگلوں کی طرح بے اختیار ہنسی جوڑ کنے کا نام نہ لے (علامت)

مفید دوا : الیکٹری سٹی Electricity 200-30

1302۔پاگل پن: سِل اور آتشک کی بیماری بڑھنے سے مریض پاگل ہوجائیں۔

مفید دوائیں: 1۔ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2۔مرکری Mercury 1000-200

3۔سیفیلینم Syphilinum 200

سِل کے مریض سر میں شدید درد اور سینے کے اندرونی زخموں کی تاب نہ لاکر پاگل ہو جاتے ہوں۔پاگل میں تشدد کا رجحان پایا جاتا ہے بعض دفعہ خاموش بھی ہوتا ہے۔بعض دفعہ نحیف ونزار عورتیں جنھیں سِل اندر ہی اندر کھوکھلا کردیتی ہے۔پاگل ہوجائیں تو ان کے جسم میں بہت زیادہ طاقت آجاتی ہے۔دماغ میں جوش پیدا ہوجاتا ہے۔اور وہ تشدد پر اُتر آتی ہیں اگر ٹیوبرکولینم اونچی طاقت میں دے دی جائے تو ایسے مریضوں کو پاگل پن سے بچا سکتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 798)

آتشک (Syphilis) کے مریض کا سارا جسم زخموں اور ناسوروں سے بھر جاتا ہے جو ہڈیاں بھی گلا دیتے ہیں۔ناک کی ہڈی گل کر بیٹھ جاتی ہے۔اور یہ مرض براہ راست دماغ پر بھی حملہ آور ہوتا ہے اور مریض کو مکمل طور پر پاگل کردیتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 798)

مرکری آتشک کی چوٹی کی دوا سمجھی جاتی ہے آتشک کی ایک اور دوا سیفیلینم (Syphilinum) بھی بہت مفید ہے۔ جو سفلس (آتشک) کے مادہ سے ہی تیار کی جانے والی دوا ہے۔ اگر یہ بہت اونچی طاقت میں دی جائے تو فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 591)

1303۔ مریض میں پاگل پن کا رجحان ہو۔ طبیعت میں جلد بازی پائی جاتی ہو۔ گفتگو میں تیزی آجاتی ہو صبر کا فقدان ہو اور ہر کام جلد کرنا چاہتا ہو۔ اس کا غصہ بھی آسمان سے باتیں کرتا ہو۔

کارآمد دوا: مرک سال Merc. Sol 30-200

اگر پاگل پن کا رجحان ہو تو بہت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ ایسے مریض کسی صدمے سے مغلوب ہو کر فوراً کوئی انتہائی قدم اٹھا سکتے ہیں یا خود کشی کر لیتے ہیں۔ بے حد پریشان اور بے چین رہتے ہیں۔ پاگل ہونے یا مرنے کے وہم میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ حوصلہ کمزور ہو جاتا ہے اور شکی مزاج ہو جاتے ہیں۔ زندگی سے تھک جاتے ہیں۔ ان سے کوئی بات پوچھی جائے تو بہت آہستگی سے اور ٹھہر کر جواب دیتے ہیں۔

مذہبی جنون اور پاگل پن

Religious mania & Insanity

1304۔ مریض بہت غمگین، مایوس اور بے حوصلہ ہو جاتا ہو۔ بہت روتا ہو۔ توہمات میں جلد مبتلا ہو جاتا ہو۔ ایسے مریضوں میں مذہبی جنون پایا جاتا ہو۔ بالآخران کے یہ جذبات مذہبی پاگل پن میں تبدیل ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30-200

خصوصاً عورتیں اس جنون کا شکار ہوتی ہیں۔ چونکہ وہ اپنے اپنے جذبات کو دباتی رہتی ہیں اس لئے بالآخران کے جذبات مذہبی پاگل پن میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ پاگل پن کا

اظہار ان کی باتوں اور خیالات سے ہوتا ہے۔ مثلاً ان کے دماغ میں یہ خیال بیٹھ جائے گا کہ فلاں خوراک بنی نوع انسان کی ہلاکت کا موجب ہے یا اسی وجہ سے وہ تنزل پذیر ہیں ایسا وہم پلسٹیلا کا خاصہ ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 690)

1305۔ مذہبی جنون: مریض تیز تیز اور جلد جلد باتیں کرتے ہوں۔ کبھی باتونی ہونے کا دورہ پڑ جاتا ہو اور کبھی خاموشی کا، خاموشی کے دورے کے وقت مایوسی اتنی بڑھ جاتی ہو کہ خودکشی کا رجحان پیدا ہو جاتا ہو۔

امکانی دوا: وریٹرم البم Verat. Alb. 30

1306۔ مریض میں مذہبی جنون پایا جاتا ہو۔ بہت وہمی ہوتا ہو۔ عزت نفس کے معاملہ میں ضرورت سے زیادہ حساس ہوتا ہو۔ بہت غمگین، مایوس اور بے حوصلہ ہو جاتا ہو۔ بہت روتا ہو۔

کارآمد دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

خصوصاً عورتیں اس جنون کا شکار ہوتی ہیں۔

1307۔ مذہبی جنون، مریض میں مذہبی جنون پایا جاتا ہو اور مریضہ سمجھنے لگتی ہو کہ وہ کوئی اور ہی مخلوق ہے۔

مفید دوا: پلاٹینم Platinum 1000-30

یہ باتیں پاگل پن کی علامت ہیں اور مزید پاگل پن کی طرف لے جاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

مریض میں تشدد اور بلا وجہ قتل کرنے کا رجحان

1308۔ مریض میں جنون اور شدید غصہ کی علامات پائی جاتی ہوں مریض دیوانگی اور تشدد پر اُتر آتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ کیمفر 30 Camphor

2۔ کینتھرس 30 Canthoris

3۔ ہائیوسیمس 30 Hyoscyamus

1309۔ مریض تشدد پسند اور اذیت پسند ہو۔ اسے غصہ بہت سخت آتا ہو۔

بہترین دوا: کینتھرس CM-1000 Canthoris

1310۔ مریض جنسی تشدد پسند ہوتے ہوں تو ان کیلئے

مفید دوا: کینتھرس 1000 Canthoris

بے حیائی کی باتیں کرنا

1311۔ مریض ہذیان بکتا ہو اور پاگلوں والی حرکتیں کرتا ہو۔

کارآمد دوا: ہائیوسیمس 200-30 Hyoscyamus

ہائیوسیمس میں سارا اعصابی نظام درہم برہم ہو کر رہ جاتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ گویا دماغ پر کسی غیر معمولی طاقت نے قبضہ کر لیا ہے۔ مریض ہذیان بکتا ہے اور پاگلوں والی حرکتیں کرتا ہے۔

1312۔ شرمیلی بچیاں بعض اوقات بے ہوشی اور بے اختیاری کی حالت میں بے حیائی کی باتیں کرتی ہوں۔ (ان کا کسی گندے ذہنی رجحان سے اس کا تعلق نہیں ہوتا ہو۔)

مفید دوا: ہائیوسیمس 200-30 Hyoscyamus

1313۔مریض میں ہوش کے دوران بے حیائی کا رجحان پایا جاتا ہو۔اور وہ واقعتاً بے شرم اور بے حیا ہو جاتا ہو مریض ہر جائز اور ناجائز ذریعہ سے اپنی نفسانی خواہشات پوری کرنا چاہتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 1000-20

ایسے مریض کو ٹیرینٹولا اونچی طاقت میں دینا ضروری ہے۔

1314۔مریض کی ذہنی کیفیات عجیب وغریب ہوتی ہوں۔ہذیان بکنے اور بڑبڑانے کا رجحان ہوتا ہو، مزاج میں تیزی پائی جاتی ہو۔اگر اس سے بات شروع کریں تو فوراً بات کاٹ دیتا ہو۔کسی کو بات نہیں کرنے دیتا ہو۔سب باتیں خود سناتا ہو۔برداشت نہیں کر سکتا ہو کہ اس کی موجودگی میں کوئی اور بات کرے۔وہ اپنی طرف سے فرضی باتیں بنالیتا ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200

1315۔مریض میں سوتے ہوئے یا بے ہوشی کے دوران ہذیان بکنے کی علامت پائی جاتی ہو جو ہوش آنے پر نہیں رہتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 2000-30

1316۔مریض نیم بے ہوشی کے عالم میں اپنے آپ سے باتیں کرتا ہو۔پھر بہت چیخیں مارتا ہو اور بیہوش ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 2000-30

ہائیوسیمس کے مریض میں اپنے آپ سے باتیں کرنے کا رجحان صرف بیماری کے دوران ملتا ہے۔

1317۔ٹائیفائیڈ میں مریض سوتے میں بولتا رہتا ہو۔ کپڑے اور بستر کی چادر چٹختا ہو جیسے چٹکیاں بھر رہا ہو۔ گندی اور شرمناک باتیں کرتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ ہائیوسیمس Hyoscyamus 2000-30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

اس کی وجہ جنسی اعضاء کی سوزش ہے۔ اچھا بھلا شریف انسان بھی جب بیمار ہو تو اس کی زبان بہت فحش ہو جاتی ہے۔ ایسی باتیں وہ ہوش میں کر ہی نہیں سکتا۔ اگر کوئی بچی بیمار ہو تو بعض ماں باپ شرم کی وجہ سے ڈاکٹر کو بھی نہیں بلاتے۔ حالانکہ اس کا کوئی تعلق بھی بالارادہ جنسی بے راہ روی سے نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ ہائیوسیمس کی خاص علامت ہے جو جنسی اعضاء میں ایسی سوزش پیدا کرتا ہے جس سے دماغ متاثر ہوتا ہے اور مریض ایسی بے ہودہ باتیں کرنے لگتا ہے جو وہ صحت کی حالت میں سوچ بھی نہیں سکتا یہ ہیجانی کیفیت بیماری کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ یہی علامت کینتھرس میں بھی کسی حد تک پائی جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 457)

☆☆☆☆☆

خودکشی کا رجحان

1318۔ مریض میں خودکشی کا رجحان پایا جاتا ہو لیکن یہ رجحان صرف ان کی سوچ تک محدود رہتا ہو۔ عملی قدم اٹھانے سے ڈرتے ہوں۔ اونچی جگہ سے چھلانگ لگانے کو دل چاہتا ہو لیکن ساتھ ہی ایسی جگہوں سے خوفزدہ ہوں۔

کارآمد دوا: لیکیسس Lachesis 1000-200

1319۔ خودکشی کا رجحان: مریض اپنی ذات کا اعتماد کھونے لگے، ہر وقت اپنے آپ کو ملامت کرتا ہو۔ خود کو بے کار اور ناکارہ وجود سمجھتا ہو۔ اپنے آپ کو زمین پر بوجھ

تصور کرتا ہو۔ ایسے خیالات بڑھ کر خودکشی کے رجحان پر منتج ہوتے ہوں تو

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 200-30

ذہنی علامتوں کے لحاظ سے یہ بہت اہم دوا ہے۔

1320۔ مریض کو بیماری کے نتیجہ میں خودکشی کا خیال آنے لگے۔ دُنیا کی ہر چیز سے بے نیاز ہو جائے اور آنے والی موت کے بارے میں سوچتا رہتا ہو۔

کارآمد دوا: ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30-Q

ایگنس کاسٹس میں یہ رجحان صرف وقتی طور پر بیماری کے دوران ہوتا ہے۔ مریض کے مزاج کا مستقلاً حصہ نہیں ہوتا جیسا آرم میور میں ہوتا ہے۔

1321۔ خودکشی کا رجحان۔ مریض اپنی ذات کی تنہائی میں قید ہونے کی وجہ بجائے بدمزاج، چڑچڑا اور جھگڑالو ہو جاتا ہو۔ خودکشی کا رجحان پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : آرم میور Aurum Mur 200-30

Hysteria : ہسٹیریا

1322۔ ہسٹیریا کے لئے مفید دوا : نکس موسکاٹا Nux Moschata 30

1323۔ ایام حیض سے قبل ہسٹیریائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔ تشنج، دوران حیض عضلات میں اینٹھن، پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1324۔ نوجوان بچیوں میں بیماری پیدا ہونے پر خوفناک قسم کا ہسٹیریا، مریضہ اپنے کپڑوں اور بدن پر چٹکیاں بھرتی ہو۔

1۔ پاکباز ہونے کے باوجود فحش کلامی کرتی ہو تو

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

2۔ نفسانی اور گندی باتوں کی آمیزش نہ ہو تو

مفید دوا : آرسینک 200-30 Arsenic

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 85)

1325۔ غم کے اثر سے دل کی مریض یا دماغی مریض بن جانا۔ بعض اوقات ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا 30 Ignatia

اگنیشیا کا مزاج رکھنے والی عورتیں بہت حساس ہوتی ہیں۔ غم یا صدمہ کا بہت گہرا اثر قبول کرتی ہیں ...... اگنیشیا کا مزاج رکھنے والی عورت کا غم کے اثر سے دل کی مریض یا دماغی مریض بن جانا بعید از قیاس نہیں ہے۔ اسے بعض اوقات ہسٹیریا کے دورے بھی پڑنے لگتے ہیں ایسی صورت میں اگنیشیا کو یاد رکھنا چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 463)

1326۔ مریضہ ہر وقت غمگین رہتی ہو اور بعض اوقات ہسٹیریائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس 30-Q Agnus Castus

1327۔ عورتیں جو ہسٹیریا کا مزاج رکھتی ہوں اور بہت پُر جوش ہوں رحم اور دل کی بیماریوں میں مبتلا رہتی ہوں۔ طرح طرح کے وہم اور خدشات انہیں گھیرے رہتے ہوں۔

مفید دوا : للئیم ٹگ 30 Lillium Tig

1328۔ مریض متشدد و مذہبی خیالات کا مالک ہو اگر وہ اذیت پسند ہو اور ہسٹیریائی مزاج بھی رکھتا ہو تو اس کے لئے

بہترین دوا: للئیم ٹگ 30 Lillium Tig

للئیم ٹگ کی علامات رکھنے والا مریض جب ضد میں آ جائے اور ہسٹیریائی مزاج غالب ہو تو وہ غیر منطقی باتیں کرتا ہے حالانکہ اپنی روزمرہ زندگی میں وہ بالکل متعدل ہوتا ہے

لیکن بیماری اگر غالب ہو تو فضول بخشیں کرتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 565)

1329۔ بچوں کی جسمانی بیماریاں کسی علاج سے بظاہر ختم ہو جائیں تو ذہنی علامات ظاہر ہو کر ہسٹیریائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: ایکٹیا ریسی موسا Actaea Racimosa 30

1330۔ درد لہر در لہر اٹھتے ہوں ہر اگلی لہر پہلی لہر سے زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہو یہاں تک کہ مریض کی چیخیں نکل جاتی ہوں اور ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگے ہوں۔

مفید دوا: کولوسنتھ Colocynthis 30

کولوسنتھ کی چند گولیاں منہ میں رکھتے ہی سکون محسوس ہوتا ہے۔ درد جس سرعت سے آتی ہے کولوسنتھ ہومیو پیتھک پوٹینسی میں دینے سے اسی سرعت سے غائب ہو جاتی ہے۔ یہ کولوسنتھ کے دردوں کا عمومی مزاج ہے کہ ٹکور اور دباؤ سے آرام۔ ایسے درد جسم میں کہیں بھی واقع ہوں ہر جگہ بلاتوقف کولوسنتھ استعمال کریں جب یہ دوائی اثر کرتی ہے تو فوری سکون کے نتیجہ میں مریض سو جاتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 324)

1331۔ موسم کی تبدیلی کی وجہ سے جسم میں درد شروع ہو جاتے ہوں۔ تمام جسم کانپنے لگتا ہو۔ بہت کمزوری اور تھکن محسوس ہو۔ مریض بے خوابی کا شکار ہو جائے، بخار اور بہت پسینہ آئے۔

مفید دوا: الیکٹریسی ٹاس Electricitas 30

1332۔ اگر کسی عورت کو ہسٹیریا کے دورے پڑتے ہوں اور مرگی بھی ہو جائے تو بہت ہی

مؤثر دوا: ہائیڈروسائنک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

1333۔ ایام حیض سے قبل عورتوں میں ہسٹیریائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو، تشنج ہوتا ہو۔ دوران حیض بھی عضلات میں اینٹھن ہوتی ہو۔ پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا: ہائیوسیمس Hyoscyamus 30

1334۔بُری خبر سُننے سے مریض گُم صُم سا ہو جاتا ہو۔ایسا مریض پاگل ہو جائے یا اسے ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

اس میں نیٹرم فاس سے فوری فائدہ ہوتا ہے اور آئندہ خطرات سے نجات مل جاتی ہے۔

ورنہ ایسا مریض پاگل بھی ہو سکتا ہے یا پھر اسے ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگتے ہیں۔

یادداشت کی کمزوری

Weakness of Memory

1335۔یادداشت کمزور (Weak Memory) کیلئے

1۔کالی فاس Kali Phos 6x روزانہ تین بار

اگر فائدہ نہ ہو تو

2۔سلفر Sulphur 200 ہفتہ وار تین بار

1336۔یادداشت کی کمزوری دور کرنے کے لئے مفید نسخہ

1۔ کالی فاس Kali Phos 1000

ایک خوراک اور پھر

2۔ پلمبم Plumbum 200 چند خوراکیں۔

1337۔دماغی کمزوری کی وجہ سے یادداشت ختم ہو جائے۔خیالات میں یکسوئی نہ رہے۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 30

1338۔اگر یادداشت کمزور ہو اور اعصاب جواب دے جائیں اور آخر پاگل پن کی علامتیں ظاہر ہونے لگیں تو مفید دوا : کالی فاس Kali Phos CM

1339۔ذہنی انتشار: مریض مستقل طور پر اس انتشار کا شکار ہو جائے۔یادداشت میں کمی آ جائے طبیعت میں غم یا غصہ پایا جاتا ہو اور ہر کام سے نفرت ہونے لگے۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

1340۔یادداشت کمزور ہو جائے۔دماغ غیر حاضر رہنا۔اعصابی کمزوریاں روزمرہ کی بات ہو۔ بے ہمتی اور ناطاقتی کا احساس

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

1341۔حافظہ کمزور ہوتا ہو۔ذہنی انتشار ایک طبعی علامت ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea 30

1342۔ذہنی صلاحیتیں متاثر ہوں۔یادداشت اتنی کمزور ہو جائے کہ بعض دفعہ مریض بالکل نیم پاگل سا ہو جاتا ہو اور اول فول بکتا ہو۔ سوچنے کی طاقت میں کمی آنے لگے کوئی بات سوچے تو چکر آنے لگے۔یہ دماغ کے خلیے سکڑنے کا رجحان ہے۔

فوراً دی جانے والی دوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met. 1M

1343۔دماغ کمزور ہو جائے اور تخلیقی صلاحیتیں متاثر ہونے لگیں۔ یادداشت کمزور ہو جائے اور مریض غیر معقول استدلال کرنے لگے۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

1344۔معدہ کی تیزابیت کی وجہ سے یادداشت متاثر ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

1345۔غیر معمولی نقصان کی وجہ سے یادداشت متاثر ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

1346۔ یادداشت کی کمزوری کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ کالی فاس Kali Phos 1000 ایک خوراک اور پھر

2۔ پلمبم Plumbum 200 چند خوراکیں۔

1347۔ بچے کمرہ امتحان میں جاکر سب کچھ بھول جاتے ہوں۔

ایتھوزا Aethusa 200

1348۔ غیر معمولی ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے یادداشت متاثر ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

1349۔ مریض کی یادداشت کمزور ہو جائے، ذہن دھندلا جائے اور سخت ذہنی تھکاوٹ محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : بوفو Bufo 30-Q

یہ خاص طور پر ذہنی صلاحیتوں اور دماغ پر اثرانداز ہوتی ہے۔

1350۔ کسی صدمہ کے اثر سے یادداشت میں فرق پڑ جائے تو

مفید دوا : کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

1351۔ مریض بات کرتے کرتے بھول جاتا ہو کہ کیا کہنے لگا تھا خیالات کا سلسلہ منتشر ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

اگر کسی انسان کا بات کہتے کہتے اپنی خیالات سے تعلق ٹوٹ جائے تو یہ علامت نیٹرم میور کی ہے۔

1352۔ مریض کوئی بات سنتے سنتے سمجھنے کی صلاحیت کھو بیٹھے اور کچھ دیر سے سمجھے۔

مفید دوا : پلمبم Plumbum 30

1353۔ مریض چیزوں کے نام غلط یاد رکھتا ہو اور وہی پکارتا ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

1354۔ مریض لکھتے ہوئے لفظ چھوڑ دیتا ہو مفید دوا :

بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

اگر ذہنی پریشانی اور پیشاب کی علامتیں بینزوئک ایسڈ والی ہوں تو بینزئک ایسڈ ہی آرام دے گی۔...... بینزوئک ایسڈ کی سب سے واضح علامت پیشاب میں بدبُو ہے جو گھوڑے کے پیشاب کی بدبُو سے مشابہ ہوتی ہے اور اس سے پیچھا چھڑوانا بہت مشکل ہوتا ہے۔

1355۔ مریض کو ہر وقت یہ احساس رہتا ہو کہ وہ کچھ بھول گیا ہے۔

مفید دوا : ملی فولیم Millefollium 30

1356۔ آہستہ آہستہ قوت فیصلہ ماؤف ہونے لگے۔ مریض کرنہ کر کی غیر معین حالت میں معلق رہتا ہو۔ رفتہ رفتہ ذہن دھندلا جائے اور ابہامات کا شکار ہو تو

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

1357۔ غم کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے اثرات یادداشت کی کمزوری کی شکل میں ظاہر ہوں تو مفید دوا : کونیم Conium 30

1358۔ کسی محبوب ہستی کی جدائی سے یادداشت متاثر ہو

مفید دوا : کونیم Conium 30

کونیم غم کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے اثرات سے بھی تعلق رکھتی ہے اس دوا میں غم کا پہلا اثر ذہن پر یادداشت کی کمزوری کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

1359۔ یادداشت کمزور ہو جائے اور اعصاب جواب دے جائیں اور آخر پاگل پن کی علامتیں ظاہر ہونے لگیں۔

کارآمد دوا: کالی فاس Kali Phos CM-1000

کالی فاس اعصاب کو تقویت دینے میں خاص شہرت رکھتی ہے اس کا مرکزی تعلق اعصاب سے ہے اعصاب کو تقویت دینا گویا اس کے مزاج کا حصہ ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 505)

1360۔ مریض کی یادداشت کمزور ہوتی ہو اور سوچ بچار میں دشواری محسوس ہوتی ہو۔ ذہنی علامات بہت نمایاں ہوتی ہوں۔

مفید دوا: سلفر Sulphur 30

1361۔ یادداشت کمزور ہو جاتی ہو اور سر میں کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: مرک سال Merc. Sol 30

1362۔ دماغی کمزوری کی وجہ سے یادداشت ختم ہو جاتی ہو۔ خیالات میں یکسوئی نہیں رہتی ہو۔

کارآمد دوا: لاروسیراسس Laurocerasis 200-30

1363۔ کمزور یادداشت، ہر چیز سے بے رغبتی، بے چینی اور پریشانی نمایاں ہو تو

مفید دوا: سپائی جیلیا Spigelia 30

1364۔ یادداشت کی کمزوری اور عمومی دماغی کمزوری جس سے مریض کوئی سوچ بچار نہیں کر سکتا ہو۔ یہی کمزوری بڑھ کر آرٹیریوسکلروسس میں تبدیل ہو سکتی ہو۔

مفید دوا: کونیم Conium 30

1365۔ مریض کی یادداشت کمزور ہو جاتی ہو اور وہ دماغی کام سے بوجھ محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 200-30

لیک ڈیف کا مریض بے حد ٹھنڈا رہتا ہے۔ تکلیفوں کو گرمی پہنچانے سے آرام آتا ہے۔

1366۔ مریض دیکھے بھالے راستے بھول جاتا ہو۔ اسے پتہ ہی نہیں چلتا ہو کہ وہ کہاں

ہے اور کدھر جانا ہے۔ راستے اجنبی ہو جاتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ گلونائن Glonoine 200-30

2۔ لیکیسس Lachesis 200-30

3۔ اوپیئم Opium 200-30

یہ علامات لیکیسس (Lachesis) میں بھی پائی جاتی ہیں۔ خون کا دباؤ زیادہ ہونے سے بھی یہ علامتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لئے گلونائن کو عموماً خون کا دباؤ کم کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اوپیئم بھی اس حالت میں مفید دوا ہے بلکہ گلونائن کے مقابل بلڈ پریشر ٹھیک کرنے کیلئے زیادہ مفید ہے اور نسبتاً گہرا اثر کرتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 404)

1367۔ تازہ یادداشت کا خراب ہونا یا یادداشت کا اچانک جواب دے جانا اور بہت دُور ماضی کی یادداشت کا زندہ رہنا برین فیگ (BrainFag) قریبی یادداشت مٹ جانے کے دورے بار بار ہوں (خاص اور نمایاں علامت)

بہت اچھی دوا: پکرک ایسڈ Picric Acid 30

برین فیگ یادداشت کی ایسی کمزوری کو کہتے ہیں جس میں مریض کی فوری یادداشت اچانک جواب دے جاتی ہے حتیٰ کہ چند منٹ پہلے پانی پیا ہو یا کھانا کھایا ہو تو بھول جاتا ہے اور اپنے عزیزوں پر ناراض ہوتا ہے کہ پانی یا کھانا کیوں نہیں دیتے۔

تازہ یادداشت کا خراب ہونا اور بہت دُور ماضی کی یادداشت کا زندہ رہنا برین فیگ کی خاص علامت ہے۔ پکرک ایسڈ کا برین فیگ آرٹیریو سکلروسس سے بہت ملتا ہے قریبی یادداشت مٹ جانے کے دورے بار بار ہوں تو یہ بہت اچھی دوا ہے۔

برین فیگ اس وقت ہوتا ہے جب رگوں میں تشنج کی وجہ سے خون کا دوران کم ہو۔

برین فیگ کا تعلق عموماً معدہ کی خرابی سے ہوتا ہے۔ آرٹیریو سکلروسس کے مریض کا معدہ جواب دے جائے تو برین فیگ اور بھی زیادہ ہونے لگتا ہے۔

1368۔خون کی نالیاں تنگ ہوئے بغیر یادداشت متاثر ہو اگر یہ وقتی کمزوری ہو۔ مفید دوائیں

1۔کالی فاس Kali Phos 6x

2۔کیلیڈیم Caladium 30

1369۔یادداشت میں غیر معمولی اضافہ دماغی قویٰ میں غیر معمولی قوت پیدا ہو جاتی ہو۔ دُور کے واقعات یاد آنے لگتے ہوں۔پُرانے پڑھے ہوئے اشعار یاد آنے لگتے ہوں پُرانے زمانوں کے مزے اور خوشبوئیں بھی یاد آ جاتی ہوں۔(علامات)

مفید دوا : کافیا Coffea 200-30

1370۔ذہنی انتشار: مریض مستقل طور پر اس انتشار کا شکار ہو جائے۔یادداشت میں کمی آ جائے طبیعت میں غم یا غصہ پایا جاتا ہو اور ہر کام سے نفرت ہونے لگے۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

1371۔یادداشت کمزور ہو جائے۔دماغ غیر حاضر رہنا۔اعصابی کمزوریاں روزمرہ کی بات ہوں۔بے ہمتی اور ناطاقتی کا احساس پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus

1372۔حافظہ کمزور ہوتا ہو۔ذہنی انتشار ایک طبعی علامت ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea

1373۔مریض کی ذہنی علامات بہت نمایاں ہوتی ہوں۔یادداشت کمزور ہو جاتی ہو۔ سوچ بچار میں دشواری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

1374۔یادداشت کمزور ہو جاتی ہو اور سر میں کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : مرکسال Merc. Sol 30

1375۔دماغی کمزوری کی وجہ سے یادداشت ختم ہو جاتی ہو۔خیالات میں یکسوئی نہیں رہتی ہو۔

مفید دوا : لاروسیر اسس Laurocerasus 30

1376۔کمزوری یادداشت ہر چیز سے بے رغبتی، بے چینی اور پریشانی نمایاں ہو۔

مفید دوا : سپائی جیلیا Spigelia 30

1377۔معدہ کی تیزابیت کی وجہ سے یادداشت متاثر ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit.

1378۔غیر معمولی نقصان کی وجہ سے یادداشت متاثر ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit.

1379۔غم کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے اثرات ذہن پر یادداشت کی کمزوری کی شکل میں ظاہر ہوں تو

مفید دوا : کونیم Conium 30

1380۔کسی محبوب ہستی کی جدائی سے یادداشت متاثر ہو تو

مؤثر دوا: کونیم Conium 30

کونیم غم کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے اثرات سے بھی تعلق رکھتی ہے اس دوا میں غم کا پہلا اثر ذہن پر یادداشت کی کمزوری کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔

مرگی Epilepsy

1381۔۔مرگی کا دورہ کسی اچانک خوف کے نتیجہ میں پڑے تو

1۔ فوری فائدہ بخش دوا: ایکونائیٹ Aconite 1000

2۔ مستقل فائدہ بخش دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 293)

دورہ کی شدت ختم ہوتو ایسے مریضوں کا خوف غم میں تبدیل ہو جاتا ہے اور اداسی چھا جاتی ہے یہ ایک زائد علامت ہے جو سیکوٹا وروسا کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

1382۔ مرگی کے لئے ایک اور نسخہ:

1۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30

2۔ آرٹیمیشیا Artemisia Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

1383۔ مرگی کے لئے ایک نسخہ

1۔ کیوپرم Cuprum 30

2۔ آرٹیمسیا Artemisia Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

3۔ کلکیر یا سلف Calc. Sulph 1000 ہفتہ وار

1384۔ مرگی کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ کیوپرم Cuprum
بیلاڈونا Belladonna
30 ملا کر

2۔ آرٹیمیشیا Artemisia
پیسی فلورا Passiflora
Q

ملا کر روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

1385۔ مرگی کے لئے ایک اور مفید نسخہ

1۔ہائیڈروسائنک ایسڈ Hydorcyanic Acid
کلکیریا آرسینک Calc. Arsenic
اونتھی Oenthe Crocata
ابسنتھیم Absinthium
6x ملا کر

ملا کر تین بار روزانہ

2۔پیسی فلورا Passiflora
آرٹیمیشیا Artemisia
Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

1386۔چمک دار چیزیں دیکھنے سے مرگی کا دورہ پڑنے کا احتمال: بہت مفید نسخہ

ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum
ہائیڈروسائنک ایسڈ Hydrocyanic Acid
200 ملا کر

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 211)

1387۔مرگی کے لئے نیا نسخہ

ہائیڈوسائنک ایسڈ Hydrocyanic Acid
سٹرامونیم Stramonium
ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

1388۔مرگی کے لئے ایک اور عمدہ نسخہ

1۔کلکیریا کارب Calc. Carb CM صرف ایک خوراک

2۔آرسینک Arsenic 1M ہفتہ وار

3۔ ہائیڈروسائنک ایسڈ Hydrocyanic Acid
ہائیوسیمس Hyoscyamus 200
ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

1389۔ جنسی کمزوری: جلق کے بداثرات کے نتیجہ میں نوجوان مرگی کا شکار ہوجائیں یا ہم بستری کے وقت مرگی کا دورہ پڑ جائے تو مفید دوا :

بوفو Bufo 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 173-175)

1390۔ مرگی کے مریض کے منہ سے دھاگے دار تھوک نکلے (علامت)

کالی بائیکروم Kali Bich 30

1391۔ مرگی میں کیوپرم کی طرح جسم نیلا ہوجائے اور ہاتھ پاؤں مڑنے لگیں۔ مرگی کے حملہ سے قبل مریض اعصابی بے چینی محسوس کرتا ہو۔ اچانک متلی ہوتی ہو۔ وہمی نظارے اور خیالی چیزیں نظر آنے لگیں۔ جسم کانپتا ہو اور زبان دانتوں میں آجاتی ہو۔ منہ سے جھاگ نکلتی ہو اور مریض بیہوش ہوجاتا ہو تو

ممکنہ دوا: ابسنتھم Absinthum 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 5)

1392۔ مرگی کے دورے جن میں مریض ہوش و حواس نہ کھوئے۔ اور آنکھیں کھلی رہیں

مرگی کا دورہ ختم ہوجائے تو مریض پر اچانک سخت تھکاوٹ اور غنودگی طاری ہوجائے۔

بہت مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

1393۔ مریض کو رات سوتے ہوئے مرگی کے دورے پڑ جاتے ہوں۔

(علامت) ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1394۔مرگی کے حملہ کے آغاز میں،مریض کو یہ احساس ہو کہ دل میں کچھ ہو رہا ہے اور
پھر مرگی کے مشابہ دورہ پڑے،دورہ پڑنے سے پہلے آواز بیٹھ جائے اور مریض بول نہیں سکتا
ہو۔تو مکمل شفا بخشنے کی صلاحیت رکھنے والی دوا:

کلکیریا آرس Calc. Ars. 30

1395۔خوف کے نتیجہ میں عضلات میں اکڑاؤ پیدا ہو جائے،ہاتھ پاؤں مڑنے لگیں اور
ہسٹیریا یا مرگی کے دورے شروع ہو جائیں۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 1000

1396۔خوف کے نتیجہ میں مرگی کے دورے مستقل صورت اختیار کر لیں۔

کارآمد دوا: اوپیئم Opium 1000

بعض دفعہ اوپیئم کی اونچی طاقت میں ایک ہی خوراک مرض کا قلع قمع کر دیتی ہے۔
لیکن صرف اس صورت میں جب خوف کی وجہ سے مرگی کا حملہ ہوا ہو اوپیئم کے مرگی کے
دورے عموماً نیند کی حالت میں ہوتے ہیں اور دورہ چیخ سے شروع ہوتا ہے۔

1397۔اگر کسی عورت کو ہسٹیریا کے دورے پڑتے ہوں اور مرگی بھی ہو جائے تو

بہت مؤثر دوا: ہائیڈروسائنیک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

1398۔معدے کی خرابی کی وجہ سے مرگی کی طرح کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200

معدہ سے ایک شعلہ سا نکلتا ہے جو سر یا دل کی طرف جاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔سر پر
دباؤ کی وجہ سے مریض بعض دفعہ بے ہوش ہو جاتا ہے یا اسے چکر آتے ہیں اور جسم کا توازن
برقرار نہیں رہتا یہ علامتیں معدے کی تیزابیت کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔اگر کسی کھلاڑی کے

معدے میں تیزابیت ہوتو اس میں ایسی علامتیں پیدا ہونا زیادہ قرین قیاس ہے۔ یہ بیماری مرگی کی نہیں ہوتی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 400)

1399۔ پنڈلی کے نہایت تکلیف دہ تشنج بڑھ کر مرگی کے دوروں میں تبدیل ہو جائیں تو (بشرط مزاج)

کار آمد دوا: گریفائٹس Graphites 200-30

مرگی میں یہ دوا اس وقت کام کرتی ہے جب مریض کے مزاج سے مشابہ ہو، گریفائٹس میں یہ خوبی ہے کہ اگر یہ کام کرے تو بہت گہرے نتائج پیدا کرتی ہے۔ عین ممکن ہے کہ بیماری جڑ سے اُکھڑ جائے یا اتنی معمولی رہ جائے کہ شاذ کے طور پر کبھی دورہ پڑے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 411)

1400۔ ملیریا کے حملہ کے بعد مرگی کے دورے پڑنے لگیں تو

ناقابل فراموش دوا: سائنا Cina 200-30

بے ہوشی Fainting

1401۔ بچے ناراضگی کے صدمہ سے مغلوب ہو کر بیہوش ہو جائیں

مفید دوئیں: 1۔ ایسکولس Aesculus 30

2۔ ایگریکس Agaricus 30

بچے معمولی ڈانٹ ڈپٹ سے بیہوش ہو جاتے ہیں۔ (ایسکولس میں یہ علامت زیادہ ملتی ہے)

1402۔ بیہوشی کے ساتھ سارا جسم تن جائے۔ جیسا کہ مرگی کے دوروں میں ہوتا ہے

(خاص علامت) کیوپرم Cuprum 30

1403۔ گہری بیہوشی کا رجحان جس میں آنکھ کی ایک پتلی پھیل جاتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا Belladonna 200

2۔ اوپیم　　Opium　30

بیلاڈونا میں گہری بے ہوشی کا رجحان ملتا ہے جس میں آنکھوں کی ایک پتلی پھیل جاتی ہے۔ یہ علامت اوپیم میں بھی ملتی ہے۔ جبکہ اوپیم باقی علامتوں میں بیلاڈونا سے مختلف ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 138)

1404۔گرمی کی شدت سے یا اندرونی کمزوریوں کی وجہ سے عورتوں کو دندل پڑ جائے۔

مفید دوا: کیمفر　　Camphor　30

کیمفر کی چھوٹی طاقت کی ہومیو دوا سے صرف ہونٹ گیلا کردیں تو وہ خود بخود اثر دکھائے گی اور یہ کیفیت جاتی رہے گی۔

1405۔گرم ممالک میں ہجوم اور جمگھٹے میں عورتیں بیہوش ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا　　Ignatia　30

1406۔تمام جسم میں تپش اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔ مریض اچانک غش کھا کر گر جائے، سانس گھٹتا ہو اور منہ سے جھاگ بھی نکلتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن　　Glonoine　200-30

مریض مستقلاً مرگی کا مریض نہیں ہوتا یہ محض ایک عارضی مشابہت ہے۔

1407۔مریض پر بیہوشی طاری ہو جائے اور ہذیانی کیفیت ہو اور آنکھیں اوپر چڑھ جائیں تو فوری طور پر قابل استعمال دوا:

کیوپرم　　Cuprum　30

1408۔مریض بے ہوش ہو جائے اور ہذیانی کیفیت، مریض کی آنکھیں بیہوشی کی حالت میں ایک جگہ گڑی ہوں اور پتلیاں پھیلی ہوئی دکھائی دیتی ہوں۔

مفید دوا : کیمفر　　Camphor　30

1409۔ کھانے کی بُو خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو سے شدید متلی جس سے مریض بے ہوش ہو جائے۔

کالچیکم Colchicum 200-30

1410۔ بیماری کے دوران مریض پر بیہوشی طاری ہو جائے اور وہ غنودگی کے دوران چُپ چاپ پڑا رہے۔

آرنیکا Arnica 30

1411۔ مریضہ چھوٹی سی تکلیف کو بھی بہت شدت سے محسوس کرتی ہو۔ ملنے جلنے والے لوگ اس کے بارے میں کہنے لگتے ہوں کہ بہانہ کرتی ہے یہ سُن کر اس کی تکلیف اور بھی بڑھ جاتی ہو اور بعض دفعہ بیہوشی کے دورے پڑنے لگتے ہوں.

مفید دوا : سٹفی سیگریا Staphysagria 30

1412۔ مریض نیم بیہوشی کے عالم میں اپنے آپ سے باتیں کرتا ہو پھر بہت چیخیں مارتا ہو اور بیہوش ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1413۔ غم یا خوف وغیرہ کے اثرات کی شدّت کے وقت بیہوشی۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

یہ اعصابی کمزوری کی بیہوشی ہے۔ مریضہ نروس ہو تو وہ کانپتی ہے اور اعصاب جھرجھری سی محسوس کرتے ہیں۔ یہ کیفیت بڑھ کر تشنج میں تبدیل ہو جاتی ہے اور مریضہ بے ہوش ہو جاتی ہے جیسے ہسٹیریا کی مریضہ ہو۔

1414۔ دماغ کی رگ پھٹ جائے اور بے ہوشی طاری ہو جائے،

حیرت انگیز نسخہ: آرنیکا Arnica / اوپیئم Opium 1000-30

1415۔مریض غنودگی اور نیم بے ہوشی کی کیفیت میں رہتا ہو، وہ سمجھتا ہو کہ اس کے اعضاء الگ الگ ہو گئے ہیں۔اس کی شخصیت اعضاء میں بکھر جاتی ہو۔اس کی غنودگی الگ الگ اعضاء پر قبضہ کئے رکھتی ہو۔جب اسے مجبور کر کے اٹھایا جائے تو پھر وہ غنودگی کے عالم میں ہی اٹھتا ہو اور بکھرے ہوئے اعضاء کو جمع کرنے کی کوشش کرتا ہو۔بعض دفعہ ان سے مخاطب بھی ہوتا ہو۔ بعض دفعہ سمجھتا ہو کہ اس کی ایک ٹانگ دوسری ٹانگ سے باتیں کر رہی ہے۔اس کو جھنجوڑ کر کوئی سوال کیا جائے تو جواب دیتے دیتے پھر سو جاتا ہے۔ایسے ذہنی الجھاؤ کا بہترین علاج:

بپٹیشیا Baptisia 200-30

1416۔مریض گرم پانی کے ساتھ نہانے سے بے ہوش ہو جاتے ہوں (بشرط علامات)

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

لیکیسس کا مریض بہت ٹھنڈا ہوتا ہے خصوصاً اس کے پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوتے ہیں مگر گرم پانی سے تکلیف بڑھتی ہے۔خصوصاً سر کی علامتیں بہت بڑھ جاتی ہوں۔

1417۔مریض ہیجانی کیفیت میں بے ہوش ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

1718۔جذبات کے غلبہ کے نتیجہ میں بے ہوشی طاری ہو جائے تو

مفید دوا : کافیا Coffea 30

1419۔جذبات کی تحریک سے دندل پڑ جائے تو

مفید دوا : کافیا Coffea 30

1420۔جسم میں خون کی کمی کے نتیجہ میں سخت کمزوری ہو۔بار بار بے ہوشی طاری ہو۔ سانس میں گھٹن کا احساس ہو

مفید دوا : ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 200-30

چکر آنا (سر چکرانا) Vertigo

1421۔ چکروں کے لئے مفید نسخہ:

1۔ کاربو ویج Carbo Veg. 30

2۔ فیرم فاس Ferr. Phos
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر

1422۔ نروس ہو جانا اور چکر آنا۔ ایک اور نسخہ

1۔ جلسیمیم Gelsemium
انوسموڈیم Onosmodium
زنکم میٹ Zincum Met.
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک بار

2۔ کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
کلکیریا فلور Calc. Fluor
6x روزانہ تین بار

1423۔ کان کی خرابی کی وجہ سے چکر آتے ہوں

1۔ مفید اور مؤثر دوا: کاکولس Cocculus 30

اگر کاکولس کام نہ کرے تو

2۔ بہترین دوا: آئرس ورسیکولر Iris Vercicolor 30

آئرس ورسیکولر کان کی خرابی اور اس میں موجود مائع کا توازن بگڑنے کی وجہ سے آنے والے چکروں کے لئے بہترین دوا ہے۔

1424۔کان کی خرابی کی وجہ سے چکر آتے ہوں۔کانوں کی تکلیف کی وجہ سے چکر آتے ہوں تو ایک مفید دوا : کاربونیم سلف

30 Carbonium Sulph

1425۔کانوں میں خرابی کی وجہ سے اور حرکت کرنے سے چکر آتے ہوں۔

1۔ مفید دوا : برائیونیا 30 Byonia

2۔مشابہ دوا: کاکولس 30 Cocculus

دراصل کانوں کی خرابی کے چکروں میں برائیونیا اور کاکولس مشابہ ہیں۔کان کی درمیانی ٹیوبوں میں ایک مائع موجود رہتا ہے جو ذرا بھی حرکت کرے تو اعصاب کے ذریعہ دماغ تک اس حرکت کی اطلاع پہنچتی ہے اور توازن یا عدم توازن کا احساس پیدا ہوتا ہے۔مسلسل بدلنے والی حرکت سے چکر آنے لگتے ہیں۔اگر حرکت کی وجہ سے تکلیف ہو یا کان کی ایسی بیماری ہو جس سے اس مائع کے اردگرد جو احساس کی جھلیاں ہیں وہ غیر معمولی طور پر حساس ہو جائیں تو اس کے نتیجہ میں جو چکر آتے ہیں ان کا علاج برائیونیا اور کاکولس سے کیا جاتا ہے۔فرق یہ ہے کہ برائیونیا میں کان کی سوزش کے نتیجہ میں حرکت سے چکر آتے ہیں۔لیکن کاکولس میں حرکت سے چکر اعصابی خرابی کی وجہ سے آتے ہیں۔جہاں ظاہر طور پر کان میں کوئی مستقل خرابی نہ ہو اور پھر بھی چکر آئیں وہاں کاکولس مفید ہے۔جہاں انفیکشن اور چکر ہوں وہاں برائیونیا بہتر ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 167-166)

1426۔کان کی خرابی کی وجہ سے چکر آتے ہوں اور شنوائی میں کمی آ جاتی ہو اور کانوں میں شور کی آواز آتی ہو۔

مفید دوا : چینوپوڈیم 30 Chenopodium

ایسی صورت میں چکروں کے علاوہ قوت شنوائی کے حسی عضلات یا ریشوں کے امراض میں بھی مفید ہے۔اگر آواز اچانک بند ہو جائے تو یہ اس عارضہ میں بھی مفید ہے۔

1427۔گاڑی یا سمندری جہاز میں چکر آتے ہوں اور متلی ہوتی ہو۔

مفید نسخہ:

برائیونیا	Bryonia	30 ملا کر
کاکولس	Cocculus	
نکس وامیکا	Nux Vomica	
اپیکاک	Ipecac	

1428۔سفر کی حالت میں چکر آئیں۔اگر یہ بیماری حرکت سے بڑھتی ہو تو

اچھی دوا: برائیونیا Bryonia 30

1429۔معدے کی خرابی سے آنے والے چکروں کے لئے مفید دوائیں:۔

1۔نکس وامیکا Nux Vomica 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

1430۔چکروں کے لئے مفید نسخہ:

1۔ کاربوویج Carboveg 30

2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	

1431۔چکروں کے لئے مشہور دوائیں:

1۔کونیم Conium 30

2۔بیلاڈونا Belladonna 30

3۔جلسی میم Gelsemium 30

4۔کاکولس Cocculus 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 325)

1432۔نوجوان بیوائیں یاایسی جذباتی خواتین جن کی شادی نہ ہوسکے ان کے دبے ہوئے جذبات کے نتیجہ میں اگر دیگر تکالیف کے علاوہ چکروں کی مخصوص علامت بھی پائی جائے توایسی مریضہ کی دوسری تکلیفوں کو بفضلہٖ تعالیٰ شفا بخشنے کی طاقت رکھنے والی دوا:

کونیم Conium 30·

1433۔لیٹے لیٹے چکر محسوس ہوتے ہوں اور سارا بستر گھوم جاتا ہو۔

مفید دوا : کونیم Conium 30

1434۔عموماً اُٹھنے یا چلنے پر چکر آتے ہوں۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

1435۔سر پر دباؤ کی وجہ سے مریض بعض دفعہ بے ہوش ہو جاتا ہو یا اسے چکر آتے ہوں اور جسم کا توازن برقرار نہ رہتا ہو۔

مفید دوا : جلسی میم Gelsemium 30

1436۔ہر بیماری حرکت سے بڑھتی ہو اور سفر کی حالت میں چکر آئیں تو

مفید نسخہ 1۔کاکولس Cocculus 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

1437۔چکر آنا، آنکھیں بند کرنے سے چکّروں میں اضافہ

کیلیڈیم Caladium 30

1438۔آنکھیں بند کرنے سے چکروں میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کیلیڈیم Caladium 30

1439۔چکر آنکھیں کھولنے سے بڑھ جائیں۔لیٹنے اور آنکھوں کو حرکت دینے سے

چکرآنے لگیں۔مفید نسخہ:

کونیم Conium
کاکولس Cocculus
30 ملاکر

"کیلیڈیم کے مریض کوبھی چکرآتے ہیں۔آنکھیں بند کرنے سے چکروں میں اضافہ ہو جاتا ہے کونیم میں چکروں کی علامت اس کے برعکس ہوتی ہے اور چکرآنکھیں کھولنے سے بڑھتے ہیں اور لیٹنے اور آنکھوں کو حرکت دینے سے بھی چکرآنے لگتے ہیں۔ ایسے چکروں میں کونیم اکیلی فائدہ نہیں دیتی بلکہ کاکولس کے ساتھ ملا کر دینے سے چکروں کی بہت طاقتور دوا بن جاتی ہے۔ان دونوں میں حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 186)

1440۔ذہنی تھکاوٹ اور جسمانی کمزوری کے نتیجہ میں فکروپریشانی کے ساتھ سردرد ہو اور چکر۔متلی اور قے کا رجحان ہو۔

کاکولس 30 Cocculus

1441۔جسمانی محنت اور تھکاوٹ سے چکر بڑھ جاتے ہوں آرام سے افاقہ حرکت سے تکلیف۔

مفید دوا: کیکٹس 30 Cactus

1442۔اعصابی تھکاوٹ کی وجہ سے چکرآئیں تو بہت اچھی دوا:

کالی فاس 6x Kali Phos

1443۔اچانک حرکت سے توازن بگڑ جائے اور چکرآنے لگیں۔سفر کے دوران تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو تو

اوّلین قابل ذکر دوا: کاکولس 30 Cocculus

1444۔اچانک حرکت سے چکر بڑھ جائیں۔جبکہ یہ چکر خون کے دباؤ میں کمی بیشی سے متعلق ہوں۔مریض کے چہرہ کی طرف خون کا غیر معمولی دباؤ ہو۔مریض کے چہرہ میں

سرخی اور تمتماہٹ ہو۔

مفید دوا : بیلاڈونا　Belladonna 30

1445۔اچانک چکر آنے لگتے ہوں، اچانک اٹھنے سے چکر آتے ہوں۔

مفید دوا : برائیونیا　Bryonia 30

1446۔مریض کو اچانک چکر آنے کا عارضہ ہو اور مستقل چکر آنے کا جو پیدائشی طور پر اس کی خلقت میں پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : چینوپوڈیم　Chenopodium 30

اس مرض کو **Menier's Disease** کہتے ہیں اس میں بار بار سخت چکروں کے دورے پڑتے ہیں جن کے ساتھ شدید قے بھی شروع ہو جاتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 280)

1447۔سر بوجھل سا ہوتا ہو اور توازن ٹھیک نہیں رہتا ہو۔ چلتے چلتے قدم لڑکھڑاتے ہوں۔ سر کو حرکت دینے سے چکروں میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا　Nux Vomica 30

1448۔سر میں بھاری پن، گدی میں درد اور چکر آتے ہوں (علامت)

مفید دوا : نیٹرم سلف　Nat. Sulph 6x

1449۔پیٹ کی ہوا، معدہ میں اچانک لرزہ پیدا کرتی ہو اور اس حرکت سے بھی توازن بگڑ جاتا ہو اور چکر آتے ہوں۔

بہت مؤثر دوا: نکس وامیکا　Nux Vomica 30

1450۔اچانک اٹھنے سے، سر جھکانے سے اور سر کے دائیں بائیں حرکت کرنے سے

چکر آنے لگتے ہوں

مفید دوائیں: 1۔ برائیونیا Bryonia 30

2۔ کالی فاس Kali Phos 6x

3۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30

1451۔ صبح کے وقت چکر آتے ہوں۔ (علامت)

نکس وامیکا Nux Vomica 30

''اس کی بھی غالباً یہی وجہ ہے کہ رات کو پُرسکون نیند نہیں آتی اور صبح اُٹھنے پر سر میں تھکاوٹ کی وجہ سے چکر آنے لگتے ہیں''۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 641)

1452۔ صبح اٹھ کر چکر آتے ہوں اور ذہن سُن محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 200-30

1453۔ مریض کسی بیماری میں خوف سے چیخیں مارے اور سر چکراتا ہو۔

ایکونائیٹ Aconite 1000

1454۔ کتا اچانک جھپٹے اور مریض خوفزدہ ہو جائے اور سر گھومنے لگے۔

ایکونائیٹ Aconite 1000

1455۔ ذہنی محنت سے دماغ جلد تھک جائے یا چکر آنے لگیں اور چکر کے ساتھ مرگی سے مشابہ دورے پڑنے لگیں تو

مؤثر دوا: کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

1456۔ مریض کو چکر بہت آتے ہوں۔ بستر سے اٹھتے ہوئے کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: فائیٹولاکا Phytolacca 200-30

1457۔ اچانک اٹھ کر چکر آتے ہوں۔ (غالباً بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے) کان کے مائع

کا توازن برقرار نہیں رہتا ہو اور چکر آتے ہوں۔ کانوں میں انفیکشن سے چکر آتے ہوں۔ سخت درد کے باوجود غنودگی سی رہتی ہو۔ سر اونچا کر کے لیٹنے سے آرام محسوس ہوتا ہو۔ اگر مریض سامنے کی طرف جھکے تو تکلیف بڑھتی ہو۔

کارآمد دوا: سپائی جیلیا Spigelia 30

1458۔ مریض کو ہاتھ اونچا کرنے سے چکر آتے ہوں۔

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 30

1459۔ مریض کو لیٹے ہوئے ذرا سی کروٹ بدلتے ہوئے یا آنکھ کی حرکت سے چکر آتے ہوں۔

مفید دوا: کونیم Conium 30

کونیم میں لیٹ کر ذرا سی کروٹ بدلتے ہوئے یا آنکھ کی حرکت سے چکر آنے لگتے ہیں اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے بستر گھوم گیا ہے۔

1460۔ غنودگی کے ساتھ چکر پائے جاتے ہوں بعض دفعہ غشی طاری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 200-30

1461۔ چلتے ہوئے چکر آتے ہوں۔

مفید دوا: لیک کینائینم Lac. Can. 200-30

مریض کو یوں محسوس ہوتا ہے کہ ساری کائنات بہت لطیف انداز میں گھوم رہی ہے اور وہ پریوں کے دیس میں چلا گیا ہے۔ اس علامت کا فلک سیر یعنی بھنگ سے بھی تعلق ہے جس میں مریض کو ہواؤں میں پھرنے اور تیرنے کا احساس ہوتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 534)

1462۔ خون کا دباؤ اچانک سر کی طرف زیادہ ہو جائے اور چکر آنے لگیں اور توازن

برقرار نہ رہے ساتھ تشنجی کیفیت پیدا ہو تو

مفید دوا : کلکیریا آرس Calc. Ars. 30

1463۔ سر کی طرف خون کے دوران کا احساس سر کے دائیں جانب دباؤ، حرکت کرنے سے چکر آتے ہوں۔ مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 30

1464۔ نوجوان بیوائیں یا ایسی جذباتی خواتین جن کی شادی نہ ہو سکے ان کے دبے ہوئے جذبات کے نتیجہ میں لیٹے ہوئے چکر آتے ہوں۔ بستر گھوم جاتا ہو۔ آنکھ کی ذرا سی حرکت سے چکر زیادہ ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کونیم Conium 30

کونیم ایسی مریضہ کی دوسری تکلیفوں کو بفضلہٖ تعالیٰ شفا بخشنے کی طاقت رکھتی ہے۔

1465۔ مریض کو چکر آتے ہوں مریض اپنے آپ کو بچانے کے لئے سامنے کی طرف جھکتا ہو۔ مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 6x

چکروں کے ضمن میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ مریض کس طرف گرنے کا رجحان رکھتا ہے کالی فاس کا مریض توازن برقرار نہ رکھ سکے تو سامنے کی طرف گرنے کا رجحان رکھتا ہے ۔کالی فاس کا مریض ذہین ہوتا ہے اور اسے ریڑھ کی ہڈی کی وجہ سے نہیں بلکہ ویسے ہی چکر آتے ہیں اپنے آپ کو بچانے کے لئے سامنے کی طرف جھکتا ہے اس میں شعوری ارادہ بھی شامل ہوتا ہے۔ اور یہ خوف بھی کہ کہیں میں پیچھے نہ گر جاؤں اس لئے وہ اپنے آپ کو سنبھال کر آگے کی طرف جھکتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 364 جلد اول)

1466۔ سر کو چکر آئیں تو مریض خیال کرتا ہو کہ وہ کس طرف گرے گا (علامت)

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met 30

1467۔ سر کو چکر آئیں، مریض ہمیشہ یہی خیال کرتا ہو کہ وہ بائیں طرف گرے گا۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met 30

1468۔ سر میں چکر آئیں اور کسی ایک طرف گرنے کا خوف رہتا ہو۔

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

1469۔ مریض کھلی فضا اور اونچی جگہوں سے گھبراتا ہو، چکر آتے ہوں جن میں پیچھے کی طرف گرنے کا اندیشہ ہو۔

مفید دوا : ابسنتھیم Absinthium 30

1470۔ مریض کے کسی چیز سے خوفزدہ ہو جانے کے بعد سر میں چکر آتے ہوں۔ (علامت)

مفید دوا : اوپیئم Opium 30

☆☆☆☆☆

گردن کی تکالیف

Ailments of Neck

1471۔گردن کے پٹھوں کی درد کیلئے مفید نسخہ:

30	Kurchi	کُرچی
	Kali Carb	کالی کارب
	Cimicifuga	سمسی فیوجا

1472۔گردن کے پٹھوں میں درد کیلئے مفید دوا :

30	Strontium Carb	سٹرونشیم کارب

1473۔گردن کے پٹھے کمزور اور درد۔مفید نسخہ

200	Arnica	آرنیکا
	Ledum	لیڈم

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

1474۔گردن کے پٹھے، کندھوں کے پٹھے، کنپٹی کی ناڑ کے مسل کھینچے جاتے ہیں۔

مفید دوائیں:

30	Cicuta Virosa	1۔ سیکیوٹا وروسا
	Coccus Cacti	کوکس کیکٹی

روزانہ تین چار بار۔اگر افاقہ نہ ہو تو پھر نمبر 2

30	Balladonna	2۔ بیلاڈونا
	Cuprum	کیوپرم

1475۔گردن کے مسلز Muscles کے کھچاؤ کے لئے مفید نسخہ:

1۔ جلسیمیم	Gelsemium	200	
بیلاڈونا	Belladonna		
2۔میگ فاس	Mag Phos		
کالی فاس	Kali Phos	6x	ملاکر
کلکیریا فاس	Calc. Phos		

1476۔گردن سردی لگنے سے اکڑ جاتی ہو تو مفید دوا :

مرکسال Merc. Sol 30

1477۔صبح اٹھ کر گردن میں اکڑاؤ کا احساس ہو تو

1۔سب سے پہلے: بیلاڈونا Belladonna 200-30

اگر بیلاڈونا کام نہ کرے تو

2۔مرکسال Merc. Sol 200-30

1478۔گردن اکڑ جاتی ہو جس کی وجہ سے گردن موڑنا مشکل ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200

1479۔سوتے ہوئے گردن میں بل پڑ جائے تو مفید نسخہ:

جلسیمیم	Gelsemium	200-30
بیلاڈونا	Belladonna	

1480۔گردن میں اینٹھن اور کمر درد کے لئے مفید دوا :

ہورابرازیل Hura Brazil 30

1481۔تھائیرائیڈ گلینڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی۔غدود بہت سخت ہو جائیں

اور رفتہ رفتہ بڑھیں۔

ناقابل فراموش دوا: برومیم Bromium CM-30

طریقہ علاج: 1۔ علاج 30 طاقت سے شروع کریں۔

2۔ پھر 200 طاقت میں دیں۔

3۔ پھر کچھ دیر ٹھہر کر 1000 طاقت میں دیں۔

4۔ اور پھر اس سے اونچی طاقت میں دے کر بند کر دیں۔

"اس میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ سخت جمی ہوئی گلٹیوں کو بھی آہستہ آہستہ گھلانے لگ جاتی ہے۔مگر اسے تدریجاً لمبے عرصہ پر پھیلا کر دینا چاہیئے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 159)

1482۔گردن پر مہاسے۔عمدہ دوائیں:

1۔تھوجا Thuja 200

2۔کاسٹیکم Causticum 30

1483۔گلہڑ کے لئے (GOITER)

1۔بیسی لینم Bacillinum ┐ 200
سلفر Sulphur ┘

2۔کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x روزانہ تین بار

1484۔گلہڑ کے لئے مفید دوا:

کلکیریا فلور Calc. Fluor 1000

☆☆☆☆☆

Hair Diseases بالوں کی تکالیف

1485۔ بال گر گئے ہوں تو مفید نسخہ

1۔ سفیلینم Syphilinum CM صرف ایک خوراک

2۔ پکرک ایسڈ Picric Acid
ٹیوکریم Teucrium
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

1486۔ بال یکدم تیزی سے گرتے ہوں۔ کارآمد نسخہ:

1۔ بیسلینم Bacillinum
گریفائیٹس Graphites
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ ایسڈ فاس Acid Phos 30 روزانہ تین بار

1487۔ بال جڑوں سے اکٹھے اُکھڑتے ہوں (ایلوپیشیا Alopecia) مفید نسخہ

1۔ بیسلینم Bacillinum
نیٹرم میور Nat. Mur
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ ٹیوکریم Teucrium
پکرک ایسڈ Picric Acid
30

1488۔ بال جھڑنے (Falling Of Hair) کیلئے مفید نسخہ

1۔ ہیپر سلف Hepar Sulph
سورائینم Psorinum
گریفائٹس Graphites
200

2۔ایسڈ فاس Acid Phos 30 روزانہ تین بار

افاقہ نہ ہوتو

3۔سیلینیئم Selenium 30 روزانہ تین چار بار

خوراک: دس پندرہ گولیاں۔قطروں کی صورت میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں

1489۔بال گرتے ہوں اور یادداشت کمزور ہو۔مفید نسخہ

اگنیشیا Ignatia
ایسڈ فاس Acid Phos
30

1490۔بال گرنے کے مرض میں مفید دوا :

کلکیر یا آئیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

1491۔چھوٹی عمر میں بال سفید ہو جائیں۔

مفید دوا: سورائینم Psorinum 1000

دس دن کے وقفہ سے پانچ چھ خوراکیں۔

"بعض دفعہ نوجوان بچوں کے سر کے بال بکثرت سفید ہونے لگتے ہیں اور متعدد لٹیں سفید ہو جاتی ہیں تو اس میں سورائینم سے بہتر دوا میرے علم میں نہیں۔سورائینم ایک ہزار طاقت میں ہفتہ وار استعمال کرنے سے کچھ عرصہ کے بعد بھی جڑوں سے سیاہ بال نکلنے لگتے ہیں۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 682)

1492 ٹھنڈے مزاج کے بوڑھوں کے سفید بال کالے کرنے کیلئے ایک ممکنہ نسخہ:

آرنیکا Arnica
سورائینم Psorium
CM-30

مختلف طاقتوں میں ملا کر دینے کا تجربہ کریں۔ہوسکتا ہے کہ ٹھنڈے مزاج کے بوڑھوں میں یہ نسخہ کارگر ثابت ہو۔

1493۔سر میں خشکی، سکری اور بال جھڑنا (علامت)

کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

1494۔بال خشک اور بکھر بھرے ہو جائیں اور بہت شدت سے سکری پائی جاتی ہو تو مفید دوائیں:

1۔نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2۔میڈورائینم Medorrhinum 200-30

"میڈورائینم جلدی امراض اور سر میں سخت سکری کی تکلیف میں بھی کامیاب علاج ہے.... میڈورائینم کی بالوں کی علامات نیٹرم میور سے ملتی ہیں۔نیٹرم میور میں بال خشک اور بکھر بھرے ہو جاتے ہیں اور بہت شدت سے سکری پائی جاتی ہے۔بعض اوقات صرف میڈورائینم دینے سے ہی ان بیماریوں کا شافی علاج ہو جاتا ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 586)

1495۔بال بے رونق، کمزور اور بے جان ہو جاتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2۔فلورک ایسڈ Fluoric Acid 200-30

فلورک ایسڈ میں بال بہت کمزور اور بے جان ہو جاتے ہیں اور کناروں سے پھٹ جاتے ہیں نیٹرم میور میں تمام سر پر اثر پڑتا ہے۔لیکن فلورک ایسڈ میں سر پر کہیں کہیں بال کمزور ہوتے ہیں اور کہیں بالکل صحت مند نظر آتے ہیں۔یہ پہچان فلورک ایسڈ کو واضح طور پر دوسری ملتی جلتی دواؤں سے ممتاز کرتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 391)

1496۔بال کھوکھلے اور بے جان ہو جاتے ہوں اور کناروں سے پھٹ جاتے ہوں مگر جلد کچی اور بے جان نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

1497۔سر کے بال جھڑنے: ایلوپیشیااور عام گنجے پن کیلئے

1۔شہرت یافتہ دوا: ایسڈ فاس Acid Phos 30

2۔عمومی نسخہ:

بیسی لینم	Bacillinum	200	
نیٹرم میور	Nat. Mur	30	
ٹیوکریم	Teucrium Mur.	30	ملا کر
پکرک ایسڈ	Picric Acid	30	

چاروں ادویات ملا کر بہت مفید نسخہ ہے۔

ایلوپیشیا چھوٹے چھوٹے گول دائروں میں بال جھڑنے کی بیماری کو کہتے ہیں اس نسخے کو عام گنجے پن میں بھی کامیابی سے استعمال کر کے دیکھا ہے۔شرط یہ ہے کہ چہرے پر بھی ایسے ہی اس بیماری سے دھدڑی کے نشان ظاہر ہوں۔

3۔بشرط مزاج علامات: مفید دوائیں:

1۔گریفائیٹس Graphites 200-30

2۔فاسفورس Phosphorus 200-30

1498۔عمومی گنجے پن کے لئے ایک عمومی آزمودہ نسخہ: (اس گنجے پن کا تعلق سفلی مادوں سے ہو)

نیٹرم میور	Nat. Mur	200
بیسی لینم	Bacillinum	

1499۔سر بھاری ہواور بال جھڑتے ہوں۔

بہت اچھی دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1500۔ بال جھڑنے میں بہت شہرت کی حامل دوا:

ایسڈ فاس Acid Phos 30

1501۔ گنج پن کا تعلق دبے ہوئے سفلی مادوں سے ہو تو ایک مؤثر نسخہ:

1۔ سیفلینم Syphilinum CM

پہلے سیفلینم ایک لاکھ طاقت میں دینی چاہیئے اور دو مہینے کے بعد دہرانی چاہیئے۔

اگر فرق نہ پڑے تو

2۔ آرم میٹیلیکم Aurum Met. 200

اس کے بعد

3۔ نیٹرم میور Nat. Mur 200

بیسی لینم Bacillinum 200

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 113)

1502۔ گنج پن اور سکری یعنی بالوں میں خشکی کا علاج:

1۔ ایسڈ فاس Acid Phos 30

اگر اعصاب میں تیزی اور حدت ہو تو مفید دوا

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

یہ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے اور انہیں مضبوط بناتا ہے۔ فاسفورس کا اس قسم کی جلد سے تعلق ہے جس میں کچا پن آجاتا ہے اور بالوں میں کمزوری ظاہر ہوتی ہے۔

1503۔ بالوں کے گرنے، خشکی اور گنج پن کا علاج:

برائیٹا کارب Bryta Carb 6x

ممکن ہے کہ برائیٹا کارب کے مریضوں کے بالوں کی جڑوں میں فاسد مادے بیٹھنے سے بال کمزور ہو رہے ہوں۔

1504۔سر میں خشکی اور سکری (DANDRUFF) کیلئے ایک نسخہ

سورائینم	Psorinum	1000
گریفائیٹس	Graphites	ہر دس دن بعد ایک خوراک

1505۔سر میں خشکی اور بال جھڑنے کی علامت میں مفید دوا:

کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

1506۔سر میں سخت سکری کی تکلیف میں کامیاب علاج:

میڈورائینم Medorrhinum 200

1507۔سر میں کھجلی (Itching In the Head)

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30 روزانہ تین بار

1508۔سر کی جلد پر خارش ہوتی ہو۔مفید دوا :

کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

1509۔سر میں خارش ہوتی ہو اور زرد رنگ کے دانے بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1510۔سر پر خارش جس کے ساتھ اُبھار اور کھرنڈ بن جائیں تو ممکنہ

مفید دوا : فائیٹولاکا Phytolocca 200-30

1511۔سر کی جلد میں سرخ رنگ کے دانے بن جاتے ہوں اور ان جگہوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : مینگنیم Manganum 30

☆☆☆☆☆

سر کی متفرق تکالیف

1512۔اچانک کھڑے ہونے سے سر خالی ہو جائے۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

یہ اس بات کی علامت ہے کہ پنڈلیوں سے خون صحیح طرح پمپ ہو کر اُوپر نہیں آیا اس کیفیت میں کاربوویج بہت مفید ہے۔ کیونکہ یہ دوران خون کی کمزوری اور عضلاتی کمزوریوں دونوں کو دُور کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موت کے قریب لمحات میں نئی حرکت پیدا کرنے میں کاربوویج کام آتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 243-244)

1513۔گدی کے پیچھے کسی چیز کے چٹخنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کافیا Coffea 30

1514۔سر کی جلد سُن ہو جاتی ہو اور یوں محسوس ہوتا ہو کہ سر کا پچھلا حصہ لکڑی کا بنا ہوا ہے۔

بہترین دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

1515۔بچوں کا سر بائیں طرف سے قدرے چھوٹا ہو جاتا ہو اور پوری طرح نشوونما نہیں پاتا ہو۔ بائیں آنکھ بھی نسبتاً دبی ہوئی اور چھوٹی ہوتی ہو۔(نشان)

مفید دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

چونکہ یہ ہڈی کی تعمیر میں بہت مفید دوا ہے۔ اس لئے یہ اس جسم کی کمزوری میں کام آتی ہے اکثر مریضوں میں ہر تجربہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے یہ ایسی چیز ہے جو طریقہ آزمائش (Proving) سے نہیں معلوم کی گئی۔

☆☆☆☆☆

نیند کے عوارض

1516۔نیند نہ آنا۔ بے خوابی کی مؤثر دوا:

نکس وامیکا Nux Vomica 30

نکس وامیکا 30 طاقت میں دینے کی بجائے اگر 200 طاقت میں دے دی جائے تو بعض مریضوں کی نیند اُڑ جاتی ہے۔ جو لوگ موٹی حس کے مالک ہوں ان کا حال الگ ہے ان میں 30 طاقت فائدہ نہیں دیتی بلکہ 200 طاقت مفید ثابت ہوتی ہے۔

1517۔رات کو نیند نہ آنا (Sleeplessness)

مفید دوائیں: 1۔پیسی فلورا Passiflora Q

بیس بیس قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔ دن میں تین چار بار۔

علاوہ ازیں: 2۔نکس وامیکا Nux Vomica 30

روزانہ رات کو ایک بار

یا

3۔آرسینک Arsenic 30 روزانہ تین بار

4۔سلفر Sulphur 200 ہفتہ وار دو بار

1518۔اگر بہت سے کاموں کا بوجھ ہو، بہت بولنا پڑا ہو یا دماغ میں کسی وجہ سے ہیجان ہو اور نیند نہ آئے تو بہترین دوا:

نکس وامیکا Nux. Vomica 30

1519۔کافی پینے سے مریضوں کی نیند اُڑ جائے تو بہت اچھا تریاق۔

نکس وامیکا Nux. Vomica 30

"کافی پینے سے جن مریضوں کی نیند اُڑ جاتی ہے اللہ کے فضل سے نکس وامیکا کی ایک ہی خوراک سے انہیں بہت جلد نیند آجاتی ہے اور جب آتی ہے تو اچانک آتی ہے اور نیند سے

پہلے آنے والی غنودگی کا احساس نہیں ہوتا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 640)

1520۔ اگر بہت بولنے اور ذہنی ہیجان کی وجہ سے نیند نہ آئے تو

مفید دوا : کافیا Coffea 30

ایک دو خوارکیں ہی پُرسکون نیند لے آتی ہیں انسان اتنی جلدی سوتا ہے کہ نیند سے پہلے کی ہلکی سی مدہوشی بھی محسوس نہیں ہوتی۔

1521۔ غیر معمولی ہیجان اور ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے نیند اُڑ جائے تو

فوری مؤثر دوا: کافیا Coffea 30

کافیا آناً فاناً اثر کرنے والی دوا ہے۔

1522۔ غم اور فکر کے نتیجہ میں نیند اُڑ جاتی ہو، نیند گہری نہیں ہوتی ہو اور سوتے میں جھٹکے لگتے ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

1523۔ نشہ آور چیزوں کے منفی اثرات کو دور کرنے اور نیند کی گولیوں سے پیچھا چھڑوانے کیلئے

1۔ مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

2۔ مفید نسخہ: نکس وامیکا Nux Vomica
کیموملا Chamomilla
30

"یہ دونوں دوائیں نیند لانے کے علاوہ بہت سی نشہ آور ڈرگز کے بد اثرات کو ختم کر دیتی ہیں۔"

1524۔ کافی یا چائے وغیرہ پینے سے نیند اُڑ جائے یا ذہن میں ہیجانی کیفیت پیدا ہو۔

تو اس کا علاج: نکس وامیکا Nux Vomica 30

1525۔ اگر اعصابی اُکساہٹ کی وجہ سے نیند اُڑ جائے تو

اوّلین دوا: کالی فاس Kali Phos 6x

1526۔ نیند کم، اگر کُھل جائے تو دوبارہ مشکل سے آئے۔

مفید دوائیں: 1۔ پیسی فلورا Passiflora Q

2۔ آرسینک Arsenica 30 روزانہ تین بار

1527۔ ذہنی ہیجان کی وجہ سے نیند اُڑ جائے اور جسم میں جگہ جگہ دھڑکنیں پائی جاتی ہوں

آرم میور Aurum Mur 30

1528۔ خیالات کے ہجوم اور ہیجانی کیفیت کی وجہ سے نیند اُڑ جائے تو مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا Belladonna 30

2۔ کافیا Coffea 30

3۔ فاسفورس Phosphorus 30

''اعصابی ہیجان کی وجہ سے نیند اُڑ جائے تو ذرا سا شور یا بستر کو ٹھوکر لگنے سے سخت اذیت پہنچتی ہے اور مرض میں ایک دم اضافہ ہو جاتا ہے۔

نکس وامیکا میں بھی شور سے تکلیف بڑھتی ہے چونکہ نکس وامیکا میں بیلاڈونا کا عنصر بھی پایا جاتا ہے اس لئے نکس وامیکا کی کئی علامتیں بیلاڈونا سے ملتی ہیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 138)

1529۔ غم اور فکر کے نتیجہ میں نیند اُڑ جائے۔ نیند گہری نہ ہو۔ سوتے ہی اعضاء میں جھٹکے سے لگتے ہوں۔

مفید دوا: اگنیشیا Ignatia 30

1530۔ نیند کم، ذہن پریشان۔ خوف آنا۔ مفید نسخہ

1۔ ایکونائیٹ Aconite 200

سلفر Sulphur 200

2۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30 رات کو سونے سے قبل

1531۔نیند زیادہ آتی ہو یا پڑھتے وقت جلدی نیند آجاتی ہو۔

1۔کالی بائیکروم Kali Bich. 200 ہفتہ وار ایک خوراک

2۔فیرم فاس Ferr. Phos 6x دن میں تین بار

1532۔نیند زیادہ آتی ہو مگر بہت گہری نیند نہیں آتی ہو۔مریض کرسی پر بیٹھے بیٹھے سوجاتا ہو۔کھانے کے بعد نیند کا بہت غلبہ ہو۔

نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1533۔گھبراہٹ، بے چینی، بے خوابی، خوفزدگی۔

مفید نسخہ: آرسینک Arsenic 200

اگنیشیا Ignatia 200

1534۔مریض رات کو بہت بے چین ہو اور اسے نیند نہیں آتی ہو۔جسم کا ہر پٹھہ پھڑکتا ہو۔مریض کپڑا لینا پسند نہیں کرتا ہو۔

مفید دوا: ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

مریض کی تکلیفیں رات کو سوتے میں اور کھانا کھانے کے بعد اور لیٹنے سے بڑھ جاتی ہوں۔

1535۔مریض کی نیند بے چین ہو اور گہری نیند نہیں آتی ہو۔بلاوجہ آنکھ کھلتی رہتی ہو۔بہت

جلد فائدہ پہنچانے والی دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

یہ اعصابی تناؤ کی وجہ سے ہوتا ہے۔

1536۔مریض کی نیند اُڑ جاتی ہو اور وہ سونے میں دقت محسوس کرتا ہو۔اسے سانس کی تنگی اور گھٹن کا احساس رہتا ہو۔

کارآمد دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

اگر صحیح علاج نہ ہو تو دمہ ہو جاتا ہے۔

1537۔ مریض رات کو پچھلے پہر اُٹھ جاتا ہو اور دوبارہ سو نہیں سکتا ہو۔ صبح کے وقت غنودگی محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

1538۔ مریض کی نیند ہلکے سے شور سے کھُل جاتی ہو۔ ایک دفعہ آنکھ کھُل جائے تو دوبارہ ساری رات نیند نہیں آتی ہو۔

مفید دوا : کیلیڈیم Caladium 30

1539۔ مریض کی بیماریاں سونے کے بعد بڑھتی ہوں اور وہ گھبرا کر اُٹھ جاتا ہو۔ رات کے پچھلے پہر زیادہ گھبراہٹ ہوتی ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

لیکیسس کی طرح سلفر کی بیماریاں سونے کے بعد بڑھتی ہیں اور مریض گھبرا کر اٹھ جاتا ہے رات کے پچھلے پہر زیادہ گھبراہٹ ہوتی ہے سونے کے بعد بڑھنے والی تکلیف جسمانی نہیں بلکہ ذہنی ہوتی ہے۔ بیماری کے اثر سے جو اعصاب پر پڑتا ہے مریض گھبرا کر اٹھتا ہے اور سخت بے سکون ہو جاتا ہے۔ دن کے گیارہ بجے یہ بے چینی معدہ میں ظاہر ہوتی ہے۔ رات کو تکلیف بڑھتی ہے مگر بستر کی گرمی سے۔ لیکیسس کی طرح محض سونے سے تکلیف نہیں بڑھتی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 782)

1540۔ اوپئیم (Opium) کے استعمال سے نیند اُڑ جائے تو

مفید دوا : کافیا Coffea 30

اوپئیم کے مریض کی نیند اُڑ جائے تو وہ بہت زود حس ہو کر بے آرامی محسوس کرتا ہے اور خیالات کی فراوانی اسے پریشان رکھتی ہے۔

1541۔ مریض رات کو بے چین رہتا ہو۔ نیند پُرسکون نہیں آتی ہو۔ سوتے ہوئے جھٹکے

لگتے ہوں نیند میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہوں۔اوردن کوبھی پُرسکون نیندنہیں آتی ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

سونے سے پہلے بے چینی ہوتی ہواور مریض کو یہ خطرہ محسوس ہوتا ہو کہ اسے نیند ٹھیک نہیں آئے گی سر میں کچھ تکلیف محسوس کرتا ہو۔ حالا کہ ابھی درد واضح نہیں ہوا ہوتا۔ مگر سونے کے بعد درد بڑھ جاتا ہو۔ یہ جلسیمیم کا ہی مریض ہوتا ہے۔ نیند آرام سے نہیں آتی۔ انسان جب صبح اٹھتا ہے تو درد بڑھا ہوا ہوتا ہے۔

1542۔دوپہر کوسونے کے بعد سر بھاری ہوجاتا ہو۔

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 200-30

1543۔مریض صبح بہت جلد اُٹھ جاتا ہواور صبح پانچ بجے ہی اس کی تکلیفیں زیادہ ہوتی ہوں (علامت)

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1544۔سونے سے پہلے ٹانگوں میں بے چینی نمایاں ہوتو مفید دوائیں:

1۔ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

2۔ارجنٹم میٹ Argent. Met 200-30

3۔لائیکو پوڈیم Lycopodium 200-30

4۔آرسینک Arsenic Alb. 200-30

1545۔کھانے کے بعد نیند کا بہت غلبہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

☆☆☆☆☆

نیند کی متضاد کیفیات

1546۔ مریض کو نیند آتی ہو مگر سو نہیں سکتا ہو (خاص علامت)

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

1547۔ بعض اوقات یا تو بہت زیادہ نیند آتی ہو یا پھر نیند بالکل اُڑ جاتی ہو۔ دونوں کیفیات آپس میں ادلتی بدلتی رہتی ہوں۔ سخت غنودگی کی حالت میں اُٹھا نہیں جاتا ہو۔ لیکن جب آنکھ کھل جائے تو پھر نیند نہیں آتی ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

نیند کے دوران مختلف کیفیات

سوتے ہوئے جھٹکے لگنا

1548۔ غم اور فکر کے نتیجہ میں نیند اُڑ جائے۔ نیند گہری نہ ہو۔ سوتے ہی اعضاء میں جھٹکے سے لگتے ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

1549۔ مریض سوتے ہوئے بے چینی محسوس کرتا ہو۔ سوتے ہوئے جھٹکے لگتے ہوں

آنکھ لگتے ہی زوردار جھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہو۔

1۔ مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

2۔ مشابہ دوا: گرائنڈیلیا۔ Grindelia 30

3۔ مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

''سپونجیا میں دن کو بھی پُرسکون نیند نہیں آتی۔''

یہ اعصاب اور دل کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔آنکھ لگتے ہی زوردار جھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہے۔یہ علامت گرائینڈ یلیا سے مشابہ ہے۔

1550۔نیند کے وقت یا نیند کے دوران جھٹکے لگنا:اس تکلیف دہ عارضہ میں

1۔چوٹی کی دوا: گرائینڈ یلیا Grindelia 30

2۔اچھی مؤثر دوا: آرسینک Arsenic 30

3۔مفید دوا: برائیونیا Bryonia 30

1551۔سخت محنت ومشقت سے تھکے ہوئے بدن کو سونے سے قبل جھٹکے لگیں تو

1۔فوری شفا بخش دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met 200

ارجنٹم میٹ سے خدا تعالیٰ کے فضل سے فوری شفا ہو جاتی ہے۔

2۔کارآمد دوا: گرائینڈ یلیا Grindelia 30

''اس بیماری میں گرائینڈ یلیا ہی کام آتی ہے جسکی ایک ہی خوراک ہفتوں تک اثر دکھاتی ہے۔بار بار ضرورت پیش نہیں آتی۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 74)

1552۔اعصابی کمزوری اور خون کی کمی سے سوتے ہوئے جھٹکا لگنا۔

مفید دوا: چینینم آرس Chininum Ars. 30

چینینم آرس میں جو تکلیف خون کا دباؤ کم ہونے سے ہوتی ہے وہی تکلیف آرنیکا، بیلاڈونا وغیرہ میں خون کا دباؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے۔

1553۔بچے سوتے میں دانت پیستے ہوں۔نیند میں جھٹکے لگتے ہوں۔ نیند بار بار کھلتی ہو۔ ڈر کر اور گھبرا کر اُٹھ جاتے ہوں۔کتوں،جنوں اور بھوتوں کی خوابیں آتی ہوں۔نیند میں چیخیں مارتے ہوں اور کانپ کر اُٹھ جاتے ہوں۔بچے گھٹنوں اور ہاتھوں کے بل سونا پسند کرتے ہوں۔

مفید دوا: سائنا Cina 30

1554۔عضلات کو سوتے ہوئے جھٹکے لگنا (نمایاں علامت)

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

اس بیماری میں اور بھی کئی دوائیں کام آتی ہیں۔

1555۔غم اور فکر کے نتیجہ میں نیند اُڑ جاتی ہو۔سوتے میں اعضاء میں جھٹکے لگتے ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

1556۔اگر معدے اور اعصابی نظام کے بگڑنے کی وجہ سے سوتے میں جسم کو جھٹکے لگیں تو

1۔بہترین دوا: گرائینڈ یلیا Grindelia 200-30

2۔مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

گرائینڈ یلیا میں سارے جسم کو جھٹکا نہیں لگتا بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ دل کو جھٹکا لگا ہے۔

بیلاڈونا میں تمام جسم اچانک لرز اٹھتا ہے اور اسی جھٹکے سے مریض کی آنکھ کھل جاتی ہے اور بار بار ایسا ہوتا ہے۔مریض سو نہیں سکتا۔بیلاڈونا کی ایک خوراک دینے سے بعض اوقات تکلیف فی الفور ختم ہو جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 134)

1557۔مریض سوتے ہوئے چیخیں مارتے ہوں مفید دوائیں:

1۔زنکم میٹ Zincum Met 200-30

2۔ایپس Apis 200-30

زنک کے بعض مریض ایپس (Apis) کی طرح ہوتے ہیں۔چیخیں مارتے ہیں۔

کیونکہ ان کے دماغی اعصاب میں زنک کا مخصوص ارتعاش پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ایپس کی علامتیں تو بڑی آسانی سے پہچانی جاتی ہیں۔اگر وہ علامتیں نہ ہوں تو بلاتردد زنک شروع کروا دینا چاہیئے۔

یہاں بھی مریض کو یا گھر والوں کو متنبہ کرنا ضروری ہے کہ ہو سکتا ہے کہ شروع میں چیخوں کو رجحان بڑھ جائے جو رفتہ رفتہ کلیتاً ختم ہو جائے گا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 807-808)

1558۔رات کو سوتے ہوئے مرگی کے دورے پڑ جاتے ہوں۔ تشنجی کیفیت ہوتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1559۔مریض میں سوتے ہوئے بے ہوشی کے دوران ہذیان بکنے کی علامت پائی جاتی ہو، جو ہوش میں آنے پر باقی نہیں رہتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

سوتے میں چل پڑنا

1560۔سوتے میں چل پڑنا۔مفید نسخہ

سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
6x صبح شام دو، دو ٹکیاں ملا کر

1561۔بے چین کر دینے والے خواب، مریض نیند کی حالت میں چلنے لگے اور بعض دفعہ لمبا عرصہ چلنے کے بعد واپس اپنے بستر پر آ کر سو جائے۔(خاص علامت)

سلیشیا Silicea 200-6x

مریض دائیں کروٹ نہ لیٹ سکتا ہو

1562۔مریض دائیں کروٹ نہ لیٹ سکتا ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

1563۔دائیں طرف لیٹنے سے نبض تیز ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

کالسیا، سپونجیا، کالی نائیٹریٹ، الیومن، پلاٹینا، للیم ٹگرینم وغیرہ سب میں یہ علامت مشترک ہے۔ان دواؤں کی ایک دوسرے سے تفریق ان کی دوسری امتیازی علامتوں سے کی جا سکتی ہے۔

ڈراؤنے خواب (Night Mares)

1564۔ ڈراؤنے خواب آنے

مفید نسخہ: نیٹرم میور Nat. Mur
کالی فاس Kali Phos
6x روزانہ تین بار

1565۔خواب میں سانپ زیادہ نظر آئیں۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30

1566۔مریض سوتے ہوئے بہت بے چینی محسوس کرتا ہو۔خوفناک خوابیں آتی ہوں

خوفناک نظارے۔ نیچے گرنے کا احساس اور بھاگنے کی خواہش پائی جاتی ہواور بلندی سے گرنے کی خوابیں آتی ہوں۔

کارآمد دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

"یہ اعصاب اور دل کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 351)

1567۔ بے چین کر دینے والے خواب۔

مفید دوا: سلیشیا Silicea 6x

1568۔ڈراؤنے خواب مثلاً آگ لگنے کے خواب اور جن بھوت نظر آتے ہوں۔

مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 30

بیلاڈونا میں مریض کے دماغ پر خون کا دباؤ زیادہ ہو جائے تو اسے طرح طرح کے نظارے اور جن بھوت نظر آنے لگتے ہیں۔ڈراؤنے خواب مثلاً آگ لگنے کے خواب بھی آتے ہین۔ایسے مریض کو بیلاڈونا دیں تو آگ لگنے کے خواب آنے بند ہو جائیں گے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 138)

1569۔ مریض آگ لگنے کی خوابیں بکثرت دیکھتے ہوں (علامت)

مفید دوا : کلکیر یا آرس   Calc. Ars 30

کلکیر یا آرس میں سٹنفی سیگریا کی طرح غصہ، ناپسندیدگی اور ناراضگی کے بداثرات سے پیدا ہونے والی بیماریاں شامل ہیں۔ اس میں جو خیالی نظارے دکھائی دیتے ہیں ان میں جن، بھوت اور دیگر وہمی نظارے بھی شامل ہیں۔ بعض دفعہ اس کے مریض آگ لگنے کی خوابیں بکثرت دیکھتے ہیں یہ علامت نیٹرم میور میں بھی ہے۔

1570۔ مریض کو زیادہ تر آگ لگنے اور سانپوں کے خواب آتے ہوں (علامت)

مفید دوا : نیٹرم میور   Nat. Mur 30

1571۔ مریض عموماً آگ لگنے اور چوری ہونے اور حادثات کی خوابیں دیکھتے ہوں۔

مفید دوا : کاربوویج   Carboveg 30

1572۔ ڈراؤنے اور وحشت ناک خواب آتے ہوں۔ مفید دوا :

آرنیکا   Arnica 30

1573۔ بھوتوں یا مردہ لوگوں کا خواب میں آنا اور ساری رات ڈراؤنی خوابیں آتے رہنا۔

(نمایاں علامت) مفید دوا : میڈورائینم   Medorrhinum 200

1574۔ پرسوتی بخار اور ایسے بخار جو زہریلے مادے پیدا کر کے دماغ پر اثر انداز ہو جاتے ہوں۔ ان کے نتیجہ میں مریض کو عجیب و غریب ڈراؤنے خواب نظر آنے لگتے ہوں۔

اگر خواب میں سانپ زیادہ تر نظر آئیں تو

مفید دوا : نیٹرم میور   Nat. Mur 200-6x

1575۔ عورتوں کو حیض کے دوران ڈراؤنی خوابیں نظر آنے لگیں تو

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ   Sulphuric Acid 30

1576۔ پریشان کن پر تشدد جنسی خوابیں آتی ہوں۔

1۔ بسمتھ Bismith 30

2۔ ہائیو سمس Hyoscyamus 30

بسمتھ میں ہائیو سمس کی طرح پُر تشدد جنسی خوابوں کا رجحان ملتا ہے۔ بسمتھ کے اسہال میں ضرور کوئی فاسد مادہ ایسا ہوتا ہے جو نیند کے دوران انتڑیوں سے خون میں مل کر دماغ پر اثر انداز ہوتا ہے اور پریشان کن خوابیں اس کے نتیجہ میں آتی ہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 154)

1577۔ تشدد آمیز یا غم ناک خواب نظر آتے ہوں تو مفید دوا :

آرم میور Aurum Mur 30

"مریض عموماً اپنی بیماری کی کیفیت کے مطابق خواب دیکھتا ہے اکثر تشدد والے خواب نظر آئیں تو اس کا مطلب ہے کہ بیماری خطرناک حد تک پہنچ چکی ہے۔ اگر غم کی خوابیں نظر آتی ہیں تو مرض ابھی ابتداء کی حالت میں ہے اور نسبتاً جلد افاقہ ہونے کا امکان ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 118)

☆☆☆☆☆

نیند میں خراٹے لینا

SNORING

1578۔خراٹوں کے لئے مفید نسخہ

1۔ بریٹا کارب	Baryta Carb	200 ہفتہ میں دو بار
بیسی لینم	Bacillinum	
2۔ نیٹرم میور	Nat. Mur	6x روزانہ تین بار
کالی میور	Kali Mur	
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	

1579۔ناک کی اندرونی جھلیاں پھول جائیں اور چھوٹی چھوٹی سی تھلیاں بن جانے سے مریض بہت خراٹے لینے لگے۔

بہت کارآمد دوا: کلکیر یا آئیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

اگر ناک میں ایسی علامتیں پیدا ہوں تو مریض بہت خراٹے لینے لگتا ہے ایسی صورت میں کلکیر یا آئیوڈائیڈ بہت کارآمد بتائی جاتی ہے۔لیکن 30 طاقت میں اسے دو تین ماہ تک استعمال کرنا چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 203)

1580۔مریض بہت خراٹے لیتا ہو اور اس کا سانس رُکتا ہو۔سوتے ہوئے تکلیفوں میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

☆☆☆☆☆

کانوں کی تکالیف

DISEASES OF EARS

1580۔کان بہتا ہو : (OTORRHOEA) مفید نسخہ:

1۔کالی سلف	Kali Sulph	6x
میگ فاس	Mag Phos	
سلیشیا	Silicea	

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر

1581۔کان بہتا ہو (اگر مذکورہ بالا نسخہ سے افاقہ نہ ہو) یا کان پر سوزش اور گرمی ہو اور پیاس نہ ہو تو اس کی بجائے نسخہ نمبر 2

نمبر2۔ بیلاڈونا	Belladonna	30	روزانہ چار پانچ مرتبہ
پلسٹیلا	Pulsatilla		
ایپس	Apis		

1582۔کان بہتا ہو (اگر پیاس زیادہ ہو اور باقی علامتیں نمبر 2 والی ہوں تو نمبر 2 کی بجائے)

نمبر3۔ سلفر	Sulphur	30	روزانہ چار پانچ مرتبہ
بیلاڈونا	Belladonna		
آرسینک	Arsenic		

دس پندرہ گولیاں فی خوراک یا دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

1583۔کان بہتے ہوں اور شدید خارش ہو تو

ناقابل فراموش دوا: کروٹن ٹگ Croton Tig 30

1584۔کان بہتا ہو اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

عمدہ نسخہ: کالی میور Kali Mur
کالی سلف Kali Sulph
فیرم فاس Ferr. Phos
میگ فاس Mag Phos
6x ملا کر

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں چوس لیں۔

1585۔کان بہتا ہو۔کانوں میں گھنٹیاں بجتی ہوں۔کان کے پردوں میں سختی پائی جاتی ہوتو مفید دوا: کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

1586۔کانوں کی بیماریوں میں پیپ میں بدبُو۔پیپ کا رنگ سفید یا گہرے سبز رنگ کا گاڑھا مواد کان سے نکلتا ہو۔ اندرونی اور بیرونی کان میں ورم ہو۔اس سے کان کے پردہ میں شگاف سے قوت سامعہ متاثر ہوتی ہوتو (خاص علامت)

مفید دوا: مرک سال Merc. Sol 30

1587۔کان سے بدبُو دار پانی اور پیپ کا بہنا۔مفید نسخہ

1۔سورائینم Psorinum 1000 دس دن کے وقفہ سے چند خوراکیں

2۔سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur
6x ملا کر روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں

1588۔کانوں سے بدبُو دار مواد رسنے لگے(جس میں مردہ چیز کی عفونت پائی جائے)

مفید دوائیں: 1۔امونیم کارب Amomium Carb 30
2۔مینگنیم Manganum 30

''مینگنیم میں کانوں میں بدبُو دار مواد نکلتا ہے۔اس بیماری میں امونیم کارب بھی

نمایاں مقام رکھتی ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 580)

1589۔کان بہنا۔مفید نسخہ

بیلاڈونا	Belladonna	30
پلسٹیلا	Pulsatilla	30
ایپس میلفیکا	Apis	30

1590۔کان بہنے کے لئے ایک اور نسخہ

کالی سلف	Kali Sulph	6x
میگ فاس	Mag Phos	6x
سلیشیا	Silicea	6x

1591۔کانوں کی انفیکشن،کانوں سے بدبُودار گاڑھا مواد نکلے،کان درد اور اونچا سنائی دے

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

نزلاتی اثرات کان کی طرف منتقل ہوں تو پلسٹیلا کے مریض کی طبیعت میں نرمی اور درد کے ساتھ رونے کا رجحان غالب ہوتا ہے جس میں عجیب بے چارگی اور بے بسی کا اظہار ہوتا ہے۔

1592۔کانوں سے سخت بدبُودار مادے خارج ہوتے ہوں جو عموماً کسی گہری انفیکشن اور بخار کے نتیجہ میں نکلتے ہوں۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

1593۔کان سے زرد رنگ کی بدبُودار رطوبت نکلتی ہو۔کان کے درمیانی حصہ میں خشکی پائی جاتی ہو۔پہلے کان سے پانی کا اخراج ہوتا ہو۔پھر کچھ گاڑھا ہو کر وہ اخراج زرد رنگ کا ہو جاتا ہو،بیماری مزمن شکل اختیار کر لے تو مزید متعفن ہو کر سبز رنگ کا ہو جاتا ہو۔یہ پیچیدگیاں آہستہ آہستہ بڑھتی ہوں اور کئی سالوں کے بعد کانوں

کے پردے موٹے ہو جاتے ہوں، سخت بدبُو آتی ہو اور بہرے پن کے آثار نمایاں ہو جاتے ہوں۔ (بشرط مزاج)

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

اگر کالی سلف مزاجی دوا ہو تو شروع ہی میں دینے سے مذکورہ بالا کوئی پیچیدگی پیدا نہیں ہوگی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 517)

1594۔ کان بہتا ہو۔ کان کا مواد زرد رنگ کا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

1595۔ کانوں سے چپکنے والا مواد نکلتا ہو۔ کان میں دھڑکن کا احساس ملتا ہو۔ اگر یہ مزمن ہو جائے تو کان کے پردے میں سوراخ ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bichrom 200-30

1596۔ کان بہنے کی پرانی تکلیف میں اچھی مؤثر دوا:

کالی میور Kali Mur 30-6x

1597۔ کان کی نالیوں کا نزلہ، نزلاتی اخراجات میں خون کی آمیزش ملتی ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 30-6x

☆☆☆☆☆

Ear-ache کان درد

1598۔کان درد: اچانک شدید درد شروع ہو جائے اور مریض سخت بے چین ہو۔

مزاج میں نرمی پائی جاتی ہو تو فوری اور فائدہ بخش نسخہ

1۔پلسٹیلا Pulsatilla
بیلاڈونا Belladonna
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔فیرم فاس Ferr. Phos
کالی میور Kali Mur
میگ فاس Mag Phos
کالی سلف Kali Sulph
6x ملا کر

1599۔اگر کان کے درد کے ساتھ مزاج سخت برہم ہو جائے تو

اوّلین دوا: کیموملا Chamomilla 30 روزانہ تین بار

1600۔اگر نزلہ کان کی طرف منتقل ہونے سے درد کا تعلق ہو تو

چوٹی کی دوا: ایلیم سیپا Allium Sepa 30 روزانہ تین بار

1601۔کان درد کا ایک اور نسخہ

کالی میور Kali Mur
کالی سلف Kali Sulph
میگ فاس Mag Phos
سلیشیا Silicea
6x ملا کر

1602۔ سردی لگنے کی وجہ سے اچانک کان میں شدید درد شروع ہو جائے۔

فوری اثر دکھانے والی دوا: ایکونائیٹ Aconite 30

''ایکونائیٹ میں ہر درد کے مقام پر دھڑکن کا احساس ہوتا ہے۔ مریض شور اور موسیقی وغیرہ بالکل برداشت نہیں کر سکتا۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 13)

1603۔ کانوں کے اندر جلن اور دُکھن کا احساس۔ بدبُو دار مواد خارج ہو جس سے خراش پیدا ہوتی ہو۔

مفید دوا: آسینک البم Arsenic Alb. 30

1604۔ نزلاتی اخراجات کان میں منتقل ہوں۔ مریض کی طبیعت میں نرمی اور درد کے ساتھ رونے کا رجحان غالب ہو تو

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

1605۔ کان درد مزمن ہو جائے، نزلے کے آثار نہیں ہوتے ہوں پھر بھی کان درد ہوتا رہتا ہو۔ اگر اس کے ساتھ کان میں بوجھ بھی محسوس ہو۔

اچھی دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30

1606۔ بچوں کا کان درد: مفید دوائیں:

(1) اگر بچہ روئے اور اس کے رونے میں نرمی اور بیچارگی پائی جائے تو

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

(2) اگر رونے کے ساتھ انتہائی غصہ ہو تو

مفید دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

(3) اگر یہ دونوں علامتیں نہ ہوں تو

کارآمد دوا: ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

1607۔کان میں درد ہوتا ہو اور گرم پانی نکلنے کا احساس ہوتا ہو۔ پھنکارنے کی آوازیں سنائی دیتی ہوں۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

1608۔کان میں درد ہوتا ہو۔کانوں کے پیچھے سوئیاں چبھتی ہوں۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1609۔کانوں میں درد اور بھنبھناہٹ کی آوازیں آتی ہوں جن سے قوت سامعہ متاثر ہوتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

کانوں کی متفرق تکالیف

Different Diseases of Ears

1610۔کانوں کی پچھلی ہڈی میں درد کا احساس ہوتا ہو اور کانوں میں بوجھ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : رُوٹا Ruta 30

1611۔کنپٹیوں کی شریانوں میں گرمی کا احساس جس کی وجہ سے کانوں کے اردگرد سوزش والی پھلپھلی ورم ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : بنزوک ایسڈ Benzoic Acid 30

1612۔کانوں کے اردگرد کے غدودوں میں سوزش ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

1613۔صرف ایک کان سُرخ اور گرم ہو جاتا ہو۔اس میں خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1614۔کان کا پردہ پھٹ جائے تو کارآمد نسخہ

سلیشیا Silicea

آرنیکا Arnica 30 روزانہ تین بار

1615۔کانوں کے پردوں میں سختی پائی جاتی ہو۔کانوں میں گھنٹیاں بجتی ہوں۔کان بہتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

1616۔گلا خراب ہونے سے کان کے پیچھے کی ہڈی میں سوزش جو مستقل ٹھہر جائے۔مفید دوائیں:

1۔کیپسیکم Capsicum 30

2۔فائیٹو لاکا Phytolacca 30

3۔کونیم Conium 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 234)

1617۔کنپٹی کی ہڈیوں پر اُبھار بن جائیں جن میں سوزش نمایاں ہو۔(علامت)

کیپسیکم Capsicum 30

1618۔کانوں کے پیچھے اور گردن کے قریب اُبھار بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

1619۔دونوں کانوں کا موٹا ہو جانا۔(یہ کوڑھ کی ابتدائی علامت ہے)

بہترین دوا: ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200

یہ مرض آہستہ آہستہ بڑھنے والا ہے۔اس علامت کے ظاہر ہوتے ہی ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle دینی چاہیئے۔کوڑھ کی روک تھام کے لئے بہترین دوا ہے۔

کانوں میں شوراور آوازیں آنا

1620۔ کانوں میں ہر طرح کی آوازیں آتی ہوں۔قوت شنوائی میں تیزی آجاتی ہو یا کمی واقع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس 6x Nat. Phos

1621۔ بڑی عمر میں کانوں میں ہر طرح کی آوازیں آنے لگیں۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس 6x Calc. Phos

1622۔ مریض کے کانوں میں شور کی آوازیں آتی ہوں۔ پٹاخے بجتے ہوں اور کان ہوا کے جھونکوں سے بہت حساس ہو جاتے ہوں۔مریض کان کو ہوا سے بچانا چاہتا ہو، چہرہ نہیں ڈھانپتا ہو۔

مفید دوا : کیمومیلا 30 Chamomilla

1623۔ کانوں میں شور کی آوازیں آئیں اور دباؤ محسوس ہو تو بشرط مزاج

کارگر دوا: نیٹرم سلف 200-6x Nat. Sulph

1624۔ نزلاتی مادہ کی وجہ سے کان میں شور ہو تو بشرط مزاج

مفید دوا : سلیشیا 30-6x Silicea

سلیشیا ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

1625۔ کان کی تکلیفوں میں موسیقی سُننے سے آرام آتا ہو تو

مفید دوا : آرم میور 200-30 Aurum Mur

☆☆☆☆☆

Deafness : بہرہ پن

1626۔بہرہ پن کے لئے مفید نسخہ

1۔ٹائیفائیڈینم Typhoidinum
زنکم میٹ Zincum Met
1000

ایک خوراک کے بعد دوسری خوراک پندرہ دن بعد۔اس کے بعد ہر ماہ صرف ایک خوراک

2۔کالی فاس kali Phos
میگ فاس Mag Phos
6x
روزانہ دو تین بار دو دو ٹکیاں

1627۔بہرہ پن: کان کے پردوں میں پیدا ہونے والی کمزوری، آہستہ آہستہ ظاہر ہونیوالا بہرہ پن ،کان رفتہ رفتہ آوازوں کی تمیز کرنا چھوڑ دے۔

مفید دوائیں:1۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 30

2۔ چینو پوڈیم Chenopodium 30

3۔ کاربوانیمیلس Carbo Ani. 30

''سماعت کی خرابی میں یہ (کاربوانیمیلس) اچھا کام کرتی ہے بسا اوقات دونوں کانوں کی قوت سماعت بگڑ جاتی ہے۔سماعت میں آوازوں کی پہچان نہیں رہتی۔ آواز کی سمت کا تعین کرنا مشکل ہو جاتا ہے سماعت پر اثر انداز ہونیوالی نمایاں دواؤں میں چینو پوڈیم Chenopodium بھی شامل ہے۔اگر اعصابی کمزوری پیدا ہو جائے یا رطوبتوں کے لمبے عرصہ تک جمتے رہنے سے کان بند ہو جائیں تو چینو پوڈیم دوا ہو سکتی ہے اسے 30یا 200طاقت میں دو تین ہفتے استعمال کرتے رہنا چاہیئے ۔بعض دفعہ ایسے مریض کو اچانک فائدہ محسوس ہوتا ہے اور اس سے پہلے کان میں بار بار چھلکے آنے لگتے ہیں۔کاربوانیمیلس مواد جمنے کا علاج نہیں بلکہ بڑھتی ہوئی اعصابی کمزوریوں کا علاج ہے اور بسا اوقات یہ کمزوری دونوں کانوں میں بیک وقت پائی جاتی ہے۔جبکہ چینو پوڈیم کا اثر اکثر ایک کان پر پڑتا ہے۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 239)

1628۔ شنوائی کان کے لئے نسخہ

ملا کر	6x	Kali Phos	کالی فاس
		Ferr. Phos	فیرم فاس
		Calc. Phos	کلکیریا فاس

1629۔ شنوائی کان میں کمی کیلئے ایک اور نسخہ

6x	Kali Phos	کالی فاس
	Nat. Mur	نیٹرم میور

1630۔ کان میں تکلیف، بہرہ اور گونگا پن

مفید دوا: سلفر Sulphur 1000

یک خوراک کے بعد دوسری خوراک ہفتہ کے بعد

1631۔ کان بہتا ہو۔ کانوں کے پردے موٹے ہو جائیں، سخت بدبُو آتی ہو اور بہرہ پن کے آثار نمایاں ہوں۔ تو مفید دوا :

کالی سلف Kali Sulph 6x

''کان سے زرد رنگ کی رطوبت نکلتی ہے۔ کان کے درمیانی حصہ میں خشکی پائی جاتی ہے پہلے کان سے پانی کا اخراج ہوتا ہے پھر کچھ گاڑھا ہو کر وہ اخراج زرد رنگ کا ہو جاتا ہے۔ جب بیماری مزمن شکل اختیار کر لے تو مزید متعفن ہو کر سبز رنگ کا ہو جاتا ہے اور کان کی جھلیوں سے خون بہنے لگتا ہے۔ یہ پیچیدگیاں آہستہ آہستہ بڑھتی ہیں اور کئی سالوں کے بعد کانوں کے پردے موٹے ہو جاتے ہیں سخت بدبُو آتی ہے اور بہرے پن کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔ اگر کالی سلف مزاجی دوا ہو تو شروع ہی میں دینے سے مذکورہ بالا کوئی پیچیدگی پیدا نہیں ہوگی۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 517)

1632۔ کان کی ہڈی کی خرابی کی وجہ سے تیزی سے پیدا ہونے والا بہرہ پن۔

کارآمد دوا: سلفر　　Sulphur　CM

اس سے ہڈی کی بیماری ختم ہوگی اور بہرہ پن جہاں تک پہنچا تھا وہیں رُک جائے گا۔

1633۔ بہرہ پن جو مزمن ہو جائے اور بڑھتا چلا جائے اس میں مفید دوائیں:

1۔ میڈورائینم　　Medorrhinum　200

2۔ سلفر　　Sulphur　CM

''میڈورائینم کا بہرے پن سے بھی تعلق ہے بعض اوقات کان میں ایسی خرابی پڑتی ہے جس کا اعصاب سے تعلق ہوتا ہے اور بظاہر کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔ ایسا بہرہ پن جو مزمن ہو جائے اور بڑھتا چلا جائے اس میں میڈورائینم استعمال کر کے دیکھنا چاہیئے۔ میڈورائینم بروقت دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ سلفر کو بھی نظرانداز نہیں کرنا چاہیئے۔ میں نے بعض مریضوں کو جن میں کان کی ہڈی کی خرابی کی وجہ سے تیزی سے بہرہ پن پیدا ہو رہا تھا سلفر CM استعمال کروائی اس سے ہڈی کی بیماری ختم ہوگئی اور بہرہ پن جہاں تک پہنچا تھا وہیں رُک گیا۔''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 588-587)

1634۔ سردی اور بھیگے موسم میں بغیر کسی انفیکشن کے شنوائی متاثر ہوتی ہو اور مریض اُونچا سننے لگے۔ اگر اس کے ساتھ کان میں خارش ہو اور دبانے سے گلے میں بھی شروع ہو جائے اور چھینکیں آنے لگیں تو

مفید دوا: مینگینم　　Manganum　30

عموماً یہ علامتیں بھیگے ہوئے ٹھنڈے موسم میں بڑھتی ہیں۔

1635۔ کانوں میں بدبُودار گاڑھا مواد بنتا ہو جس کے نتیجہ میں بہرہ پن شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: ہائیڈراسٹس　　Hydrastis　200-30

1536۔شنوائی آہستہ آہستہ ختم ہونے لگتی ہو۔ایک دم واپس نہیں آتی ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

شنوائی کے معاملہ میں سلفیورک ایسڈ کا مزاج اپنے عام مزاج سے مختلف ہے۔درد، پیپ اور بدبُو وغیرہ ٹھیک ہونے کے بعد بہت آہستہ آہستہ لمبے عرصے میں شنوائی واپس آتی ہے۔

1537۔قوت شنوائی میں تیزی آجاتی ہو یا کمی واقع ہوجاتی ہو۔کانوں میں ہر طرح کی آوازیں آتی ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1538۔قوت سامعہ غیر معمولی طور پر تیز ہوجاتی ہو۔یا مریض بہرہ ہونے لگتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

یہ متضاد علامات چینینم آرس کا خاصہ ہیں۔

1539۔قوت سامعہ میں تیزی آجاتی ہو۔دُور کی آوازیں سنائی دینے لگتی ہوں جو عام لوگوں کو سنائی نہیں دیتیں،سونے کے لئے لیٹیں تو نیند کی بجائے دُور سے کُتے بھونکنے کی آواز یا دوسرے جانوروں کی آوازیں آنے لگتی ہوں۔

مفید دوا : کافیا Coffea 30

1540۔مریض کی قوت سامعہ غیر معمولی طور پر تیز ہوجاتی ہو اور اسے بہت دُور کی آوازیں بھی سنائی دیتی ہوں۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 30

1541۔قوت سامعہ متاثر ہوتی ہو۔آوازوں کی بازگشت سنائی دیتی ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

1542۔ناک کی رطوبت کان کی طرف منتقل ہونے سے قوت سامعہ میں کمی واقع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ 30 Sulphuric Acid

نزلاتی کیفیات

1543۔نزلہ زکام کے آغاز میں جونہی ناک کے اندر سردی کا احساس ہو۔مؤثر دوائیں:

1۔ کیمفر 30 Camphor

2۔ ایکونائیٹ 30 تا 1000 Aconite

فوراً کیمفر 30 طاقت میں یا ایکونائیٹ جس طاقت میں میسر ہو فوراً دے دینی چاہیئے ایکونائیٹ ایک ہزار طاقت میں بھی خدا کے فضل سے بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 819)

1544۔عام نزلہ کے علاج کیلئے مفید دوائیں:

(1) فوری فائدہ مند دوا: مرکسال 30 Merc. Sol

(2) مستقل علاج کیلئے: کالی آئیوڈائیڈ 30 Kali Iodide

مرکسال نزلہ کا سطحی علاج کرتی ہے۔مزمن دوا نہیں ہے۔اس کی بجائے عام نزلہ کے رجحان میں جس کو مرکری سے آرام آئے مستقل طور پر کالی آئیوڈائیڈ دینی چاہیئے۔کالی آئیوڈائیڈ کا ان گہری وجوہات سے تعلق ہے جو نزلاتی بیماریاں پیدا کرتی ہیں۔

1545۔موسم کی تبدیلی سے فوراً نزلہ شروع ہو جاتا ہو۔ناک ٹھنڈی ہوتی ہو اور رطوبت بہتی ہو۔ہوا کی نالیوں میں بلغم پھنسنے کا رجحان شروع ہو جاتا ہو اور دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : کیمفر 30 Camphor

1546۔موسم کی تبدیلی کے دنوں میں نزلہ زکام بکثرت پھیلتا ہے۔اگر مریض ہر موسم کی

تبدیلی پر بیمار پڑ جائے تو اس کے لئے

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 1000-200

ڈلکامارا اونچی طاقت میں دی جائے تو وہ اس قسم کی کمزوریوں کا حفظ ماتقدم ہے اور اس دوا کی اونچی طاقت میں استعمال کے بعد اکثر مریض موسم کی تبدیلیوں سے اس قدر متاثر نہیں ہوتے۔

1547 ۔ مریض عموماً نزلہ زکام کا شکار رہتا ہو۔ ناک میں گاڑھی رطوبت جم جاتی ہو۔ چھینکوں کا رجحان ہوتا ہو۔ قوت شامہ تیز ہو جاتی ہو۔ بائیں نتھنے میں سرسراہٹ ہوتی ہو جس کی وجہ سے چھینکیں آتی ہوں۔ آنکھوں سے پانی بہنے لگتا ہو۔ (علامات)

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1548 ۔ ہروقت ناک بند رہے اور ہروقت نزلاتی کیفیت ہو۔ ناک سے خون نکلے اور ساتھ بھوک بھی ہو تو ایسے مریض کے لئے

شفا بخش دوا: آیوڈم Iodum 30

1549 ۔ بہت شدید نزلہ جو مسلسل بہہ بہہ کر دماغ کو کھوکھلا کر دیتا ہو۔ ناک سے بے حد پانی بہتا ہو اور سخت خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم Arum Triphyllum 30

1550 ۔ نزلہ و زکام میں اگر چہرہ تمتمایا ہوا ہو اور دھڑکن والا سر درد ہو تو بہت مفید نسخہ۔

ایکونائیٹ	Aconite	1000
بیلاڈونا	Belladonna	
آرنیکا	Arnica	

ملا کر۔ نصف گھنٹہ کے وقفہ سے دو خوراکیں دینا کافی ہوتا ہے۔

1551۔اگر (نزلہ زکام) کی بیماری کچھ آگے بڑھ چکی ہو۔تو کارآمد نسخہ

بیسلینم	Bacillinum	200 ملا کر
ڈفتھرینم	Diphtherinum	
انفلوئنزینم	Influenzinum	
اوسلوکوکینم	Oscillococcinum	

چاروں ملا کر دیں۔تین دن روزانہ ایک بار یا حسب ضرورت دوخوراکیں دی جائیں تو نزلہ بگڑتا نہیں اور بخار یا دمہ وغیرہ میں تبدیل نہیں ہوتا۔

1552۔نزلہ میں مریض کا چہرہ تمتمایا ہوا ہو۔ناک کی نوک سُرخ ہوتی ہو، ناک میں جلن اور سرسراہٹ ہوتی ہو۔ناک بند بھی ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 200-30

1553۔نزلہ زکام: آنکھوں سے بہنے والے پانی میں جلن اور خارش ہوتی ہو اور آنکھیں سُرخ ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : یوفریزیا Eupharasia 30

1554۔زکام کے ساتھ جسم میں خصوصاً چہرہ، دانت، سر اور گردن میں درد ہوں تو ان سب کے لئے

بہترین دوا: ایلینم سیپا Allium Cepa 30

1555۔زکام کے ساتھ سر درد ہوتا ہو جو خصوصاً دائیں کنپٹی میں شدت سے محسوس ہوتا ہو اور پیشانی تک پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا : ایلینم سیپا Allium Cepa 30

1556۔نزلہ کے ساتھ سر درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : یوفریزیا 30 Eupharasia

1557۔زکام کے ساتھ سر میں درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : ایلیئم سیپا 30 Allium Cepa

1558۔سر درد نزلہ سے ادلتا بدلتا رہتا ہو۔اس کیفیت میں مفید دوائیں:

1۔سورائینم 200 Psorinum

2۔برائیونیا 200 Bryonia

3۔رسٹاکس 200 Rhustox

1559۔شدید بہنے والا نزلہ جس کے ساتھ ناک کی ہڈیوں میں درد ہو تو

مفید دوا : گائیکم 30 Guaiacum

1560۔نزلہ کے ساتھ دانتوں کی ہڈیوں میں بھی درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : گائیکم 30 Guaiacum

☆☆☆☆☆

نزلہ کا مختلف موسموں سے تعلق

1561۔سردیوں کے موسم میں ہونے والا نزلہ جس کے ساتھ جسم میں دردیں نمایاں ہوں اور نزلہ کے آغاز میں سر درد بھی ہو تو

ضروری دوا: یوپٹوریم 30 Eupatorium

1562۔ذرا سی سردی لگ جائے تو نزلہ عود کر آتا ہو اور ناک سے خون بھی نکلتا ہو تو

مفید دوا : ڈلکامارا 30 Dulcamara

1563۔ سردیوں کے موسم میں داخل ہوتے ہی بہت نزلہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

سورائینم گلے کے لئے بھی اچھی دوا ہے لیکن اس میں نزلہ خصوصیت سے نمایاں ہوتا ہے اور ایک خاص نشان یہ ہے کہ جب بھی نزلہ ہوگا سر درد شروع ہو جاتا ہو یعنی نزلہ اور سر درد آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔

1564۔ سردی لگنے سے نزلاتی تکلیفیں ہوں۔ چہرہ تمتما اٹھتا ہو اور بخار کی طرح تمازت محسوس ہوتی ہو تو

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1565۔ مریض عموماً سردیوں کے موسم میں بیمار رہتے ہوں۔ جب تک موسم گرمانہ شروع ہو جائے ان کی تکلیفوں کو آرام نہیں آتا ہو اور نزلہ زکام پیچھا نہیں چھوڑتا ہو۔ اخراجات میں دھاگہ بننے کی علامت ہو تو

کارآمد دوا: کوکس کیکٹائی Coccus Cacti 30

1566۔ سردی کے موسم میں ہونے والے نزلہ زکام کے لئے

مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

گلا بیٹھ جاتا ہے، ناک سے پتلی رطوبت بہتی ہے، جس میں تیزابیت ہوتی ہے۔ آنکھوں سے بکثرت پانی بہتا ہے لیکن اس میں تیزی نہیں ہوتی اور وہ آنکھوں میں سُرخی پیدا نہیں کرتا۔ یہ ایلیئم سیپا کی خصوصی علامت ہے جو اسے یوفریزیا Euphrasia سے الگ کرتی ہے

1567۔ نزلہ: اگر گرمی سے تکلیف بڑھے تو کارآمد دوائیں:

1۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ ایپس Apis 30

اس نزلہ میں دونوں دوائیں کام آسکتی ہیں۔دونوں میں پیاس کم اور رطوبت عموماً گاڑھی زرد رنگ کی ہوتی ہے۔لیکن پلسٹیلا کا مریض عموماً نرم مزاج ہوگا جبکہ ایپس کا مریض چڑچڑا ہوگا اور عضلات میں ڈنک لگنے کی طرح کے تیز لہردار درد ہونگے اور پیشاب کی کمی اور گردوں میں سوزش ہوگی۔

1568۔نمدار موسم میں بداحتیاطی سے پیدا ہونے والی نزلاتی تکلیفوں میں کارآمد دوائیں:

1۔پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

2۔رسٹاکس Rhustox 200-30

3۔ڈلکامارا Dulcamara 200-30

ڈلکامارا تب علامتی دوا ہوگی اگر بدلتا ہوا موسم نم بھی ہو۔

1569۔نزلاتی تکلیفیں موسم بہار میں زیادہ نمایاں ہو جاتی ہوں تو

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 30-6x

1570۔گرمیوں کے موسم میں پہاڑوں پر جانے یا وہاں سے واپس آنے پر نزلاتی تکلیفیں ہو جائیں تو

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

1571۔نزلہ کا مریض گرم کمرے میں رہے تو ناک بہنا رک جاتا ہو۔باہر کھلی ہوا میں جانے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو تو

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

1572۔کھلاڑیوں کے کھیل کے بعد جبکہ ابھی جسم گرم ہو یا کپڑے جلد اُتار دیں تو انہیں نزلاتی تکلیفیں شروع ہو جاتی ہوں۔

کارآمد دوا: ڈلکامارا Dulcamara 30

1573۔ مریض کو پسینہ آتے ہی فوراً نزلہ شروع ہو جاتا ہو۔ لیکن اس نزلے کو کھلی ہوا میں افاقہ ہوتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

1574۔ نزلہ وزکام: اگر جسم اور ہڈیوں میں درد بہت زیادہ ہو تو

مفید نسخہ: آرنیکا Arnica 30
یوپیٹوریم Eupatorium

ملا کر دینا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

1575۔ ذیابیطس کے مریضوں کی نزلاتی تکالیف میں دوسری دواؤں کے علاوہ

بہت مفید نسخہ: نیٹرم سلف Nat. Sulph
کالی سلف Kali Sulph 6x ملا کر دن میں تین بار
نیٹرم فاس Nat. Phos

1576۔ نزلہ زکام (بخار) میں اگر کمزوری، بے چینی اور جلن بہت ہو لیکن گرمی سے آرام آئے تو

مفید دوا: آرسینک Arsenic 30 روزانہ تین بار

نزلہ اور آنکھوں پر اثر

1577۔ نزلہ: آنکھوں سے جلن پیدا کرنے والا پانی بہے جو سوتے میں گلے اور چھاتی پر گر کر خارش اور کھانسی کا موجب بنے:

مفید دوا: یوفریزیا Euphrasia 30

1578۔ نزلے کا حملہ خصوصاً آنکھوں پر زیادہ ہو اور اس کے حملہ سے آنکھیں غیر معمولی

طور پر سُرخ ہو جائیں تو

مفید دوا : یوفریزیا   Euphrasia 30

نزلہ کی وہ کیفیات جو وقتی طور پر جوش دکھائیں اور گزر جائیں ان میں یوفریزیا مفید ہوتی ہے۔ بشرطیکہ نزلہ کا اثر آنکھوں پر زور دکھائے۔ ہر وہ نزلہ جو آغاز سے ہی آنکھوں پر حملہ کرنے اور اس کا پانی آنکھوں میں جلن اور سُرخی پیدا کرے اس نزلہ میں یوفریزیا مفید ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 375)

1579۔ نزلہ ناک سے شروع ہو کر آنکھوں میں اپنا مستقل قیام کر لیتا ہو۔ آنکھیں بوجھل ہو جاتی ہوں اور زرد رنگ کی گاڑھی رطوبت نکلتی ہو۔ (یہ رطوبت پتلی بھی ہوتی ہے)

مفید دوا : ڈلکامارا   Dulcamara 30

اگر ڈلکامارا نہ دیا جائے تو نزلاتی تکلیفیں مزمن ہو جاتی ہیں۔

1580۔ نزلاتی تکلیفوں کے دوران اگر آنکھوں میں خارش ہو اور پانی بہے، اُوپر کے پپوٹوں میں لرزہ ہو تو

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم   Arum Triphyllum 30

پرانا اور ضدّی نزلہ

Chronic Catarrh

1581۔ پرانے ضدی نزلہ میں مفید دوا:

کالی بائیکرومِ   Kali Bich 30

گاڑھی لیسدار رطوبت نکلتی ہے جس کے پیچھے ناک کی جڑ میں درد ہوتا ہے۔ مادہ گاڑھا اور جڑا ہوا دھاگوں کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

1582۔ مزمن اور پرانا بہنے والا نزلہ (جس کی وجہ سے سوزاک مادہ ہو)۔

اعلیٰ درجہ کی دوا: میڈورائینم Medorrhinum CM

1583۔ پرانا نزلہ جو دھاگوں کی صورت میں نکلے اس میں بہترین نسخہ

کالی بائیکرومم	Kali Bich	30
کوکس کیکٹائی	Coccus Cacti.	30
ہیپر سلف	Hepar Sulph	30

ملا کر دینا نزلہ کے پرانے مریضوں کے حق میں بہترین ثابت ہوتا ہے۔

1584۔ پرانا نزلہ زکام: اگر جسم ٹھنڈا رہتا ہو۔ خصوصاً پاؤں اور پیاس بھی لگتی ہو تو۔

1۔

بیسیلینم	Bacillinum	200
برائیونیا	Bryonia	200

تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ وار ایک بار چند گولیاں چوس لیں۔

یا ایک دو قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2۔

سلیشیا	Silicea	6x
نیٹرم میور	Nat. Mur	6x

ایک ہفتہ تک روزانہ دو بارہ صبح و شام پھر صرف ایک بار روزانہ دو دو ٹکیاں ملا کر چوس لیا کریں۔

1585۔ پرانا نزلہ زکام: اگر جسم ٹھنڈا رہتا ہو۔ خصوصاً پاؤں اور پیاس لگتی ہو۔

1۔

بیسیلینم	Bacillinum	200
برائیونیا	Bryonia	200

تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ وار ایک بار چند گولیاں چوس لیں۔

2۔ فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

1586۔ پرانا نزلہ زکام: جسم ٹھنڈا خصوصاً پاؤں اور پیاس لگتی ہو تو ایک اور نسخہ

بیسی لینم	Bacillinum	
جلسیمیم	Gelsemium	200 ملا کر
سورائینم	Psorinum	

1587۔ پرانے نزلہ زکام کے لئے ایک اور نسخہ

بیسی لینم	Bacillinum	
انفلوئنزینم	Influenzinum	200 ملا کر
سورائینم	Psorinum	

1588۔ پرانا نزلہ زکام: اگر جسم ٹھنڈا رہتا ہو مگر پیاس معمول سے کم لگتی ہو تو

1۔ بیسی لینم	Bacillinum	200
جلسیمیم	Gelsemium	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

2۔ سلیشیا   Silicea   6x   روزانہ تین بار

1589۔ پرانا نزلہ زکام: اگر جسم گرم رہتا ہو خصوصاً پاؤں کے تلوے گرم ہوں اور پیاس بھی ٹھیک ہو یا زیادہ لگتی ہو تو

1۔ بیسی لینم	Bacillinum	200
برائیونیا	Bryonia	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار۔ اور

2۔ سلفر   Sulphur   30

ایک ہفتہ تک تین دفعہ روزانہ پھر صرف ایک دفعہ روزانہ چند گولیاں فی خوراک یا ایک دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

1590۔ پُرانا نزلہ زکام: اگر جسم گرم ہو خصوصاً پاؤں کے تلوے جلتے ہوں اور پیاس بالکل نہ لگے یا کم ہو تو حسب ذیل نسخہ:

1۔ بیسی لینم	Bacillinum	200
پلسٹیلا	Pulsatilla	200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار چند گولیاں فی خوراک ایک دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کالی میور	Kali Mur	6x
کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x

روزانہ دو تین بار دو دو گولیاں ملا کر چوس لیں۔

1591۔ کرانک نزلہ : Chronic Catarrh

بیسی لینم	Bacillinum	200
انفلوئنزینم	Influenzinum	200
لیکیسس	Lachesis	200

چند دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں دو بار

1592۔ مستقل نزلے کا رجحان: مفید دوائیں:

1۔ سلفر — Sulphur 200-30

2۔ نیٹرم فاس — Nat. Phos 6x

نیٹرم فاس کے مریض میں سلفر کے مریض کی طرح نہانے سے نفرت اور مستقل نزلے کا رجحان ملتا ہے۔

1593۔نزلہ پرانا ہو جائے اور ناک کی نالیوں میں بیٹھ رہے تو ایسے نزلہ کیلئے

مفید دوا : سباڈیلا   Sabadilla 30

1594۔پرانے نزلہ کے مریض جو عموماً ڈھیلے ڈھالے جسم والے اور زرد رُو ہوں۔
بہت جلد سانس چڑھتا اور اونچائی پر چڑھنے سے سانس پھولتا ہو۔کسی اور دوا سے ٹھیک نہ ہوں تو

مفید دوا : سسٹس   Cistus 30

سسٹس کے نزلے میں جلن نہیں ہوتی بلکہ ناک کے اندر ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے جس سے نزلہ کا آغاز ہوتا ہے۔اگر بروقت سسٹس دے دی جائے تو نزلہ وہیں رُک جائے گا اور آگے نہیں بڑھے گا۔

1595۔دائمی نزلہ اور نزلاتی بیماریوں میں مفید دوائیں:

1۔پلسٹیلا   Pulsatilla 30

2۔نکس وامیکا   Nux Vomica 30

3۔کوکس   Coccus 30

پلسٹیلا دائمی نزلہ یا اندرونی جھلیوں کو ٹھیک کرتی ہے۔ایسا نزلہ چھاتی میں اُترتا ہے تو گاڑھی بلغم نکلتی ہے۔ناک بند ہو تو اکثر پلسٹیلا ذہن میں آتی ہے۔ناک بند بھی ہوتا ہے پھر بھی کچھ نہ کچھ نزلہ جاری رہتا ہے۔نکس وامیکا اور کوکس بھی اس میں مفید ہیں۔

1596۔پرانے نزلہ کے ساتھ ناک کی اندرونی نالی میں خشکی کا احساس ہوتا ہو۔مواد جم کر سخت ہو جاتا ہو۔جس کی وجہ سے ہلکا ہلکا درد بھی ہوتا رہتا ہو۔اس تکلیف میں

مفید دوا : پلسٹیلا   Pulsatilla 200-30

روزانہ تین بار

1597۔ مزمن نزلہ: جبکہ نزلہ میں نزلاتی مواد سبز رنگ کا ہو چکا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف　Kali Sulph 6x

1598۔ دائمی نزلہ: جسم کے کسی عضو پر حملہ آور ہو جائے اور مریض مستقل بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کاربو ویج　Carboveg 30

1599۔ مستقل جاری نزلہ جو آ کر ٹھہر جاتا ہو اور اندرونی جھلیوں کو گلا دیتا ہو۔ ایسے مستقل نزلاتی مریض بہت تکلیف دہ زندگی گزارتے ہوں (بشرط علامات)

تیر بہدف دوا: کلکیر یا سلف　Calc. Sulph 6x

1600۔ بار بار نزلہ اور بلغمی کھانسی کا رجحان۔ مفید دوائیں:

1۔ مفید دوا : کیمفر　Camphor 30

2۔ ہم پلہ دوائیں: 1۔ اینٹی مونیم کروڈ　Antim Crud 200-30

2۔ امونیم کارب　Amonium Carb 30

یہ دونوں دوائیں ایسی کمزوری کو جو بار بار نزلے کو دعوت دیتی ہو دور کرتی ہیں۔

1601۔ پرانے نزلہ زکام میں ناک سے آنے والی بدبو میں

فائدہ مند دوا: سلفر　Sulphur 30

یہ بدبو ایسی ہوتی ہے جسے مریض خود بھی محسوس کرتا ہے جبکہ اکثر اپنی بدبو کو محسوس نہیں کرتا۔

1602۔ سخت بدبودار نزلہ ہوتا ہو جو دائمی شکل اختیار کر لیتا ہو اور گلے میں ہر وقت خراش پیدا کرتا ہو۔ قوت شامہ بھی ختم ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب　Nat. Carb 30

1603۔نزلہ زکام میں سخت بدبُو دار اور گاڑھی سبزی مائل رطوبت خارج ہوتی ہوتو

مفید دوا : کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

1604۔زکام بار بار ہوتا ہو، ناک بند رہتا ہو۔ناک میں بندش کے باوجود جلن کے ساتھ پتلی زردی مائل سبز رنگ کی رطوبت بہتی ہو۔جن سے جلن میں قدرے سکون ملتا ہو۔

کارآمد دوا: سورائینم Psorinum 200

1605۔نزلے کا پُرانا رجحان۔جس کے ساتھ نکسیر بھی پھوٹتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

نزلہ زکام اور بکثرت چھینکیں آنا

1606۔مسلسل چھینکیں آنا۔نزلہ نہ بھی ہو پھر بھی بکثرت چھینکیں آتی ہوں۔

بہت مشہور دوا: سباڈیلا Sabadilla 30

1607۔گھاس کی الرجی (**Hay Fever**) سے چھینکوں کے سخت دورے شروع ہوجاتے ہوں۔چھینکیں نزلہ کی وجہ سے نہیں بلکہ نتھنوں کے اندر سرسراہٹ کی وجہ سے آتی ہوں۔ مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

سباڈیلا کا مریض بہت سردی محسوس کرتا ہے۔معمولی سی سردی سے بھی کانپنے لگتا ہے اور ہر ٹھنڈی چیز سے اس کی تکلیف میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

1608۔نزلہ گرتا ہو۔گلے میں درد اور چھینکیں یا مٹی سے الرجی ہو۔مفید نسخہ

200
- بیسی لینم Bacillinum
- نیٹرم میور Nat. Mur

1609۔نزلہ گرتا ہو گلے میں درد۔چھینکیں، مٹی سے الرجی کے لئے ایک اور نسخہ

انفلوئنزینم Influenzinum 200

چار دن روزانہ ایک خوراک۔ پھر ہفتہ میں دو بار

1610۔چھینکوں کے لئے یا ناک میں غدود ہوں تو مفید دوا:

سباڈیلا Sabadilla 30 روزانہ تین بار

1611۔چھینکوں کے لئے ایک اور مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 1000

1612۔موسم بہار میں Hay Fever اور الرجی کی وجہ سے چھینکوں کے دورے شروع ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ سباڈیلا Sabadilla 30 روزانہ تین بار

2۔ لیکیسس Lachesis 1000 ایک خوراک

موسم بہار کی الرجی کے مستقل علاج کیلئے سباڈیلا کے بعد لیکیسس 1000 بہت اچھا کام کرتی ہے جسے سباڈیلا سے آرام آنے کے بعد بیماری کی بیخ کُنی کے لئے لمبے وقفوں کے ساتھ چند ماہ استعمال کرنا چاہیئے۔لیکیسس فوری چھینکوں کی الرجی میں جسے Hay Fever کہتے ہیں چوٹی کی دوا ہے۔اگر یہ الرجی موسم بہار میں ہو تو لیکیسس کو اوّلیت دینی چاہیئے۔ سباڈیلا بھی دراصل موسم بہار کی دوا ہے۔سباڈیلا میں بہت سی علامتیں لیکیسس سے ملتی ہیں۔ مریض کا بہت ٹھنڈا ہونا۔ان دونوں کی مشترکہ علامتیں ہیں۔سباڈیلا کی مزمن دوا لیکیسس ہے۔

1613۔موسم بہار میں اچانک سخت چھینکیں آنے لگیں۔دن رات بکثرت چھینکیں آتی ہوں

1۔نہایت کارآمد دوا: لیکیسس Lachesis 1000 ایک خوراک

2۔ مفید دوائیں: 1۔ نیٹرم میور Nat. Mur 1000

2۔سباڈیلا Sabadilla 200-30

سالہا سال کی بہار کی الرجی یعنی دن رات بکثرت چھینکیں آنا، لیکیس ایک ہزار کی ایک ہی خوراک سے دُور ہو جاتی ہے اور پھر کبھی دوبارہ تکلیف نہیں ہوتی۔ لیکیس سے ٹھیک ہونے کے بعد اگر دوبارہ الرجی ہو تو کچھ عرصہ بعد مثلاً پندرہ دن یا مہینے کے وقفہ سے لیکیس کو دہرایا جا سکتا ہے۔ اگر لیکیس ناکام ہو تو اس قسم کی الرجی میں نیٹرم میور 1000 اور سباڈیلا اچھا کام کرتی ہیں (ناک میں غدود ہوں اور چھینکیں آتی ہوں تو بھی سباڈیلا مفید دوا ہے۔

1614۔ موسم بہار میں جب پھول کھل رہے ہوں پھولوں کی خوشبو سے بہت چھینکیں آتی ہوں تو اچھی کارآمد دوائیں:

1۔ سباڈیلا Sabadilla 30

2۔ لیکیس Lachesis 1000

سباڈیلا کی مزمن دوا لیکیس ہے۔ اگر سباڈیلا اور دیگر وقتی دوائیں کام نہ کریں تو پھر فوری ضرورت کے لئے لیکیس استعمال کی جا سکتی ہے۔ بیماری کے مستقل علاج کے لئے 1000 طاقت میں پندرہ دن کے وقفہ سے لیکیس دیں تو مکمل شفاء ہو سکتی ہے۔

1615۔ موسم خزاں کی الرجی۔ چھینکیں آئیں اور آنکھوں سے سادہ پانی بہے جو خراش پیدا نہ کرے

نیز نزلہ کا اثر کانوں پر بھی ہو تو

مفید دوا: ایلیم سیپا Allium Cepa 30

ایلیم سیپا کی مزمن دوا ایلیومینا ہے۔

1616۔ مرطوب موسم اور ہر موسم میں چھینکیں آتی ہوں یا جلد جلد موسمی تبدیلیوں سے واقع ہونیوالی نزلاتی بیماریوں میں

بہترین دوا: ڈلکامارا Dulcamara 30 روزانہ تین بار

اس کے زکام سے ناک بند ہو جاتا ہے۔ صرف ہلکا ہلکا پانی رستا رہتا ہے۔

1617۔ ہر موسم میں چھینکیں آتی ہوں۔

مفید دوا : ڈلکامارا　Dulcamara　30　روزانہ تین بار

1618۔ سردی سے گرمی میں بدلتے ہوئے موسم میں چھینکیں آتی ہوں۔

مفید دوا : برائیونیا　Bryonia　30　روزانہ تین بار

1619۔ سردی سے گرمی میں بدلتے ہوئے موسم میں چھینکیں آتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس　Lachesis　1000-200

2۔ برائیونیا　Bryonia　200-30

1620۔ سردی کی وجہ سے چھینکیں آنا (علامت)

مفید دوا : ہیپر سلف　Hepar Sulph　30

1621۔ سرد موسم میں گرم کمرے میں آنے سے چھینکیں شروع ہو جاتی ہوں تو

مفید دوا : پلسٹیلا　Pulsatilla　200-30

1622۔ گرمی سے سرد ماحول میں داخل ہونے سے چھینکیں آنے لگتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سباڈیلا　Sabadilla　30

2۔ سلیشیا　Silicea　30

3۔ نیٹرم میور　Nat. Mur　30

4۔ ہیپر سلف　Hepar Sulph　30

1623۔ سوتے ہوئے ہاتھ لحاف سے باہر رہ جائے اور باہر کے ٹھنڈے ماحول میں ٹھنڈ ہو

اور چھینکوں کا سلسلہ شروع ہو جائے (خاص علامت)

مفید دوا: ہیپر سلف　Hepar Sulph　200-30

ہیپر سلف کا مریض سرد ہوا کا ذرا سا جھونکا بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ شور و غل بھی اس

کے لئے ناقابل برداشت ہوتا ہے۔

1624۔ مریض کو چھینکیں بہت آتی ہوں جن کے ساتھ ناک بہتا ہو۔ شام کو اور رات کو تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ مریض ٹھنڈ سے سخت زود حس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

1625۔ شام کو الرجی کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہو اور چھینکیں آتی ہوں۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

1626۔ صبح کے وقت خصوصاً نو بجے چھینکوں کی تکلیف زیادہ ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

1627۔ پیٹ کے کیڑوں اور ناک کے اوپر اور اندر کھُجلی ہونے کی وجہ سے چھینکوں کا عارضہ لگ جائے۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

1628۔ ناک میں خارش اور چھینکیں آئیں تو

مفید دوا: پائیپر نائیگرم Piper Niger 30

1629۔ چھینکوں کے حملہ کے دوران بھوک بہت بڑھ جاتی ہو۔ (علامت)

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

1630۔ نزلے میں ناک اور گلے میں بلغم چپکا رہے اور اس وجہ سے چھینکیں آئیں۔

کارآمد دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

1631۔ چھینکیں آتی ہوں اور گلے میں جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

1632۔کالی مرچ سے زود حسی: کسی چیز پر کالی مرچ چھڑکنے سے ہی چھینکوں کا دورہ شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : پائیپر نائیگرا Piper Nigra 30 روزانہ تین بار

یہ خصوصاً ان لوگوں کو فائدہ دیتی ہے جو کالی مرچ سے زود حس ہوتے ہیں۔ جو لوگ کالی مرچ سے زود حس نہ ہوں ان کے لئے بھی مختلف وجوہات پر چھینکوں کے آنے کے رجحان روکنے کے لئے بھی یہ مفید ہے۔

1633۔کھانسی کے ساتھ چھینکیں آتی ہوں۔ گلے میں ایسا احساس ہوتا ہو جیسے پرندے کے پَر سے گدگدی کی جا رہی ہو۔

مفید دوا : الیومینا Allumina 30

1634۔مریض نزلہ کا شکار رہتا ہو۔چھینکیں آتی ہوں، آنکھوں سے پانی بہنے لگتا ہو، گلے میں زرد رنگ کی بلغم گرتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

معدہ، گردوں اور انتڑیوں پر نزلاتی اثرات

1635۔نزلہ اگر معدے پر گرے تو ساتھ ہی تشنج ہو جاتا ہو۔اچانک بل پڑنے اور سکڑنے کا احساس ہوتا ہو۔مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

1636۔گردے، انتڑیوں اور معدے پر نزلاتی اثرات ظاہر ہوتے ہوں اور بار بار پیشاب یا اسہال شروع ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 200-30

اسہال کی یہ تکلیف انتڑیوں، معدے یا گردوں کی نزلاتی تکلیف سے ہوتی ہے۔

نزلہ زکام کی مختلف علامات اور ان کا مفید علاج

1637۔ نزلاتی اخراجات ابتداء میں سفید ہوتے ہوں۔ لیکن جلد ہی زردی مائل اور بدبُو دار ہو جاتے ہوں۔ قوت شامہ کم ہو جاتی ہو یا بالکل ختم ہو جاتی ہو۔ صبح کے وقت بلغمی کھانسی جو شام تک بالکل خشک کھانسی میں تبدیل ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

1638۔ بہنے والا نزلہ ختم ہونے کے بعد زرد رنگ کی چپکنے والی رطوبت ناک میں جم جاتی ہو۔ ناک صاف کرنے کے بعد سطح پر جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کوکس کیکٹائی Coccus Cacti 30

1639۔ نزلہ جس میں ناک بند رہتی ہو اور سفید رنگ کی رطوبت کثیر مقدار میں بنتی ہو۔

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

1640۔ نزلاتی بیماریوں میں مریض کی زبان پر سلیٹی رنگ کا مواد جم جاتا ہو۔

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

1641۔ نزلہ و زکام کے ساتھ جلد پر سرخ چھوٹے چھوٹے دانے نمودار ہو جاتے ہوں۔ سوئیاں چبھنے کا احساس ہوتا ہو اور جسم کے بعض حصوں میں حدّت اور جلن محسوس ہوتی ہو۔ مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

1642۔ اکثر نزلہ شروع ہو جائے، ناک میں مواد جم جائے اور اس کو اُکھیڑنے کے بعد جلن پیدا ہوتی ہو تو

مفید دوا : سسٹس Cistus 30

سسٹس میں مادہ باہر نکالنے سے سکون آ جاتا ہے۔

1643۔ناک میں مواد جم جائے اور مواد کی موجودگی میں جلن رہتی ہو تو

مفید دوا : آرسینک　Arsenic 30

1644۔زکام بائیں نتھنے سے شروع ہو کر دائیں طرف منتقل ہونے کا رجحان رکھتا ہو۔

مفید دوا : ایلیئم سیپا　Allium Cepa 30

1645۔خشک زکام ہو جاتا ہو اور ناک مکمل طور پر بند ہو جاتا ہو۔گاڑھی رطوبت جم جاتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا　Dulcamara 30

1646۔نزلہ ناک کے اندر کسی معیّن جگہ درد کے احساس سے شروع ہوتا ہو اور اس کا آغاز عموماً بائیں طرف سے ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم　Kali Bich 30

1647۔ناک کے اندر ایک خاص مقام سے نزلہ شروع ہوتا ہو۔گلے اور ناک کے جوڑ کے پاس جراثیم کی کمین گاہ بن جاتی ہو اور پھر ناک اور گلے سے اچانک ناقابل برداشت بُو کے بھبکے اٹھتے ہوں۔مفید دوائیں:

1۔کالی بائیکروم　Kali Bich 30

2۔میزیریم　Mezerium 30

میزیریم کے ساتھ سردی اور گرمی کی علامتیں نہیں ہوتیں۔

1648۔ناک سے شدید بدبُو دار نزلے کا مواد خارج ہوتا ہو۔یہ نزلہ سر کے ایگزیما میں تبدیل ہو جاتا ہو۔

1۔بہترین دوا: میزیریم　Mezerium 200-30

2۔مفید دوائیں: 1۔سورائینم　Psorinum 200-30

2۔لیکیسس　Lachesis 200

یہ نزلہ سر کے اگیزیما میں بھی تبدیل ہو جاتا ہے جس میں سر پر ایک سخت خول بن جاتا ہے۔جس کے اندر جراثیم پلتے ہیں۔اگر یہ خول پھٹ جائے تو اس سے نہایت بدبُو دار مواد خارج ہوتا ہے۔اس اگیزیما کو مقامی طور پر علاج سے دبا دیا جائے تو ناک سے انتہائی خطرناک نزلہ شروع ہو جاتا ہے جو ٹھیک نہیں ہوتا۔اس بیماری میں لیکیسس اور سورائینم دونوں سے بہتر دوا میزیریم ہے۔

1649۔نزلہ زکام کے دوران ناک سے خون بھی بہتا ہو تو

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200

گلے اور حلق کی تکالیف

گلا بیٹھ جانا، آواز بیٹھ جانا: Hoarsness

1650۔گلا خراب: بات کرنی مشکل ہو۔مفید نسخہ

1۔برائیونیا Bryonia 200
بیلاڈونا Belladonna 200

2۔سلیشیا Silicea 6x
فیرم فاس Ferr. Phos 6x
کالی میور Kali Mur 6x
کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

1651۔گلا بیٹھ گیا ہو۔آواز ندارد۔مفید نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200

2۔رسٹاکس Rhustox 200 باری باری ہفتہ وار

رسٹاکس کی علامت یہ ہے کہ مریض کے گلے کی خرابی کی وجہ سے آواز بیٹھ جاتی ہے

جب وہ بولنا شروع کرے تو ٹھیک ہو جاتی ہے اور جتنا بولے آواز صاف ہوتی چلی جاتی ہے۔
اگر ایسے مریض کئی کئی گھنٹے بھی لگاتار لیکچر دیں تو آواز ٹھیک رہے گی لیکن بعد میں اس کا ردعمل ظاہر ہوگا۔

1652۔آواز مستقل بیٹھ جائے تو بہت اچھی دوائیں:

1۔کالی بائیکروم	Kali Bich	30	روزانہ تین بار
2۔الیومن	Alumen	30	روزانہ تین بار

الیومن کے مزاج میں یہ بات داخل ہے کہ مریض کا گلا بعض دفعہ مستقل طور پر بیٹھ جاتا ہے یہ ایک ایسی دوا ہے جو بہت گہرا اور لمبا اثر کرنے والی بھی ہے اور عارضی بیماریوں میں بھی شفا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

1653۔آواز مستقل بیٹھ جائے (بشرط دیگر علامات)

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 30 روزانہ تین بار

آواز بیٹھنے کی صورت میں فاسفورس، کاسٹیکم، سلفر، لائیکو پوڈیم، کوکا، سورائینم اور بوریکس عموماً کام آتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 235)

1654۔گلے میں سخت بلغم جم جانے کی وجہ سے بولنا مشکل ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

ریومیکس کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ آواز بیٹھ جاتی ہے۔

1655۔گلا بیٹھ جانا: (علامت)

1۔مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

2۔مفید دوائیں: 1۔کاربوویج Carboveg 30

2۔کاسٹیکم Causticum 30

3۔بوریکس Borax 30

کاربوویج کے مریض کا گلا شام کو بیٹھتا ہے اور صبح کے وقت زیادہ خراب نہیں ہوتا۔کاسٹیکم میں صبح کے وقت گلا خراب ہوتا ہے اور شام کو ٹھیک ہو جاتا ہے۔

1656۔آواز وقتی طور پر بیٹھ جائے تو مفید دوائیں:

1۔بوریکس Borax 30

2۔آرسینک Arsenic 30

1657۔زیادہ بولنے اور گانے والوں کے لئے۔آواز کے بیٹھ جانے میں

شہرت یافتہ دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

1658۔آواز مکمل بند ہو جائے۔جُوں جوں کوئی بولے آواز غائب ہوتی جائے۔

مفید دوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

1659۔مریض بولنا شروع کرے تو آواز بیٹھی ہوئی معلوم ہو لیکن بولنے سے رفتہ رفتہ صاف اور بہتر ہوتی چلی جائے۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 30

1660۔اگر بولنے سے تکلیف کم ہونے کی بجائے بڑھتی چلی جائے تو

1۔عمومی دوا: بوریکس Borax 30

2۔بہت بہتر دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

1661۔آواز کا زیرو بم بدلتا رہے۔زیادہ بولنے اور سردی کی وجہ سے آواز بیٹھ جاتی ہو اور کبھی کبھی اچانک اُونچی بھی ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : آرم ٹرائی فائیلم Arum Triphyllum 30

1662۔گلے میں السر کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے (جو کینسر کی بھی علامت ہے)

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

اگر کسی کی آواز بیٹھ جائے اور گلے میں السر ہو جائے تو پوری احتیاط سے جائزہ لے کر فوراً علاج شروع کر دینا چاہیئے ورنہ اگر دیر ہو جائے تو گلے کا کینسر وغیرہ کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور پھر قابو میں نہیں آتا۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 659)

1663 ۔ نرخرے کا حصہ ماؤف ہو رہا ہو۔ گلے کی نالی میں سلی مادوں کے اجتماع سے آواز رفتہ رفتہ کم ہو جائے اور مسلسل کھانسی رہے تو

مفید دوا : مینگنیم Manganum 30 روزانہ تین بار

اس کا بہت زیادہ اثر گلے کی نالی پر ہوتا ہے جس کا بولنے کے ساتھ تعلق ہے سلی مادوں کے اجماع سے آواز رفتہ رفتہ کم ہو جائے اور مسلسل کھانسی رہے......اگر نرخرے کا حصہ ماؤف ہو رہا ہو اور سلی اثرات ظاہر ہوں تو مینگنیم بلا تاخیر شروع کروا دینی چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 577)

نرخرہ (Larynx) میں سانس کے لوچ دار چھلوں پر مشتمل نالی جو گلے سے شروع ہو کر نیچے پھیپھڑوں کی جانب اترتی ہے۔ اور گلے میں اس کے اندر آواز پیدا کرنے کا آلہ ہوتا ہے مینگنیم میں اس کے اندر ورم پیدا کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے جس کا ہر حملہ پہلے سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ بڑھتی ہوئی بیماری بالآخر پھیپھڑوں میں دبے ہوئے سل کے مادے کو اُبھار دیتی ہے۔ مینگنیم سے بر وقت ایسے مریض کا علاج بعد میں پیدا ہونے والی سنگین پیچیدگیوں سے بچا لیتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 578-579)

1664 ۔ سینے کی کمزوری کی وجہ سے آواز نہ نکلتی ہو اور بولنے کی طاقت میں کمی آجاتی ہو تکلیف مستقل ہو جائے تو

مفید دوا : سٹینم Stannum 1000

پندرہ بیس دن بعد اونچی طاقت کی ایک ایک خوراک چند ماہ تک استعمال کریں تو حیرت انگیز انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنے لگتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 770)

1665۔ زبان اور گلے کی خشکی کی وجہ سے بولنا مشکل ہوتا ہو۔ ٹھوس چیز نگلتے ہوئے تکلیف ہوتی ہو۔

مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 200

نزلاتی کیفیات اور گلے پر اثر

1666۔ نزلہ سے گلا خراب ہو جائے تو مفید نسخہ:

برائیٹا کارب	Baryta Carb	200-30
جلسیمیم	Gelsemium	

1667۔ نزلاتی کیفیات: ہر قسم کی گلے کی خرابی جس میں گلے کی طرف رجحان خون ہو، سوزش اور درد ہو۔ کارآمد نسخہ

آرنیکا	Arnica	30 تا 1000 تک
ایکونائیٹ	Aconite	
کاسٹیکم	Causticum	

بعض دفعہ 1000 طاقت میں نسخہ غیر معمولی سُرعت سے کام کرتا ہے آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے دو خوراکیں کافی ہوتی ہیں۔

1668۔ نزلاتی کیفیت اور گلے کی خرابی (کیلئے کارآمد نسخہ)

برائیٹا کارب	Bryta Carb	200
بیلاڈونا	Belladonna	
کاسٹیکم	Causticum	

بعض دفعہ اس نسخہ میں کاسٹیکم Causticum کی بجائے کالی میور Kali Mur ملانا بہت ضروری ہوتا ہے۔

1669۔نزلہ سے گلا خراب: پیاس نہ ہو منہ میں خشکی ہو۔اور سر بھاری ہو تو

مفید نسخہ: برائیٹا کارب Baryta Carb
جلسیمیم Gelsemium 30

1670۔زکام کی وجہ سے آواز میں بوجھل پن، حلق میں خراش اور سانس کی نالی میں درد نمایاں ہوتے ہوں شدید کھانسی اٹھتی ہو، بہت چھینکیں آتی ہوں تو

مفید دوا: ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

1671۔نزلہ زکام ہو جاتا ہو اور گلے پر اثر پڑتا ہو، بالائی حصہ میں دکھن کا احساس ہوتا ہو۔ دوپہر کے وقت بخار ہو جاتا ہو۔سینہ میں شدید کمزوری اور بائیں جانب پسلیوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

1672۔نزلے میں ناک اور گلے کے اندر بلغم سا چپکا رہے اور اس وجہ سے چھینکیں آئیں تو

کارآمد دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

1673۔سانس، زبان، حلق اور گلے میں ٹھنڈ لگتی ہو، خشک اور ٹھنڈی ہوا سے درد ہونے لگتا ہو۔

مفید دوا: سسٹس Cistus 30

☆☆☆☆☆

گلے کے مختلف عوارض

Ailments of Throat

1674۔ ہر قسم کی گلے کی خرابی جس میں گلے کی طرف رجحان خون ہو، سوزش اور درد ہو غیر معمولی سُرعت سے کام آنیوالا نسخہ

1000	Arnica	آرنیکا
	Aconite	ایکونائیٹ
	Causticum	کاسٹیکم
	Belladonna	بیلاڈونا

30 طاقت سے لیکر 1000 طاقت تک۔ بعض دفعہ 1000 طاقت میں یہ نسخہ غیر معمولی سُرعت سے کام کرتا ہے۔ آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے دو تین خوراکیں کافی ہیں۔

1675۔ نزلاتی کیفیت اور گلے کی خرابی ۔ زبان پر سُرخی مائل چمک۔ گلے میں بے چینی اور فالجی کیفیات پائی جاتی ہوں تو مفید نسخہ:

30	Baryta Carb	برائیٹا کارب
	Belladonna	بیلاڈونا
	Causticum	کاسٹیکم

1676۔ اگر نزلاتی تکلیفوں میں زبان پر سلیٹی رنگ کا مواد جم جاتا ہو۔ دمہ کی علامتیں اور معدہ کی تکلیفوں کی وجہ سے کھانسی آتی ہو یا ٹانسلز متورم ہوں تو مفید نسخہ

200	Baryta Carb	برائیٹا کارب
	Belladonna	بیلاڈونا
	Kali Mur	کالی میور

1677۔ گلے کی خرابی: گلے میں بلغم چپک جائے اور اسے باہر نکالنا بہت مشکل ہو اور کھانسی کے باوجود بلغم کو اکھیڑنا دشوار ہو تو بہت نمایاں کام کرنے والی دوا:

ہیپر سلف	Hepar Sulph	30	روزانہ تین بار

ہیپر سلف میں کھانسی عموماً صبح کے وقت زیادہ ہوتی ہے اور سردی سے کھانسی میں اضافہ ہو جاتا ہے اور کھانسی میں اکثر درد پایا جاتا ہے۔

1678۔ گلا شدید خراب ہو۔ منہ سے پانی بہتا ہو اور سخت خوفناک بَدبُو آتی ہو۔ مریض کو پسینہ بہت آتا ہو۔ مفید دوا: مرک سال Merc. Sol 30

مرکری کا مریض ہمیشہ متعفن ہوتا ہے اس سے ایسی خطرناک اور تیز بُو آتی ہے کہ اس کا بیان کرنا مشکل کام ہے۔ صرف تجربہ سے ہی معلوم کیا جاسکتا ہے۔

1679۔ گلا خراب: (بہت کارآمد نسخہ)

جلسیمیم	Gelsemium	200
برائیونیا	Bryonia	
بیلاڈونا	Belladonna	
بیسیلینم	Bacillinum	
آرسینک	Arsenic	

1680۔ بچوں کے گلے کی خرابی کی وجہ سے بخار کیلئے: فوری اور مؤثر نسخہ

فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کالی میور	Kali Mur	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	
سلیشیا	Silicea	
کالی فاس	Kali Phos	

اکثر بچوں میں یہ نسخہ کامیاب ہوتا ہے۔مگر اس کے ساتھ کھٹی اور بہت ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز ضروری ہے خصوصاً کھٹے مشروبات اور کوکا کولا وغیرہ

1681۔سردی کے موسم میں گلے کی خرابی (خاص علامت)

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200

1682۔گلے کی تکلیفیں جن میں گاڑھا چمٹنے والا بلغم نکلے تیز تیز چلتے ہوئے دم گھٹے اور سانس پھولنے کا احساس ہو۔

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

1683۔ہر وقت گلے میں کچھ پھنسے ہونے کا احساس ہو۔مفید دوائیں:

1۔ہیپر سلف Hepar Sulph 30

2۔مرکری Mercury 30

1684۔گلے میں کھانسی کا احساس ہوتا ہو جیسے کوئی چیز پھنسی ہوئی ہو اور کوشش کے باوجود نہ نکلتی ہو۔

1۔اگر واقعتاً کوئی چیز پھنسی ہوئی ہو تو اسے باہر نکالنے کے لئے

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

2۔اگر واقعتاً کوئی چیز پھنسی ہوئی نہیں ہو محض پھانس اٹکنے کا احساس ہوتا ہو جو بہت بے چین کرتا ہو تو

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

1685۔گلا صاف کرنے کے لئے بار بار کھنگھارنا پڑے۔

مفید دوا : مینگینم Manganum 30

یہ علامت اور بھی بہت سی دواؤں میں ملتی ہے مثلاً دودھیا، ارجنٹم میٹ، سلیشیا اور فاسفورس۔

1686۔ گلے کے غدود کی ہر قسم کی سوزش اور تھائیرائیڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی میں بہت کارآمد دوا: برومیم Bromium 30 تا CM

اس دوا کا غدودوں کی ہر قسم کی سوزش سے گہرا تعلق ہے...تھائیرائیڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی میں بہت کارآمد ہے۔اگر دوسری دوائیں علامات ملنے کے باوجود کام نہ کریں اور غدود بہت سخت ہو جائیں اور رفتہ رفتہ بڑھیں تو ایسی صورت میں برومیم کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے اس میں یہ علامت موجود ہے کہ سخت جمی ہوئی گٹھلیوں کو گھلانے لگ جاتی ہے مگر اسے تدریجاً لمبے عرصہ پر پھیلا کر دینا چاہیئے ۔30 طاقت سے شروع کریں پھر 200 دیں پھر کچھ دیر ٹھہر کر 1000 اور پھر اس سے اونچی طاقت میں دے کر دوائی دینی بند کر دیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 159)

1687۔ گلے میں ہلکی سی دُکھن کا احساس ہو اور جب اسے ہاتھ سے دبایا جائے تو آنکھوں میں شدید درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 30-200

1688۔ کان، گلے اور آنکھ ان تینوں اعضاء میں کسی ایک جگہ تکلیف ظاہر ہو اور اسے چھیڑا جائے تو دوسری جگہ بھی اس کا اثر ظاہر ہوتا ہے۔(خاص علامت)

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200

اس کے استعمال سے تینوں اعضاء کی تکلیفیں خدا کے فضل سے دُور ہو جاتی ہیں۔

1689۔ حلق کے غدود سوج جائیں گلے میں سوزش ہوتی ہو، چھالے پڑ جاتے ہوں، خوراک نگلنی بہت مشکل ہوتی ہو۔خوراک کی نالی (Oesophugus) کی اس قسم کی تکلیفوں میں بہت

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200

1690۔ بلغم کے لئے (گلے میں بلغم) مفید نسخہ

کاسٹیکم	Causticum		
بیلاڈونا	Belladonna	30 ملا کر	روزانہ تین بار
برائیونیا	Bryonia		

1691۔ گلے کی جلن کے لئے (نسخہ)

1۔آرسینک Arsenic 200 ہفتہ وار ایک دو بار

2۔فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

1692۔ گلے میں جلن، خشکی اور کھرچن کا احساس ہوتا ہو (پیاس نہ ہو)

مفید دوا : سائیکلیمن Cycalmen 30

1693۔ گلے میں جلن اور آبلے نمودار ہو جاتے ہوں۔ جلن کی وجہ سے نگلنے میں دقت ہوتی ہو۔

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

1694۔ گلے کے غدود پھول جاتے ہوں اور نگلنے میں دقت ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

1695۔ گلے کی ہر قسم کی خرابی کے آغاز میں مفید دوا:

سیفیلینم Syphilinum 200 یا 1000

1696۔ بخار کے ساتھ سانس میں بدبُو ہو۔ گلا سوجا ہوا ہو اور نگلنا مشکل ہو تو

مفید دوا : بپٹیشیا Baptisia 30

اکیلی دوا ہی کافی ہوگی۔ روزانہ تین بار

1697۔ گلے کی خرابیوں میں بہت مفید دوا : بپٹیشیا Baptisia 200-30

گلا متعفن بیماریوں کی وجہ سے سخت متاثر ہوتا ہے لیکن بعض دفعہ اس کے ساتھ درد نہیں

ہوتا۔ جس کی وجہ سے مریض کو گلے کی بیماری کی خطرناک صورت کا احساس نہیں ہوتا۔ لیکن گلے کے غدود یعنی ٹانسلز (Tonsils) کے اندر درد کی علامات ملتی ہیں۔ ہاں اس کے ارد گرد کے ریشوں میں درد نہیں ہوتا جو گلے کی عام خرابیوں میں ضرور پایا جاتا ہے۔ اگر گلے کی تکلیف میں درد نہ ہو لیکن گلا متعفن ہو تو اس میں بپٹیشیا بہت مؤثر دوا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 121)

1698۔ گلے میں پیپ پڑنے کا رجحان ہو۔ اندر کوا ابھی سوجا ہوا ہو تو

ضروری دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30 روزانہ تین بار

1699۔ گلا سوج کر اس میں پیپ بن جاتی ہو اور گردن میں ورم کی وجہ سے سر ایک طرف کو مڑ جاتا ہو۔

مفید دوا: سسٹس Cistus 30

1700۔ غدودوں میں شدید سوجن کے ساتھ سختی پائی جائے اور جگہ جگہ دھبے نظر آئیں۔

نگلتے وقت درد کانوں تک جائے۔ حلق میں خشکی اور بہت جلن ہو تو

انتہائی ضروری دوا: فائیٹولاکا Phytolacca 30

1701۔ مریض کو نگلنے میں دقت ہوتی ہو، بغیر کچھ کھائے پیئے نگلنے کی کوشش کرتا رہتا ہو۔

مفید دوا: ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

1702۔ مائع چیز گلے میں پھنسنے کا رجحان پایا جاتا ہو۔ خصوصاً گرم مشروب سے تکلیف ہوتی ہو۔

مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200

سانپ کے تقریباً سب زہروں کے نتیجہ میں گلے میں تشنج پیدا ہوتا ہے اور خوراک اور پانی گلے میں پھنستا ہے۔ لیکیسس میں گرم مشروب سے اس کیفیت میں اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ

ٹھنڈے مشروب سے قدرے افاقہ ہوتا ہے......لیکیس میں ٹھنڈے مشروب سے آرام آتا ہے اور اچھا بھی لگتا ہے مگر ساتھ ہی اس سے متلی شروع ہو جاتی ہے یہ لیکیسس کی واضح پہچان ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 551-552)

1703۔ گلے کی نئی اور پرانی تکلیفوں میں اگر غدود یں بیماری کے ہر حملہ کے بعد پہلے سے کچھ اور موٹی اور سخت ہو جائیں اور اپنے پہلے حجم کی طرف واپس نہ لوٹیں تو

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30 روزانہ تین بار

1704۔ ڈفتھیریا کی وجہ سے گلے کی دوسری خرابیاں. غدود سوج کر سخت ہو جاتے ہوں اور گٹھلیاں بڑھتی چلی جاتی ہوں، گل کر پیپ بن کر ختم نہیں ہوتی۔

مفید دوا : برومیم Bromium 200-30

اس دوا کا غدودوں کی ہر قسم کی سوزش سے گہرا تعلق ہے۔

1705۔ اندرونی جھلیوں, جلد اور گلے کے زخموں اور غدودوں میں جو سخت ہو جائیں اور پیپ بننے کا رجحان ہو۔

1۔ بہت مؤثر دوا: فائیٹولاکا Phytolacca 200-30

2۔ مددگار دوائیں: 1۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

2۔ سلیشیا Silicea 30

1706۔ میٹھا کھانے سے گلا خراب ہو جائے۔

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30 روزانہ تین بار

اس دوران میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔ چند دنوں کے بعد میٹھا کھا کر دیکھنا چاہیے کہ فرق پڑا ہے کہ نہیں۔ اگر فرق نہ پڑے تو پھر 1000 طاقت میں استعمال کرنی چاہیے۔

1707۔ گلا اکثر خراب رہتا ہو گلے کے گلینڈ سوج کر موٹے ہو جاتے ہوں غدود پھول

کر سخت ہو جاتے ہوں اور کچھ مادے ان میں جم جاتے ہوں جو غدودوں کو شکو نے
نہیں دیتے ہوں (بشرط دیگر علامات)

مؤثر علاج: کالی کارب Kali Carb 30

1708۔ گلے میں شدید درد اور کٹے پھٹے زخم۔ منہ میں بے حد بدبُو دار لعاب کیلئے

مفید دوا: نائیٹرک ایسڈ Nit. Acid 30 روزانہ تین بار

1709۔ گلے میں درد تشنج اور سوزش کے ساتھ طبیعت میں غصہ بھی ہو تو

بہترین دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

1710۔ گلے کے غدود پھول جاتے ہوں اور نگلنے میں دقت ہوتی ہو۔

مفید دوا: کالی سلف Kali Sulph 6x

1711۔ گلے کے غدود پھول جاتے ہوں، خراش، خون بہنا، جلن، سوزش، نگلنے میں
دقت (علامات) مفید دوا: فیرم فاس Ferr. Phos 6x

1712۔ گلا اچانک پھول جاتا ہو اور سخت سوزش ہوتی ہو۔ گھونٹ بھرنا بھی دوبھر ہو جاتا
ہو تو اس تکلیف میں بہت مفید دو:

بیلاڈونا Belladonna 200-30

1713۔ گلے کی سوزش کے ساتھ زخم بن جاتے ہوں اور گلے کا درد ناک کی نالی اور
نچلی جھلیوں میں پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا: کالی بائیکروم Kali Baich 30 روزانہ تین بار

1714۔ گلا بہت خشک ہو جاتا ہو اور زخم بننے لگتے ہوں۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

1715۔ گلے کے پُرانے زخموں میں مفید دوائیں:

1۔فلورک ایسڈ	Fluoric Acid	30
2۔سلیشیا	Silicea	30-6x
3۔مرکری	Merc. Sol	30

سلیشیا اور مرکری آپس میں ایک دوسرے کی مخالف دوائیں ہیں۔ان کو اکٹھا استعمال نہیں کیا جاسکتا۔درمیان میں ہیپر سلف کو شامل کرنا پڑتا ہے۔لیکن فلورک ایسڈ ان دونوں کے ساتھ دے سکتے ہیں۔

1716۔ گلے میں آبلے بن جاتے ہوں تو

مفید دوا : 1۔ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

2۔نائیٹرک ایسڈ Nitric Acid 30

1717۔ گلے میں سخت سوزش۔گلے میں پھانس اٹکنے کا احساس۔بخار اور جسم سے کھٹی بُو کی علامات میں مفید دوا:

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30 روزانہ تین بار

1718۔ گلے میں پھانس اٹکنے کا احساس بہت نمایاں ہو اسے نکالنے کی کوشش میں تکلیف اور بھی زیادہ بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

یہ صرف احساس ہوتا ہے۔حقیقت میں کچھ نہیں ہوتا۔

1719۔ گلے میں کچھ پھنسنے کا احساس ہوتا ہو جس کی وجہ سے مریض ہر وقت نگلنے کی کوشش کرتا رہتا ہو۔گلے کی تکلیف مزمن ہو جاتی ہو اور سرد ہوا سے بڑھ جاتی

ہو۔زبان پر جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

1720۔گلا اچانک پھول جائے اور سخت سوزش ہو جائے۔گھونٹ بھرنا بھی دوبھر ہوتا ہو تو

ایسی تکلیف میں بہت مفید دوا :

بیلاڈونا Belladonna 200

1721۔نرخرہ کے ورم (Laryngitis) میں بہت مفید دوا :

برومیم Bromium 30

اس میں زخم بننے کا رجحان ہوتا ہے۔

1722۔گلے کی خرابی اور کھانسی کی صورت میں مفید نسخہ

آرسینک Arsenic
اپیکاک Apecac
30 ملاکر

1723۔کھانے کے بعد حجرے میں سرسراہٹ ہو اور کھانسی شروع ہو جائے تو

مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

1724۔گلے میں مچھلی کا کانٹا پھنس جائے تو فوری مؤثر دوا:

1۔ سلیشیا Silicea 6x

2۔ اگر بعد میں گلے کا تشنج اور بے چینی ہوتی ہو تو

سیکوناوروسا Cicuta Virosa 30 روزانہ تین بار

اگر واقعتاً گلے میں کوئی چیز پھنس جائے، مچھلی کا کانٹا ہو یا کوئی اور چیز تو سلیشیا اسے باہر نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

1725۔گلے میں کچھ پھنسے ہونے کا رجحان ہوتا ہو۔مریض بار بار پھنسی ہوئی چیز

کو باہر نکالنے کی بے سود کوشش کرتا ہو۔ حلق میں کانٹے چبھتے ہوئے محسوس ہوتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

1726۔ گلے میں تشنج کی علامت ظاہر ہو، سخت قسم کی جکڑن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

1727۔ گلے میں جکڑن کا احساس ہوتا ہو اور کالر برداشت نہیں ہوتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200

2۔ گلونائن Glonoine 200-30

لیکیسس میں گلے کے اندر تنگی اور جکڑن کا احساس ہے لیکن مریض یہ فرق نہیں کر سکتا کہ تکلیف گلے کے اندر کی طرف ہے یا باہر کی طرف۔ لیکیسس میں گلے کے گرد کوئی بھی چیز برداشت نہیں ہوتی۔

گلونائن میں بھی یہ علامت ملتی ہے حتیٰ کہ گلونائن کے مریض کے سر میں بھی جکڑن کا احساس ہوتا ہے اور ٹوپی تک برداشت نہیں ہوتی۔

1728۔ گلے میں پھندہ پڑنے کا احساس زیادہ سخت ہو تو

مفید دوا : ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

1729۔ گلے کی نالی کے اندر تشنج ہوتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

2۔ ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1730۔ کھانے کی نالی کے نیچے کی طرف تنگی کا احساس ہو، جیسے کوئی گولہ ہو جسے مریض

ہر وقت نگلنے کی کوشش کرتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

1731۔ گلے میں کوئی گولہ پھنسنے کا رجحان ہوتا ہو جو نگلنے یا کھنگارنے سے کم نہیں ہوتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

1732۔ گلے اور گلے کے عضلات کا فالج جو بولنے کے آلے پر اثر انداز ہو۔

مفید نسخہ: فاسفورس Phosphorus

برائیونیا Bryonia 30

کاسٹیکم Causticum

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 266)

1733۔ نگلنے کے عضلات کی کمزوری اور ان کے فالجی اثرات کے علاج کے لئے

مؤثر دوا: ڈفتھریتم Diphtherinum 1000

1734۔ گلے کی خرابی مائع چیز پینے میں دقت نہ ہوتی ہو لیکن ٹھوس غذا نگلنے میں دشواری ہوتی ہو۔ مریض اگر کوشش کرے تو خوراک سانس کی نالی میں چلی جاتی ہو

(علامت) مفید دوا : بپٹیشیا Baptisia 30 روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 266)

1735۔ غذا نگلنے میں خصوصاً مائع نگلنے میں دقت پیش آئے اور زبان کے غدود سخت ہو جائیں تو

بہت مفید دوا : الیومن Alumen 200-30

1736۔ نگلنے کی طاقت کم ہو جاتی ہو اور نگلنا مشکل ہو جاتا ہو۔ بسا اوقات عمر کے

ساتھ ساتھ یہ طاقت کم ہو جاتی ہے اور کھانا سانس کی نالی میں چلا جاتا ہے اور بہت خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ بہت مفید ضروری دوا:

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

بعض بچوں میں یہ علامت پائی جاتی ہے۔

1737۔غذا کی نالی میں سکوڑن، خوراک نگلنے میں دقّت، نگلنے کے لئے پانی کی ضرورت پیش آتی ہو۔

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

1738۔حلق میں درد جسے گرم مشروب پینے سے آرام آتا ہو اور ٹھنڈی چیزوں سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

1739۔منہ اور گلا خشک، دم گھٹتا ہو۔ نگلنے میں دقّت ہوتی ہو۔

مفید دوا : کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 30

1740۔ گلے کے درد میں نگلنے سے آرام محسوس ہوتا ہو۔ مریض بار بار گھونٹ بھرتا ہو تا کہ درد میں کمی ہو۔ (علامت)

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

1741۔ گلے میں تکلیف ہو تو نگلنے سے آرام آتا ہو۔ درد میں دباؤ سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

1742۔ گلے میں درد کا گولہ دماغ کی طرف جاتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

1743۔ گلے میں گرم گولے پھنسے ہونے کا احساس پایا جاتا ہو۔

مفید دوا :فائیٹولاکا Phytolacca 200-30

1744۔ بہت شدید نزلہ جو مسلسل بہہ بہہ کر دماغ کو کھوکھلا کر دے اور سخت خارش ہوتی

ہو۔ گلے میں یہ خارش اور سنسناہٹ لمبے عرصہ تک رہنے سے نگلنے والے یا گھونٹ بھرنے والے عضلات پر فالجی اثرات ظاہر ہونے لگیں۔ اور لقمہ غلط نالی میں داخل ہونے یا گلے کے اندر ہی انکا رہنے کا خطرہ رہتا ہو۔ پانی پینے میں جلدی کرنے سے پانی معدے میں جانے کی بجائے اُوپر ناک کی نالی میں چلا جائے۔

مفید دوا : آرم ٹرائی فلم Aurum Triphyllum 30 روزانہ تین بار

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 107)

1745۔ گلے کے غدود کی ہر قسم کی سوزش اور تھائیرائیڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی میں

بہت کارآمد دوا: برومیم Bromium 30 تا CM

برومیم بھی ڈفتھیریا کی بجائے گلے کی دوسری بیماریاں عام ملتی ہیں۔ غدود سوج کر سخت ہو جاتے ہیں اور گٹھلیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں گل کر، اور پیپ بن کر ختم نہیں ہوتیں۔ اس دوا کا غدودوں کی ہر قسم کی سوزش سے گہرا تعلق ہے.... تھائیرائیڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی میں بہت کارآمد ہے۔ اگر دوسری دوائیں علامات ملنے کے باوجود کام نہ کریں اور غدود بہت سخت ہو جائیں اور رفتہ رفتہ بڑھیں تو ایسی صورت میں برومیم کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے۔ اس میں یہ علامت موجود ہے کہ سخت جمی ہوئی گٹھلیوں کو گھلانے لگ جاتی ہے مگر اسے تدریجاً لمبے عرصہ پر پھیلا کر دینا چاہیئے۔ 30 طاقت سے شروع کریں پھر 200 دیں پھر کچھ دیر ٹھہر کر 1000 اور پھر اس سے اونچی طاقت میں دے کر دوائی دینی بند کر دیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 159)

1746۔ گلے کے غدود متورم ہو جاتے ہوں۔ منہ اور حلق میں گھٹن، کچا پن، دُکھن اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : آرم ٹیرائی فلم Arum Triphyllum 30

1747۔ گلا خراب ہونے سے کان کے پیچھے ہڈی میں سوزش ہو جاتی ہو۔ جو مستقل ٹھہر جاتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ کیپسیکم Capsicum 200-30

2۔ فائیٹو لاکا Phytolacca 200-30

3۔ کونیم Conium 200-30

1748۔ گلا خراب ہو سارے جسم میں اعصابی اور جوڑوں کے درد ہوتے ہوں۔

مفید دوا : گائیکم Guaicum 30

1749۔ حنجرہ میں شدید درد اور سوزش نمایاں ہو۔

مفید دوا :ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

☆☆☆☆☆

ٹانسلز: TONSILS

یعنی گلے کے غدودوں کی ہر قسم کی خرابی

1750۔ٹانسلز کی بیماری کی ابتداء میں مؤثر نسخہ

ایکونائیٹ	Aconite	
بیلاڈونا	Belladonna	1000 چند خوراکیں فوری اثر دکھاتی ہیں۔
آرنیکا	Arnica	

1751۔روزمرّہ گلے کی خرابیوں اور ٹانسلز کے متورم ہونے میں جبکہ بخار بھی ہو۔

مفید نسخہ:

سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	
کالی میور	Kali Mur	

بخار کی صورت میں شروع میں نصف نصف گھنٹہ کے وقفہ سے ان کو دہرائیں اکثر گلے کی تکلیفوں میں اس نسخہ سے فوری فائدہ پہنچتا ہے۔

گلے کی تکلیفوں اور ٹانسلز کے متورم ہونے میں کالی میور بہت مفید ہے لیکن مَیں اسے اکیلا استعمال نہیں کرتا بلکہ سلیشیا، کلکیر یا فلور اور فیرم فاس کے ساتھ 6x میں ملا کر دیتا ہوں۔ اکثر گلے کی تکلیفوں میں اس نسخہ سے فوری طور پر فائدہ پہنچتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 503)

1752۔ٹانسلز کے متورم رہنے اور بخار کے لئے (جبکہ مرکری کی علامات نمایاں ہوں) مفید نسخہ:

1۔مرکری Merc Sol 30

مرکری کام نہ دے تو

2۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

ہیپر سلف بھی کام نہ دے تو

3۔ سلیشیا Silicea 6x

اگر گلے کے غدود متورم اور بخار ہو جائے تو پسینہ آنے سے بخار ٹوٹنے کی بجائے مرض اور بھی گہرائی میں اُتر جاتا ہے۔ مرکری کی دو تین خوراکیں دینے سے دبا ہوا بخار پہلے اُبھرتا ہے اور پھر ٹوٹنے لگتا ہے۔ بار بار پسینہ آنا بند ہو جاتا ہے اور ایک ہی دفعہ کھُل کر پسینہ آتا ہے اس بخار میں جس کا علاج مرکری بھی ہے بچوں کی آنکھیں ایسی چمکیلی ہو جاتی ہیں جیسے وارنش کر دیا گیا ہو۔ بچوں کے سانس میں بدبُو آنے لگتی ہے اور سرسام بھی ہو جاتا ہے۔

اگر مرکری کام نہ دے تو ہیپر سلف دینی چاہیئے اگر وہ بھی کام نہ دے تو پھر سلیشیا خدا کے فضل سے ضرور شفا کا موجب ہو جاتی ہے۔ ان تین دواؤں کے دائرے میں عموماً مرض قابو میں آجاتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 594)

1753 گلے کے غدود متورم اور بخار ہو جائے تو ایک مفید بائیو کیمک نسخہ

1۔ نیٹرم فاس Nat. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
سلیشیا Silicea — 6x
کالی میور Kali Mur
کلکیر یا فاس Calc. Phos

اگر گلے پھولے ہوتے ہوں تو کلکیر یا فلور 6x ملا کر اس مکسچر کی خوراک بار بار دینی چاہیئے یہ نسخہ اکثر مفید ثابت ہوتا ہے۔

2۔ اگر مرض پھر بھی قابو میں نہ آئے اور مرکری کی علامات نمایاں ہوں تو

1۔ پہلے مرکری Merc. Sol 6x

2۔ اس کے بعد ہیپر سلف Hepar Sulph 30 دیں۔

1754۔ گلے کی خرابی کے لئے مفید اور کارآمد نسخہ

فائیٹولاکا	Phytolacca	30 ملا کر روزانہ تین بار
بپٹیشیا	Baptisia	
کالی میور	Kali Mur	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	
سلیشیا	Silicea	

اگر گلے میں درد زیادہ ہو تو سلیشیا کی بجائے ہیپر سلف شامل کر لیں۔

1755۔ گلے کی خرابی کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

فائیٹولاکا	Phytolacca	30 طاقت میں روزانہ تین بار
بپٹیشیا	Baptisia	
ہیپر سلف	Hepar Sulph	
کاربوویج	Carbo Veg.	

1756۔ گلے کی خرابی سے تعفنی بخار جو نہایت ضدی اور خطرناک ہو سکتا ہے۔ بخار روزانہ پہلے سے زیادہ ہوتا چلا جائے خصوصاً رات کے آخری حصہ میں بہت زور دکھائے۔

1۔ اچھی دوائیں:

سلفر	Sulphur	200 ملا کر
پائیروجینم	Pyrogenium	

اسی طرح

2۔ مفید دوا: سلیشیا Silicea 1000

یہ فائدہ نہ دیں تو

	English	اردو
30	Belladonna	3۔ بیلاڈونا
	Phytolacca	فائیٹولاکا
	Calc. Fluor	کلکیریا فلور
	Ferr. Phos	فیرم فاس
	Baptisia	بپٹیشیا

ملا کر بار بار دی جائیں۔ بعض دفعہ ایک ہی رات میں یہ مرض پوری طرح قابو میں آجاتا ہے۔ اس نسخہ کے علاوہ اگر

	English	اردو
6x	Ferr. Phos	4۔ فیرم فاس
	Silicea	سلیشیا
	Kali Mur	کالی میور
	Calc. Phos	کلکیریا فاس
	Mag. Phos	میگ فاس
	Baptisia	بپٹیشیا

ملا کر دن میں چھ سات مرتبہ جاری رکھیں۔ اگر اس سے ایک رات میں بخار نہ ٹوٹے تو عموماً دو تین راتوں کے اندر کم ہوتے ہوتے ٹوٹ جاتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 170-171)

1757۔ ایسے ٹانسلز جو ٹھیک نہ ہونے میں آئیں۔ ان کے لئے کارآمد نسخہ

	English	اردو
200 ملا کر	Influenzinum	انفلوئنزینم
	Bacillinum	بیسیلینم
	Diphtherinum	ڈفتھرینم
	Oscillococcinum	اوسیلوکوکسینم

چاروں اکٹھی 200 طاقت میں ملا کر تین دن تکلیف کی شدّت کے دوران دن میں ایک بار یا زیادہ سے زیادہ حسب ضرورت دو بار استعمال کروائیں۔ تین دن سے زیادہ دینے کی ضرورت نہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 826-827)

1758۔ گلے اور ٹانسلز (Tonsils) میں درد اور جلن کا احساس ہوتا ہو۔ پیاس بہت لگتی ہو۔

مفید دوا : پائیپر نائیگر Piper Niger 30

1759۔ گلے کی خرابی ٹانسلز اور اس کی وجہ سے کھانسی کیلئے مفید نسخہ:

کاسٹیکم	Causticum	200
بیلاڈونا	Belladonna	
برائیٹا کارب	Baryta Carb	

پہلے دو دن روزانہ تین بار۔ پھر دو دن ایک بار روزانہ پھر ہفتہ وار

1760۔ گلے کی خرابی۔ ٹانسلز اور اس کی وجہ سے کھانسی کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	6x
کالی میور	Kali Mur	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر

1761۔ گلے کی خرابی۔ ٹانسلز اور کھانسی کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

میگ فاس	Mag. Phos	6x
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر

1762۔ گلے کے غدود پھول جائیں اور درد کے علاوہ اتنے متورم ہو جائیں کہ گلے

کے باہر گردن پر بھی ورم نمایاں ہو جائے اور سُرخی بھی پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30 روزانہ تین بار

1763۔ گلا پھول جاتا ہو اور سخت سوزش ہوتی ہو، گھونٹ بھرنا دوبھر ہو جاتا ہو۔ ایسی تکلیف میں بہت مفید دوا :

بیلاڈونا Belladonna 200-30

اس کی ایک خاص علامت یہ ہے کہ بیرونی طور پر گلینڈز کے اوپر چھوٹے چھوٹے سرخ دانے بن جاتے ہیں کچھ دیر تک یہ سُرخی رہتی ہے۔ پھر میلے میلے سے رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

1764۔ گلے کے غدود پھول جائیں لیکن سخت نہ ہوں بلکہ اسفنج کی طرح پھولے ہوئے ہوں اور دباؤ ڈالنے سے دب جائیں (خاص علامت)

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 30

1765۔ گلے کے غدود پھول کر سخت ہو جائیں، زبان سُرخ اور موٹی ہو، ہر قسم کے اخراجات میں شدید بدبُو ہو، نگلنے میں دقت ہو، خوراک اور پانی ناک کے راستے باہر آ جائیں تو ان تکلیفوں کو رفع کرنے کیلئے

مؤثر دوا: ڈفتھرینم Diphthrinum 200

☆☆☆☆☆☆

کن پیڑے Mumps

1766۔ کن پیڑوں (Mumps) کے لئے کارآمد نسخہ:

30	Baptisia	بپٹیشیا
	Canthoris	کینتھرس
	Hepar Sulph	ہیپر سلف
	Conium	کونیم
	Phosphorus	فاسفورس
	Belladonna	بیلاڈونا
	Antim Crud	انٹی مونیم کروڈ

1767۔ کن پیڑوں کی بیماری میں گلے پر اور کانوں کے پیچھے کے اُبھار وہاں سے دب جاتے ہوں اور اعضائے تناسل کی طرف منتقل ہو جاتے ہوں۔

نمایاں مقام کی حامل دوا: ابراٹینم Abrotanum 200-30

1768۔ کن پیڑے (Mumps) کی بہترین دوا:

پلسٹیلا Pulsatilla 30

یہ بیماری کو دوسری جگہ منتقل نہیں ہونے دیتی۔ صحیح علاج نہ کیا جائے تو بیماری منتقل ہو کر آلات تناسل پر اثر انداز ہو جاتی ہے اور ایسے مریض ساری عمر کے لئے اولاد سے محروم ہو جاتے ہیں۔

1769۔ کن پیڑوں کی بیماری آلاتِ تناسل میں منتقل ہو جائے اور مریض ساری عمر کے لئے اولاد سے محروم ہو جائے تو

1۔ سب سے پہلے: ابراٹینم Abrotanum 30

2۔ اس سے ٹھیک نہ ہو تو پلسٹیلا Pulsatilla 30 دیں۔

DIPHTHERIA : خنّاق

یہ بہت خطرناک بیماری ہے اس میں بیماری کا زہریلا مادہ سرمئی رنگ کے مواد کی صورت میں گلے میں جم جاتا ہے اور تہہ بہ تہہ موٹا ہوتا چلا جاتا ہے۔ یہانتک کہ سانس کی نالی کو بند کر دیتا ہے اور سانس لینے میں سخت دقت ہوتی ہے اور کھانا پینا تو تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے خناق کی بہترین ہومیو پیتھک دوا اس بیماری کے مادے سے تیار کی گئی ہے جس کا نام ڈفتھیرینم Diphtherinum ہے۔

1770۔ خنّاق کا حفظ ماتقدم اور خنّاق میں بہت اہمیت رکھنے والی دوا:

ڈفتھیرینم Diphtherinum CM--200

خنّاق کے دوران ڈفتھریینم دینے سے نمایاں فائدہ ہوتا ہے۔ اس پہلو سے یہ دوا خنّاق میں بہت اہمیت رکھتی ہے۔ علاوہ ازیں خنّاق (ڈفتھیریا) کے حملے کی روک تھام کے لئے اس سے زیادہ مؤثر اور کوئی دوا ابھی تک دریافت نہیں ہوئی........ یہ بہت لمبے عرصے تک اثر کرنے والی دوا ہے..... اگر خنّاق کی وباء کے دوران 200 طاقت میں چند خوراکیں دے دیں تو خنّاق کا خطرہ نہ صرف فوری طور پر ٹل جاتا ہے بلکہ ایک محتاط اندازے کے مطابق آٹھ سال تک اس کی تکرار کی ضرورت نہیں پڑتی ..... چند خوراکیں 200 طاقت میں دے کر چند ماہ کے وقفہ کے بعد ڈفتھیرینم CM میں ایک خوراک دے دیں تو پوری زندگی کے لئے ڈفتھیریا سے بچاؤ ہو سکتا ہے"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 357)

1771۔ خنّاق کی اوّلین دوا: میوریٹک ایسڈ Muratic Acid 30

میوریٹک ایسڈ خنّاق کی اوّلین دوا ہے اور عمومی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔

1772۔ خنّاق کی اچھی دوا: کالی بائیکرومم Kali Bich 30

کالی بائیکرومم خنّاق کی بھی اچھی دوا ہے مگر میوریٹک ایسڈ کا مقابلہ نہیں کرتی۔

1773۔خناق میں مریض کی زبان پر سلیٹی رنگ کا مواد جم جائے تو

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

1774۔خناق کی ایک اور بہترین دوا:

لیک کینائینم Lac Caninum 30

''خصوصاً اگر گلے میں دردیں ایک طرف کے ٹانسلو سے دوسری طرف اور پھر دوسرے ٹانسلو سے پہلے کی طرف بار بار گودتی رہیں ......اگر خناق کی علامت یہ ہو کہ ایک طرف سے تکلیف اچھل کر دوسری طرف جائے اور پھر واپس آجائے تو ایسی صورت میں لیک کینائینم چوٹی کی دوا ہے۔

1775۔خناق کے زہر سے گلے میں مستقل فالج کی کیفیت پیدا ہو جائے تو

بہت فائدہ مند دوا: لیک کینائینم Lac. Can 30

1775۔خناق کی بیماری وباء کی طرح پھوٹ پڑے۔

1۔بہت مفید دوا : برومیم Bromium 30

2۔مؤثر دوائیں:

1۔میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

2۔کالی میور Kali Mur 30-6x

☆☆☆☆☆

کھانسی کی تکالیف Ailments of Cough

خشک کھانسی: Dry Cough

1776۔ کھانسی اچانک ہو جائے منہ اور گلا خشک ہو۔ مریض کھانسی کے اچانک حملہ سے خوفزدہ ہو

مفید نسخہ: ایکونائیٹ	Aconite	1000
آرسینک	Arsenic	
بیلاڈونا	Belladonna	

نصف گھنٹہ کے وقفہ سے دو بار۔ پھر لمبے وقفہ سے۔

1779۔ اگر کھانسی کے ساتھ ہر وقت بے چینی لگی رہے تو

مفید دوا: آرسینک Arsenic 30 روزانہ تین بار

1780۔ خشک کھانسی، بے چینی اور چھینکیں گرمی سے بڑھیں تو مفید دوا:

مفید دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

1781۔ کھانسی میں خارش اور بے چینی پائی جاتی ہو۔

مفید دوا: سسٹس / Cistus 30

1782۔ روزمرہ کی کھانسی کے لئے مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	200-30
2۔ آرسینک	Arsenic	200-30
3۔ ہیپر سلف	Hepar Sulph	200-30
4۔ اپیکاک	Ipecac	200-30

اپیکاک اور ہیپر سلف میں یہ احتیاط رکھیں کہ اپیکاک کی بلغم قدرے نرم ہوتی ہے اور

باسانی نکل آتی ہے۔ اگر بلغم پھنسی ہوئی ہو اور چپکنے والی ہو تو ہیپر سلف، کالی بائیکروم یا کوکس (Coccus) مفید ہوں گی۔

1783۔ خشک کھانسی کے ساتھ اگر نچلے جبڑے اور گلے کے غدود بڑھے ہوئے ہوں اور لیٹنے سے چکر آئیں تو

مفید دوا: برومیم Bromium 30 روزانہ تین بار

1784۔ گرم مزاج کی خشک کھانسی جو بلغمی کھانسی بن جائے اور گلے میں پیپ پڑنے کا رجحان ہو تو

مفید دوا: کلکیریا سلف Calc. Sulph 6x

1785۔ ہسٹیریائی مزاج: عورتوں اور رُوٹھنے کی عادی لڑکیوں کی خشک کھانسی۔

بہترین دوا: اگنیشیا Ignatia 30

1786۔ خشک اور ضدّی کھانسی۔ گلے میں سخت کھجلی ہوتی ہو۔ کھانسی لیٹنے سے بڑھتی ہو

مفید نسخہ: ریومیکس Rumex
چیلیڈونیم Chelidonium
30 ملا کر

1787۔ خشک ضدی کھانسی۔ گلے میں سخت کھجلی۔ کھانسی لیٹنے سے بڑھتی ہو۔ اگر مذکورہ

بالا نسخہ سے فائدہ نہ ہو تو کارآمد نسخہ:

سلفر Sulphur 200

رسٹاکس Rhustox 200 باری باری دیں۔

1788۔ کھانسی جب تک مریض پیٹ کے بل لیٹا رہے کھانسی میں افاقہ رہتا ہو اور ہر دوسری کروٹ پر کھانسی بڑھ جاتی ہو (عجیب علامت)

مفید دوا: برائیٹا کارب Bryta Carb 30

1789۔تالو میں کھجلی کی بجائے سخت درد ہو، بار بار کھانسی اُٹھے اور بے چینی ہو تو

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

اگر تالو میں کھجلی ہوتی ہو تو مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

اگر تالو میں کھجلی کی بجائے سخت درد ہوتا ہو تو مفید دوا: وتھیا Whyethia 30

1790۔خشک کھانسی کے ساتھ پیٹ میں بھی درد ہوتا ہو اور سانس لینے میں دقت محسوس ہوتی ہو۔اس وقت پیاس بالکل نہیں ہوتی ہو اور پیٹ میں خالی پن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

1791۔بہت تکلیف دہ خشک کھانسی: کھانسی بالکل خشک ہوتی ہو اور بلغم نہیں بنتی ہو۔

1۔(علامت) سورائینم Psorinum 200

2۔آغاز میں مفید دوائیں: 1۔ایکونائیٹ Aconite 200-30

2۔بیلاڈونا Belladonna 200-30

3۔آرسینک Arsenic 200-30

لیکن یہ مستقل شفا نہیں دیتیں۔بعد میں پیدا ہونے والی علامتوں کے لئے اور دوائیں تلاش کرنی چاہئیں۔مریض کی عمومی نگرانی کرنے کے بعد وقتاً فوقتاً پیدا ہونے والی علامتوں کو پیش نظر رکھ کر دوائیں بدلنا ضروری ہے لیکن جو دوائیں مریض کے مزاج سے موافقت رکھتی ہیں وہ عموماً مستقل فائدہ پہنچاتی ہیں ان میں تبدیلی کی ضرورت نہیں پڑتی۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 684)

1792۔دائمی کھانسی جو گلے کی بجائے پھیپھڑوں کی خرابی سے تعلق رکھتی ہو۔مفید دوائیں:

1۔بیسیلینم Bacillinum 200

2۔فاسفورس Phoshorus 200

3۔آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iod 30

4۔کالی کارب Kali Carb 6x

5۔الیومینا Alumina 30

اگر علامات الیومینا کی ہوں تو صرف الیومینا سے ہی مستقل فائدہ ہوسکتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 51)

1793۔خشک کھانسی دل کے عارضہ سے تعلق رکھتی ہو چھاتی سے آرا چلنے کی آواز آتی ہو۔

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30 روزانہ تین بار

1794۔ہنسنے پر کھانسی میں اضافہ ہوجاتا ہو۔

1۔نمایاں علامت: فاسفورس Phosphorus 200-30

اگر فاسفورس سے فائدہ نہ ہوتو

2۔ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

1795۔خشک کھانسی جو ہنسنے یا بولنے سے چھڑ جائے۔

مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 30

1796۔ہنسنے یا زور سے بات کرنے سے کھانسی شروع ہوجاتی ہو اور گلے میں سوزش بھی ہوجاتی ہو۔

مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 30

1797۔خشک کھانسی اُٹھتی ہو جو ہنسنے، بولنے اور گانے سے بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : سٹینم Stannum 30

1798۔کھانسی جو لیٹنے، ہنسنے، گانے اور بستر کی گرمی سے بڑھ جائے (علامت)

مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

1799۔ ذرا سا ہنسنے سے بُری طرح کھانسی چھڑ جاتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

1800۔ بولنے اور ہنسنے سے بڑھنے والی کھانسی میں

1۔ مفید دوا: مینگینم Manganum 30

2۔ زیادہ مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

1801۔ خشک کھانسی، کھانسی کی آواز عموماً زوردار اور بھیانک ہو (کھانسی کا حملہ اچانک لیکن ایکونائیٹ کی طرح خوف نہ ہو) منہ خشک اور شدید پیاس

بیلاڈونا Belladonna 200-30

اگر بیلاڈونا سے آرام نہ آئے تو

کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

یاد رکھیں کہ بیلاڈونا کا مریض پُر خون ہوتا ہے اور کلکیر یا کا مریض عموماً کم خون والا۔

1802۔ کھوکھلی کھانسی جو سینے اور حنجرہ میں سرسراہٹ کے ساتھ پیدا ہوتی ہو۔

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

1803۔ خشک کھانسی مگر کھڑ کھڑاہٹ کی آواز آتی ہو۔

مفید دوا: کالی سلف Kali Sulph 6x

1804۔ کھانسی خشک اور دورہ دار۔ بعض دفعہ ساتھ خون کا اخراج ہو۔

مفید دوا: فیرم میٹ Ferr. Met 30

1805۔ خشک تنگی پیدا کرنے والی کھانسی جس کے ساتھ کبھی خون کی آمیزش بھی ہوتی ہو اور کھانسنے پر سر اور کمر میں بھی درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

1806۔کھانسی میں بلغم بہت خشک اور چمٹی ہوئی ہو اور بہت مشکل سے نکلتی ہو۔اہم دوائیں:

1۔برائیونیا Bryonia 200-30

2۔اپیکاک Ipecac 200-30

3۔ہیپر سلف Hepar Sulph 200-30

4۔کوکس Coccus 200-30

1807۔کھانسی میں زخم نما بلغم بھی شامل ہو(خاص نشانی)

مفید دوا : برائیونیا Bryonia 200-30

برائیونیا میں پھیپھڑے کی خرابی بڑھنے کی وجہ سے خشکی کے باعث جگہ جگہ سے جھلّیاں پھٹ جاتی ہیں جن سے ہلکا ہلکا خون رس کر بلغم میں شامل ہو جاتا ہے۔بعد میں یہ بلغم لوہے کے زنگ کی طرح دکھائی دیتا ہے۔یہ زنگ نما بلغم برائیونیا کی خاص نشانی ہے۔

1808۔بچوں کی خشک کھانسی جن کو پیٹ کے کیڑوں کی شکایت اور ناک کو انگلی سے کھجلانے کی عادت ہو ان کے لئے

1۔مفید دوا:سائنا Cina 30 روزانہ تین بار

اگر اس کے ساتھ معدہ تیزابیت ہو تو

2۔کارآمد دوا:نکس وامیکا Nux Vomica 30

3۔مفید دوا :سباڈیلا Sabadilla 30

1809۔جسمانی رطوبات ضائع ہونے سے یا بار بار جریان خون سے کھوکھلے ہو جانے والوں کی خشک کھانسی۔مفید دوا: چائنا China 200--30

1810۔خشک کھانسی جو حنجرا(حلق)پر دباؤ ڈالے اور نیند کے دوران زیادہ ہو جائے۔

بہت مؤثر دوا: لیکیسس Lachesis 200

1811۔ ہنجرہ اور ہوا کی نالیوں میں خشک کھانسی کے ساتھ سرسراہٹ اور کھانسنے سے مثانہ میں دباؤ پیدا ہوتا ہو۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 200-30

1812۔ بچوں کی خشک کھانسی جو رات کو زیادہ ہو اور بچے سخت غصیلے اور ضدّی ہوں ان کے ہر مرض کا علاج کیمومیلا Chamomilla 30

1813۔ صبح کے وقت بلغمی کھانسی بڑھ جاتی ہو اور رات کو خشک کھانسی زیادہ ہو جاتی ہو (تضاد)

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

1814۔ کھانسی رات کو خشک اور دن کو عام طور پر بلغمی ہوتی ہو۔ بلغم زردی مائل، بدبُو دار ہوتا ہو اور بہت مشکل سے نکلتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

1815۔ صبح کے وقت بلغمی کھانسی ہوتی ہو جو شام تک بالکل خشک کھانسی میں تبدیل ہو جاتی ہو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

1816۔ کھانسی کو دن میں آرام رہتا ہو، سونے کے بعد کھانسی ہونے لگتی ہو اور مریض اُٹھ جاتا ہو۔ بعض اوقات کھانسی کے بہت شدید دورے ہوتے ہوں۔ صبح اُٹھنے پر رفتہ رفتہ کھانسی کی شدت کم ہونے لگتی ہو۔

مفید دوا : یوفریزیا Euphrasia 30

یوفریزیا میں کھانسی کو دن کے وقت آرام رہتا ہے کیونکہ نزلہ کا پانی آنکھوں کے راستے باہر نکلتا رہتا ہے۔ رات کو سونے کے بعد یہ مواد گلے میں گرنے لگتا ہے یا پھیپھڑوں میں چلا جاتا ہے جس سے کھانسی ہونے لگتی ہے اور مریض اُٹھ جاتا ہے۔ بعض اوقات کھانسی کے شدید

دورے ہوتے ہیں۔صبح اٹھنے پر آہستہ آہستہ کھانسی کی شدت کم ہونے لگتی ہے۔آنکھوں سے پانی دوبارہ جاری ہوجاتا ہےاور سرخی پیدا کرتا ہے۔

1817۔بچوں کے دانت نکالنے کے زمانے میں کھانسی جوشروع ہوجاتی ہواور پھر بآسانی پیچھا نہ چھوڑتی ہو۔

کارآمد دوا:**کلکیر یا کارب** Calc. Carb 6x

1818۔خشک کھانسی:شام کواور رات کوخشک کھانسی اٹھتی ہو۔

مفید دوا : **پلسٹیلا** Pulsatilla 30

1819۔رات کے وقت خشک کھانسی اُٹھتی ہوجو لیٹنے سے بڑھ جاتی ہو۔لیکن اُٹھ کر بیٹھنے سے افاقہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1820۔لیٹنے پر کھانسی شروع ہوجاتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

1821۔آدھی رات کوکھانسی اٹھتی ہو،سینے میں تنگی اور بوجھ کااحساس ہوتا ہواور حجرے

میں درد ہوتا ہوجیسے چوٹ لگی ہو۔مفید دوا : روٹا Ruta 30

1822۔آدھی رات کے بعد شروع ہونے والی کھانسی اوروہ کھانسی جو بولنے سے بڑھ جائے

مفید دوا: ڈروسرا Drosera 30

1823۔کھانسی لیٹنے کے بعد ختم ہوجاتی ہو۔مفید دوائیں:

1۔مینگینم Manganum 30

2۔ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

ارجنٹم میٹ میں لیٹنے سے کھانسی کوآرام آتا ہے۔

1824۔کھانسی میں کھانستے وقت متلی ہو مگر قے نہ ہو اور چھاتی میں بلغم کھڑ کھڑائے

مفید دوا : اپیکاک Ipecac 30

1825۔خشک کھانسی کی وباء: دیسی کیکر کے درخت پر پھلیاں آنے کے موسم میں کھانسی کی وباء میں

بہت مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

1826۔مریض ٹھنڈی ہوا سے سخت زود حس ہوتا ہو۔ ہوا کے جھونکے سے کھانسی کا دورہ شروع ہو جاتا ہو۔ مریض عموماً اپنا سر ڈھانپ کر سوتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

1827۔کھانسی گرمی سے بڑھتی ہو۔ گرم کمرے میں جانے سے کھانسی کا دورہ پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : آئیوڈم Iodum 30

آئیوڈم بہت گرم مزاج دوا ہے۔ اس کا مریض بہت شدت سے گرمی محسوس کرتا ہے اس لئے اس کی کھانسی بھی گرمی سے بڑھتی ہے۔

1828۔خشک کھانسی جو گرم کمرے میں داخل ہونے سے بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

1829۔سردیاں گرمیوں میں تبدیل ہو رہی ہوں تو اکثر نزلاتی تکلیفوں میں

کارآمد دوا: برائیونیا Bryonia 30 روزانہ تین بار

1830۔خشک کھانسی کیلئے مفید نسخہ

برائیونیا	Bryonia		
آرسینک	Arsenic	30	روزانہ تین بار
فاسفورس	Phosphorus		

1831۔خشک کھانسی Dry Cough کے لئے کار آمد نسخہ:

1۔کاربوویج Carboveg
بیلاڈونا Belladonna
ایکونائیٹ Aconite
سپونجیا Spongia
30 روزانہ تین بار

2۔کاسٹیکم Causticum 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

1832۔مسلسل خشک کھانسی:لیکیسس کے غلط استعمال سے خشک کھانسی ہو جائے یا کسی کو لیکیسس نامی سانپ کاٹ لے اور وہ بچ جائے اور اسے مسلسل خشک کھانسی ہو جائے تو مفید دوا :بیلاڈونا Belladonna 200-30

1833۔لگا تار کھانسی آتی ہو تو (مفید نسخہ)

بیسیلینم Bacillinum
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

1834۔کھانسی کی وجہ سے داڑھوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

''سر درد اور نزلاتی کیفیتوں میں جس طرف بھی درد ہو اس طرف کی پچھلی داڑھوں میں درد کا ایسا احساس ہوگا گویا کہ درد کی اصل جڑ یہی ہے۔یہ درد در اصل اعصابی ریشوں میں ہوتا ہے جو داڑھوں میں محسوس ہوتا ہے۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 489)

1835۔ خشک کھانسی اور خشک دمہ میں

بہت شہرت یافتہ دوا: آرسینک Arsenic 200-30

1836۔ گلے میں ہر وقت خراش اور جلن کے ساتھ بے چین اور تنگ کرنے والی کھانسی

1۔ مفید دوا: چیلیڈونیم Chelidonium 30 روزانہ تین بار

2۔ مفید نسخہ: چیلیڈونیم Chelidonium
کوکس Coccus
30 روزانہ تین بار

چیلیڈونیم کی کھانسی کی خاص علامت یہ ہے کہ ہر وقت گلے کی خراش اور جلن رہتی ہے جس سے مریض بے چین رہتا ہے اور اس کیفیت سے مریض تنگ آ جاتا ہے۔ چیلیڈونیم اس کیفیت میں انتہائی مفید اور مؤثر دوا ہے۔ کھانسی کی تیزی اور حدت کو ختم کر کے اس میں نرمی پیدا کر دیتی ہے جس سے طبعاً مریض کا چڑچڑا پن اور غصہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ کھانسی کی دوسری دواؤں سے آہستہ آہستہ مکمل شفاء ضرور ہو جاتی ہے لیکن یوں ایک دم چین نہیں آتا۔ چیلیڈونیم سے کھانسی نرم اور بے ضرر ہو جاتی ہے۔

اس کھانسی کی علامت یہ بھی ہے کہ ساتھ ہلکا ہلکا بلغم رہتا ہے۔ جو نکلتا نہیں۔ اگر نکل بھی جائے تو گلا صاف نہیں ہوتا۔ فوراً دوبارہ خراش شروع ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں اس کے ساتھ کوکس Coccus ملا کر دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 275)

1837۔ گلے میں خراش کی وجہ سے کھانسی آئے تو کھانسی تکلیف کو کم کرنے کی بجائے بڑھا دے اور ایک دفعہ چھڑ جائے تو ختم ہونے کا نام ہی نہ لے۔

حیرت انگیز مؤثر دوا: اگنیشیا Ignatia 30

اگر کھانسی کے عین درمیان میں اگنیشیا کی ایک خوراک دے دیں تو کھانسی فوراً بند ہو جائے گی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 465)

1838۔ کھانسی جس میں گلے میں مستقل بے چینی کا احساس ہونے پر کھانسنے سے بھی

آرام نہ آئے۔

بہت کارآمد دوا: ڈروسرا 30 Drosera

1839۔کرسپس کھانسی: یعنی وہ کھانسی جو گلے میں خارش اور سرسراہٹ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہو۔ناک، گلا، سانس کی نالی اور چھاتی بلغمی مواد سے بھر جاتی ہو۔بلغم پتلی یا گاڑھی دونوں صورتوں میں خارج ہوتی ہو۔

بہت اچھی دوا: ریومیکس 30 Rumex

ریومیکس کی کھانسی عموماً ۱۱ بجے شروع ہو جاتی ہے خواہ مریض جاگ رہا ہو یا سو رہا ہو۔

1840۔خشک تنگ کرنے والی کھانسی جو مستقل شکل اختیار کر لے۔

☆ کھانسی دوروں کی شکل میں ہوتی ہو۔

☆ سانس کی نالی اور حلق میں سرسراہٹ ہوتی ہو جو کھانسی پیدا کرتی ہو۔

☆ کھانسی کے ساتھ سینے کی درمیانی ہڈی میں درد ہوتا ہو۔

☆ لیٹنے کے چند منٹ بعد شدید کھانسی کا دورہ اٹھتا ہو۔

☆ بعض دفعہ آواز بالکل بند ہو جاتی ہو۔

☆ بعض مریضوں کو کھانسی کے دورہ کے ساتھ پیشاب بھی خطا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: ریومیکس 30 Rumex

1841۔حلق میں چبھن اور خشکی، دُکھن اور درد کا احساس ہوتا ہو اور گلے میں سرسراہٹ کے ساتھ کھانسی اٹھتی ہو۔

مفید دوا: سپونجیا 30 Spongia

1842۔خشک، سخت اور مزمن کھانسی جو عام نزلہ وزکام وغیرہ کے نتیجہ میں نہ ہو بلکہ آکر

ٹھہر جائے۔ایسی کھانسی کونرم کرنے والی دوائیں:

1۔(علامت) ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2۔مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

1843۔بہت تکلیف دہ کھانسی: سینے میں درد ہوتا ہو۔سارے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہو۔سردی سے زود حسی پائی جاتی ہو۔

مفید دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 30

چونکہ یہ نزلہ کی دوا ہے۔اس لئے پھیپھڑوں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔

1844۔گلے میں خارش ہونے کی وجہ سے کھانسی اٹھتی ہو۔کیونکہ بلغم خشک ہوکر چپک جاتا ہے جو بےچینی اور کھُجلی پیدا کرتا ہے۔بےحد مفید دوائیں:

1۔رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔ہیپر سلف Hepar Sulph 200-30

1845۔گلے میں خراش کی وجہ سے بار بار کھانسی اُٹھے اور کسی دوا سے افاقہ نہ ہو تو

1۔غیر معمولی فائدہ مند دوا: چیلیڈونیم Chelidonium 30

2۔غیر معمولی فائدہ مند نسخہ: چیلیڈونیم Chelidonium
ریومیکس Rumex
30 ملا کر

ریومیکس پرانی کھانسیوں کے لئے بھی اچھی دوا ہے۔عموماً خشک کھانسی میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

چیلیڈونیم کی کھانسی کی علامت یہ ہے کہ ہر وقت گلے میں خراش اور جلن رہتی ہے جس سے مریض بےچین رہتا ہے اور اس کیفیت سے تنگ آجاتا ہے۔چیلیڈونیم اس کیفیت میں انتہائی مفید اور مؤثر دوا ہے۔کھانسی کی تیزی اور شدت کو کم کرکے اس میں نرمی پیدا کردیتی

ہے جس سے طبعاً مریض کا چڑ چڑا پن اور غصہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ کھانسی کی دوسری 30 دواؤں سے آہستہ آہستہ مکمل شفا تو ضرور ہو جاتی ہے لیکن یوں ایک دم چین نہیں آتا۔ چیلیڈ ونیم سے کھانسی نرم اور بے ضرر ہو جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 275)

1846۔ سانس کی نالی میں خراش ہوتی ہو اور کھانسی اٹھتی ہو تو

مفید دوا : ہائیڈ راسٹس Hydrastis 30

1847۔ سانس کی نالی اور نرخرے میں کھانسی کے ساتھ درد بہت نمایاں ہو۔ بات کرتے ہی درد شروع ہو جاتا ہو۔ کھانسی کے ساتھ گولا سا گلے میں پھنس جاتا ہو۔ اسے نکالنے سے کچھ سکون ملتا ہو۔ مفید دوا : سینگوئنیر یا Sanguinaria 30

1848۔ نرخرے میں ہمہ وقت خراش رہنے کی وجہ سے بہت تکلیف دہ کھانسی۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

1849۔ حلق میں سرسراہٹ کے ساتھ کھانسی اٹھتی ہو جو مریض کو نیند سے جگا دیتی ہو۔ اُٹھ کر بیٹھنے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : سینگوئنیر یا ۔ Sanguinaria 30

اس کھانسی کا تعلق عموماً معدہ سے ہوتا ہے۔ سونے، آرام کرنے اور پھل کھانے سے تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔ حرکت سے اور بستر میں اُٹھ کر بیٹھنے سے تکلیفیں کم ہو جاتی ہوں۔

1850۔ گلے کی زود حسی کی وجہ سے کھانسی اٹھتی ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

1851۔ ہر وقت گلے میں خراش ہوتی ہو جو کھانسی پیدا کرتی ہو۔

مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

ایلیئم سیپا کی کھانسی میں دن رات کا فرق نہیں ہوتا۔

1852۔ گلے میں خراش، کھانسی کے ساتھ ہلکا ہلکا چمٹا ہوا بلغم رہتا ہو، نکلتا نہیں ہو۔ اگر نکل بھی جائے تو گلا صاف نہیں ہوتا ہو۔ فوراً دوبارہ خراش شروع ہو جاتی ہو۔

مفید نسخہ: چیلیڈونیم Chelidonium
کوکس Coccus
30 ملا کر

1853۔ مزمن کھانسی: سینہ میں کھڑکھڑاہٹ اور بلغم نکلے، کھانسی آنے پر سینہ میں پھوڑے کی طرح درد ہو اور کھانسی مزمن ہو جائے تو

کارآمد دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

مریض کو گہرا سانس لینے کی تمنا ہوتی ہے۔ سینے میں خصوصاً بائیں طرف درد ہوتا ہے۔

1854۔ کھانسی کے ساتھ شدید بُو آتی ہو اور حلق میں درد ہوتا ہو۔ نگلنے میں دقت ہوتی ہو۔

مفید دوا: کیپسیکم Capsicum 200-30

1855۔ کھانسی کے ساتھ عموماً عورتوں میں پیشاب خطا ہونے کا عارضہ ہو جاتا ہو۔ اس طرح بے اختیار قطرہ قطرہ پیشاب نکلتا رہتا ہو۔

کارآمد دوا: فیرم فاس Ferr. Phos 6x

کالی کھانسی

WHOOPING COUGH

1856۔ کالی کھانسی کی وباء پھیلی ہو تو اس کے خلاف دفاع مضبوط کرنے کے لئے

مفید دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

1857۔ کالی کھانسی کے آغاز میں اور لڑکھڑاتی کھانسی کے لئے بہت اچھی دوا:

کاربوویج Carboveg 30

1858۔کالی کھانسی اوراس سے مشابہ کھانسیوں میں

بہت مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30

رات کوایک دفعہ تین طاقت میں دینے سے غیر معمولی فائدہ ہوتا ہے۔

1859۔کالی کھانسی کے لئے مفید نسخہ:

1۔بیلاڈونا	Belladonna	200
برائیونیا	Bryonia	
بیسلینم	Bacillinum	
2۔ڈروسرا	Drosera	30 روزانہ تین بار

1860۔کالی کھانسی کیلئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔آرسینک	Arsenic	1000 ہفتہ میں ایک دوبار
2۔کاربوویج	Carboveg	30 روزانہ تین بار
میگ فاس	Mag Phos	
اپیکاک	Ipecac	

1861۔بچوں کی کالی کھانسی تکیے پر سر رکھتے ہی شروع ہو جاتی ہو۔کھانسی کا دورہ دو تین گھنٹے تک چلتا ہو۔بچہ کھانس کھانس کر نڈھال ہو جاتا ہو لیکن سکون کا ایک لحہ نہ ملتا ہو۔

مفید دوا : ڈروسرا Drosera 30 روزانہ تین بار

ڈروسرا کی کھانسی لیٹنے، ہنسنے، گانے اور بستر کی گرمی سے بڑھتی ہے۔

1862۔بچوں کی کالی کھانسی: بچہ کھانسی سے پہلے یا بعد میں تکلیف کی شدت سے روتا اور چیختا ہو۔زور لگنے سے رگیں اور باریک خُلیے پھٹنے لگتے ہوں۔

کارآمد دوا: آرنیکا Arnica 200-30

اگر آرنیکا نہ دی جائے تو بعض ایسے مریض اندھے بھی ہو جاتے ہیں۔

1863۔کھانسی کے ساتھ خون آتا ہو۔مفید نسخہ

1۔بیلاڈونا Belladonna
برائیونیا Bryonia 200
بیسلینم Bacillinum

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار دو بار

2۔فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

1864۔کھانسی لمبی ہو جائے اور تھوک کے ذریعہ خون آنے لگے (علامت)

کلکیریا کارب Calc. Carb 30

1865۔کھانسی بہت تکلیف دہ ہوتی ہو۔بلغم کے ساتھ خون کا بھی اخراج ہوتا ہو اور جلن کا احساس بہت نمایاں ہو تو

مفید دوا : بوفو Bufo 30

1866۔پرانی کھانسی : CHRONIC COUGH

کارآمد دوا: کالی کارب Kali Carb 30

کالی کارب کے مریض کی آنکھوں کے پپوٹے عموماً متورم ہوتے ہیں اور اکثر کمر درد کی تکلیف بھی ہوتی ہے جو صبح تین چار بجے ضرور بڑھ جاتی ہے۔

1867۔بہت تکلیف دہ کھانسی، سینے میں درد ہوتا ہو۔سارے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : یوپیٹوریم Eupathorium 30

1868۔کالی کھانسی کا دورہ انتہائی شدت سے ہوتا ہو۔چھاتی کے اندر سے کھڑ کھڑاہٹ کی آواز آتی ہو۔سینے میں درد اور سوئیاں چبھنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : بوریکس Borax 30

1869۔سردیاں گرمیوں میں تبدیل ہو رہی ہوں۔اس موسم میں کالی کھانسی یا عام تشنجی کھانسی

1۔لازمی دوا : ڈروسرا Drosera 30

نمدار موسم میں بھی ڈروسرا کی تکلیفیں بڑھتی ہیں۔

2۔مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 200

اگر بیلاڈونا سے آرام نہ آئے تو

3۔ کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 823-824)

یادرکھیں: بیلاڈونا کا مریض پُرخون ہوتا ہے اور کلکیر یا کا مریض عموماً کم خون والا۔

1870۔کالی کھانسی اور تشنجی کھانسی کے لئے

مفید دوا : بوریکس Borax 30 روزانہ تین بار

اس میں کھانسی کا دورہ انتہائی شدت سے آتا ہے۔ چھاتی کے اندر سے کھڑکھڑاہٹ کی آواز آتی ہے۔ سینے میں درد اور سوئیاں چبھنے کا احساس ہوتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 155)

1871۔کالی کھانسی: تشنج کے ساتھ سارا جسم اکڑ جائے۔ چہرہ سُرخ ہو اور متلی بھی ہو۔تو ایسی صورت میں غیر معمولی فائدہ دینے والی دوائیں:

1۔اپیکاک Ipecac 30 روزانہ تین بار

2۔بیلاڈونا Belladonna 30

''عموماً ایسی کیفیت میں بیلاڈونا کا خیال آتا ہے لیکن پہلے اپیکاک دیں۔''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 478)

1872۔کالی کھانسی کی وباء کے خلاف دفاع کو مضبوط کرنے والی دوا:

کیموملا Chamomilla 30

1873۔ بچے کو سوتے ہوئے یا غصہ آنے پر کھانسی شروع ہو جائے

بہت اچھی دوا: کیموميلا Chamomilla 30

اگر بچے کا مزاج غصے والا ہو تو کیموميلا اور بھی اچھا کام کرے گی۔

1874۔ کالی کھانسی کی بہت مفید دوا :

آرنیکا Arnica 200-30

اس کی خاص علامت یہ ہے کہ بچہ کھانسی سے پہلے یا بعد میں تکلیف کی شدت سے روتا اور چیختا ہے۔ زور لگنے سے رگیں اور باریک خلیے پھٹنے لگتے ہیں اگر آرنیکا نہ دی جائے تو ایسے اندھے بھی ہو جاتے ہیں۔ اندرونی دباؤ کی وجہ سے ایسی کیفیت ہو جاتی ہے۔ جیسے جسم کو بہت کوٹا پیٹا گیا ہو۔ آرنیکا ایسی کھانسی کو فی ذاتہٖ ٹھیک نہیں کرتی بلکہ قدرے سکون بخش دیتی ہے اور مریض کی حالت ناقابل برداشت نہیں رہتی۔ کھانسی کے لمبے بد اثرات بھی باقی نہیں رہتے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 91)

1875۔ کالی کھانسی اور اس سے مشابہ کھانسیوں میں بہت مفید دوا :

ڈروسرا Drosera 30

رات کو ایک دفعہ تیس طاقت میں دینے سے غیر معمولی فائدہ ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کھانسی کی متفرق علامات اور اہم علاج

1876۔ صبح کے وقت زوردار کھانسی ہوتی ہو اور کھانستے کھانستے تشنجی کیفیت ہو جاتی ہو۔ سینے میں درد ہوتا ہو۔ کالی کھانسی کے دورے پڑتے ہوں۔

مفید دوا Cina 30

1877۔ کالی کھانسی کے ساتھ آنکھوں سے پانی بہے۔ سر میں شدید درد۔ حرکت سے،

گہرا سانس لینے سے اور بستر میں گرم ہونے سے کھانسی بڑھ جائے (علامت)

مفید دوا : Nat. Mur 200-6x

1878۔ کالی کھانسی اور دمہ کے انتہائی تشنج میں ضروری دوا:

کیوپرم Cuprum 30

1879۔ کالی کھانسی کے ساتھ دمہ کا دورہ۔ مریض کے تکیہ پر سر رکھتے ہی کھانسی شروع ہو جاتی ہو۔ مریض لیٹ نہیں سکتا ہو اور گہرا سانس لینا ناممکن ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کروٹن Croton 30

1880۔ کالی کھانسی میں اخراجات لیسدار اور دھاگے دار ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ کوکس کیکٹائی Coccus Cacti 30

2۔ کالی بائیکروم Kali Bich 30

کھانسی اور نزلہ زکام گرم کمرے میں جانے سے بڑھ جاتا ہے اور ٹھنڈ سے اور ٹھنڈا پانی پینے سے آرام آتا ہے۔

1881۔ کھانسی جس کا تعلق چھاتی سے ہو۔ (Chesty Cough)

مفید نسخہ:
- کوکس کیکٹائی Coccus Cacti
- چیلیڈونیم Chelidonium
- کالی بائیکروم Kali Bich
- فائیٹولاکا Phytolacca

30 روزانہ تین بار

1882۔ چھاتی کے لئے عمومی ٹانک (Tonic)

1۔ سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں دو بار

2۔ برائیونیا Bryonia
فاسفورس Phosphorus
30

1883۔ بلغم کے لئے مفید نسخہ:

کاسٹیکم	Causticum	
بیلاڈونا	Belladonna	30 ملا کر روزانہ تین بار
برائیونیا	Bryonia	

1884۔ کھانسی اور سانس کی تکلیف۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 1000

دس دن کے وقفہ سے صرف تین خوراک۔

1885۔ بلغمی کھانسی کے ساتھ سانس لینے میں سخت دشواری پیش آتی ہو سفید رنگ کی لیسدار بلغم نکلتی ہو۔ معمولی حرکت اور چلنے سے سانس پھولتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

1886۔ کھانسی کے ساتھ چہرہ پیلا ہو جاتا ہو جس میں سرخ دھبے نظر آتے ہوں۔ سانس لیتے وقت دقت پیش آتی ہو۔ سینے میں جلن محسوس ہوتی ہے۔

مفید دوا: اوپیئم Opium 200-30

1887۔ دم گھٹنے والی کھانسی: مریض بے ساختہ آہیں بھرنے لگتا ہو۔ سینہ ڈھکتا ہو۔ دم گھٹنے والی کھانسی شروع ہو جاتی ہو اور لیٹنے سے آرام محسوس ہوتا ہو، آواز بیٹھ جاتی ہو۔ بائیں پھیپھڑے کے نچلے حصہ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کلکیریا فاس Calc. Phos 200-6x

1888۔ سانس کی تکلیف اور کھانسی مزمن ہو جائے تو بہت مفید دوا :

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

ASTHAMA دمہ

نزلاتی دمہ کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر نزلہ کی روک تھام کی دوائیں باقاعدگی سے استعمال کرنی چاہئیں تاکہ نہ نزلہ ہو نہ دمہ کا خطرہ رہے۔ جیسے اُردو محاورہ ہے کہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔

جن لوگوں کو دمہ ہو، انہیں خاص طور پر ایسی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن سے نزلہ ہو جائے یا معدہ خراب ہو جائے۔ ان کے نتیجہ میں دمہ کے مریضوں کو ہمیشہ دمہ ہو جاتا ہے بہت ٹھنڈی یا کھٹی چیزیں مثلاً اچار وغیرہ تو دمہ کے مریضوں کے لئے سخت مہلک ثابت ہوتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 639)

دمہ سے متعلق امراض میں علاج نسبتاً زیادہ پیچیدہ ہوتا ہے۔ کیونکہ ان امراض کا تعلق سوزا کی مادے سے ہے جو بعض اوقات کئی نسلوں تک جسم میں دبی ہوئی شکل میں موجود رہتا ہے۔

''دمہ کے لئے ٹکسالی کے نسخے عموماً ناواقف لوگوں کے لئے ہوتے ہیں لیکن ہر دفعہ علامات کے مطابق نسخہ سوچنا بھی مشکل کام ہوتا ہے۔ دمہ کا ہر حملہ گزر جانے کے بعد بیماری کا مزاج سمجھ کر مستقل علاج کریں۔ دمہ کے مریض کو کھانے پینے میں بہت احتیاط کرنی چاہیے۔ نزلہ اور گلا خراب ہونے سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے۔''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 478)

1889۔ دمہ سے بچنے کے لئے سب سے پہلے نزلہ یا گلے کی خرابی کا فوری علاج ضروری ہے کیونکہ دمہ اکثر انہی دو تکلیفوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ فوراً صحیح علاج کیا جائے تو دمہ ہوتا ہی نہیں نزلے کے علاج کے لئے فوری نسخہ:

200	Influenzinum	انفلوئنزینم
	Bacillinum	بیسیلینم
	Diphtherinum	ڈفتھرینم
	Oscillococcinum	اوسیلوکوکینم

ملا کر دو تین دن روزانہ ایک دفعہ دلائی جائیں تو خدا تعالیٰ کے فضل سے حملہ جڑ سے اُکھڑ جاتا ہے۔

1890۔نزلہ ناک سے شروع ہو کر گلے اور چھاتی میں اُترے اور یوں محسوس ہو کہ دمہ ہو

جائے گا۔دمہ کا حملہ ٹالنے کے لئے مفید دوا :

اپیکاک Ipecac 30

نزلہ گلے اور چھاتی میں اُترتا ہے جس سے سانس گھٹتا ہے اور درد بھی ہوتا ہے۔دمہ کے آثار ظاہر ہو جاتے ہیں۔اپی کاک دینے سے دمہ کا حملہ ٹل سکتا ہے۔

1891۔بار بار ہونے والا دمہ جس کے ساتھ پیشاب کی کوئی تکلیف نہ ہو اور جو زندگی کو اجیرن کر دے دمہ کی روک تھام کے لئے

کارآمد دوا: تھوجا Thuja CM

ایک مہینہ تک ہفتہ وار ایک دفعہ دینے کے نتیجہ میں فائدہ نہ پہنچائے۔تو اس کا

متبادل: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200 استعمال کریں۔

1892۔مثانے کی تکلیف (پیشاب کی نالیوں کی سوزش) اور دمہ اکٹھے ہوں۔چھاتی سے گڑ اہٹ کی آواز کا آغاز ہو تو (علامت)

مفید دوا: کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 30

دراصل چھاتی کی بہت سی امراض دبے ہوئے سوزاک کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہیں اور اسی وجہ سے دمہ بھی ہوتا ہے اور اس کا اثر پیشاب کی نالی پر پڑتا ہے۔اگر پیشاب کی نالیوں میں سوزش کی مشابہت سوزاکی امراض سے ہو اور دمہ بھی ہو تو کینابس سٹائیوا بہت مفید ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 228)

1893۔دمہ کے دوران بخار ہو جائے تو مفید اور سب سے بہتر دوا:

سلیشیا Silicea 200-30-6x

"دمہ کے لئے بھی سلیشیا بہت مفید ہے۔ دمہ کے دوران بخار ہو جائے تو سلیشیا سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ دمہ کے ایک حملہ کے بعد سلیشیا دیں تو یہ زیادہ گہرا اور لمبا اثر دکھاتی ہے اور دمہ کے مستقل حملہ کے رجحان کو ختم کر دیتی ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 758)

1894۔ دمہ کے حملہ کے دوران مفید نسخہ:

A۔ بیسیلینم Bacillinum
نیٹرم سلف Nat. Sulph
200 ملا کر

شروع میں تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک یا دو بار چند گولیاں۔

B۔ اپیکاک Ipecac
کاربوویج Carboveg
آرسینک Arsenic
30

چند دن روزانہ تین بار پھر صرف ایک بار روزانہ چند گولیاں۔

دمہ کے حملہ کے دوران روزانہ چھ سات دفعہ بلکہ حسب ضرورت اس سے بھی زیادہ استعمال ہو سکتی ہے۔ اگر یہ نسخہ فائدہ نہ دے تو

1895۔ دمہ میں اگر مذکورہ بالا نسخہ فائدہ نہ دے تو ایک اور کارآمد نسخہ

A۔ بیسیلینم Bacillinum
نیٹرم سلف Nat. Sulph
200 ملا کر

شروع میں تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک یا دو بار چند گولیاں۔

B۔ بیلاڈونا Belladonna
آرسینک Arsenic
اپیکاک Ipecac
30 روزانہ تین بار چند گولیاں

ایک ہفتہ کے بعد صرف ایک بار روزانہ۔ جن دنوں دمہ کا حملہ ہو ان دنوں میں روزانہ چھ سات بار یا زیادہ مرتبہ حسب ضرورت۔

1896۔اگر مریض زیادہ کمزور ہواور چھاتی بھری ہوئی ہواور بلغم باہر نکالنے کی طاقت نہ ہو

A۔بیسلینم Bacillinum
نیٹرم سلف Nat. Sulph
200 ملا کر

شروع میں تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک یا دو بار چند گولیاں۔ اس کے علاوہ

B۔آرسینک Arsenic
کاربوویج Carboveg
اینٹم ٹارٹ Antim. Tart
30

دمہ کے دوران روزانہ سات آٹھ بار۔آرام آنے پر آہستہ آہستہ کم کر دیں۔

نوٹ:نمبر1۔جن دنوں دمہ کا حملہ زیادہ ہوان دنوں دوا A پہلے دن تین بار۔دوسرے دن دو بار تیسرے دن ایک بار۔اور پھر روزمرّہ کے طور پر ہفتہ وار ایک بار دی جا سکتی ہے۔

نوٹ نمبر2۔دمہ کے دوران مندرجہ بالا دواؤں کے علاوہ اس کے ساتھ ساتھ یہ دوا بھی مددگار کے طور پر لی جا سکتی ہے۔

مفید دوا : بلاٹا اورینٹیلس Blatta Orientalis Q

روزانہ متعدد بار پندرہ پندرہ قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

1897۔اگر تنفس کی تنگی مذکورہ بالا کسی دوا سے کم نہ ہو تو حسب ذیل نسخہ بھی تجربہ کیا جا سکتا ہے

میگ فاس Mag. Phos
کالی میور Kali Mur
کلکیر یا فلور Calc. Fluor
6x

ہر ایک کی چند ٹکیاں ملا کر نصف پیالی گرم پانی میں گھول لیں اور چمچہ چمچہ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلائیں۔افاقہ ہونے پر وقفہ بڑھا دیں۔

1898۔ دمہ کے لئے ایک اور مفید نسخہ۔

ملا کر	30	Arsenic	آرسینک
		Ipecac	اپیکاک
		Kali Phos	کالی فاس

1899۔ دمہ کے لئے ایک اور کار آمد نسخہ۔

ملا کر	30	Ipecac	اپیکاک
		Arsenic	آرسینک
		Carboveg	کاربوویج
		Antim. Tart	اینٹی مونیم ٹارٹ

1900۔ دمہ کے لئے ایک اور عمدہ نسخہ۔

1۔ نیٹرم سلف — Nat. Sulph — 200

2۔ نیٹرم میور

ملا کر	6x	Nat. Mur	نیٹرم میور
		Ferr. Phos	فیرم فاس
		Kali Phos	کالی فاس
		Silicea	سلیشیا

1901۔ اگر فرق نہ پڑے تو دمہ کے لئے ایک اور مفید نسخہ۔

6x	Carboveg	کاربوویج
	Arsenic	آرسینک
	Ipecac	اپیکاک

1902۔ دمہ کے لئے ایک عمدہ نسخہ۔

30	Ipecac	اپیکاک
	Nux. Vomica	نکس وامیکا
	Colocynthis	کالوسنتھ
	Kreosotum	کریوزوٹم
	Mag. Phos	میگ فاس

1903۔ سانس کی تنگی اور گھٹن کا احساس۔ مریض کی نیند اُڑ جائے اور وہ سونے میں دقّت محسوس کرے۔ الرجی دمہ میں تبدیل ہو جائے۔ تو

1۔ مؤثر دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ کارآمد دوا: سلیشیا Silicea 6x

اگر پلسٹیلا ناکام ہو جائے تو سلیشیا دیں۔ سلیشیا پلسٹیلا کی مزمن دوا ہے۔

(نیٹرم میور بھی پلسٹیلا کی مزمن دوا ہے۔)

1904۔ دمہ کی بہترین دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

خصوصاً ان مریضوں کے لئے جنہیں مرطوب موسم میں دمہ میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ شروع میں نزلہ ہوتا ہے جو بگڑ کر چھاتی کو پکڑ لیتا ہے اور دمہ کی تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ بلغمی کھانسی کے ساتھ سانس لینے میں سخت دشواری پیش آتی ہے اور سفید رنگ کی لیس دار بلغم نکلتی ہے۔ معمولی حرکت کرنے اور چلنے سے سانس پھولتا ہے۔

1905۔ دمہ میں بہت نمایاں اثر دکھانے والی دوا:

کلکیریا سلف Calc. Sulph 6x

کلکیریا سلف بھی دمہ میں ایک بہت نمایاں اثر دکھانے والی دوا ثابت ہوتی ہے۔

1906۔ دمہ میں اگر بلغم بہت گہرا جم جائے اور نکالنے میں سخت دقت پیش آئے تو

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

1907۔ چھاتی کے نیچے گہری بلغم کے لئے فائدہ مند دوائیں:

1۔ کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

2۔ آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

اگر بلغم اُکھیڑنے سے زخم ہو جائیں اور رسنے والے ناسوروں کی شکل اختیار کر لیں تو کالی آئیوڈائیڈ زیادہ مفید ہے اگر زخم بہت گہرا نہ ہو اور سطحی ہو تو آرسینک آئیوڈائیڈ اچھا کام کرتی ہے۔

1908۔ دمہ کے لئے دو بہت مفید دوائیں:

1۔ اپیکاک Ipecac 30

2۔ اینٹی مونیم ٹارٹ Antim Tart 30

اگر متلی ہو مگر تے نہ آئے تو اس صورت میں اپیکاک کے زیادہ امکانات ہیں ہاں متلی کے بغیر یا معمولی متلی سے تے کا رجحان ہو تو یہ اینٹی مونیم ٹارٹ کی علامت ہے سوائے اس کے کہ سینہ بلغم سے بھرا ہو تو کمزوری کی وجہ سے اس کو باہر نکالنے کی طاقت ختم ہو جاتی ہے۔

اپیکاک کا نزلہ گلے اور چھاتی میں اترتا ہے جس سے سانس گھٹتا ہے اور درد بھی ہوتا ہے۔ دمہ کے آثار ظاہر ہو جاتے ہیں۔ جو نزلہ ناک سے شروع ہو کر گلے اور چھاتی میں اترے اور یوں محسوس ہو کہ دمہ ہو جائے گا تو اپیکاک دینے سے دمہ کا حملہ ٹل سکتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 477-478)

1909۔ سلی امراض دمہ میں تبدیل ہو جاتی ہوں۔ ملیریا کے نتیجہ میں پھیپھڑوں کی تکلیفیں کھانسی، دمہ وغیرہ۔ دمہ کی بیخ کنی کے لئے

مؤثر علاج: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

ٹیوبرکولینم سے دمہ کی بیخ کنی کا مؤثر علاج کیا جاسکتا ہے۔

1910۔ بچوں کا دمہ جو شروع چاند میں شدت اختیار کر لیتا ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

1911۔ بچوں کا دمہ جن میں سوزا کی علامات موروثی طور پر پائی جاتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

اگر نیٹرم سلف اثر نہ کرے تو

2۔ بہترین دوا: میڈورائینم Medorrhinum 200

1912۔ دمہ کا حملہ اچانک رات کے وقت ہو تو

کار آمد دوا: کاربوویج Carboveg 30

1912۔ کھانسی کے ساتھ دمہ کا دورہ بھی شروع ہو جاتا ہو۔ مریض کے تکیہ پر سر رکھتے ہی کھانسی شروع ہو جاتی ہو۔ مریض لیٹ نہیں سکتا ہو۔ گہرا سانس لینا ناممکن ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کروٹن Croton 30

1913۔ بند کمرے میں دمہ کی تکلیف بڑھ جانا، سانس میں دقت جو کھانسنے، لیٹنے اور چلنے سے اور شام کے وقت بڑھ جاتی ہو۔ کھلی ہوا میں تکلیف کم ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

1914۔ معدے میں تیزابیت زیادہ ہونے کی وجہ سے دمہ ہو جائے۔ مفید دوائیں:

1۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30

2۔ سینگوئنیریا Sanguinaria 30

1915۔ معدہ کی خرابی کی وجہ سے دمہ میں تیزی پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

جن لوگوں کو دمہ ہو، انہیں خاص طور ایسی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن سے نزلہ

ہو جائے یا معدہ خراب ہو جائے، بہت ٹھنڈی یا کھٹی چیزیں مثلاً اچار وغیرہ تو دمہ کے مریضوں کے لئے مہلک ہوتا ہے۔

1916۔ مسلسل کھانسی دمہ کی شکل اختیار کر لیتی ہو

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

1917۔ الرجی دمہ میں تبدیل ہو جائے تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

1918۔ طوفان کی آمد سے پیشتر یا طوفان کی آمد پر دمہ کا حملہ ہو جاتا ہو یا نزلاتی تکلیفیں شروع ہو جاتی ہوں تو

مفید دوا : الیکٹریسی ٹاس Electricitas 200-30

ایک بات کا خیال رکھیں کہ یہ دوا کبھی بھی ایسے مریضوں کو نہیں دینی چاہیئے جو طوفان کے آثار اور اس کی آمد سے قبل ہی نزلہ زکام کا شکار ہو چکے ہوں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 367)

1919۔ مریض کو بھوک کے دوران کے بعد دمہ شروع ہو جائے تو

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

اگر انہیں دنوں نکس وامیکا شروع کروا دیا جائے تو دمہ نہیں ہوتا۔

1920۔ دمہ کے آغاز میں بدہضمی کے دورہ سے ایک دن پہلے کھانسی شروع ہوتی ہو اور سینے میں بلغم کھڑ کھڑانے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

1921۔ دمہ کی تکلیف معمولی حرکت سے بڑھ جاتی ہو۔ مریض دمہ کے دوران اعضاء کو حرکت دینا بھی پسند نہیں کرتا ہو

سینیگا میں بہت گاڑھا چمٹنے والا بلغم بہت کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ چمٹنے والا بلغم بہت مشکل سے خارج ہوتا ہے۔

1922۔ سانس کی نالی میں چپکی ہوئی بلغم سے عارضی دمہ کی کیفیت ہوجائے، کھانس کھانس کر بہت مشکل سے بلغم کا نکالنا پڑتا ہو۔ اگر بلغم دھاگے دار ہو۔

1۔ سب سے بہتر دوا: کوکس Coccus 30

2۔ مفید دوا: برائیونیا Bryonia 30

1923۔ دمہ کیلئے دیسی نسخہ

مرغ کو پوٹا لے کر اُس کی جھلی علیحدہ کر کے صاف کر لیں اور پھر اسے خشک کر لیں اور پھر اسے باریک پیس لیں۔ اور چار حصے کر لیں۔ ایک حصہ کی ایک خوراک، ہفتہ وار ایک خوراک شہد میں ملا کر کھایا جائے۔

☆☆☆☆☆☆

دل کی کمزوری سے تعلق رکھنے والی دموی کھانسی

Cardiac Cough

1924۔دل کا دمہ (Cardiac Asthma)

دمہ کی تکلیف دل کی کمزوری سے تعلق رکھتی ہوتو اور مریض کے سانس چلنے سے لکڑی کا آرا چلنے کی سی آواز آتی ہو۔

مفید دوا: سپونجیا Spongia 30 روزانہ تین بار

اس کا زیادہ تعلق دموی کھانسیوں اور دل کی تکالیف سے ہے۔دل کمزور اور پلپلا سا ہو جائے، اس میں پوری جان نہ رہے اور اعصاب ڈھیلے پڑ جائیں تو اس کے نتیجہ میں کھانسی اُٹھتی ہے اور دمہ بھی ہو جاتا ہے۔اسے Cardiac Cough یعنی دل کی کمزوری سے تعلق رکھنے والی کھانسی کہتے ہیں اس میں سپونجیا چوٹی کی دوا ہے۔اس کھانسی کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کھس کھس کی آوازیں آتی ہیں جیسے آرا چل رہا ہے اگر یہ پہچان نہ بھی ہوتو دل کی کمزوری سے جو کھانسی پیدا ہو اس میں سپونجیا ضرور اثر دکھاتی ہے۔

دل کی کمزوری سے تعلق رکھنے والے دمہ میں خوف بھی پایا جائے، سانس اُکھڑے اُکھڑے چلتے ہوں، دل کے مقام پر کچا پن محسوس ہو۔اور دمہ کی دوسری دوائیں کام نہ کر رہی ہوں تو سپونجیا کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ایسے مشکل وقتوں میں یہ بڑی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 765-766)

1925۔اگر دل کی کمزوری سے سانس کی تکلیف زیادہ ہو اور دل کے دمہ کی علامتیں ہوں تو مفید نسخہ:

A۔ ناجا Naja
سپونجیا Spongia
سپائجیلیا Spigelia

30 ملا کر روزانہ تین بار اس کے ساتھ

B۔ لیکیسس Lachesis 200 ہفتہ وار ایک بار اس کے ساتھ

C۔ کریٹیگس Crataegus Q

روزانہ تین چار بار دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

سانس کی تکالیف

Respiratory Ailments

1926۔ تنگی تنفس کے لئے عمدہ دوا:

ہائیڈروسائنک ایسڈ Hydrocyanic Acid 6 دن میں تین بار

1927۔ سانس پھول جانے کیلئے نسخہ

نکس وامیکا	Nux. Vomica	30
کالوسنتھ	Colocynthis	
کاربوویج	Carboveg	
بیلاڈونا	Belladonna	
میگ فاس	Mag. Phos	

1928۔ سانس پھول جانے کے لئے ایک اور نسخہ

آرسینک	Arsenic	30 ملا کر
اپیکاک	Ipecac	
ہیپر سلف	Hepar Sulph	
اینٹم ٹارٹ	Antim. Tart	

1929۔ مریض کو سانس لینے میں دقت پیش آتی ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

1930۔سیڑھیاں چڑھنے سے سانس پھول جاتا ہو۔

اچھی دوا: کلکیریا آرس Calc. Ars. 30

1931۔مریض کے لئے چلنا، خصوصاً بلندی پر چڑھنا بہت مشکل ہو۔ چڑھتے وقت بہت تکلیف ہوتی ہو اور جلد جلد سانس پھول جاتا ہو۔

مفید دوا: آرسینک Arsenic 30

1932۔مریض کے لئے بلندی پر چڑھنا مشکل ہو۔ہوئی جہاز کا سفر مشکل یا خطرناک ہو۔

مفید دوا: آرسینک Arsenic 30

اگر مریض کو سفر سے پہلے آرسینک بار بار کھلایا جائے اور سفر کے دوران بھی استعمال کیلئے دیا جائے تو حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 100)

1933۔موسم کے بدلنے سے سانس کی تکلیف

مفید دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 1000

موسم کے شروع ہونے سے قبل پھر اس دوران ہر ماہ ایک خوراک۔

1934۔سانس کی نالی میں تشنج اور چھیلنے کا احساس اور سانس کی گھٹن۔ گہرا سانس لینا مشکل ہو کیونکہ سانس کی نالی میں اس سے خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا: چینینم آرس Chininum Ars 30

1935۔سانس کی نالی میں تشنج ہو جائے اور خرخراہٹ کی آواز آتی ہو۔اس تشنج میں حیران کن اثر دکھانے والی دوا:

اگنیشیا Ignatia 30

"چند گولیاں منہ میں ڈالتے ہی فوری طور پر تشنج دور ہو جائیگا۔"

1936۔سانس کی نالی کا تشنج، آواز بیٹھ جانا، گلے میں مستقل چبھن کا احساس اور آواز کا بوجھل پن (علامات)

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 30

1937۔سانس کی نالی میں تنگی اور سکڑن کا احساس ہو تو

مفید دوا: ڈروسرا Drosera 30

1938۔سانس کی نالی میں خراش ہوتی ہو اور کھانسی اُٹھتی ہو۔

مفید دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

1939۔سانس میں اتنی تنگی اور گھٹن ہوتی ہو کہ مریض بول نہیں سکتا ہو۔سینہ میں بھی جکڑاؤ کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: ایتھوزا Aethusa 200-30

1940۔سانس کی نالی میں گھٹن اور تنگی کا احساس۔نزلہ کے بعد مستقل خراش باقی رہ جاتی ہو جس کی وجہ سے معمولی ہوا اندر جانے سے یا بولنے سے بھی سانس گھٹتا ہو۔

مفید دوا: کلکیریا سلف Calc. Sulph 200-6x

اس میں اچانک تشنج کی علامت پائی جاتی ہے اور دم گھٹتا ہے۔ اس قسم کی گھٹن ہیپر سلف میں بھی پائی جاتی ہے۔

1941۔سانس کی نالی میں درد اور تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو، سانس لینے میں دقت محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: لیڈم Ledum 200-30

لیڈم کے مریض کے جسم میں حرارت غریزی کم ہونے کی وجہ سے جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔

1942۔مریض کو سینہ پر دباؤ اور جلن کا احساس رہتا ہو۔سانس رُکتا ہو۔مریض کھلی ہوا پسند کرتا ہو۔آدھی رات کو دم گھٹتا ہو اور سینے پر بھی بوجھ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا: سلفر Sulphur 200-30

سلفر کے مریض کی تکلیفیں آرام کرنے کھڑے ہونے، بستر کی گرمی سے، نہانے سے اور صبح کے وقت بڑھ جاتی ہیں۔گرم موسم میں دائیں کروٹ لیٹنے سے آرام آتا ہے۔

1943۔مریض سارے سینے میں گھٹن اور تناؤ محسوس کرتا ہو، سانس لینے پر سینہ پوری طرح پھیلتا نہیں ہو اس لئے مریض چھوٹے چھوٹے سانس لیتا ہو۔

مفید دوا : ڈائیسکوریا Discorea 30

1944۔سانس کی نالی اور نرخرے میں کھانسی کے ساتھ درد بہت نمایاں ہوتا ہو، بات کرتے ہی درد شروع ہو جاتا ہو۔کھانسی کے ساتھ ہوا کا گولہ سا گلے میں پھنس جاتا ہو۔اسے نکالنے سے کچھ سکون ملتا ہو۔

مفید دوا: سینگوئنیریا Sanguinaria 30

1945۔کھانسی کے ساتھ دم گھٹتا ہو بلغم کے ساتھ خون کی آمیزش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : لیڈم Ledum 200-30

لیڈم کا مریض ٹھنڈا ہوتا ہے۔

1946۔سانس کے ساتھ سینے میں درد، دل کے نچلے حصے میں پسلیوں کے پاس درد، مریض کھلی ہوا پسند نہ کرے، گرمی سے اور کھانا کھانے سے کچھ آرام آئے۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 30

1947۔ہوا کی نالی میں سبز اور کبھی سفید بلغم بنتا ہو، حجرہ میں خشکی اور چھیلنے کا احساس جو

کھانے سے زیادہ ہو جاتا ہو۔ رات کے وقت بستر میں تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ حجرہ میں سرسراہٹ ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

1948 ۔ نزخرہ کے ورم (**Laryngitis**) زخم بننے کا رجحان ایسے مریضوں کے دمے اور تشنج اور سانس گھٹنے میں مفید دوا :

برومیم Bromium 200-30

1949 ۔ دل کی تکلیف رات کو زیادہ محسوس ہوتی ہو۔ دباؤ اور سانس گھٹنے کا احساس ساری رات رہتا ہو۔ جو دن میں چلنے پھرنے سے ٹھیک ہو جاتا ہو۔ رات ہوتے ہی تکلیف دوبارہ شروع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 200-30

1950 ۔ دمہ۔ مرگی اور کالی کھانسی کے تشنج کی وجہ سے سانس بند ہو جائے۔ اور مریض بیہوش ہو جائے تو بہترین ہومیو پیتھک ان ہیلر (**Inhaler**):

1۔ چوٹی کی دوا: ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

2۔ بہترین نسخہ:

ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid
ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum
] 200 ملا کر

اس سے مریض کئی قسم کے خطرات سے بچ جاتا ہے ورنہ تشنج کے نتیجہ میں دماغ کو آکسیجن نہ ملنے کی وجہ سے بعض اوقات وہ مستقل ذہنی مریض بن جاتا ہے۔ یا بعض دفعہ تشنج کی وجہ سے اسکی فوری موت واقع ہو جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 453)

1951۔دمہ کے مریضوں اور تنگئ تنفس کیلئے بہترین Inhaler

لاروسیراسس 30 Laurocerasus

لاروسیراسس Inhaler سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔سانس لینے میں دشواری، دم گھٹنا، سینے کا تنگ ہونا، ایک دم گھٹن کا احساس جیسے دل کو کچھ ہوگیا ہے ان سب کا یہ مؤثر علاج ہے۔دل کے Valves کو طاقت بخشتی ہے اور دل کے خون کے نیچے اُترنے کی سرسراہٹ کے احساس کے لئے بھی یہ دوا بہت مفید ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 555)

1952۔بوڑھے لوگوں کی سانس کی تکلیفوں میں

بہت کارآمد دوا: الیومن 30 Alumen

اگر سانس کی نالیوں میں سختی اور کھچاؤ کا احساس ہو تو یہ دوا بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

1953۔مریض کا سانس بہت بدبُو دار ہوتا ہو اس میں کھٹاس نمایاں ہوتی ہو تو

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ 30 Sulphuric Acid

☆☆☆☆☆

سینہ اور پھیپھڑوں کی تکالیف

CHEST & LUNGS DISEASES

پھیپھڑوں کی تکلیفیں عموماً تین قسم کے عوارض میں ملتی ہیں۔اوّل کینسر، دوم دمہ، سوم سلی امراض جن میں نمونیہ بھی شامل ہے۔جب بھی پھیپھڑے کا کوئی مریض سامنے آئے سب سے پہلے اسے پھیپھڑے کے دفاع کے لئے بڑھتی ہوئی پوٹینسی میں بسیلینم (Bacillinum) یا ٹیوبرکولینم (Tuberculinum) دینی چاہیئے۔......اس علاج سے گہرے سلی اثرات مٹ جاتے ہیں اور آئندہ سل کا خطرہ نہیں رہتا۔

1954۔ چھاتی کے لئے ٹانک

1۔سلفر Sulphur 200 ملاکر

2۔برائیونیا Bryonia

فاسفورس Phosphorus 30

1955۔سینہ میں ٹھنڈ سے پسلیوں میں درد

1۔برائیونیا Bryonia

بیسلینم Bacillinum 200 ملاکر

2۔سلفر Sulphur 30

1956۔سینے میں جلن ہوتی ہوتو مفیددوا : اوپیئم Opium 30

1957۔سینے کی ہڈی میں جلن اوردرد (علامت)

مفیددوا : برومیم Bromium 30

1958۔سینے کے اندر سے چبھن داردرد کے کوندے باہر کی طرف نکلتے ہوں۔

(نمایاں علامت) مفیددوا : آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulf Flav 30

1959۔سینے میں کمزوری کی وجہ سے آواز نہیں نکلتی ہواور بولنے کی طاقت میں کمی آجاتی ہو۔کئی مریضوں کو یہ تکلیف مستقل ہوجاتی ہو۔

مفیددوا : سٹینم Stannum 200

ایسے مریضوں کو اونچی طاقت میں سٹینم دینی چاہیئے پندرہ بیس دن کے بعد اونچی طاقت میں ایک ایک خوراک چند ماہ تک استعمال کریں تو حیرت انگیزی انقلابی تبدیلیاں پیدا ہونے لگتی ہیں۔سٹینم میں کمزوری کا احساس غالب ہوتا ہے خصوصاً سینے میں زیادہ کمزوری محسوس ہوتی ہے۔بات کرنا بھی مشکل لگتا ہے۔

1960۔پھیپھڑوں میں پانی۔مفید نسخہ

1۔برائیونیا	Bryonia	200
2۔سلفر	Sulphur	200 باری باری ہفتہ میں دوبار
3۔بربرس	Berberis	Q
کارڈوس میرینس	Carduus Mari	Q
کریٹگس	Crataegus	Q

30/30 قطرے پانی کے گھونٹ میں ملا کر تین بار روزانہ

1961۔پھیپھڑوں میں پانی کے لئے ایک اور نسخہ

1۔کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	1000 ملا کر
کونیم	Conium	1000 ملا کر

ہفتہ یا پندرہ دن کے وقفہ سے ایک خوراک

2۔سلفر	Sulphur	200
3۔آرسینک	Arsenic	200

نمبر2 اور نمبر3 باری باری ہفتہ میں دوبار

1962۔دل کی کمزوری کے باعث پھیپھڑوں پر دباؤ بڑھنے سے پھیپھڑوں میں پانی جمع ہونے لگے جس سے مریض کے لئے سانس لینا مشکل ہو۔مریض کے سانس کی بحالی کیلئے بہترین ہومیو پیتھک Inhaler۔

لارو سیراسس Laurocerasus 30

1963۔پھیپھڑوں میں پانی یا بلغم بھر جانا اور سانس لینے میں دقت:

مفید دوا : ارجنٹم میٹ Argentusm Met. 30

''ارجنٹم میٹ میں پیٹھ کے بل لیٹنے سے دھڑکن زیادہ تیز ہوتی ہے۔اس کا تعلق پھیپھڑوں میں پانی کے اجتماع سے بھی ہے۔پھیپھڑوں میں بلغم یا پانی بھرا ہوا ہو تو پیٹھ کے بل لیٹنے سے وہ ان تمام خلاؤں میں بھر جاتا ہے جن میں سانس کی ہوا بھرنی چاہیئے۔ بیٹھنے یا کھڑا ہونے پر یہ پانی پھیپھڑے کے اوپر کے حصہ سے نچلے حصہ کی طرف اتر آتا ہے جس سے مریض سانس لینے میں کچھ آسانی محسوس کرتا ہے۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 76)

1964۔پھیپھڑوں کی علامات میں چھاتی پر دباؤ اور سانس لینے میں مشکل محسوس ہوتی ہو۔آواز بیٹھ جاتی ہو تو

کارآمد دوا: فیرم میٹ Ferr. Met. 30

1965۔پلوریسی (Pleurisy) جس میں پھیپھڑوں کی نچلی سطح پر سوزش ہو جائے۔

مؤثر دوا: چیلیڈونیم Chelidonium 30

1966۔پھیپھڑے بھاری ہو جائیں اور سوزش کی وجہ سے سختی پیدا ہو جائے تو

بہت مفید دوا: سٹینم Stannum 1000-30

1967۔پھیپھڑوں کے پردے کی سوزش (Pleurisy) یعنی ذات الجنب:

1۔ مفید دوا: برائیونیا Bryonia 30

2۔ اگر برائیونیا فائدہ نہ دے تو اسکے اثر کو آگے بڑھانے کے لئے

کارآمد دوا: بوریکس Borax 30

3۔ اگر اس سے پہلے جوڑوں کے درد پائے جائیں جن کے ٹھیک ہونے کے بعد پلوریسی ہوئی ہو یا پلوریسی ٹھیک ہونے کے بعد جوڑوں کا درد ہوا ہو تو

لازمی دوا: ابراٹینم Abrotanum 30

''ابراٹینم دینے سے دوبارہ جوڑوں کا درد عود کر آئے گا لیکن ابراٹینم مسلسل دینے سے انشاءاللہ جوڑوں کا درد بھی ٹھیک ہو جائے گا۔''

1968۔ بوڑھوں کی چھاتی میں بلغم لڑکھڑا تار ہے اور دیگر دوائیں کام نہ آئیں تو

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

1969۔ پھیپھڑوں میں بہت گاڑھا بلغم پیدا ہو اور جم جائے۔

مفید دوا : سینیگا Senega 30

"پھیپھڑوں کی بیماریوں میں بہت گاڑھا چپٹنے والا بلغم بہت کثرت سے پیدا ہوتا ہے تپ دق بگڑ جائے تو یہ علامت اور بھی نمایاں ہو جاتی ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 744)

1970۔ پھیپھڑوں کی گہری بیماریوں مثلاً نمونیہ اور اس کے بداثرات میں مفید دوا :

برومیم Bromium 200-30

1971۔ پھیپھڑوں میں زخم بن جاتے ہوں۔ سینے میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہو، کھانسی کے ساتھ سبزی مائل بلغم خارج ہوتی ہو۔ رات کو بدبو دار پسینہ آتا ہو۔ ٹھنڈی ہوا سے علامات میں اضافہ، گرمی سے کمی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کاربو اینیمیلس Carbo Animalis 30

1972۔ پھیپھڑوں کی ہر قسم کی تکلیفوں مثلاً برانکو نمونیہ (Brancho Pneumonia) میں بشرط مزاج

مفید دوا: پائیروجینم Pyrogenium 200

پائیروجینم کا مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اسے شدید ٹھنڈا پانی پینے کی پیاس لگتی ہے۔

آرسینک کی طرح بہت بے چین ہوتا ہے اخراجات بہت بدبو دار ہوتے ہیں۔

1973 پھیپھڑوں کے نچلے حصہ میں زخم اور ہوا کی نالی میں سوزش ہو تو

بہت مؤثر دوا: آرسینک آیوڈائیڈ Arsenic Iodide 200-30

1974۔ پھیپھڑے کی خرابی بڑھنے سے خشکی کے باعث جگہ جگہ سے جھلیاں پھٹ جاتی ہوں جن سے ہلکا ہلکا خون رس کر بلغم میں شامل ہو جاتا ہو اور یہ بلغم لوہے کے زنگ کی طرح دکھائی دیتی ہو۔ (خاص نشانی)

مفید دوا : برائیونیا Bryonia 200-30

☆☆☆☆☆

تپ دِق (ٹی بی)

Tuberculosis

1975۔ ٹی۔بی T.B کے لئے نہایت مفید اور کارآمد نسخہ

بیسلینم Bacillinum 200

دو خوراکیں ایک ہفتہ کے وقفہ سے

بیسلینم Bacillinum 1000

دو خوراکیں پندرہ دن کے وقفہ سے

بیسلینم Bacillinum 10,000

دو خوراکیں چھ ماہ کے وقفہ سے

بیسلینم Bacillinum 50,000

دو خوراکیں چھ ماہ کے وقفہ سے

بیسلینم Bacillinum 100,000

دو خوراکیں چھ ماہ کے وقفہ سے اس کے ساتھ

کلکیر یا کارب Calc. Carb 30 روزانہ تین بار

1976۔ہڈیوں کی ٹی بی کیلئے نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia
بیسلینم Bacillinum
200 ملا کر ہفتہ میں دو بار

2۔ فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

1977۔ٹی بی دوبارہ شروع ہو گئی ہو تو مفید نسخہ

1۔ مرک سال Merc. Sol
بیسلینم Bacillinum
200 ملا کر ہفتہ میں دو بار

2۔ کالی کارب Kali Carb 30 روزانہ تین بار

1978۔تپ دِق کی وجہ سے پھیپھڑوں پر داغ پڑ جائیں اور سوراخ ہو جائیں۔

1۔ مرک سال Merc. Sol 200

2۔ کالی کارب Kali Carb 30

چند ماہ تک استعمال کرائیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 164)

1979۔پھیپھڑوں کی ہر قسم کی تکلیفوں، زخموں اور تپدق کے لئے مؤثر دوا:

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

"پھیپھڑوں کے نچلے حصہ میں زخم اور ہوا کی نالی میں سوزش ہو تو یہ بہت مؤثر ہے۔ آرسینک آئیوڈائیڈ پھیپھڑوں کے ہر قسم کی تکلیفوں اور زخموں کے لئے مؤثر ثابت ہوتی ہے اسی لئے اس کو تپدق میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ بہت زیادہ مقدار میں بلغم کا اخراج ہوتا ہے اور یہ بلغم پھیپھڑوں کے نچلے حصہ میں بنتا ہو۔ سانس کی تکلیف اور کھانسی مزمن ہو جائے تو آرسینک آئیوڈائیڈ کو نہیں بھولنا چاہیئے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 101-102)

1980۔تپ دق:T.B کے علاج کے لئے اہم دوا:

سٹینم　Stannum 30

(سٹینم)''پھیپھڑوں کی تکلیفوں کو کم کرنے کے لئے خواہ وہ سِل کے آخری مقام تک پہنچ چکی ہوں، عموماً مفید ہے۔....اگر پھیپھڑے بھاری ہو جائیں اور سوزش کی وجہ سے سختی پیدا ہو جائے تو سٹینم بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔.....جہاں بھی سِل کی علامتیں پائی جائیں وہاں سٹینم کافی مددگار دوا ثابت ہوتی ہے۔''(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 769-770)

.....ہومیوپیتھک معالج کا کام ہے کہ کمزور مریض کو اتنی زیادہ طاقتور دوا نہ دے کہ جسم اس سے نپٹ ہی نہ سکے۔مناسب یہی ہے کہ شروع میں دوا چھوٹی طاقت میں دی جائے اگر فائدہ ہو تو رفتہ رفتہ طاقت بڑھائیں نیز مریض کو مددگار دوائیں مثلاً سٹینم بھی دیں جو آہستہ آہستہ مریض کی دفاعی طاقت کو بڑھاتی ہے۔　(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 783)

1981۔تپ دق اور سِل کے لئے بہترین دوا:

ٹیوبرکولینم　Tuberculinum 200 تا CM　وقفہ وقفہ سے دو خوراکیں۔

''ڈاکٹر کینٹ کا دعویٰ ہے کہ اگر کسی شخص کو 200،ایک ہزار، دس ہزار، پچاس ہزار اور آخر میں ایک لاکھ کی 2 خوراکیں وقفوں سے دی جائیں تو ایسے شخص کو کبھی سِل نہیں ہوگی۔چاہے وہ سِل کے مریضوں کے درمیان اٹھے بیٹھے۔''(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 797)

1982۔ایسے مریض جن میں سِل کی علامات ظاہر ہونے لگیں، چہرہ زرد ہو جائے،اگر دیگر علامتیں کسی معین دوا کی طرف اشارہ نہ کریں۔

مفید دوا: میگ کارب　Mag. Carb 30

اس کی سب بیماریوں میں خشکی پائی جاتی ہے اور معدہ میں کھٹاس ہوتی ہے اور چہرہ پر دق کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔بعض دفعہ کھانسی خشک ہونے کے باوجود معمولی سی بلغم ہی نکلتی ہے۔

1983۔ پھیپھڑوں، انتڑیوں یا کسی اور جگہ دق کے ظاہر ہونے والے اثرات میں

مفید دوا :ہیپر سلف Hepar Sulph 30

دق کی علامات چاہے جسم کے کسی حصہ پر ظاہر ہوں یا اندرونی نظام پر اثر کریں ہیپر سلف دونوں جگہ کام کرے گی۔

1984۔ پھیپھڑوں کی دق میں بہت مفید دوائیں:

1۔کالی بائیکرومKali Bich 30

کالی بائیکروم میں بلغم سبزی مائل ہوتی ہے بلغم کے ساتھ خون کے لوتھڑے بھی نکلتے ہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 497)

2۔کالی کارب Kali Carb 30

پوٹاشیم کے نمکیات سے پھیپھڑوں میں سوراخ واقع ہونے اوران سے خون کے اخراج سے بہت گہرا تعلق ہے۔تپدق میں بھی کالی کارب بہت مفید ہے۔اگر پھیپھڑوں میں سوراخ ہوجائیں تو کالی کارب ان سوراخوں کو بند کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 496)

1985۔ چھاتی کی مزمن بیماریوں جیسے تپ دق میں گہرے دیرپا اثر رکھنے والی دوا:

سینگوئنیریا Sanguinaria 30

سینگوئنیریا تپ دق اور چھاتی کی بہت گہری بیماریوں میں کام آتی ہے مگر یہ صرف مریض کو پُرسکون کرتی ہے مکمل شفا نہیں دیتی۔

تپ دق میں سلفر، سلیشیا اور گریفائٹس کو مکمل شفاء بخشنے کی صلاحیت رکھتی ہیں مگر تپ، دق کا علاج عموماً نسبتاً نرم دواؤں سے کرنا چاہیئے جن میں سینگوئنیریا بھی ہے اکثر 30 طاقت میں استعمال ہوتی ہےاور زیادہ اونچی طاقت میں دینے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 732)

1986۔تپ دق کی وجہ سے پھیپھڑوں پر داغ پڑ جائیں اور سوراخ ہو جائیں تو کارآمد دوائیں

1۔مرک سال Merc Sol 200

2۔کالی کارب Kali Carb 30

''ایک خاتون کے پھیپھڑوں میں سل کے نتیجہ میں سوراخ ہو گئے تھے اور ڈاکٹروں کے نزدیک ان کا کوئی علاج نہیں تھا جب ہومیو پیتھک طرق پر ان کا علاج مرکسال 200 اور کالی کارب 30 کے ذریعہ کیا گیا تو چند ہفتوں میں وہ بالکل صحت یاب ہو گئیں۔جب ہسپتال کے ڈاکٹروں نے ایکسرے لیا تو سوراخوں کا نام ونشان بھی نہیں تھا اور وہ یہ یقین کرنے کے لئے تیار نہیں تھے کہ یہ وہی مریضہ ہیں۔'' (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 164
)

1987۔پھیپھڑوں میں تپ دق کے پرانے داغ: جراثیم چھوٹی چھوٹی گلٹیوں کی صورت میں پھیپھڑوں میں جگہ بنالیں تو ان کو ختم کرنے کے لئے مفید دوائیں:

1۔ سلفر Sulphur 30

کچھ عرصہ سلفر دینے کے بعد

2۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 30

3۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

''سلفر ان جراثیم کو کمزور کر کے بلغم کے ذریعے باہر نکال دیتی ہے۔لیکن ایک بات پیش نظر رکھنی چاہیئے۔کہ تپ دق میں سلفر اونچی طاقت میں نہیں دینی چاہیئے جب تک یہ تسلی نہ کر لی جائے کہ پھیپھڑوں میں شریانوں کے قریب جراثیم کی بڑی بڑی گلٹیاں موجود نہیں۔تپ دق کے مریض جن کے پھیپھڑے سلی گلٹیوں سے بھرے ہوئے ہوں ان میں سلفر اونچی طاقت میں سلیشیا کا سا عمل دکھاتی ہے اور ان گلٹیوں کا پگھلا کر باہر نکالنے کی کوشش کرتی ہے جن کے ساتھ جڑی ہوئی خون کی شریانیں بھی پھٹ جاتی ہیں۔ایسے مریضوں کا بہتر علاج یہ

ہے کہ کچھ عرصہ درمیانی طاقت میں سلفر دے کر کلکیر یا کارب پر ڈال دیں کیونکہ کلکیر یا کارب کے اثر سے سلی مادے کے اردگرد انڈوں کے خول سے بن جاتے ہیں جن کے اندر جراثیم مقید ہو جاتے ہیں۔

ہیپر سلف پھیپھڑوں، انتڑیوں یا کسی اور جگہ دق کے ظاہر ہونے والے اثرات میں بھی مفید دوا ہے۔دق کی علامات چاہے جسم کے کسی بھی حصہ پر نمایاں ہوں یا اندرونی نظام پر اثر کریں۔ہیپر سلف دونوں جگہ کام کرے گی۔

ہیپر سلف میں کلکیر یا اور سلفر دونوں عناصر پائے جاتے ہیں۔لیکن سلفر کا اثر زیادہ غالب ہوتا ہے اور سلفر کو جو مشابہت سلیشیا سے ہے وہ اس میں بھی ہے۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 440-441)

1988۔سل کے امراض میں خون کی کمی کی وجہ سے سر میں درد ہو تو ایسے سر درد میں

مفید دوا :مینگینم Manganum 30

اس میں دردیں سوئی کی چبھن کی طرح ہوتی ہیں جیسے کسی نے ٹانکہ بھر دیا ہو۔

1989۔سلی امراض میں گردن کے غدود سوج کر سخت ہو جائیں اور گلٹیاں بن جائیں۔

مفید دوا :امونیم کارب Ammonium Carb 30

دائمی سوزش امونیم کارب کی خاص علامت ہے۔

1990۔دِق کا مرض مزمن ہو جائے، پھیپھڑوں میں بلغم جم جائے کھانسی کے ساتھ خون آنے لگے اور سینہ میں تنگی محسوس ہو تو

مفید دوا :ملی فولیم Millefolium 200-30

1991۔ لیرنگز (Laryings) کے تپ دق میں شہرت یافتہ دوا:

سینیگا Senega 30

چپکنے والا بلغم باوجود کھانسی کے بہت مشکل سے خارج ہوتا ہے تپ دق کے آخری

مراحل میں اس کی تکلیف کوکم کرنے میں اسے کامیابی سے استعمال کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر کاشی رام لکھتا ہے کہ ''سینیگا خصوصاً سینہ کی دوا ہے کیونکہ اس کا اثر ہوا کی نالیوں کی بلغمی جھلیوں پر ہوتا ہے۔اس لئے اس کا استعمال سینہ کی، دمہ کی اور مختلف قسم کی تنفس کی تکلیفات میں ہوا کرتا ہے۔ یہ دوا سلفر اور سلیشیا کی طرح زیادہ گہرا اثر کرنے والی نہیں ہے اور اسی لئے دق میں یہ دوا بغیر کسی خوف وخطر کے استعمال کی جا سکتی ہے۔''

ڈاکٹر کینٹ لکھتا ہے کہ ''اس نے اکثر پلوریسی اور نمونیہ کو اس وقت بھی ٹھیک کیا ہے جبکہ فاسفورس اور آرسینکم کی سی پژمردگی موجود تھی ایسی حالت میں سینیگا ردعمل لاتا ہے یہ خصوصیت کے ساتھ تپ دق کے آخری دور میں مفید ہے جبکہ اوپر بتائی ہوئی علامتیں موجود ہوں یہ سکون بخش دوائی کے طور پر کام کرتا ہے۔ جہاں تک چھاتی، نرخرے اور سانس کی نالی کے بالائی حصے اور ان حصوں پر اثر کرنے والی سردی کی شکایتوں کا تعلق ہے اس دوائی کا دائرہ اثر نہایت وسیع ہے خاص کر اس حالت میں جبکہ رطوبت سخت ریشہ دار اور لیس دار ہو، اور کف اس قدر لیس دار ہوتی ہے کہ مریض اس کو تھوک نہیں سکتا بعض وقت تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مریض گھٹ کر مر جائے گا وہ اس کف کو تھوکنے کے لئے بار بار کوشش کرتا ہے۔''

(انسائیکلوپیڈیا آف ہومیوپیتھک ڈرگز صفحہ 1795)

1992۔سل (ٹی بی) اور پھیپھڑوں کے کینسر کیلئے کارآمد نسخہ

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

ملا کر یا باری باری دن میں تین چار بار استعمال کرائیں۔

علاوہ ازیں اس کے ساتھ

3۔ہلدی :

چائے کی چمچی کا چوتھائی حصہ۔ پانی یا دودھ کے ساتھ پلائیں۔ پھیپھڑے

کے کینسر کا بہترین علاج ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 824-823)

1993۔پھیپھڑوں کے کینسر کے قلع قمع کے لئے سب سے اچھا نسخہ

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

ادل بدل کر اور

3۔کارسینوسن Carcinosin CM

ہفتہ دس دن کے وقفہ سے چند خوراکیں دے کر انتظار کریں اور دیکھیں کہ کیا اثر ہوا۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 836)

1994۔کریبس KREB,S (Cancer)

(پھیپھڑوں کے کینسر کے لئے)

1۔بیسلینم Bacillinum 1000

دس دن کے وقفہ سے دو خوراک۔

2۔ٹائیفائیڈینم Typhoidinum 30 روزانہ تین بار

نوٹ: KREB'S جرمن زبان کا لفظ ہے جس کے معنی کینسر کے ہیں۔

(Cassell's German Englis Dictionary

page 122 by Jherson Lepper)

☆☆☆☆☆

بخار کی تکالیف Ailments of Fever

فلو یا انفلوئنزا Flue Or Influenza

1995۔ انفلوئنزا کی وباء کے دوران انفلوئنزا کی روک تھام کے لئے ایک بہت طاقتور نسخہ:

200	Influenzim	انفلوئنزیم
	Bacillinum	بیسیلینم
	Diphtherinum	ڈفتھرینم

1996۔ وبائی انفلوئنزا میں مفید دوا:

200-6x Nat. Sulph نیٹرم سلف

1997۔ انفلوئنزا، ملیریا اور وہ بخار جس میں سب ہڈیوں میں دُکھن کا احساس ہو۔ ان

سب میں بہت مفید دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 30

یہ دوا انفلوئنزا کی بہترین دواؤں میں شمار کی جاتی ہے اور عام نزلہ زکام میں بھی مفید ہے۔ خصوصاً سردیوں کے موسم میں ہونیوالا نزلہ جس کے ساتھ جسم کی دردیں بھی نمایاں ہوں اور نزلہ کے آغاز میں سردرد بھی ضرور ہو تو یوپیٹوریم ضرور استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ یہ مریض کو مزید پیچیدگیوں سے بچاتا ہے۔

1998۔ انفلوئنزا اور ہڈیوں میں شدید درد کے ساتھ چڑھنے والے بخار میں

1۔ مفید دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 200-30

2۔ عمدہ دوا: مرک سال Merc. Sol 30

1999۔ جسم میں دُکھن اور بخار کی کیفیت اور ہر چیز سے بیزاری (علامت)

مفید دوا: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2000۔فلو کے لئے (Flue Or Influenza) مفید نسخہ

200	Causticum	1۔کاسٹیکم
	Belladonna	بیلاڈونا
	Gelsemium	جلسیمیم

اگر ساتھ بخار ہو جائے تو نمبر 2 بھی شروع کر دیں۔

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر	6x	Ferr. Phos	2۔فیرم فاس
		Kali Phos	کالی فاس
		Silicea	سلیشیا

2001۔فلو کیلئے ایک اور نسخہ

200	Causticum	کاسٹیکم
	Belladonna	بیلاڈونا
	Gelsemium	جلسیمیم
	Bryonia	برائیونیا
	Arsenic	آرسینک

2002۔فلو کا ایک اور کار آمد نسخہ

200 ملا کر	Influenzinium	انفلوئنزینم
	Pyorgenium	پائیروجینم
	Psorinum	سورائینم

2003۔فلو کا ایک اور عمدہ نسخہ

200 ملا کر	Influenzinium	انفلوئنزینم
	Pyorgenium	پائیروجینم
	Bacillinum	بیسیلینم

2004۔ نزلہ کے ساتھ ہونے والا بخار جو عام روزمرہ کی دواؤں سے ٹھیک نہ ہو۔

مفید نسخہ: سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

2005۔ انفلوئنزا کے دوران بے حد کمزوری محسوس ہو اور مریض بہت بے چین ہو۔

1۔ مفید دوائیں:

1۔ آرسینک Arsenic 30

2۔ پائرُوجینم Pyrogenium 200

2۔ مفید نسخہ: آرسینک Arsenic
پائرُوجینم Pyrogenium
200 ملا کر

آرسینک کو پائیروجینم سے ملا کر دیا جائے تو اس کمزوری کو دُور کرنے میں اور بھی بہتر اثر دکھاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 699)

2006۔ انفلوئنزا میں بہت مفید دوا:

اوسیلوکوکسینم Oscillo Coccinum 200

2007۔ انفلوئنزا جس سے جگر متاثر ہو۔

مفید دوا: کارڈوس میریانس Carduus Marianus Q

2008۔ انفلوئنزا کے بد اثرات سے دل متاثر ہو تو

فائدہ مند دوا: ڈفتھریم Diphtherinum 200

2009۔ انفلوئنزا اور ملیریا کے دوران مریض کے جسم میں ورم ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 200-30

2010۔ نزلاتی بخاروں میں مریض کو بہت سردی لگے اور تعفن بھی پایا جائے اور بے چینی

بھی ہو۔تو مفید نسخہ

پائیروجینم	Pyorgenium	
بیسیلینم	Bacillinum	200 ملا کر
نیٹرم میور	Nat. Mur	

2011۔ گلے کے غدود میں تعفن کی وجہ سے بخار ہو۔

سلیشیا	Silicea	
کالی میور	Kali Mur	
فیرم فاس	Ferr. Phos	6x روزانہ تین بار
کلکیر یافلور	Calc. Fluor	

بخار خدا کے فضل سے بہت جلد ٹوٹ جاتا ہے بعض ایسے مریضوں کا اس علاج سے
اگر پہلے دن ہی بخار نہ ٹوٹے تو دو تین دن کے اندر رفتہ رفتہ ختم ہو جاتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 757)

عمومی بخار General Fever

2012۔ ہر ایسی بیماری کے آغاز میں جس میں بے چینی اور بخار کی کیفیت ہو اور محسوس ہوتا ہو کہ کچھ ہونے والا ہے۔ مفید دوائیں:

1۔ ایکونائیٹ Acconite 200

2۔ رسٹاکس Rhustox 200

دو تین خوراکیں بیماری کو آغاز میں ہی ختم کر دیتی ہیں۔

2013۔ جسم میں دُکھن اور بخار کی کیفیت ہو، ہر چیز سے بیزاری کی علامت نمایاں ہو تو

مفید دوا: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2014۔ ہر قسم کے بخار کی اعضاء شکنی کے وقت بہت مفید نسخہ:

1۔ برائیونیا Bryonia 200

2۔ رسٹاکس Rhustox 200

باری باری (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 99)

2015۔ بخار کیلئے بہت عمدہ نسخہ

1۔ سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

2۔ فیرم فاس Ferr. Phos
کالی میور Kali Mur
سلیشیا Silicea
کلکیر یا فلور Calc. Fluor
6x روزانہ تین بار

2016۔ بخار میں جسم خوب تپتا ہو، گرم پسینہ آتا ہو، بھاپ سی نکلتی ہو لیکن پسینہ آنے سے بخار کم نہیں ہوتا ہو شدید پیاس لگتی ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200-30

سورائینم بظاہر خشک اور سرد دوا ہے۔ اس کے باوجود متذکرہ بالا علامات پائی جاتی ہیں۔

2017۔ بہت اونچے بخار میں جس کی کوئی سمجھ نہ آئے۔ بخار مسلسل ہو۔ جب دوسری دوائیں کام نہ کریں تو

اعجازی اثر دکھانے والی دوا : ملی فولیم Millefolium 200-30

2018۔ وہ بخار جو ٹھیک نہ ہوں مگر کسی تیز دوا کے اثر سے دب گئے ہوں اور پھر دوبارہ اچانک ظاہر ہو جائیں۔

مؤثر دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

2019۔ اگر کوئی بخار لمبا عرصہ پیچھا نہ چھوڑے اور اس کا دماغ پر اثر پڑے تو

قابلِ آزمائش دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2020۔ بخار جو اچانک زیادہ ہو جائے اور اچانک کم ہو جائے۔ یعنی کسی ایک جگہ قرار نہ پکڑے اس کے لئے

امکانی دوا : مرک سال Merc. Sol 30

مرکری کا مزاج بدلتا رہتا ہے۔ بیماری کی شدت میں اونچ نیچ ہوتی رہتی ہے۔

2021۔ بخار کی حالت میں دندل پڑ جاتے ہوں اور منہ خشک اور بدبو دار ہو جاتا ہو۔ زبان سرخ یا بھوری اور کٹی پھٹی ہو تو

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200

2022۔ بخار کے ساتھ پیٹ درد۔ کار آمد نسخہ

1۔ پائیروجینم Pyrogenium
ٹائیفائیڈینم Typhoidinum
200 ملا کر

2۔ کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x ملا کر

سردی اور ٹھنڈ لگ کر بخار

2023۔ سردی لگنے کے دو تین دن کے بعد بخار کی علامات ظاہر ہوتی ہوں۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

2024۔ بچے کو سردی لگنے کے کچھ عرصہ بعد بخار ہو تو

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

2025۔ اگر سردی لگتے ہی بُرا حال ہو جائے تو مفید نسخہ:

ایکونائیٹ	Aconite	200-30 ملا کر
بیلاڈونا	Belladonna	

2026۔ گرمیوں کے موسم میں سردی لگ جائے (اور بخار ہو جائے)

مفید دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

جلسیمیم ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔ لیکن اکثر گرمیوں میں کام آتی ہے۔ یہ گرم اور خشک موسم کی دوا ہے۔

2027۔ ٹھنڈ لگ کر بخار۔ مفید نسخہ

بیسلینم	Bacillinum	200 ملا کر
پائیروجینم	Pyrogenium	
انفلوئنزینم	Infleunzinum	
برائیونیا	Bryonia	

2028۔ ٹھنڈک لگ کر اور بارش میں بھیگنے سے بخار اور جسم میں شدید درد ہو۔ کارآمد نسخہ:

1۔ ایکونائیٹ	Aconite	200 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	

2۔ آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	

نصف نصف گھنٹہ کے وقفہ سے باری (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 10)

2029۔ مریض کو بخار ہو تو وہ جسم میں شدید سردی محسوس کرتا ہے اور کانپتا ہے چہرہ گرم اور ہاتھ ٹھنڈے ہو جاتے ہوں اور پیاس بالکل غائب ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: ڈروسرا Drosera 30

2030۔ مریض کو بخار صبح 11 بجے شروع ہوتا ہو قبل از دوپہر شدید سردی لگتی ہو، پیاس، سردرد اور بخار کے وقت جسم میں گرمی اور سانس میں دقت محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

نمونیہ (Pneumonia)

2031۔ نمونیہ کیلئے مفید نسخہ:

1۔ سلفر Sulphur 200

2۔ برائیونیا Bryonia 200 باری باری

3۔ فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

2032۔ نمونیہ بخار ٹوٹ نہیں رہا۔ کار آمد نسخہ

1۔ بیسلینم Bacillinum
پائیروجینم Pyrogenium
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

بخار میں روزانہ صبح و شام

2۔ کالی میور Kali Mur
فیرم فاس Ferr. Phos
کلکیر یا فاس Calc. Phos
6x ملا کر دن میں چار پانچ بار

2033۔ سردی کے موسم کے ختم ہونے کے بعد گرمیوں کے آغاز میں موسم تبدیل ہوتے وقت بہت کثرت سے ہونے والے نمونیہ کے لئے

بہترین دوا: برئیونیا Bryonia 200-30

برائیونیا کی علامات والا نمونیہ اکثر دائیں پھیپھڑے میں ہی رہتا ہے۔ دائیں سے بائیں طرف حرکت نہیں کرتا۔ برائیونیا میں تکلیفیں اوپر سے نیچے کی طرف بھی حرکت کرتی ہیں اور رفتہ رفتہ پھیپھڑوں کے نچلے حصہ میں منتقل ہو جاتی ہیں اور وہاں جا کر مقام بنا لیتی ہیں۔ برائیونیا کا مریض جسے دائیں طرف پھیپھڑے کا نمونیہ ہو، وہ عموماً دائیں طرف ہی لیٹتا ہے۔ کیونکہ دبے ہوئے پہلو میں سانس آنے جانے سے حرکت کم ہوتی ہے۔

2034۔ دائیں طرف کے مرض ملیریا کے لئے مفید دوائیں۔

1۔ نمایاں دوا: کالی کارب Kali Carb 30-6x

کالی کارب پھیپھڑوں کے نچلے حصہ سے تعلق رکھتی ہے۔

2۔ مفید دوائیں: 1۔ آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

2۔ کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

2035۔ نمونیہ دائیں سے شروع ہو کر بائیں پھیپھڑے کو متاثر کرے اور وہاں ٹھہر جائے۔

مفید دوا: لائیکوپوڈیم Lycopodium 200-30

2036۔ رات کو اچانک ٹھنڈ کی وجہ سے نمونیہ ہو جاتا ہو۔ جو پھیپھڑوں کو کمزور کر دیتا ہو اور پھیپھڑوں کی کمزوری کی وجہ سے سل ہو جاتی ہو۔

لازمی دوا: ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2037۔ پلورل (Pleural) نمونیہ یعنی پھیپھڑوں کے اردگرد کی جھلی کی سوزش کے ساتھ نمونیہ کیلئے

مفید دوا: سینیگا Senega 30

2038۔ نمونیہ میں پھیپھڑوں میں گینگرین بننے کا رجحان پیدا ہو جاتا ہو۔ ایسے نمونیہ کیلئے

ضروری دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

سیکلیل کا روقت پر دی جائے تو بہت طاقتور دوا ثابت ہوتی ہے اور فوری اثر دکھاتی ہے۔ ہر جگہ جہاں زخموں میں سوزش ہو، گلنے سڑنے اور گینگرین بننے کا رجحان پایا جائے خواہ یہ علامتیں معدہ میں ظاہر ہوں یا پھیپھڑوں میں یا پھر اندرونی جھلیوں میں، سیکلیل ان سب عوارض میں ایک لازمی دوا ثابت ہوتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 738)

☆☆☆☆☆

ملیریا بخار Malaria Fever

ملیریا کا اصل تعلق مچھر سے ہے جہاں مچھر ہوں وہاں ملیریا ضرور ہوگا اور عموماً مچھر ایسی آب و ہوا میں پایا جاتا ہے جو دلدلی اور ساحلی ہو۔ دلدلی علاقوں میں مچھر کی وجہ سے ملیریا پھیلتا ہے اور ملیریا سے خون میں بہت توڑ پھوڑ ہوتی ہے۔ سُرخ ذرات کم ہو جاتے ہیں اور خون میں پانی زیادہ ہونے لگتا ہے۔

ملیریا میں کوئی دوا بھی چڑھتے بخار میں نہیں دینی چاہیئے۔ دوا دینے کا بہترین وقت وہ ہے جب بخار اُتر رہا ہو یا ٹوٹ چکا ہو اور بخار کا اگلا حملہ شروع ہوا ہو۔ ملیریا کے جراثیم بخار کے دورہ کے بعد بھاگ کر جگر میں گھس جاتے ہیں جب وہ خون سے جگر میں منتقل ہو رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت جوابی حملہ کر کے انہیں تہس نہس کیا جاسکتا ہے۔

2039۔ ملیریا بخار کے حفظ ماتقدم کے لئے بہترین نسخہ

نیٹرم میور	Nat. Mur	CM یا 1000
آرنیکا	Arnica	
آرسینک	Arsenic	

ملیریا بخار کے حفظ ماتقدم کے طور پر عموماً آرنیکا 1000 یا اس سے اونچی طاقت میں اور آرسینک 1000 یا اونچی طاقت میں اور نیٹرم میور 1000 یا اونچی طاقت میں ملا کر دینا اکثر مفید دیکھا گیا ہے۔

2040۔ملیریا کیلئے فوری اثر کرنے والا نسخہ:

1۔ایکونائیٹ Acconite
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

2۔آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

نصف نصف گھنٹہ کے وقت سے باری باری

2041۔ملیریا بخار کی علامتوں کے آغاز میں

1۔مفید دوا : پہلے حفظ ماتقدم کے طور پر: آرنیکا Arnica 1000

2۔بہت مفید نسخہ: رسٹاکس Rhustox 200

برائیونیا Bryonia 200 ادل بدل کر

ملیریا بخار کیلئے رسٹاکس بہت اچھی دوا ہے۔اگر علامتوں کے آغاز میں ادل بدل کر دی جائے تو بہت مفید نسخہ بن جاتا ہے لیکن اگر پہلے آرنیکا اونچی طاقت میں حفظ ماتقدم کے طور پر دی جائے تو ملیریا کے خلاف جسم میں دفاع پیدا ہو جائے گا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 710)

2042۔ملیریا بخار کے عمومی رجحان کو دُور کرنے کیلئے

بہت کارآمد دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 1000

ملیریا بخار کے عمومی رجحان کو دُور کرنے کیلئے صحت کی حالت میں اونچی طاقت میں نیٹرم میور بعض دفعہ بہت کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

2043۔ملیریا کی روک تھام کے لئے بہترین دوا:

آرسینک البم .Arsenic Alb 1000 یا CM

میریا کی روک تھام کیلئے بھی یہ بہترین دوا ہے لیکن اسے اونچی طاقت میں مثلاً ایک

ہزار یا ایک لاکھ طاقت میں بخار کی علامتیں ظاہر ہونے سے پہلے ہی روک تھام کی خاطر دینا چاہیئے ۔ بخار کے دوران نہیں دینی چاہیئے ۔ہاں اگر بخار کی علامتیں آرسینک کا مطالبہ کریں تو بخار کے حملوں کے درمیان جب پہلے بخار کا زور ٹوٹ چکا ہو یا شروع ہو رہا ہو تو اس وقت آرسینک بے دھڑک دی جا سکتی ہے۔ (ہو یو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 99)

2044۔ ہر قسم کے ملیریا کیلئے بہت اچھی دوا: نیٹرم میور Nat . Mur 1000

ہر قسم کا ملیریا اس میں شامل ہے جو روز آئے یا لمبے وقفوں سے آنے والا ہو۔ سب سے خطرناک ملیریا وہ ہوتا ہے جو دو دن تک نہ ہو اور تیسرے دن آن پکڑے ۔ یہ بہت مشکل سے پیچھا چھوڑتا ہے۔اس میں نیٹرم میور بہت مفید ہے۔ بارہا تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ نیٹرم میور دینے سے تیسرے دن کی بجائے دوسرے دن آنے لگتا ہے اور کم ہوتے ہوتے ہفتہ دس دن کے اندر بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 623)

یہ ملیریا کی بہترین دواؤں میں سے ہے اسے ہرگز ملیریا کے چڑھتے بخار میں نہیں دینا چاہیئے کیونکہ یہ نہایت خطرناک نتائج ظاہر کرتا ہے اور بہت سخت ردعمل دکھاتا ہے۔ نیٹرم میور کو ملیریا میں استعمال کرنے کے مختلف طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ان میں ایک یہ ہے کہ پہلے بخار کا دورہ کم ہونے کا انتظار کرنا چاہیئے یا مزید انتظار کر کے دو بخاروں کے درمیانی وقفہ میں نیٹرم میور اونچی طاقت میں دیا جائے ۔اگر یہ بخار پر اثر انداز ہوگا تو بخار کا وقت بدل جائے گا اور بخار جلدی یا دیر سے آئے گا۔ اگر محض وقت تبدیل ہو اور بخار کا عرصہ کم نہ ہو اور شدت میں کمی نہ آئے تو ثابت ہوگا کہ نیٹرم میور نے صحیح کام نہیں کیا اس وقت فوری طور پر مزید انتظار کئے بغیر دوسری دوا استعمال کرنی چاہیئے ۔اگر صحیح دوائی تلاش کر لیں گے تو اس کے دینے کے بعد یا تو بخار یک دفعہ غائب ہو جائے گا اور پھر آئے گا ہی نہیں یا اگر بخار وقت سے پہلے آئے اور اس کی مدت بھی تھوڑی ہو تو عموماً اگلا بخار یا تو آتا ہی نہیں یا پہلے سے بہت کم ہوتا ہے۔اس صورت میں دوا کو بخار اترنے کے بعد پھر دہرانا چاہیئے ۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 619)

2045۔ نیٹرم میور کے مریضوں کی بیماریاں اُلجھ گئی ہوں اور غلط علاج کے نتیجہ میں بہت لمبی ہوگئی ہوں تو ایسے مریضوں کی علامات صاف کرنے کیلئے بہت اچھا کام کرنے والی

مفید دوا : سلفر Sulphur 200-30

2046۔ بگڑے ہوئے بخاروں میں مریض کی علامتوں کو خوب کھول کر اور نکھار کر سامنے لانے والی دوائیں۔

1۔ نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2۔ سیپیا Sepia 200-30

ملیریا بگڑ جائے تو علامات میں بہت پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں کہیں درد کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے اور کہیں کوئی اور رُوپ دھار لیتا ہے۔ ایک قابل انگریز ڈاکٹر نے ملیریا کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ حمل کے سوا ہر دوسری بیماری کا بھیس بدل سکتا ہے اور سب علامتوں میں اتنا اُلجھاؤ پیدا کر دیتا ہے کہ ڈاکٹر بیماری کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس تعلق میں نیٹرم میور اور سیپیا دونوں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 623)

2047۔ ملیریا بخار روز چڑھتا اور اُترتا ہو اور عموماً دوپہر کے بعد اُونچا ہونے کا رجحان ہو۔

بہت مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

2048۔ ملیریا اور وہ سب بخار جو بار بار پلٹ آئیں۔ جسم میں موجود رہتے ہوں اور وقتی طور پر دب جاتے ہوں لیکن ایک دو دن کے بعد یا اس سے بھی زائد وقفہ سے واپس آ جاتے ہوں ایسے بخاروں میں

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

کئی ڈاکٹر ملیریا بخار کے دوران بھی ٹیوبرکولینم استعمال کرتے ہیں اور اسے ملیریا توڑ کہتے ہیں۔

2049۔ملیریا جو ہفتہ یا پندرہ دن کے وقفوں کا پابند ہو جبکہ دوسری دوائیں ناکام ہو چکی ہوں۔ شفا بخش دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 30

ٹیرینٹولا میں سردی سے زود حسی، سخت پیاس، بے چینی اور بد مزاجی کی علامات پائی جاتی ہیں۔

2050۔ملیریا بخار میں عموماً سر درد ہوتا ہو جس کے ساتھ متلی بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2051۔وبائی ملیریا میں کارآمد دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 200-30

سب سے پہلے تو اس میں شدید پیاس ہوتی ہے۔سردیوں میں ٹھنڈا پانی پینے کو دل چاہتا ہے جس سے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔لیکن پیاس بجھنے میں نہیں آتی۔مریض اپنے آپ کو خوب لپیٹ کر رکھتا ہے۔جب سردی ختم ہو اور بخار چڑھ جائے تو قے شروع ہو جاتی ہے اور کھلا پسینہ بھی آتا ہے۔شروع میں جتنی زیادہ سردی لگتی ہے بخار چڑھنے کے بعد اتنی ہی گرمی اور حدت کا احساس ہوتا ہے۔بخار جب پوری طرح چڑھ جائے تو پسینہ آنا بند ہو جاتا ہے۔جب بخار ٹوٹے تو اس وقت پھر پسینہ آتا ہے جس کے ساتھ بخار ٹوٹنے کا عمل تیز ہو جاتا ہے لیکن سر میں شدید درد شروع ہو جاتا ہے جو عام تجربے سے برعکس علامت ہے کیونکہ ملیریا کے اکثر مریضوں میں جب پسینہ آنے کے ساتھ بخار ٹوٹے تو بخار کے دوران ہونے والے سر درد کو بھی آرام آیا کرتا ہے۔یہ طرفہ تماشا یوپیٹوریم میں ہی ملے گا کہ بخار ٹوٹ رہا ہو اور سر درد بڑھ رہا ہو۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 372)

2052۔ملیریا کی ایک مفید دوا : یوپیٹوریم Eupatorium 200-30

یوپیٹوریم میں ہڈیوں کے درد کے ساتھ سردی کا احساس ضرور پایا جاتا ہے یہ علامت ملیریا کی نشان دہی کرتی ہے اس کی سردی صبح چھ بجے سے لے کر تین بجے تک زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

2053۔ملیریا بخار جس میں وقت کا تعین نہ ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 200-30

اس میں سیپیا ایک ترتیب پیدا کر دیتی ہے جس سے اصل دوا کی پہچان ممکن ہو جاتی ہے اگر سیپیا کا مریض ہو تو سیپیا خود ہی شفا کا موجب بن جاتی ہے۔

2054۔ملیریا کے لئے مفید نسخہ:

1۔ نیٹرم کلوریٹم	Nat. Chloratum	30 ملا کر صبح و شام
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	
کالی فاس	Kali Phos	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
2۔ برائیونیا	Bryonia	200
رسٹاکس	Rhustox	200 باری باری

2055۔بچوں کا ملیریا بخار

مفید دوا : اپیکاک Ipecac 30

اپیکاک ملیریا کی بہت اہم دوا ہے۔ملیریا کا بھی متلی سے گہرا تعلق ہے اور اس کا معدے پر بھی حملہ ہوتا ہے اس پہلو سے اپیکاک کا ملیریا سے طبعی تعلق ہے اپیکاک کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کمر میں سخت سردی محسوس ہوتی ہے اور سردی کی لہریں اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپر کمر میں چلتی ہیں۔اگر بچے کو ملیریا ہو اور وہ یہ ساری باتیں بتا نہ سکے اور اپیکاک کی ضرورت ہو تو اسکی دو تین علامتیں نمایاں طور پر اپیکاک کی طرف اشارہ کریں گی۔

—شدید سردی سے جسم کانپنے لگے گا اور

—دانت بجیں گے۔

اگر ایسے بچے میں اپیکاک کی دوسری علامتیں بھی ملیں تو ایسے ملیریا کے علاج کے

لئے اسے ایکا ک دینے میں دیر نہیں کرنی چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 475)

2056۔ملیریا بخار کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی کمزوری اور دیگر علامات کو دور کرنے کے لئے مفید دوا :

چائنا China 200-30

ملیریا بخار کیلئے ظاہر ہونے والے بداثرات میں بہت مفید ہے۔ملیریا کا شائد ہی کوئی ایسا مریض ہو جس کا سنکونا سے علاج نہ ہوا ہو۔اس کی علامتیں بخار پر غالب آجاتی ہیں اور بخار کو دبا دیتی ہیں۔ملیریا کے اکثر مریضوں میں یہ علامتیں دبی ہوئی حالت میں موجود رہتی ہیں ان کیلئے چائنا بہترین دوا ہے۔

2057۔ملیریا میں مفید ثابت ہونے والی دوا: چائنا China 200-30

اگر اس کی یہ خاص علامات نمایاں ہوں کہ مریض سردی میں شدید پیاس محسوس کرے حالانکہ عموماً سردی ہو تو پیاس بالکل غائب ہو جاتی ہے بخار شدت سے چڑھ جائے تو پھر دوبارہ پیاس لگتی ہے یہ علامتیں موجود ہوں تو غالباً چائنا دوا ہو گی۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 299)

2058۔ملیریا میں سردی لگنے سے پہلے غیر معمولی طور پر سخت پیاس لگتی ہو اور بخار چڑھنے کے بعد پیاس ختم ہو جاتی ہو اگر یہ علامت نمایاں ہو تو

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

اگر معدہ کی علامتیں پلسٹیلا کی ہوں اور ملیریا بھی حملہ کر دے تو پلسٹیلا مفید ہے۔ پلسٹیلا کے مریض کو اکثر پیاس نہیں لگتی لیکن ملیریا میں سردی لگنے سے پہلے غیر معمولی طور پر سخت پیاس لگتی ہے اور بخار چڑھنے کے بعد پیاس ختم ہو جاتی ہے۔

2059۔ملیریا بخار جو عام دواؤں سے قابو نہیں آتا ہو، مریض کو سردی بہت لگتی ہو،

آرسینک کی طرح بے چینی ہوتی ہو اور اخراجات بہت بدبُو دار ہوتے ہوں۔

مؤثر دوا: پائیروجینم Pyrogenium 200

2060۔ضدّی قسم کا ملیریا بخار جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہو۔اس میں

مفید دوا: ملیریا آفشی نیلس Malaria Officinalis 30

اس کے استعمال سے چند دنوں میں ہی مریض کی صحت بہتر ہونے لگتی ہے یا مرض کی علامات واضح ہو کر سامنے آجاتی ہیں جن سے صحیح دوا کی تشخیص میں مدد ملتی ہے۔

2061۔ملیریا سے مستقل نجات کے لئے بڑی شہرت کی حامل دوا:

مفید دوا: آرنیکا Arnica 1000 یا CM اونچی طاقت میں۔

ملیریا کے بداثرات

2062۔جگر اور تلی کا بڑھ جانا، جلد پر خشکی اور بے رونقی نظر آتی ہو، ساری جلد زرد پڑ جاتی ہو۔سانس بہت چڑھتا ہو، بھوک ختم ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: چینینم آرس Chininum Ars. 30

ایسے مریضوں کو چینینم آرس فوری فائدہ نہیں پہنچاتی ۔ ہاں لمبا عرصہ استعمال کرنے سے ان کی کایا پلٹ دیتی ہے۔ملیریا کے بعد پیٹ میں جو بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔وہ سب چینینم آرس میں پائی جاتی ہیں۔جگر اور تلی اُبھرے ہوئے مگر باقی سارا پیٹ سکڑ کر کمر کے ساتھ لگ جاتا ہے۔قبض میں سُدّے نکلتے ہیں۔

2063۔ملیریا کے پُرانے بداثرات مثلاً خون کی کمی، سُوجن، ذیابیطس کی علامتیں، دل کی کمزوری وغیرہ اگر مزاج ٹھنڈا ہو اور جلد سردی کی وجہ سے سخت زُود حس ہو جاتی ہو

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def CM-1000

اگر یہ علامتیں اکٹھی ہو جائیں اور پھر دل کی تکلیف ہو یا ملیریا اور ذیابیطس کے آثار ظاہر

ہوں تو ان میں اس بات کا امکان ہوتا ہے کہ یہ ان سب بیماریوں میں مفید ہوگی۔

2064۔ملیریا بخار اور اس کے بد اثرات میں

مفید دوا : ملیریا آفشی نیلس Malaria Officinalis 30

سر درد، متلی، جسم میں دردیں، معدے میں بے چینی، اس کی خاص علامتیں ہیں۔ یہ صرف ملیریا ہی نہیں بلکہ اس سے ملتے جلتے بخاروں کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ مریض کا جسم گرم ہو لیکن وہ سردی اور کپکپاہٹ محسوس کرے اور اعضاء شکنی کی علامت پائی جائے تو ملیریا آفشی نیلس استعمال کرنی چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 575)

2065۔ملیریا بخار کے بد اثرات کے نتیجہ میں سر درد کے لئے

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

تپ دق کی علامتیں رکھنے والے مریض جن میں ملیریا نے گہرے اثرات چھوڑے ہوں۔ ان کے سر درد میں بھی دوا کام آتی ہے۔

ٹائیفائیڈ بخار Typhoid Fever

ٹائیفائیڈ کا بخار بالکل الگ مزاج رکھتا ہے یعنی اکثر رات کو تیز ہو جاتا ہے اور صبح کے وقت کسی حد تک اُتر جاتا ہے مگر اگلے دن پھر واپس آ جاتا ہے اور اتنی شدّت سے ہوتا ہے کہ ختم ہونے سے پہلے مریض کو مار بھی سکتا ہے۔

2066۔ملیریا یا ٹائیفائیڈ بخار۔عمدہ نسخہ

1۔ٹائیفائیڈینم Typhoidinum
پائیروجینم Pyrogenium
آرسینک Arsenic

200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار

2-کالی فاس — Kali Phos
فیرم فاس — Ferr. Phos — 6x ملا کر
نیٹرم سلف — Nat. Sulph

روزانہ تین بار

2067-ٹائیفائیڈ ہلکا ہلکا بخار رہتا ہو۔ مفید نسخہ

1-ٹائیفائیڈینم — Typhoidinum
پائیروجینم — Pyrogenium — 200 ملا کر

2- کالی فاس — Kali Phos
فیرم فاس — Ferr. Phos — 6x ملا کر

مریض سخت بدبودار سانس باہر نکالتا ہو اور بہکی بہکی باتیں کرے تو

3- بپٹیشیا — Baptisia 30

2068-اگر پرانے بخار کی علامتیں ٹائیفائیڈ یا ملیریا کے مشابہ ہوں تو ایک اور نسخہ

A- آرسینک البم — Arsenic Alb.
پائیروجینم — Pyrogenium — 200
ٹائیفائیڈینم — Tydphoidinum

ملا کر پہلے دن تین بار دوسرے دن دو بار پھر دو تین روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک دو بار۔ حسب ضرورت۔ اس کے ساتھ

B- فیرم فاس — Ferr. Phos
کالی فاس — Kali Phos — 6x
نیٹرم سلف — Nat. Sulph

روزانہ چار پانچ دفعہ دو دو ٹکیاں ملا کر۔ اگر ایک ہفتہ کے اندر نمایاں فرق نہ

پڑے تو A جاری رکھیں لیکن B کی بجائے

C۔ جلسیمیم Gelsemium
اپیکاک Ipecac 30
پٹیشیا Baptisia

روزانہ پانچ چھ دفعہ۔ ایک ہفتہ استعمال سے فرق نہ پڑے تو C کی بجائے

D۔ سلفر Sulphur
برائیونیا Bryonia 30 روزانہ تین بار
کالی میور Kali Mur

2069۔ٹائیفائیڈ کے ہر قسم کے مریضوں کے لئے بے حد مفید نسخہ

1۔ٹائیفائیڈینم Typhoidinum
پائیروجینم Pyrogenium 200 ملا کر

2۔کالی فاس Kali Phos
فیرم فاس Ferr. Phos 6x ملا کر

دن رات میں سات آٹھ بار

اگر ایسے مریض کو بدبُو دار اسہال بھی آتے ہوں تو

3۔پٹیشیا Baptisia 30 روزانہ تین بار

2070۔اگر بخار پیٹ کی بجائے بظاہر چھاتی سے تعلق رکھتا ہو تو

A۔ بیسیلینم Bacillinum
برائیونیا Bryonia 200
نیٹرم سلف Nat. Sulph

پہلے دو دن دو خوراک روزانہ پھر ہفتہ وار ایک دو بار۔

اس کے ساتھ

B۔ بیلاڈونا Belladonna
آرسینک البم Arsenic Alb.
فاسفورس Phosphorus
30 روزانہ تین چار بار

2071۔ بخار پیٹ کی بجائے چھاتی سے تعلق رکھتا ہو تو ایک اور مفید نسخہ: اگر B سے فائدہ نہ ہو تو A جاری رکھیں مگر B کی بجائے C

C۔ سلفر Sulphur
کالی میور Kali Mur
اپیکاک Ipecac
30 روزانہ تین بار

اگر بخار گلے کی خرابی سے تعلق رکھتا ہو تو گلے کی خرابی والے نسخے استعمال کیے جائیں۔
اگر گردے کی خرابی یا پیشاب کی خرابی کے نسخے استعمال کیے جائیں۔

2072۔ ٹائیفائیڈ میں دماغ کو بخار چڑھ جاتا ہو اور مریض ہذیان بکنے لگتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا Belladonna 200-30
2۔ سٹرامونیم Stramonium 200-30

اگر اس میں بیلاڈونا دیں تو عارضی افاقہ ہوتا ہے لیکن کچھ پیچیدگیاں بھی پیدا ہو سکتی ہیں کیونکہ ٹائیفائیڈ کا بیلاڈونا سے مزاجی تعلق نہیں ہے۔ سٹرامونیم بیلاڈونا کی نسبت ٹائیفائیڈ سے زیادہ قریب ہے کیونکہ یہ کسی حد تک مزمن دوا ہے اس لئے یہ ٹائیفائیڈ میں دماغ کی تیزابی کیفیت کو بھی دور کر سکتی ہے اور ٹائیفائیڈ سے شفا کا موجب بھی بن سکتی ہے۔

بیلاڈونا کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کا بخار مسلسل چلتا ہے جب ٹوٹے گا تو دوبارہ نہیں ہوگا۔

2073۔ ٹائیفائیڈ میں بخار سر کو چڑھتا ہو، ہوا سے پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیدا ہوتی ہو اور

بہت تناؤ ہو جاتا ہو۔

کارآمد دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2074۔ٹائیفائیڈ کے بداثرات دماغ پر ظاہر ہوں اور پاگل کر دیں۔مفید نسخہ:

سٹرامونیم Stramonium
ہائیوسمس Hyoscyamus
200 ملا کر

ایسا پاگل پن عموماً عمر بھر کا روگ بن جاتا ہے۔ایسے مریض میں سٹرامونیم اور ہائیوسمس کی علامتیں پائی جاتی ہیں یہ دونوں دوائیں ٹائیفائیڈ میں بھی مفید ہیں۔

2075۔ٹائیفائیڈ کی بیماری میں ایسے اسہال آتے ہوں جن میں انتہائی خطرناک بدبُو ہو تو سب سے بہتر دوا :

بپٹیشیا Baptisia 200-30

2076۔ٹائیفائیڈ کی صورت میں بپٹیشیا کی علامتیں ہوں۔

1۔لازمی دوا : بپٹیشیا Baptisia 30

2۔مددگار نسخہ: ٹائیفائیڈینم Typhoidinum
پائیروجینم Pyrogenum
200 ملا کر

ملا کر اس کے اثر کو اور بھی تیز کر دیتی ہے۔

ٹائیفائیڈ میں پیٹ کا تناؤ بخار کی نسبت بہت زیادہ ہوتا ہے۔سارا جسم گھل کر ختم ہو رہا ہوتا ہے جبکہ پیٹ پھول کر بہت بڑا ہو جاتا ہے۔ایسی صورت میں بپٹیشیا کی علامات موجود ہوں تو اس کے ساتھ ٹائیفائیڈینم اور پائیروجینم حسب ذیل طریق پر استعمال کرانی چاہیئے۔

جب تک بخار ٹوٹ کر درجہ حرارت نارمل نہ ہو جائے یعنی نہ صبح بخار ہو نہ رات کو بخار ہو اس وقت تک ٹائیفائیڈینم اور پائیروجینم دن میں تین دفعہ اور بپٹیشیا 30 پانچ چھ دفعہ باقاعدگی سے دیں۔جب درجہ حرارت بالکل نارمل ہو چکا ہو تو پھر کم سے کم مزید ایک ہفتہ تک پائیروجینم

اور ٹائیفائیڈ ینم روزانہ ایک دفعہ اور بپٹیشیا دن میں تین دفعہ۔تیسرے ہفتہ پائیروجینم اور ٹائیفائیڈ ینم ہفتہ میں دو دفعہ اور بپٹیشیا حسب سابق دن میں تین دفعہ دیتے چلے جائیں۔اگر پورے اکیس دن یہ احتیاط برتی جائے تو اللہ کے فضل سے ٹائیفائیڈ کے اعادے کا کوئی احتمال نہیں رہے گا اور اس کے کوئی باقی ماندہ بداثرات بھی نہیں ہوں گے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 122)

2077۔ٹائیفائیڈ میں اگر (بپٹیشیا کی علامتیں نہ ہوں اور) مریض مائل بہ قبض ہو تو غیر معمولی فائدہ مند نسخہ:

1۔ فیرم فاس — Ferr. Phos
کالی فاس — Kali Phos
6x ملا کر

ملا کر دن میں پانچ چھ دفعہ

2۔پائیروجینم — Pyrogenium
ٹائیفائیڈینم — Typhoidinum
200 ملا کر

ملا کر مذکورہ بالا نسخہ کے طریق کے مطابق استعمال کرائیں۔

2078۔انتڑیوں، پھیپھڑوں اور معیاری بخار کے لئے ایک مؤثر نسخہ:

1۔ایکونائیٹ — Acconite
رسٹاکس — Rhustox
200 ملا کر

2۔آرنیکا — Arnica
برائیونیا — Bryonia
200 ملا کر

ملا کر نصف گھنٹہ کے وقفہ سے باری باری

☆☆☆☆☆

گردن توڑ بخار Meningitis

2079۔ منجائٹس کی وباء کے دنوں میں حفظ ماتقدم:

زنکم میٹ Zincum Met. 200

زنکم میٹ منجائٹس کی وباء کے دنوں میں اگر ہفتے میں ایک دو بار استعمال کی جائے تو غالباً اس کی روک تھام کے لئے مفید ثابت ہوگا۔

2080۔ گردن توڑ بخار کیلئے مفید نسخہ:

1۔ نیٹرم سلف	Nat. Sulph	200	ملا کر
بیلاڈونا	Belladonna		
نکس وامیکا	Nux Vomica		

2۔ سلیشیا	Silicea	6x	ملا کر
میگ فاس	Mag. Phos		
کالی فاس	Kali Phos		

2081۔ مینجائٹس یعنی گردن توڑ بخار یا دماغ کی سوزش (بہت مؤثر نسخہ)

اگر کسی بچے کو مینجائٹس ہو جائے تو سب سے پہلے

1۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
سلیشیا	Silicea	
کالی میور	Kali Mur	
میگ فاس	Mag. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	

اس کے ساتھ

2۔ نیٹرم سلف Nat. Sulphs 200 دو تین بار دیں۔

یہ مینجائٹس کے لئے بہت مؤثر نسخہ ثابت ہوا ہے۔ اگر فوری طور پر جھلیوں کے اس ورم کا علاج نہ کیا جائے تو بعض اوقات مرگی کے مستقل دورے پڑنے لگتے ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 635)

نیٹرم سلف مینجائٹس یعنی گردن توڑ بخار میں یا دماغ کی سوزش میں بہت اونچا مقام رکھتی ہے۔ خاص طور پر اگر اینٹی بائیوٹک دواؤں سے بخار دبا دیا جائے تو خطرہ ہوتا ہے کہ دماغ پر دائمی اثر رہ جائے اس لئے مذکورہ بالا نسخہ پر ہی اکتفاء کرنا چاہیئے۔ چند دن کے اندر اندر مینجائٹس سے مکمل شفا ہو سکتی ہے۔

2082۔ گردن توڑ بخار: کمر کی تکلیف کے ساتھ گردن بھی متاثر ہو اور گردن توڑ بخار کی علامتیں ظاہر ہونے لگیں۔

کارآمد دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

اس صورت میں کمر ٹھنڈی نہیں ہوتی، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ تشنج اور اکڑاؤ ہوتا ہے۔ جس میں نیلاہٹ نہیں ہوتی۔

2083۔ بچوں کا گردن توڑ بخار جو خصوصاً گرمیوں میں ہو۔

مفید دوا: گلونائن Glonoine 200-30

اس میں گردن پیچھے کو مڑ جاتی ہے چہرہ پر شدت کی گرمی اور چمک ہوتی ہے، آنکھیں کھنچ کر اوپر کو چڑھ جاتی ہیں، سر اور اوپر کا دھڑ سخت گرم ہو جاتا ہے۔

2084۔ ملیریا کے جراثیم ریڑھ کی ہڈی میں چلے جائیں اور اس سے ورم الدماغ ہو جائے، اگر ایسی بیماری کا گرمیوں سے تعلق ہو تو

مفید دوا: گلونائن Glonoine 200-30

2085۔ بچوں کو سرسام ہو جائے اور مختلف نظارے نظر آتے ہوں، سانس میں سخت

بدبُو ہوتی ہو۔

کارآمد نسخہ: مرکری Merc. Sol 30

اگر مرکری کام نہ دے تو پھر

ہیپر سلف Hepar Sulph 30

اگر یہ بھی کام نہ دے تو پھر

سلیشیا Silicea 6x

ان تینوں دواؤں کے دائرے میں عموماً مرض قابو میں آجاتا ہے۔

2086۔ گلے کی خرابی سے بخار اور سرسام وغیرہ کی بیماریوں میں ایک مفید بائیوکیمک نسخہ:

1۔ نیٹرم فاس	Nat. Phos	6x
2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
3۔ سلیشیا	Silicea	6x
4۔ کالی میور	Kali Mur	6x
5۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x

2087۔ اگر گلے پھولے ہوئے ہوں تو اس کے ساتھ

کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

ملا کر اس مکسچر کی خوراک بار بار دینی چاہیئے۔ یہ نسخہ اکثر مفید ثابت ہوتا ہے۔

2088۔ اگر پھر بھی مرض قابو میں نہ آئے اور مرکری کی علامات نمایاں ہوں تو پہلے

1۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30 اس کے بعد

2۔ مرکری Merc. Sol 30

ضرور دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 594)

2089۔ ریڑھ کی ہڈی اور حرام مغز کی سوزش (Spinal Meningitis) میں بہت

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

اگر کچھ دوائیں مثلاً بیلاڈونا، برائیونیا، جلسیمم وغیرہ اس تکلیف میں فائدہ پہنچائیں اور کچھ دیر کے بعد ساتھ چھوڑ دیں تو ان کے بعد زنک بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔

2090۔ ٹیوبرکولر منجائٹس (Tuberculor Meningitis) کے علاج کیلئے

بہت مؤثر دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

ہے فیور Hay Fever

2091۔ ہے فیور کے لئے مفید نسخہ

1۔ بیسیلینم Bacillinum ⎫
برائیونیا Bryonia ⎭ 200 ملا کر

2۔ سباڈیلا Sabadilla 30 صبح وشام

3۔ فیرم فاس Ferr. Phos ⎫
کالی فاس Kali Phos ⎪
سلیشیا۔ Silicea ⎬ 6x ملا کر
کلکیر یا فاس Calc. Phos ⎭

2092۔ موسم بہار میں ہے فیور (Hay Fever) یعنی چھینکوں کی الرجی میں

1۔ چوٹی کی دوا: لیکیسس Lachesis 1000

2۔ مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

اگر یہ الرجی موسم بہار میں ہو تو لیکیسس کو اولین حیثیت دینی چاہیئے۔ سباڈیلا بھی دراصل موسم بہار ہی کی دوا ہے۔ جب پھول کھل رہے ہوں، پھولوں کی خوشبو سے بعض لوگوں

کو بہت چھینکیں آتی ہیں ایسی فوری تکلیفوں میں سباڈیلا اچھا کام کرتی ہے۔ سباڈیلا کی مزمن دوا لیکیسس ہے۔

2093۔ موسم خزاں میں الرجی ہو اور بہت چھینکیں آئیں تو

بہترین دوا: ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

ایلیئم سیپا کی مزمن دوا الیومینا ہے۔

یاد رکھیں جب بیماری کا فوری حملہ ہو تو عموماً اس دوا سے علاج کیا جاتا ہے جو فوری اثر والی دوا ہے جب بیماری میں افاقہ ہو جائے تو پھر مستقل اثر والا دیرپا علاج ہونا چاہیئے۔

جب سباڈیلا کی علامتیں ہوں تو سباڈیلا ہی دیں۔ جب مریض ٹھیک ہو جائے تو اس بات کا انتظار نہ کریں کہ بیماری مریض پر دوبارہ حملہ آور ہو۔ بیماری کے مستقل علاج کے لئے 1000 طاقت میں پندرہ دن کے وقفہ سے لیکیسس دیں تو مکمل شفاء ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر سباڈیلا اور دیگر وقتی دوائیں فائدہ نہ دیں تو پھر بھی فوری ضرورت کیلئے لیکیسس استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس لئے اسے مزمن دوا کے طور پر ہی نہیں، حاد دوا کے طور پر بھی استعمال کروایا جاتا ہے۔ بعض دفعہ ایک خوراک دینے سے ہی چھینکیں بند ہو جاتی ہیں۔ چھینکوں کی بیماریاں مختلف شکلوں میں ڈھلتی رہتی ہیں اس لئے ان کا علاج بہت توجہ سے ہونا چاہیئے۔ مذکور بالا سب دوائیں عموماً مفید ثابت رہتی ہیں اور مایوس نہیں کرتیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 723-724)

2094۔ ڈاکٹر ڈبلیو اے ڈیوے (A.W. Dewey) کے نزدیک ہے فیور کی چند کارآمد دوائیں:

1۔ آرسنکم Arsenicum 30-200

اس دوا کی بہت سی علامات ہے فیور سے مماثلت رکھتی ہیں، ناک سے پتلے خراش دار اخراجات جو بالائی ہونٹ کو چھیل دیں لیکن پھر بھی ناک بند رہے، ناک میں سوزش اور زود حسی

سے بہت زیادہ چھینکیں آتی ہوں مگر آرام اور سکون کا کوئی لمحہ میسر نہ ہوتا ہو، نزلہ نصف شب کے بعد یا موسم کی تبدیلی سے شدت اختیار کر جاتا ہو۔

2۔آرسنکم آیوڈیئم Arsencum Iodatum 4x-3x

ڈاکٹر ہیل نے اس دوا کو ایک مجرب حفظ ماتقدم قرار دیا ہے۔ملیریا کے بد اثرات، گلینڈ کی بڑھوتی، ناک اور گلے میں جلن، چھینکیں اور پتلے اور تیزابی اخراجات کے ساتھ مسلسل نزلہ اس کی علامات ہیں۔ڈاکٹر بلیکلے (Blacklay) نے ہے فیور کے دمہ کے ضیق النفس میں اس دوا کی 3x یا 4x میں بہت تعریف کی۔

3۔سیناپس نائیگرا Sinapis Nigra 3

اس دوا کو ہے فیور میں بہت کامیابی سے استعمال کیا گیا ہے۔ناک کی جھلی گرم اور خشک، بغیر کسی اخراج کے، دوپہر اور شام کے بعد اضافہ، (ڈاکٹر بورک نے بھی ہے فیور میں اسے مفید قرار دیا ہے۔اخراج کم اور خراشدار بایاں نتھنا دن بھر یا بعد دوپہر یا شام کو بند رہتا ہے ،گرم، خشک، آنسو اور چھینکیں علامات بیان بیان کی ہیں)

4۔چینینم آرس Chininum Ars. 3x

چینینم آرس ہے فیور میں ایک بہت قابل تعریف دوا ہے۔

5۔سباڈیلا Sabadilla 3x-2x

لپن کاٹ (Lippincot) کے نزدیک ہے فیور کے اکثر کیسوں میں یہ دوا کارآمد ثابت ہوتی ہے اور کسی اور دوا کی نسبت اس سے زیادہ بہتر نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

ڈاکٹر لیئرڈ (Dr. Laird) کہتا ہے کہ یہ دوا تقریباً کبھی بھی ناکام ثابت نہیں ہوئی۔اس کی علامات خراشدار آنسو اور نزلہ، آنکھ کے پپوٹوں اور ناک کی سوجن، اس کا اثر زیادہ تر بائیں طرف ہے اور یہ دمہ کی علامات میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

ڈاکٹر پیری ڈکی (Dr. Perry Dickie) نے بھی اس دوا سے شاندار نتائج حاصل کئے ہیں۔

6۔ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

ناک اور آنکھوں کی خارش، ناک بند اور بکثرت آبی اخراجات اس کی علامات ہیں۔
(پریکٹیکل ہومیو پیتھک تیسرا ایڈیشن صفحہ 183-185)

☆☆☆☆☆

تعفّنی بخار

Septic Fever

2095۔ گلے کا تعفّنی بخار (بالخصوص بچوں میں) عمدہ نسخہ

1۔سلفر Sulphur
پائیروجینم Pyrogenium
200 ملا کر

2۔سلیشیا Silicea 1M

اگر فائدہ نہ ہو تو درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔

2096۔ گلے کا تعفّنی بخار اگر مذکورہ بالا نسخہ سے فائدہ نہ ہو

1۔بیلاڈونا Belladonna
فائٹولاکا Phytolacca
کلکیریا فلور Calc. Fluor
فیرم فاس Ferr. Phos
بپٹیشیا Baptisia
30

ملا کر بار بار دی جائیں تو بعض دفعہ ایک ہی رات میں مرض قابو میں آجاتا ہے۔

اس کے علاوہ

2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
سلیشیا	Silicea	
کالی میور	Kali Mur	
کلکیر یافاس	Calc. Phos	
میگ فاس	Mag. Phos	

ملا کردن میں چھ سات مرتبہ جاری رکھی جائیں تو بہت فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ اگر ایک رات میں بخار نہ ٹوٹے تو عموماً دو تین راتوں کے اندر کم ہوتے ہوتے ٹوٹ جاتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 171)

2097۔ تعفنی بخار میں کافی مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

کالی بائیکروم میں جسم ٹھنڈا ہونے کی وجہ سے مریض بستر میں لحاف اُوڑھ کر لیٹنے سے آرام محسوس کرتا ہے۔ رات کے پچھلے پہر مرض میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس وقت کوئی مرض بڑھے اگلے روز بھی اُسی وقت اس میں جوش پیدا ہوگا۔

2098۔ تعفنی بخار: جب بیماری سخت حملہ کرے یا بخار ہو جائے اور مریض کے اخراجات میں سخت بدبُو پیدا ہو جاتی ہو تو بہت مفید نسخہ:

1۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کردن میں پانچ چھ دفعہ
کالی فاس	Kali Phos	
2۔ پائیروجینم	Pyrogenium	200 ملا کر
ٹائیفائیڈینم	Typhoidinum	

2099۔ تعفنی بخار اور ٹانسلو کی انفیکشن کے نتیجہ میں مریض کے ہاتھ پاؤں بہت گرم ہوتے

ہوں، جبکہ بخار بڑھنے سے پہلے سردی کی وجہ سے مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں (لیکن بخار چڑھنے کے بعد پلسٹیلا کی علامتیں ظاہر ہو جاتی ہوں یعنی ہاتھ پاؤں گرم ہو جاتے ہوں تو مفید دوا : سلیشیا Silicea 30-6x

سلیشیا کی ایک عمومی علامت یہ ہے کہ مریض کو بہت سردی لگتی ہے اور اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں یہ ایسی علامت ہے جو بعض اوقات صحیح دوا تک پہنچنے کی راہ میں حائل ہو جاتی ہے کیونکہ وہ مریض جنہیں تعفنی بخار ہوں ان کے ہاتھ پاؤں بعض دفعہ بہت گرم ہوتے ہیں اور کئی ڈاکٹر اس علامت کے پیشِ نظر انہیں سلیشیا کی بجائے پلسٹیلا دیتے رہتے ہیں جو کچھ فائدہ نہیں پہنچاتی۔ سلیشیا کی پہچان یہ ہے کہ بخار چڑھنے سے پہلے سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں لیکن بخار چڑھنے کے بعد پلسٹیلا کی علامتیں ظاہر ہو جاتی ہیں۔ یاد رکھیں سلیشیا پلسٹیلا کی مزمن (Chronic) دوا ہے۔ کئی دفعہ مریض بخار میں جل رہے ہوتے ہیں اور ان کے ہاتھ پاؤں بھی گرم ہوتے ہیں لیکن انہیں پلسٹیلا کی بجائے سلیشیا کی ضرورت ہوتی ہے اور سلیشیا ہی فائدہ دیتی ہے عموماً تناسلو کی انفیکشن میں ایسا ہوتا ہے اور بعض بچے ایسے ڈاکٹروں کے ہاتھوں چند دن کے اندر اندر مر جاتے ہیں کیونکہ دراصل وہ سلیشیا کا تقاضا کر رہے ہوتے ہیں اور انہیں مسلسل پلسٹیلا دی جاتی ہے یہاں تک کہ بیماری قابو سے نکل جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 754-753)

2100۔ گلے کے غدود میں تعفن کی وجہ سے بخار

1۔ فوری آرام کیلئے مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

صرف سلیشیا دینے سے فوری آرام آ سکتا ہے۔

2۔ بہت مفید نسخہ: 6x

- سلیشیا Silicea
- فیرم فاس Ferr. Phos
- کالی میور Kali Mur
- کلکیریا فلور Calc. Fluor

ملا کردیں تو بخار اللہ کے فضل سے جلد ٹوٹ جاتا ہے۔اگر پہلے دن نہ ٹوٹے تو دو تین دن کے اندر رفتہ رفتہ ختم ہو جاتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 757)

☆☆☆☆☆☆

ڈینگوفیور یا ہڈی توڑ بخار

Dango Fever

ڈینگوفیور: یہ ایک قسم کا متعدی بخار ہے جو اکثر وبائی صورت میں پھیلتا ہے۔ملیریا بخار کی طرح اس بیماری کا محرک بھی ایک خاص قسم کا مچھر ہے جس کو Acdas aegypli کہتے ہیں۔یہ ایک چھوٹا سا مچھر کی قسم کا کیڑا ہے جسے کُتری بھی کہا جاتا ہے اور جو عموماً خشک پہاڑی علاقوں میں پھیلتا ہے۔اس کے کاٹنے سے جو بخار ہوا سے ڈینگوفیور Dango Fever یا کمر توڑ بخار کہتے ہیں۔اس بیماری میں بخار کے ساتھ ساتھ جسم پر سُرخ دانے نمودار ہونا شروع ہو جاتے ہیں،سر درد،گلا خراب،بھوک بند اور متلی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہی جسم کے تمام عضلات اور ہڈیاں سخت درد کرتی ہیں جیسے توڑ دی گئی ہوں۔اسی لئے اس بخار کو ہڈی توڑ بخار بھی کہتے ہیں۔ڈینگی بخار کی زیادہ خطرناک صورت ہیمرہیجک (Haemorrhagic Fever) ہے۔جس میں خون کا انجماد کرنے کا سسٹم بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔چکن گونیہ بخار (Chikengunya) بھی ایک متعدی بخار ہے......اس کا سبب بھی مچھر کی ایک قسم ہے چکن گونیہ بخار کی تمام علامات بھی ملیریا بخار اور ڈینگو بخار سے مشابہ ہیں۔

2101۔ڈینگوفیور یا ہڈی توڑ بخار میں نہایت اعلیٰ پایہ کی دوا:

یوپیٹوریم Eupatorium 30

اس کی خاص علامت یہ ہے کہ ہڈیوں اور کمر میں سخت درد ہوتا ہے جو نا قابل بیان اور نا قابل برداشت ہوتا ہے یوپیٹوریم اس بخار کی تکلیف میں بہت کمی پیدا کر دیتا ہے۔

دل کی تکالیف

Cardiac Diseases

(ماہر قلب ڈاکٹر کو بار بار دکھانا اور صورت حال سے باخبر رکھنا ضروری ہے۔ محض ہومیو علاج پر اکتفا نہ کریں۔)

2102۔ دل کے روز مرّہ کے حملہ کے ازالہ کیلئے۔

مفید دوا: کریٹیگس Crataegus Q

باقاعدگی سے استعمال کرنی چاہیے۔ یہ ساری عمر بھی دی جائے تو اس کا کوئی نقصان تجربہ میں نہیں آیا۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 9 83)

2103۔ دل کی تکلیف کے لئے مفید نسخہ: Heart Tonic

1۔ ایکونائیٹ Aconite Q ایک دو قطرے

2۔ کریٹیگس Crataegus Q آٹھ دس قطرے پانی میں ملا کر

ایکونائیٹ کو مدر ٹنکچر کی صورت میں ہی کریٹیگس مدر ٹنکچر سے ملا کر ٹانک بنایا جاتا ہے۔ آٹھ دس قطرے کریٹیگس Q کے اور صرف ایک دو قطرے ایکونائیٹ Q کے پانی میں ملا کر دیں تو اللہ کے فضل سے بہت مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ ایکونائیٹ کی زیادہ مقدار خطرناک ثابت ہو سکتی ہے اس لئے احتیاط کرنی چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 11-12)

2104۔ اگر دل کی دھڑکن تیز ہو اور بے طاقتی اور کمزوری کا احساس زیادہ ہو تو

مفید نسخہ:

A۔ ناجا Naja
سپائیجیلیا Spigelia
نیٹرم میور Nat. Mur

30 روزانہ تین بار

علاوہ ازیں

B۔میگ فاس Mag. Phos
کالی فاس Kali Phos — 6x روزانہ تین بار
کلکیریا فاس Calc. Phos

C۔کریٹیگس Crataegus Q

روزانہ تین بار دس پندرہ قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2105۔اگر دل کی دھڑکن تیز ہو اور بے طاقتی اور کمزوری کا احساس زیادہ ہو تو ایک اور

مفید نسخہ: 1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis — 200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار استعمال کریں۔

2۔ سپائی جیلیا Spigelia
کاربوویج Carboveg
ایکونائیٹ Aconite — 30 روزانہ تین بار
آرسینک Arsenic
ناجا Naja

3۔ کریٹیگس Crataegus Q

روزانہ تین بار دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2106۔دل کی طاقت کے لئے ایک مفید دوا :

کاربو اینیملس Carbo Animalis 30

2107۔دل کی طاقت کیلئے ایک اور ٹانک Heart Tonic

1۔آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis — 200 ملا کر

2۔ سپائیجیلیا	Spigelia	30 ملا کر
کاربوویج	Carboveg	
ایکونائیٹ	Aconite	
آرسینک	Arsenic	
ناجا	Naja	

2108۔ دل کی طاقت کیلئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔ سپونجیا	Spongia	30 ملا کر
سمسی فیوجا	Cimicifuga	
میگ فاس	Mag. Phos	
کالی کارب	Kali Carb	

2۔ کریٹیگس Crataegus Q

2109۔ دل کی کمزوری: اچانک خوف اور دہشت کی وجہ سے یا گہرے غم کے نتیجہ میں جسم کانپنے لگ جائے تو فوری فائدہ دینے والی دوا:

لاروسیراس Laurocerasus 30

''ایسے مریض کا دل کمزور ہوگا اور دل کے مریضوں کے لئے واقعی یہ ایک مقوی دوا ہے۔ نسبتاً بوڑھے مریضوں میں یہ دوا بہت مفید ہے۔''

2110۔ اچانک غم کی خبر ملنے یا مریض کے کسی وجہ سے جذباتی ہو جانے سے دل کی رفتار ہلکی ہو جاتی ہو۔ جسم پر پسینہ آ جائے سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں (بشرط دیگر علامات)

جادو اثر دوا: لیکیسس Lachesis 200

''اس کی ایک ہی خوراک جادو اثر دکھاتی ہے۔''

2111۔ دل کی کمزوری اور دل کے مریضوں کے لئے

ایک مقوی دوا: لاروسیراس Laurocerasus 200-30

2112۔ دل کمزور ہو جائے اور جسم نیلا ہو جاتا ہو۔

1۔ تشنج کی وجہ سے دل نیلا ہو جاتا ہو تو مفید دوا: کیوپرم Cuprum 30

2۔ آکسیجن کی کمی اور خون کی خرابی کی وجہ سے نیلاہٹ ہوتی ہو تو

مفید دوائیں: 1۔ کاربو اینیمیلس Carbo Animalis 30

2۔ ارجنٹم نائیٹریکم Argent Nit. 30

ان دونوں دواؤں کی نیلاہٹ سارے جسم پر ظاہر ہوتی ہے جیسے کسی کا دم گھٹ جائے تو جسم نیلا ہو جاتا ہے۔

کیوپرم میں وقتی تشنج سے ہاتھ پاؤں بھی مُڑ جاتے ہیں اور مریض کا چہرہ اور ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔

2113۔ دل کی دھڑکن آہستہ اور کمزور ہو۔ مریض ہلکی رفتار سے چلتا رہے تو سمجھتا ہے کہ دل دھڑکتا رہے گا جب ٹھہر جائے تو محسوس ہوتا ہو کہ دل دھڑکنا بند ہو جائے گا گویا جسم کی حرکت دل کو طاقت دے رہی ہے اور اسے متحرک رکھ رہی ہے۔

مفید دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

دل میں ایک خلاء کا احساس ہوتا ہے اور کمزوری بھی۔ لگتا ہے کہ حرکت سے دل ٹھیک ہو جائیگا ورنہ بیٹھے بیٹھے دل بیٹھ ہی جائے گا۔ ہلکی حرکت کے ساتھ ساتھ دل کی طاقت بڑھتی جاتی ہے لیکن ایسے مریض کے لئے تیز حرکت نقصان دہ ہوتی ہے کیونکہ جلسیمیم کے مریض کے دل میں کمزوری ہو تو اچانک حرکت سے وہ بے ہوش ہو سکتا ہے یا مر بھی سکتا ہے۔ جسم کی حرکت سے دل میں رفتہ رفتہ توانائی پیدا ہوتی ہے۔ جب ہو جائے تو نسبتاً تیز حرکت کی جا سکتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 397-398)

2114۔خواتین میں بچوں کی پیدائش کے بعد جگر پر چربی چڑھنے لگتی ہو جسم کے اعصاب پھیل جاتے ہوں دل میں طاقت نہیں رہتی ہو اور سانس جلد چڑھتا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

ایسی مریضہ کی ٹانگیں بھاری ہو جاتی ہیں کالی سلف میں لس سے تکلیف اور مضبوط دباؤ سے آرام ملتا ہے۔

2115۔دل کا **Muscle** کمزور ہو۔مفید نسخہ:

1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملاکر

2۔کاربوویج Carboveg 30

3۔کریٹیگس Crataegus Q

2116۔دل کے والوز (**Valves**) کو طاقت بخشنے اور دل کے خون کے نیچے اُترنے کی سرسراہٹ کے احساس کے لئے

بہت مفید دوا : لاروسیراس Laurocerasus 200-30

دل کے عضلات کو تقویت دے کر وہ کمزوری جس کے نتیجہ میں خون واپس پھیپھڑوں میں چلا جاتا ہے دُور کر دیتی ہے۔

2117۔اگر دل کی کمزوری سے سانس کی تکلیف زیادہ ہو اور دل کے دمہ کی علامتیں ہوں

A۔ناجا Naja
سپونجیا Spongia
سپائجیلیا Spigelia
30 روزانہ تین چار بار

B۔لیکیسس Lachesis 200 ہفتہ وار ایک بار

C۔کریٹیگس Crataegus Q

روزانہ تین چار بار دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملاکر

2118۔دل کی کمزوری سے تعلق رکھنے والے دمہ کیلئے

کارآمد دوا: سپونجیا Spongia 30

دل کی کمزوری سے تعلق رکھنے والے دمہ میں خوف بھی پایا جائے۔سانس اُکھڑے اُکھڑے چلتے ہوں،دل کے مقام پر کچاپن محسوس ہو اور دمہ کی دوسری دوائیں کام نہ کر رہی ہوں تو سپونجیا کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ایسے مشکل وقتوں میں یہ بڑی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

....دل کے دموی مریض کا خوف بسا اوقات سپونجیا کی نشاندہی کرتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 766)

2119۔دل کی کمزوری یا تنگی کی وجہ سے دمہ (Cardiac Asthama) ہو جاتا ہو۔سانس لینے پر دباؤ بڑھ جاتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔لیک ڈیف Lac. Def 200-30

2۔سپونجیا Spngia 200-30

2120۔دل کی تکلیف کی وجہ سے کھانسی (Cardiac Cough) کیلئے

مفید دوا: ڈیجیٹیلس Digitalis 30

روزانہ تین بار

2121۔دل کمزوری کی وجہ سے پیدا ہونیوالی کھانسی جو بار بار اُٹھے:

1۔بہت مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 30

2۔اہم اور چوٹی کی دوا: سپونجیا Spongia 30

2122۔دل کے اعصاب کی کمزوری،شدید درد جسے لیٹنے سے آرام آئے۔

مفید دوا: سورائینم Psorinum 200

2123۔دل کی کمزوری یا بیماری کی وجہ سے بائیں بازو میں سُن ہونے کا احساس اور بڑھتی

ہوئی فالجی کمزوری کی کیفیت میں

1۔چوٹی کی دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔فائدہ مند نسخہ: لیکیسس Lachesis
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

دل کی کمزوری یا بیماری کی وجہ سے بائیں بازو میں سُن ہونے کا احساس اور بڑھتی ہوئی فالجی کیفیت پیدا ہو تو اس میں بھی رسٹاکس چوٹی کی دوا ہے۔ کچھ دن لیکیسس اور آرنیکا دیں اور اگر فائدہ نہ ہو تو رسٹاکس کی کچھ خوراکیں دیں پھر دوبارہ لیکیسس اور آرنیکا ملا کر دینا شروع کر دیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 713-714)

انجائنا اور دل کا حملہ

Angina & Heart Attack

2124۔خون میں Clot بننے اور دل کے حملے کی روک تھام کیلئے

1۔بہترین دوا: لیکیسس Lachesis 200

2۔کارآمد نسخہ: لیکیسس Lachesis
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

لیکیسس خون میں Clot بننے اور نتیجۃً دل کے حملے کی روک تھام کے لئے بہترین دوا ہے۔

2125۔اگر تھرمبوس (Thrombus) کا حملہ ہوا ہو تو ڈاکٹری علاج کے علاوہ بطور

مددگار یہ علاج کیا جا سکتا ہے مگر ماہر ڈاکٹر کا علاج بہر حال ضروری ہے۔

1۔آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملا کر

پہلے دن تین بار۔ دوسرے دن دو بار تیسرے دن ایک بار پھر ہفتہ وار۔

2۔ کولوسنتھ Caulosinth
آرسینک Arsenic] 30 تین بار روزانہ

2126۔ انجائنا (Angina) میں

1۔ یاد رکھنے کے قابل دوا: کالی فاس Kali Phos 6x

2۔ بہت مفید نسخہ: کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag Phos] 6x

لیکن حسب ضرورت دوسری دوائیں بھی دینی پڑتی ہیں۔

2127۔ انجائنا کا نسخہ اور دل کی طاقت کیلئے Angina & Heart Tonic

نیا نسخہ: 1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis] 200 ملا کر

2۔ سپونجیا Spongia
میگ فاس Mag. Phos
آرسینک Arsenic
ایکونائیٹ Aconite] 200-30

3۔ کریٹیگس Crataegus Q

دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں روزانہ تین بار

2128۔ دل کے حملہ کے لئے عمومی نسخہ:

آرنیکا Arnica
2۔ لیکیسس Lachesis] 200-30

ملا کر یا پھر دونوں میں سے ایک دوا۔

دل کے حملہ میں عموماً آرنیکا کو لیکیسس سے ملا کر دیا جاتا ہے کیونکہ لیکیسس اس سانپ کے کاٹے کی دوا ہے جس کا زہر خون کو جما کر پھٹکیاں بنا دیتا ہے اور خون منجمد ہونے کی وجہ سے دل پر حملہ ہو جاتا ہے۔...... اسی کے پیش نظر میں آرنیکا کو لیکیسس سے ملا کر دیتا ہوں یا پھر دونوں میں سے ایک دوا استعمال کرتا ہوں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 83-84)

2129۔ انجائنا میں یاد رکھنے کے قابل دوا اور نسخہ:

1۔ مفید دوا : کالی فاس — Kali Phos 200-6x

2۔ مفید نسخہ: کالی فاس — Kali Phos
میگ فاس — Mag. Phos
6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 513)

2130۔ انجائنا: دل پر اچانک حملہ، جیسے کسی نے یک لخت شکنجے میں جکڑ دیا ہو۔

مفید دوا : کیکٹس — Cactus 30

"کیکٹس کا اعصاب کے چھلے دار ریشوں پر بہت گہرا اثر پڑتا ہے۔ اس کی بیماریوں کے حملے میں اچانک پن پایا جاتا ہے۔ دل پر بھی اچانک حملہ ہوتا ہے جیسے کسی نے یکلخت شکنجے میں جکڑ دیا ہو۔ دل کی بیماریوں میں خصوصاً وہ بیماریاں جن میں عضلات پھیل جائیں اور والوز خراب ہو جائیں کیکٹس بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔.... کیکٹس کو ہنگامی دواؤں کے طور پر ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا چاہیے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 177-178)

2131۔ دل کی تکلیف: ایسے محسوس ہوتا ہو کہ دل اچانک مٹھی میں آ کر جکڑا گیا ہے جیسے شکنجہ چڑھ گیا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ للئیم ٹگ — Lillium Tig 30

2۔ کیکٹس گرنیڈی فلورا — Cactus 30

یہ علامت کیکٹس میں بہت نمایاں ہوتی ہے۔ نبض بہت تیز اور بے قاعدہ ہوتی

ہے۔دل کے مقام پر ٹھنڈک اور بوجھ کا احساس ہوتا ہے۔ہجوم میں اور گرم کمرے میں دم گھٹتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 567)

2132۔دل کی بیماری میں ایسا درد ہوتا ہو جیسے دل کو شکنجہ میں کس دیا گیا ہو اور مریض گھبرا کر دل پر ہاتھ مارتا ہو۔

مفید دوا : آرنیکا Arnica 1000-30

2133۔انجائنا کیلئے ایک مفید دوا : ہیماٹوکسی لون Hema Toxy Lon 30

اس میں جکڑن اور تنگی کا ایک خاص احساس پایا جاتا ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے سینے پر پتھر کی سل رکھ دی ہو۔

2134۔انجائنا اور ہائی بلڈ پریشر: چھاتی میں درد ہوتا ہو اور انجائنا کی علامتیں ہوں اور ساتھ بلڈ پریشر زیادہ ہو۔

1۔برائیٹا کارب Baryta Carb
بیلاڈونا Belladonna
آرسینک Arsenic
نیٹرم سلف Nat. Sulph
30 روزانہ تین بار

2۔کریٹیگس Crataegus Q

روزانہ تین بار دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2135۔انجائنا اور Low B.P: اگر چھاتی میں درد اور انجائنا کی علامتیں ہوں لیکن بلڈ پریشر زیادہ ہونے کی بجائے کم رہتا ہو تو مفید نسخہ

1۔کاربوویج Carboveg
ناجا Naja
میگ فاس Mag. Phos
کولوسنتھ Colocynthis
30 روزانہ تین بار

علاوہ ازیں

2۔کریٹیگس Q Crataegus

روزانہ تین بار دس پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2136۔انجائنا: سینے کی ہڈی کی بجائے بائیں طرف دل سے درد اُٹھتا ہو اور کندھے سے
ہو کر انگلیوں کے کناروں تک جاتا ہو۔

مفید دوا : بسمتھم Bismuthum 200-30

بسا اوقات یہ درد انجائنا کے علاوہ معدے میں السر یا سوزش کی وجہ سے بھی ہوتا ہے۔
دونوں صورتوں میں بسمتھ دوا ہو سکتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 153-154
(

2137۔غم کے نتیجہ میں دل کا حملہ ہو۔ دل پھڑ پھڑاتا ہو یا اچانک چلتے ہوئے بند ہوتا ہوا
محسوس ہو۔ بے انتہا بے چینی کی کیفیت پیدا ہو جائے اور دل رُکنے کا احساس ہو(خاص علامت)

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس 30 Digitalis

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 351)

2138۔انجائنا کا دیسی نسخہ (حکیم محمد سعید)

پودینہ تازہ	6 گرام
ادرک تازہ	3 گرام
پان تازہ	1 عدد

ان کو باریک تراش لیں اور پانی میں ابال کر چائے کی طرح دن میں ایک بار یا دو بار پی لیا جائے۔

☆☆☆☆☆

دل کی متفرق تکالیف

2139۔دل میں تنگی اور گھٹن کا احساس، تشنج، سوجن، کمزوری اور دھڑکن کے لئے

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

2140۔دل کی ریحی دردیں جو وجع المفاصل اور گاؤٹ (Gout) کے مادے دبائے

جانے سے ظاہر ہوں۔ چھاتی کے عضلات میں بائیں طرف دردیں ہوتی ہوں جن میں

سردیوں میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ دل میں اکثر درد محسوس ہوتا ہو۔

1۔کارآمد دوا: سپائجیلیا Spigelia 30

2۔زیادہ مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 420)

2141۔دل کی ریحی دردیں۔ اگر فلو (Flue) کے فاسد مادہ کو دبا دیا جائے اور دل پر اثر ہو تو

اوّلین دوا: سپائجیلیا Spigelia 30

2142۔اگر دل میں سوراخ ہو تو مفید نسخہ

1۔آرنیکا Arnica

لیکیسس Lachesis 200

لیڈم Ledum

چند دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں دو بار۔ اور اس کے ساتھ

2۔کالی فاس Kali Phos

فیرم فاس Ferr. Phos

سلیشیا Silicea

کلکیر یا فاس Calc. Phos

6x روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں

2143۔کولیسٹرول کی قسم L D L (Low Density Lipped) خون کی نالیاں تنگ کر کے دل میں خون کی فراہمی میں مخل ہو جاتی ہو اور دل کا دورہ پڑنے کی وجہ بنتی ہو۔

کارآمد دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

کولیسٹرول جگر میں بھی بنتا ہے......فاسفورس جگر کے اس حصہ پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے جہاں یہ نقص ہو۔جگر کے فعل کو درست کرتا ہے اور وہ کولیسٹرول کم بنانے لگتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 657)

2144۔جگر کی خرابی دل کی تکلیف کے ساتھ منسلک ہو جاتی ہو۔ یہ دونوں بیماریاں اکٹھی ملتی ہوں تو

مفید دوا: آرم میٹ Aurum Met. 30

2145۔دل کی اندرونی جھلی کی سوزش میں دل میں درد محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا: آرم میٹ Aurum Met. 30

2146۔دل کی تکلیف رات کو زیادہ محسوس ہوتی ہو، دباؤ اور سانس گھٹنے کا احساس ساری رات رہتا ہو جو دن میں چلنے پھرنے سے ٹھیک ہو جاتا ہو۔رات ہوتے ہی دوبارہ تکلیف شروع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

2147۔کھلاڑیوں کو طاقت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھانے کی وجہ سے دل کی تکلیف شروع ہو جائے تو شروع میں غیر معمولی مؤثر نسخہ:

رُوٹا Ruta
ایکونائیٹ Aconite
200-30 ملا کر

2148۔دل کی تکلیف معدہ میں یا اس کے نیچے بائیں طرف انتڑیوں کے اوپر کے حصہ میں محسوس ہوتی ہو: اگر کھانا کھانے سے آرام نہ آئے بلکہ کھانے سے معدے پر بوجھ پڑ جائے اور دوران خون بڑھ جائے تو یہ دل کی تکلیف کی علامت ہے۔

مفید دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

2149۔معدہ کی تکلیفیں دل میں محسوس ہوں۔ معدے میں خالی پن اور ڈوبنے کا احساس ہو۔

1۔مریض کو کھانا کھانے سے آرام آئے تو

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

2۔اگر کھانا کھانے سے آرام نہ آئے تو

کارآمد دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

دراصل یہ معدہ کی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ دل کے ڈوبنے کا احساس معدہ کی طرف منتقل ہوتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 350)

2150۔بائیں طرف دل کے مقام پر بوجھ اور درد محسوس ہوتا ہو اور دل کی تکلیف کا شبہ ہوتا ہو تو

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

''کالی کارب میں اکثر بائیں طرف دل کے مقام پر بوجھ اور درد محسوس ہوتا ہے اس لئے دل کی تکلیف کا شبہ ہوتا ہے۔حالانکہ دل کی تکلیف میں درد اکثر سینے کے عین درمیان میں ہوتا ہے جو کمر اور بازو میں پھیل جاتا ہے اور انگلیوں تک بھی پہنچ جاتا ہے۔کالی کارب کے درد میں گو دل کی تکلیف کا شبہ ہوتا ہے لیکن دوسری علامتوں سے فرق نمایاں ہو جاتا ہے مثلاً دل کی تکلیف ہو تو تیز چلنے سے ضرور بڑھے گی۔لیکن اگر چلنے سے یا کروٹ بدلنے سے نسبتاً آرام محسوس ہو تو یہ دل کی تکلیف نہیں ہوتی۔'' (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 499)

2151۔ بائیں بازو کا درد، بائیں بازو میں سُن ہونے کا رجحان ہو اور کھچاؤ بھی محسوس ہو۔

مفید دوا : کیکٹس 30 Cactus

بعض دفعہ دل کی بیماری کے آغاز میں یہ علامت پیدا ہوتی ہے۔ مگر ضروری نہیں کہ بائیں بازو کا درد دل ہی کا ہو، معدے کی تیزابیت سے بھی یہ علامت پیدا ہوتی ہے۔ لیکن اگر تنگی اور گھٹن کے ساتھ ہو جیسے کسی نے مضبوطی سے بھینچ دیا ہے یا دھڑکن اور سُن ہونے کا بھی احساس ہو تو کیکٹس ہی دوا ہو گی۔

2152۔ سانس لینے میں دشواری، دم گھٹنا، سینے کا تنگ ہونا ایکدم گھٹن کا احساس جیسے دل کو کچھ ہو گیا ہے، ان سب کا مؤثر علاج۔

مفید دوا : لاروسیراسس 30 Laurocerasus

نسبتاً بوڑھے مریضوں میں یہ دوا بہت مفید ہے۔ ایسے مریضوں کے دل کے نچلے حصہ کے عضلات کمزور ہو جاتے ہیں اور دل کی کمزوری کے باعث پھیپھڑوں پر دباؤ پڑتا ہے اور پانی جمع ہونے لگتا ہے جس سے مریض کیلئے سانس لینا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر عموماً دل کے ایسے مریضوں کو دمہ کی تیز دوائیں اور Inhaler دے دیتے ہیں ...لاروسیراسس Inhaler سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 555)

2153۔ دل سے ایک بُلبلہ سا اُٹھتا ہو جو خون کی شریانوں میں جاتا ہوا محسوس ہو۔

(خاص علامت)

مفید دوا : نیٹرم فاس 6x Nat. Phos

2154۔ دل کی تکلیف، سینہ میں تنگی اور جکڑن کا احساس ہوتا ہو۔ بے چینی ہوتی ہو اور سینہ کے اُوپر والے حصہ میں بھراؤ کا احساس ہوتا ہو۔ بعض اوقات درد بھی ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس 6x Nat. Phos

2155۔کھانے کے بعد اور گہرا سانس لینے سے نالیاں سکڑ جاتی ہوں اور دل کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہوں۔دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو۔گھبراہٹ ہوتی ہو۔شور وغل سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔بائیں کروٹ لیٹنے سے بھی ان سب تکلیفوں میں اضافہ ہو جاتا ہو جو دل کی بیماری کا پیش خیمہ ہوتی ہیں۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

2156۔دل کی بیماری میں اگر گردن کے دونوں طرف درد ہو تو

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

2157۔سانس کی کمی کی وجہ سے مریضوں کے چہرے پر نیلاہٹ پیدا کرنے والی دل کی بیماری میں بہت شہرت یافتہ ہومیو دوا:

لاروسیراسس Laurocerasus 200-30

2158۔دل سے پانی کی بوندیں گرنے کا احساس، دھڑکن کے ساتھ درد محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 30

2159۔دل کے پردوں کی سوزش اور دل کی تیز دھڑکن میں بہت کارآمد دوا:

سپائجیلیا Spigelia 30

پیری کارڈائیٹس (Pericarditis): دل کے اردگرد کی جھلیوں کی سوزش اور اینڈوکارڈائیٹس (Endo Carditis): دل کی جھلی اور والو کی سوزش کو کہتے ہیں۔پیری کارڈائیٹس کی وجہ سے بخار اور سینے میں درد ہوتا ہے اور اینڈوکارڈائیٹس عموماً بیکٹیریا کے انفیکشن کی وجہ سے ہوتی ہے۔سانس لینے میں دقّت ہوتی ہے۔بخار ہو جاتا ہے اور دل کا فعل درست نہیں رہتا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 762)

2160۔دل کے اردگرد کی جھلّی کی سوزش کے لئے

مفید دوا : سورائینم Psorinum 1000-200

2161۔دل کی جھلیوں کی سوزش اور دل کی انفیکشن کے لئے

بہت مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

سپونجیا کا مریض جسمانی محنت سے تھک جاتا ہے۔ سپونجیا کے مریض کی علامتیں سیڑھیاں چڑھنے سے، کھلی ہوا میں اور آدھی رات سے قبل بڑھ جاتی ہیں۔ سر اونچا کر کے لیٹنے سے، تیز سیڑھیاں اُترتے ہوئے کمی ہو جاتی ہے۔

2162۔جگر کی خرابی کی وجہ سے دل کی تکلیف ہو تو

مفید دوا : بربرس Berberis Q

یہ براہ راست دل کا ٹانک نہیں ہے۔ اوّل طور پر جگر کی خرابی کی دوا ہے۔ اگر جگر کی خرابی کی وجہ سے دل کی تکلیف ہو تو اسے بس ٹھیک کر سکتی ہے۔

163۔جگر کی خرابی دل کی خرابی پر منتج ہو اور یرقان کی علامتیں ظاہر ہوں تو

مفید دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

جگر کی خرابی دل کی خرابی پر منتج ہو تو پہلے اجابت ہلکے یا مٹیالے رنگ کی ہوتی ہے پھر یرقان کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔

2164۔دل رُکنے کا احساس (خاص علامت)

مفید دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

دل پھڑپھڑاتا ہے یا اچانک چلتے ہوئے بند ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہے بے انتہا بے چینی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

65۔دل کی کمزوری۔خصوصاً حیض کے دنوں میں دل کانپتا ہوا محسوس ہوتا ہو، ہاتھ بھی کانپتے اور سُن ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

2166۔دل پھڑ پھڑاتا ہے یا اچانک چلتے ہوئے بند ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔(خاص علامت)

مفید دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

دل کا بڑھ جانا

2167۔دل بڑھ گیا ہو اور پھیپھڑوں میں پانی۔مفید نسخہ

1۔آرنیکا Arnica
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

2۔سلفر Sulphur
بیسلینم Bacillinum
200 ملا کر

نمبر 1 اور نمبر 2 باری باری صبح وشام

3۔کریٹیگس Crataegus Q

2168۔دل پھیلنے لگے اور پھیپھڑوں میں پانی بھر جاتا ہو۔

کارآمد دوا: آرم میٹ Aurum Met. 200-30

2169۔دل کے عضلات پھیل کر بے جان ہونے لگیں تو کارآمد دوا:

کالی سلف Kali Sulph 6x

"کالی سلف میں عضلات کے ڈھیلے ہو کر لٹکنے کا رجحان بھی پایا جاتا ہے ایسے مریض جن کے جگر میں خرابی ہو اور دل کے عضلات پھیل کر بے جان ہونے لگیں، کالی سلف ان کے عضلات کے ڈھیلے پن میں کام آئے گی۔لیکن یہ چھوٹی طاقت میں لمبے عرصہ تک کھلانی پڑتی ہے جس کے نتیجہ میں چند مہینوں کے اندر اندر اچھی تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔مریض میں جان آنے لگتی ہے اور بہت حد تک جگر اور جسم کی چربی پگھل جاتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 516)

2170۔جگر میں خرابی ہو اور دل کے عضلات پھیل کر بے جان ہونے لگیں۔دل کے عضلات ڈھیلے پڑ جائیں۔دل پھیل کر بڑا ہو جائے اور اپنے فعل میں کمزور ہونے لگے تو

بہت مؤثر دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2171۔کھلاڑیوں کا دل پھیل جائے تو ان کے لئے

بہترین دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2172۔شدید محنت اور ورزش کے نتیجہ میں کھلاڑیوں کے دل پھیل جاتے ہوں۔مفید دوائیں

1۔کارآمد دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔ہم پلہ دوا: روٹا Ruta 200-30

ان کے استعمال سے آہستہ آہستہ اعصاب میں جان پڑ کر لچک پیدا ہو جاتی ہے اور وہ خود بخود اپنی اصل حالت کی طرف لوٹنے لگتے ہیں۔

2173۔دل آہستہ آہستہ کام کرنا چھوڑنے لگے یا اپنے اصل سائز سے بڑا ہو جائے تو

مفید دوائیں:1۔ سپونجیا Spongia 30

2۔ کریٹیگس Crataegus Q

دل پھیل جائے تو عام طور پر اپنی اصل حالت میں واپس نہیں لوٹتا۔جو ہومیو پیتھک دوائیں اس ضدی مرض میں مفید ثابت ہوتی ہیں ان میں سپونجیا شامل ہے۔سپونجیا کے ساتھ دل کی طاقت کے لئے کریٹیگس Q Crataegus بھی استعمال کرنی چاہیئے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 766)

2174۔دل بڑا ہو گیا ہو (تو حسب ذیل نسخہ استعمال کریں)

1۔آرنیکا Arnica
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ سپونجیا	Spongia	30 ملا کر روزانہ تین بار
سمسی فیوجا	Cimicifuga	
ایکونائیٹ	Aconite	

2175۔ دل بڑھ جائے اور اس کی حرکت معمول کے مطابق نہ رہے۔ تیز سوئی کی چبھن کی طرح درد ہو اور سرسراہٹ ہونے لگے۔ بشرطیکہ دل کے گرد سخت جکڑن کا احساس ہو تو ایسے انجائنا کے مریض کے لئے

شفابخش دوا: کیکٹس Cactus 30

دل کی تیز دھڑکن

Heart Palpitation

2176۔ دل کی حرکت اگر تیز ہو : **Heart Palpitation** کارآمد نسخہ

1۔ ناجا	Naja	30 ملا کر
ایکونائیٹ	Aconite	
2۔ کریٹیگس	Crataegus	Q

2177۔ دل کی تیز دھڑکن کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ آرسینک	Arsenica	30 ملا کر
کاربوویج	Carboveg	
کریوزوٹم	Kreosotum	
2۔ میگ فاس	Mag. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	

2178۔معمولی محنت سے دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جائے۔دل کے مقام پر کمزوری کا

احساس ہو۔ رات کے وقت تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔(علامت)

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

2179۔دل کی طاقت کے لئے ایک مفید دوا :

مفید دوا : کاربوانیمیلس Carbo Animalis 30

2180۔دل کی طاقت کیلئے ایک اور ٹانک Heart Tonic

1۔آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200 ملاکر

2۔سپائجیلیا Spigelia
کاربوویج Carboveg
ایکونائیٹ Aconite
آرسینک Arsenic
ناجا Naja
30

2181۔دل کی طاقت کیلئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔سپونجیا Spongia
سمسی فیوجا Cimicifuga
میگ فاس Mag. Phos
کالی کارب Kali Carb
30

2۔کریٹیگس Crataegus Q

2182۔رات کو بائیں جانب لیٹنے سے اور سیڑھیاں چڑھنے سے دل کی دھڑکن میں

اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2183۔ سیڑھیاں چڑھنے سے دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

2184۔ سیڑھیاں چڑھنے اور بائیں کروٹ لیٹنے سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 6x

2185۔ دل کی دھڑکن معمول سے زیادہ ہو۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 30

2186۔ معدے میں ہوا پیدا ہونے سے یا اعصابی کمزوری سے دل بہت تیزی سے دھڑکنے لگتا ہو۔ نیند بھی نہیں آتی ہو۔ کسی چیز کے خوف، کوئی بُری خبر سُننے یا امتحان دینے کے لئے جانا ہو یا کوئی ابتلاء درپیش ہو تو، ہیجان سے دل کی دھڑکن تیز ہو جائے۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 200-30

ایکونائیٹ 30 یا 200 میں دینے سے دھڑکن معمول پر آ جاتی ہے اور طبیعت پُرسکون ہو جاتی ہے۔

2187۔ اجابت کے بعد دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

2188۔ بائیں طرف لیٹنے سے دل کی دھڑکن بہت زیادہ ہو جاتی ہو، نبض تیز اور چھوٹی ہو جاتی ہو، دل میں گرمی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

2189۔کاغذ کی سرسراہٹ سے بھی دل کی دھڑکن بے ترتیب ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

عجیب بات یہ ہے کہ شور خواہ کتنا ہی بلند کیوں نہ ہو اگر ایک ہی سطح پر جاری رہے تو اس سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی مگر آوازوں کا زیرو بم اعصاب پر سخت اثر ڈالتا ہے۔شور کی اونچ نیچ نا قابل برداشت ہوتی ہے۔اچانک کوئی دھماکہ ہو یا شور پڑ جائے تو یہ نیٹرم کارب کے مریض کے لئے بہت مضر ثابت ہوتا ہے۔ایسے مریض کو اچانک ڈرایا جائے تو دل بند ہونے کا خدشہ ہوتا ہے اس لئے اس بارہ میں محتاط رہنا چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 611)

2190۔اچانک کسی خوشی یا غم کی خبر کے نتیجہ میں دل تیزی سے دھڑکنے لگتا ہو اور یہ دھڑکن بے قاعدہ ہو جاتی ہو ساتھ ہی خون کا دباؤ بہت بڑھ جاتا ہو اور پیشاب رُک جاتا ہو۔

کارآمد دوا: کافیا Coffea 30

2191۔اچانک کوئی دھماکہ یا شور پڑ جائے تو مریض کے لئے بہت مضر ثابت ہوتا ہو۔ مریض کو اچانک ڈرایا جائے تو دل بند ہونے کا خدشہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2192۔دل کی دھڑکن کبھی کبھی اچانک تیز ہو جائے اور تشنجی کیفیت بھی ہوتی ہو تو

اچھی دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2193۔دل کی دھڑکن اور دل کے مقام پر درد کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : پائیپر نائیگرا Piper Niger 30

پائیپر نائیگرا میں دل کی علامات بھی پائی جاتی ہیں۔سینے میں درد اور درد سے کھانسی اُٹھتی ہے۔دل تیز دھڑکتا ہے۔سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔دل کے مقام پر درد کا

احساس ہوتا ہے۔ بعض دفعہ نبض سست اور رُک رُک کر چلتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 672)

2194۔ معدہ کی جلن کے ساتھ دل بھی دھڑکتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 6x

بلڈ پریشر : Blood Pressure

اگر کسی کو خون کا دباؤ بڑھنے کی بیماری ہو تو ایسے مریض کے لئے زیادہ نمک کھانے سے پرہیز ضروری ہے اور جس کو خون کا دباؤ زیادہ ہونے کی بیماری نہ ہو وہ جتنا مرضی نمک کھائے زائد نمک از خود پیشاب اور پسینے کے ذریعہ خون سے باہر نکل جاتا ہے۔ جن لوگوں کے گردے خراب ہوں یا کسی بیماری کے باعث پسینہ آنا بند ہو جائے ان کو زیادہ نمک کھانے میں احتیاط کرنی چاہیئے۔ اگر خون میں ضرورت سے زائد نمک موجود ہے تو یہ پانی جذب کر کے خون کا حجم بڑھا دیتا ہے جس سے دباؤ کا بڑھنا طبعی امر ہے۔

نمک انسانی زندگی کا لازمی جزو ہے جس کا توازن بگڑنے سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ جو لوگ روزانہ ورزش کرنے کے عادی ہوتے ہیں انہیں کھل کر پسینہ آتا ہے اور پیشاب کے ذریعہ بھی نمک خارج ہوتا رہتا ہے۔ انہیں نمک کھانے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

2195۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
لیڈم Ledum
200

2۔ سلفر Sulphur
بیلاڈونا Belladonna
200 ملا کر

نمبر 1 صبح نمبر 2 شام چند دن روزانہ۔ پھر ہفتہ میں دو بار

2196۔ہائی بلڈ پریشر کے لئے ایک اور نسخہ

1۔آرنیکا	Arnica	200 چند دن روزانہ پھر ہفتہ میں دو بار
لیکیسس	Lachesis	
2۔برائیٹا کارب	Brayta Carb	30 روزانہ تین بار
بیلاڈونا	Belladonna	
پلسٹیلا	Pulsatilla	

2197۔اگر بلڈ پریشر Low ہوتو

1۔کاربوویج	Carboveg	30
ناجا	Naja	
میگ فاس	Mag Phos	
کولوسنتھ	Colocynthis	
2۔کریٹیگس	Crataegus	Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2198۔خون کا دباؤ کم کرنے کیلئے مفید دوائیں:

1۔اوپیئم Opium 30

2۔گلونائن Glonoine 30

گلونائن کو عموماً خون کا دباؤ کم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اوپیئم بھی اس حالت میں مفید دوا ہے۔بلکہ گلونائن کے مقابل پر بلڈ پریشر ٹھیک کرنے کیلئے زیادہ مفید ہے۔ اور نسبتاً گہرا اثر کرتی ہے۔ڈاکٹر کینٹ کہتے ہیں کہ ایسی امراض کے علاج میں اوپیئم کو گلونائن پر ترجیح دینی چاہیئے۔کیونکہ گلونائن کے اکثر اثرات عارضی ہوتے ہیں اور اوپیئم بہت لمبا اثر دکھانے والی دوا ہے۔

2199۔دل کی طرف خون کا دوران زیادہ ہو جائے۔

1۔اچھی دوا: ملی فولیم Millefolium 200-30

2۔مفید دوا: ایکونائیٹ Aconite 200-30

عموماً ہیجانی کیفیت میں ایسا ہوتا ہے۔

2200۔خون کا دورہ یکا یک سر یا دل کی طرف ہو جاتا ہو۔کوئی سیال چیز اندر سے گزرتی ہوئی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

سر کی طرف خون کا رجحان ہو تو اس کا ماخذ دل یا معدہ ہوتا ہے بعض دفعہ معدے یا دل سے خون سر کی طرف دوڑتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔

2201۔مزمن بلڈ پریشر کا تعلق جگر اور تلی سے ہو۔

مفید دوا : سیانوتھس Ceanothus 1x-Q

اگر تلی میں سختی پیدا ہو جائے تو خون کی شریانیں سخت ہو جاتی ہیں۔اس کے نتیجہ میں ہونے والے ایسے مزمن بلڈ پریشر جس کا تعلق جگر اور تلی سے ہو سیانوتھس کو استعمال کرنا چاہیئے۔یہ خون کے دباؤ کو کم کرتی ہے۔بلڈ پریشر کا تعلق عموماً دل اور گردے سے ہوتا ہے لیکن جب بیماری کا مرکز جگر اور تلی ہو۔اس صورت میں سیانوتھس دینی چاہیئے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 267)

2202۔اگر بلڈ پریشر زیادہ ہو اور چہرہ پر تناؤ ہو تو

1۔بہت کار آمد دوائیں:1۔بیلاڈونا Belladonna 200-30

2۔ایکونائیٹ Aconite 200-30

2۔مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

بیلاڈونا اور ایکونائیٹ،کاربوویج سے زیادہ مفید دوائیں ہیں۔

2203۔ چہرہ پر خون کا دباؤ بہت زیادہ ہو جائے اور شدید تشنج پیدا ہو اور تشنجی رجحان صرف چہرہ پر ہی نہیں بلکہ جسم کے مختلف اعضاء میں بھی پایا جائے۔ چھاتی، بازو، ٹانگ یا سر میں بھی اچانک خون کا دباؤ یا جکڑنے کا احساس ہو تو بشرط علامت

بہت مؤثر دوا: کلکیریا سلف Calc. Sulph 6x

2204۔ چہرہ اور سر پر خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا: سبائنا Sabina 30

2205۔ سر میں دوران خون بڑھنے سے درد ہو تو خطرہ ہوتا ہے کہ شریانیں پھٹ جائیں گی۔ ایسی حالت میں عمدہ علاج:

1۔ سر کو ٹھنڈا کریں۔

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30 دیں۔

فاسفورس سے اس رجحان کا مستقل علاج ضروری ہے۔

2206۔ سر کی طرف خون کا دباؤ شدید محسوس ہوتا ہو اور لگتا ہو کہ سر پھٹ جائے۔

مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200

لیکیسس کا مریض بہت ٹھنڈا ہوتا ہے خصوصاً اس کے پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ مگر گرم پانی سے تکلیف بڑھتی ہے۔ خصوصاً سر کی علامتیں بہت بڑھ جاتی ہیں۔ خون کا دباؤ شدید محسوس ہوتا ہے اور لگتا ہے کہ سر پھٹ جائے گا۔...... لیکیسس میں دوران خون زیادہ ہونے کا خاص مقام سر ہے۔ خون کا اجتماع تیزی سے سر کی طرف ہو جاتا ہے اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔

2207۔ جسم کے کسی خاص حصہ کی طرف خون کا دباؤ بڑھ جائے۔

2208۔دوران خون زیادہ ہونے کی وجہ سے آنکھیں سُرخ ہوں اور نظر دُھندلا جائے اور ساتھ ہی نکسیر پھوٹنے کا بہت رجحان ہو۔

فائدہ مند دوا: ملی فولیم Millefolium 30

بہت مؤثر نسخہ: ملی فولیم Millefolium
فاسفورس Phosphorus 30

2208۔راستہ چلتے ہوئے خون کا دوران سر کی طرف ہو جاتا ہو۔چہرہ تمتمانے لگتا ہو۔ گلا گھٹنے کا احساس ہوتا ہو جیسے سارا خون منہ اور سر میں جمع ہو گیا ہو۔شدید کمزوری کے ساتھ سارا جسم ٹھنڈا اور پسینہ سے تربتر ہو جاتا ہو اور غشی طاری ہو جاتی ہو جسے انگریزی اصطلاح میں Apoplexy کہا جاتا ہے۔

مفید دوا: گلونائن Glonoine 30

گلونائن میں تشنج کے نتیجہ میں یہ علامات عارضی طور پر ہوتی ہیں۔اگر ایسے مریض کا گلونائن سے بروقت علاج نہ کیا جائے اور بار بار دورے پڑنے لگیں تو بسا اوقات مستقل نقصان پہنچنے کا احتمال ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 404)

2209۔شریانوں کی طرف خون کا دباؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے خون بہنا شروع ہو جائے۔

مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

2210۔تیز چلنے سے دل پر خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہو اور دل میں جکڑن اور گھٹن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: آرم میٹ Aurum Met. 30

2211۔دوران خون زیادہ ہونے کی وجہ سے آنکھیں سُرخ ہوں اور نظر دُھندلا جائے

اور ساتھ ہی نکسیر پھوٹنے کا بہت رجحان ہو۔

فائدہ مند دوا: ملی فولیم Millefolium 30

بہت مؤثر نسخہ: ملی فولیم Millefolium
فاسفورس Phosphorus
30

2212۔اس کے برعکس کیفیت میں

مفید دوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met 30

2213۔خون کا دباؤ سر کی طرف زیادہ ہو جاتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔بیلاڈونا Belladonna 200
2۔لیکیسس Lachesis 200

بیلاڈونا میں مختلف اعضاء میں خون کا دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ضروری نہیں کہ سر کی طرف ہی دباؤ کا رجحان ہو مگر
لیکیسس میں دوران خون زیادہ ہونے کا خاص مقام سر ہے۔خون کا اجتماع تیزی سے سر کی طرف جاتا ہے اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔

2214۔ Low بلڈ پریشر: معمول سے زیادہ گرتے ہوئے بلڈ پریشر کو اونچا کر کے
نارمل کر دینے والی دوا: کاربوویج Carboveg 30

"مریض جب آخری دموں پر ہو تو خون کا دباؤ اکثر گر جاتا ہے۔کاربوویج کی ایک خوراک سے ہی اچانک گرمی پیدا ہونے لگتی ہے۔فوراً دو تین قطرے منہ میں ٹپکا دیں۔"

2215۔شوگر اور بلڈ پریشر اکٹھے۔

1۔آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
200

چند دن روزانہ۔پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

2216۔ بلڈ پریشر اور ذیابیطس اکٹھے ہوں تو ایک اور نسخہ:

1۔ نیٹرم سلف	Nat. Sulph	200
برائیٹا کارب	Baryta Carb	
بیلاڈونا	Belladonna	

تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ وار ایک بار۔

2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x
کالی فاس	Kali Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	

ملا کر روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں چوس لیں۔

2217۔ دل کی طرف دوران خون زیادہ ہو جائے (عموماً ہیجانی کیفیت میں ایسا ہوتا ہے)

1۔ عموماً فائدہ مند دوا: ایکونائیٹ Aconite 200-30

2۔ اچھی مؤثر دوا: ملی فولیم Millefolium 200-30

2218۔ سر کی طرف دوران خون کا احساس۔ سر کے دائیں جانب دباؤ اور پیشانی کے عضلات میں اینٹھن۔

مفید دوا: ملی فولیم Millefolium 30

☆☆☆☆☆☆

خون سے متعلق مختلف عوارض

Different Blood Ailments

جریان خون

2219۔جریان خون کی بہترین دوائیں:

1۔فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2۔ملی فولیم Millefolium 200-30

2220۔سُرخ سیلان خون کی بہترین دوا: فاسفورس Phosphorus 30

فاسفورس بہت گہرا اثر رکھنے والی دوا ہے۔.....سیلان خون کی بہترین دواؤں میں سے ہے لیکن اس کا تعلق سُرخ نظام خون سے ہے، سیاہ سے نہیں۔اس لئے سُرخ خون کی بیماریوں میں اس کی طرف خیال جانا چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 651)

2221۔جریان خون کی بہترین دوا: اپیکاک Ipecac 30

''اس میں یکدم زور سے خون نکلتا ہے۔اپیکاک کے مریض میں جب بھی کہیں سے خون جاری ہو متلی بھی ضرور ہوتی ہے......... ہر تکلیف دورے کی شکل میں آتی ہے.......خون بہنے کا بھی دورہ پڑے گا اور کچھ عرصہ بعد ختم ہو جائے گا۔یہ دورے لمبے نہیں ہوتے۔''

2222۔شریانوں میں خون کا دباؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے خون بہنا شروع ہو جائے۔

فائدہ مند دوا: فاسفورس Phosphorus 30

2223۔خون کی شریان پھٹ جائے اور سُرخ رنگ کا خون بہنے لگے۔مفید دوائیں:

1۔فاسفورس Phosphorus 200-30

2۔برائیٹا کارب Bryta Carb 200-30

2224۔ جسم کے کسی حصہ میں خون کا دباؤ زیادہ ہونے سے اندرونی یا بیرونی جریان
خون شروع ہو جائے۔ مثلاً انتڑیوں سے کسی بھی وجہ سے اچانک خون بہنے لگے اور خوف
بھی ساتھ ہو تو بلا خوف قابل استعمال دوا:

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 200-30

2225۔ ہر قسم کا جریان خون: پھیپھڑوں، ناک، انتڑیوں، رحم یا کہیں اور سے خون جاری
ہو جائے تو خون روکنے کی فوری ضرورت کیلئے

مفید دوا : ایڈرنالین Adernalin 30

2226۔ پُر خون لوگوں میں خون بہنے کا رجحان ہو تو

مفید دوا : رُوٹا Ruta 30

2227۔ مریضوں میں جن کا خون پتلا ہو اور بہت جلد خون بہنے کا رجحان رکھتے ہوں۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2228۔ مریض میں خون بہنے کا رجحان لگے، ناک اور رحم سے خون جاری ہو جائے۔
جس کے ساتھ تشنجی علامات بھی پائی جاتی ہوں۔

مفید دوا : چائنا China 30

2229۔ ناک یا منہ سے بے تحاشہ خون پھوٹنے سے طبیعت بے حد خراب لگے۔

مفید نسخہ: فاسفورس Phosphorus
ملی فولیم Mellefolium
200-30

2230۔ ہیموفیلیا (Haemophilia) کے مریضوں کے معمولی سے زخموں کا
بکثرت جریان۔ مفید دوائیں:

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔ایسڈ فاس Acid Phos 30

3۔فیرم فاس Ferr. Phos 30

2231۔خون بہنے کا رجحان بہت ہو مگر ایک دم بہت شدت اور جوش سے نہیں نکلتا ہو۔

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

2232۔خون جہاں سے بھی بہا چانک زور سے نکلنے لگتا ہو جیسے مشک کا منہ کھول دیا گیا ہو۔

کارآمد دوا: ملی فولیم Millefolium 30

سبائنا اور ملی فولیم میں یہ فرق یاد رکھنا چاہیئے۔

2233۔اکثر مخارج سے خون بہتا رہتا ہو، ناک، آنکھ، گردوں اور رحم سے خون بہنا۔

(خاص مزاج) مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

2234۔سیلان خون: ذرا سے دباؤ سے خون جاری ہو جاتا ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : کرئیوزوٹم Kreosotum 30

آنکھ میں ورم ہو تو معالج کے ہاتھ لگا کر دیکھنے سے بھی خون نکل آتا ہے......ذرا سی سوئی چبھ جائے تو خون کی بوندیں ٹپکنے لگتی ہیں۔بعض دفعہ آنسوؤں میں بھی خون کی آمیزش ہوتی ہے۔چھوٹی چھوٹی وجوہات سے خون کا جاری ہونا اور جسم کے کسی حصہ سے بھی خون جاری ہونے کا رجحان کرئیوزوٹ کی خاص علامت ہے۔

2235۔جسم کے کسی حصہ سے خون بہنا شروع ہو جائے اور نہ رُکے یا منہ، ناک یا پیشاب کے راستے سے (خون بہنے لگے) مفید نسخہ:

1۔ملی فولیم Millefolium 30
فاسفورس Phosphorus 30

	Silicea	2۔سلیشیا
6x	Ferr. Phos	فیرم فاس
	Calc. Phos	کلکیریا فاس
	Kali Phos	کالی فاس

2236۔سیلان خون: جگہ جگہ سے خون بہتا ہو، جہاں بھی اندرونی جھلی اور جلد آپس میں ملتی ہیں ان کے جوڑوں سے خون بہنے لگے (علامت)

مفید دوا : سینیشو اورس Senecio Aureus 30

2237۔جریان خون کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

200	Anthracinum	انتھراسینم
	Arnica	آرنیکا

2238۔تھوک کے ساتھ خون

200	Bacillinum	1۔بیسلینم
	Bryonia	برائیونیا
30	Sulphur	2۔سلفر

2239۔منہ سے خون آتا ہو (مفید نسخہ)

1000	Phosphorus	1۔فاسفورس
1000	Millifolium	2۔ملی فولیم

باری باری پندرہ دن کے وقفہ سے صرف دو خوراک۔نمبر 1 اور پھر پندرہ دن کے بعد نمبر 2۔

2240۔منہ کی اندرونی جھلیوں سے خون بہنے کا احتمال ہو۔مریض خون کی انتہائی کمی کا شکار ہو۔ چینینم آرس Chininum Ars 30

2241۔اگرخون بند نہ ہوتو مفید دوا :

فاسفورس Phosphorus 1000-10

2242۔خون کے پتلا ہوکر بہت جلد بہنے کا رجحان (ہیموفیلیا Haemophilia)
کے مریضوں کے لئے مفید دوائیں:

1۔ فاسفورس Phosphorus 30

2۔ ایسڈ فاس Acid Phos 30

3۔ فیرم فاس Ferrum Phos 30

4۔ فیرم میٹ Ferrum Met. 30

"فاسفورس ہومیوپیتھک دوا کی شکل میں خون کو گاڑھا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن اگر یہ خون کو بہت گاڑھا کردے تو مضر نتائج ظاہر ہوسکتے ہیں اور دل کے حملہ کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔اس لئے فاسفورس کو لمبے عرصہ تک آنکھیں بند کر کے استعمال کرتے رہنا مناسب نہیں۔فاسفورس۔ایسڈ فاس اور فیرم فاس استعمال کرنے والوں کے دو تین ماہ کے بعد خون کا ٹیسٹ ہونا چاہیئے۔خون صرف اس حد تک گاڑھا ہونا چاہیئے جو جریان خون کے رجحان کو ختم کر دے۔اس کے بعد ان دواؤں کا استعمال روک دینا چاہیئے۔دوبارہ خون پتلا ہونے کا رجحان ہوتو پھر شروع کرادیں۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 384)

(فیرم میٹ).....میں خون بہنے کا رجحان ہوتا ہے جس میں پتلا اور پانی ملا ہوا کچا لہو سا خون بہتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 379)

2243۔بہت زیادہ خون بہنے کا رجحان۔مفید دوائیں:

1۔کریوزوٹ Kreosot 200-30

2۔فاسفورس Phosphorus 200-30

3۔سیکیل کار Secale Cor 200-30

4۔لیکیسس 200-30 Lachesis

کریوزوٹ کی یہ خاص علامت ہے کہ معمولی دباؤ سے بھی خون بہنے لگتا ہے اچھے بھلے مسوڑھوں کو اُنگلی سے دبا دیں تو خون نکل آئے گا یا کہیں کوئی معمولی سی بھی تکلیف ہو تو ذرا سا دبانے سے ہی خون رسنے لگے گا۔

فاسفورس میں ہمیشہ سُرخ رنگ کا خون بہتا ہے اور یکدم شدت کے ساتھ جاری ہوتا ہے۔
سیکیل کار اور لیکیسس میں خون کی رنگت سیاہی مائل ہوتی ہے اور ان کے زخموں کی شکل بھی ایک جیسی ہوتی ہے۔سیکیل کی طرح لیکیسس کے زخموں میں بھی گینگرین بننے کا رجحان ہوتا ہے اور ان سے سیاہی مائل خون رستا ہے۔جلد سکڑ کر سیاہی مائل ہو جاتی ہے اور اس میں جھریاں پڑ جاتی ہیں۔لیکیسس میں مریض کا جسم ٹھنڈا اور سخت سردی محسوس کرتا ہے جبکہ سیکیل کا مریض سخت گرمی محسوس کرتا ہے اور ماؤف جگہوں پر ٹھنڈی چیز لگانے سے آرام آتا ہے۔

2244۔ذرا سے دباؤ سے خون جاری ہو جاتا ہو جسم کے کسی بھی حصہ سے خون جاری ہونے کا رجحان ہو(خاص علامت)

کارآمد دوا: کریوزوٹ Kreosot 30

2245۔آنکھ میں ورم ہو تو معالج کے ہاتھ لگا کر دیکھنے سے بھی خون نکل آتا ہو(علامت)

مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

2246۔رحم میں ذرا سا دباؤ یا معالج کے ہاتھ لگا کر دیکھنے سے خون جاری ہونے کی کیفیت میں مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

ایسی عورتوں کو مسلسل خون آنے کی شکایت ہو جاتی ہے حیض کے ایام کے باوجود بھی خون جاری رہتا ہے۔

2247۔ذرا سی سوئی چبھ جائے تو خون کی بوندیں ٹپکنے لگتی ہوں۔

مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

2248۔آنسوؤں میں خون کی آمیزش ہوتی ہوتو

مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

2249۔ہاتھ سے دانت صاف کرنے پر بھی خون نکل آتا ہوتو

مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

2250۔پھیپھڑوں، ناک، انتڑیوں یا رحم یا کہیں اور سے خون جاری ہو جائے اور اسے روکنے کیلئے کسی دوا کی واضح علامتیں نہ ہوں تو فوری ضرورت کیلئے

مفید دوا : ایڈرنالین Adernalin 30

ہومیو پیتھی طریق علاج میں یہ دوا ہر قسم کے سیلان خون کو روکنے میں مدد دیتی ہے۔

2251۔پیشاب کے ساتھ خون آنے لگے۔

فائدہ مند دوا: ایڈرنالین Adernalin 30

2252۔حمل ضائع ہونے کا خدشہ لاحق ہو جائے۔ معمولی حرکت سے خون جاری ہو جائے اور آرام سے رُک جائے تو مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 30

2253۔عورت کو حمل کے آغاز سے ہی جریان خون کی شکایت ہو جس سے اکثر بچہ ضائع ہو جاتا ہو اس بیماری سے نجات کے لئے

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium CM--30

متوقع حمل سے کچھ پہلے ملی فولیم کی ایک لاکھ طاقت میں ایک خوراک اس بیماری سے ہمیشہ کے لئے نجات دے دیتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 602)

2254۔جریان خون کے رجحان میں آپریشن سے پہلے اور آپریشن کے دوران جریان خون کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھنے والی دوا:

ملی فولیم Millefolium 1000

2255۔ ہر آپریشن سے پہلے اور بعد میں پیچیدگیوں سے بچانے والی

مفید دوا: آرنیکا Arnica 1000

2256۔ آپریشن کے بداثرات اور آپریشن کے بعد صدمہ سے بچنے کیلئے

بہت اہم دوا: سٹرونشیم کارب Strontium Carb. 200-30

سرجن کو چاہیئے کہ آپریشن کے دوران اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھے کیونکہ جو لوگ آپریشن کے صدمہ سے اچانک مفلوج ہو جاتے ہیں اور موت کے قریب پہنچ جاتے ہیں ان کے لئے سٹرونشیم کارب بہت اچھی دوا ہے۔ حادثات میں شدید زخمی ہو جانے سے بھی اگر جسم اچانک جواب دے جائے تو یہی دوا اکثیر ثابت ہوتی ہے۔

2257۔ آپریشن کے بعد جریان خون روکنے کے لئے

مفید دوا: ملی فولیم Millefolium 30

2258۔ جریان خون کے بعد کمزوری کی وجہ سے مریض بے چین رہتا ہو اور بے خوابی کا شکار ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: چائنا China 200-30

2259۔ خون بہنے کا رجحان صرف گنٹھیا کی موجودگی میں رُک جاتا ہو اگر گنٹھیا ٹھیک ہو جائے تو خون بہنے لگتا ہو اور اگر خون بہنا رُکے تو گنٹھیا کی تکلیف ہو جاتی ہو۔

(دلچسپ علامت) مفید دوا: سبائنا Sabina 200-30

2260۔ خون کے اخراج کی وجہ سے ماؤف حصہ چھل جاتا ہو اور جلن ہوتی ہو۔

مفید دوا: کریوزوٹ Kreosot 30

☆☆☆☆☆

سیاہ سیلان خون

2261۔ناک،منہ،گلے،معدے اورانتڑیوں سے سیاہ رنگ کا پتلا خون رسنے لگے۔

بہترین دوا: امونیم کارب Amonium Carb 30

2262۔سیاہ سیلان خون: ہر سیلان خون خواہ رحم سے جاری ہو یا ناک سے یا کسی اور زخم سے سیاہی بہت نمایاں ہو(علامت)

مفید دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

سیکیل کار کے دائرہ میں آنے والی ہر بیماری کا وریدوں کے خون کے گندا ہونے سے تعلق ہے۔ایسے مریض جو موت کی طرف تیزی سے بڑھ رہے ہوں اگر ان کا سارا نظام خون گندہ اور سیاہ ہو چکا ہو تو سیکیل کو اس حوالہ سے یاد رکھنا چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 737)

2263۔انتڑیاں اور گردے جواب دے جائیں اور جہاں جہاں جھلیاں ہیں وہاں سے سیاہ رنگ کا زہریلا خون جاری ہو جائے ایسے نازک اور تشویشناک مرحلہ میں سب سے اچھی ثابت ہونے والی دوا:

امونیم کارب Amonium Carb 30

2264۔ناخنوں کی پوروں اور جہاں جلد اندرونی جھلیوں سے ملتی ہے ان جوڑوں سے کالا خون بہنے کا رجحان۔

مفید دوا: سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

2265۔جریان خون: سُرخ ہو یا کالا اوّلین دوا:

ملی فولیم Millefolium 200-30

2266۔سیاہ سیلان خون: اچانک جسم کے کسی حصہ سے خون بہنے لگے،خون کا رنگ سیاہ ہوتا ہو اور ہر اس جگہ سے نکلتا ہو جہاں بیرونی جلد اور اندرونی جھلیوں کے جوڑ آپس میں ملتے ہوں۔

کارآمد دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

اچانک جسم کے کسی حصہ سے خون کا بہنا سانپ کے زہر کی یاد دلاتا ہے۔خون سیاہی مائل اور مائع صورت میں ہوتا ہے جمتا نہیں ہے۔حالانکہ جسم کے اندر خون کی رگوں میں خون پھٹ کر دہی کی پھٹکیوں کی طرح ہو جاتا ہے۔پس جو خون باہر نکلتا ہے۔وہ میلا کچیلا خون ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 332)

2267۔زخموں سے سیاہ رنگ کا خون بہتا ہو جو گھاس پھوس کے ریشوں کی طرح جم جاتا ہو اور مقدار میں بہت زیادہ ہوتا ہو مفید دوائیں:

1۔لیکیسس Lachesis 200-30

2۔آرسینک Arsenic 200-30

3۔سیکیل کار Secale Cor 200-30

2268۔عورتوں کے رحم میں زخم بن جاتے ہوں اور مسلسل سیاہ رنگ کا خون جاری رہتا ہو جس میں ناقابل برداشت بُو ہوتی ہو۔سیاہ بدبُو دار خون کے لوتھڑے نکلتے ہوں جن میں تعفن پایا جاتا ہو اور گینگرین بننے کا خطرہ ہو۔

کارآمد دوا: سیکیل کار Secale Cor 200-30

☆☆☆☆☆☆

خون کے بعض دیگر عوارض اوران کا علاج

2269۔خون کی نالیوں میں رکاوٹ اور شوگر مفید نسخہ

1۔آرنیکا Arnica 1000

ایک خوراک چند دن کے بعد

2۔سورائینم Psorinum 1000 ہفتہ وار

2270۔خون میں کولیسٹرول زیادہ ہونے کی وجہ سے آنکھوں پر اثر: کارآمد نسخہ

کولیسٹرینم Cholesterinum
فائٹولاکا Phytolacca
فاسفورس Phosphorus

30 ملا کر روزانہ تین بار

2271۔خون میں چکنائی یعنی کولیسٹرول زیادہ ہو جائے تو

کارآمد دوا: کولیسٹرینم Cholestrinum 200-30

امریکہ میں بعض مریضوں نے کولیسٹرول کو کم کرنے کے لئے جدید ترین طریقوں سے ایجاد کی گئی دوائیں استعمال کیں۔لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا جبکہ کولیسٹرینم کے استعمال سے انہیں نمایاں فرق محسوس ہوا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 289)

2272۔خون کی وریدیں موٹی ہونے لگیں اوران میں خون کے لوتھڑے بن جائیں،

خون کی رگوں میں دھڑکن اور تپکن پیدا ہو جائے۔

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met 200-30

2273۔خون میں زہر پھیل جائے اور رحم یا جسم کے کسی دوسرے عضو میں زخم متعفن (Septic) ہوں تو

1۔بہت اچھی دوا: بپٹیشیا Baptisia 30

2۔ سب سے اچھا علاج: سلفر Sulphur 200
پائیروجینم Pyrogenium 200

''پیپیا کی علامتیں ہوں تو ان دونوں دواؤں کی مددگار کے طور پر اسے 30 طاقت میں ساتھ دیا جائے تو سونے پر سہاگے کا کام کرے گی۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 121)

2274۔ جلد پر بلا وجہ سُرخ خون کے دھبے پڑ جائیں۔ یہ دھبے سیاہی مائل بھی ہوتے ہوں جو کچے کچے اور بہت بدزیب نظر آتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30
2۔ آرنیکا Arnica 30

سلفیورک ایسڈ میں اس قسم کا اندرونی جریان خون شامل ہے۔ جلد پر خون، دھبوں کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ ان دھبوں کا رنگ سیاہی مائل یا نیلا ہوتا ہے۔ سلفیورک ایسڈ میں آرنیکا کی بعض علامتیں پائی جاتی ہیں۔

2275۔ چہرے کی جلد پر خون کے کچے کچے چھالے اُبھر آتے ہوں۔

چوٹی کی دوا: لیکیسس Lachesis 30

عام طور پر لیکیسس میں آرنیکا کی طرح سیاہی مائل خون بہتا ہے لیکن چہرے پر سُرخ رنگ کے چھالے بنتے ہیں جن کا لیکیسس سے ہی تعلق ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 551)

2276۔ جلد پر خون کے چھالے بن جاتے ہوں اور پھیلنے لگتے ہوں (جو اندرونی بیماری کا مظہر ہیں) اس مرض میں بہت اہم دوا:

سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

اگر سلفیوک ایسڈ کی علامتیں موجود ہوں تو ایک دو خوراکوں سے ہی آرام آجاتا ہے۔

2277۔ مریض کے اعصاب جلد جواب دے جاتے ہوں اور خون کا نظام معمولی

بے احتیاطی سے بھی بگڑ جاتا ہو۔ جلد پر پھوڑے بننے لگتے ہوں۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

اس میں خون کی گہری بیماریاں پائی جاتی ہیں۔ جلد پر پھوڑے بھی بننے لگتے ہیں۔ کمزوری محسوس ہوتی ہے۔ رنگت خراب ہو جاتی ہے اور مریض بہت حساس ہو جاتا ہے۔

2278۔ خون اندر سے اُبل کر جلد کے نیچے خُلیوں کو بھر دیتا ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

2279۔ ایڈیما: Edema یعنی خُلیوں میں سیرم (Serum) کا جمع ہو جانا۔

(Accumulation of Serum in Cells)

1۔ مفید نسخہ: ایکونائیٹ Aconite } 200
سلفر Sulphur }

2۔ مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

ANAEMEA : خون کی کمی

2280۔ خون کی کمی کیلئے بہت مفید نسخہ:

کالی فاس Kali Phos }
کلکیر یا فاس Calc. Phos } 6x
فیرم فاس Ferrum Phos }

جسم میں خون کی مقدار بڑھانے کیلئے اور بچوں کی عمومی صحت کی بحالی کے لئے۔ کالی فاس، کلکیر یا فاس اور فیرم فاس 6x کو ملا کر دینا بہت مفید نسخہ ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 514-513)

یہ حاملہ خواتین کی خون کی کمی کی ضروریات کو پورا کرنے والی بہترین دوائیں ہیں۔

لیکن انہیں مسلسل استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ کچھ عرصہ استعمال کر کے وقفہ دیں۔ پھر دوبارہ شروع کروادیں۔

2281۔اگر یہ فارمولا کام نہ کرے اور حاملہ یا غیر حاملہ مریضاؤں یا مریضوں کے خون کی اصلاح کرنا ہو تو نیٹرم فاس بھی ساتھ ملالیں۔

6 x	Kali Phos	کالی فاس
	Calc. Phos	کلکیر یا فاس
	Ferrum Phos	فیرم فاس
	Nat. Phos	نیٹرم فاس

2282۔بچہ پیدائشی طور پر کمزور ہو تو اس کے لئے مفید نسخہ:

6 x	Kali Phos	کالی فاس
	Calc. Phos	کلکیر یا فاس
	Ferrum Phos	فیرم فاس
	Silicea	سلیشیا

اگر بچہ وقت سے پہلے پیدا ہو گیا ہو تو اس کے بہت سے عضلات جو ماں کے پیٹ کے اندر نشوونما پانے چاہیئے تھے وہ بہت کمزور رہ جاتے ہیں سلیشیا ان کو تقویت دیتی ہے۔ پیدائشی کمزوریاں دور کرنے کیلئے یہ بہت اچھا نسخہ ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 514)

2283۔خون کی کمی کو دور کرنے کے لئے بہترین دوا:

مفید دوا : فیرم فاس — 6x Ferrum Phos

2284۔خون کے سُرخ ذرات میں کمی: مفید دوائیں۔

1۔فیرم میٹ	Ferrum Met.	30
2۔چائنا	China	30

2285۔خون میں سرخ ذرّات کی کمی اور خون کی کمی کیلئے بہت اچھا نسخہ:

6x	Ferrum Met.	فیرم میٹ
	Ferrum Phos	فیرم فاس
	Nat. Phos	نیٹرم فاس

نیٹرم فاس کا خون کے سُرخ ذرّات سے گہرا تعلق ہے حالانکہ خون میں سُرخ ذرّات کی کمی میں فیرم میٹ یا فیرم فاس اصل دوائیں ہیں لیکن بعض دفعہ یہ اکیلی کافی نہیں ہوتیں، نیٹرم فاس کو ساتھ ملالیں تو یہ خون کی کمی کا بہت اچھا نسخہ ہے۔

2286۔جسم میں خون کی کمی کے نتیجہ میں سخت کمزوری ہو۔ بار بار بے ہوشی طاری ہو، سانس میں گھٹن کے احساس ہوتو

مفید دوا : ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 30

2287۔مریضوں میں خون کی کمی ہو۔ان میں جلد غصہ آنے کا رجحان بھی پایا جاتا ہو ایسے مریضوں کا پسینہ پھوٹ پڑتا ہو اور سارا جسم کانپنے لگتا ہو۔ مریض بہت جذباتی ہو جاتے ہوں۔ کبھی خوش ہو جاتے ہوں اور کبھی ہذیان بکنے لگتے ہوں (علامت)

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 30-6x

یہ علامت فاسفورس اور آئرن کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔

2288۔خون کی کمی اور ذیابیطس، دونوں کے لئے بہت مفید نسخہ:

6 x	Kali Phos	کالی فاس
	Calc. Phos	کلکیر یا فاس
	Ferrum Phos	فیرم فاس
	Nat. Phos	نیٹرم فاس

2289۔خون کی کمی سے چہرہ پر ایک عجیب قسم کی چمک نمایاں ہو اور جو خون کی کمی کی مزید نشاندہی کرے۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars 30

2290۔مریض میں خون کی کمی نمایاں پائی جاتی ہو۔مگر چہرے پر معمولی جذباتی ہیجان سے بھی خون کی چمک دکھائی دیتی ہو جسے ہومیو پیتھ فالس پلیتھورا (False Plathora) یعنی خون کا جعلی عکس کہتے ہیں۔

کارآمد دوا: فیرم میٹ Ferrum Met 30

2291۔عورتوں میں خون کی کمی ہو جانے سے حیض کا خون مسلسل آنے لگے۔خون پتلے پانی کی طرح کچا ہوتا ہو اور بند نہ ہوتا ہو اس صورت میں مفید دوا :

مفید دوا: سیانوتھس Ceanothus 1 X - Q

2292۔عورتوں میں سیلان خون اور بچوں کو دودھ پلانے کے نتیجہ میں خون کی کمی واقع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

2293۔خون کی کمی کی وجہ سے چہرہ پر ورم اور بے رونقی ہو۔جھریاں پڑنے لگیں۔چہرہ بہت بوڑھا دکھائی دے اور مریض بالکل کھوکھلا اور بے جان ہو۔ایسے مریضوں کے لئے

مثالی دوا: چینینم آرس Chininum Ars 30

2294۔عورتیں جنہیں خون کی کمی کی شکایت ہو اور ان کا چہرہ زرد رہتا ہو۔ان کے لئے

بہت مفید دوا :لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 30

2295۔عورتوں میں حیض ختم ہونے کے زمانے میں یا ویسے ہی خون کی کمی سے چہرہ پر

تمتماہٹ اور گرم ہوا کے جھونکے محسوس ہوتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سلفر Sulphur 200-30

2۔ گریفائیٹس Graphites 200-30

3۔ لیکیسس Lachesis 200-30

4۔ مینگینم Manganum 200-30

2296۔ خون کی کمی کی وجہ سے سر میں درد، سر میں ہتھوڑے پڑنے کا احساس۔

1۔ چینینم آرس Chininum Ars 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

یہ علامت نیٹرم میور میں نمایاں ہوتی ہے کیونکہ یہ بھی خون کی کمی کی بہترین دوا ہے۔ اس میں خون میں پانی کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے۔

چینینم آرس میں خون کے سُرخ ذرے کم ہونے کی وجہ سے خون کی کمی ہوتی ہے۔ اس لئے اس کی وریں پھولی ہوئی اور کھوکھلی ہوتی ہیں۔ سر کے باہر بھی عضلات میں درد ہونے لگتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 285)

ملیریا سے خون میں بہت توڑ پھوڑ ہوتی ہے۔ سُرخ ذرات کم ہو جاتے ہیں اور خون میں پانی زیادہ ہونے لگتا ہے۔ ان وجوہات کی وجہ سے نیٹرم میور کی ضرورت پڑتی ہے۔

2297۔ خون کی کمی معدے کی جھلیوں کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہو جس کے نتیجہ میں وہ لعاب پیدا نہیں ہوتے ہوں جو وٹامن بی 12 کو ہضم کرتے ہیں۔ ایسے مریض کو وٹامن بی 12 کے ٹیکوں سے بچانے والی دوا:

کلکیریا کارب Calc. Carb 30

ایسے مریض کو اگر ہومیوپیتھی دوا کی صورت میں کلکیریا کارب دے دی جائے تو ان ٹیکوں کی ضرورت نہیں رہتی اور جسم خود بخود خون بنانے لگتا ہے۔

امراض گردہ : Addisons Diseases

Kidney Diseases

2298۔گردے میں پتھری: Stone in Kidney مفید نسخہ

1۔سلیشیا Silicea
میگ فاس Mag. Phos
6x ملا کر

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر بغیر پانی کے چوس لیا کریں۔

2۔بربرس Berberis Q

روزانہ تین بار پندرہ بیس قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے پی لیا کریں

3۔ایکونائیٹ Aconite
بیلاڈونا Belladonna
1000

دونوں ملا کر جب درد کا حملہ ہو تو آغاز ہی میں دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے صرف دو خوراک استعمال کریں۔ اکثر بفضلہٖ تعالیٰ فوری افاقہ ہوتا ہے۔ ویسے بھی ہر ہفتہ ایک خوراک حفظ ماتقدم کے طور پر کھائی جاسکتی ہے خوراک: دس پندرہ گولیاں بغیر گنے چوس لیا کریں۔

2299۔گردے میں پتھری: (ایک اور نسخہ)

1۔کلکیریا فلور Calc. Fluor
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
میگ فاس Mag. Phos
6 x

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر بغیر پانی کے چوس لیا کریں۔

2۔بربرس Berberis Q

2300۔ گُردے میں پتھریاں پائی جاتی ہوں جو مثانے میں پھنس جاتی ہوں، درد یں نیچے کی طرف اُترتی ہوں۔

مفید دوا : پریرابریوا Pereira Brava Q

2301۔ پیشاب کی سخت حاجت۔ اس میں پکی اینٹ کے ذرّوں کی طرح سُرخ ذرّے اور باریک پتھریاں اور یورک ایسڈ (Uric Acid) کی ملاوٹ ہوتی ہو جس کی وجہ سے گُردے سے مثانے تک کاٹنے والے دردوں کی لہریں چلتی ہوں۔ اچانک پیشاب بند ہو جاتا ہو۔

کارآمد دوا: کوکس کیکٹائی Coccus Cacti 30

2302۔ گُردوں کا تشنج جو پتھریوں اور سوزش وغیرہ سے ہو۔

بہت مفید دوا : ٹیرینٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 30

اگر گُردے کے اردگرد کولہے کے اوپر کمر کے پاس تشنج نمایاں ہو اور پیشاب میں جلن ہو لیکن مقدار میں زیادہ ہو اور اچانک جکڑن پائی جائے تو غالباً ٹیرینٹولا ہی دوا ہو گی۔

2303۔ گُردے کی شدید درد اور پتھری کے لئے

مفید دوا : بربرس Berberis Q

لیکن یہ کچھ لمبا عرصہ کھلانی پڑتی ہے تاکہ پتھری رفتہ رفتہ گھُل کر باہر آ جائے۔

2304۔ گُردوں کی اکثر تکلیفوں میں مثلاً پیشاب میں خون، چھوٹی چھوٹی پتھریاں یا ریت کے ذرّے آنے لگیں جو مثانے کی نالی کو زخمی کر دیں اور شدید جلن ہوتی ہو تو

کارآمد دوا: ہائیڈرینجیا Hydrangea 30

روزانہ تین بار

2305۔ گردے میں پتھریوں کی وجہ سے گردے کے شدید درد کا دورہ پڑے تو اکسیں

1۔ اوّلین نسخہ: ایکونائیٹ Aconite
بیلاڈونا Belladonna
1000

دونوں کو 1000 طاقت میں ملا کر دس دس منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں دیں تو اللہ کے فضل سے بہت سے مریضوں کو فوری آرام آ جاتا ہے۔

2۔ اگر ایسے مریض کی تکلیف گرمی کی بجائے سردی سے بڑھتی ہو تو پھر

1۔ میگ فاس Mag. Phos 6x بار بار دینے سے یا

2۔ کولوسنتھ Colocynith CM

ایک خوراک دینے سے بعض دفعہ جادو کی طرح اثر ہوتا ہے۔

درد کے اس دورے کے رفع ہونے کے بعد گردے کی پتھریوں کا مستقل علاج ہونا چاہیے۔

2306۔ گردے پر چوٹ یا انفیکشن یا سُوجن: مفید نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
بیلاڈونا Belladonna
1000

2۔ پریرابریوا Pareira Brava
بربرس Berberis
Q

چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر اگر فائدہ نہ ہو تو نمبر 3 کی صرف ایک خوراک

3۔ سلیشیا Silicea 1000

2307۔ گردے میں انفیکشن: Kidney Infection مفید نسخہ

1۔ آرسینک Arsenic 200 تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

2۔ فاسفورس Phophorus 30 روزانہ تین بار

3۔ پریرابریوا Pareira Brava Q روزانہ تین بار 10 قطرے ایک گھونٹ پانی میں

2308۔ گُردے کی شدید درد اور اگزالک ایسڈ کی سخت پتھری۔

1۔ مفید دوا: سلیشیا 6x Silicea

گردہ میں بننے والے کنکر خصوصاً آگزیلیٹس (Oxalates) جو کسی اور دوا سے ٹھیک نہیں ہوتے بسا اوقات کچھ عرصہ سلیشیا 6x کھلانے سے چھوٹے چھوٹے ریت کے ذرے بن کر نکل جاتے ہیں۔ ایسی پتھریاں ایکسرے میں بھی نظر نہیں آتیں اس لئے صرف گردے کی درد کے شدید دورے ان کی نشاندہی کرتے ہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 759)

2۔ مفید نسخہ:

سلیشیا	Silicea 6x
کلکیریا فلور	Calc. Fluor 6x

"ملا کر کچھ عرصہ کھلایا جائے تو یہ نسخہ رفتہ رفتہ اس پتھری کو بھی گھلا دیتا ہے۔"

2309۔ گُردوں کی اندرونی جھلیوں میں سوزش اور ہلکے یا شدید چبھن والے درد پائے جاتے ہوں۔ مفید دوا: کالی سلف 200-6x Kali Sulph

2310۔ گُردوں میں عام سوزش کی وجہ سے درد ہوتا ہو اور دُکھن کا احساس ہر وقت رہتا ہو۔ (پتھری کی وجہ سے نہیں)

مفید دوا: کلکیریا فاس 6x Calc. Phos

2311۔ گُردے کا درد پتھریوں کی وجہ سے نہ ہو بلکہ سوزش کی وجہ سے ہوتا ہو تو

مفید ثابت ہونے والی دوا: میڈورائینم 200 Meddorhinum

2312۔ گُردہ کی سوزش (Nephritis) کے لئے

مفید دوا: پائیروجینم 200 Pyrogenium

پائیروجینم کا مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہے۔ شدید سردی محسوس کرتا ہے۔ ٹھنڈے پانی کی شدید پیاس ہوتی ہے۔ بے چینی بھی ہوتی ہے۔

2313۔اگر گُردے میں بہت درد ہو اور سردی سے آرام محسوس ہو۔

1000	[	Aconite	ایکونائیٹ
		Belladonna	بیلاڈونا

ملاکر پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں۔

2314۔گُردوں کی انفیکشن میں شدید سردی لگتی ہو۔

1۔متلی کی علامت ہو تو مفید دوا :اپیکاک Ipecac 30

2۔ابتدائی سردی کے وقت مریض کو گرماہٹ دیں اور گھونٹ گھونٹ گرم پانی پلائیں۔

2315۔گُردے میں بہت درد(گرمی سے افاقہ ہو تو)

1۔کولوسنتھ Colocynith CM

2۔میگ فاس Mag. Phos 6x

"گُردے کے درد شروع ہونے پر ایکونائیٹ (Aconite)1000 کو بیلاڈونا (Belladonna) 1000 کے ساتھ ملا کر پندرہ منٹ کے وقفہ سے دو خوراکیں دی جائیں تو متعدد مریضوں کو فوری فائدہ ہوتا ہے۔جہاں گردے کی تکلیف میں گرمی سے افاقہ ہوتا ہو۔وہاں بعض دفعہ کولوسنتھ CM ایک ہی خوراک فوری فائدہ پہنچائے گی۔یا پھر میگ فاس 6x کو گرم پانی میں گھول کر گھونٹ گھونٹ پلایا جائے تو تشنج دور ہو جائے گا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 11)

2316۔گُردے کے تشنج کا درد جگر کی طرف حرکت کرتا ہو۔درد کی لہریں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہوں۔دباؤ سے نقصان اور انگڑائی لیکر ماؤف جگہ پر دباؤ کم کرنے سے آرام ملتا ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

روزانہ تین بار

2317۔گُردے کے درد کا ایک اور نسخہ

1۔ کیوپرم Cuprum
ٹیری بن تھینا Teribin Thina
30 ملا کر

2۔ بربرس Berberis Q دس پندرہ قطرے

ایل سیرم EelSerum 1x تا 3x ایک سے دو قطرے

پریرابریوا Pareira Brava Q دس پندرہ قطرے ملا کر دن میں تین بار

2318۔گُردوں میں سوزش کی وجہ سے بہت درد اور بے چینی ہو اور پیشاب میں خون آئے تو اچھی دوائیں:

1۔ سبائنا Sabina 30

2۔ پریرابریوا Pareira Brava Q

سبائنا میں گُردوں میں چاروں طرف ٹھہری ہوئی سوزش رہتی ہے۔ پریرا میں دردیں نیچے کی طرف اُترتی ہیں اور پتھریاں بھی پائی جاتی ہیں جو مثانے میں پھنس جاتی ہیں۔

2319۔گُردے خراب ہوں تو کارآمد نسخہ

1۔ ایپس میلیفیکا Apis Melli. 1000 ہفتہ وار

2۔ کالی میور Kali Mur
سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6 x

3۔ پریرابریوا Pareira Brava Q دس پندرہ قطرے

ایل سیرم Eelserum Q 1,2 قطرے

ملا کر پانی کے گھونٹ میں دن میں تین بار۔

2320۔ گردوں میں تکلیف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں متورم ہو جائیں۔

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

اگر گردوں کی بیماری میں آئیوڈم کو وقت پر دے دیا جائے تو مریض بہت سی ناقابل علاج اور تکلیف دہ بیماریوں سے بچ جاتا ہے۔

2321۔ گردوں کی تکلیفیں مزمن ہو جائیں۔ جسم میں پھلپھلی ورمیں پیدا ہو جائیں۔

خصوصاً پاؤں اور ٹانگوں میں اگر سکڑن کا اچانک پن اور اس کی شدت نمایاں ہو تو سارے بدن کو شفا بخشنے والی دوا:

کیکٹس Cactus 30

ان علامتوں کے ساتھ بلا تردد کیکٹس دے دینی چاہیئے کیونکہ اگر کیکٹس ہی دوا ہو تو افاقہ تیزی سے ہوگا۔ اگر نہ ہو تو نقصان بھی نہیں۔

2322۔ ایک گردہ کام نہیں کر رہا۔ مفید نسخہ

1۔ پریرابریوا Pareira Brava Q دن میں تین بار

2۔ ایل سیرم Eel Serum Q 1x سے 3x دن میں تین بار

3۔ کاسٹیکم Causticum 200 روزانہ ایک بار

2323۔ گردے خراب اور بندش پیشاب: عمدہ نسخہ

1۔ کالی میور Kali Mur
سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x

2۔ پریرابریوا Pareira Brava
بربرس Berberis
Q

2324۔گُردے متورم ہوں۔سُرخ یا زردی مائل پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

2325۔اچانک صدمہ پہنچنے سے گُردے کام کرنا چھوڑ دیں تو

کارآمد دوا: پلمبم میٹ .Plumbum Met 30

پلمبم ان میں دوبارہ حرکت پیدا کردیتی ہے۔

2326۔تعفنی بخار کے بعد گُردے جواب دے جائیں تو بہت

مفید دوا : پائیروجینم Pyrogenium 200

یہ گردوں کی سوزش (**Nephritis**) کیلئے بھی مفید ہے۔اگر یہ علم ہوجائے کہ کسی زمانے میں مریض کو تعفنی بخار ہوا تھا اوراس کے بعد گردے جواب دے گئے تو پائیروجینم بہت مفید ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 700)

تلی اور جگر کے عوارض

Spleen & Liver Diseases

2327۔تلی بڑھ گئی ہوتو (Spleen Enlarged) مفید نسخہ

1۔سیانوتھس امریکینس .Ceanothus Amer 1x یا 3x دن میں تین بار

2۔کولیسٹرینم Cholestrinum 30

اس کے مریض میں بے چینی اور بیزاری نمایاں ہوتی ہے۔

2328۔تلی اور جگر بڑھ گئے ہوں تو عمدہ نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں دوبار

2۔کلکیریا کارب Calc. Carb 30 روزانہ تین بار

2329۔ جگر اور تلی بڑھ جائے اور پیٹ کے دونوں طرف سختی محسوس ہو تو

مفید دوا : سیانوتھس   Ceanothus 1x-Q

صرف جگر بڑھنے کے نتیجہ میں پیٹ کے دائیں طرف سختی ملتی ہے۔ مگر تلی بھی خراب ہو جائے تو دونوں طرف سختی محسوس ہو گی۔

2330۔ جگر کے مقام پر درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : ملی فولیم   Millefolium 200-30

2331۔ جگر اور تلی پھول کر سخت ہو جائیں اور سارا جسم سُوکھ جائے اس کے باوجود بھوک بدستور موجود رہے۔

مفید دوا : آیوڈم   Iodum 30

2332۔ جگر تلی اور گلے کی سوزش۔ عموماً ایسی سوزش اور غدودوں کی تکلیف کے نتیجہ میں مریض کو اسہال لگ جاتے ہوں تو

مفید دوا : آیوڈم   Iodum 30

2333۔ جگر اور تلی کے مریض کو قبض یا اسہال کا عارضہ لگا رہتا ہے اگر زیادہ تر اسہال لگتے ہوں تو

مفید دوا : سیانوتھس   Ceanothus 1x-Q

2334۔ تلی کے پاس چبھن کا احساس ہوتا ہو۔ بائیں طرف کی جلد بہت زود حس ہو جاتی ہو اور دُکھتی ہو۔

مفید دوا : چیلیڈونیم   Chelidonium Q

2335۔ ملیریا کی وجہ سے تلی متاثر ہو۔ مریض خون کی کمی کا شکار ہو جائے۔ بائیں طرف

بوجھ اور اُبھار محسوس ہوتا ہو بلکہ دونوں طرف سختی محسوس ہوتی ہو۔

بہترین دوا: سیانوتھس Ceanothus 1x-Q

2336۔مزمن بلڈ پریشر کا تعلق جگر اور تلی سے ہو تو

مفید دوا : سیانوتھس Ceanothus 1x-Q

اگر تلی میں سختی پیدا ہو جائے تو خون کی شریانیں سخت ہو جاتی ہیں۔اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے مزمن بلڈ پریشر میں جس کا تعلق جگر اور تلی سے ہو سیانوتھس کو استعمال کرنا چاہیئے۔یہ خون کے دباؤ کو کم کرتی ہے۔

بلڈ پریشر کا تعلق عموماً دل اور گردے سے ہوتا ہے لیکن جب بیماری کا مرکز جگر اور تلی ہو تو اس صورت میں سیانوتھس دینی چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 267)

2337۔جگر اور گردے خراب ہوں اور پیٹ میں پانی کیلئے مفید نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں دوبار

2۔کارڈرس میریٹس Carduus Marianus ⎤ 200

میڈورائینم Medorrhinum ⎦

2338۔مزمن ملیریا کے نتیجہ میں جگر خراب ہو جائے اور تلی پھول جائے۔پیٹ پھول جائے جگر اور تلی کی جگہ پر سوزش اور سختی پیدا ہو جائے تو ان کے لئے مفید نسخہ:

1۔برائیونیا Bryonia 200 دن میں ایک دوبار اور

2۔سلفر Sulpur 30 دن میں تین دفعہ روزانہ اور

اس کے ساتھ

3۔کارڈرس میریٹس Carduus Marianus Q

چند قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین دفعہ۔اس کے علاوہ

4۔سیانوتھس Ceanothus Q

چند قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین دفعہ روزانہ

سیانوتھس تلی کی بہترین دوا ہے۔تلی اور جگر کی جگہ پر سوزش اوران میں سختی پیدا ہو چکی ہوتی ہے۔ایسے مریضوں کا علاج جگر کی مندرجہ بالا ادویہ اور سیانوتھس سے کرتے ہیں۔اللہ کے فضل سے دو تین مہینے کے اندر اندر حیرت انگیز طور پر شفا ہو جاتی ہے۔

2339۔جگر کی خرابی کے نتیجہ میں جسم پر پیدا ہونے والی سوزش اور ورم کے ساتھ گرمی کا احساس بھی ہوتا ہو۔اسہال میں صفراء بھی شامل ہوتا ہو اور پیٹ ہوا سے تن جاتا ہو۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 3C

2340۔جگر کی خرابی بڑھنے سے چہرے پر یرقان کے اثرات ظاہر ہو جاتے ہوں۔جگر کی ورم اکثر چہرے اور پیٹ پر ظاہر ہوتی ہو اور پھر پاؤں پر اثر پڑتا ہو۔

مفید دوا :ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2341۔جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والی پھلپھلی ورمیں مختلف اعضاء اور چہرے پر دکھائی دیتی ہوں۔

مفید دوا :کالی سلف Kali Sulph 6x

2342۔جگر کی بیماریوں کی وجہ سے کھانسی ہو جاتی ہو جس کا اثر دائیں پھیپھڑے کے نچلے حصہ پر ہوتا ہو۔

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium Q

2343۔جگر کی خرابی معدے تک پہنچ جائے۔سیاہ رنگ کے خون کی قے آتی ہو۔دائیں پسلیوں میں اور سینے میں درد ہوتا ہو جو حرکت سے بڑھتا ہو۔سینے کا درد کندھوں، کمر اور پیٹ تک پہنچتا ہو۔

مفید دوا : کاردووس میریانس Carduus Marianus Q

جگر خراب ہو تو معدہ ضرور متاثر ہوتا ہے۔ منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہے یا پھیکا اور بدمزہ، زبان گندی ہو جاتی ہے کھانے کی خواہش مٹ جاتی ہے، معدے کی خرابی سے پیدا ہونیوالی بدبُو بھی آتی ہے۔ اگر معدے میں یہ احساس ہو کہ درد بائیں سے دائیں طرف حرکت کر رہا ہے تو یہ بھی کارڈووس کی علامت ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 259)

2344۔ جگر کی خرابی: فضلے کا رنگ مٹی کی طرح ہو جاتا ہو اور اس میں سخت بدبُو ہوتی ہو۔

(خاص علامت) مفید دوا: میگ کارب Mag. Carb 30

میگ کارب میں بہت کھُل کر اجابت ہوتی ہے جو ٹکڑوں کی صورت میں ہوتی ہے اور پانی پر تیرتی ہے۔ اجابت کا رنگ بعض دفعہ سبزی مائل ہو جاتا ہے۔

2345۔ جگر کے مقام پر درد اور اینٹھن محسوس ہو۔ جگر، تلی اور گُردے کام کرنا چھوڑ دیں۔ جسم میں خون کی کمی واقع ہو جائے اور سارا نظام صحت جواب دے جائے۔ جلد اور چہرہ زرد ہو اور مریض بہت کمزوری اور سردی محسوس کرے تو

مفید دوا: ملیریا آفشی نیلس Malaria Officinalis 30

2346۔ سینہ میں جلن کا احساس ہو۔ جگر کے مقام پر سختی اور سوئیاں چبھتی ہوں۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 6x

2347۔ جگر کی خرابی اگر مریض کو گرم کھانا پسند نہیں ہوتا ہو۔ بلکہ ٹھنڈا کھانا مرغوب ہوتا ہو تو

مفید دوا: سلیشیا Silicea 6x

☆☆☆☆☆☆

دل اور جگر پر چربی چڑھ جانا

Fatty Degeneration

2348۔ دل اور جگر کی بیماری Fatty Degeneration میں بہت

مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def 200-30

عموماً یہ بیماری شراب کے عادی لوگوں میں پائی جاتی ہے۔ لیکن زیادہ چربی کھانے والوں کو بھی ہو جاتی ہے۔ جگر میں چربی کے جالے بننے لگتے ہیں۔ جو عمر کے ساتھ ساتھ بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ جگر کے جس حصہ میں بھی یہ بیماری ہو وہ حصہ عموماً ماؤف ہو جاتا ہے اور جو کیمیائی رطوبات جو وہاں بنی چاہئیں ان کی مقدار کم ہونے لگتی ہے۔

لیک ڈیف کا اس مرض میں مفید ہونا یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ چکنائی کے بد اثرات کو دُور کرتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 533-534)

2349۔ جگر میں چربی چڑھنے کے رجحان کو روکنے والی دوا:

مینگنیم Manganum 30

2350۔ جگر اور دوسری جگہوں پر چربی چڑھ جائے یعنی Fatty Degeneration

کا عمدہ علاج: فاسفورس Phosphorus 200-30

2351۔ گُردوں اور جگر کا جواب دے جانا اور دل پر چربی کا انجماد (خاص علامت)

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

2352۔ جگر کا کینسر : Liver Cancer مفید نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia 200

تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں ایک یا دو بار۔

2۔ سلفر Sulpur 30 روزانہ تین بار

3۔ کارڈرس میرینس Carduus Marianus Q

10-15 قطرے روزانہ تین بار

2353۔ جگر کے کینسر کے لئے بہت فائدہ مند دوا:

کولیسٹرینم Cholesterinum 30

(یہ جگر کے کینسر کے لئے مفید ہے۔ جگر میں خون کا بکثرت اجتماع۔ دائیں حصہ میں جلن دار درد۔ چلنے سے پہلوؤں میں درد بڑھ جاتا ہے اور درد کی جگہ ہاتھ رکھنا پڑتا ہے۔ نگاہ دھندلی، پتہ کی پتھری اور بے خوابی۔ بورک)

☆☆☆☆☆

یرقان اور ہیپاٹائیٹس

Jaundice & Hepatitis

2354۔ یرقان: اگر جسم گرم ہو تو یرقان کے لئے عمومی نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia ⎤
سلفر Sulpur ⎦ 200

2۔ کارڈرس میرینس Carduus Marianus Q

مَیں نے یرقان کے لئے ایک عمومی نسخہ تیار کیا ہوا ہے جس میں سلفر، برائیونیا اور کارڈوس مریانس (Corduus Marianus) شامل ہیں یہ نسخہ خدا کے فضل سے یرقان کے مریضوں میں بہت کامیاب ہے۔ اگر فائدہ نہ ہو تو دوسری دوائیں ڈھونڈنی پڑتی ہیں۔ مثلاً چیلیڈونیم، بلیکس، بربرس اور لائیکوپوڈیم وغیرہ یہ سب جگر کی تکلیفوں میں بہت مفید دوائیں ہیں۔ (مرزا طاہر احمد)

2355۔ یرقان: اگر جسم ٹھنڈا ہو تو مفید نسخہ

1۔ جلسیمیم	Gelsemium	200
لائیکوپوڈیم	Lycopodium	
2۔ کارڈرس میریئنس	Carduus Marianus	Q

2356۔ یرقان کے لئے ایک اور مفید دوا :

لوپولس Lupulus 30 دن میں تین بار

2357۔ یرقان میں اجابت کا رنگ مٹی کی طرح ہو جائے تو مفید نسخہ:

بربرس ولگرس	Berberis	1000
کارڈرس میریئنس	Carduus Marianus	

دس پندرہ قطرے روزانہ تین بار۔

دونوں دوائیں ایک دوسرے کی مددگار ثابت ہوتی ہیں دونوں کے مزاج ملتے ہیں۔

2358۔ جگر اور تلی کی سوزش اور پتہ کی درد کے ساتھ یرقان کی علامات ظاہر ہونے لگیں۔

مفید دوا : چائنا China 30

روزانہ تین بار کچھ عرصہ تک استعمال کروائیں۔

2359۔ جگر کی خرابی بڑھتے بڑھتے یرقان پر منتج ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

2360۔ یرقان میں بھوک آہستہ آہستہ مٹ جائے اور پیاس بھڑک اُٹھے۔ جگر کی بیماری میں یہ یرقان کی علامت ہے۔

مفید دوا : ڈیجیٹلس Digitalis 30 روزانہ تین بار

2361۔ یرقان کے اثرات چہرے پر ظاہر ہونے لگیں اور زردی چھا جائے۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

2362۔ مزمن یرقان اور متلی۔ اگر یرقان مزمن ہو جائے اور اس کے ساتھ متلی بھی ہو تو

مفید دوائیں۔ 1۔ لیکیسس 30 Lachesis

2۔ چیلیڈونیم 30 Chelidonium

2363۔ یرقان کی علامات تیزی سے بڑھ رہی ہوں تو بہت جلد اثر دکھانے والی دوا:

مفید دوا : کروٹیلس 30 Crotalus

2364۔ یرقان: اجابت کا رنگ بدل کر مٹی کی طرح ہو جاتا ہو۔ فائدہ مند نسخہ:

1۔ بربرس Q Berberis

2۔ کارڈس میرینس Q Carduus Marianus

یہ دونوں ایک دوسرے کی مددگار ہو جاتی ہیں۔

2365۔ یرقان کی بڑی مؤثر دوا: چیلیڈونیم Q Chelidonium

چیلیڈونیم کے مریض کے پیشاب کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ قبض ہو تو اجابت سخت گولیوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ اسہال شروع ہو جائیں تو ان کی رنگت بھوری مٹی کی طرح ہوتی ہے۔...... آنکھوں کے سفید پردے کا رنگ زردی مائل ہو جاتا ہے۔ مریض کے چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ یہ زردی رُخساروں اور ناک پر نمایاں ہوتی ہے۔ جلد خشک اور زردی مائل ہوتی ہے۔ زبان پر بھی زردی چھائی رہتی ہے۔...... جگر کی خرابی کی وجہ سے قے آنے کا بھی رجحان ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 276-277)

2366۔ یرقان مزمن شکل اختیار کرلے تو بہت کارآمد دوا:

لیکیسس 200 Lachesis

لیکیسس کی ایک علامت یہ ہے کہ یرقان ہو جائے تو اس کے ساتھ متلی بھی ہوتی ہے۔ اگر یرقان کے ساتھ لیکیسس کی عمومی علامتیں بھی پائی جائیں اور متلی بھی ہو تو یہ بہت اچھا کام کرتی ہے۔

2367۔ یرقان کے لئے ایک دیسی نسخہ:

زرشک شیریں	ڈیڑھ چھٹانک
مکودانہ	ڈیڑھ چھٹانک
بیخ کاسنی جڑیں	ڈیڑھ چھٹانک
آلو بخارا	تین چھٹانک

طریقہ استعمال: بیخ کاسنی کو کوٹ لیا جائے اور سب چیزوں کے سات حصے کر لئے جائیں۔ اور سات پڑیاں بنالی جائیں۔ رات کو مٹی کے برتن میں روزانہ ڈیڑھ سیر پانی ڈال کر ایک پڑی بھگو دی جائے۔ سارے پانی کو دن میں پی لیا جائے اور شام کو پھوک پھینک دیا جائے۔ اور نئی پڑی بھگو دی جائے۔ اسی طرح سات دن اس نسخہ کو استعمال کیا جائے۔ اگر مزید ضرورت ہو تو دو ہفتہ پلا کر ایک ہفتہ ناغہ کر کے پھر ایک ہفتہ پلایا جائے۔

2368۔ ہیپاٹائیٹس بی (Hepatitis B) اور جگر کے کینسر کیلئے بہت اچھا نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia 200 دن میں ایک دو بار اور

2۔ سلفر Sulpur 30 دن میں تین دفعہ روزانہ اور

اس کے ساتھ

3۔ کارڈرس میرینس Carduus Marianus Q

چند قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین دفعہ

ہیپاٹائیٹس Hepatitis B میں بھی یہ نسخہ بہت اچھا ثابت ہوا ہے۔ یہی نسخہ جگر کے کینسر کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ بعض ایسے مریض تجربہ میں آئے ہیں جن کو ڈاکٹروں نے قطعی طور پر جگر کا کینسر تشخیص کیا اور ہر قسم کی ریڈی ایشن (Radiation) اور دواؤں کے استعمال کے بعد لاعلاج قرار دے دیا۔ جب یہ سمجھا کہ دو تین دن کے مہمان ہیں تو انہیں ہسپتال سے فارغ کر کے گھر بھجوا دیا گیا۔ اس وقت جب اس نسخہ سے ان کا علاج کیا گیا تو تین

دن میں مرنے کی بجائے تین دن میں صحت کے آثار واپس لوٹ آئے جس کی پہلی علامت یہ ظاہر ہوئی کہ پیاس اور بھوک جو بالکل مٹ چکی تھی از سرِ نو بحال ہونے لگی۔ جگر کے بہت سے دوسرے مریضوں نے بھی اس نسخے سے استفادہ کیا ہے اور ابھی تک بقید حیات ہیں۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 162-163)

پتہ کی تکالیف

Gall Bladder Diseases

2369۔ پتہ کے درد اور تشنج میں مریض سخت جلن اور درد محسوس کر رہا ہو

مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 1000

ایک دو خوراکیں دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دہرانے سے اللہ کے فضل سے آرام آجاتا ہے۔ پتہ کے اچانک درد میں بھی اگر اس میں تیزی اور اشتعال پایا جائے تو بیلاڈونا فوری آرام پہنچا سکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ یہ تکلیف گرمی سے بڑھتی ہو۔

بیلاڈونا کے بعد پھر مستقل علاج کیلئے سلفر، نیٹرم سلف، لائیکوپوڈیم اور چیلیڈونیم کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

2370۔ پتہ میں درد کیلئے مفید نسخہ

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 30 روزانہ تین بار

2۔ میگ فاس Mag. Phos
کلکیریا فاس Calc. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
6x روزانہ تین بار

اگر نمبر 1 اور نمبر 2 سے افاقہ نہ ہو تو پھر

3۔ نکس وامیکا Nux Vomica
بیلاڈونا Belladonna
30

2371۔ پتہ کی پتھری اور پتے میں تشنج: درد کی لہر سینے سے ہوتی ہوئی کندھوں کی طرف بڑھتی ہو اور بازوؤں میں منتقل ہو کر ہاتھوں تک اُتر آتی ہو۔ (دباؤ سے نقصان پہنچتا ہو اور انگڑائی لیکر ماؤف جگہ پر دباؤ کم کرنے سے آرام ملتا ہو)

1۔ مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

2۔ مفید نسخہ: میگ فاس Mag. Phos
کولوسنتھ Colocynthis
ڈائسکوریا Dioscorea
30

2372۔ پتے میں پتھری : Gall Stone عمدہ نسخہ:

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔ اس کے ساتھ

2۔ چیلیڈونیم Chelidonium
کولیسٹرینیم Cholestrinum
30

اس کے ساتھ

3۔ کارڈوس Carduus Q

روزانہ تین بار چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2373۔ پتہ میں پتھری ہو یا پتھری کا خدشہ ہو ایک اور نسخہ:

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 6x

2۔ کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

اگر درد ہو تو

3۔ میگ فاس Mag. Phos 6x روزانہ تین بار

2374۔ پتہ میں پتھری کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔ اس کے ساتھ

2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
میگ فاس	Mag. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	
کلکیر یا فلور	Calc. Flour	

2375۔ پتہ میں پتھری : Gall Stone کیلئے

اہم دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

اگر باقاعدگی سے دی جائے تو پتے کی پتھریوں کو گھلا دیتی ہے۔

2376۔ پتہ میں پتھری کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

لائیکوپوڈیم Lycopodium 200

چیلیڈونیم Chelidonium 30 ملا کر دن میں تین بار دیں۔

2377۔ پتے کی پتھریوں میں بہت مفید دوا :

چیلیڈونیم Chelidonium Q

پتے کی جھلی کے اُوپر سوجن آ جاتی ہے اور درد ہوتا ہے۔ اس کا درد پیچھے کمر کی طرف پھیل جاتا ہے۔

2378۔ پتہ کے تشنج کے لئے مفید نسخہ:

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	1000
ایکونائیٹ	Aconite	

دونوں ملا کر دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دہرائیں۔

اگر فائدہ نہ ہو اور مریض کو گرمی سے آرام آتا ہو تو

1۔کولوسنتھ Colocynith CM یا

2۔میگ فاس Mag Phos 6x پانی میں ملا کر بار بار دینا مفید ہے۔

2379۔پتے کی پتھری اور جگر اور پتے کے کینسر کی وجہ سے کندھے میں شدید درد ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30

"کالی بائیکروم میں درد جگر سے کندھوں کی طرف حرکت کرتا ہے۔یہ ایک خطرناک علامت ہے جگر اور پتے کے کینسر میں یہ علامت ملتی ہے اور مریض کندھے میں شدید درد کی شکایت کرتا ہے اس صورت حال میں کالی بائیکروم کو استعمال کرنا چاہیئے۔یہ بھی ان تکلیفوں میں کام آتی ہے جن کا پتے کی پتھری سے تعلق ہو، پتے کی پتھری اور جگر کا کینسر مل کر کندھے میں درد پیدا کر دیتے ہیں۔یہ عجیب جسم کا تکلیف دہ درد ہوتا ہے جس کا کندھے کے عضلات سے براہ راست کوئی تعلق نہیں۔کالی بائیکروم پتے کی پتھری اور جگر کی تکلیفوں میں بلا تاخیر شروع کروانی چاہیئے ۔اس کے اثر سے بسا اوقات پتے کی پتھریاں گھلنے لگتی ہیں اور آپریشن کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 491)

2380۔پتے کی پتھری اور تشنج کے لئے ایک مرکب نسخہ

30

1۔کالی بائیکروم Kali Bich

لائیکوپوڈیم Lycopodium

کولیسٹرینیم Cholesterinum

نیٹرم سلف Nat. Sulph

علاوہ ازیں تشنج کو فوراً دور کرنے کے لئے بطور مددگار

30

2۔میگ فاس Mag. Phos

کولوسنتھ Colocynthis

ڈائسکوریا Dioscorea

اس کے ساتھ

3۔اوسپافیل Ospafell

یہ دوا اگر ہومیوپیتھک نسخہ کے ساتھ استعمال کی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں اور اگر نہ بھی کی جائے تو مذکورہ بالا نسخہ بہر حال کارآمد ثابت ہوتا ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 491)

2381۔ پتے کی پتھری میں درد پیچھے کمر کی طرف پھیل جاتا ہو۔

بہت مفید دوا: چیلیڈونیم Chelidonium Q

2382۔ پتے کی پتھری میں درد چاروں طرف پھیل جاتا ہو۔

مفید دوا: بربرس Berberis Q

یہ پتے کی پتھری اور جگر کی گہری بیماریوں کے لئے بھی ایک مؤثر دوا ہے۔اس علامت (درد چاروں طرف پھیلنا) کے ساتھ بربرس سب سے مؤثر ہے۔ ہفتہ دس دن کے اندر ہی پتھریاں ٹوٹ ٹوٹ کر فضلہ کے ساتھ خارج ہونے لگتی ہیں۔

بربرس کے دردوں کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ جیسے کسی نے چاقو گھونپ دیا ہو۔خصوصاً جگر اور پتے دونوں میں چاقو گھونپنے کا احساس ہوتا ہے۔اس کی دردیں ماؤف جگہ سے پھلجھڑی کی طرح چاروں طرف پھیلتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 152)

2383۔ یرقان اور پتے کی پتھری میں ایک مفید دوا :

مینگینم Manganum 30

مریض کا چہرہ بالکل پھیکا، بے رونق اور زرد ہو جاتا ہے اس کے مریض میں معدے کی کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور رہتی ہے۔قبض ہوگی یا اسہال لگ جائیں گے یا پیچش ہو جائیگی۔معتدل حالت نہیں رہتی۔بھوک مٹ جاتی ہے اور کھانے پینے کی خواہش بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

2384۔ پتہ میں درد کے ساتھ جگر اور تلی میں سوزش ہو اور یرقان کی علامات بھی ظاہر ہونے لگیں تو بشرط مزاج مفید دوا: چائنا China 30

کچھ عرصہ تک مسلسل کھلانی چاہیے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 300)

2385۔ پتے کی تکلیف کے ساتھ پیشاب میں شوگر آئے۔ پیشاب کی رنگت لسی جیسی ہو۔ مقدار میں بہت زیادہ ہو تو ان علامات میں

خصوصی دوا: ارجنٹم میٹیلیکم Argent. Met. 30 روزانہ تین بار

2386۔ پتہ کی پتھری اور جگر کی گہری بیماریوں کے لئے ایک

مؤثر دوا: بربرس Berberis Q

2387۔ پتہ کی تکلیف ذیابیطس کی وجہ سے ہو۔ مثانہ بہت حساس ہو اور ذرا سا بھی دباؤ برداشت نہ ہوتا ہو۔

مفید دوا: کالی کارب Kali Carb 30 روزانہ تین بار

2388۔ شوگر اگر لمبے غم اور تکلیف کے نتیجہ میں ہو اور اس کے ساتھ پتہ میں سخت ڈنک لگنے کی سی دردیں ہوں نیز ٹانگوں اور بازوؤں میں بھی ہلکی سی دُکھن کا احساس ہو تو

بہت مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

''ٹیرینٹولا وقتی فائدہ ہی نہیں دیتی بلکہ اللہ کے فضل سے مکمل شفا دے دیتی ہے۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 841)

2389۔ پتے اور لبلبے کے کینسر کیلئے مفید دوا :

لائیکو پوڈیم Lycopodium 200-30

2390۔ پتہ اور لبلبہ کی سوزش اور پتھری کی روک تھام کے لئے مفید دوا :

کولیسٹرینم Cholesterinum 30

اگر آغاز میں ہی دے دی جائے تو مریض کافی پیچیدگیوں سے محفوظ ہو جاتا ہے اگر پتھریاں بن جائیں تو اس دوا کے اثر سے نرم ہو کر گھلنے لگتی ہیں۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے غائب ہو جاتی ہیں۔

2391۔ جگر اور پتے کی بیماریوں اور پتہ کے درد کے لئے

بہترین دوا: کولیسٹرینم Cholesterinum 200-30

میں نے اپنے تجربہ سے اسے جگر، پتہ، تلی اور لبلبہ کی امراض میں بہت مفید پایا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 289)

2392۔ پتے کے آپریشن کے بعد پیٹ میں سوجن۔ مفید نسخہ

1۔ سلفر	Sulphur	200
پوڈوفائیلم	Podophylum	
آرنیکا	Arnica	

2۔ ہائپریکم	Hypericum	200
سمفائٹم	Symphytum	
سٹیفی سگیریا	Staphy Sagria	

باری باری ہفتہ میں دو بار نمبر 1 صبح نمبر 2 شام

پیشاب کی تکالیف

Urinary Troubles

پراسٹیٹ گلینڈ کی تکالیف Prostate Gland

2393۔ پراسٹیٹ گلینڈ: اگر پیشاب میں جلن اور بندش ہو یا تھوڑا تھوڑا آئے اور احساس ہو کہ ابھی کچھ باقی ہے۔ Prostate گلینڈ بڑھ گیا ہو تو حسب ذیل نسخہ استعمال کریں۔

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	30
آرسینک	Arsenic	
تھوجا	Thuja	

خوراک: روزانہ تین چار بار دس پندرہ گولیاں فی خوراک۔ اگر گولیوں کی بجائے مائع حالت میں ہوتو دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔ اس کے ساتھ

2۔ سلفر Sulphur
آرنیکا Arnica
200

پہلے تین دن روزانہ ایک بار سوتے وقت پھر ہفتہ وار صرف ایک بار
خوراک: دس پندرہ گولیاں قطروں کی شکل میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔
اس کے ساتھ

3۔ سیبل سیرولاٹا Sabal Serrulata
چیمافیلا Chimaphila
Q

روزانہ تین بار پندرہ بیس قطرے ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے پندرہ دن استعمال کریں۔
"ہر عمر میں پیدا ہونے والی پراسٹیٹ کی تکلیفوں میں عموماً سیبل سیرولاٹا (Sabal Serrulata) اور چیمافیلا (Chimaphila) کے مدر ٹنکچر ملا کر دینا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ مگر مدر ٹنکچر میں ان دونوں کے مرکب کا استعمال لمبے عرصہ تک کرنا چاہیئے۔ اس کے علاوہ بیلاڈونا، آرسینک اور تھوجا اونچی طاقت میں ملا کر دینا بھی مفید ہے۔"
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 352)

2394۔ پراسٹیٹ گلینڈز یعنی غدّہ قدامیہ میں ورم اور سوزش کی علامتیں ملتی ہوں۔ پیشاب کی تکلیفیں رات کو بڑھ جاتی ہوں۔ مریض کو بار بار اٹھنا پڑتا ہو اور بعض دفعہ اس شدّت سے پیشاب آتا ہو کہ کموڈ (Commode) تک پہنچنا بھی مشکل ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک یا دو بار

2395۔ پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جائے۔ مفید نسخہ

200-30	Nat. Sulph	نیٹرم سلف
	Nat. Phos	نیٹرم فاس

نیٹرم سلف بشرط علامات اکیلی ہی کافی ثابت ہو سکتی ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ ملا کر استعمال کریں۔

2396۔ پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جائیں تو پیشاب کی تکالیف شروع ہو جائیں۔ (بشرط مزاج)

مفید دوا : سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

2397۔ پراسٹیٹ بڑھا ہوا ہو اور پیشاب میں نمکیات جمنے کی علامات پائی جائیں۔

مفید دوا : ہائیڈ رینجیا Hydrangea 30

2398۔ پراسٹیٹ کی علامتیں پائی جاتی ہوں۔ مریض پیشاب کیلئے جاتا ہو لیکن انتظار کرنا پڑتا ہو کہ پیشاب جاری ہو۔ پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہو اور بعد میں بے چینی اور بے اطمینانی کا احساس رہتا ہو۔ جیسے پیشاب پوری طرح خارج نہ ہوا ہو۔ بعض اوقات پیشاب کرنے کے آخر پر درد بھی ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2399۔ گردوں اور پراسٹیٹ گلینڈ دونوں کی انفیکشن ہو اور رات کو بار بار پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا : کاربالک ایسڈ Corbolic Acid 30

کاربالک ایسڈ کے مریض کو رات کو بار بار پیشاب آتا ہے جو پراسٹیٹ کی خرابی سے بھی ہو سکتا ہے۔

2400۔ عمر کیساتھ بڑھنے والی پراسٹیٹ گلینڈ (Prostate Gland) کی کمزوریوں میں اگر دیگر علامتیں مشابہ ہو تو

بہت طاقتور اور مؤثر دوا: ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

2401۔ ہر عمر میں پیدا ہونے والی پراسٹیٹ کی تکلیفوں میں

1۔ بہت مفید نسخہ: سیبل سیرولاٹا — Sabal Serrulata
چیمافیلا — Chimaphila
Q

ملا کر دینا بہت مفید ہے۔

2۔ مفید نسخہ: بیلاڈونا — Belladonna
آرسینک — Arsenic
تھوجا — Thuja
1000 ملا کر

2402۔ پراسٹیٹ گلینڈ کے لئے ایک اور مؤثر نسخہ:

سلفر — Sulphur
تھوجا — Thuja
200-30

ملا کر دینا زیادہ مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ اگر مریض کے ہاتھ پاؤں اور بغلوں میں بدبُودار پسینہ آتا ہو اور اس کے ہاتھ پاؤں اور سر کی چوٹی کی علامتیں مختلف ہوں تو محض پیشاب کی علامتوں کے مشابہ ہونے کے باعث سلفر کام نہیں کرے گی۔

2403۔ پیشاب کی علامتیں پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جانے سے ملتی ہوں، فالجی اثر مثانے پر پڑنے سے پیشاب پوری طرح خارج کرنے کیلئے مسلسل زور لگانا پڑتا ہو۔ فالج کی بناء پر بغیر محسوس ہوئے پیشاب قطرہ قطرہ نکلتا رہتا ہو اور عضلات میں سکت نہ ہو کہ اسے بند کر سکیں۔ پراسٹیٹ کے مقام اور اردگرد بھراؤ اور تناؤ کا احساس رہتا ہو تو

مفید دوا: الیومینا — Alumina 200-30

2404۔ پراسٹیٹ کی بیماری دل کی بیماری کے ساتھ شروع ہوتی ہو تو

اولین دوا: ڈیجی ٹیلس — Digitalis 30

اس سے پراسٹیٹ گلینڈ آہستہ آہستہ واپس سُکڑ کر اپنی اصل حالت میں آ جاتا ہے۔
بہت کم دواؤں میں یہ طاقت ہے کہ پھیلے ہوئے غدود کو سکیڑ کر واپس اپنی اصل حالت میں لے آئیں۔اس لئے ڈیجی ٹیلس کو چھوٹی طاقت میں لمبے عرصے تک استعمال کرنی چاہیئے ۔
30 طاقت میں مناسب ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 352)

2405۔ پراسٹیٹ کا کینسر:

حیرت انگیز مؤثر دوا: سلیشیا Silicea CM

پراسٹیٹ کی تکلیف کا فوری علاج ضروری ہے ورنہ تکلیف بڑھ کر مثانہ یا گردوں میں انفیکشن پیدا کر دیتی ہے اور کبھی کینسر بھی بن جاتا ہے۔ پراسٹیٹ کا کینسر بہت خطرناک ہوتا ہے اور اکثر مہلک ثابت ہوتا ہے اس کینسر میں سلیشیا CM حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے۔"
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 775)

2406۔ مثانے اور غدہ قدامیہ (پراسٹیٹ گلینڈ) کے کینسر میں

غیر معمولی اہمیت کی دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

گلے، ہڈیوں اور مثانے کے کینسر میں اسے ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے۔

پیشاب میں البیومن، شوگر، انفیکشن بدبُو، جلن، خون آنا، بخار اور سوزا کی علامات

2407۔ پیشاب میں البیومن آتی ہو۔ پیشاب گہرے رنگ کا۔ مقدار میں زیادہ اور جلن والا ہوتو

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

کبھی یہ تھوڑا تھوڑا آتا ہے مگر آتا چلا جاتا ہے یوں لگتا ہے کہ گردے مسلسل تھوڑا تھوڑا بدبُودار متعفن پیشاب مزید بنائے جارہے ہیں۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 518-519)

2408۔البیومن کی بہت اہم دوا:

کاربالک ایسڈ　Corbolic Acid 30

2409۔البیومن کی بہت مفید دوا :

ٹیری بن تھینا　Terebinthina 6-1

کاربالک ایسڈ کے مریض کو اگر البیومن آئے تو اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ بعض دفعہ لگتا ہے کہ پیشاب کی بجائے سیاہی نکل رہی ہے۔اس علامت میں ٹیری بن تھینا بھی مفید ہے۔

2410۔پیشاب میں البیومن (Albumen) آئے اور کینتھرس کی دوسری علامتیں (شدید جلن) سیاہ رنگت موجود ہونے کی صورت میں البیومن کا

مؤثر علاج: کینتھرس　Canthoris 30

البیومن نہ ہو تو عموماً کینتھرس کے مریض کے پیشاب کی رنگت گہری سُرخ ہو جاتی ہے۔

2411۔پیشاب میں البیومن اور شوگر آ رہی ہو تو اس کیلئے

اچھا علاج: پلمم　Plumbum 30

گُردوں کی اندرونی جھلیوں پر بھی اس دوائی کا اثر ہوتا ہے یہ دونوں اثرات اگرچہ الگ الگ وجوہات سے تعلق رکھتے ہیں لیکن پیشاب میں اکٹھے ملتے ہیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 679)

2412۔ذیابیطس اور پیشاب میں البیومن آنے کی بیماری میں

بہترین دوا: ارجنٹم میٹیلیکم　Argent. Met 30

اگر دوسری علامتیں ملتی ہوں تو مکمل شفاء ہو جاتی ہے۔

ارجنٹم میٹیلیکم میں پیشاب کی دو طرح کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں اگر سیاہی مائل پیشاب ہو تو اس کا مطلب ہے کہ اس میں البیومن آ رہی ہے اگر شوگر آئے تو اکثر ایسے مریضوں کو لسی کی طرح کا پیشاب آتا ہے جو بہت زیادہ ہوتا ہے۔　(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 74-75)

2413۔ پیشاب میں سیاہ رنگ نمایاں ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ پیشاب کی سیاہی بوجہ خون کے گندے ذرات:

مفید دوا : سیکیل کار Secale Cor 30

2۔ سیاہی بوجہ پروٹین۔

مفید دوا : ٹیریبنتھینا Terebinthina 30

سیکیل کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کے پیشاب میں سیاہ رنگ نمایاں ہوتا ہے۔ یہ سیاہی Terebinthina سے مشابہ ہے۔ جس میں پیشاب کی سیاہی خاص طور پر پائی جاتی ہے اور اس سیاہی کی وجہ عموماً یہ ہوتی ہے کہ پیشاب میں پروٹین آنے لگتی ہے۔ گردوں کی جھلیوں پر اثر ہوتا ہے۔ اس کے لئے Terebinthina بہت مؤثر دوا سمجھی جاتی ہے۔ سیکیل کے مریض میں پیشاب کا سیاہی مائل ہونا البیومن کی وجہ سے نہیں بلکہ گندے خون کے ذرات شامل ہونے کے باعث ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 738)

2414۔ مردوں اور عورتوں کے دونوں کے اخراجات سوزاک کی بیماریوں (Gonorrhoea) کی طرز کے ہوں تو

بہت مؤثر دوا: سبائنا Sabina 200-30

سوزاک کی باقاعدہ تکلیف نہ بھی ہو اور مریض بظاہر بالکل ٹھیک ٹھاک ہو لیکن اخراجات سوزاک کی علامات رکھتے ہوں تو ان میں سبائنا بہت مؤثر دوا ہے۔

2415۔ پیشاب کرنے کے باوجود جلن محسوس ہوتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ مرک کار Merc. Corr 200-30

2۔ للئیم ٹگ Lillium Tig. 200-30

2416۔ پیشاب کے بعد جلن کی شکایت ہو تو عموماً

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

2417۔اگر جلن پیشاب سے پہلے بھی ہو اور درمیان میں بھی اور بعد میں بھی (علامت)

مفید دوا: کالی کارب Kali Carb 30

2418۔گردوں کی جھلیاں متورم ہو جائیں اور پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش پیدا ہو جائے۔قطرہ قطرہ پیشاب بہت جل کر آتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔کینتھرس Canthoris 200-30

2۔کیمفر Camphor 200-30

بعض اوقات کینتھرس کا زہر دینے سے گردوں میں مستقل سوزش ٹھہر جاتی ہے جو مریض کو اعصابی لحاظ سے بھی متاثر کرتی ہے۔ایسی صورت میں کیمفر اس اثر کو زائل کرتا ہے اور یہ صرف عارضی دوا نہیں بلکہ مستقل طور پر بھی بعض بیماریوں کے بداثرات مٹانے کے لئے مفید ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 218)

2419۔انفیکشن کی وجہ سے چلتے پھرتے پیشاب خارج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: پریرابریوا Pareira Brava Q

2420۔گردے یا مثانے میں انفیکشن کی وجہ سے بار بار پیشاب آنے کی بیماری میں

مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

2421۔مریضوں کے پیشاب میں یورک ایسڈ اور فاسفیٹ کی زیادتی اور سلفیٹ کی کمی ہوتی ہو تو

مفید دوا: پکرک ایسڈ Picric Acid 30

2422۔نمکیات کی زیادتی کی وجہ سے پیشاب میں تلچھٹ ہوتی ہو اور سفید رنگ کی تہہ نیچے جم جاتی ہو۔(بہت نمایاں علامت)

مفید دوا: ہائیڈرنجیا Hydrangia 30

سوزاک اور پیشاب کی سوزاکی علامات

2423۔ گردوں میں سوزش ہو جاتی ہو۔ پیشاب قطرہ قطرہ جلن کے ساتھ بار بار آتا ہو۔ پیشاب سے فارغ ہونے کے بعد شدید ٹانکہ بھرنے والے درد کا احساس ہوتا ہو۔ آخر میں مثانے کی نالی اور پیشاب کا سوراخ اچانک تشنج کی وجہ سے بند ہو جاتا ہو اور سخت تکلیف ہوتی ہو۔ پیشاب کی نالی میں شدید درد ہوتا ہو اور مریض کو چلتے ہوئے بھی تکلیف ہوتی ہو۔

کارآمد دوا: کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa CM

2424۔ اگر پیشاب میں انفیکشن ہو اور سخت بدبُو دار ہو یا جلن بھی ہو اور بخار ہو جاتا ہو تو

مفید نسخہ: 1۔ آرسینک البم Arsenic Alb.
تھوجا Thuja
بیلاڈونا Belladonna
200

پہلے دن تین خوراک۔ دوسرے دن دو خوراک۔ تیسرے دن ایک خوراک پھر ہفتہ وار ایک دو بار حسب ضرورت۔

2۔ سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur.
6x

روزانہ تین چار بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

3۔ پریرا بریوا Pareira Brava Q

روزانہ تین چار بار پندرہ قطرے ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے

2425۔ پیشاب میں انفیکشن، بدبُو، جلن اور بخار، اگر ان بیماریوں میں پیشاب میں خون آتا ہو جو مذکورہ بالا علاج سے ٹھیک نہ ہو تو

فاسفورس Phosphorus
ملی فولیم Millefolium
30

2426۔ پیشاب میں شدید جلن، قطرہ قطرہ آنا، پیپ آنا یعنی علامتیں سوزا کی علامات کے مشابہ ہوں اور حسب ذیل علاج کریں۔

1۔ مرک کار	Merc. Cor	CM	صرف ایک خوراک
2۔ کینتھرس	Canthoris	30	
تھوجا	Thuja		

2427۔ پیشاب میں شدید جلن، قطرہ قطرہ آنا، پیپ آنا، سوزا کی علامات کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

1۔ کینابس انڈیکا	Cannabis Indica	CM	صرف ایک خوراک
2۔ آرسینک	Arsenic	30	
نیٹرم میور	Nat. Mur		
3۔ پریرابریوا	Pareira Brava	Q	

2428۔ پیشاب کی نالی میں زخم اور پیشاب میں خون و پیپ۔

1۔ مرکیورس کار	Merc. Cor	CM	صرف ایک خوراک
2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x	ملا کر روزانہ تین بار
نیٹرم فاس	Nat. Phos		
کالی فاس	Kali Phos		

2429۔ پیشاب میں شدید جلن قطرہ قطرہ پیپ آنا سوزا کی علامات کے لئے ایک اور نسخہ: اگر مندرجہ بالا نسخہ سے افاقہ نہ ہو تو

1۔ برائیونیا	Bryonia	200
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک دو بار اور اس کے ساتھ

2۔ایسڈ فاس Acid Phos 30

روزانہ دو تین بار۔ چاول آلو اور میٹھے وغیرہ سے مروجہ پرہیز۔

2430۔پیشاب کی نالی میں زخم، پیشاب میں خون و پیپ کے لئے ایک اور نسخہ:

1۔فیرم فاس Ferr. Phos
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
(6x ملا کر)

2۔پریرا بریوا Pareira Brava Q

2431۔پیشاب کی سخت تکلیف۔ نہ صرف جلن بلکہ تشنج بھی شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: کیکٹس Cactus 30

کیکٹس کی نمایاں علامت ہے کہ جہاں بھی تکلیف ہوگی وہاں تشنج ضرور ہوگا۔

2432۔پیشاب میں جلن پائی جاتی ہو۔ قطرہ قطرہ آگ کی طرح جلتا ہوا پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا: کینتھرس Canthoris 30

2433۔پیشاب کی نالی میں جلن اور ہلکے درد کی شکایت ہوتی ہو۔ (سوزا کی علامت)

مفید دوائیں: 1۔کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa CM

2۔مرک کار Merc. Corr CM

2434۔مثانے میں ڈکھن اور جلن کا احساس اور پیشاب مقدار میں بہت تھوڑا، پیشاب میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو اور جلن ہوتی ہو۔ ساتھ ہی پیچش بھی شروع ہو جاتی ہو۔

یہ علامتیں اکٹھی ہو جائیں تو

یقینی دوا: مرک کار Merc. Corr CM

2435۔ پیشاب کی نالی اور مثانے کی گردن میں جلن اور بے چینی۔ بائیں گردے کے مقام پر درد کا عمومی احساس اور گردے کے مقام سے مثانہ میں درد اُترتا ہوا محسوس ہو۔

مفید دوا : ہیڈی اوما Hedeoma 1-6

2436۔ مثانے اور پیشاب کی نالی میں جلن ہوتی ہو۔ مثانہ پھولا ہوا اور بھرا ہوا محسوس ہوتا ہو۔ پیشاب مشکل سے خارج ہوتا ہو۔ بار بار حاجت محسوس ہوتی ہو لیکن پیشاب نہیں آتا ہو۔

بہت مفید دوا : پائپر نائیگر Piper Nigr 30

اس کی تکلیف میں جلن اور دباؤ کا عمومی احساس رہتا ہے۔

2437۔ مثانے میں ورم اور بائیں گردے کے مقام پر درد کا احساس ہوتا ہو۔ پیشاب میں خون کی آمیزش ہوتی ہو۔

مفید دوا : ملی فولیئم Mellefolium 200-30

2438۔ پیشاب کی نالی میں سرسراہٹ جو پیشاب کے بعد کچھ عرصہ تک جاری رہتی ہو۔ بار بار تھوڑا تھوڑا پیشاب آتا ہو جس کے آخر پر جلن بھی ہوتی ہو۔ پیشاب رکاوٹ سے آتا ہو۔ بعض دفعہ صرف قطرہ قطرہ اور پیشاب کے بعد بھی قطرہ قطرہ پیشاب آنے کا رجحان ایک دو منٹ تک جاری رہتا ہو۔

مفید دوا : کلیمیٹس Clametis 200-30

سوزاک (Gonorrhoea) کے دب جانے کے نتیجہ میں جو بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے ملتی جلتی بیماریاں کلیمیٹس میں پائی جاتی ہیں۔

2439۔ دبے ہوئے سوزاک کے قلع قمع کرنے والی

بہت اہم دوا: میڈورائینم Medorrhinum CM-1000

بعض ڈاکٹر کہتے ہیں کہ ہر علاج میڈورائینم سے کرنا چاہیئے ۔اگر سوزاک کی دبی ہوئی علامتیں موجود ہوئیں تو میڈورائینم کی بہت اُونچی طاقتیں انہیں اُچھال کر باہر لے آئیں گی اور اس کے نتیجہ میں بیماری کی جو شکل بھی ظاہر ہوگی اس کا علاج دراصل دبے ہوئے سوزاک کا علاج ثابت ہوگا اور اس کے بد اثرات ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گے۔

2440۔سوزاک کے دب جانے کے نتیجہ میں عمومی بیماریاں (بچوں کا سوکھا پن، دمہ، دائمی نزلہ، داد اور خاص قسم کے مسّے) جو جسم میں چھپی رہتی ہیں اور حسب حالات کبھی کبھی ظاہر ہوتی ہیں۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum CM-200

2441۔پیشاب گہرے رنگ کا۔مقدار میں کم اور سخت بدبُو دار ہو۔مریض کو سخت قبض بھی ہوتی ہو تو مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 30

2442۔یورک ایسڈ کی زیادتی: پیشاب میں گھوڑے کے مشابہ پیشاب کی شدید بدبُو اور عموماً کھلا پیشاب آتا ہو۔لیکن پیشاب کی مقدار کم ہو جائے تو جوڑوں میں درد ہونے لگے۔

مفید دوا: بنزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

2443۔پیشاب میں گھوڑے کے پیشاب جیسی بُو۔مفید دوائیں:

1۔نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2۔بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

2444۔پیشاب میں شدید بُو جو گھوڑے کے پیشاب کی بدبُو سے مشابہ ہوتی ہو۔

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

اس سے پیچھا چھڑانا بہت مشکل ہوتا ہے۔یہ ایسی غیر معمولی بدبُو ہوتی ہے کہ بعض دفعہ کپڑے دھونے سے بھی ختم نہیں ہوتی۔

2445۔ کمر میں درد کے ساتھ پیشاب میں خون آتا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

2446۔ پیشاب اکثر مقدار میں کم اور تیز رنگ کا۔ بعض دفعہ خون ملا آتا ہو جس میں پیپ بھی شامل ہوتی ہو۔ ہر وقت جلن اور پیشاب کی مسلسل حاجت۔

مفید دوا : سینیشیو اورس Seneceo Aureus 30

2447۔ پیشاب میں اگر پیپ اور خون آنے لگے۔ نزلاتی حملے ہوں۔ یعنی بار بار پیشاب آئے۔ مختلف مادے پیشاب کے ذریعے خارج ہوں اور برتن کی تہہ میں بیٹھ جائیں۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 30-6x

2448۔ پیشاب کی حاجت محسوس ہو اور مقدار میں تھوڑا آئے۔ معمولی جلن ہو اور بے چینی کا احساس نمایاں ہو۔ بعض دفعہ پیشاب کے ساتھ خون بھی آتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2449۔ رات کے وقت جھاگ دار اور نارنجی رنگ کا پیشاب آتا ہو جو کھڑا رہے تو اس کی سطح پر چمکتے ذرّات آجاتے ہوں۔ دن میں بھی پیشاب زردی مائل ہوتا ہو اور اس میں سفید ذرّات پائے جاتے ہوں۔

مفید دوا : کروٹن Croton 30

2450۔ پیشاب میں کرسٹل۔ مفید نسخہ

1۔ لائیکو پوڈیم Lycopodium
بیلاڈونا Belladonna
200

دو تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک یا دو بار

2451۔ پیشاب میں پیپ : Pus In Urine مفید نسخہ:

1۔ پریرابریوا	Pareira Brava	Q
2۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	
سلیشیا	Silicea	

2452۔ پیشاب میں کبھی کبھی پیپ جیسی چیز یا ناک جیسا مادہ اور کبھی سُرخ ذرّے شامل ہوتے ہوں اور پیشاب سخت متعفّن ہوتا ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30-Q

2453۔ پیشاب میں دھاگے دار رطوبت ہو۔ پیشاب سے پہلے کمر اور ڈُمچی میں درد ہوتا ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

☆☆☆☆☆

بندش پیشاب

Suppression of Urine

2454۔ بندش پیشاب کیلئے مفید نسخہ:

1۔ کالی میور	Kali Mur	6x
نیٹرم میور	Nat. Mur	
کالی فاس	Kali Phos	
سلیشیا	Silicea	

2۔ پریرابریوا	Pareira Brava	Q
بربرس	Berberis	

2455۔ بچی کا پیشاب رُک رُک کر آتا ہو۔ (نسخہ)

1۔ کینتھرس Canthoris 30 روزانہ تین بار

2۔ مرکیورس کار Mercuruis Corr CM صرف ایک خوراک

2456۔ کسی صدمہ کے نتیجہ میں پیشاب بند ہو جائے تو

فوری مؤثر دوا: ایکونائیٹ Aconite 1000-30

کسی عزیز کی اچانک وفات سے یا اچانک کوئی مالی صدمہ پہنچا ہو تو ایکونائیٹ کا فوری استعمال جسم کو اس کے بداثرات سے بچالیتا ہے۔

2457۔ بچے کی پیدائش کے بعد پیشاب رُک جائے تو

اوّلین دوا: کاسٹیکم Causticum 200-30

2458۔ وضع حمل کے وقت عورتوں کے گردوں پر اثر ہو۔ خوف اور دباؤ یا سوزش کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے تو

1۔ ناگزیر بلکہ جان بچانے والی دوا: کاسٹیکم Causticum 1000-30

2۔ بعد میں مفید دوا : پریرابریوا Pareira Brava 30-Q

2459۔ آپریشن کے بعد پیشاب بند ہو جائے تو مفید دوائیں:

1۔ سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

2۔ پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2460۔ اچانک صدمہ پہنچنے سے گردوں نے کام چھوڑ دیا ہو (Kidney Failure)

کارآمد دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

پلمبم ان میں دوبارہ حرکت پیدا کر دیتی ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 678)

2461۔مثانے میں فالجی اثر سے پیشاب دھکیلنے کی طاقت کم ہو جاتی ہو اور پیشاب رُک جاتا ہو اور مثانہ میں اکٹھا ہوتا رہتا ہو۔ پھر قطرہ قطرہ بہنے لگتا ہو۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

اس بیماری کا تعلق پراسٹیٹ سے نہیں بلکہ مثانے کے فالج سے ہے۔

2462۔مثانے میں فالجی اثر نمایاں ہو اور زور لگا کر پیشاب آئے تو

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

مثانہ پیشاب سے بھرا ہونے کے باوجود پیشاب رُک جاتا ہے۔ مثانے کے فالجی اثرات میں کیمفر بہت نمایاں ہے۔

2463۔مثانہ میں کمزوری ہو جاتی ہو۔ پیشاب رُک جاتا ہو یا بہت کم آتا ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

2464۔پیشاب درد کے ساتھ آئے یا بالکل بند ہو جائے۔ گردوں میں شدید سوزش ہو اور سردی لگ کر بخار چڑھے۔ان علامات میں

مفید دوا : سینیشو اورس Seneceo Aureus 30

2465۔مثانہ کی گردن سکڑ جانے کی وجہ سے پیشاب رُک جانا۔ بعض دفعہ مثانہ سے خون بھی جاری ہو جاتا ہو۔ مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

بعض دفعہ مثانہ سے خون جاری ہو جاتا ہے اور کبھی یہ خون پیشاب کی نالی میں منجمد ہو کر مرض کو اور بھی سنگین بنا دیتا ہے۔

2466۔کسی صدمہ کے نتیجہ میں پیشاب بند ہو جائے تو فوری طور پر دی جانے والی دوا:

مفید دوا: ایکونائیٹ Aconite 30

2467۔ پیشاب کی خواہش ہوتی ہو۔ مگر پیشاب آسانی سے نہیں آتا ہو (علامت)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

2468۔ پیشاب رُک جائے۔ مریض بیٹھ کر پیشاب نہیں کر سکتا ہو۔ کھڑا ہونے کی حالت میں پیشاب دباؤ کی وجہ سے خود بخود بہتا رہے۔ بے حسی ہوتی ہو اور پتہ بھی نہیں چلتا ہو۔ ان علامات میں

بہت مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 1000-30

☆☆☆☆☆

پیشاب بکثرت اور بار بار آنا : Polyuria

2469۔ اگر پیشاب کا بکثرت آنا بغیر ذیابیطس کے ہو تو حسب ذیل علاج کریں۔

1۔ جلسیمیم Gelsemium
آرسینک Arsenic
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر کبھی کبھی۔ اس کے ساتھ

2۔ ایکونائیٹ Aconite
بیلاڈونا Belladonna
نیٹرم فاس Nat. Phos
30

خوراک: دس پندرہ گولیاں یا قطروں کی صورت میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

2470۔ پیشاب کثرت سے آتا ہو۔

مفید دوا : ایکوزیٹم Equisetum 30

2471۔ کثرت پیشاب کا ایک اور نسخہ

1۔ جلسیمیم	Gelsemium	200
آرسینک	Arsenic	
2۔ ایکونائیٹ	Aconite	200
بیلاڈونا	Belladonna	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	

2472۔ کثرت پیشاب کا ایک اور نسخہ:

1۔ جلسیمیم	Gelsemium	200
آرسینک	Arsenic	
2۔ کلکیر یا فاس	Calc. Phos	6x
نیٹرم فاس	Nat. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	

2473۔ سخت دماغی محنت اور اعصابی دباؤ کے نتیجہ میں دورانِ سر، سردرد اور بار بار پیشاب کی حاجت پیدا ہو تو

مفید دوا: کالی فاس — Kali Phos 6x

2474۔ پیشاب زیادہ اور بار بار آتا ہو۔ پیشاب سے پہلے اور بعد میں جلن ہوتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ ایڈرنالین — Adernalin 30

2۔ نیٹرم میور — Nat. Mur 30

2475۔ مثانے میں بے چینی ہوتی ہو۔ بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہو۔ لیکن مقدار میں کم ہوتا ہو۔ مفید دوا: نکس وامیکا — Nux Vomica 30

2476۔ پیشاب بکثرت بار بار آنا بوجہ ذیابیطس۔ مفید نسخہ

1۔ برائیونیا	Bryonia	200
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک دو بار اور اس کے ساتھ

2۔ ایسڈ فاس — Acid Phos 30

روزانہ دو تین بار۔ چاول آلو اور میٹھے وغیرہ سے مرجہ پرہیز۔

2477۔ سردی کی وجہ سے مثانے میں سوزش اور بار بار پیشاب آنا۔ مسلسل پیشاب کی حاجت رہتی ہو۔ قطرہ قطرہ پیشاب آتا رہتا ہو۔

کارآمد دوا: ڈلکامارا — Dulcamara 30

2478۔ مثانے کا نزلہ۔ بار بار پیشاب آنا۔ جس کے حملے سردیوں میں زیادہ ہوں۔

مفید دوا : کالی فاس — Kali Phos 6x

ایسے مریضوں کو عموماً مثانے میں ٹھنڈ لگنے سے مثانے کا نزلہ پیدا ہوتا ہے جسکی وجہ سے بار بار پیشاب آتا ہے لیکن اس میں جلن نہیں ہوتی بلکہ پیشاب پانی کی طرح صاف ہوتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ گہری سوزش کے نتیجہ میں نہیں بلکہ نزلاتی تحریک ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 512)

2479۔ مثانے کے نزلہ میں بار بار پیشاب کی حاجت ہو:

1۔ اگر دن کے وقت تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد حاجت ہوتی ہو تو

مفید دوا : کالی فاس — Kali Phos 6x

2۔ رات کو سونے کے بعد مریض بار بار پیشاب کے لئے اٹھتا ہو۔ خصوصاً رات کو تین چار بجے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔کالی کارب Kali Carb 6x

2۔آرسینک Arsenic 30

2480۔مثانے کی کمزوری کی وجہ سے بار بار پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

2481۔مریض کو بار بار پیشاب آئے اور جلدی امراض پھوڑے پھنسیوں کا رجحان

ہوتو اکثر فائدہ مند دوا: انسولین Insulin 30

2482۔تیزابیت کی وجہ سے بار بار پیشاب آنے اور کمزوری بہت ہو جاتی ہو۔ چلنا

پھرنا دوبھر ہو جاتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔آئرس ٹینکس Iris Tenax 30

2۔آرسینکم Arsenic 30

3۔نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

اگر معدہ میں تیزابیت زیادہ ہو جائے تو بار بار پیشاب آنے لگتا ہے۔ کھلے پیشاب کے ساتھ جلن ہونے لگے اور بار بار حاجت ہو اور پیشاب کی رنگت نسواری ہو جائے تو یہ آئرس ٹینکس کی علامت ہے۔

آرسینک اور نیٹرم فاس بھی اس تکلیف میں مفید ہیں لیکن ان کی اپنی دیگر علامات کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ نیٹرم فاس کے پیشاب کے رنگ میں کچھ پیلاہٹ ہوتی ہے۔

2483۔پیشاب بہت آتا ہو جس کے ساتھ کمزوری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

2484۔مثانے کا نزلہ مزمن ہو جائے۔ پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہو۔ زیادہ تر رات

کے وقت تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

2485۔ پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہو۔ رات کے وقت خود بخود نکل جاتا ہو۔
پیشاب کرتے ہوئے جلن ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب   Nat. Carb   30

2486۔ پیشاب خود بخود غیر ارادی طور پر نکل جاتا ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم   Argent. Nit.   30

2487۔ چلتے چلتے یا ہنستے وقت اور کھانستے ہوئے از خود پیشاب خارج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور   Nat. Mur   30

2488۔ دن کے وقت تھوڑی دیر کے بعد پیشاب کی حاجت ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی فاس   Kali Phos   6x

2489۔ بستر پر پیشاب : Wetting The Bed مفید نسخہ

1۔ ایکوزیٹم   Equisetum   30

2۔ نیٹرم میور   Nat. Mur   200
کالی فاس   Kali Phos   200

عموماً بچوں میں یہ تکلیف زیادہ ہوتی ہے کہ وہ گہری نیند سو جائیں تو پیشاب آنے کا پتہ ہی نہیں چلتا اور بستر گیلا کر دیتے ہیں۔

2490۔ بچے رات کو بستر میں پیشاب کر دیتے ہوں۔ بہت مفید نسخہ:

نیٹرم فاس   Nat. Phos   6x
کالی فاس   Kali Phos   6x
نیٹرم میور   Nat. Mur   6x

کئی بچے رات کو بستر میں پیشاب کر دیتے ہیں اس میں نیٹرم فاس کو کالی فاس اور

نیٹرم میور کے ساتھ ملا کر دینا زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 630)

2491۔ بچوں میں رات کو بستر گیلا کر دینے کی علامت

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit 30

2492۔ رات کو سونے کے بعد مریض بار بار پیشاب کے لئے اٹھتا ہو۔ خصوصاً رات کو تین چار بجے تکلیف میں بہت اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

2493۔ رات کو بچوں کے پیشاب نکل جانے کی بہترین دوا:

کریوزوٹ Kreosot 30

2494۔ رات کے وقت پیشاب کی غیر معمولی حاجت شروع ہو جائے جو ذیابیطس کی وجہ سے نہ ہو تو بشرط علامات مفید دوائیں:

1۔ کالی کارب Kali Carb 30

2۔ آرسینک Arsenic 30

2495۔ ذہنی دباؤ یا موسم بدلنے کی وجہ سے رات کو بار بار پیشاب آتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ کالی کارب Kali Carb 200-30

2۔ آرسینک Arsenic 200-30

3۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-30

بعض اوقات ذہنی دباؤ یا موسم کے بدلنے کی وجہ سے رات کو بار بار پیشاب آتا ہے۔ اس میں آرسینک اور دوسری اعصابی دوائیں زیادہ مفید ثابت ہو سکتی ہیں ایک نسخہ کام نہ کرے تو حسب حالات دوسرا نسخہ استعمال کر کے دیکھنا چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 635)

2496۔ ہر وقت پیشاب کی حاجت یا فارغ ہوتے ہی دوبارہ حاجت محسوس ہوتی ہو۔ پیشاب مقدار میں زیادہ نہ ہوتا ہو (صرف بے چینی ہوتی ہو) مفید دوائیں:

1۔ سبائنا Sabina 30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

2497۔ نزلہ و زکام میں بار بار پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا: ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

2498۔ کھانسی کے ساتھ عموماً عورتوں کا بے اختیار پیشاب خطا ہونے کا عارضہ ہو جاتا ہو۔ اسی طرح بے اختیاری طور پر قطرہ قطرہ پیشاب نکلتا رہتا ہو۔

مفید دوا: فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2499۔ مریض میں بے اختیار پیشاب خطا ہونے کا رجحان پایا جاتا ہو جو دن کے وقت زیادہ ہوتا ہو۔ مفید دوا: فیرم میٹ Ferr. Met. 30

2500۔ سردی کے موسم میں باہر نکلیں تو پیشاب پر کنٹرول نہیں رہتا ہو اور بے اختیار از خود ہی نکلنے لگتا ہو۔ (نمایاں علامت)

1۔ لیک ڈیف Lac. Def 200-30

2۔ کاسٹیکم Causticum 200-30

3۔ کالی کارب Kali Carb 200-30

2501۔ بار بار پیشاب آتا ہو لیکن ہر دفعہ پیشاب آنے کے لئے کچھ انتظار کرنا پڑتا ہو اور پیشاب ختم بھی آہستہ آہستہ ہوتا ہو۔

مفید دوا: کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

یہ عجیب علامت غالباً مردوں کی نسبت عورتوں میں زیادہ نمایاں ہوتی ہے۔ وہ عضلات جو پیشاب کو کنٹرول کرتے ہیں سردی کی وجہ سے بے حس ہو جاتے ہیں اور ان میں وقتی طور پر فالجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ کاسٹیکم میں بھی یہ علامت ہے لیکن اس میں مستقل فالج کی وجہ سے یہ علامت پیدا ہوتی ہے۔ لیک ڈیف میں یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے جب سردی ختم ہو جائے تو مریض واپس اپنی اصل حالت پر لوٹ آتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 537)

2502۔ پیشاب کے بعد یہ احساس رہتا ہو کہ ابھی کچھ پیشاب باقی ہے۔ اور انسان دیر تک اسے نکالنے کے لئے زور لگاتا رہتا ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30-Q

2503۔ مریض ہر وقت پیشاب کی حاجت محسوس کرتا ہو فارغ ہوتے ہی دوبارہ حاجت محسوس ہوتی ہو حالانکہ پیشاب مقدر میں زیادہ نہیں ہوتا ہو صرف بے چینی ہوتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ سبائنا Sabina 30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

2504۔ ذیابیطس / کثرت پیشاب اور خون کی کمی کیلئے بہت عمدہ نسخہ

کالی فاس	Kali Phos	6x
فیرم فاس	Ferrum Phos	6x
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	6x
نیٹرم فاس	Nat. Phos	6x

یہ خون کی کمی اور ذیابیطس دونوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

2505۔ پیشاب کا بکثرت آنا بغیر ذیابیطس کے ہو تو حسب ذیل علاج کریں:

1۔ جلسیمیم	Gelsemium	200
آرسینک	Arsenic	200

چند دن روزانہ ایک بار پھر کبھی کبھی۔ اس کے ساتھ

2۔ ایکونائیٹ	Aconite	30
بیلاڈونا	Belladonna	30
نیٹرم فاس	Nat. Phos	30

2506۔ شوگر کے بغیر بھی بار بار پیشاب آتا ہو اور رات کو جلد جلد اٹھنا پڑتا ہو۔

قابل آزمائش دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

2507۔ پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہو۔ پیشاب جھاگ دار سبزی مائل ہوتا ہو اور اس میں صفراء اور شوگر دونوں پائے جاتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سیانوتھس Ceanothus 1-Q

2۔ ٹینوسپورا کارڈی فولیا Tinospura Cordifolia 30

ٹینوسپورا آیورویدک طب میں تلی کی تکلیفوں کیلئے بطور خاص استعمال ہوتی ہے اور اسے بہت مفید پایا گیا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 267)

2508۔ بار بار پیشاب آتا ہو جو مقدار میں کم، گرم اور دودھیا رنگ کا ہوتا ہو۔

مفید دوا: للیئم ٹگ Lillium Tig. 30

2509۔ پیشاب بہت زیادہ آنے لگتا ہو جو زردی مائل اور جھاگ دار ہوتا ہو اس کے ساتھ پیشاب کی نالی میں سنسناہٹ ہوتی ہو۔ زردی مائل مادے کی تہہ پیشاب کے برتن کی دیواروں میں جمنے لگتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ چینوپوڈیم Chinopodium 30

2۔ چیلیڈونیم Chelidonium 30-Q

2510۔ پیشاب کی بار بار حاجت محسوس ہوتی ہو لیکن آتا نہیں ہو۔ بے سود کوشش سے

بے چینی پیدا ہوتی ہو، پیشاب کرنے کے بعد سوئی کی سی چبھن محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : گائیکم　　Guaiacum 30

2511۔ بچوں میں پیشاب گہرے رنگ کا آئے حاجت بہت ہو مگر بچہ پیشاب نہ کر سکے اور مثانہ پر دباؤ بڑھتا چلا جائے اس مرض میں

بہت مفید دوا : ہیلی بورس　　Helliborus 30

2512۔ بچوں میں مثانے کی بے چینی کی علامت پائی جاتی ہو جس کے ساتھ سر اور پیٹ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : سنیشو اورس　　Seneceo Aureus 30

2513۔ سردی کی وجہ سے رات کو بستر میں پیشاب نکل جائے۔

مفید دوا : سلیشیا　　Silicea 6x

2514۔ رات کو سردی کی شدید لہر کمر سے نیچے اُترتی ہوئی محسوس ہو جس کی وجہ سے بار بار پیشاب آتا ہو۔

مفید دوا : ایلیئم سیپا　　Allium Cepa 200-30

2515۔ چلتے وقت یا ہنستے وقت اور کھانستے ہوئے از خود پیشاب خارج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور　　Nat. Mur 200-6x

2516۔ مریض کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کر سکتا ہو۔ اسے بیٹھ کر کھل کر پیشاب آتا ہو۔

(علامت) مفید دوا : زنکم میٹ　　Zincum Met. 30

2517۔ مریض صرف کھڑے ہو کر پیشاب کر سکتا ہو بیٹھنے پر پیشاب بالکل بند ہو جاتا ہو یا رُک رُک کر آتا ہو۔ مفید دوا : کاسٹیکم　　Causticum 200

2518۔ مریضوں کو پیشاب کرنے کے لئے پیچھے کی طرف کھنچنا پڑتا ہو۔

مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 200

2519۔ سردرد کے ساتھ کھلا پیشاب آتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ لیک ڈیف Lac. Def 200-30

2۔ جلسیمیم Gelsemium 200-30

لیک ڈیف کی طرح جلسیمیم بھی ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔ لیک ڈیف میں سخت پیاس ہوتی ہے جبکہ جلسیمیم میں پیاس مفقود ہوتی ہے۔ لیک ڈیف میں پیشاب مقدار میں زیادہ اور ہلکے پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ لیکن بعض دفعہ گاڑھا اور سیاہی مائل بھی ہوتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ البیومن (Albumen) آ رہی ہے۔

2520۔ پسینہ بھی زیادہ اور پیشاب بھی زیادہ آتا ہو (عجیب علامت)

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

(عموماً) اگر پسینہ بہت آئے پیشاب کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔

2521۔ پیشاب مقدار میں بہت زیادہ۔ پانی کی طرح بالکل بے رنگ۔ پیشاب کی بار بار حاجت ہوتی ہو۔

مفید دوا : سائیکلیمن Cyclamen 30

2522۔ پیشاب کی بار بار حاجت محسوس ہوتی ہو لیکن جب آتا ہو تو تھوڑا تھوڑا آتا ہو۔

پیشاب کی حاجت اتنی تیز ہو جاتی ہو کہ اسے روکنا مشکل ہو جاتا ہو۔ فوری حاجت روائی نہ ہو تو کپڑوں میں نکل جاتا ہو۔ مثانے پر دباؤ اور پیشاب کی نالی میں جلن۔ بعض دفعہ پیشاب ایک دم بند بھی ہو جاتا ہو۔ جس کے بعد سخت درد ہوتا ہو۔ پیشاب انتہائی متعفن ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: پیولکس اری ٹینس Pulex Irritans 200-30

اس دوا میں ایک خوبی بہت نمایاں ہے کہ دوسری کوئی علامتیں موجود ہوں یا نہ ہوں تب بھی پیشاب کی اچانک سخت حاجت کو نرم کرنے میں غیر معمولی اثر رکھتی ہے۔ جن مریضوں کو پیشاب کی بار بار حاجت کی وجہ سے بار بار اُٹھنا پڑتا ہے ان کے نیند کے وقفوں کو بہت بڑھا دیتی ہے اور پیشاب کی بدبُو کو بھی کم کرتی ہے اور رنگت کو صاف کرتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 688)

2523۔ یکایک پیشاب کی حاجت اتنی شدید ہوتی ہو کہ مریض پیشاب کرنے کی جگہ تک بھی نہیں پہنچ پاتے ہوں۔

مفید دوا : کریوزوٹ Kreosot 30

اگر اس دوا کو کچھ عرصہ استعمال کیا جائے تو رفتہ رفتہ پیشاب کی حاجت کی تیزی میں کمی آجاتی ہے اور پیشاب روکنے کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 522)

2524۔ عورتیں پیشاب پر بالکل کنٹرول نہیں کر سکتی ہوں اور غسل خانہ تک پہنچنے کی نوبت نہیں آتی ہو۔

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

☆☆☆☆☆

Diabetes : ذیابیطس

2525۔ ذیابیطس کے نتیجہ میں پیشاب بکثرت اور بار بار آتا ہو۔ ایک وسیع الاثر نسخہ

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار

اس کے ساتھ

2۔کالی فاس	Kali Phos		
کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x	
نیٹرم فاس	Nat. Phos		

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر بغیر پانی کے چوس لیا کریں۔

بعض اوقات ان چاروں دواؤں کو 6x طاقت میں بھی دیا جاتا ہے اور اچھے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

2526۔پیشاب بکثرت بار بار آنا بوجہ ذیابیطس۔

1۔برائیونیا	Bryonia	200
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک دو بار اور اس کے ساتھ

2۔ایسڈ فاس	Acid Phos	30

روزانہ دو تین بار۔چاول آلو اور میٹھے وغیرہ سے مروجہ پرہیز۔

2527۔ذیابیطس کثرت پیشاب اور خون کی کمی کیلئے مفید نسخہ

کالی فاس	Kali Phos	
فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	

یہ خون کی کمی اور ذیابیطس دونوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 627)

2528۔ذیابیطس کے نتیجہ میں پیشاب بکثرت اور بار بار آتا ہو۔(اگر نسخہ مذکورہ بالا سے افاقہ نہ ہوتو)

1۔برائیونیا	Bryonia	200
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	

تین دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ وار ایک بار اور اس کے ساتھ

2۔ایسڈ فاس Acid Phos 30 روزانہ تین بار

نوٹ: چاول، آلو اور میٹھے وغیرہ سے مروجہ پرہیز۔

2529۔ذیابیطس کثرت پیشاب اور خون کی کمی:

کالی فاس	Kali Phos	6x
فیرم فاس	Ferr. Phos	
کلکیر یا فاس	Calc. Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	

2530۔ذیابیطس کے لئے ایک مکمل شفا بخش دوا:

لیک ڈیف Lac. Def CM-1000

بعض دفعہ اونچی طاقت میں ایک ہی خوراک مریض کو ٹھیک کر دیتی ہے......ذیابیطس کے مریضوں سے تعلق رکھنے والی بعض علامتیں مثلاً پیشاب کی کثافت، بار بار پیشاب آنا، شدید پیاس، لیک ڈیف میں بغیر ذیابیطس کے بھی پائی جاتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 532)

2531۔خون میں شکر کی زیادتی کے لئے

بہت مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 200-30 یا اونچی طاقتیں

یہ شکر کے توازن کو معتدل رکھتا ہے اس کی علامتوں میں اعصابی تناؤ اور اس کے

بداثرات، ذہنی پراگندگی، خوف اور غصہ ملتے ہیں۔

2532۔خون میں شوگر موجود ہولیکن پیشاب میں نہ ہوتو

مفید دوا : انسولین Insulin Q-30

انسولین ذیابیطس کی بعض مخصوص علامتیں رکھنے والے مریضوں میں مفید بتائی گئی ہے اور اگر وہ اسے ٹھیک نہ کر سکے تو کم از کم ذیابیطس سے پیدا ہونے والے بداثرات کو مٹا دیتی ہے۔

2533۔ذیابیطس کی بہت عمدہ دوا: لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 200

اگر دوسری دواؤں کے علاوہ لیکٹک ایسڈ 200 طاقت میں دی جائے تو وہ مریض جو دوسری دواؤں کا اثر قبول نہیں کرتے اس کی وجہ سے وہ دوائیں بھی کام کرنے لگتی ہیں۔

2534۔ذیابیطس کے مریض کو مکمل شفا بخشنے کی طاقت رکھنے والی ایک دوا:

کریوزوٹ Kreosot 30

اس میں یکا یک پیشاب کی حاجت اتنی شدید ہوتی ہے کہ پیشاب کرنے کی جگہ تک بھی نہیں پہنچ پاتے۔اگر اس دوا کو کچھ عرصہ استعمال کیا جائے تو رفتہ رفتہ پیشاب کی حاجت کی تیزی میں کمی آجاتی ہے اور پیشاب کو روکنے کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔

2535۔جلدی بیماریاں (ایگزیما) تیز دواؤں سے دبادی جائیں اور لبلبہ (Pancreas) پران کا حملہ ہونے سے مریض کو سخت قسم کی ذیابیطس ہو جائے تو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000

اونچی طاقت میں رسٹاکس کی ایک ہی خوراک اندرونی تکلیفوں کو فوراً رفع کرتی ہے مگر اس صورت میں پرانے ایگزیما کو جلد پر ضرور اچھال دیتی ہے۔

بعض مریض ذیابیطس ٹھیک ہونے سے اتنے مطمئن نہیں ہوتے جتنا ایگزیما دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں حالانکہ اگر وہ صبر سے کام لیں تو بسا اوقات رسٹاکس ہی سے اس جلدی بیماری

کا علاج بھی ہو جاتا ہے جو خود اس نے باہر نکال دی ہو اور وہی اس کا مکمل صفایا بھی کر دیتی ہے۔ مگر شروع میں ایگزیما ایک دفعہ ضرور بھڑکتا ہے اور آہستہ آہستہ کم ہونے لگتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 709)

2536۔ بچے جو بچپن سے ہی ذیابیطس کا شکار ہو جائیں۔ لسّی کی طرح پیشاب آتا ہو اور بہت زیادہ آتا ہو۔

مفید دوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

2537۔ مریضہ جس کا موٹاپے کی طرف رجحان ہو اور جسم ٹھنڈا رہتا ہو اسے ذیابیطس ہو جائے تو ایک امکانی دوا:

لیک ڈیف Lac. Def 200-30

اگر کوئی عورت ضرورت سے زیادہ موٹے بچے کو جنم دے جبکہ غذا وغیرہ نارمل ہو تو اس بات کا بھاری خطرہ موجود ہے کہ اسے ذیابیطس ہو جائے گی۔ اگر اس کا مزاج ٹھنڈا رہتا ہو تو لیک ڈیف اسے شفا دے سکتی ہے۔ اس لئے فوراً اس کے ذریعہ علاج شروع کرنا چاہیئے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 535)

2538۔ بلڈ شوگر کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر (کیلئے مفید نسخہ)

1۔ آرنیکا	Arnica	200
لیکیسس	Lachesis	
لیڈم	Ledum	
2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	30
روٹا	Ruta	
سمفائیٹم	Symphytum	

2539۔شوگر اور بلڈ پریشر دونوں اکٹھے ہوں۔ایک اور مفید نسخہ:

1۔آرنیکا	Arnica	200
لیکیسس	Lachesis	

2۔نیٹرم سلف	Nat. Sulph	6x
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
نیٹرم فاس	Nat. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	

2540۔شوگر کیلئے (پیشاب کے بکثرت بار بار آنا بوجہ ذیابیطس)

1۔نیٹرم سلف	Nat. Sulph	200
2۔کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x ملا کر
نیٹرم فاس	Nat. Phos	
کالی فاس	Kali Phos	

2541۔شوگر کا ایک دیسی نسخہ

بھنڈی تین عدد لے کر اس کے ٹکڑے کر کے آدھے گلاس پانی میں بھگو دیں۔صبح نہار منہ یہ پانی پی لیں۔انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

2542۔شوگر: مریض میں ذہنی کمزوریوں کی علامتیں ظاہر ہو کر رفتہ رفتہ بڑھ رہی ہوں

مفید دوا: ایسڈ فاس Acid Phos 30

2543۔شوگر: لمبے غم اور فکر کے نتیجہ میں ہو اور اس کے ساتھ پتے میں سخت ڈنک لگنے کی سی دردیں ہوں نیز اگر سارے جسم خصوصاً بازوؤں اور ٹانگوں میں ہلکی سی دُکھن کا احساس ہو تو۔بہت مفید دوا: ٹیرنٹولا Tarentula 200-30

ٹیرینٹولا وقتی فائدہ ہی نہیں دیتی بلکہ اللہ کے فضل سے مکمل شفاء دے دیتی ہے۔

2544۔ پیشاب میں شوگر کے ساتھ پتے کی تکلیف بھی ہو۔ پیشاب کی رنگت لسّی جیسی ہو۔ پیشاب مقدار میں بہت زیادہ ہوتو ان علامات میں

خصوصی دوا: ارجنٹم میٹیلیکم Argentum Met. 30

ذیابیطس کے بداثرات

Bad Effects of Sugar

2545۔ ذیابیطس کی وجہ سے پتے کی تکلیف۔ مثانہ بہت حسّاس ہو اور ذرا سا بھی دباؤ برداشت نہ کر سکتا ہو۔

مفید دوا: کالی کارب Kali Carb 30

2546۔ ذیابیطس کی وجہ سے کندھے کے پیچھے جڑوں والا پھوڑا کاربنکل (Carbuncle) نکل آئے تو اس خطرناک بیماری میں

بہت مفید دوا: ٹیرنٹولا ہسپانیہ Tatentula Hisp. 30

2547۔ شوگر کی وجہ سے گردن اور کمر وغیرہ پر کاربنکل نکلتے ہوں۔ اگر وہ تیزی سے پھیل کر جڑوں والے پھوڑوں کی شکل اختیار کر لیں اور اردگرد ورم ہو جائے تو

1۔ مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

2۔ مؤثر دوائیں: 1۔ آرسینک Arsenic 200-30

2۔ اینتھر اسینم Anthracinum 200

2548۔ ذیابیطس کی وجہ سے پیدا ہونے والے زخم، چھالے، بیڈسور، کاربنکل وغیرہ میں

مؤثر دوا: انسولین Insulin 30-Q

2549۔ مریض جنہیں ذیابیطس ہو اور گردے جواب دے رہے ہوں۔ رات کو بستر میں پیشاب نکل جاتا ہو۔ ان کے لئے

مفید دوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

معدہ اور پیٹ کی تکالیف

Stomach & Abdominal Diseases

پیٹ درد، تشنج اور جلن وغیرہ

2550۔ معدے کی درد کیلئے۔ Stomach Pain کیلئے کارآمد نسخہ

نکس وامیکا	Nux Vomica	30 ملا کر
اپیکاک	Ipecac	
کوکولس	Cocculus	
آرسینک	Arsenic	
پیٹرولیم	Petrolium	

2551۔ کھانے پینے کے بعد معدے میں درد۔ جلن اور تشنج۔ کھانسنے پر قے جس میں غیر ہضم شدہ غذا کے علاوہ بلغم ہوتا ہو۔ مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

2552۔ پیٹ میں درد جسے ٹھنڈی چیزوں کے استعمال سے آرام آتا ہو۔ درد اور سوزش چلنے اور پیٹ پر ہاتھ لگانے سے بڑھ جاتی ہو۔ دائیں طرف لیٹنے سے آرام۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

2553۔ معدے میں درد جسے کچھ کھانے سے آرام آتا ہو۔ مگر کھانے کے بعد قے ہو جاتی ہو۔ گرم غذا سے مریض بہتر محسوس کرتا ہو جبکہ ٹھنڈی غذا سے بیماریوں میں

اضافہ ہو جاتا ہو۔ معدے میں کھچاؤ اور ٹھنڈک محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کریئوزوٹ Kreosot 30

2554۔ پیٹ میں درد جسے ٹھنڈی چیزوں کے استعمال سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

2555۔ معدے میں کاٹنے والے درد اُٹھتے ہوں۔ ان کی حرکت بائیں طرف سے دائیں طرف ہوتی ہو۔ یوں محسوس ہوتا ہو جیسے کسی نے چاقو مار دیا ہو اور مریض حرکت نہیں کرسکتا بلکہ ساکت و جامد ہو جاتا ہو اور پھر ذرا سی دیر میں ہی درد ختم ہو جاتا ہو۔ درد جو مستقل بیٹھ رہنے والے نہ ہوں بلکہ بجلی کے کوندوں کی طرح آئیں اور ایک دم مریض کو نڈھال کر کے چلے جائیں

مفید دوا: اپیکاک Ipecac 30

2556۔ پیٹ درد کا شدید دورہ، معدہ میں اینٹھن اور مروڑ اُٹھتے ہوں۔ درد سے بعض اوقات سانس لینے میں دقّت ہوتی ہو۔ کئی عورتیں تکلیف کی شدّت سے بے ہوش ہو جاتی ہوں اور بھوک کا احساس ختم ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

2557۔ پیٹ کا تشنج دُور کرنے کے لئے مفید دوا : میگ فاس Mag. Phos 6x

2558۔ پیٹ میں شدید مروڑ اٹھتا ہو اور یوں محسوس ہوتا ہو کہ درد کی شدت سے پیٹ پھٹ جائے گا۔ اُلٹیاں بھی آتی ہوں ہچکی لگ جاتی ہو۔ مریض چیخیں مارتا ہو۔ اسے چکر آتے ہوں اور معدہ میں جلن کا احساس بھی ہوتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسمس Hyoscyamus 200-30

2559۔ معدے میں ہوا، درد اور گھرچن کا احساس اُٹھتا ہو جو گلے تک پہنچتا ہو اور دل

کے مقام پر درد اور تشنج پیدا کرتا ہو۔ چھونے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ سر بھی بوجھل رہتا ہو۔

کارآمد دوا: ہیماٹوکسی لون Haema Toxylon 30

2560۔ اعصابی ہیجان کی وجہ سے نظام ہضم خراب ہو تو معدہ کے لئے Tonic

کالی فاس	Kali Phos	6x
میگ فاس	Mag. Phos	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	

2561۔ معدے کی وجہ سے چھاتی میں درد ہو تو مفید نسخہ

کاربوویج	Carboveg	30
کولوسنتھ	Colocynths	
نکس وامیکا	Nux Vomica	
اپیکاک	Ipecac	

2562۔ فم معدہ کے درد کیلیئے کارآمد نسخہ

کاربوویج	Carboveg	30	روزانہ تین بار
کولوسنتھ	Colocynths		
ایکونائیٹ	Aconite		

2563۔ پیٹ درد کا ایک اور نسخہ

نیکس وامیکا	Nux Vomica	30-200
بیلاڈونا	Belladonna	
میگ فاس	Mag. Phos	
کالوسنتھ	Colocynths	

2564۔ پیٹ میں شدید درد۔ عمدہ نسخہ

1۔ کالوسنتھ Colocynthis CM صرف ایک خوراک

2۔ فیرم فاس Ferr. Phos
کالی میور Kali Mur
سلیشیا Silicea 6x
میگ فاس Mag. Phos

2565۔ پیٹ کے اعصابی درد (اور تشنج) کے لئے

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

''اس کی مخصوص علامت یہ ہے کہ تشنج خواہ پتے میں ہو یا پیٹ کے کسی اور حصے میں ہو اس میں ہمیشہ دباؤ سے نقصان پہنچتا ہے اور انگڑائی لے کر ماؤف جگہ پر دباؤ کم کرنے سے آرام ملتا ہے۔''
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 355)

2566۔ پیٹ درد کو آگے جھکنے سے آرام آتا ہو۔

1۔ (علامت) کولوسنتھ Colocynth 30

2۔ مفید دوا: مینگنیم Manganum 30

2567۔ سینے سے لیکر پیٹ تک چبھنے والا درد ہوتا ہو جو سانس لیتے ہوئے بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 200-30

2568۔ مریض کے معدہ میں چوٹ لگنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : فائیٹولاکا Phytolacca 30

2569۔ معدہ میں شدید درد جس میں آگے جھکنے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : ایکٹیا ریسی موسا Actaea Racemosa 30

2570۔سخت پیٹ درد، پیٹ کا درد اتنا شدید ہوتا ہو کہ مریض ایک لمحہ بھی چین سے نہیں بیٹھ سکتا ہو۔درد کی شدت سے دہرا ہوتا ہو اور آگے کو جھکتا ہو۔دباؤ اور گرمی سے آرام اور آگے جھکنے سے سکون محسوس کرتا ہو۔

1۔مفید دوا : کولوسنتھ Colocynth 30

2۔مفید نسخہ: کولوسنتھ Colocynth 30

میگ فاس Mag. Phos 6x

کولوسنتھ میں درد دورے کی شکل میں آتا ہے۔ہر دورہ پہلے دورہ سے زیادہ شدید ہوتا ہے درد آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور بڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔کولوسنتھ دینے سے فوراً آرام آجاتا ہے۔

2571۔پیٹ درد میں مریض درد سے دُہرا ہو جاتا ہو اور درد نا قابل برداشت ہوتے ہوں۔ناف اور جگر کے مقام پر درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کیموميلا Chamomilla 30

2572۔پیٹ کے اعصابی دردوں کے لئے بہت مفید دوا :

ڈائسکوریا Dioscorea 30

اس کی مخصوص علامت یہ ہے کہ تشنج خواہ پتے میں ہو یا پیٹ کے کسی اور حصہ میں اس میں ہمیشہ دباؤ سے نقصان پہنچتا ہے اور انگڑائی لے کر ماؤف جگہ پر دباؤ کم کرنے سے آرام ملتا ہے۔
ڈائسکوریا میں درد کی لہریں ہمیشہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی ہیں......معدہ کا تشنج دل کی جانب لپکتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 355)

2573۔پیٹ کا درد ڈائسکوریا سے مشابہ ہو۔مریض پیچھے کی طرف جھکتا ہو۔درد کی نوعیت عام پیٹ درد سے مختلف ہوتی ہو۔جسے مریض بیان نہیں کر سکتا ہو۔اسہال

کے دوران درد نہیں ہوتا ہو۔ معدہ میں سوزش ہوتی ہو۔

مفید دوا : بسمتھم 30 Bismuthum

2574۔ پیٹ کا شدید درد ہذیان بکنے کے رجحان میں تبدیل ہو جائے اور گلے سے درد کا گولہ دماغ کی طرف جاتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : پلمم 30 Plumbum

2575۔ معدہ کا تشنج دل کی جانب لپکتا ہو۔ (دباؤ سے نقصان اور انگڑائی لیکر دباؤ کم کرنے سے آرام) مفید دوا : ڈائسکوریا 30 Dioscorea

2576۔ معدہ اور خوراک کی نالی میں تشنج مفید دوا :

ایسافیٹیڈا 30 Asafoetida

2577۔ وبائی پیٹ درد اور قے ۔ عمدہ نسخہ

30	Croton	کروٹن
	Ipecac	اپیکاک
	Carboveg	کاربوویج
	Baptisia	بپٹیشیا

2578 پیٹ کے تشنج اور اپھارہ کے لئے بہترین دوا:

کالچیکم 200 Colchicum

کالچیکم 200 طاقت میں بہت اچھا کام کرتی ہے۔

2579۔ جگر کی بیماری معدے تک پھیل جائے اور سیاہ رنگ کی خون کی قے آئے تو

کارآمد دوا: کارڈووس میریانس .Corduus Mari Q روزانہ تین بار

"کارڈووس میریانس میں معدے کی علامتیں بھی ملتی ہیں کیونکہ جگر خراب ہو تو معدہ

ضرور متاثر ہوتا ہے۔منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہے یا پھیکا اور بدمزہ، زبان گندی ہو جاتی ہے۔
کھانے کی خواہش مٹ جاتی ہے۔معدے کا درد دائیں سے بائیں طرف حرکت کرتا ہو تو یہ بھی
کارڈوس میریانس کی علامت ہے اس کا مطلب ہے کہ جگر کی بیماری معدے تک پھیل گئی ہے
اس صورت میں سیاہ رنگ کی قے آتی ہے۔دائیں پسلیوں میں اور سینے میں درد ہوتا ہے جو
حرکت سے بڑھتا ہے۔سینے کا درد کندھوں، کمر اور پیٹ تک پہنچتا ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 259)

2580۔معدہ کے منہ پر تیزابیت کی وجہ سے شکنجہ سا آجائے اور کھانا متعفن ہونے کی وجہ سے بدبُو پیدا ہو جائے اور ہوا معدہ میں اکٹھی ہوتی رہے۔(علامات)

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

2581۔پیٹ میں درد اور مروڑ (Colic) کیلئے کارآمد نسخہ

30

- Nux Vomica نکس وامیکا
- Colocynth کولوسنتھ
- Discorea ڈائسکوریا
- Kurchi کُرچی

2582۔پیٹ میں تشنج کیلئے ایک اور مفید نسخہ

1۔

30

- Aconite ایکونائیٹ
- Belladonna بیلاڈونا
- Nux Vomica نکس وامیکا

آدھے آدھے گھنٹہ کے وقفہ سے اگر بخار ہو۔

2۔میگ فاس Mag. Phos 6x

2583۔پیٹ میں شدید درد ہوتا ہو اور مروڑ اُٹھتے ہوں۔سخت اجابت کے بعد خون ..

بھی آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

2584۔ پیٹ میں شدید مروڑ اٹھتا ہو اور یوں محسوس ہوتا ہو کہ درد کی شدت سے پیٹ پھٹ جائے گا۔ اُلٹیاں بھی آتی ہوں ہچکی لگ جاتی ہو۔ مریض چیخیں مارتا ہو۔ اسے چکر آتے ہوں اور معدے میں جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

2585۔ معدہ میں شدید درد اُٹھتا ہو جس کی وجہ سے مریض بات بھی نہیں کر سکتا ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 30

2586۔ شدید پیٹ درد اور تھوڑے اسہال جن کے ساتھ تشنجی دورے بھی ہوں اور پیٹ تن جائے اور چھونے سے درد کرتا ہو۔ اندر کی طرف کھچاؤ محسوس ہوتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا: کیوپرم Cuprum 30

2587۔ پیٹ میں مروڑ اور تشنج ہو تو مفید دوا :

پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2588۔ پیٹ میں شدید درد، بے چینی اور تشنج کے علاوہ خون بھی آتا ہو۔

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

2589۔ معدے میں کاٹنے والے درد اُٹھتے ہوں اور ان کی حرکت بائیں طرف سے دائیں طرف ہوتی ہو یوں محسوس ہوتا ہو جیسے کسی نے چاقو مار دیا ہو اور مریض حرکت نہیں کر سکتا ہو بلکہ ساکت و جامد ہو جاتا ہو اور پھر ذرا سی دیر میں ہی درد ختم ہو جاتا ہو۔

کارآمد دوا: اپی کاک Ipecac 30

درد جو مستقل بیٹھ رہنے والے نہ ہوں بلکہ بجلی کے کوندوں کی طرح آئیں اور ایک دم مریض کو نڈھال کر کے چلے جائیں وہ ایپی کاک سے تعلق رکھتے ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 475)

معدہ اور نظام ہضم کی خرابی

2590۔ اعصابی ہیجان کی وجہ سے نظام ہضم کی خرابی

1۔ مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 200-6x

اگر باقی بالمشافہ دوائیں ناکام ہو چکی ہوں تو اسے ضرور استعمال کرنی چاہیئے۔

2۔ مفید نسخہ: کالی فاس Kali Phos
میگنیشیا فاس Mag. Phos 6x ملا کر
کلکیریا فاس Calc. Phos

عام طور پر کالی فاس، میگنیشیا فاس اور کلکیریا فاس ملا کر ٹانک کے طور پر دیا جاتا ہے۔
(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 511)

2591۔ پیٹ کے اعصابی دردوں کے لئے مفید دوا :

ڈائسکوریا Dioscorea 30

2592۔ جگر اور معدہ کی خرابی: منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہو یا پھیکا اور بدمزہ۔ زبان گندی ہو جاتی ہو۔ کھانے کی خواہش مٹ جاتی ہو معدے کی خرابی سے پیدا ہونیوالی بدبُو بھی آتی ہو۔ معدے میں یہ احساس ہو کہ درد بائیں سے دائیں طرف حرکت کرتا ہے۔ (علامت)

مفید دوا : کارڈووس میریانس Carduus Marianus Q

جگر خراب ہو تو معدہ ضرور متاثر ہوتا ہے اگر اس میں یہ احساس ہو کہ درد بائیں سے دائیں طرف حرکت کرتی ہے تو یہ بھی کارڈووس میریانس کی علامت ہے اس کا مطلب ہے کہ جگر کی بیماری معدے تک پھیل گئی ہے اس صورت میں سیاہ رنگ کے خون کی قے آتی ہے۔ دائیں

پسلیوں میں اور سینے میں درد ہوتا ہے جو حرکت سے بڑھتا ہے سینے سے درد کندھوں، کمر اور پیٹ تک پہنچتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 259)

2593۔ معدے کی علامتیں نمایاں ہوں۔ بھوک نہیں لگتی ہو اور غذا ہضم نہیں ہوتی ہو۔ ڈکار، متلی، قے، معدے میں اپھارہ اور ہوا کا سخت زور۔ عموماً قبض رہتی ہو۔

مفید دوا: ابسنتھم Absinthium 30

2594۔ نظام ہضم بہت کمزور پڑ جائے۔ معدہ میں دکھن کا احساس ہوتا ہو۔ پیٹ کے نچلے حصہ میں درد جو رفع حاجت کے بعد زیادہ ہو جاتا ہو۔ منہ کا مزہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہو۔ مفید دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 30-200

2595۔ معدہ کا نظام سست پڑ جائے۔ کھانا بہت آہستہ آہستہ ہضم ہوتا ہو۔ معدے میں تعفن پیدا ہوتا ہو۔ تیزابیت کی وجہ سے کھٹی قے شروع ہو جاتی ہو۔

یقینی دوا: زنکم Zincum 30

اس نظام کی سست روی مثانے میں فالجی کیفیت پیدا کرتی ہے پیشاب اور اجابت دونوں میں اکٹھی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 807)

2596۔ نظام ہضم میں کمزوری واقع ہو جائے۔ کھانا کھانے کے بعد مسلسل بے چینی، جلن، ایسا احساس جیسے ابھی قے آنے والی ہو۔ معدے میں پتھر کا سا بوجھ۔ کھانا کھٹاس میں تبدیل ہو جاتا ہو اور کھٹی ڈکاریں آنے لگتی ہوں (نمایاں علامات)

مفید دوا: ایسکولس Aesculus 30

2597۔ نظام ہضم سست ہونے کی وجہ سے مریض کا کھانا معدے میں اکٹھا ہوتا رہتا ہو اور متلی اور قے کا رجحان بڑھ جاتا ہو۔ آخر بھوک ختم ہو جاتی ہو۔ مریض کچھ کھا نہیں

سکتا ہو اور سخت کمزوری پیدا ہو جاتی ہو۔اس خصوصی علامت میں مفید دوائیں:

1۔کیمومیلا Chamomilla 200-30

2۔اوپیئم Opium 200-30

2598۔معدہ بالکل جواب دے جائے۔کوئی چیز ہضم نہ ہو۔خوراک معدہ میں گلنے سڑنے لگے۔گندے بدبُو دار ڈکار اور شدید متلی اور اُبکائیاں آئیں تو

بہت مؤثر دوا: کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 200-30

2599۔معدے کی خرابی کے ساتھ شدید متلی کا دورہ۔اُلٹیاں اور سخت اسہال جو سخت بدبُو دار ہوتے ہوں۔پیٹ ہواؤں سے پھولا ہوا ہو۔

مفید دوا: پیولکس اری ٹینس Pulex Irritans 200

2600۔معدے کی بیماریاں: ہوا بکثرت بنتی ہو۔متلی بھی ہوتی ہو۔مریض بے قراری اور بے چینی محسوس کرتا ہو۔اجابت رُک رُک کر اور کم آتی ہو اور بہت تھکاوٹ محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: پلاٹینم Platinum 30

2601۔معدے کی بیماریاں: وہ مریض جنہیں دودھ سے نفرت ہو یا ان کی تکلیفیں دودھ پینے سے بڑھ جائیں، متلی، قے، سر درد، ڈکار، معدہ میں ہوا وغیرہ پیدا ہونے لگے تو اس قسم کی سب علامتوں میں

مؤثر دوا: لیک ڈیف Lac. Def CM

ایک لاکھ طاقت میں ایک ہی خوراک کارگر ثابت ہو سکتی ہے۔بعض دفعہ اسے کچھ عرصہ بعد دہرانا پڑتا ہے اگر دو خوراکوں کے بعد بھی کوئی فرق نہ پڑے تو پھر اس دوا کے پیچھے

نہیں پڑنا چاہیئے اگر اس نے فائدہ دینا ہو تو فوراً دیتی ہے ورنہ بالکل اثر نہیں کرتی۔ پہلی خوراک سے افاقہ ہو لیکن علامتیں جلد واپس آ جائیں تو ایک ہفتہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 533)

2602۔ معدے اور جگر کا نظام درہم برہم ہو جائے۔ معدہ میں بوجھ اور گھٹن کا احساس۔ سیاہی مائل اُلٹیاں آتی ہوں یا سبز رنگ کا مواد نکلتا ہو جس میں بعض دفعہ خون کی آمیزش ہوتی ہو۔

مفید دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 200-30

2603۔ نظام ہضم بہت کمزور ہو جاتا ہو۔ معدہ میں دُکھن کا احساس ہوتا ہو۔ منہ کا مزہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2604۔ نظام ہضم سُست پڑ جاتا ہو۔ کھانا ہضم نہیں ہوتا ہو۔ پیٹ پھول جاتا ہو۔ سارا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہو۔

مفید دوا: چائنا China 200-30

چائنا میں عموماً پیٹ کی ہوا میں بدبُو نہیں ہوتی۔

2605۔ معدے کا نظام سُست پڑ جاتا ہو۔ کھانا بہت آہستہ آہستہ ہضم ہوتا ہو اور بھوک مٹ جاتی ہو، معدے میں تعفن پیدا ہوتا ہو۔ تیزابیت کی وجہ سے کھٹی قے شروع ہو جاتی ہو۔ قبض رہتی ہو۔ اس نظام کی سُست روی فالجی کیفیت پیدا کرتی ہو۔

مفید دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

2606۔ مریض کی قوت ہاضمہ کمزور ہو جاتی ہو اور فاسفورس اور ایتھوزا کی طرح پیٹ

میں پانی نہیں ٹھہرتا ہو۔گرم ہوتے ہی قے ہو جاتی ہو۔جبکہ ٹھوس غذا کھانے سے قے نہیں ہوتی ہو۔بہت بدبُو دار ڈکار آتے ہوں۔

مفید دوا : بسمتھم Bismuthum 30

2607۔نظام ہضم بہت کمزور پڑ جاتا ہو۔معدہ میں دُکھن کا احساس ہوتا ہو۔منہ کا مزہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہو۔

مفید دوا :ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2608۔معدے میں شدید کمزوری کے دورے پڑتے ہوں۔بھوک بہت لگتی ہو لیکن کھانے کے بعد تھکاوٹ اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔سینہ میں جلن کا احساس،جگر کے مقام پر سوئیاں چبھتی ہوں۔کھانا کھانے کے بعد بھاری پن اور تناؤ کا احساس ہوتا ہو۔معدے میں شدید کمزوری کے دورے پڑتے ہوں۔

مفید دوا :نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

نیٹرم میور کا مریض ڈبل روٹی،چکنائی اور روغنی غذا کو پسند نہیں کرتا۔

2609۔معدے میں شدید کمزور اور خالی پن کا احساس ہوتا ہو۔کھانے کے بعد تھکن اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کاربوانیمیلس Carbo Animalis 30

2610۔معدے میں کمزوری اور خالی پن کا احساس ہوتا ہو

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

2611۔معدے کے نزلہ میں مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

سردی لگنے سے معدہ میں کمزوری اور نقاہت کا احساس ہوتا ہے۔اخراجات میں بلغم

پیدا ہونے لگتی ہے اور طبیعت بدمزہ ہو جاتی ہے۔

2612۔معدہ میں کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔نبض کمزور اور آہستہ ہو جاتی ہو لیکن اگر مریض چل پھر رہا ہو تو نبض میں تیزی آجاتی ہو۔دل کی دھڑکن بھی زیادہ ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

2613۔نظام ہضم کی خرابی: رات کے وقت اکثر غیر ہضم شدہ غذا کی اجابت ہوتی ہو لیکن اگر دن کو ایسی اجابت ہوتی ہو مگر ساتھ درد نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met. 30

2614۔صبح کے وقت جاگنے اور کھڑے ہونے پر معدہ ڈوبنے کا احساس پایا جاتا ہو۔ پیٹ میں شدید درد جو دائیں طرف حرکت کرتا ہو۔

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tenax 30

2615۔معدہ اور نظام ہضم بگڑنے کی وجہ سے سوتے میں جسم کو جھٹکے لگیں تو

بہترین دوا: گرائنڈیلیا Grindilia 30

2616۔معدہ کی خرابی کے ساتھ جلدی امراض اُبھر آتے ہوں تو

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud 200-30

2617۔معدے کی خرابی کی وجہ سے مرگی کی طرح کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔معدے سے ایک شعلہ سا نکلتا ہو جو سر یا دل کی طرف جاتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔سر پر دباؤ کی وجہ سے مریض بعض دفعہ بے ہوش ہو جاتا ہو یا اسے چکر آتے ہوں اور جسم کا توازن برقرار نہیں رہتا ہو۔(علامت)

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

یہ علامتیں معدے کی تیزابیت سے پیدا ہوتی ہیں۔اگر کسی کھلاڑی کے معدے میں

تیزابیت ہوتو اس میں ایسی علامتیں پیدا ہونا قرین قیاس ہے۔ ایسی صورت میں جلسیمیم سے فائدہ ہوتا ہے لیکن یہ مرگی نہیں ہوتی۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 399-400)

2618۔ معدے کی علامتوں میں: کھٹی چیزیں کھانے کی کوشش کریں تو اسہال لگ جاتے ہوں۔ کھانے کے تھوڑی دیر بعد بغیر متلی کے غیر ہضم شدہ کھانے کا کچھ حصہ اُبکائیوں کے ساتھ منہ کی طرف آتا رہتا ہو اور بعض دفعہ باقاعدہ متلی کیساتھ قے بھی ہوتی ہو۔ ایسی قے بعض دفعہ کھانا کھاتے ہی آجاتی ہو اور بعض دفعہ آدھی رات کے بعد آتی ہو۔ پیٹ ہوا سے تن جاتا ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met. 30

کھانے پینے سے معدہ اور پیٹ کی تکالیف

2619۔ کھانا کھانے کے چند گھنٹے بعد معدہ کی تکلیفیں شروع ہوتی ہوں۔ بے چینی، کھٹے ڈکار، ہوا سے پیٹ کا بھر جانا۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2620۔ کھانا کھانے سے قبل اور بعد میں معدہ اور تمام پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دو: سسٹس Cistus 30

2621۔ کھانا کھانے کے بعد معدہ کی جلن نمایاں ہو۔ پیچش اور اسہال میں گرمی کا احساس ہو۔ فارغ ہونے کے بعد بھی جلن رہتی ہو۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 200-30

2622۔ کھانے کے بعد جلن اور تیزابیت زیادہ ہو جائے اور منہ سے پانی آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2623۔معدے میں میٹھی چیزوں سے جلن پیدا ہوتی ہو۔نیز متلی ہچکی اور قے کا رجحان ہو۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

2624۔سینے میں جلن ہوتی ہو،منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہو،پیٹ میں درد ہوتا ہو۔ہر وقت پیٹ بھرا رہنے کا احساس ہوتا ہوتو

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

2625۔معدہ میں جلن اور سوزش اور چھونے سے درد نمایاں طور پر پائے جاتے ہوں۔ ہچکی لگ جاتی ہو۔ڈکار بھی آتے ہوں۔

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

2626۔معدہ میں جلن اور کھرچن کا احساس رہتا ہو۔

مفید دوا : ملی فولیئم Millefolium 200

2627۔معدہ کی تکلیفوں میں اکثر زبان جلتی ہو۔دانتوں میں بھی درد ہوتا ہو۔منہ خشک اور پیاس بہت لگتی ہو،کھانے کی بُو سے خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو سے بعض دفعہ متلی اتنی شدید ہوتی ہو کہ مریض بے ہوش ہو جاتا ہو۔معدے میں سخت گرمی محسوس ہوتی ہو یا سخت سردی۔ان علامات میں مفید دوا : کالچیکم Colchicum 200-30

2628۔کھانا کھانے کے بعد معدہ میں بوجھ محسوس ہوتا ہو جو حلق تک جاتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

2629۔کھانے پینے کے بعد معدے میں درد،جلن اور تشنج۔کھانسنے پر قے جس میں غیر ہضم شدہ غذا کے علاوہ بلغم ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

2630۔کھانا کھانے کے بعد سارے جسم میں کمزوری کا احساس ہوتا ہو اور شریانوں میں تپکن اور دھڑکن پائی جاتی ہو۔کھانا کھاتے ہی سیری کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 30

2631۔کھانا کھاتے ہی پیٹ پھول جاتا ہو۔جلن اور تیزابیت پیدا ہوتی ہو۔اور کھانے کے تھوڑی دیر بعد ہی پھر بھوک لگ جاتی ہو۔مچھلی اور انڈہ ہضم نہیں ہوتے ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

2632۔کھانا کھانے کے بعد چھاتی کے دائیں طرف درد ہو۔مریض گوشت نہیں کھا سکتا ہو۔پیٹ درد ہوتا ہو جو حرکت سے یا بولنے سے بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

2633۔کھانا کھانے سے قبل اور بعد میں معدہ اور تمام پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہو۔پنیر کھانے کی بہت خواہش ہوتی ہو۔پتلے زوردار دست لگ جاتے ہوں جو عموماً صبح کے وقت زیادہ آتے ہوں، مریض کا دل تیز مسالے دار چیزیں کھانے کو چاہتا ہو۔ مفید دوا : سسٹس Cistus 30

2634۔زیادہ کھانے کی وجہ سے قے کا رجحان ہو تو

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud 200-30

اس کے استعمال سے قے رُک جاتی ہے۔اس کی علامات میں معدے کی خرابی اور متلی شامل ہیں۔

2635۔اگر چربی زیادہ کھائی گئی ہو تو مفید دوا :

پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

2636۔ معدے کی تکلیفوں میں، تیل، گھی اور چربی والی مرغن غذا ہضم نہیں ہوتی ہو۔ ذراسی ملائی یا گھی کھانے سے معدہ جواب دے جاتا ہو۔ چکنائی سے نفرت ہو جاتی ہو۔ چکنائی والی غذا ہضم نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200

2637۔ معدے کی تکالیف: چربی والے کھانے کھانے سے نفرت، گرمی، جلن کا احساس اور کافی پینے کے بعد تکلیفیں بڑھ جاتی ہوں۔ مریض جتنی دفعہ کافی پیئے اتنی دفعہ اسہال آتے ہوں ہچکی لگ جاتی ہو۔

مفید دوا : سائیکلیمن Cyclamen 30

معدے کی تکالیف پلسٹیلا سے ملتی جلتی ہیں۔ معدے کی تکلیفوں میں ہچکی کا آنا سائیکلیمن کی خاص علامت ہے۔

2638۔ بھوک کی حالت میں تکلیفیں بڑھتی ہوں اور کھانا کھانے کے بعد کچھ عرصہ تو آرام رہتا ہو۔ مگر تقریباً ایک گھنٹہ کے اندر اندر تکلیف واپس آ جاتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 200-30

2639۔ دودھ پینے سے معدہ خراب ہو جاتا ہو۔ مفید دوا :

چائنا China 200-30

2640۔ دودھ ہضم نہ ہونے کے نتیجہ میں یا مرغن غذاؤں کے استعمال سے نظام ہضم میں خرابی ہو جائے

1۔ اگر مزاج بہت گرم ہو تو مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatiila 30

2۔ اگر مزاج بہت ٹھنڈا ہو تو مفید دوا : لیک ڈیف Lac Def 200-30

2641۔ وہ عورتیں جو موٹی ہوں، جسم ٹھنڈا ہو اور وہ دودھ ہضم نہ کر سکتی ہوں۔ ان کے لئے

نہایت مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def 200-30

اس میں معدہ کی ان تمام بیماریوں کی علامتیں پائی جاتی ہیں جو دودھ ہضم نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

2642۔ پھل اور کھٹی چیزیں کھانے سے معدہ میں درد ہوتا ہو تو

مفید دوا : چائنا China 30

2643۔ پھلوں کا جوس پینے سے اسہال جاری ہو جاتے ہوں جو سبزی مائل ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

2644۔ دُودھ یا پانی پیتے ہوئے یا غذا نگلتے ہوئے گڑگڑاہٹ کی آواز آتی ہو۔

مفید دوا : سائنا Cina 30

2645۔ کھانا ناک یا سانس کی نالی میں چلا جاتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ اوپیم Opium 30

2۔ الیومینا Alumina 30

اگر یہ رجحان بڑھ جائے تو بعض دفعہ اس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ اوپیم اس رجحان کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

الیومینا کا اثر کھانے اور پانی نگلنے والے عضلات پر پڑتا ہے اور چیز نگلنے میں رفتہ رفتہ دقّت ہونے لگتی ہے۔ کبھی ان عضلات کی کمزوری سے کھانا سانس کی نالی میں یا اوپر ناک کی نالی میں چلا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

پیٹ اور معدہ میں درد اور سوزش وغیرہ

2646۔پھل اور کھٹی چیزیں کھانے سے معدہ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

2647۔رات کو پیٹ میں درد اور دُکھن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

2648۔معدے میں شدید درد اُٹھتا ہو جس کی وجہ سے مریض بات بھی نہیں کر سکتا ہو۔

معدے میں سکڑن اور شدید درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : لارو سیراسس Laurocerasus 200-30

2649۔معدے میں ہوا بند ہو اور شدید بل پڑتے ہوں تو

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

2650۔شدید غصہ کے دورہ کے بعد پیٹ میں تشنجی کیفیت پیدا ہوتی ہو۔

مفید دوا : کیمومیلا Chamomilla 30

2651۔پیٹ میں ایسا درد اُٹھتا ہو جس کے ساتھ پیشاب کی حاجت ہوتی ہو۔

مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

2652۔پیٹ درد میں اجابت کے بعد افاقہ محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سینیشو اورس Seneceo Aureus 30

2653۔پیٹ درد: مریض تکلیف کی شدّت سے دہرا ہو جاتا ہو(کولوسنتھ) درد نا قابل برداشت ہوتے ہوں۔ناف اور جگر کے مقام پر درد ہوتا ہو۔شدید غصہ کے دورہ

کے بعد پیٹ میں تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔ بدبُو دار ڈکار آتے ہوں۔ گرم اشیاء سے نفرت ہو جاتی ہو۔ زبان کا رنگ زردی مائل اور منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہو۔ اگر قے آئے تو وہ بھی کڑوی ہوتی ہو۔ پیٹ میں بہت بوجھ محسوس ہوتا ہو ان سب

علامات میں مفید دوا : کیموملا Chamomilla 200-30

2654۔ پیٹ میں مروڑ اور تشنج ہو تو فوری مؤثر دوا:

پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2655۔ معدے میں بوجھ اور درد کا احساس ہوتا ہو۔ معدہ کی جگہ پر ذرا سا دباؤ بھی برداشت نہیں ہوتا ہو۔ معدے کا نچلا حصہ پتھر کی طرح بوجھل ہوتا ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 200-30

2656۔ معدے کے مقام پر دباؤ۔ چلتے ہوئے یا کھانستے ہوئے معدہ میں درد ہوتا ہو۔ بھوک کے باوجود مریض کچھ کھا پی نہیں سکتا ہو۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

2657۔ مریض معدہ کے گرد کسی قسم کا کپڑا برداشت نہیں کر سکتا ہو۔ کوئی چیز اس کے معدے میں نہیں ٹکتی ہو بلکہ شدید قے آجاتی ہو۔ صفراوی مادے نکلتے ہوں۔ خون کی قے بھی آتی ہو۔ معدے میں خالی پن کا احساس ہوتا ہو۔ معدہ میں نقاہت کا احساس ہوتا ہو۔ کار آمد دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

2658۔ معدے میں سوزش جو چلنے اور ہاتھ لگانے سے بڑھ جاتی ہو۔ دائیں طرف لیٹنے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

2659۔معدہ میں سوزش اور زود حسی۔ ہر چیز کھانے یا پینے سے معدہ میں درد۔زبان پر سفیدی۔متلی اور ہواؤں سے پیٹ پھولا ہوا اور دُکھتا ہو۔

مفید دوا : ہیڈی اوما Hedeoma 1-2 اور چھوٹی طاقتیں

2660۔معدہ میں سختی اور دباؤ کا احساس۔جگر کے مقام پر چبھن اور درد۔

مفید دوا : بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

2661۔معدہ میں بوجھ اور درد کا احساس اور چھونے سے متورم محسوس ہوتا ہو۔ٹھنڈا پانی پینے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔نظام ہضم کمزور پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2662۔معدہ میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہو۔جگر کے مقام پر سوئیاں چبھتی ہوں۔

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

2663۔معدے کی بیماریاں: ہوا بکثرت بنتی ہو۔متلی بھی ہوتی ہو۔مریض بے قراری اور بے چینی محسوس کرتا ہو۔اجابت رُک رُک کر اور کم آتی ہو۔بہت تھکاوٹ محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 30

2664۔معدہ میں سکوڑن اور دھڑکن، بوجھل پن کا احساس۔خون کی قے آنے کا احتمال۔

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

2665۔معدہ میں دُکھن کا احساس ہوتا ہو، نظام ہضم بہت کمزور پڑ جاتا ہو، منہ کا ذائقہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

2666۔معدہ کی خرابی کے نتیجہ میں اوپر کا ہونٹ سرخ ہو جاتا ہو۔مفید دوائیں:

1۔گریشولا Gratiola 30

2۔پلسٹیلا Pulsatilla 30

2667۔معدے اور پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس جیسے کسی نے برف رکھ دی ہو۔یہ احساس انتڑیوں یا معدے میں کینسر کے آغاز کی علامت بھی ہو سکتا ہے۔

کارآمد دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

اگر وقت پر کروٹیلس دے دی جائے تو شفاء ہو سکتی ہے۔

2668۔معدے سے کمر تک گولہ سا اُترنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 30

2669۔پیٹ کی بیرونی دیواروں میں درد اور دُکھن کے لئے

بہت مفید دوا: بیلس Bellis 30

2670۔معدہ کی خرابی سے دمہ میں تیزی پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

جن لوگوں کو دمہ ہو، انہیں خاص طور پر ایسی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن سے نزلہ ہو جائے یا معدہ خراب ہو جائے۔ان کے نتیجہ میں دمہ کے مریضوں کو ہمیشہ دمہ ہو جاتا ہے۔ بہت ٹھنڈی یا کھٹی چیزیں مثلاً اچار وغیرہ تو دمہ کے مریضوں کیلئے سخت مہلک ثابت ہوتی ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 639)

2671۔قلعی شدہ برتن استعمال کرنے والے علاقوں میں پائی جانے والی معدے اور انتڑیوں کی بیماریوں میں

ناقابل فراموش دوا: سٹینم Stannum 30

2672۔ معدے کی تکلیفیں صبح کے وقت زیادہ ہو جاتی ہوں اور ذہنی تکلیفیں شام کو بڑھ جاتی ہوں۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

معدہ کا السر : Stomach Ulcer

2673۔ معدہ میں اگر السر کا شبہ ہو یا جلن اور بے چینی اور درد ہو۔ ہوا سے معدہ کے تن جانے کا احساس ہو۔ خواہ قے کی طرف رجحان ہو یا نہ ہو (اگر منہ میں لعاب زیادہ آتا ہو)

1۔ مرک سال Merc. Sol 1000 ہفتہ وار ایک خوراک

2۔ آرسینک Arsenic
بیلاڈونا Belladonna
کولوسنتھ Colocynth
30 روزانہ تین چار بار

خوراک: دس پندرہ گولیاں قطروں کی صورت میں یا دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2674۔ معدہ میں السر کا شبہ ہو۔ جلن، بے چینی اور درد ہو۔ (اگر منہ نسبتاً خشک ہو۔)

1۔ برائیونیا Bryonia
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

تین دن روزانہ رات کو ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار دس پندرہ گولیاں فی خوراک یا ایک دو قطرے ایک ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2۔ کولوسنتھ Colocynth
کُرچی Kurchi
میگ فاس Mag. Phos
کالی میور Kali Mur
30

خوراک: دس پندرہ گولیاں قطروں کی صورت میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر

2675۔معدہ میں السر ہو اور ساتھ خون آئے۔

1۔مرک سال	Merc. Sol	1000	چند ہفتے ہفتہ وار
2۔برائیونیا	Bryonia	200 ملا کر	
آرنیکا	Arnica		
3۔کولوسنتھ	Colocynth	30 ملا کر	
فاسفورس	Phosphorus		
میگ فاس	Mag. Phos		

2677۔معدہ میں السر کے لئے ایک مفید نسخہ:

1۔آئیرس ورسی کلر	Iris Versicolor	200
آرنیکا	Arnica	
کالی آئیوڈائیڈ	Kali Iodide	

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔اس کے ساتھ

2۔فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کالی فاس	Kali Phos	

2678۔معدہ میں السر کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

1۔کالی ہائیڈرائیڈ کیم	Kali Hydroidicum	200

چند دن روزانہ پھر ہفتے میں دو بار۔اس کے ساتھ

2۔کریوزوٹم	Kreosotum	30	روزانہ تین بار
نکس وامیکا	Nux Vomica		
ایکونائیٹ	Aconite		

2679۔ معدے میں السر یا سوزش کی وجہ سے درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : بسمتھ　　Bismuthum　200-30

2680۔ السر کا دیسی نسخہ۔

1۔ کالی شیشم کی چھال تین انگلیوں کے برابر چوڑی اور تقریباً چار انچ لمبی۔

2۔ دس عدد عناب۔

3۔ ایک چمچ سونف

ان تینوں کو ڈیڑھ گلاس پانی میں اُبالیں کہ پانی پونا گلاس رہ جائے۔ ہر روز صبح نہار منہ پی لیں۔ اس طرح ہر روز دس دن تک اُسے پیا جائے۔ اگر دس دن تک استعمال سے آرام نہ آئے تو تین دن وقفہ دے کر دس دن تک دوبارہ پئیں۔

2681۔ تیزاب کی زیادتی کی وجہ سے معدے میں السر ہوں اور پھوڑے کا سا درد اور سوئیاں چبھنے کا احساس ہو تو

کارآمد دوا: نیٹرم فاس　　Nat. Phos　6x

2682۔ معدہ میں السر یا ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : بینزوئیک ایسڈ　　Benzoic Acid　30

2683۔ معدے کے زخم (السر) اگر پسی ہوئی کافی کے رنگ کی اُلٹیاں آئیں اور معدے میں السر ہو اور گٹھلیوں کا بھی رجحان ہو تو اس صورت میں

بہت مفید دوا : برومیم　　Bromium　200-30

اس کے مریضوں میں معدے کے زخم عام پائے جاتے ہیں۔

2684۔ معدے کے زخموں کے لئے ایک کارآمد دوا:

کاربو ویج　　Carboveg　30

2685۔معدے میں السر جو پُرانے ہو چکے ہوں۔جسم میں خون کی کمی ہو۔ساتھ ہی میٹھا کھانے کی خواہش ہوتی ہو۔بہت مفید نسخہ:

1۔مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

اس کے ساتھ

2۔مُلٹھی کوٹ کر کھلائیں۔بہت فائدہ ہوتا ہے۔

3۔کچے کیلے کو سکھا کر پیس کر اس کا سفوف دن میں دو تین بار کھلایا جائے تو یہ یہ کچھ عرصہ کے بعد زخموں پر تہ سی بنا دیتا ہے جو نہ صرف السر کو ڈھانپ لیتی ہے بلکہ اس سفوف میں شفا کا مادہ بھی پایا جاتا ہے۔کچے کیلے کا سفوف معدے کے السر کا بہترین علاج ہے۔خود میں نے کئی مریضوں کو یہ استعمال کروایا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 80)

2686۔معدے کے السر اور پیٹ کی ہوا کے لئے ایک مفید دوا :

کروٹیلس Crotalus 30

معدے کا کینسر

Stomach Cancer

2687۔معدے کے کینسر کے آغاز میں مفید نسخہ:

کریئوزوٹم	Kreosotum	30 ملا کر
کونیم	Conium	

کینسر کے رجحان والے مریض میں بھی کریئوزوٹ مفید ہے۔خصوصاً معدے کے کینسر کے آغاز میں کونیم کیساتھ ملا کر دی جائے تو فائدہ پہنچاتی ہے۔(معدے میں کھچاوٹ اور ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔)

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 522)

2688۔معدے کے کینسر میں غیر معمولی دوا:

کونیم　Conium　30

معدے کے کینسر میں کونیم گو غیر معمولی اہمیت کی دوا ہے۔ مگر وہاں بھی یہی مشکل پڑتی ہے کہ جب تک کینسر نہ بن جائے معدہ میں پیدا ہونے والا کوئی درد کونیم کی نشاندہی نہیں کرتا۔ اگر دیر ہو جائے تو کونیم صرف وقتی آرام دیتی ہے اس کے دینے سے زندگی نسبتاً آسان ہو جاتی ہے مگر اس وقت یہ کینسر کو جڑوں سے نہیں اُکھیڑ سکتی۔ ہاں بعض دفعہ اتنا نمایاں فرق پڑتا ہے کہ لگتا ہے جیسے کینسر غائب ہو گیا ہو۔ لیکن وہ غائب نہیں ہوتا بلکہ کچھ دیر کے لئے دب جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تین سے چار سال تک آرام کے دوران پھر ظاہر ہو جاتا ہے اور جان لیوا ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے معدے کی علامتوں سے سے اس کی شناخت کی کوشش نہ کریں ہاں کسی مریض میں کونیم کی عمومی علامتیں پائی جائیں مثلاً کونیم سے مشابہ چکر تو اسے بلا تاخیر شروع کر دینا چاہیئے۔ اس کے نتیجہ میں کینسر کے حملہ کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہتا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 326)

2689۔معدے کا کینسر: پیٹ میں شدید کاٹنے والا درد ہوتا ہو۔ شدید پیاس، قے کا رجحان اور جلن پائی جاتی ہو۔ معدے میں شدید تکلیف دہ جلن جس کے بعد جلد ٹھنڈی اور ماتھے پر پسینہ آئے۔ (نمایاں علامت)

مفید دوا : ایسٹک ایسڈ　Acetic Acid　30

کہا جاتا ہے کہ کپڑے کو ایسٹک ایسڈ 1x میں بھگو کر معدے کے مقام پر رکھنے سے معدے کے کینسر کی گلٹی گھلنے لگتی ہے۔ کیونکہ 1x میں گلٹی کو گھولنے اور اس میں پیپ پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ڈاکٹر اونز (Dr.Owens) کی رائے میں (Epithelial Cancer) کیلئے اسے اندرونی اور خارجی دونوں طرح سے استعمال کرنا چاہیئے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 7)

2690۔معدے کے کینسر میں بہت مفید دوا: برومیم Bromium 30

ڈاکٹر کینٹ لکھتا ہے: پرانی بیماریاں جن میں برومیم کی ضرورت پڑتی ہے ایسی ہوتی ہیں جن میں چھالے موجود ہوں۔مثلاً معدے کے چھالے،زخم،معدے میں زخم ہونے کا شبہ اور اس مطلب کی مشتبہ علامتیں ۔ قے میں قہوے کے سفوف جیسی مواد خارج ہو۔ زخم کی علامتوں کے ساتھ قے،کھانا کھانے کے بعد تکلیف بڑھے۔مثلاً قے آئے یا دست آئیں۔ معدہ خراب گرم چیزیں کھانے پینے سے۔گرم چائے سے،یا گرم پانی پینے سے معدے میں درد ہو۔گرم روٹی کھانے سے بھی تکلیف بڑھتی ہے ۔(لیکچرز کینٹ میٹریا میڈیکا جلد اول صفحہ 471-470)

2691۔معدے میں ناسوروں کیلئے کارآمد دوا:

کالی بائیکروم Kali Bich 30

معدے میں ناسور اور کینسر کی بیماریاں بیک وقت کسی ایک مریض میں شاذ ہی ہوسکتی ہیں ۔یا وہ کینسر کا مریض ہوگا یا ناسوروں کا۔کالی بائیکروم کا مریض معدے کے ناسوروں کا مریض ہوتا ہے۔معدے کی تکلیفوں میں کالی بائیکروم کی علامتیں ملتی ہوں تو فوراً اسے شروع کروا دینا چاہیئے تاکہ بیماری سنگین صورت اختیار کر سکے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 486-487)

تیزابیت Acidity

2692۔پیٹ میں تیزابیت کیلئے مفید نسخہ

1۔آئرس ورسیکلر Iris Vers. 200

2۔سلفر Sulphur 200

باری باری پہلے تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار۔

3۔نکس وامیکا Nux Vomica 30

2693۔معدے میں تیزابیت سے اچانک پیدا ہونیوالی کمزوری جس کے نتیجہ میں بعض دفعہ ہاتھ ہلانے کی بھی طاقت نہ رہے۔

فوری فائدہ بخش دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

30 طاقت میں چند منٹوں کے وقفہ سے دیں تو اللہ کے فضل سے غیر معمولی شفا ہوگی۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 638)

2694۔نظام ہضم کی خرابی کی وجہ سے معدہ میں تیزابیت پیدا ہونے لگے، مریض چڑ چڑا ہو جاتا ہو اور بہت جلد غصہ میں آ جاتا ہو۔ مریض عموماً دُبلے پتلے ہوں تو

مفید دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

نکس وامیکا ایسے دُبلے پتلے نسبتاً نوکیلے مریضوں کی دوا ہے جو غصیلے اور چڑ چڑے ہوتے ہیں۔ ایسے مریضوں کی بعض خاص عادات ہوتی ہیں جو ان کی بیماریوں میں اضافہ کر دیتی ہیں۔ مثلاً رات کو دیر تک جاگنا، لمبے عرصے تک بیٹھ کر کام کرنا اور مناسب ورزش کا فقدان۔

2695۔معدہ کی تیزابیت: جسم میں کسی تیزابی کا عنصر زیادہ ہو جائے اور اچانک ضعف کا شدید حملہ ہو اور جسم سے طاقت نکلتی ہوئی محسوس ہو۔ معدہ کی ایسی تیزابیت کی

بہترین دوا: سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

سلفیورک ایسڈ کے مریض کے اخراجات میں تیزابیت پائی جاتی ہے اور کاٹنے والے مادے نکلتے ہیں۔ اگر جسم میں تیزابیت زیادہ ہو جائے تو بعض دفعہ کھانا کھاتے ہوئے سخت کمزوری کا احساس ہوتا ہے اور مریض پسینہ پسینہ ہو جاتا ہے۔ کھانے میں بھی تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 789)

2696۔معدے میں تیزابیت: قے اور متلی کا رجحان۔ قے کا مواد گلے میں جلن اور خراش پیدا کرتا ہو۔ منہ کا ذائقہ پانی پینے کے بعد کڑوا معلوم ہوتا ہو۔

مفید دوا: کریوزوٹ Kreosot 30

2697۔معدے میں جلن ہوتی ہو۔سب اخراجات میں تیزابیت پائی جاتی ہو۔قے میں اتنی تیزابیت ہوتی ہو کہ گلا چھل جاتا ہو۔

کارآمد دوا: سینگونیریا Sanguinaria 30

اگر معدے میں حد سے زیادہ بڑھے ہوئے تیزابی مادے موجود ہوں تو سینگونیریا بھی بشرطیکہ دیگر علامات بھی پائی جائیں بہت مفید ثابت ہوگی۔مرض بڑھنے کے ساتھ بھوک بھی بڑھتی ہے۔مگر کچھ عرصے کے بعد جب معدہ جواب دے جائے تو بھوک تو رہتی ہے مگر کھانے کو دل بالکل نہیں چاہتا۔

2698۔فالجی اثرات کی وجہ سے انتڑیوں کی حرکت کا نظام سُست پڑ جائے اور معدہ میں کھٹاس پیدا ہونے لگتی ہو تو

بہترین دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2699۔معدے کے منہ پر تیزابیت کی وجہ سے شکنجہ سا آجائے اور کھانا متعفن ہونے کی وجہ سے سخت بدبُو پیدا ہو اور ہوا معدہ میں اکٹھی ہوتی رہے۔(پہچان)

مفید دوا: کاربوویج Carboveg 30

2700۔بہت زیادہ شراب کی عادت۔مرغن غذاؤں اور چٹخورہ پن کی وجہ سے معدہ جواب دے جائے اور بہت زیادہ تیزاب پیدا کرنے لگے۔ایسے مریضوں کے لئے

اچھی مؤثر دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

2701۔دُودھ اور میٹھی چیزوں سے معدے کی تیزابیت بڑھ جاتی ہو۔ٹھنڈی چیزیں پینے کی خواہش ہوتی ہو۔معدہ میں جلن،سوزش اور چھونے سے درد نمایاں طور پر پائے جاتے ہوں ہچکی لگ جاتی ہو۔ڈکار بھی آتے ہوں۔معدہ میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: مرکری Merc. Sol 30

متلی اور قے

NAUSEA & VOMITING

2702۔معدے میں تیزابیت، قے اور متلی کا رجحان۔

مفید دوا : کریئوزوٹم — Kreosotum 30

2703۔قے کا مواد گلے میں جلن اور خراش پیدا کرتا ہے۔ منہ کا ذائقہ خصوصاً پانی پینے کے بعد کڑوا معلوم ہوتا ہے۔ مفید دوا : کریئوزوٹم — Kreosotum 30

2704۔ضدی قے جس میں بہت زیادہ بدبُو ہو۔

مفید دوا : پائیروجینم — Pyrogenium 200

2705۔کھانا دیکھ کر متلی یا قے ہو تو عمدہ نسخہ

کولوسنتھ	Colocynthis	30	روزانہ تین بار
کوکس کیکٹائی	Coccus Cacti	30	روزانہ تین بار
کاکولس	Cocculus	30	روزانہ تین بار

2706۔کھانا پکانے کی بُو سے متلی ہوتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ سٹینم — Stannum 30

2۔ کالچیکم — Colchicum 30

2707۔کھانے کی بُو سے متلی جو کروٹ کے بل لیٹنے سے زیادہ ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: سیپیا — Sepia 30

2708۔کھانے کی بُو سے سخت متلی اور انتڑیوں میں شدید تشنج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کالچیکم — Colchicum 200-30

2709۔کھانے کی بُو سے خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو اتنی شدید متلی ہوتی ہو کہ مریض بیہوش ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کالچیکم Colchicum 200-30

2710۔کھانے کے تھوڑی دیر بغیر کسی متلی کے غیر ہضم شدہ غذا کا کچھ حصہ اُبکائیوں کے ساتھ منہ کی طرف آتا ہو اور بعض دفعہ باقاعدہ متلی کے ساتھ قے بھی ہوتی ہو۔ایسی قے بعض دفعہ کھانا کھاتے ہی آجاتی ہو اور بعض دفعہ آدھی رات کے بعد آتی ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met. 30

2711۔بچے سارا وقت دُودھ پینا چاہتے ہوں اور پھر اُلٹی کر دیتے ہوں۔پیٹ میں شدید درد ہوتا ہو اور مروڑ اٹھتے ہوں۔

مفید دوا :کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

2712۔زیادہ کھانے کی وجہ سے قے کا رجحان۔

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud 200-30

2713۔اس کے استعمال سے قے رُک جاتی ہے۔ہر کھانے کے بعد متلی اور قے کا رجحان ہو تو مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

2714۔متلی ہو تو سخت اور ناقابل ہضم چیزیں کھانے سے آرام آتا ہو۔نرم اور ہلکی غذا لینے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔(تعجب انگیز علامات)

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

2715۔کھانا کھانے کے ساتھ ہی متلی ختم ہو جاتی ہو (خاص پہچان)

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

اگر متلی ہو تو عموماً اس میں کھانا کھانے کو دل نہیں چاہتا لیکن گریشولا میں یہ عجیب علامت ہے کہ متلی کا علاج ہی کھانا کھانا ہے۔

2716۔میٹھی چیزوں سے متلی ہونے لگتی ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 30

2717۔نظام ہضم سست ہونے کی وجہ سے مریض کا کھانا معدے میں اکٹھا ہوتا رہتا ہو اور متلی اور قے کا رجحان بہت بڑھ جاتا ہو آخر بھوک بالکل ختم ہو جاتی ہو۔ مریض کچھ نہیں کھا سکتا ہو اور سخت کمزوری پیدا ہو جاتی ہو۔ اس خصوصی علامت میں اس قسم کی متلی کو روکنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھنے والی دوائیں۔

1۔اوپیئم Opium 200-30

2۔کیموميلا Chamomilla 30

2718۔متلی اور قے کی عمدہ دوا: اپیکاک Ipecac 30

''اپیکاک متلی اور قے دور کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ مریض قے آنے کے بعد بھی متلی محسوس کرتا ہے۔ اپیکاک کے ہر مرض میں متلی ضرور ہوتی ہے۔ کھانسی میں بھی متلی ہو جاتی ہے۔ متلی اپیکاک کا خاصہ ہے۔ اسلئے اگر متلی ہو مگر قے نہ آئے تو اس صورت میں اپیکاک کے زیادہ امکانات ہیں۔

2719۔متلی اور قے کا رجحان پایا جاتا ہو تو مفید دوا : سلیشیا Silicea 200-6x

سلیشیا کا مریض ٹھنڈا ہوتا ہے۔

2720۔متلی کے بغیر یا معمولی متلی سے قے کا رجحان ہو (علامت)

مفید دوا : انٹی مونیم ٹارٹ Antimonium Tart 30

غیر ہضم شدہ غذا کے علاوہ بلغم آتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف　　Kali Sulph　　6x

2722۔ جو چیز کھائی جائے وہ معدہ میں جا کر کھٹاس میں تبدیل ہو جائے اور شدید اُلٹیاں آتی ہوں۔

مفید دوا : پلمبم میٹ　　Plumbum Met.　　30

2723۔ آنتوں میں شدید درد اور سبز رنگ کی قے آنے کی شکایت:

مفید دوا : آئرس ٹینکس　　Iris Tenax　　200-30

2724۔ قے آتی ہو مگر اس کا تعلق متلی سے نہیں ہوتا ہو۔ کا کولس کی طرح اچانک قے آجاتی ہو اور متلی بالکل محسوس نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا : اگنیشیا　　Ignatia　　30

2725۔ سیاہی مائل اُلٹیاں آتی ہوں یا سبز رنگ کا مواد نکلتا ہو۔ جس میں بعض دفعہ خون کی آمیزش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : پلمبم میٹ　　Plumbum Met.　　30

2726۔ متلی اور قے کا رجحان جس میں سفید لیس دار رطوبت نکلتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا　　Dulcamara　　30

2728۔ متلی کے ساتھ درد اور معدہ میں گرمی، لیسدار رطوبت کی قے ہوتی ہو۔

مفید دوا : [illegible]　　Phytolacca　　30

2729۔ شراب کے رسیا لوگوں کی متلی کے لئے چوٹی کی دوا:

[illegible]　　Ka[illegible] Bich　　30

2730۔ متلی اور قے کا رجحان۔ قے میں غیر ہضم شدہ خوراک نکلتی ہو جس میں صفراء کے علاوہ خون کی آمیزش بھی ہوتی ہو۔ بلغم بھی نکلتی ہو جو لیسدار دھاگے کی طرح ہوتی ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکرومم Kali Bich 30

2731۔ متلی اور قے کے باوجود معدہ میں کھرچن اور بھوک محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

2732۔ صبح کے وقت متلی ہوتی ہو لیکن اُلٹی نہیں ہوتی، منہ کا مزہ خراب ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

2733۔ صبح کی متلی، خواہ یہ حمل کی متلی ہو یا ذیابیطس کی وجہ سے۔

بہت مفید دوا : لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 30

لیکٹک کی متلی کو کچھ کھا لینے سے آرام ملتا ہے۔

2734۔ صبح کے وقت متلی محسوس ہوتی ہو اور سینے میں جلن بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30

2735۔ ناشتہ سے قبل اُلٹی یا ڈر سے ہی اُلٹی۔ اعلیٰ نسخہ

سیپیا Sepia

کریوزوٹم Kreosotum 30 روزانہ تین بار

2736۔ آپریشن کے بعد شدید متلی جو قابو نہ آئے۔

کارآمد دوا: فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

2737۔ سر درد کے ساتھ شدید متلی اور تکلیف میں بہت اضافہ ہو جاتا ہو۔ اُلٹیاں آنے کے بعد آرام آتا ہو۔

مفید دوا : سینگوینیریہ Sanguinaria 30

2738۔سر درد کے ساتھ کڑوی قے (بشرط مزاج)

فوری فائدہ مند دوا: سپیا　Sepia 30

2739۔متلی اور قے کے ساتھ سر درد ہوتا ہو۔مفید دوا :ایلو　Aloe 30

عموماً اس کا سر درد ماتھے یعنی سر کے اگلے حصہ سے شروع ہوتا ہے۔

2740۔قے میں اتنی تیزابیت ہوتی ہو کہ گلا چھل جاتا ہو۔

مفید دوا : سینگونیریا　Sanguinaria 30

معدے میں جلن ہوتی ہے سب اخراجات میں تیزابیت پائی جاتی ہے۔اُبکائیاں بھی آتی ہیں۔قے میں اتنی تیزابیت ہوتی ہے کہ گلا چھل جاتا ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 732)

2741۔قے جس کا تعلق متلی سے نہ ہو۔

مفید دوا : اگنیشیا　Ignatia 30

اگنیشیا میں یہ تعجب انگیز بات ہے کہ اگر متلی ہو تو سخت اور نا قابل ہضم چیزیں کھانے سے آرام آئے گا۔نرم اور ہلکی غذا لینے سے تکلیف بڑھ جائیں۔

2742۔اچانک قے آجانا۔متلی بالکل محسوس نہ ہو۔

مفید دوا : کاکولس　Cocculus 30

2743۔معدے میں صفراوی مادہ بہت کثرت سے بنتا ہو اور اُبکائی کے ساتھ منہ میں آجاتا ہو

مفید دوا: پلسٹیلا　Pulsatilla 30

2744۔بچوں کو غیر ہضم شدہ غذا کی قے آتی ہو۔

کلکیر یا فلور　Calc. Fluor 6x

جو بچے پڑھائی کا بہت بوجھ محسوس کرتے ہیں اور ذہنی تھکاوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں وہ عموماً کھانے کے بعد متلی ہونے کا رجحان رکھتے ہیں۔　(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 201)

2745۔ معدہ بالکل جواب دے جائے، کوئی چیز ہضم نہ ہو، خوراک معدہ میں ہی گلنے سڑنے لگے، گندے بدبُودار ڈکار اور شدید متلی اور ابکائیاں آئیں۔ بہت مؤثر دوا:

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2746۔ معدہ اور نظام ہضم جواب دے جائیں لیکن بھوک ختم نہیں ہو۔ اس قسم کی بھوک کے ساتھ سیاہ رنگ کی اُلٹیاں آئیں اور حالت اتنی بدل جائے گویا موت کی علامتیں ظاہر ہوں۔

کارآمد دوا: کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2747۔ مریضوں کا معدہ خراب ہو تو زیادہ ہوا پیدا ہونے کے علاوہ قے کا رجحان ہوتا ہو جو ایک دفعہ شروع ہو جائے تو رُکنے میں نہیں آتی ہو۔ سبزی مائل کھٹا مواد خارج ہوتا ہو۔ مفید دوا: بوریکس Borax 30

2748۔ کوئی چیز معدے میں نہیں ٹکتی ہو بلکہ شدید قے میں صفراوی مادے نکلتے ہوں۔ خون کی قے بھی آتی ہو۔

مفید دوا: کروٹیلس Crotalis 200-30

کروٹیلس کا مریض معدے کے گرد کسی قسم کا کپڑا برداشت نہیں کر سکتا کوئی چیز اس کے معدے میں نہیں ٹکتی بلکہ شدید قے ہو جاتی ہے۔ صفراوی مادے نکلتے ہیں۔ خون کی قے بھی آتی ہے۔

2749۔ گیس کی تکلیفوں میں متلی اور قے کا رجحان پایا جاتا ہو۔ قے کے بعد معدے میں ٹھنڈک کا احساس پایا جاتا ہو۔ غذا کا ذائقہ کڑوا محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا: کیمفر Camphor 30

2750۔ متلی اور قے کے دورے سردی لگنے سے شروع ہوتے ہوں اور متلی اور قے کو ٹھنڈا پانی پینے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا: کیوپرم Cuprum 30

2751۔ قے کے دوران سردی لگتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

2752۔ مریض کو سخت چکروں کے دورے پڑتے ہوں جس کے ساتھ قے بھی شروع ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : چینوپوڈیم Chenopodium 30

2753۔ دل کے درد کی شدت کو کم کرنے کے لئے مارفین کے استعمال کے بعد ردعمل کے طور پر بہت اُلٹیاں آتی ہوں۔ ان اُلٹیوں کو بند کرنے میں بہت مفید دوا :

کیموملا Chamomilla 30

2754۔ مارفین یا دیگر ٹیکوں کا اثر ختم ہونے پر عموماً شدید متلی شروع ہو جاتی ہو۔ ان مریضوں کو افاقہ دینے والی دوا: اوپیئم Opium 200-30

2755۔ مریض کو متلی ہوتی ہو تو نیند نہیں آتی ہو۔ متلی ختم ہوتے ہی نیند آجاتی ہو۔ مگر سونے کے کچھ دیر بعد ایک دم قے ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

2756۔ لُو لگنے کی وجہ سے شدید متلی اور قے۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 200-30

2757۔ سفر میں اُلٹیاں (Travel Sickness) اعلیٰ نسخہ:

برائیونیا	Bryonia	6x مرکب
نکس وامیکا	Nux Vomica	
کاکولس	Cocculus	
اپیکاک	Ipecac	

2758۔سمندر کے سفر کے دوران متلی ہوتو

فوری مؤثر نسخہ: اوپیم Opium
کیمومیلا Chamomilla
30 ملا کر

بعض اوقات اوپیئم کیمومیلا یا دونوں ملا کرفوری اثر دکھاتی ہیں۔

2759۔متلی اور قے کوٹھنڈا پانی پینے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا: کیوپرم Cuprum 30

2760۔حمل کے دوران ہونے والی متلی جوکسی دوا سے قابو میں نہ آئے۔

مفید دوا: اوپیئم Opium 30

2761۔متلی میں بھوک نہیں مٹتی ہومگر کھانا کھاتے ہی اُلٹی آجاتی ہو۔نظام ہضم سست ہونے کی وجہ سے مریض کا کھانا معدے میں اکٹھا ہوتا رہتا ہواور متلی اور قے کا رجحان بہت بڑھ جاتا ہوآخر بھوک بالکل ختم ہوجاتی ہو،مریض کچھ کھانہیں سکتا اور سخت کمزوری پائی جاتی ہواس خصوصی علامت میں اس قسم کی متلی کوروکنے کی حیرت انگیز طاقت رکھنے والی دوائیں۔

1۔اوپیئم Opium 30

2۔کیمومیلا Chamomilla 30

☆☆☆☆☆☆

پیٹ میں ہوا، اپھارہ، گیس

Gastric Troubles

ایسی سینکڑوں دوائیں ہیں جو (اسہال، اُلٹی اور) پیٹ کی ہوا کے لئے استعمال ہوسکتی ہیں لیکن ان سب دواؤں کی اپنی اپنی علامتیں ہیں جو ایک کو دوسرے سے ممتاز کرتی ہیں۔

عام طور پر ہومیو پیتھک ڈاکٹر پیٹ کی ہوا کے لئے تین دوائیوں پر زیادہ زور دیتے ہیں۔

کاربو ویج جس میں ہوا کا دباؤ اوپر کی طرف ہوتا ہے۔

لائیکو پوڈیم جس میں ہوا کا دباؤ نیچے کی طرف ہوتا ہے اور

چائنا جس میں دباؤ سارے پیٹ میں ہر طرف ہوتا ہے۔

پیٹ کی ہوا کی علامتیں صرف ان تین دوائیوں تک محدود نہیں بلکہ بکثرت دوسری دواؤں میں بھی پائی جاتی ہیں اور محض ان تین دواؤں کو مدنظر رکھ کر علاج کرنا کافی نہیں۔ اس قسم کے چٹکلے کتابوں میں اس لئے درج ہوتے ہیں کہ فوری ضرورت کے طور پر بعض دفعہ یہ کام آجاتے ہیں۔

معدے اور انتڑیوں میں ہوا زیادہ دیر رُکنے سے درد قولنج (Colic) بھی ہوسکتا ہے۔ وقت کی کمی اور مریض کی تیزی سے بگڑتی ہوئی حالت ڈاکٹر کو اکثر ٹکسالی کی دواؤں کا سہارا لینے پر مجبور کر دیتی ہیں لیکن پیٹ کی ہوا کا اصل اور مستقل علاج تو مزاجی دوا کا استعمال ہے ورنہ کچھ عارضی افاقہ کے لئے کبھی ایک دوا کا سہارا لینا پڑے گا کبھی دوسری کا۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 41-42)

2762۔ پیٹ کی ہوا کا دائیں طرف نیچے کی طرف دباؤ ہو تو مفید دوائیں:

1۔ لائیکو پوڈیم — Lycopdium 200-30

2۔ ایلو — Aloe 30

ایلو کے مریض کے پیٹ کی ہوا سارے پیٹ میں تناؤ پیدا نہیں کرتی بلکہ لائیکو پوڈیم کی طرح دائیں طرف نیچے کی طرف اس کا دباؤ ہوتا ہے۔ پیٹ میں ہوا، اسہال اور اُلٹی کا رجحان

اس دوا کی نمایاں علامات ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 41)

2763۔معدہ ہوا سے بھر جائے تو

1۔ بہت مفید دوا : نکس وامیکا — Nux Vomica 30

2۔مفید نسخہ: لیکیسس — Lachesis
آرنیکا — Arnica
200-30 ملا کر

معدہ ہوا سے بھر جائے تو نکس وامیکا ہوا کو حرکت دینے میں بہت مفید ہے۔لیکیسس اورآرنیکا ملا کر دینے سے بھی انتڑیوں کی رُکی ہوئی حرکت بحال ہو جاتی ہے۔

معدے پر دباؤ کئی وجوہات کی بناء پر ہوتا ہے۔انتڑیوں کی حرکت کمزور ہو جائے تو ہوا معدہ میں جمع ہوتی رہتی ہے اور تیزابیت کی وجہ سے تشنج ہو جاتا ہے۔اس کیفیت میں نکس وامیکا بہت مفید ہے۔ہوا کے دباؤ کو نارمل کرتی ہے۔

لیکیسس پیٹ کی ہوا کے لئے بھی مفید ہے۔اس کے مریض کا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہے۔لیکیسس میں بھی ہوا خارج ہونے سے پیٹ کا تناؤ کم ہو جاتا ہے لیکن ہوا میں بدبُو نہیں ہوتی۔

2764۔ذرا چلنے سے پیٹ پھول جاتا ہو۔مفید نسخہ

کاربوویج — Carboveg
چائنا — China
سمی فیوجا — Cimicifuga
30 روزانہ تین بار

2765۔پیٹ میں گیس کے لئے (پیٹ میں ہوا) عمدہ نسخہ (CCL)

چائنا — China
کاربوویج — Carboveg
لائیکوپوڈیم — Lycopodium
30 روزانہ تین بار

2766۔ پیٹ میں ہوااور گیس کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

کالی فاس	Kali Phos		
کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x	روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں
میگ فاس	Mag. Phos		

2767۔ پیٹ میں ہوااور گیس کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

سٹینم	Stannum	
چائنا	China	
سباڈیلا	Sabadilla	30 ملا کر
کولوسنتھ	Colocynth	
کاربوویج	Carboveg	
لائیکوپوڈیم	Lycopodium	

2768۔ پیٹ میں ہوا کے لئے ایک اور مؤثر نسخہ:

چائنا	China	200-30 ملا کر
میگ فاس	Mag. Phos	

2769۔ قبض اور گیس (Constipaion & Gastritis)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argentum Nit. 30 روزانہ تین بار

2770۔ پیٹ کی ہوا میں بہت بدبُو ہوتی ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

2771۔ پیٹ میں ہوا، خصوصاً بدبُودار ہوا میں اگر کوئی دوا کام نہ کرے تو

مفید ثابت ہونیوالی دوا: سلفر Sulphur 30

2772۔گندے انڈوں کی بُو والی گیس پیدا ہو اور ڈکار بھی ایسی ہی بُو کے ہوں تو اس کے ازالہ کے لئے اچھی دوا:

30 Chamomilla کیمومیلا

2773۔کھانے کے بعد پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہو۔تناؤ کا احساس بڑھ جاتا ہو اور ہوا باہر نہ نکلتی ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

2774۔معدہ میں ہوا ہوتی ہو۔بوجھل پن کا احساس۔مگر بھوک بہت لگتی ہو۔مریض گوشت کھانے کی خواہش زیادہ محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا : للئیم ٹگ Lillium Tig. 30

2775۔پیٹ میں ہوا۔مریض کا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہو۔

1۔سرد موسم میں مریض ٹھنڈا ہو اور پیٹ میں ہوا بھی ہو جائے۔رُکی ہوئی ہوائیں جاری ہوں اور ان میں سخت بدبُو بھی ہو تو

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

2۔ہوا خارج ہونے سے پیٹ کا تناؤ کم ہو جاتا ہو لیکن ہوا میں بدبُو نہ ہو۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200

2776۔انتڑیوں کے تشنج کی وجہ سے پیٹ ہوا سے تن جاتا ہو۔

کارآمد دوا: کالچیکم Colchicum 200

کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دے گا۔یہ انتڑیوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں ہوا کا بڑھتا ہوا دباؤ عرف عام میں اپھارہ کہلاتا ہے۔

2777۔پیٹ میں ہوا۔اپھارہ: پیٹ ہوا سے تن جائے جس کے نتیجہ میں دائیں طرف

پسلی کے نیچے تشنج ہونے لگتا ہو اور مریض کو ماؤف جگہ کو دبا کر رکھنے سے آرام ہوتا ہو۔ جب تناؤ بڑھ جائے تو بائیں طرف بھی دل کے نیچے تشنج ہونے لگتا ہو جیسے شکنجہ پڑ گیا ہو۔ اگر مریض گرمی سے بے چینی محسوس کرے تو

تیر بہدف دوا: ایپس Apis 30

2778۔ انتڑیوں کی طبعی حرکت میں کمی واقع ہو جائے اور پیٹ میں ہوا بھر جائے تو سب سے اچھی اور کار آمد دوا:

نکس وامیکا Nux Vomica 30

2779۔ انتڑیوں کی طبعی حرکت میں کمزوری واقع ہو جائے اور پیٹ غیر معمولی طور پر ہوا سے بھر جائے۔

1۔ مفید دوا : ایگریکس Agaricus 30

2۔ زود اثر دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

ایگریکس کے مریض کے پیٹ میں ہوا بہت بنتی ہے۔

نکس وامیکا بھی انتڑیوں کی حرکت کو بحال کرنے کے لئے بہت زود اثر ہے اور اس کے لئے بہت زیادہ علامتیں ڈھونڈنے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔

2780۔ معدے میں اپھارہ اور ہوا کا سخت زور مفید دوا :

ابسنتھم Absinthium 30

ابسنتھم میں معدے کی علامتیں بھی نمایاں ہیں۔ بھوک نہیں لگتی اور غذا ہضم نہیں ہوتی۔ ڈکار، متلی، قے، معدے میں اپھارہ اور ہوا کا سخت زور۔ ایسے مریض کو عموماً قبض رہتی ہے۔

2781۔ گلا خشک، ہوا کی نالی میں تشنج، سخت پیاس، جلن ہچکی، ریاح، پیٹ میں اپھارہ

(علامت) مفید دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

2782۔ بچے کو اُلٹیاں آئیں۔ بدہضمی ہو۔ بدبُو دار ہوائیں خارج ہوں اور خسرہ کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں تو

بہت مفید دوا : ایلیئم سیپا Allium Cepa 30

2783۔ پیٹ میں تناؤ محسوس ہوتا ہو۔ پیٹ کے ایک خاص حصہ میں ہوا کے غیر معمولی تناؤ کا زور ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا : کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

کاربالک ایسڈ چھوٹے دائروں میں تشنجی کیفیات پیدا کرتا ہے۔ انتڑیوں وغیرہ کے کسی حصہ پر اس کا اثر پڑتا ہے اور ایسی جگہوں پر ہوا تناؤ پیدا کرتی ہے اس صورت میں کاربالک ایسڈ کو یاد رکھنا چاہیئے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 249-250)

2784۔ کھانے کے بعد پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہو۔ تناؤ کا احساس بڑھ جاتا ہو اور ہوا باہر نہیں نکلتی ہو۔ مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 6x

2785۔ کھانا کھاتے ہی پیٹ پھول جاتا ہو۔ جلن اور تیزابیت پیدا ہو جاتی ہو اور کھانے کے تھوڑی دیر بعد ہی بھوک لگ جاتی ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

2786۔ صبح کے وقت اسہال، ہچکی، ریاح، پیٹ میں اپھارہ (علامت)

مفید دوا : سیکوٹا ورسا Cicuta Virosa 30

2787۔ نظام ہضم سُست پڑ جاتا ہو۔ پھل اور کھٹی چیزیں کھانے سے معدہ میں درد ہوتا ہو۔ کھانا ہضم نہیں ہو جاتا ہو۔ پیٹ پھول جاتا ہو۔ ان علامات میں

مفید دوا : چائنا China 30

30 طاقت میں کچھ عرصے تک مسلسل کھلانی چاہیئے۔

2788۔ معدے میں ہوا بکثرت بنتی ہو۔ متلی بھی ہوتی ہو۔ مریض بے قراری اور بے چینی محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 30

2789۔ دُودھ اور میٹھی چیزوں سے معدے میں تیزابیت بڑھ جاتی ہو۔ ٹھنڈی چیزیں پینے کی خواہش ہوتی ہو۔ معدہ میں جلن، سوزش اور چھونے سے درد نمایاں طور پر پائے جاتے ہوں ہچکی لگ جاتی ہو۔ ڈکار بھی آتے ہوں معدہ میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہو۔ مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

2790۔ پیٹ میں ہوا اور گڑگڑاہٹ، معدہ کے مقام پر دباؤ اور چلتے ہوئے یا کھانستے ہوئے معدہ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

2791۔ پیٹ میں ہوا اور انتڑیوں میں گڑگڑاہٹ کی آواز آتی ہو۔ یوں محسوس ہوتا ہو جیسے اندر پانی بھرا ہوا ہے۔ مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

2792۔ پیٹ میں ہوا اور معدہ میں گڑگڑاہٹ کی آوازیں آتی ہوں۔ آنتیں نیچے گرنے کا احساس پایا جاتا ہو اور مریض پیٹ کو ہاتھ سے پکڑتا ہو۔

مفید دوا : ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

2793۔ ہوا سے پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیدا ہوتی ہو اور بہت تناؤ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 30

2794۔ معدہ کی ایک عام بیماری متلی اور پیٹ میں ہوا کا اکٹھا ہو جانا۔

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

گریشولا کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کھانا کھانے کے ساتھ ہی متلی ختم ہو جاتی ہے۔
اگر متلی ہو تو عموماً اس میں کھانے کو دل نہیں چاہتا۔ لیکن گریشولا میں یہ عجیب علامت ہے کہ متلی
کا علاج کھانا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 415)

2795۔ معدے میں ہوا، درد اور کھرچن کا احساس اٹھتا ہو جو گلے تک پہنچتا ہو اور دل کے مقام پر درد اور تشنج پیدا کرتا ہو۔ سونے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو، سر بوجھل رہتا ہو۔

مفید دوا : ہیماٹوکسی لون Haema Toxylon 30

2796۔ سرد موسم میں مریض بہت ٹھنڈا ہو اور پیٹ میں ہوا بھی بھر جائے۔ ان میں سخت بدبُو ہوتی ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

رُکی ہوئی ہوائیں جاری ہو جاتی ہیں۔ لیکن ان میں سخت بدبُو ہوتی ہے۔

2797۔ پیٹ کی ہوا میں بدبُو نہیں ہوتی ہو۔ ہوا خارج کرنے سے پیٹ کا تناؤ کم ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

2798۔ پھلوں (کے کھانے) سے پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہو۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

2799۔ میٹھے کی خواہش کے ساتھ پیٹ میں ہوا اور تناؤ ہو (بہت نمایاں علامت)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

☆☆☆☆☆

Hic-cough : ہچکی

2800۔ ہچکی کے لئے مفید نسخہ

نکس وامیکا Nux Vomica
200 ملا کر
اگنیشیا Ignatia

2801۔ معدہ میں خرابی کی وجہ سے ہچکی شروع ہو جائے تو

آرام دینے والی دوا: سلیشیا Silicea 6x

نکس وامیکا اور اگنیشیا بھی ہچکی کے لئے مفید دوائیں ہیں۔

2802۔ معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہچکی۔ خاص علامت

مفید دوا : سائیکلیمن Cyclamen 30

2803۔ معدہ کے تشنج سے پیدا ہونے والی ہچکی۔

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

2804۔ پیٹ میں شدید مروڑ، درد کی شدت سے پیٹ پھٹ جانے کا احساس، الٹیاں، ہچکی لگ جاتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 30

2805۔ معدہ میں جلن، سوزش ہچکی لگ جاتی ہو اور ڈکار آتے ہوں۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

☆☆☆☆☆

Eructation : ڈکاریں

2806۔ہوا سے پیٹ میں گڑگڑاہٹ پیدا ہوتی ہو اور بہت تناؤ ہو جاتا ہو۔ڈکار نہ باہر آتا ہو نہ نیچے اترتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔رسٹاکس Rhustox 200-30

2۔کالچیکم Colchicum 200-30

ہوا کے اخراج کے دونوں راستے تنگ ہو کر سکڑ جاتے ہیں۔یہ بہت تکلیف دہ چیز ہے رسٹاکس اس کے لئے اچھی دوا ہے۔اس کے علاوہ کالچیکم بھی مفید ہے۔

2807۔کھٹی ڈکاریں آتی ہوں۔مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

نظام ہضم میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔معدے میں پتھر کا سا بوجھ۔کھانا کھٹاس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔اور کھٹی ڈکاریں آنے لگتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 23)

2808۔کھٹے ڈکار آتے ہوں۔کسی چیز کا ذائقہ ٹھیک نہیں رہتا ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

2809۔معدے میں ہوا بہت پیدا ہوتی ہو اور ایسے ڈکار آتے ہوں جیسے کھٹاس بہت ہو لیکن اس کے ساتھ معدے میں جلن اور ٹھنڈک کا احساس پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea 200-30

2810۔معدہ میں جلن،سوزش اور چھونے سے درد نمایاں ہو۔ہچکی لگ جاتی ہو۔ڈکار بھی آتے ہوں۔

مفید دوا: مرکری Merc. Sol 30

2811۔مریض کی قوت ہاضمہ کمزور ہو جاتی ہو۔معدے میں پانی نہیں ٹھہرتا ہو۔گرم

ہوتے ہی قے ہوجاتی ہو۔ جبکہ ٹھوس غذا کھانے پر قے نہیں ہوتی۔ بہت بدبُو دار ڈکار آتے ہوں۔

مفید دوا : بسمتھم Bismuthum 30

2812۔ معدہ بالکل جواب دے جائے، کوئی چیز ہضم نہ ہو۔ خوراک معدہ میں ہی گلنے سڑنے لگے۔ گندے بدبُو دار ڈکار شدید متلی اور اُبکائیاں آئیں تو

بہت مؤثر دوا: کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2813۔ بدبُو دار گیسوں کے ڈکار کچھ تیزاب کے ساتھ کھانے کی نالی کی طرف چڑھتے ہوں۔ اس وقت وہاں سخت تیزابیت کا احساس ہوتا ہو اور ڈکاروں سے گندی بدبُو بھی آتی ہو۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

2814۔ گندے انڈوں کی بُو والی گیس پیدا ہو اور ڈکار بھی ایسی ہی بُو کے ہوں تو اس کے ازالہ کے لئے اچھی دوا: کیموملا Chamomilla 30

2815۔ وہ مریض جنہیں دُودھ سے نفرت ہو یا اِن کی تکلیفیں دُودھ پینے سے بڑھ جائیں۔ متلی، قے، سردرد، ڈکار، معدہ میں ہوا پیدا ہونے لگے۔ ان قسم کی سب علامتوں میں

کارگر دوا: لیک ڈیف Lac. Def CM

لیک ڈیف کی ایک لاکھ میں ایک ہی خوراک کارگر ثابت ہو سکتی ہے۔ بعض دفعہ اسے کچھ عرصہ بعد دہرانا پڑتا ہے۔ اگر وہ خوراک کے بعد بھی کوئی فرق نہ پڑے تو پھر اس دوا کے پیچھے نہیں پڑنا چاہیئے۔ اگر اس نے فائدہ دینا ہو تو فوراً دیتی ہے ورنہ بالکل اثر نہیں کرتی۔ پہلی خوراک سے افاقہ ہو لیکن علامتیں جلد واپس آجائیں تو ایک ہفتہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 533)

2816۔ جو چیز کھائی جائے وہ معدہ میں جا کر کھٹاس میں تبدیل ہو جاتی ہو اور شدید اُلٹیاں

آتی ہوں۔خوراک معدہ میں ہی گلنے سڑنے لگتی ہو۔اس سے تیزابیت پیدا ہوتی ہو اور گندے بدبُو دار ڈکار آنے لگتے ہوں (علامت)

مفید دوا: پلمبم　30　Plumbum

انتڑیوں کی حرکت کا نظام سُست پڑ جائے تو معدہ میں کھٹاس پیدا ہو جاتی ہے۔

2817۔کھانا کھانے کے چند گھنٹے بعد معدے کی تکلیفیں شروع ہوتی ہوں۔بے چینی، کھٹے ڈکار، ہوا سے پیٹ کا بھر جانا وغیرہ۔

مفید دوا: پلسٹیلا　30　Pulsatilla

☆☆☆☆☆☆

بھوک کے عوارض Ailments of Appetite

بھوک مٹ جانا : Anorexia

2818۔۔اگر بھوک مٹ جائے اور کھانے پینے کی خواہش بالکل ختم ہو جائے تو اسے بحال کرنے والی دوا:

مفید دوا: مینگینم　30　Manganum

2819۔بھوک نہ لگنے کی بیماری (Anorexia) میں سب سے اچھی دوا:

کالی فاس　6x　Kali Phos

ایسے مریض جو زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے بھوک نہ لگنے کی بیماری (Anorexia) میں مبتلا ہو جائیں، ان میں کالی فاس سب سے اچھی دوا ہے۔شروع میں 6x میں کالی فاس استعمال کرانی چاہیئے جب کچھ فائدہ ہو جائے تو ایک خوراک اونچی طاقت میں دینے سے حیرت انگیز اثر ظاہر ہوتا ہے۔

2820۔مریض کی صبح کی بھوک بالکل غائب ہو جائے مگر گیارہ بجے معدہ میں سخت کمزوری
محسوس ہوتی ہو۔...فوری کھانے کی طلب اتنی شدید ہوتی ہو کہ ذرا سا بھی انتظار دوبھر ہو جائے حتیٰ کہ بھوک سے غشی کا دورہ پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

2821۔بھوک غائب ہو جاتی ہو۔ہوا سے پیٹ میں تناؤ محسوس ہوتا ہو، پیٹ کے ایک خاص حصہ میں ہوا کا غیر معمولی زور ہوتا ہو(خاص علامت)

مفید دوا : کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

2822۔مریض کی بھوک ختم ہو جاتی ہو۔وہ گوشت سے نفرت کرتا ہو۔ویسے بھی عام کھانے میں مزہ نہیں رہتا ہو۔رات کے وقت اسہال کی تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

(مریض سردی بالکل برداشت نہیں کرسکتا)

2823۔بھوک لگانے اور بھوک مندمل کرنے کی مفید دوا :

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

جن مریضوں کو بھوک کے دورے پڑتے ہوں انہیں نکس وامیکا استعمال کرنی چاہیئے۔

2824۔جگر یا معدے کی خرابی سے بھوک مٹ جائے۔

بہترین دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30-6x

2825۔نظام ہضم سست ہونے کی وجہ سے متلی ہونے کا رجحان بڑھ جائے، بھوک
بالکل ختم ہو جائے اور مریض کچھ نہ کھا سکے اور سخت کمزوری پیدا ہو جائے اس خصوصی علامت میں

مفید دوائیں: 1۔اوپیم Opium 30

2۔کیمومیلا Chamomilla 30

نظام ہضم سست ہونے کی وجہ سے مریض کا کھانا معدے میں اکٹھا ہوتا رہتا ہے اور متلی اور قے کا رجحان بہت بڑھ جاتا ہے بالآخر بھوک ختم ہو جاتی ہے۔ مریض کو کچھ نہیں کھلایا جا سکتا اور سخت کمزوری پیدا ہو جاتی ہو۔ اس خصوصی علامت میں کیموميلا بھی اوپیم کے برابر کی دوا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 648)

2826۔ کھانے سے نفرت اور بے دلی، ٹھنڈے پانی کی پیاس اور متلی (خصوصی علامت)

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

2827۔ مریض کھانے سے نفرت کرتا ہو۔ ٹھنڈے پانی کی نہ بجھنے والی پیاس۔ جلن، متلی اور قے کا رجحان جس میں سفید لیسدار رطوبت نکلتی ہو۔ قے کے دوران سردی لگتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

2828۔ مریض کو کھانے سے نفرت بڑھ جائے اور اسے دودھ پر ہی گزارہ کرنا پڑتا ہو۔ جسے وہ شوق سے پیتا ہو اور آسانی سے ہضم کر سکتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

2829۔ بھوک بالکل مٹ جاتی ہو اور طبیعت بدمزہ رہتی ہو لیکن بعض دفعہ شدید بھوک لگتی ہو جو ختم ہی نہ ہوتی ہو۔ کھانا کھاتے ہی پیٹ پھول جاتا ہو۔ جلن اور تیزابیت بہت پیدا ہو جاتے ہوں اور کھانے کے تھوڑی دیر بعد ہی پھر بھوک لگ جاتی ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

2830۔ معدہ میں بھوک کی گہری کھرچن اور نقاہت کا احساس ہوتا ہو لیکن ساتھ ہی کھانے سے نفرت ہو جاتی ہو حالانکہ متلی نہیں ہوتی ہو (عجیب علامت)

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2831۔بھوک کا فقدان اور پیاس کا بڑھ جانا۔

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

2832۔کھانے کی خوشبو اشتہاء پیدا کرنے کی بجائے بھوک بالکل ختم کر دیتی ہو۔

مفید دوائیں:

1۔ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

2۔کالچیکم Colchicum 30

☆☆☆☆☆

بھوک کی زیادتی

Excessive Appetite

2833۔مریض کو بھوک کے دورے پڑتے ہوں، بھوک کے دوروں کے بعد دمہ شروع ہو جائے۔مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

جن مریضوں کو بھوک کے دورے پڑتے ہوں انہیں نکس وامیکا استعمال کرنی چاہیئے۔

اکثر ایسے مریضوں کو بھوک کے دوروں کے بعد دمہ شروع ہو جاتا ہے۔اگر انہیں ان دنوں نکس وامیکا شروع کروا دیا جائے تو دمہ نہیں ہو گا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 642)

2834۔مریض کھانا کھانے کا بہت شوقین ہوتا ہو۔کھانا کھانے کے باوجود بھوک اور کمزوری کا احساس باقی رہتا ہو۔مریض زیادہ کھانے کے باوجود دُبلے پتلے ہوتے ہوں۔

مفید دوا : اوپیم Opium 30

2835۔مریض سخت بھوکا ہوتا ہو اور کھانا کھانے کے فوراً بعد اسے دوبارہ بھوک لگ جاتی ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

2836۔مریض ہر وقت بھوکا رہتا ہو۔خصوصاً رات کو بہت بھوک لگتی ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

یہ عجیب علامت ہے کہ رات پچھلے پہر محض بھوک سے آنکھ کھل جاتی ہے۔کھانا کھانے سے مریض کی تکلیف میں کمی ہو جاتی ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 683)

2837۔مریض کو رات کو اور صبح بھوک محسوس نہ ہوتی ہو،صبح کو بھوک بالکل غائب ہو جائے، لیکن دن چڑھنے کے بعد گیارہ بجے کے قریب معدہ میں شدید کھر چن کے ساتھ بھوک کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

2838۔شدید بھوک اور پیاس،منہ کا ذائقہ کڑوار ہتا ہو

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

2839۔جُوع البقر کی طرح نہ مٹنے والی بھوک اور بعض دفعہ بھوک کو کلیتاً فقدان۔

مفید دوا: فیرم میٹ Ferrum Met 30

2840۔مریض کو بھوک بہت لگتی ہو۔ہر بیماری میں بھوک بے چین رکھتی ہو۔اور بھوک کے دوران بیماری میں اضافہ ہو جاتا ہو۔(خاص پہچان)

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

2841۔بھوک خصوصاً رات کے وقت چمکتی ہو۔مریض عموماً ٹھنڈا رہتا ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

2842۔زیادہ کھانے سے قے کا رجحان ہو۔

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈم Antimonium Crud 200

2843۔ مریض جو بے تحاشہ کھانا کھاتے ہوں اور ہر وقت کھاتے چلے جاتے ہوں بیماریوں کے حملہ سے پہلے ناقابل برداشت بھوک کا دورہ پڑتا ہو۔ پھر اچانک معدہ جواب دے جائے۔

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈم Antimonium Crud 200

اینٹی مونیم کروڈ کی سب سے نمایاں علامت معدے کے نظام کا درہم برہم ہو جانا ہے۔ زبان پر سفید میل کی موٹی سی تہہ جم جاتی ہے۔

2844۔ بھوک بہت لگتی ہو لیکن کھانے کے بعد تھکاوٹ اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔ کھانا کھانے کے بعد بھاری پن اور تناؤ کا احساس شروع ہو جاتا ہو۔ معدے میں شدید کمزوری کے دورے پڑتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

2845۔ مریض کو بھوک بہت لگتی ہو۔ بھوک اور کمزوری کھانے کے بعد بھی اسی طرح محسوس ہوتے رہتے ہوں۔ خالی پیٹ ہونے کا احساس رہتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

2846۔ مریض کو بہت بھوک لگتی ہو۔ ہر بیماری میں بھوک بے چین رہتی ہو اور بھوک کے دوران بیماری میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

1۔ مریض گرم مزاج ہو، بہت شدت سے گرمی محسوس کرتا ہو تو

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

2۔ مریض عموماً ٹھنڈا ہو اور بھوک عموماً رات کو چمکتی ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

2847۔ بھوک لگتی ہو لیکن کھانا کھانے کو دل نہیں چاہتا ہو (علامت)

مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 12x-6x

عام طور پر یہ بہت حساس لوگوں کا مرض ہے۔ وہ نوجوان بچے اور بچیاں جو بہت دُبلے پتلے ہوتے ہوں اور لوگ انہیں چھیڑتے ہوں وہ بہت حساس ہو جاتے ہیں اور کھانے کے خلاف ردِعمل دکھانے لگتے ہیں۔

2848۔ مریض کو بے حد بھوک لگتی ہو لیکن بہت کھانے کے باوجود اس کا جسم دُبلا پتلا رہتا ہو۔ مریض بہت تیز طرّار ہو۔ مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

2849۔ مریض ہر وقت بھوک محسوس کرتا ہو۔ معدہ اور نظام ہضم جواب بھی دے جائیں لیکن بھوک ختم نہیں ہوتی ہو۔ اگر کسی مریض کو اس قسم کی بھوک کے ساتھ سیاہ رنگ کی اُلٹیاں آئیں اور حالت اتنی بگڑ جائے کہ گویا موت کی علامتیں ظاہر ہوں تو کاربوویج کی بجائے موت سے واپس کھینچ لانے والی دوا:

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2850۔ کھانا کھانے کے فوراً بعد دوبارہ بھوک محسوس ہوتی ہو۔ کھانے کے بعد منہ کا مزہ کھٹا ہوتا ہو۔ قے کا رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

2851۔ مریض بہت جلدی جلدی کھاتے ہوں اور کھانا کھاتے وقت ان کی بے صبری نمایاں ہو۔ پیٹ اکثر گیس سے تنا ہوا ہوتا ہو۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

2852۔ اعصابی تناؤ کی وجہ سے غیر معمولی بھوک لگے اور گھبراہٹ کی وجہ سے کچھ کھانے کو دل چاہے لیکن کھانا کھا کر مریض کو تسکین نہ ہو، کچھ نہ کچھ کھانے کو دل چاہے۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

2853۔ مریض کی بھوک یا تو بہت بڑھ جاتی ہو یا بالکل ختم ہو جاتی ہو۔ گوشت، کافی اور چکنائی سے نفرت ہو جاتی ہو۔ مسلسل بھوک کے ساتھ کمزوری کا احساس بڑھتا جاتا ہو۔

مفید دوا: مرکسال Merc. Sol 30

2854۔ بھوک لگانے اور بھوک مندمل کرنے کی بہت اچھی دوا:

نکس وامیکا Nux Vomica 30

2855۔ بھوک ہونے کے باوجود مریض کچھ کھا پی نہیں سکتا ہو۔ غذا کی نالی میں جلن ہوتی ہو۔

مفید دوا: ہیلی بورس Helleborus 30

2856۔ مریض کھانے کا بہت شوقین ہوتا ہو۔ کھانا کھانے کے بعد بھوک اور کمزوری کا احساس باقی رہتا ہو۔ اکثر مریض زیادہ کھانے کے باوجود دُبلے پتلے ہوتے ہوں۔

مفید دوا: اوپیئم Opium 30

2857۔ بھوک کی کی زیادتی کے باوجود مریض دُبلا پتلا اور لاغر ہوتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

2858۔ مسلسل بھوک کے ساتھ کمزوری کا احساس بھی بڑھتا جاتا ہو۔

مفید دوا: مرکری Merc. Sol 30

2859۔ بھوک بہت لگتی ہو مگر کھانا جسم کو نہیں لگتا ہو۔

مفید دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

☆☆☆☆☆

بھوک کی متفرق تکالیف

2860۔مریض کو ٹھنڈا کھانا کھانے کی خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2861۔کھانا کھانے کے بعد اُداسی کا دورہ پڑتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2862۔کھانا کھاتے ہوئے پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرمیور Nat. Mur 30-6x

2863۔کھانا کھانے کی بے حد خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرمیور Nat. Mur 30-6x

2864۔صبح پانچ بجے بھوک محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

2865۔نمک کھانے کی بے حد خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30

2866۔میٹھے کی خواہش کے ساتھ پیٹ میں ہوا اور تناؤ (نمایاں علامت)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

2867۔کھانا کھانے کے بعد جلن اور تیزابیت زیادہ اور منہ سے پانی آنے لگتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30

2868۔کھانا کھاتے ہوئے چکر آتے ہوں اور کھانے کے بعد چکر زیادہ ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : گریشولا Gratiola 30

پیاس

2869۔ پیاس کا نہ ہونا یا سخت پیاس جو بجھنے کا نام نہ لے، منہ خشک ہی رہے اور معدہ میں گویا آگ سی لگی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ کالی سلف   Kali Sulph   6x

2۔ پلسٹیلا   Pulsatilla   30

پلسٹیلا میں پیاس نہیں ہوتی لیکن ٹھنڈا پانی پینے سے سکون ملتا ہے۔

کالی سلف میں پلسٹیلا کی طرح پیاس کا نہ ہونا بھی ملتا ہے اور کبھی سخت پیاس بھی ملتی ہے جو بجھنے کا نام نہ لے، منہ خشک ہی رہے اور معدہ میں گویا آگ سی لگی ہو۔ (تضاد)

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 519)

2870۔ مریض کو ایسی پیاس محسوس ہو جو پانی پینے کے باوجود نہ بجھے تو ایسی کیفیت میں

مفید دوا : میڈورائنیم   Medorrhinum   200

2871۔ مریض کی پیاس بے چینی کا مظہر ہو۔ گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہو لیکن پیاس نہ بجھتی ہو۔

مفید دوا : آرسینکم البم   Arsenic   30

اصل میں یہ پیاس ہے ہی نہیں، محض بے چینی ہے جس سے بار بار منہ خشک ہوتا ہے جسے تر کرنے کے لئے مریض گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہے۔ اگر بیماری لمبی ہو جائے تو پیاس کلیتًا غائب ہو جاتی ہے لیکن بے چینی قائم رہتی ہے۔ اس صورت میں سارا جسم بے قراری سے حرکت کرتا ہے اگر جسم میں طاقت نہ ہو تو مریض دائیں بائیں سر پٹکتا ہے۔ منہ خشک ہونے کے باوجود پانی پینے کو دل نہیں چاہتا۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 94)

2872۔ بہت شدید پیاس لیکن پانی پینے سے تسکین نہیں ہوتی ہو اور بعض دفعہ آرسینک کی طرح منہ خشک ہوتا ہو اور مریض تھوڑا تھوڑا پانی پی کر پیاس بجھانے کی کوشش کرتا

ہو۔مفید دوائیں:

1۔بیلاڈونا Belladonna 200-30

2۔برائیونیا Bryonia 200-30

3۔آرسینک Arsenic 200-30

بعض دفعہ بیلاڈونا کی پیاس برائیونیا سے ملتی ہے......آرسینک اور برائیونیا کی دوسری علامتیں بیلاڈونا سے مختلف ہیں مگر منہ کی خشکی میں تینوں مشترک ہیں۔

پیاس کی شدت بھی برائیونیا کی نمایاں علامت ہے، مریض بہت ٹھنڈا پانی پسند کرتا ہے۔پانی پی کر اُسے سکون ملتا ہے۔لیکن تھوڑی دیر میں ہی دوبارہ پیاس بھڑک اُٹھتی ہے۔ بہت زیادہ پانی کی پیاس برائیونیا کی یاد دلاتی ہے۔لیکن برائیونیا میں بعض صورتوں میں برائیونیا میں پیاس بالکل غائب بھی ہو جاتی ہے۔معدہ میں سوزش ہوتی ہے۔منہ خشک ہو جاتا ہے اور زبان لکڑی کی طرح اکڑ جاتی ہے مگر پیاس بالکل نہیں ہوتی۔اس وقت زبان پر زردی مائل تہہ جمنے لگتی ہے۔یہ اولاً جلسیمیم کی خاص علامت ہے جو شاذ کے طور پر برائیونیا میں بھی ظاہر ہوتی ہے۔کینٹ نے بھی یہی لکھا ہے کہ برائیونیا میں بعض اوقات پیاس بالکل غائب ہو جاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 166,140)

2873۔سخت پیاس لگتی ہو مگر پانی پیتے ہی تھوڑی دیر میں قے ہو جاتی ہو۔

1۔ آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

2۔ فاسفورس Phosphorus 30

2874۔ٹھنڈا پانی پینے کی شدید خواہش ہوتی ہو لیکن معدہ میں پانی گرم ہو کر قے ہو جاتی ہو۔مفید نسخہ: پائیروجینم Pyrogenium، فاسفورس Phosphorus — 200 ملا کر

اگرچہ پائیروجینم کا مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہے اور سردی کا احساس اس کی ہڈیوں تک

سرایت کر جاتا ہے لیکن اسے شدید ٹھنڈا پانی پینے کی پیاس لگی رہتی ہے۔ ایسی صورت میں پائیروجینم کو فاسفورس کے ساتھ ملا کر دیا جا سکتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 700)

2875۔ پیاس کی شدت نمایاں ہو۔ مریض بہت ٹھنڈا پانی پسند کرتا ہو۔ پانی پی کر اسے سکون ملتا ہو لیکن تھوڑی دیر میں پیاس دوبارہ بھڑک اٹھتی ہو۔

مفید دوا : برائیونیا Bryonia 30

2876۔ مریض کھانے سے نفرت کرتا ہو۔ ٹھنڈے پانی کی نہ بجھنے والی پیاس۔ جلن، متلی اور قے کا رجحان پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

2877۔ مریض کی پیاس پانی پینے سے نہیں بجھتی ہو۔ بہت ہی ٹھنڈا پانی پینے کو دل چاہتا ہو۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

2878۔ خوراک سے نفرت اور بے دلی، ٹھنڈے پانی کی پیاس اور متلی (خصوصی علامت)

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

2879۔ بہت ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش کے ساتھ کھانا کھانے کی بھی خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

عام طور پر پیاس کی علامت کے ساتھ بھوک ختم ہو جایا کرتی ہے لیکن فلورک ایسڈ میں یہ دونوں علامتیں ساتھ ساتھ ملتی ہیں۔

2880۔ شدید پیاس لگتی ہو، بھوک ختم ہو جاتی ہو اور منہ بالکل خشک ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 30

2881۔ بھوک کا فقدان اور پیاس کا بڑھ جانا۔ مفید دوا :

ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

ڈیجی ٹیلس میں پیاس بھڑک اٹھتی ہے اور بھوک آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔

2882۔ مریض کا جسم ٹھنڈا ہوتا ہو۔ اس کے باوجود ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش رکھتا ہو۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

2883۔ مریض شدید سردی محسوس کرنے کے باوجود سخت ٹھنڈا پانی پیتا ہو۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

2884۔ ٹھنڈا اور ٹھنڈے مشروبات سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔ مریض گرم چیز کھانے سے بہتر محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

2885۔ مریض کا منہ خشک رہنا، لیکن اسے پیاس نہ لگتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2886۔ زبان بالکل خشک ہو کر چمڑے کی طرح ہو جاتی ہو۔ منہ بھی خشک ہوتا ہو لیکن پیاس نہ ہوتی ہو۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

2887۔ پیاس بالکل غائب ہو جائے، منہ خشک ہو جائے۔ اور زبان لکڑی کی طرح اکڑ جاتی ہو۔

1۔ خاص علامت: جلسیمیم Gelsemium 30

2۔ شاذ علامت: برائیونیا Bryonia 30

"بعض اوقات برائیونیا دینے کے بعد پیاس غائب ہو جاتی ہے اس وقت جلسیمیم دی جا سکتی ہے۔ اور ان دونوں کو ایک دوسرے کے بعد استعمال کیا جا سکتا ہے۔

2888۔ منہ اور زبان کا خشک ہونا۔ (علامت)

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200

انتڑیوں کی تکالیف

Intestinal Diseases

2889۔انتڑیاں اکٹھی ہو جاتی ہوں تو مفید نسخہ

1۔آرنیکا	Arnica	200 ملاکر	
برائیونیا	Bryonia		

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔ اس کے ساتھ

2۔نکس وامیکا	Nux Vomica	30
کولوسنتھ	Colocynth	
کریوزوٹم	Kreosotum	

2890۔کھانے کی بُو سے سخت متلی اور انتڑیوں کا شدید تشنج جس سے مریض بے ہوش ہوجائے۔ کارآمد دوا: کالچیکم Colchicum 200

"کھانے کی بُو سے خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو سے بعض دفعہ متلی اتنی شدید ہوتی ہے کہ مریض بے ہوش ہو جاتا ہے۔پیٹ انتڑیوں کے تشنج کی وجہ سے ایسا تن جاتا ہے کہ کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دے گا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 319)

2891۔قولنج یعنی انتڑیوں کے تشنج کا شدید دورہ پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : پائپر نائیگر Piper Nigr 30

2892۔انتڑیوں میں تکلیف اور تیزابیت۔مفید نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200

2۔نکس وامیکا Nux Vomica 200

باری باری نمبر 1 صبح ،نمبر 2 شام

2893۔ انتڑیوں کی تکلیفیں: صبح کے وقت دست کا زور، کبھی پیچش، کبھی اسہال اور کبھی بہت قبض، ان انتڑیوں کی تکلیفوں کے لئے

مفید دوا : ٹیو برکولینم Tuberculinum 200

اگر وقت پر ٹیو برکولینم سے ان کا علاج نہ کیا جائے تو بعض دفعہ مریض علاج کے قابل نہیں رہتا اور انتڑیوں کے ناسوروں سے مستقل خون رسنے لگتا ہے۔ اس بیماری کا علاج لمبے عرصہ تک ٹیو برکولینم دینے رہنے سے ممکن ہوسکتا ہے۔

2894۔ انتڑیوں کی طبعی حرکت کے آہستہ ہو جانے کے نتیجہ میں قبض ہو جائے اور تیز ہو جانے کے نتیجہ میں اسہال شروع ہو جائیں اور کبھی اس نظام کے بگڑنے سے اسہال لگ جانے کی بجائے بندھی ہوئی اجابت بار بار ہو تو اس بیماری کا

مؤثر علاج: نکس وامیکا Nux Vomica 30

2895۔ مریض کو معدے میں کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور رہتی ہو۔ قبض ہوگی یا اسہال لگ جائیں گے یا پیچش ہوگی، معتدل حالت نہیں رہتی ہو۔

مفید دوا : مینگنیم Manganum 30

2896۔ انتڑیوں میں سوزش اور السر کیلئے کارآمد نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia 200

2۔ کریوزوٹم Kreosotum
کولوسنتھ Colocynth
آرسینک Arsenic
اپیکاک Ipecac
کُرچی Kurchi

(2 کی تمام ادویہ) 30 روزانہ تین بار

2897۔انتڑیوں کے السر میں مفید دوائیں:

1۔ہیپر سلف	Hepar Sulph	30
2۔نائیٹرک ایسڈ	Nit. Acid	30
مشابہ دوا:3۔مرکری	Merc. Sol	30

مرکری بھی انتڑیوں کے اس قسم کے زخموں میں ان دونوں دواؤں سے مشابہ ہے۔

2898۔انتڑیوں میں پیدا ہونے والی سوزش اور زخموں کو ختم کرنے کیلئے

مفید دوا : رس گلابرا Rhus Glabra 6x

یہ دوا آنتوں کے فعل کی اصلاح کرتی ہے۔آنتوں میں پیدا ہونوالی سوزش اور زخموں کو ختم کرتی ہے اور بدبُو دار ہوا کا اخراج رُک جاتا ہے۔

2899۔جگر اور انتڑیوں کی سوزش کیلئے اچھی دوا:

مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 6x

انتڑیوں کے اعصاب،جھلانے سے جو تکلیفیں پیدا ہوتی ہیں۔اسے کالی فاس کنٹرول کرتی ہے۔

2900۔انتڑیوں کی تکلیف۔آنت کے نچلے حصہ میں درد۔مفید نسخہ

1۔پائرُوجینم	Pyrogenium	
مرک سال	Mrc. Sol	200 ملاکر
آرنیکا	Arinca	
2۔میگ فاس	Mag. Phos	
کالی میور	Kali Mur	6x ملاکر
کُرچی	Kurchi	

2901۔ بڑی آنت کے نچلے حصہ میں زخموں (Ulcerative Colitis) آلسر یٹو کلائٹس کیلئے ممکنہ مفید دوا :

اینتھر اسینم Anthracinum 200-30

اس بیماری میں انتڑی کی جھلی کے نرم اور ملائم حصے گل کر جھڑ جاتے ہیں اور ان سے انتڑی تنگی ہو جاتی ہے جس سے خون نکلتا رہتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 61)

2902۔ بڑی آنت کے زخموں یعنی (Ulcerative Colitis) کیلئے

فائدہ مند دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30

"یہ بہت ضدی بیماری ہے ابھی تک اس کا نمایاں طور پر مؤثر علاج دریافت نہیں ہو سکا ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 490)

2903۔ انتڑیوں سے اچانک خون بہنے لگے۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 30

"اگر جسم کے کسی حصہ میں خون کا دباؤ زیادہ ہو جائے تو اندرونی یا بیرونی جریان خون شروع ہو جاتا ہے۔ مثلاً انتڑیوں سے خون بہنے لگے گا۔ کوئی بھی وجہ ہو اگر ایسا اچانک ہو اور خوف بھی ساتھ ہو تو بلا خوف ایکونائیٹ استعمال کریں۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 13)

2904۔ انتڑیاں اور گردے وغیرہ جواب دے جائیں اور جہاں جہاں اندرونی جھلیاں ہوں وہاں سے سیاہ رنگ کا زہریلا خون جاری ہو جائے تو

یاد رکھنے کے قابل دوا: امونیم کارب Amonium Carb 30

ایسے نازک اور تشویشناک مرحلہ میں یہ سب سے اچھی دوا ہے۔

2905۔ انتڑیوں میں فالجی علامتیں ظاہر ہو رہی ہوں اور اجابت کے انداز بدلنے پر شک پڑے کہ انتڑیوں کی طبعی حرکت میں کمزوری آ رہی ہے تو

بلا توقف دی جانے والی دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 30

اگر یہ شک درست ہو تو ایسے تدریجی فالج سے کُلیتاً نجات مل سکتی ہے۔ بعض دفعہ ایسے مریض کو زنک کے ردِّعمل کے طور پر اُلٹیاں آنی شروع ہو جاتی ہیں ۔ یہ ایک بہت خوشکن علامت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ واقعی ایک تدریجی فالج تھا جس کے ردِّعمل کو زنک نے لوٹا دیا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 808)

2906۔انتڑیوں کی بیماریوں (شدید قبض اور ضدّی جریانِ خون) میں کارآمد دوائیں:

1۔ الیومن Alumen 30

2۔ پلمبم Plumbum 30

الیومن میں عضلاتی کمزوریاں بہت نمایاں ہیں اس پہلو سے یہ پلمبم سے بہت مشابہ ہے۔ خصوصاً دونوں میں فالجی علامتیں ایک دوسرے سے کافی حد تک مشابہت رکھتی ہیں ۔ پس جزوی طور پر الیومن پلمبم کی فالجی علامتوں کے مشابہ اثرات پیدا کرتی ہے۔

2907۔انتڑیوں کی مزمن تکلیفیں جن میں نرم اجابت کی طرف رجحان ہو اور جگر بڑھا ہوا ہو۔ان میں مفید دوا : انسولین Insulin 30

2908۔انتڑیوں کی مزمن بیماریاں: انتڑیوں کی تکلیف کے ساتھ پاؤں اور ٹانگوں میں سوزش اور ورم ہو۔ جلد بھی متاثر ہو۔ ذرا سی رگڑ لگنے سے خراش پیدا ہو جائے اور زخم بن جائیں تو

بہت زوداثر دوا: مورگن کو Morgon Co 200-30

2909۔انتڑیوں میں بار بار پھڑکن کا احساس ہو لیکن نیچے کی طرف حرکت نہ ہو تو

مفید دوا : ایگریکس Agaricus 30

2910۔اجابت کے ساتھ بچوں کی آنت باہر نکل آتی ہو۔

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

ٹیوبرکولینم میں عضلاتی نظام اتنا کمزور پڑ جاتا ہے کہ اعضاء لٹکے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔اس کی علامت بہت شدید ہوتی ہے۔اگر بچوں میں سل کا مادہ پایا جاتا ہوتو اجابت کے ساتھ ان کی آنت بھی باہر نکل آتی ہے۔اس میں ٹیوبرکولینم کو نہیں بھولنا چاہیئے۔

2911۔بچہ حاجت کے لئے جائے تو آنت کا ایک حصہ باہر آ جاتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

2912۔انتڑیوں میں خصوصاً بڑی آنت کے آخری حصہ (Rectum) میں فالج ہو رہا ہو اور اجابت غیر شعوری طور پر ہوتی رہتی ہو۔کیونکہ وہاں فضلہ جمع ہو کر گٹھلیاں سی بن جاتی ہیں۔اس لئے چلتے پھرتے وہی گٹھلیاں لاشعوری طور پر نکلتی رہتی ہیں۔

کارآمد دوا: کاسٹیکم Causticum 200-30

2913۔خشکی کی وجہ سے انتڑیاں جگہ جگہ سے پھٹ جاتی ہوں اور سخت تکلیف دہ کھلی پیچش لگ جاتی ہو (بشرط علامت)

فوری مؤثر دوا: برائیونیا Bryonia 200-30

برائیونیا عضلات کے علاوہ انتڑیوں کی جھلیوں پر بھی اثر رکھتی ہے۔برائیونیا کا مریض اکثر قبض کا شکار ہوتا ہے لیکن بعض دفعہ سخت پیچش بھی شروع ہو جاتی ہے۔

2914۔بے چینی کی وجہ سے انتڑیوں کی طبعی حرکت متاثر ہوتی ہو۔تھوڑی تھوڑی اجابت بار بار ہوتی ہو۔وقفہ وقفہ سے مریضوں کو تشنج کا دورہ پڑتا ہو۔

مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb. 30

پیچش اور اسہال کی رنگت سیاہی مائل ہوتی ہے اور تھوڑی تھوڑی اجابت بار بار ہوتی ہے۔بے چینی کی وجہ سے انتڑیوں کی طبعی حرکت متاثر ہوتی ہے اور بہت سے زہریلے مادے جو قدرتی طور پر نکل جانے چاہئیں وہ جسم میں جذب ہونے لگتے ہیں جن کی وجہ سے بے چینی میں

اضافہ ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے بعض مریضوں کو تشنج کا دورہ بھی پڑتا ہے۔ اگر وقت پر آرسینک دے دی جائے تو انتڑیوں کی حرکت معمول پر آ جاتی ہے اور مریض کی طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 93-94)

اپنڈکس Appendix

2915۔ اپنڈکس کے لئے بہترین دوا:

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tenax 200-30

"آئرس ٹینکس میں درد یں دائیں طرف سے شروع ہو کر سارے پیٹ میں پھیل جاتی ہیں۔ شدید قے کی طرف رجحان ہوتا ہے" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 481)

2916۔ اپنڈکس کیلئے بے حد مفید اور حیرت انگیز اثر دکھانے والا نسخہ

آئرس ٹینکس	Iris Tenax	200
آرنیکا	Arnica	
برائیونیا	Bryonia	

2917۔ اپنڈکس کیلئے۔ اگر تشنجی علامات نمایاں ہوں۔ عمدہ نسخہ

آئرس ٹینکس	Iris Tenax	200
آرنیکا	Arnica	
بیلاڈونا	Belladonna	

ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دو خوراک پھر دو تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار۔

اگر تشنجی علامات نمایاں ہوں تو برائیونیا کی بجائے بیلاڈونا استعمال کرنی چاہیئے۔ بسا اوقات اپنڈکس کی وجہ سے بہت خطرناک صورت حال پیدا ہو جاتی ہے اور یہ تکلیف پیچیدگی اختیار کر لیتی ہے۔ یہ تینوں دوائیں مل کر اس صورت حال پر قابو پا لیتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 480)

Hernia : ہرنیا

2918۔ ہرنیا کے لئے ایک مفید نسخہ:

A۔آرنیکا	Arnica	200 ملاکر	
رسٹاکس	Rhustox		

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار

B۔کلکیریا فلور	Calc. Fluor	6x ملاکر
میگ فاس	Mag. Phos	

2919۔ ہرنیا کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

1۔سلفر	Sulphur	200	تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار
برائیونیا	Bryonia		
کاسٹیکم	Causticum		

2۔ پوڈوفائیلم	Podophyllum	30 ملاکر
بیلاڈونا	Belladonna	

2920۔ ہرنیا کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

1۔کروٹن	Croton	1000
2۔سلفر	Sulphur	1000

باری باری ہفتہ کے بعد

3۔کینتھرس	Canthoris	30 ملاکر
نیٹرم میور	Nat. Mur	
ہیپر سلف	Hepar Sulph	

2921۔ ہرنیا (Hernia) جو طاقت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھانے سے پیدا ہو۔

مفید دوا : ملی فولیم Millefolium 200-30

2922۔ ہرنیا میں مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

فاسفورس میں عضلات ڈھیلے ہو کر لٹک جاتے ہیں۔ حفاظتی جھلیاں کمزور ہو جاتی ہیں۔
فاسفورس اعضاء کو واپس اپنی جگہ لے جانے اور عضلات کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

مقعد کی تکالیف

Ailments of Rectum

2923۔ بواسیر اور مقعد کا کناروں سے پھٹ جانا۔ (خاص علامت)

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

2924۔ مقعد کے باہر نکل آنے کا رجحان، سخت اجابت کی صورت میں کمر اور مقعد میں تشنجی درد پائے جاتے ہوں اور مقعد کے کچھ باہر نکل آنے کا رجحان ملتا ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met 30

2925۔ مقعد پر فالجی اثر: فالج کا اثر مقعد پر پڑتا ہو اور فضلہ نکالنے کے لئے مسلسل زور لگانا پڑتا ہو۔ فضلہ نرم بھی ہو تو زور لگائے بغیر نہیں نکلتا ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

بسا اوقات اجابت بکری کی مینگنیوں یا اونٹ اور گھوڑے کی لید سے ملتی ہے اور چھوٹی چھوٹی یا بڑی بڑی گٹھلیوں کے ایک دوسرے کے ساتھ چپکنے سے جو فضلہ بنتا ہے کبھی پتلا اور کبھی موٹا ہوتا ہے اور خارج ہونے میں تکلیف دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

Piles : بواسیر

2926۔غیر خونی بواسیر: بواسیر موہکوں والی۔مفید نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔نکس وامیکا Nux. Vomica 30 رات کو روزانہ ایک بار

"سلفر سے اگر بواسیر کے مسّوں کا علاج کیا جائے تو ساتھ نکس وامیکا ضرور دینی چاہیئے۔یہ ان مسّوں میں نرمی پیدا کرنے کے لئے بہترین معاون ثابت ہوتی ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 637)

2927۔غیر خونی بواسیر (مفید نسخہ)

1۔سلفر Sulphur
بیلاڈونا Belladonna
200 ملا کر

2۔نکس وامیکا Nux.Vomica 30 رات کو روزانہ ایک مرتبہ

2928۔خونی بواسیر (مفید نسخہ)

ملی فولیم Millefolium
بیلاڈونا Belladonna
ایکونائیٹ Aconite
30 روزانہ تین بار

2929۔بواسیر موہکے یا خونی (مفید نسخہ)

سلفر Sulphur
نکس وامیکا Nux.Vomica
30 ملا کر

"بواسیر کا مرض اور تکلیف دہ مسّوں کا ہونا سلفر کی ایک عام علامت ہے۔ بواسیر کے

مسوں میں جلن کا احساس ہوتا ہے۔ بواسیر کے ایسے مریضوں کی علامتیں سلفر دینے سے ابتداء میں بڑھ جاتی ہیں اور بہت خارش ہونے لگتی ہے جس کا علاج نکس وامیکا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 782)

2930۔ بواسیر کے موہکے یا خونی بواسیر۔ ایک اور مفید نسخہ:

1۔ سورائینم	Psorinum	200 ملا کر
بیسی لینم	Bacillinum	

روزانہ ایک بار چار پانچ دن۔ پھر ہفتہ وار۔

2۔ فاسفورس	Phosphorus	30
3۔ آرسینک	Arsenic	30

باری باری روزانہ چار بار۔

2931۔ خونی بواسیر کیلئے ایک اور نسخہ

مرک کار	Merc. Cor	30 تین بار روزانہ
ملی فولیئم	Millefolium	
بیلاڈونا	Belladonna	

2932۔ خونی بواسیر کے لئے ایک اور مفید نسخہ

ہیما میلس	Hamamelis	30 تین بار روزانہ
آرنیکا	Arnica	
بیلاڈونا	Belladonna	

2933۔ خونی بواسیر: اگر درد زیادہ ہو تو عمدہ نسخہ

پیونیا	Paeonia	30 ملا کر
آرسینک	Arsenic	

2934۔ سُرخ خون کی بواسیر میں مفید دوا :

ملی فولیم Millefolium 200-30

2935۔ خونی بواسیر: اسہال اچانک بند ہونے کے نتیجہ میں بعض اوقات جوڑوں کے درد کے علاوہ خونی بواسیر کی شکایت ہو جائے۔ تو

اس کا علاج: ابراٹینم Abrotanum 30

2936۔ خونی بواسیر: مسے سُرخ انگور کے گچھوں کی صورت میں ہوتے ہوں اور ان میں شدید درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

2937۔ بواسیر کے مسے جن سے بہت زیادہ خون بہتا ہو ان میں

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

2938۔ خونی بواسیر: مسے انگور کے گچھوں کی طرح ہوں۔ جلن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

2939۔ بواسیر کے مسے بیرونی سطح کے علاوہ اندر بھی ہوتے ہوں جن میں خون بہنے کا رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

2940۔ مقعد میں بواسیری مسے اجابت بعض دفعہ خون ملے پانی والی ہوتی ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2941۔ بواسیر کے مسے جن سے خون بہتا ہو۔

مفید دوا : کالی میور Kali Mur 6x

2942۔ بواسیر کے مسّوں میں خون اور پیپ کی علامت ملتی ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 30

2۔ ایسکولس Aesculus 30

2943۔ بواسیر: جس میں انگور کے خوشوں کی طرح نیلگوں رنگ کے دو چار مسّے اکٹھے

ہوتے ہیں۔ جن میں شدید جلن کا احساس ہوتا ہو۔ کھڑے ہونے اور چلنے سے درد شدت

اختیار کر جاتا ہو۔ **مقعد میں جلن، خشکی اور یہ احساس جیسے چھوٹی چھوٹی کرچیاں بھری ہوئی ہیں**

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

2944۔ بواسیر کے مسّے گچھوں کی صورت میں لٹکے ہوئے ہوں اور ان میں شدید جلن

اور درد ہوتا ہو۔ ٹھنڈا پانی لگانے سے سکون محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ایلو Aloe 30

2945۔ بواسیر کے مسّے باہر نکل آتے ہوں اور بہت تکلیف دہ ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

2946۔ سخت قسم کی متعفن بواسیر۔

مفید دوا : پائیروجینم Pyrogenium 200

چونکہ اس کا تعلق زیادہ تر وریدوں کے خون سے ہے اس لئے اس کے مزاج میں سخت

قسم کی متعفن بواسیر بھی پائی جاتی ہے۔

2947۔ بواسیر کے مسّوں، چھالوں، معدہ اور گلے میں جلن کا احساس ہوتا ہو۔ پیشاب

بھی جلتا ہوا آتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

بواسیر کا مرض اور تکلیف دہ مسّوں کا ہونا سلفر کی ایک عام علامت ہے۔ بواسیر کے

ایسے مریضوں کے مستیں سلفر دینے سے ابتداء میں بڑھ جاتی ہیں اور بہت خارش ہونے لگتی ہے۔جس کا علاج نکس وامیکا ہے۔

2948۔ بواسیر کے مستے پھلپھلے اوران میں سُرخی اور جلن نمایاں ہوتو

مفید دوا : کپسیکم Capsicum 30

2949۔ بواسیر کے مسّوں میں بہت زیادہ خارش ہوتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

2950۔ بواسیر کے مستے بہت تکلیف دہ ہوتے ہوں۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

2951۔ بواسیر کے مسّوں میں سخت تکلیف محسوس ہوتی ہواور مریضہ چھوٹی چھوٹی جسمانی بیماریوں پر شدید تکلیف کا اظہار کرتی ہو۔

مفید دوا : سٹفی سیگریا Staphy Sagria 30

2952۔ بواسیر کے مسّوں کا درد جگر کی جانب جاتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

2953۔ قبض کے مریض بواسیر کا شکار ہوجاتے ہوں اور مستے بہت تکلیف دہ ہوتے ہوں۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

2954۔ سخت چیز پر سیدھا لیٹنے سے بواسیر کی تکلیف کو آرام آئے (خاص علامت)

مفید دوا: امونیم کارب Amonium Carb 30

2955۔ بواسیر کے مسّوں میں بہت زیادہ جلن ہوتو پلسٹیلا کی نسبت زیادہ مفید دوائیں:

1۔آرسینک Arsenic 30

2۔کالی کارب Kali Carb 30

2956۔ بواسیر کے مسلسل جاری رہنے والے درد میں۔

1۔ شہرت یافتہ دوا: پیونیا　Paeonia　30

2۔ بشرط مزاجی علامات کارآمد دوا: پلسٹیلا　Pulsatilla　30

2957۔ بواسیر کے ٹیومر گول گول مسّوں کی بجائے لمبی غدودوں کی شکل میں پائے جاتے ہوں۔ جن میں شدید جلن ہوتی ہو۔ ٹھنڈے پانی سے وقتی طور پر آرام آجاتا ہو اور جلن کی شدّت میں کمی آجاتی ہو۔

مفید دوا : کالی کارب　Kali Carb　30

2958۔ بواسیر لمبا عرصہ چلے اور مزمن ہو جائے۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس　Hydrastis　30

2959۔ بواسیر کے مسّے پھولے ہوئے اور نیلگوں ہوتے ہوں۔ خارش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس　Chininum Ars.　30

2960۔ بواسیر کے مسّے پھول کر بہت سخت ہو چکے ہوں اور تھائیرائیڈ گلینڈ بھی پتھر کی طرح سخت گلہڑ بن گیا ہو تو۔

بہت کارآمد دوا: کلکیریا فلور　Calc. Fluor　1000-6x

☆☆☆☆☆☆

پیٹ کے کیڑے : Worms

2961۔ پیٹ کے کیڑوں کے لئے : کارآمد نسخہ

1۔ سلفر Sulphur 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار

2۔ سائنا Cina
نیٹرم میور Nat. Mur
آرسینک Arsenic
30 روزانہ تین بار

2962۔ پیٹ کے کیڑوں کے لئے مفید نسخہ:

1۔ سلفر Sulphur
سپائجیلیا Spigelia
سٹینم Stannum
30 روزانہ تین بار

2۔ آرسینک البم Arsenic
بیسیلینم Bacillinum
200 ملا کر

دو دن روزانہ پھر ہفتہ وار ایک خوراک۔

3۔ سائنا (ورمی سڈ) Cina (wormiseed) 30 روزانہ تین بار

2963۔ پیٹ کے کیڑوں کی ایک اہم دوا: سٹینم Stannum 30

سٹینم کو لمبا عرصہ دیا جائے تو کچھ عرصہ کے بعد وہ (کیڑے) بے جان ہو کر یا پگھل پگھل کر نکل جاتے ہیں۔ اس کو کم از کم چند ماہ ضرور استعمال کرنا چاہیئے۔

2964۔ پیٹ کے کیڑوں کی دشمن دوا: سباڈیلا Sabadilla 30

اگر ناک کے باہر یا ہونٹوں کے ارد گرد اور تالو میں مستقل کھجلی کی علامتیں پائی جائیں

تو ایسے مریض کے پیٹ میں عموماً کیڑے ہوتے ہیں۔ انتڑیوں کے عوارض کا جسم کے بیرونی حصوں کی طرف منتقل ہونا ایک طبعی امر ہے۔

2965۔ پیٹ کے کیڑوں کے ساتھ اگر دوسری نزلاتی علامتیں بھی ہوں تو دونوں کو ٹھیک

کر سکنے والی دوا: سباڈیلا Sabadilla 30

2966۔ انتڑیوں کے کیڑوں کے لئے مفید دوا : سپائی جیلیا Spigelia 30

ڈاکٹر کاشی رام لکھتا ہے: "آنتوں کے درد میں اور بچوں کے درد شکم میں جبکہ ایسے درد کیڑوں کی وجہ سے ہوں مفید ہے۔ کیڑوں کی تکالیف میں سپائی جیلیا کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے۔ کیڑوں کی تکلیفات کے ساتھ دل کی تکالیف، مقعد اور ناک میں خارش، درد شکم اور ریاح بھی پایا جاتا ہے۔ کدودانے اور سُوتی کیڑے بھی کافی مقدار میں اس دوا سے نکالے گئے ہیں۔"

(سائیکلوپیڈیا آف ہومیوپیتھک ڈرگس حصہ دوم صفحہ 540)

پیچش Dysentery

2967۔ خونی پیچش کے لئے مفید نسخہ:

مرکیورس کار	Merc. Cor	30 ملاکر
کالوسنتھ	Colocynth	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
ملی فولیم	Millefolium	

2968۔ خونی یا غیر خونی پیچش کے لئے ایک اور نسخہ:

چائنا	China	30 ملاکر
کاربوویج	Carboveg	
کروٹن	Croton	
کُرچی	Kurchi	

2969۔ پیچش (خونی یا غیر خونی) کیلئے ایک اور کارآمد نسخہ:

چائنا	China	30 ملا کر
کاربوویج	Carboveg	
کروٹن	Croton	
کُرچی	Kurchi	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
ملی فولیم	Millefolium	

2970۔ پیچش خونی وغیر خونی کیلئے ایک اور مفید نسخہ:

نکس وامیکا	Nux Vomica	30 ملا کر
کُرچی	Kurchi	
اپیکاک	Ipecac	
کریوزوٹم	Kreosotum	
ایکونائیٹ	Aconite	
کالوسنتھ	Colocynth	

2971۔ پیچش کے لئے ایک مؤثر نسخہ:

1۔ ایکونائیٹ	Aconite	200-30 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	
2۔ آرنیکا	Arnica	200-30 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	

ملا کر باری باری۔

2972۔خونی پیچش میں فضلے کے اردگرد خون کی ایک تہہ سی لپٹی ہوئی ہوتی ہو۔

مفید دوا : اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud 30

2973۔اچانک پیچش کے ساتھ خوف کا عنصر نمایاں ہوتو

فوری فائدہ بخش دوا: ایکونائیٹ Aconite 30 روزانہ تین بار

2974۔اچانک پیچش ہو جائے اور انتڑیوں میں بل پڑنے لگیں۔

مؤثر دوا: کالی فاس Kali Phos 6x

ایک یا دو خوراکیں ہی بہت مؤثر ثابت ہوتی ہیں۔

اگر یہ اعصابی صدمہ کی وجہ سے ہوتو کالی فاس کی ایک دو خوراکیں ہی بہت مؤثر ثابت ہوتی ہیں۔کالی فاس کی پیچش میں اکثر خون کے بغیر آؤں آتی ہے لیکن جب مرض بہت بڑھ جائے تو خالص خون آنے لگتا ہے۔اعصاب کے اضطراب کی وجہ سے سخت بے چین کرنے والی حرکت ہوتی ہے اور انتڑیاں ایک دوسرے کے ساتھ رگڑتی ہیں تو سوزش کے نتیجہ میں ان سے جو لعاب نکلتا ہے وہ آؤں کہلاتا ہے۔پھر خون جاری ہو جاتا ہے۔

2975۔گرمیوں کے خشک موسم میں خونی پیچش ہو جائے تو چوٹی کی لاجواب دوا:

ایکونائیٹ Aconite 30 روزانہ تین بار

2976۔اچانک پیچش شروع ہو جائے تو مفید دوائیں:

1۔ایکونائیٹ Aconite 30

2۔اپیکاک Ipecac 30

3۔مرک کار Merc. Cor 30

2977۔برسات کے موسم میں خونی پیچش جس سے مریض ڈر جائے۔

مفید دوا : ایکونائیٹ Aconite 30 روزانہ تین بار

2978۔خزاں کے موسم میں پیچش جس کے ساتھ بڑی تعداد میں انتڑی کی جھلیوں کے ٹکڑے فضلے میں چھوٹے چھوٹے فیتوں کی صورت میں نکلتے ہوں۔

مفید دوا : کالچیکم Colchicum 200-30

2979۔سردی لگنے سے اسہال کی بجائے پیچش شروع ہو جائے۔اس پیچش کی

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

2980۔بچوں کی پیچش میں سبزی مائل آؤں آتی ہو۔بعض دفعہ خون کی بھی آمیزش ہوتی ہو متلی اور قے کا رجحان بھی ملتا ہو۔ناف کے چاروں طرف ایسا درد جیسے کسی نے چٹکی بھر لی ہو۔جسم اکڑ جاتا ہو ان علامتوں میں مفید دوا :

اپیکاک Ipecac 30

2981۔بچوں کی پیچش میں جو لیسدار ہو اور سبز رنگ کی ہو جیسے اس میں گھاس کتر کر ڈالا گیا ہو۔

1۔ اوّلین دوا: کیمومیلا Chamomilla 30

2۔مفید دوا: اپیکاک Ipecac 30

ایسی پیچش جو لیسدار اور سبز رنگ کی ہو جیسے اس میں گھاس کتر کر ڈالا گیا ہو تو اس میں کیمومیلا کو اوّلیت حاصل ہے۔اپیکاک میں اجابت کی علامتیں کیمومیلا سے ملتی ہیں لیکن مزاج میں بہت نمایاں فرق ہے۔

2982۔لمبی چلنے والی پیچش جس میں آؤں اور خون آ رہا ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

2983۔پیچش میں خون بہت نکلتا ہو۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 6x

2984۔انتڑیوں سے جریان خون۔شدید خونی پیچش اور خونی دست آتے ہوں۔

مفید دوا : ملی فولیئم Millefolium 200

2985۔مثانے میں دُکھن جلن کے احساس کے ساتھ پیشاب مقدار میں بہت تھوڑا پیشاب میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو۔اور جلن ہوتی ہو۔ساتھ ہی پیچش بھی شروع ہو جاتی ہو۔یہ علامتیں اکٹھی ہو جائیں تو تقریباً یقینی دوا:

مرک کار Merc. Cor 30

2986۔پیچش کا فوری نوعیت کا حملہ ہو اور اجابت کے باوجود درد ختم ہونے میں نہ آئے

اور خون کا اخراج مسلسل ہوتا رہے۔

مفید دوا : مرک کار Merc. Cor 30

2987۔سخت کھلی پیچش جس میں خون شامل ہو۔

فوری مؤثر دوا: برائیونیا Bryonia 30

برائیونیا انتڑیوں کی جھلیوں پر بھی اثر رکھتی ہے۔برائیونیا کا مریض اکثر قبض کا شکار رہتا ہے لیکن بعض دفعہ اسے سخت پیچش بھی شروع ہو جاتی ہے جس میں خون شامل ہوتا ہے۔خشکی کی وجہ سے انتڑیاں جگہ جگہ سے پھٹ جاتی ہیں۔اور سخت تکلیف دہ پیچش لگ جاتی ہے۔اگر مریض میں برائیونیا سے ملتی جلتی علامات پائی جائیں تو پیچش میں یہ فوری اثر رکھنے والی دوا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 161)

2988۔پیچش میں قولنج کے درد بہت ہوتے ہوں۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

2989۔پیچش میں شدید بل پڑیں اور بار بار اچانک حاجت محسوس ہوتی ہو۔

بہت کارآمد دوا: اپی کاک Ipecac 30

2990۔پیچش اور پیٹ میں درد جس میں ڈنک مارنے کا احساس ہو۔(علامت)

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

2991۔ پیچش میں اجابت کے باوجود بل پڑتے ہوں اور جلن رہتی ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

2992۔ پیچش اور اسہال کی رنگت سیاہی مائل ہو اور تھوڑی تھوڑی اجابت بار بار ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرسینکم Arsenic Alb. 30

بے چینی کی وجہ سے انتڑیوں کی طبعی حرکت متاثر ہوتی ہے اور بہت زہریلے مادے جو قدرتی طور پر نکل جانے چاہئیں جسم میں جذب ہونے لگتے ہیں جن کی وجہ سے بے چینی میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اور وقفہ وقفہ سے بعض مریضوں کو تشنج کا دورہ بھی پڑتا ہے۔ اگر وقت پر آرسینک دے دی جائے تو انتڑیوں کی حرکت معمول پر آ جاتی ہے اور مریض کی طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 93-94)

2993۔ پیچش میں سفید مادہ ہوتا ہو اور اس میں سخت بدبُو ہوتی ہو۔ فضلہ سخت ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

2994۔ پیچش اور سخت بدبُو دار اسہال کے لئے کار آمد نسخہ:

200 ملا کر
- آرسینک Arsenic
- پائیروجینم Pyrogenium

2995۔ پرانی پیچش اور اسہال میں بہت مفید دوا: کروٹن Croton 30

2996۔ پیچش: فارغ ہونے کے بعد بھی بے چینی اور درد جاری رہیں۔ مفید دوائیں:

مرک کار Merc. Cor 30

للنیم ٹگ Lillium Tig. 30

مرک کار میں جب تکلیف ہو تو یہ احساس رہتا ہے کہ فارغ ہونے کے باوجود کچھ اجابت باقی رہ گئی ہے۔

للئیم ٹگ میں اجابت کے بعد بھی ہر وقت یہ احساس رہتا ہے کہ اسے حاجت کیلئے ٹائیلٹ جانے کی ضرورت ہے۔

2997۔اجابت کے بعد پیٹ میں مروڑ اُٹھتے ہوں۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

2998۔اجابت کے دوران درد شروع ہوتا ہو جو بعد میں بھی جاری رہتا ہو۔

مفید دوا : مرک کار Merc. Cor. 30

اسہال اور ڈائیریا

DIARRHOEA

2999۔پانی کی طرح اسہال آتے ہوں تو مفید نسخہ:

پوڈوفائیلم	Podophyllum	30	روزانہ تین بار
کروٹن	Croton		
نیٹرم سلف	Nat. Sulph		

3000۔پتلے دست آتے ہوں۔عمدہ نسخہ

پوڈوفائیلم	Podophyllum	30	ملا کر
کروٹن	Croton		
وریٹرم البم	Verat. Alb.		

3001۔دستوں کے لئے عمومی نسخہ

1۔مرک سال	Merc. Sol	30	ملا کر
کروٹن	Croton		
اپیکاک	Ipecac		
کالوسنتھ	Colocynth		

	English	Urdu
6x	Kali Phos	2۔کالی فاس
	Ferr. Phos	فیرم فاس

3002۔اسہال (دستوں) کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

	English	Urdu
30	China	چائنا
	Podophyllum	پوڈوفائیلم
	Croton	کروٹن

3003۔دستوں (اسہال) کے لئے ایک اور عمدہ نسخہ:

		English	Urdu
ملا کر	30	Ipecac	اپیکاک
		Carboveg	کاربوویج
		Verat. Alb.	وریٹرم البم

3004۔دودھ پینے سے اسہال شروع ہو جاتے ہوں اور یکا یک حاجت محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

3005۔پرانی پیچش اور اسہال میں بہت مفید دوا :

30 Croton کروٹن

پرانی پیچش اور اسہال میں کروٹن بہت مفید ہے اس کے اسہال کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ کروٹن کے اسہال اچانک بہت زور سے شروع ہوتے ہیں۔کروٹن میں متلی ہے لیکن قے نہیں آتی بلکہ اس کی بجائے اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔...کروٹن میں پیٹ میں ہوا بھی ہوتی ہے اور انتڑیوں سے گڑگڑاہٹ کی آواز بھی آتی ہے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اندر پانی بھرا ہوا ہو۔

3006۔مزمن اسہال کی بیماری میں بہت مفید دوا :

روزانہ تین بار 6x Silicea سلیشیا

3007۔مزمن اسہال پانی کی طرح پتلے اور متعفن ہوتے ہوں۔

مفید دوا : چینینم آرس   30 Chininum Ars.

3008۔اسہال جن کو کسی دوا سے آرام نہ آئے۔ اگر غدودوں کی سوزش بھی ہوتی ہو تو

مفید دوا : سسٹس   30 Cistus

سسٹس انتڑیوں کی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔

3009۔تپ دق کے اثرات کی وجہ سے اسہال مزمن صورت اختیار کر لیتے ہوں یا اگر خوراک گندی اور مضر صحت ہو جیسا کہ مہاجر کیمپوں میں ہو جاتی ہے اور اسہال کی بیماری مستقل ہو جاتی ہو یا پیچش مزمن شکل اختیار کر لیتی ہو تو مفید دوائیں:

1۔سلفر   30 Sulphur

2۔کروٹن   30 Croton

3۔سلیشیا   6x Silicea

سلیشیا کے مریض کا جسم ٹھنڈا ہوا ہوتا ہے سلیشیا ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے۔

3010۔اسہال جو لمبا عرصہ پیچھا نہ چھوڑیں۔ اگر جسم ٹھنڈا ہو اور سر میں بوجھ محسوس ہو۔ منہ خشک ہونے کے باوجود پیاس نہ ہو تو

کارآمد دوا: جلسیمیم   200-30 Gelsemium

3011۔دل کی اعصابی بیماریوں کے ساتھ معدے پر بھی اثر پڑتا ہو۔خوف، دباؤ، بُری خبر سے معدہ خراب ہو جاتا ہو (اسہال لگ جاتے ہوں) مفید دوائیں:

1۔ جلسیمیم   30 Gelsemium

2۔ارجنٹم نائیٹریکم   30 Argent. Nit.

دونوں کی علامتیں ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔

3012۔ بچوں کو دودھ پیتے ہی زور سے اسہال آنے لگیں تو

مفید دوا : کروٹن   Croton   30

3013۔ کروٹن یعنی جمال گھوٹا کھانے کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے خطرناک اسہال کا تریاق: پوڈوفائیلم   Podophyllum   30

3014۔ پچکاری کی طرح زوردار اسہال آتے ہوں۔ (علامت)

مفید دوا : پوڈوفائیلم   Podophyllum   30

3015۔ سخت بدبُو دار اسہال جو ایک دم زور سے نکلتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سائنا   Cina   30

2۔ پوڈوفائیلم   Podophyllum   30

3016۔ اسہال سیاہی مائل اور متعفن ہوں۔ مریض کو اکثر پتہ ہی نہ چلتا ہو اور بلا ارادہ ہی اسہال جاری ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : سیکیل کار   Secale Cor   30

مریض کا جسم سخت ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور بے حد کمزوری محسوس ہوتی ہے مگر پھر بھی اسے گرمی لگتی ہے اور وہ کپڑا اوڑھنا پسند نہیں کرتا۔

3017۔ پیچش اور اسہال کی رنگت سیاہی مائل ہوتی ہو اور تھوڑی تھوڑی اجابت بار بار ہوتی ہو۔ اخراجات سخت بدبُو دار اور متعفن ہوتے ہوں۔

مفید دوا : آرسینک   Arsenic   30

بے چینی کی وجہ سے انتڑیوں کی طبعی حرکت متاثر ہوتی ہے اور بہت سے زہریلے مادے جو قدرتی طور پر نکل جانے چاہئیں۔ جسم میں جذب ہونے لگتے ہیں جن کی وجہ سے بے چینی میں اضافہ ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے مریضوں کو تشنج کا دورہ بھی پڑتا ہے۔ اگر وقت پر آرسینک دے

دی جائے انتڑیوں کی حرکت معمول پر آجاتی ہے اور مریض کی طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔

3018۔ نزلہ اچانک ختم ہو جائے اور اسہال شروع ہو جاتے ہوں۔ دست بغیر درد کے اور مقدار میں بہت زیادہ ہوتے ہوں۔ پانی کی طرح پتلے اور سیاہی مائل ہوتے ہوں۔ جو مریض کو صبح صبح بستر سے اچانک اٹھنے پر مجبور کر دیتے ہوں۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

3019۔ جذباتی ہیجان سے پیدا ہونے والے اسہال میں مفید دوا :

جلسیمیم Gelsemium 30

3020۔ مریضوں کو اچانک اجابت کی حاجت محسوس ہوتی ہو اور ذرا سی تاخیر سے کپڑے گندے ہو جاتے ہوں۔ اسہال میں غیر ہضم شدہ غذا کے ٹکڑے خارج ہوتے ہوں۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200

3021۔ اسہال اچانک شروع ہو جاتے ہوں جن میں بہت تیزی پائی جاتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ سینگونیریا Sanguinaria 30

2۔ کروٹن Croton 30

3۔ ایلو Aloe 30

4۔ پوڈوفائیلم Podophyllum 30

3022۔ اسہال پتلے، سیاہی مائل، چھیلنے والے اور بدبُو دار ہوتے ہیں۔

مفید دوا : کالی سلف Kali Sulph 200-6x

3023۔ معدہ ڈھیلا ہو کر پھیل جاتا ہو۔ ٹائیفائیڈ کے اسہال کی طرح دانے دار اجابت ہوتی ہو، بعض دفعہ پانی کی طرح اسہال آتے ہوں جن میں خون کی آمیزش ہوتی ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

3024۔اجابت کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہو۔اجابت بار بار ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرنیکا Arnica 30

3025۔سخت گرم موسم میں اسہال شروع ہوجائیں تو

مفید دوا : کریئوزوٹ Kreosot 30

3026۔سردی لگنے سے دست شروع ہوجاتے ہوں جو سیاہی مائل ہوتے ہوں اور بہت کمزوری پیدا کرتے ہوں۔زبان اور منہ میں ٹھنڈک کا احساس مگر ساتھ ہی ایک نہ بجھنے والی پیاس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

3027۔اسہال سیاہی مائل اور متعفن ہوتے ہوں۔مریض کو اکثر پتہ ہی نہیں چلتا ہو اور بلا ارادہ اسہال جاری ہوجاتے ہوں۔مریض کا جسم سخت ٹھنڈا ہوجاتا ہو۔بے حد کمزوری محسوس ہوتی ہو مگر پھر بھی اسے گرمی لگتی ہو اور وہ کپڑا اوڑھنا پسند نہیں کرتا ہو۔

کارآمد دوا: سیکیل کار Secale Corr 200-30

3028۔گرمی کی وجہ سے اچانک اسہال شروع ہوجائیں جن کا رنگ سبزی مائل ہو۔پچکاری کی طرح آئیں اور مقدار میں بہت زیادہ اور متعفن ہوں اور بہت سی دواؤں کے علاوہ

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3029۔سبزی مائل پانی کی طرح پتلے اسہال آتے ہوں اور رات کے وقت زیادہ آتے ہوں۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

3030۔اسہال بہت کھلے،سبزی مائل اور پانی کی طرح ہوتے ہیں۔مروڑ بھی اُٹھتے ہوں۔بعض دفعہ تھوڑے تھوڑے اسہال آنے کے بعد یکدم بہت کھل کر آتے ہوں جن

سے بہت کمزور واقع ہو جاتی ہو اور اس کے معا بعد قبض ہو جاتی ہو جو کئی دن تک مسلسل چلتی ہو۔

مفید دوا : یوپیٹوریم Eupatorium 30

3031۔ مٹیالے رنگ کے مٹی کی طرح کے اسہال ہوتے ہوں۔ بعض دفعہ اسہال کا رنگ سلیٹی ہوتا ہو۔ مفید دوا : بپٹیشیا Baptisia 30

3032۔ رات کے وقت اکثر غیر ہضم شدہ غذا کی اجابت۔

مفید دوا : فیرم فاس Ferr. Phos 30

اگر دن کو بھی ایسی اجابت ہو تو کھانے کے جلدی بعد ہو گی مگر ساتھ درد نہیں ہوتا۔

3033۔ مزمن اسہال رات کو بڑھ جاتے ہوں۔ مفید دوا : چائنا China 30

3034۔ رات کے وقت اسہال کی تکلیف ہوتی ہو۔ آدھی رات کو شدید اسہال شروع ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : آئرس ٹینکس Iris Tenax 200-30

3035۔ صبح کے وقت زور کا دست، کبھی پیچش، کبھی اسہال اور کبھی بہت قبض۔

مفید دوا : ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

یہ سب انتڑیوں کی تکلیفیں ہیں۔ اگر وقت پر ٹیوبرکولینم سے علاج نہ کیا جائے تو مریض علاج کے قابل ہی نہیں رہتا اور انتڑیوں کے ناسوروں سے مستقل خون رسنے لگتا ہے۔ اس بیماری کا علاج لمبے عرصہ تک ٹیوبرکولینم دیتے رہنے سے ممکن ہو سکتا ہے۔

3036۔ صبح کے وقت اسہال۔ علاوہ ازیں ایسے اسہال جو مزمن ہو جائیں اور ٹھیک ہونے میں نہ آئیں اور مریض کو بہت کمزور کر دیں۔

بہت مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3037۔ پتلے اور زوردار دست لگ جاتے ہوں جو عموماً صبح کے وقت زیادہ آتے ہوں۔

مفید دوا : سسٹس — 30 Cistus

3038۔ اسہال دن کے وقت شروع ہوتے ہوں اور رات سے پہلے ختم ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : پیٹرولیئم — 30 Petroleum

3039۔ دن کے وقت کھانے کے جلدی بعد غیر ہضم شدہ غذا کی اجابت جس کے ساتھ درد نہیں ہوتا ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ — 30 Ferr. Met.

3040۔ بچوں میں اسہال کا رجحان۔ پیٹ میں کاٹنے والے درد محسوس ہوتے ہوں جیسے کوئی چھری سے کاٹ رہا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا — 30 Sabadilla

(بچوں کو دست اور کٹن کے ساتھ مسلسل درد۔ ڈاکٹر ولیم بورک)

3041۔ سخت بدبُو دار اسہال اور پیچش کے لئے نسخہ

آرسینک — Arsenic
پائیروجینم — Pyrogenium
200 ملا کر

3042۔ اسہال جھاگ والے، بدبُو دار اور پتلے ہوں۔ ہوا بہت خارج ہوتی ہو۔

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ — 30 Benzoic Acid

3042۔ پانی کی طرح پتلے اسہال آتے ہوں جن میں سخت ٹکڑے بھی ملے ہوتے ہوں۔

مفید دوا : سینیشیو اورس — 30 Senecio Aureus

3043۔ مریض خوف محسوس کرے تو بدبُو دار اسہال شروع ہو جاتے ہوں (عموماً

سخت قبض ہوتی ہو)

مفید دوا : اوپیئم　　30 Opium

3044۔کسی خوف اور دہشت کی وجہ سے اسہال شروع ہو جائیں جو پانی کی طرح پتلے اور سخت بدبُودار ہوتے ہوں اور کمزوری پیدا کرنے والے ہوں۔

مفید دوا : کالی فاس　　6x Kali Phos

3045۔باسی غذا جس میں تعفن پیدا ہو چکا ہو کھانے سے اسہال شروع ہو جائیں یا اچانک پیچش لگ جائے۔

مفید دوا: ایکونائیٹ　　30 Aconite

3046۔سمندری غذا خصوصاً آؤسٹر کھانے سے فوری اسہال لگ جائیں۔

مفید دوا : ایلو　　30 Aloe

اسہال کے ساتھ پیٹ میں مروڑ بھی اٹھتے ہیں۔

3047۔پھلوں کا جوس پینے سے اسہال جاری ہو جاتے ہوں جو سبزی مائل ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا فاس　　6x Calc. Phos

3048۔کھٹی چیزوں سے نفرت۔کھٹی چیزیں کی کوشش کریں تو اسہال لگ جائیں۔

مفید دوا : فیرم میٹ　　30 Ferr. Met

3049۔کھٹی چیزیں کھانے سے اسہال لگ جائیں (بشرط مزاج)

مفید دوا: بیلاڈونا　　200-30 Belladonna

3050۔مریض جتنی دفعہ کافی پیئے گا اتنی دفعہ اسہال آئیں۔

مفید دوا: سائیکلیمن　　30 Cyclamen

3051۔اسہال کی نسبت قے کا رجحان زیادہ ہو۔اسہال تھوڑے آتے ہوں اور ان کے ساتھ کمزوری اور تشنج ضرور ہو۔

مفید دوا : کیمفر

30 Camphor

3052۔اسہال اور اُلٹیاں بہت زیادہ ہوں اور تشنج پنڈلیوں پر اثر کرتے ہوں۔

چوٹی کی دوائیں: 1۔وریٹرم البم

30 Veratrum Alb.

2۔کیمفر

30 Camphor

3۔کیوپرم

30 Cuprum

وریٹرم میں سردی کا احساس بہت نمایاں ہوتا ہے اور ٹھنڈے پسینے آتے ہیں اور مریض سر سے پاؤں تک ٹھنڈے پسینوں میں شرابور ہوتا ہے۔کیمفر میں بھی بالکل یہی علامات نمایاں ہیں۔لیکن فرق یہ ہے کہ کیمفر میں اجابت تھوڑی تھوڑی ہوتی ہے۔وریٹرم میں بے حد پانی والے کھلے اسہال آتے ہیں جو دیکھتے ہی دیکھتے جسم کا پانی نچوڑ لیتے ہیں اور مریض جلد ہی موت کا شکار ہو جاتا ہے۔وریٹرم البم،کیمفر اور کیوپرم تینوں میں تشنج ہونا لازمی ہے۔

وریٹرم ہیضہ میں کیمفر اور کیوپرم کا مقابلہ کرتی ہے۔مگر اس کے اخراجات مقدار میں بہت زیادہ ہوتے ہیں جو زندگی کی تمام قوتوں کو بالکل نچوڑ کر رکھ دیتے ہوں۔

3053۔اسہال کے ساتھ انتڑیوں میں شدید درد ہوتا ہو اور ہر اسہال کے بعد مریض بہت کمزوری محسوس کرتا ہو اور لیٹ جانے کو جی چاہتا ہو۔

مفید دوا: آرنیکا

200-30 Arnica

3054۔اسہال میں اتنی تیزابیت ہوتی ہو کہ جلد پر چھالے پڑ جاتے ہوں۔

کارآمد دوا: فاسفورس

200 Phosphorus

فاسفورس کے اخراجات میں تیزابیت پائی جاتی ہے۔

Cholera ہیضہ

3055۔ ہیضہ سے بچاؤ کیلئے مفید نسخہ

سلفر — Sulphur
کیمفر — Camphor
30 ملا کر

3056۔ ہیضہ کی وباء کے لئے حفظ ماتقدم:

سلفر — 200 Sulphur

"سلفر ہیضہ کی ایک بہت اہم دوا ہے۔ اگر ہیضہ کی وباء پھیلی ہو تو حفظ ماتقدم کے طور پر کثرت سے سلفر استعمال کروانی چاہیئے۔ چند روز 200 طاقت میں دن میں ایک دفعہ دینے سے ہیضہ سے بچاؤ ہو جاتا ہے۔ اگر اور دوائیں جو عموماً ہیضہ میں کام آتی ہیں میسر نہ ہوں تو سلفر ہی ایک حد تک اکیلی کافی ہو سکتی ہے۔ اس کا ہیضہ سے بہت گہرا تعلق ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 785-786)

3057۔ ہیضہ کی وباء کیلئے ایک اور حفظ ماتقدم:

30 Veratrum Alb. ویریٹرم البم

ویریٹرم البم میں سر سے پاؤں تک سردی کا شدید احساس پایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر ہانیمن نے ہیضہ کی وباء پھیلنے سے پہلے ہی بغیر کسی ہیضہ کے مریض کو دیکھے ویریٹرم البم کو ہیضہ کی دوا تجویز کیا تھا۔ یہ دوا ہیضہ میں کیمفر اور کیوپرم کا مقابلہ کرتی ہے۔ مگر اس کے اخراجات مقدار میں بہت زیادہ ہوتے ہیں جو زندگی کی تمام طاقتوں کو نچوڑ کر رکھ دیتے ہیں۔

3058۔ ہیضہ کے لئے ایک اور نسخہ

کیوپرم — Cuprum
ویریٹرم البم — Veratrum
30 ملا کر

3059۔ایشیائی ہیضہ(Asiatic Cholera) میں مفید دوا :

سیکیل کار Secale Cor 30

اس میں کیمفر کی طرف جسم بالکل ٹھنڈا ہو جاتا ہے لیکن اندرونی طور پر مریض گرمی محسوس کرتا ہے۔کیمفر میں بدن ٹھنڈا ہوتا ہے لیکن اندرونی طور پر مریض کو گرمی کا احساس نہیں ہوتا۔

3060۔روزمرہ ہیضے کی تین بہترین دوائیں:

1۔وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

2۔کیمفر Camphor 30

3۔کیوپرم Cuprum 30

وریٹرم البم یا کیمفر اور کیوپرم تینوں میں تشنج کا ہونا لازمی ہے۔خصوصاً پنڈلیوں میں بہت تشنج ہوتا ہے جو ہیضہ کی خصوصی علامت ہے۔

1۔وریٹرم البم: اس کے اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں جو زندگی کی تمام قوتوں کو نچوڑ کر رکھ دیتے ہیں....وریٹرم میں بے حد پانی والے کھلے اسہال ہوتے ہیں جو دیکھتے ہی دیکھتے جسم کا پانی نچوڑ لیتے ہیں۔وریٹرم میں سردی کا احساس بہت نمایاں ہوتا ہے اور ٹھنڈے پسینے آتے ہیں اور مریض سر سے پاؤں تک ٹھنڈے پسینوں میں شرابور ہوتا ہے۔اور مریض جلد ہی موت کا شکار ہو جاتا ہے۔"

2۔کیمفر: ہیضہ میں بھی بہت مؤثر دوا ہے۔خصوصاً گُم ہیضہ جس میں بغیر درد کے دست ہوتے ہیں۔مریض ٹھنڈے پسینوں میں شرابور ہوتا ہے۔کیمفر میں اجابت تھوڑی ہوتی ہے۔یا دست ہوتے ہی نہیں لیکن یکدم توانائی ختم ہو کر سارا جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔اس میں کیمفر چھوٹی طاقت میں دینے سے غیر معمولی فائدہ پہنچتا ہے۔تشنج کے ساتھ اعضاء برف کی طرح ٹھنڈے ہو جائیں اور ٹھنڈا پسینہ آئے تو یہ کیمفر کی خاص علامت ہے۔کیمفر کے ہیضہ میں حتیٰ بھی نمایاں ہوتی ہے۔کیمفر میں شدید خوف اور اندیشے بھی پائے جاتے ہیں۔

3۔کیوپرم : روزمرہ ہیضے میں استعمال ہونے والی تین بہترین دواؤں میں سے ایک کیوپرم ہے۔اسکی امتیازی علامتیں بالکل واضح اور آسانی سے شناخت ہونے والی ہیں۔ہیضے میں تشنج

کا آغاز پیٹ سے ہوتا ہے جو بہت شدید ہوتا ہے۔اسہال کھل کر نہیں آتے بلکہ رُک رُک کر تھوڑے تھوڑے آتے ہیں۔اگرچہ ہاتھ پاؤں بھی مڑتے ہیں مگر پنڈلی کا تشنج پیٹ کے تشنج کے بعد ہر دوسرے تشنج سے تکلیف دہ ہوتا ہے۔ان تشنجی علامات کے ساتھ کیوپرم کی عمومی نیلاہٹ اسکے مریض کی شناخت کو مزید پختہ کر دیتی ہے دوسری دو دوائیں کیمفر اور وریٹرم البم۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 801,217,344)

3061۔گم ہیضہ میں بہت مؤثر دوا:

کیمفر   Camphor   30

کیمفر : ہیضہ میں بھی بہت مؤثر دوا ہے۔خصوصاً گم ہیضہ جس میں بغیر درد کے دست ہوتے ہیں یا دست ہوتے ہی نہیں لیکن یکدم توانائی ختم ہو کر سارا جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ اس میں کیمفر چھوٹی طاقت میں دینے سے غیر معمولی فائدہ پہنچتا ہے۔

3062۔ہیضہ کی حالت میں معدہ اور ہاتھ پاؤں میں تشنج نمایاں ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: کیوپرم   Cuprum   30

3063۔ہیضہ میں تشنج کے ساتھ اعضاء برف کی طرح ٹھنڈے ہو جائیں اور ٹھنڈے پسینے آئیں۔اچانک بیماری شروع ہو اور اس میں خوف غالب ہو اور تشنج بھی پایا جائے لیکن مریض بہت ٹھنڈا ہو۔

(علامت) کیمفر   Camphor   30

3064۔اگر بیماری (ہیضہ) اچانک شروع ہو اور اس میں خوف غالب ہو اور تشنج بھی پایا جائے۔بیماری میں شدت، تپش اور تیزی پائی جائے تو

مفید دوا : ایکونائیٹ   Aconite   30

☆☆☆☆☆

Constipation : قبض

3065۔ قبض کے لئے نسخہ

برائیونیا	Bryonia	30 ملا کر
نکس وامیکا	Nux Vomica	

3066۔ پرانی اور سخت ضدی قبض کے لئے مفید دوائیں:

1۔ کلکیریا کارب	Calc. Carb	6x
2۔ سلیشیا	Silicea	6x
3۔ وریٹرم البم	Veratrum Alb.	30

"پرانی قبض میں بھی کلکیریا کارب مفید ہے۔ سلیشیا اور وریٹرم البم (Veratrum) بھی قبض کی اچھی دوائیں ہیں۔ وریٹرم البم عموماً کھلے اسہال میں کام آتی ہے۔ اس لئے معالج کا ذہن قبض کی طرف نہیں جاتا حالانکہ یہ سخت ضدی قبض کے لئے بھی مفید ہے۔ بچوں میں ایسی قبض سلیشیا سے بھی کھل جاتی ہے لیکن اگر وہ اثر نہ کرے تو وریٹرم البم ضرور دیں۔ کلکیریا کارب کی علامتیں ہوں تو وہی کام کرے گی۔ اس کے استعمال سے چند دنوں میں نرمی پیدا ہو جاتی ہے اور قبض آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔ اس بیماری میں اس کا فوری اثر نہیں ہوتا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 197)

3067۔ انتہائی سخت اور ضدی قبض جو ہفتہ ہفتہ چل رہی ہو اور کوئی دوا کام نہ کرے تو

مؤثر دوا: وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

3068۔ دائمی قبض کی بہترین دوا: اگر قبض دائمی ہو چکی ہو اور لمبے عرصہ تک کمزوری کا رجحان ہو اور ساتھ ٹھنڈا پسینہ بھی آئے تو قبض کا اچھا علاج:

وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

اگر یہ علامتیں نہ بھی ہوں مگر قبض غیر معمولی طور پر شدید ہو تب بھی یہ دوا مفید ثابت ہوتی

ہے۔اس صورت میں اسے 30 طاقت میں روزانہ تین دفعہ دیتے رہنا چاہیئے۔یہ پیٹ کو آہستہ آہستہ نرم کرے گی۔انتڑیوں کی خشکی دُور کردے گی۔تاہم اس کے پوری طرح مؤثر ہونے سے پہلے قبض کے اس مریض کو یا تو انیما دینا پڑے گا یا گلیسرین کی ٹیوبز استعمال کرنی پڑیں گی۔

3069۔قبض: گول اور سخت اجابت ہوتی ہو۔پیشاب گہرے رنگ کا،مقدار میں کم اور سخت بدبُودار ہوتا ہو۔ مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

نرم اجابت کے باوجود اخراج میں دقّت پیش آتی ہو۔انتڑیوں میں فضلہ کو آگے دھکیلنے کی طاقت کم ہو جاتی ہو۔

3070۔قبض کیلئے مفید اور مشابہ دوائیں:

1۔سورائینم Psorinum 200-30

2۔برائیونیا Bryonia 200-30

3۔گریفائیٹس Graphites 200-30

سورائینم میں اجابت ہونے کے باوجود اخراج میں دقّت پیش آتی ہے۔کیونکہ انتڑیوں میں فضلہ کو آگے دھکیلنے کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

گریفائیٹس میں سخت قبض پائی جاتی ہے۔فضلہ انتڑیوں کے نچلے حصہ میں بڑے بڑے سخت ٹکڑوں کی شکل میں تہہ بہ تہہ جمع ہوتا رہتا ہے۔اگر انتڑیوں میں عمومی سوزش ہو تو بعض دفعہ ایسے مریض کو برائیونیا سے صرف عارضی فائدہ ہوتا ہے۔فرق یہ ہے کہ برائیونیا میں فضلہ شروع میں عموماً سخت ہوتا ہے لیکن پھر کچھ نرم ہوتا جاتا ہے۔جبکہ گریفائیٹس میں فضلہ سخت اور بہت خشک ہوتا ہے اور آخر تک سخت ہی رہتا ہے۔کئی کئی دن سخت قبض رہتی ہے۔

3071۔عورتوں میں قبض: اجابت نرم نہیں بلکہ سخت اور بڑے جمے ہوئے فضلے کی صورت میں ہو۔

مفید دوائیں: 1۔پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔گریفائٹس Graphites 30

قبض جب آخری مقام تک پہنچ جائے اور پلسٹیلا سے فائدہ نہ ہو تو سلیشیا سے بسا اوقات فائدہ ہوتا ہے۔ جس کی ناکامی کی صورت میں وریٹرم البم مفید ہو سکتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 695)

3072۔ بہت سخت گہری اور پرانی قبض۔

مفید دوا : پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

اجابت گول شکل میں ہوتی ہے جس کا اخراج بہت مشکل سے ہوتا ہے۔ کئی دفعہ زخم بن جاتے ہیں اور کئی دفعہ فضلہ نکالنے کے لئے آلات استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ انتڑیوں کے گرد باریک عضلات کی جھلی ماؤف ہو جاتی ہے اور انتڑیوں میں فضلہ کو آگے دھکیلنے کی طاقت نہیں رہتی۔ یہ فالجی کیفیت آہستہ آہستہ بڑھتی ہے اور قبض گہری اور پرانی ہو جاتی ہے۔ ایسی قبض میں صبر کے ساتھ کچھ عرصہ تک پلمبم دیتے رہنا چاہیئے۔ دس پندرہ دن کے اندر پورا اثر ہو گا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 677)

3073۔ انتڑیوں اور پیٹ کے عضلات کی فالجی کمزوری کی وجہ سے قبض ہو جاتی ہو اور فضلہ بہت مشکل سے خارج ہوتا ہو۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

3074۔ قبض، مقعد پر فالجی اثر اور فضلہ نکالنے کے لئے مسلسل زور لگانا پڑتا ہو۔ فضلہ نرم بھی ہو اور زور لگائے بغیر نہیں نکلتا ہو۔ بسا اوقات اجابت کی شکل بکری کی مینگنیوں یا اونٹ اور گھوڑے کی لید سے ملتی جلتی ہو یعنی چھوٹی یا بڑی بڑی گٹھلیوں کا ایک دوسرے کے ساتھ چپکنے سے جو فضلہ بنتا ہے۔ کبھی پتلا اور کبھی موٹا ہوتا ہو اور خارج ہوتے وقت تکلیف دیتا ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

3075۔فالج کی بناء پر فضلہ بے اختیار تھوڑا تھوڑا نکلتا رہے تو

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

3076۔اجابت باہم جڑی ہوئی گٹھلیوں کی شکل کی اور سخت ہوتی ہو اور نکس وامیکا کی طرح یہ احساس رہتا ہو کہ کھل کر اجابت نہیں ہوئی۔ پیٹ میں درد بھی ہوتا ہو۔

مفید دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30

3077۔اجابت سخت اور کالے رنگ کی ہوتی ہو۔

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

3078۔عورتوں کو حمل کے دوران شدید قبض ہو جاتی ہو جبکہ عام حالات میں قبض نہیں ہوتی ہو

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

اگر قبض کا حمل کیساتھ تعلق ہو تو الیومینا آپ کے ذہن میں اُبھرنی چاہیئے۔ یہ وہ تکلیف ہے جس میں الیومینا عارضی طور پر بھی کام دکھاتی ہے اور دیرینہ بیماری میں۔

3079۔شدید قبض ہوتی ہو یا دست شروع ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

3080۔غیر معمولی طور پر شدید قبض اور اسہال کی بہترین دوا:

ویریٹرم البم Veratrum Alb. 30

سخت قبض ہوتی ہو یا بہت کھلے اسہال ہوتے ہوں۔ ویریٹرم البم دو انتہاؤں کے درمیان ہے۔ ویریٹرم کی ایک متضاد علامت انتڑیوں کی خشکی بھی ہے جس طرح یہ اسہال کی چوٹی کی دوا ہے۔ اسی طرح یہ قبض کی بھی بہترین دوا ہے۔ اگر قبض پرانی ہو چکی ہو اور لمبے عرصہ تک کمزوری کا رجحان ہو اور ساتھ ٹھنڈا پسینہ بھی آتا ہو تو ویریٹرم البم اچھا علاج ثابت ہوتی ہے۔ اگر یہ علامتیں نہ ہوں مگر قبض غیر معمولی طور پر شدید ہو تب بھی یہ دوا مفید ثابت ہوتی ہے۔ اس صورت میں اسے 30 طاقت میں روزانہ تین دفعہ دیتے رہنا چاہیئے۔ یہ پیٹ کو آہستہ آہستہ نرم کرے گی اور انتڑیوں کی

خشکی کو دُور کر دیگی۔ تاہم اس کے پوری طرح مؤثر ہونے سے پہلے قبض کے اس مریض کو یہ تو انیما دینا پڑے گا یا گلیسرین کی ٹیوبز استعمال کرنی پڑیں گی۔ کیونکہ فضلہ اتنا زیادہ سخت ہو چکا ہوتا ہے اور اتنی زیادہ مقدار میں اکٹھا ہو چکا ہوتا ہے کہ طبعی طریق پر اس کا اخراج ناممکن ہو جاتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 802)

3081۔ کبھی شدید قبض اور کبھی اسہال لگ جاتے ہوں۔ اسہال بہت بدبُو دار ہوتے ہوں اگر قبض ہو تو سانس سے بدبُو آتی ہو۔

مفید دوا : کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس دوا میں بہت تعفن کا مادہ پایا جاتا ہے۔ قبض کے دوران جو متعفن مادہ باہر نہیں نکل سکتا وہ انتڑیوں کی جھلیوں کے راستے خون میں جذب ہو کر پھیپھڑوں تک پہنچتا ہے اور سانس میں بدبُو پیدا کرتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 250)

3082۔ مریض کو عموماً قبض ہوتی ہو۔ اگر اسہال شروع ہو جائیں تو ان کے ساتھ سفید چکنے والا مادہ بھی نکلتا ہو۔ سخت فضلہ اور پیچش میں بھی یہ سفید مادہ ہوتا ہو اور اس میں سخت بدبُو آتی ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

3083۔ قبض اور اسہال آپس میں ادلتے بدلتے رہتے ہوں۔

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium 30-Q

اگر قبض ہو تو نہایت سخت گولیوں کی شکل میں ہوتی ہے جیسے بکری کی مینگنیاں ہوں۔
اسہال شروع ہو جائیں تو ان کی رنگت بھوری مٹی کی طرح ہوتی ہے۔

3084۔ قبض کے باوجود نرم اجابت (خاص علامت)

1۔ پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

2۔ نکس وامیکا Nux Vomica 30

3۔سلیشیا Silicea 30

قبض کے باوجود نرم اجابت پلسٹیلا کا خاصہ ہے مکمل کرنہیں ہوتی۔بار بار حاجت ہونے کے باوجود فراغت کا احساس نہیں ہوتا۔نکس وامیکا میں بھی یہی علامت ہے لیکن اس میں اجابت نرم ہونے کی بجائے سخت گٹھلیوں کی صورت میں ہوتی ہے۔قبض جب آخری حد تک پہنچ جائے اور پلسٹیلا سے فائدہ نہ ہو تو سلیشیا سے بسا اوقات فائدہ ہو جاتا ہے جس کی ناکامی کی صورت میں وریٹرم البم مفید ہوسکتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 694-695)

3085۔قبض میں مفید دوائیں:

1۔نیٹرم میور Nat. Mur 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

نیٹرم میور کی قبض برائیونیا سے بھی سخت ہوتی ہے۔

3086۔بچوں کی شدید قبض۔اجابت کے وقت بچہ بہت زور لگاتا ہو۔بہت مفید دوائیں:

1۔سلیشیا Silicea 6x

2۔وریٹرم البم Veratrum 30

3087۔اجابت کے بعد پیٹ میں مروڑ اُٹھتے ہوں۔اجابت کے دوران درد شروع ہو جاتا ہے جو بعد میں بھی جاری رہتا ہو۔

1۔کالی سلف Kali Sulph 6x

2۔مرک کار Merc. Cor 30

3088۔ شدید قبض اور ضدی جریان خون کے لئے

مفید دوا :الیومن Alumen 30

الیومن انتڑیوں کی بیماریوں میں بہت مفید دوا ہے۔

3089۔شدید قبض: مریض کو شدید قبض ہو جاتی ہو۔انتڑیاں بالکل خشک ہو جاتی ہوں

اور اجابت محسوس ہی نہیں ہوتی ہو۔

ممکنہ دوا: اوپیم Opium 200-30

اوپیم کی علامات رکھنے والے مریضوں کو بعض دفعہ پیچش ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں قبض نہیں رہتی۔ مروڑ اُٹھتے ہیں اور اجابت نرم ہوتی ہے۔ اس کا مریض اکثر سویا رہتا ہے یا اس پر غنودگی کا غلبہ رہتا ہے۔

3090۔ شدید قبض کے لئے ایک مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 200-30

لیک ڈیف کے مریض کی قبض بہت شدید ہوتی ہے۔ قبض کے نکتہ نگاہ سے یہ سلیشیا سے بھی زیادہ سخت علامتوں کی حامل ہے۔ بعض دفعہ زور لگانے سے رگیں پھٹ جاتی ہیں لیکن اجابت نہیں ہوتی۔ ایسے مریضوں کو بواسیر یا ہرنیا کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔

قبض کی بعض اہم علامات اور مفید علاج

3091۔ قبض: انتڑیوں اور پیٹ کے عضلات کی کمزوری کی وجہ سے قبض ہو جاتی ہو اور فضلہ بہت مشکل سے خارج ہوتا ہو۔

مفید دوا: کاکولس Cocculus 30

3092۔ مریض کو یا تو قبض ہو یا اسہال شروع ہو جاتے ہوں۔ سیاہ پتلی اور متعفن اجابت۔ جس میں خون کی آمیزش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

3093۔ سخت اجابت کے ساتھ کمر اور مقعد میں تشنجی درد پائے جاتے ہوں اور مقعد کا کچھ حصہ باہر نکل آنے کا رجحان بھی ملتا ہو۔

مفید دوا: فیرم میٹ Ferrum Met. 30

3094۔ قبض کی وجہ سے پیشانی میں درد ہوتا ہو۔ مریض قبض کا شکار رہتا ہو۔ پیٹ کے نچلے حصہ میں درد ہوتا ہو جو رفع حاجت کے بعد زیادہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 200

3095۔ قبض ہو تو جگر بھی متاثر ہوتا ہو۔ اجابت مٹیالے رنگ کی ہوتی ہو یا بالکل ہلکی اور پھیکی رنگت کی ہوتی ہو۔ ان علامات میں

ناقابل فراموش دوا: کالی میور Kali Mur 6x

3096۔ شدید اور مسلسل قبض رہتی ہو جس کی وجہ سے مریض سخت بے چینی محسوس کرتا ہو۔ تکیہ کے ساتھ سر رگڑتا ہو۔ بعض دفعہ انیما اور اسہال کی دواؤں سے بھی افاقہ نہ ہوتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 200-30

☆☆☆☆☆

جلدی تکالیف

SKIN DISEASES

3097۔ جلد پر چھوٹے چھوٹے دانے اُبھر آتے ہوں۔ جیسے رونگٹے کھڑے ہوں یا جیسے مرغابی کے پَر نوچنے پر اسکی جلد پر دانے نمایاں ہوتے ہیں جنہیں Goose-Flesh کہتے ہیں۔ مفید دوائیں:

1۔ کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2۔ کیپسیکم Capsicum 30

3098۔ جلد اور جسم پر سُرخ دانے نکلنے کا رجحان پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3099۔ جلد پر نکلنے والے دانوں اور غدودوں کی تکلیف میں سوزش نمایاں ہو تو

مفید دوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

3100۔ تمام بدن پر بڑے بڑے گول دانے نکل آتے ہوں۔

1۔ تھوجا Thuja
برائیٹا کارب Baryta Carb
200 ملا کر

2۔ فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

3102۔ جلد پر سُرخ دانے بن جاتے ہوں جن میں شدید جلن ہوتی ہو۔ یہ دانے زیادہ تر سر، ہاتھوں اور چہرے پر ہوتے ہوں۔

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 30

3103۔ جلد پر سُرخ دھبے اور پیپ والے زخم ظاہر ہوتے ہوں۔ سوزش بھی ہوتی ہو جو ایپس (Apis) سے مشابہ ہو۔

مفید دوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

3104۔ جلد پر خسرہ کی طرح کے دانے نکلتے ہوں۔ جلد کچی کچی ہو جاتی ہو اور تھوڑی سی خراش سے بھی خون رسنے لگتا ہو۔

مفید دوا : آرم رائی فلم Arum Triphyllum 30

3105۔ ہر قسم کی جلدی امراض۔ ایگزیمے، خارش، چھالے اور دانے وغیرہ میں

مفید دوا : کلیمیٹس Clematis 30

کلیمٹس کے چھالوں میں عموماً زردی مائل پیپ پیدا ہونے کا رجحان پایا جاتا ہے۔
داد سے مشابہ بیماریاں اور ایگزیما کی مختلف قسمیں بھی اس دوا کے دائرہ کار میں شامل ہیں۔

3106۔ جلد پر خون کے کچے کچے چھالے اُبھرتے ہوں۔

چوٹی کی دوا: لیکیسس Lachesis 200-30

3107۔ جلد پر خارش پیدا کرنے والے چھالے، جلن اور درد۔

مفید دوا: کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

3108۔ چھوٹے چھوٹے چھالے گچھوں کی صورت میں ظاہر ہوتے ہوں اور بہت جلد پھیلتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔ ڈلکامارا Dulcamara 30

2۔ آرسینک Arsenic 30

دونوں کے مریض بالکل الگ مزاج رکھتے ہیں۔ آرسینک میں گینگرین پیدا کرنے کا رجحان ہے۔ جبکہ ڈلکامارا میں زخم گینگرین میں تبدیل نہیں ہوتا۔ ڈلکامارا وہاں زخم پیدا کرتی ہے جہاں جلد کی تہہ ہڈی پر بہت پتلی ہو۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 364)

3109۔ جلدی امراض: اندرونی جھلیوں اور بیرونی جلد پر ناسور پیدا ہونے کا علاج:

ڈلکامارا Dulcamara 30

3110۔ جلد پر خارش ہوتی ہو اور جسم پر دانے بن جاتے ہوں۔ جلد پر چھلکے اور کھرنڈ بننے لگتے ہوں (جو اکثر اگزیموں میں ملتے ہیں) اگر یہ کھرنڈ کان کے پیچھے اور گلے کے اردگرد ہوں اور ان سے گوند کی طرح کا مواد رسنے لگے تو

مفید دوائیں: 1۔ گریفائیٹس Graphites 200-30

اگر اس قسم کے کھرنڈ کسی اور دوا سے ٹھیک نہ ہوں تو

2۔ کارآمد دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3111۔ جسم پر پتلے پتلے چھلکے نکل آتے ہوں جو بہت بھیانک ہوتے ہوں۔ بہت

مفید دوائیں:

1۔ آرسینکم Arsenic 30

2۔ سورائینم Psorinum 200

3112۔ دھدڑی Dermatitis کیلئے مفید نسخہ

1۔ بیسلینم Bacillinum

2۔ ٹیوکریم Teucrium

200 ملا کر

نیٹرم میور Nat. Mur

پکرک ایسڈ Picric Acid

30 ملا کر

3113۔ جلد پر جامنی سے رنگ کے داغ دھبے نمودار ہونے لگیں۔ دھبے سُرخ رنگ کے بھی ہوں تو ان میں نیلاہٹ پائی جاتی ہو۔ (خاص علامت)

مفید دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

"جسم کے کسی بھی عضو میں اگر دوران خون کمزور پڑ جائے۔ مثلاً ٹانگوں اور پنڈلیوں میں یا ہاتھوں اور کلائیوں میں جہاں جہاں جلد پتلی اور ہڈی کے قریب ہوگی وہاں اس قسم کے نشانات اور دھبے ظاہر ہونے لگیں گے۔ یہ سیکیل کی خاص علامت ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 736)

3114۔ بدن پر جامنی یا سیاہی مائل داغ پڑ جائیں اور چہرے پر نمایاں دکھائی دیتے ہوں۔

(نمایاں علامت) لیکیسس Lachesis 30

.....مریض جن پر دل کا حملہ ہوا ہو ان کے چہرے پر بھی ایسے ہی نشان پڑتے ہیں ایسے مریض جن کے جسم پر یہ نشان پڑنے کا رجحان ہو ان کو وقتاً فوقتاً لیکیسس دیتے رہنا چاہیئے۔

3115۔ جلد پر نیلگوں کالے داغ پڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا: 1۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

خاص علامت: 2۔لیکیسس Lachesis 200-30

نیلاہٹ کا پایا جانا لیکیل کی خاص علامت ہے۔ جسم کے کسی حصہ میں اگر دورانِ خون کمزور پڑ جائے۔ مثلاً ٹانگوں اور پنڈلیوں میں یا ہاتھوں یا کلائیوں میں جہاں جہاں جلد پتلی اور ہڈی کے قریب ہوگی وہاں اس قسم کے نشان اور دھبے ظاہر ہونے لگیں گے۔ یہ لیکیس کی خاص علامت ہے۔

3116۔ جسم پر سُرخ یا زرد رنگ کے داغ نمایاں ہوتے ہوں۔ جلد زردی مائل ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3117.Pigmentation کی خرابی کی وجہ سے پیٹ، چھاتی اور گردن کے حصّوں پر زرد رنگ کے نشان بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

یہ دراصل کلاہ گردہ کی کمزوری ہوتی ہے اور گردوں پر اس دوا کا غیر معمولی اثر ہوتا ہے۔

3118۔ جسم پر سفید یا ہلکے بھورے رنگ کے (Liver Spot) گول گول دھبے پڑ جاتے ہوں جن کا جگر کی خرابی سے تعلق ہوتا ہو۔

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

ہومیوپیتھی کی اصطلاح میں انہیں Liver Spot کہا جاتا ہے۔

3119۔ جسم پر بھورے یا پیلے رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہوں تو مفید دوائیں:

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔سیپیا Sepia 30

3120۔ جلد پر سفیدی مائل دھبے پڑ جاتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔مرک سال Merc. Sol 30

2۔کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

3121۔سفید چٹاخوں کے لئے

مفید دوا : آسینک سلف فلیوم 30 Arsenic Sulph Flav

3122۔ ہر قسم کی خارش، برص اور جلد پر آتشک کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے دانوں

کیلئے بہت مؤثر دوا: آسینک سلف فلیوم 30 Arsenic Sulph Flav

آرسینک سلف فلیوم عموماً برص میں کام آنے والی دوا ہے۔

3123۔جلد پر جگہ جگہ گلابی نشان پڑ جائیں اور چھپا کی کا رجحان ملتا ہو۔

مفید دوا : کالچیکم Calchicum 30-200

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 320)

☆☆☆☆☆

جلد کی زود حسی

3124۔جلد کی شدید زود حسی۔ مفید دوائیں:

1۔لیک کینائینم Lac Can. 30

2۔لیکیسس Lachesis 30

عموماً عورتوں میں یہ زود حسی نمایاں ہوتی ہے اور وہ پانچوں اُنگلیاں پھیلا کر رکھتی ہیں اگر اتفاقاً ایک انگلی دوسرے سے لگ جائے تو چلا اُٹھتی ہیں۔کپڑے کا ہلکا سا لمس بھی برداشت نہیں کر سکتیں۔لیکیسس میں بھی یہ زود حسی پائی جاتی ہے اور بعض دفعہ دونوں ایک دوسرے کی متبادل بن جاتی ہیں لیکیسس اور لیک کینائینم میں ایک اور مشترک بات یہ ہے کہ دونوں کے مریضوں کے احساسات بہت تیز ہو جاتے ہیں اور وہ خیالی چیزوں سے بھی خوف کھانے لگتے ہیں۔اس قسم کی علامات ملنے کے باوجود دونوں میں فرق بھی نمایاں ہیں۔لیک کینائینم کا مریض اکیلا نہیں رہ سکتا جبکہ لیکیسس کا مریض تنہائی چاہتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 526)

3125۔جلدی نا قابل بیان زود حسی: عجیب قسم کی سنسناہٹ اور درد کی سی کیفیت ہوتی ہو۔

1۔مفید دوا : کافیا Coffea 30

2۔اس زود حسی سے قریب ترین دوا:

۱ زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

3126۔جلد کی زود حسی: مریضوں میں چھونے سے زود حسی اتنی بڑھ جاتی ہو کہ نا قابل برداشت ہو جاتی ہو۔حتیٰ کہ مریض اپنے آپ کو چادر سے ڈھانپنا بھی پسند نہیں کرتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

میوریٹک ایسڈ میں باوجود اس کے کہ جلد حساس ہوتی ہے، اندرونی طور پر فالج کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔اس قسم کے تضادات دوا کو پہچاننے میں مدد دیتے ہیں۔جسم بے جان محسوس ہوتا ہے جلد کے او ہر ہلکے سے چھونے سے بھی جھرجھری آجاتی ہے۔ایگریکس، سٹفی سیگریا اور اوگزیلک ایسڈ میں بھی احساس کی تیزی پائی جاتی ہے۔اس کے علاوہ پکرک ایسڈ بھی بہت حساس دوا ہے۔اگر ان دواؤں میں دباؤ مضبوط ہو تو قابل برداشت ہوتا ہے لیکن ہلکا ہاتھ برداشت کرنا مریض کے لئے مشکل ہوتا ہے۔اور وہ ہاتھ جھٹک دیتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 609)

3127۔کسی خاص حصہ پر تکلیف اور وہاں لمس کے احساس سے شدید بے چینی اور درد کا بڑھ جانا۔

1۔(خاص علامت) لیکیسس Lachesis 30

2۔مفید دوا (علامت) کالی کارب Kali Carb 30

3۔(نمایاں علامت) لیک کینائینم Lac. Cann. 30

کالی کارب میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے۔مضبوط دباؤ آرام دیتا ہے۔لیکن ہلکی لمس زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔

لمس سے تکلیف کا نمایاں احساس لیک کینائینم میں بھی بہت شدت سے پایا جاتا ہے۔اگر انگلیوں میں معمولی سی بھی تکلیف ہو تو مریض انگلیاں کھول کر رکھتا ہے۔ کیونکہ ذرا سی انگلیاں بند ہوں تو تکلیف سے چیخیں نکل جاتی ہیں۔اگر بغل کے نیچے زود حسی ہو تو مریض ہر وقت بغل کھلی رکھے گا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 549)

3128۔جلد میں حساسیت اور جسم میں کیڑا رینگنے کا احساس بہت بڑھ جانے سے سارے جسم پر ہر وقت خارش ہونے لگے۔

مفید دوا: کیلیڈیم Caladium 30

بعض دفعہ عورتوں میں یہ خارش اندرونی اعضاء میں شدید عذاب کی صورت اختیار کر کے اعضاء شکنی کا باعث بنتی ہے۔ایگزیمایا دانوں کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی۔

3129۔جلد میں اور ماؤف حصہ میں ورم اور چیونٹیاں رینگنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3130۔جسم میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس، تشنج اور عضلات میں کپکپاہٹ پائی جاتی ہو۔

مفید دوا: آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph flav. 30

3131۔جسم میں گرمی، جلن اور کچھ رینگنے کا احساس پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

3132۔جسم کے مختلف حصوں میں کوئی چیز چبھنے کا احساس جہاں ذرا سا بھی ہاتھ لگ جائے تو بہت درد ہوتا ہو۔مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

3133۔جلد بالکل خشک ہو جاتی ہو اور خشکی کی وجہ سے جلد میں دراڑیں پڑنے لگتی ہوں۔ خصوصاً پاؤں کے نیچے جلد پھٹنے کا رجحان ملتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

متفرق جلدی امراض

3134۔جلدی امراض: ہرقسم کے ایگزیما، آبلوں اور چھالوں کیلئے

موثر دوا: میلنڈرینم Malandrinum 30

اس کے آبلے اور چھالے آہستہ آہستہ نکلتے ہیں۔ایک کے بعد دوسرا اور پھر ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور چھالوں کی فصلیں اُگنے لگتی ہیں۔

3135۔ ہرقسم کی جلدی امراض: مثلاً چھالے، خشک خارش، تر خارش، جلد پر خشکی سے ایسے چھلکے بن بن کر اُترنا جیسے مچھلی کی جلد پر ہوتے ہیں۔خارش سے خون بہنے کا رجحان، مختلف قسم کے پھوڑے پھنسیاں....جن میں جلن کی علامت نمایاں ہوں۔

فائدہ منددوا: سلفر Sulphur 30

3136۔ ہرقسم کی جلدی امراض میں بشرط مزاجی علامتیں۔

کارآمددوا: پائیروجینم Pyrogenium 200

پائیروجینم کا مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہے۔اسے شدید ٹھنڈا پانی پینے کی پیاس لگتی ہے۔ آرسینک کی طرح بے چینی ہوتی ہے اور اخراجات بہت بدبُودار ہوتے ہیں۔

3137۔انتہائی سنگین نوعیت کی جلدی امراض جو سخت دواؤں کے استعمال سے دب کر انتڑیوں اور اندرونی جھلّیوں پر اثر انداز ہوں۔ان میں اوّلین اہمیت کی حامل دوائیں:

1۔سلفر Sulphur 200-30

2۔سورائینم Psorinum 200-30

ان ادویات کی علامتیں بہت حد تک مشترک ہیں۔مگر سردی اور گرمی کا فرق بہت نمایاں ہے۔سلفر کا مزاج سخت گرم ہوتا ہے جبکہ سورائینم کا مزاج سخت ٹھنڈا ہوتا ہے۔مریض سخت ٹھنڈ محسوس کرتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 681)

3138۔ جلد پر چھوٹے چھوٹے دانے اُبھر آتے ہوں جیسے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہوں۔

1۔ کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2۔ کیپسیکم Capsicum 30

3139۔ جلد خشک اور جگہ جگہ سے پھٹ جائے اور آبلے بن جائیں۔

مفید دوا : انتھراکوکلی Anthrakokali 30

3140۔ جلد پر خشک جلن والے دانے بن جاتے ہوں اور زرد سنہری کھرنڈ اُبھر تے آتے ہوں۔ کارآمد دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

☆☆☆☆☆☆

Pruritus : خارش

3141۔ خشک خارش کیلئے مفید نسخہ

1۔ سلفر Sulphur
مرک سال Merc. Sol
200 ملا کر

2۔ آرسینک Arsenic
ریڈیم برومائیڈ Radium Brom
کالی میور Kali Mur
30

3142۔ خارش کیلئے ایک اور مفید نسخہ

1۔ سلفر Sulphur 200

2۔ رسٹاکس Rhustox 200

باری باری ہفتہ میں ایک بار۔

3143۔خارش کے لئے ایک اور نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200

پہلے چند دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں دو بار۔ پھر دس پندرہ دن میں اگر فرق نہ پڑے تو

2۔سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
200 ملا کر

3144۔خارش کے لئے مفید دوا :ڈیجی ٹیلس Digitalis 30

کمر پر سُرخ دانے نکلتے ہوں۔

ڈاکٹر کاشی رام لکھتے ہیں کہ جلد، پیٹھ پر گہرے سُرخ دانے، خسرے کی طرح ہونٹوں پر، کانوں پر اور زبان پر اور نیلا پن، استسقاء خارش اور یرقان۔

ڈاکٹر بورک لکھتے ہیں جلد۔لال چکتے ایسے چکتے پیٹھ پر بکثرت پڑتے ہیں۔خسرہ کے دانوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔پپوٹوں، کانوں، ہونٹوں اور زبان کی وریدیں نیلی پڑ جاتی ہیں اور پھیل جاتی ہیں۔استسقاء کی کیفیت، خارش ہو۔جلد یرقان کی سی۔"

3145۔خارش گول گول ٹکڑوں کی شکل میں نمودار ہوتی ہو تو

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

3146۔عمومی خارش جو بغیر کسی جلدی اُبھار یا دانوں یا زخم کے ہوں اس میں

مفید دوا : ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200-30

3147۔خارش میں جلد پر کوئی اُبھار نہ بنے۔بالکل صاف شفاف جلد پر پہلے خارش ہوتی ہو۔پھر خارش سے جلد میں سوزش پیدا ہو جائے تو سختی سے کھجلی کرنے سے دانے یا آبلے بن جاتے ہوں۔ چھیلنے سے خون بھی نکلنے لگتا ہو۔متاثرہ حصہ بالکل ماؤف ہو جاتا ہو اور انفیکشن کی وجہ سے کئی اور پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہوں۔(علامت)

کارآمد دوا: الیومینا Alumina 30

خارش کی عام دواؤں میں عموماً جلد پر اُبھار پیدا ہوتے ہیں اور خارش بعد میں شروع ہوتی ہے۔ الیومینا اس کے برعکس ہے۔

3148۔ خشک اور ضدی خارش میں بہت مفید دوا :

ڈولی کوس Dolichos 30

3149۔ خارش: جلد ہر قسم کی بیماریوں کا شکار رہتی ہو۔ کھُجلا کھُجلا کر جگہ جگہ سے موٹی کھال کی طرح ہو جاتی ہو۔ زخم بھی بنتے ہوں اور ناسور بھی۔ سلفر کی طرح بستر کی گرمی سے خارش بہت بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

3150۔ جلد کی بیمایوں اور خارش وغیرہ میں مفید دوا :

انتھراکوکلی Anthrakokli 30

3151۔ خارش: جلد کے اوپر خارش کی علامتیں نہیں ملتی ہوں بلکہ جلد کے اندر دب جاتی ہوں۔ اس لئے جلد میں بے چینی سی اور کچھ رینگنے اور چیونٹیاں چلنے کا احساس ہوتا ہو۔ اس سے مریض کے دل میں سخت گھبراہٹ ہوتی ہو اور وہ بار بار دل پر ہاتھ مارتا رہتا ہو۔ زیادہ خارش کرنے کے نتیجہ میں یہ دبا ہوا مرض جلد پر اُبھر آتا ہو اور چھالے بن جاتے ہوں۔ جنہیں چھیلنے سے خون بہنے لگتا ہو۔

کارآمد دوا: سسٹس Cistus 30

ایسے مریض کو سسٹس دینے سے آرام آجاتا ہے لیکن کچھ وقفہ سے دوبارہ دیتے رہنا چاہیئے کیونکہ اس کی خارش لمبے علاج کا تقاضا کرتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 304)

3152۔ جلد پر خشک دانے نکلتے ہوں اور بہنے والے زخم بن جاتے ہوں۔ جلد میں خارش اور سوئیاں چبھتی ہوں۔ خارش کے دانوں سے رطوبت بہتی ہو۔ مختلف ٹکڑوں میں گھرنڈ

بن کر اُترتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

3153۔خارش اور ایگزیما کے اخراجات میں بُو کی علامت نمایاں ہوتی ہو اور خون بہنے لگتا ہو، زخموں کے کنارے اُبھرے ہوئے ہوتے ہوں اور ان پر سفید جھلی آجاتی ہو۔ مریض کی جلد کا رنگ مٹیالا ہو جاتا ہو۔ رات کو جلد کی تکلیفیں زیادہ ہو جاتی ہوں۔ بستر کی گرمی بیماریوں کو بڑھا دیتی ہو۔

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

3154۔ناقابل برداشت خارش کی وجہ سے نیند نہیں آتی ہو۔ کھلی ہوا میں خارش کو آرام آتا ہو۔

مفید دوا : سورائینم Psorinum 200-30

3155۔خارش کو کھجلانے سے سکون ملتا ہو۔

مفید دوا : سائیکلیمین Cycalmen 30

3156۔تمام جسم پر خارش اور جلن ہوتی ہو تو

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

ڈاکٹر کینٹ ٹیرینٹولا کی علامات کے بارے میں لکھتا ہے: سارے بدن پر خارش، ڈنک لگتا ہے جیسے کچھ رینگ رہا ہو۔ خصوصاً اعضاء پر خارش اور جلن، اس نے ہاتھ پاؤں اور جسم کے دوسرے حصوں کے خشک ایگزیما کو دُور کیا جبکہ آرسینکم اور سلفر ناکام رہے۔ یہ جسم میں نہایت گہرائی تک اور بہت دیر تک کام کرنے والی دوا ہے۔ جلدی امراض میں نہایت مؤثر اور مفید ہے۔

3157۔جسم کے مختلف حصوں میں خارش ہوتی ہو۔ خصوصاً ٹانگوں میں چھوٹے چھوٹے دانے بن جاتے ہوں۔ ٹھنڈی ہوا لگنے سے اور کپڑے بدلتے ہوئے خارش بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : ریومیکس Rumex 30

3158۔ جسم پر خارش کے دانے۔ پانی لگنے سے تکلیف

1۔ رسٹاکس Rhustox 1000

2۔ ٹیوکریم Teucrium

نیٹرم میور Nat. Mur 30 ملا کر

3159۔ بچوں میں خارش سے بے چینی بہت بڑھ جائے۔

بہت مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb. 1000

3160۔ الرجی، جلد خشک اور خارش

مفید دوا : لیک ڈیف Lac. Def CM صرف ایک خوراک

3161۔ ہتھیلیوں کی خارش: بہت شہرت یافتہ دوا:

اینا گیلس Anagallis 30

3162۔ ہاتھ کی پشت پر خارش اور ایگزیما: مفید دوائیں:

1۔ اینا گیلس Anagallis 30

2۔ رسٹاکس Rhustox 30

اینا گیلس ہتھیلیوں کی دوا ہے۔ جلن کے اعتبار سے اینا گیلس میں جلن کم اور رسٹاکس میں بہت زیادہ ہوتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 339)

3163۔ ہاتھوں کی جلد سخت، خشک اور موٹی ہو جاتی ہو۔ سخت خارش ہوتی ہو اور مریض بے چینی کی وجہ سے سو نہیں سکتا ہو۔

مفید دوا : سسٹس Cistus 30

3164۔ کان بہتے ہوں اور خارش ہو تو

ناقابل فراموش دوا: کروٹن Croton. 30

3165۔کان میں شدید خارش: کافی پیتے ہوئے شدید خارش ہوتی ہو۔

ناقابل فراموش دوا: کروٹن Croton 30

3166۔کان میں شدید خارش: اگر خارش صرف ایک کان تک محدود ہو اور مریض اسے کھُجلا کھُجلا کر زخمی کر دے اور کان موٹا ہونے لگے (خاص علامت)

مفید دوا: ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

دونوں کانوں کا موٹا ہونا کوڑھ کی ابتدائی علامت ہوتی ہے۔ یہ مرض آہستہ آہستہ بڑھنے والا ہے اس علامت کے ظاہر ہوتے ہی ہائیڈروکوٹائل (Hydrocotyle) دینی چاہیئے۔ یہ کوڑھ کی روک تھام کے لئے بہترین دوا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 74)

3167۔کان کی کھُجلی میں اگر خارش کرنے سے آرام نہ آئے۔ چھیل چھیل کر زخم بن جائیں اور ان میں پیپ بننے لگے۔

کارآمد دوا: سسٹس Cistus 30

3168۔رُخساروں پر خارش اور چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔

مفید دوا: ایگنس کاسٹس Agnus Castus 30

3169۔زنانہ اعضاء کی غیر معمولی خارش۔ مفید دوا: کافیا Coffea 30

3170۔عورتوں کے اندرونی اعضاء میں خارش شدید عذاب کی صورت اختیار کر کے اعضاء شکنی کا باعث بنتی ہو۔

کارآمد دوا: کیلیڈیم Caladium 30

3171۔مقعد میں بہت زیادہ کھُجلی ہوتی ہو اور سارے جسم پر پھنسیاں نکل آتی ہوں۔

مفید دوا: بووسٹا Bovista 30

PSORIASIS : چنبل

3172۔چنبل (Psoriasis) کے علاج میں

1۔کارآمد دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

2۔ مفید دوا : ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 30

آرسینک آئیوڈائیڈ چنبل (Psoriasis) کے علاج میں بھی کام آتی ہے۔

ہائیڈروکوٹائل: یہ بہت طاقتور دوا ہے جو کوڑھ میں بھی مفید ہے اگر سورائسس ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں پر نمایاں ہو تو اس میں بھی ہائیڈروکوٹائل کو استعمال کرنا چاہیئے۔تلوؤں اور ہتھیلیوں میں سورائسس کے بغیر بھی خارش ہو تو یہ دوا مفید ہے۔

3173۔جلدی بیماری سورائسز کے لئے مفید نسخہ:

1۔مفید نسخہ: سورائنیم Psorinum 1000

سلفر Sulphur 1000

باری باری پہلے ہفتہ نمبر 1 دوسرے ہفتہ نمبر 2

2۔مفید دوا : ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200

یہ بہت طاقتور دوا ہے جو کوڑھ میں بھی مفید ہے۔

3174۔چنبل: اگر جسم عموماً ٹھنڈا رہتا ہو تو مفید نسخہ

1۔سورائنیم Psorinum 1000

بیسیلینم Bacillinum 1000 ہفتہ وار ایک خوراک

2۔نیٹرم سلف Nat. Sulph

سلیشیا Silicea — 6x

کالی میور Kali Mur

3175۔چنبل:اگر جسم گرم رہتا ہو تو مفید نسخہ

1۔سلفر	Sulphur	1000	
بیسلینم	Bacillinum	1000	ہفتہ وار ایک خوراک
2۔نیٹرم سلف	Nat. Sulph		
آرسینک	Arsenic	30	روزانہ تین بار
کالی میور	Kali Mur		

نوٹ: گرم مصالحوں سے اور بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔

3176۔چنبل:اگر جلد موٹی ہو جائے مچھلی کی جلد کی طرح کے چھلکے اترنے لگیں تو یہ سورائسس کی علامت ہے۔

مفید دوا : ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200

اسے کوڑھ نہیں سمجھنا چاہیئے بلکہ سورائسس کا علاج ہونا چاہیئے جو بہت لمبی توجہ اور گہری دواؤں کے استعمال کا محتاج ہے۔

3177۔جسم پر مچھلی کی طرح چانے بننے لگیں۔اس میں مفید دوائیں:

1۔سورائینم	Psorinum	1000
2۔آرسینک	Arsenic	1000

سورائینم اور آرسینک میں بنیادی فرق یہ ہے کہ سورائینم کے مریض کے اخراجات میں شدید بدبُو پائی جاتی ہے اور یہ بدبُو بہت نمایاں ہوتی ہے۔

3178۔سورائسس ہاتھوں اور پاؤں کے تلووں پر نمایاں ہو۔

مفید دوا : ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 30

3179۔دبے ہوئے چنبل (سورائسس) کی ایک اہم دوا:

مینگنیم Manganum 30

مینگنیم دینے سے چنبل پہلے بہت زور سے ابھرے گا اور لمبا عرصہ وقفے وقفے سے استعمال کے نتیجہ میں کم ہونا شروع ہو جائے گا۔لہٰذا مینگنیم دینے کے بعد چنبل ظاہر ہو تو گھبرانا نہیں چاہیئے۔مینگنیم میں سورائسس کی علامات فاسفورس اور ڈلکامارا سے بھی ملتی ہیں۔

3180۔چنبل چھوٹے چھوٹے دائروں کی شکل میں ظاہر ہو اور دانے دبے ہوئے اور بھورے رنگ کے ہوں مؤثر دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

3181۔سورائسس کے پرانے مریضوں کے لئے مفید دوائیں:

1۔سورائینم	Psorinum	1000
2۔سلفر	Sulphur	1000
3۔سلیشیا	Silicea	1000
4۔گریفائیٹس	Graphites	1000

سورائسس کے پرانے مریضوں کو مندرجہ بالا ادویات باری باری دینی چاہئیں۔ کیونکہ یہ بہت گہری مرض ہے اور صرف ایک دوا سے قابو میں نہیں آتی۔

RING WORM : دھدّری

رنگ ورم (Ring Worm) یعنی دھدری یا داد میں چھوٹے چھوٹے دانوں کا ایک چکر سا بن جاتا ہے۔جو اگر بالوں میں ہو جائے تو بالوں کو جڑ سے اُکھیڑ دیتا ہے۔اسی کو ایلوپیشیا (Alopecia) کی بیماری کہتے ہیں جو بالوں کو گچھوں کی شکل میں گول گول دائروں کی صورت میں اتارتی رہتی ہے۔

3182۔رنگ ورم کی بیماری میں مفید دوائیں:

1۔ ٹیوبرکولینم	Tuberculinum	200
2۔ بیسیلینم	Bacillinum	200

3۔ پکرک ایسڈ Picric Acid 30

ڈاکٹر برنٹ کا خیال ہے کہ اس کی بنیادی وجہ سلی مادہ ہی ہے اور اگر کسی کو یہ بیماری ہو تو اس کو لازماً بیسلینم یا ٹیوبرکولینم دینی چاہیئے۔ پکرک ایسڈ بھی ایلوپیشیا اور داد کی بہت قوی دوا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 799)

3183۔ جسم پر خارش اور دھدّر کے نشان

1۔ بیسلینم Bacillinum 200

چند دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں دو بار۔

2۔ ٹیوبرکولینم Tuberculinum
نیٹرم میور Nat. Mur
30 ملا کر

3184۔ دھدّری کیلئے ایک اور نسخہ:

1۔ بیسلینم Bacillinum 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار

2۔ ٹیوکریم Teucreum
نیٹرم میور Nat. Mur
30 ملا کر

3185۔ دھدّریاں: ایک اور نسخہ

A۔ بیسلینم Bacillinum
نیٹرم میور Nat. Mur
200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک یا دو بار۔

B۔ آرسینک Arsenic
ٹیوکریم Teucrium
پکرک ایسڈ Picric Acid
30 روزانہ تین چار بار

خوراک: دس پندرہ گولیاں یا دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں۔

URTICARIA : چھپاکی

3186۔ چھپاکی: اگر مریض کو گرمی سے چھپاکی نکل آئے اور پیاس زیادہ نہ ہو تو

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	30
پلسٹیلا	Pulsatilla	
ایپس	Apis	

روزانہ تین بار دس پندرہ گولیاں فی خوراک۔ قطروں کی شکل میں دو دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔

2۔ نیٹرم سلف	Nat. Sulph	200 ملا کر
لائیکوپوڈیم	Lycopodium	

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار دو بار۔

3187۔ چھپاکی: (اگر افاقہ نہ ہوا) پیاس کم ہونے کی بجائے زیادہ ہو تو

A۔ سلفر	Sulphur	200 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	

پہلے دو دن دو بار۔ دوسرے دن دو بار۔ تیسرے دن ایک بار۔ گولیوں کی شکل میں دس پندرہ گولیاں۔ قطروں کی شکل میں دو قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر۔ پھر ہفتہ میں دو بار۔

B۔ فاسفورس	Phosphorus	30 روزانہ تین بار
آرسینک	Arsenic	
کالی میور	Kali Mur	

3188۔ جسم میں سوئیاں چبھنا اور چھپاکی نکلنا، شور زیادہ ہو اور اعصاب پر دباؤ ہو تو چھپاکی نکل آتی ہو۔ میڈورائینم Medorrhinum 200-30

3189۔ چھپاکی کے ساتھ ناک اور ہونٹوں کے گرد کھجلی ہوتی ہو تو

بہت اچھی دوا: آرم ٹرائی فلم Arum Triphyllum 30

3190۔ صبح اُٹھنے پر چھپاکی ہو جاتی ہو۔ جس میں نہانا بہت مضر ہوتا ہے۔

مفید دوا: بووسٹا Bovista 30

3191۔ پرانی چھپاکی: مفید دوائیں:

1۔ رسٹاکس Rhustox 30

اگر رسٹاکس فائدہ نہ دے تو

2۔ مکمل شفا بخش دوا: بووسٹا Bovista 30

3192۔ چھپاکی (Urticaria) مختلف بخاروں سے تعلق رکھتی ہو۔ ملیریا میں مریضوں کو اکثر چھپاکی نکلنے کا رجحان ہو۔

رسٹاکس Rhustox 30

3193۔ معدہ کی خرابی کے نتیجہ میں چھپاکی نکل آئے تو مفید نسخہ:

پلسٹیلا Pulsatilla
نکس وامیکا Nux Vomica
30 ملا کر

3194۔ چھپاکی کا رجحان پایا جائے۔ جگہ جگہ پر گلابی نشان پڑ جائیں۔

مفید دوا: کالچیکم Colchicum 30

3195۔ مقعد میں اگیزیما کی علامات کے بغیر کھجلی ہو اور سارے جسم پر پھنسیاں نکل آئیں اور صبح اُٹھنے پر چھپاکی ہو جائے۔

مفید دوا: بووسٹا Bovista 30

اس میں نہانا بہت خطرناک ہوتا ہے۔

3196۔ بچے کو سخت گرمی محسوس ہو اور اسے گرم پانی سے نہلا دیا جائے اور چھپاکی نکل آئے تو مفید دوائیں:

1۔ بیلاڈونا	Belladonna	30
2۔ ایپس	Apis	30

3197۔ چھپاکی کے لئے ایک مفید نسخہ:

پلسٹیلا	Pulsatilla	30 ملاکر
بیلاڈونا	Belladonna	

3198۔ چھپاکی کی بہت اچھی دوا:

آرم ٹرائی فیلم Arum Triphyllum 30

اس کی ایک علامت یہ ہے کہ ناک اور ہونٹوں کے ارد گرد کھجلی ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆

برص۔ پھلبہری : LEUKODERMA

3199۔ برص کیلئے ایک مفید نسخہ:

1۔ سورائینم	Psorinum	1000 ملاکر
سلفر	Sulphur	
2۔ آرسینک سلف فلیوم	Arsenic Sulph Flav	30

آرسینک سلف فلیوم عموماً برص میں کام آنے والی دوا ہے۔ یہ ہر قسم کی خارش، برص اور جلد پر آتشک کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے داغوں کے لئے بھی بہت مؤثر ہے۔

آرسینک سلف فلیوم کی اصل شہرت جلدی امراض میں ہے۔ برص کے سفید داغوں میں بہت کثرت سے استعمال ہوتی ہے۔

3200۔ برص کیلئے ایک اور عمدہ نسخہ:

1۔سورائینم Psorinum 200 ہفتہ وار

2۔ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle
آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30 ملا کر

3201۔ جسم پر سفید رنگ کے چٹاخ پڑ جاتے ہوں جو پھلبہری کی طرح ہوتے ہیں۔(لیکن پھلبہری نہیں ہوتے اور پھلبہری کی طرح بڑھتے اور پھیلتے نہیں۔)

پھلبہری کی بہت مؤثر دوا: مرکری Merc. Sol 1000

"ایک مریض کا سارا جسم پھلبہری کے داغوں سے بھر گیا اس میں چونکہ مرکری کی دوسری علامات موجود تھیں میں نے ایک ہزار کی طاقت میں مرکری استعمال کروائی۔ایک ہفتہ میں اتنا نمایاں فرق پڑا کہ جب وہ مجھے ملنے آیا تو میں اسے پہچان نہ سکا،سب داغ غائب ہو گئے اور دوبارہ کبھی اسے یہ مرض نہیں ہوا۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 592-593)

3202۔ برص کے سفید داغوں میں بہت کثرت سے استعمال ہونے والی دوا:

آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30

3203۔ برص کے سفید دانے،خارش،آہستہ آہستہ بڑھنے والی پھلبہری اور آتشک کے نتیجہ میں جلد پر پیدا ہونے والے داغ:

مفید دوا: آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30

3204۔ کالے رنگ کی پھلبہری: چہرہ کالے بدصورت داغوں سے بھر جائے۔

1۔آرسینک Arsenic 1000

اگر آرسینک کے اثرات دیرپا ثابت نہ ہوں تو بہت مؤثر دوا:

2۔آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30

3205۔ اچانک اور تیزی سے پھیلنے والی پھلبہری جس میں جلد کچی کچی ہو جائے اور سارا جسم پھلبہری کے داغوں سے بھر جائے۔

بشرط علامات: مفید دوا : مرک سال Merc Sol 1000

ایک خوراک سے بعض دفعہ بیماری بہت تیزی سے واپس چلی جاتی ہے۔

3206۔ جسم کے مختلف حصوں پر جگہ جگہ چٹاخ بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

☆☆☆☆☆

ECZEMA : ایگزیما

3207۔ ہر قسم کے ایگزیما اور خارش میں مفید دوا : سلفر Sulphur 30

ہر قسم کی جلدی امراض جن میں جلن کی نمایاں علامت ہو اور دوسری علامتیں بھی ملیں تو ان میں سلفر اکثر فائدہ دے گی۔

3208۔ سر کا ایگزیما جس سے چپچپا مادہ نکلتا ہو۔ مفید نسخہ

1۔ گریفائیٹس Graphites
ہیپر سلف Hepar Sulph
بیسیلینم Bacillinum
200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک یا دو بار۔ اس کے ساتھ

2۔ کالی میور Kali Mur
نیٹرم سلف Nat. Sulph
30 ملا کر

3209۔ سر کا تکلیف دہ ایگزیما۔ کارآمد نسخہ

1۔ سلیشیا Silicea 6x

روزانہ تین بار۔ اس کے ساتھ بطور مددگار

2۔ سورائینم Psorinum 1000

3۔ گریفائیٹس Graphites 1000

سلیشیا کے ساتھ سورائینم اور گریفائیٹس بھی مددگار کے طور پر دینی پڑتی ہیں جن سے تکلیف دہ مزمن ایگزیموں میں بہت نمایاں فرق پڑتا ہے۔ یہ دوائیں ایک ہزار طاقت میں باری باری دینی چاہئیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 755-756)

3210۔ سر کا ایگزیما: سر پر کھرنڈ بن جاتے ہوں جن سے رطوبت بہتی ہو۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

3211۔ سر کا ایگزیما: سر پر کھرنڈ بن جاتے ہوں، ایگزیما کے اوپر جھلی سی بن جاتی ہو جس میں پیپ اور شدید بُو پائی جاتی ہو۔

1۔ علامات زیادہ شدید ہوں تو

مفید دوا : میزیرم Mezereum 30

2۔ علامات زیادہ شدید نہ ہوں تو

مفید دوا: ڈلکامارا Dulcamara 30

3212۔ سر کا ایگزیما: سر کے زخموں سے زرد رنگ کا مواد خارج ہو۔ چھلکے اُتریں جن سے بدبُو آتی ہو۔

1۔ اوّلین علامت: میزیریم Mezereum 30

2۔ بہت اچھی دوا: کالی بائیکروم Kali Bich 30

3213۔سر کا ایگزیما: سُرخ رنگ کے دانے بنتے ہوں (نمایاں علامت)

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3214۔سر کا ایگزیما: بالوں کی جڑوں میں دانے بنتے ہوں جن میں خارش ہوتی ہو اور جلد سے خون نکل آتا ہو۔

کارآمد دوا: کلکیر یا سلف Calc. Sulph 30-6x

3215۔سر کا ایگزیما: بالوں کے ساتھ ساتھ ایگزیما ایک لائن کی شکل میں اُبھرتا ہو۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

3216۔سر کا ایگزیما: خارش اور سوزش بالوں کے کناروں پر ملتے ہوں۔(خاص علامت)

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30-6x

خشک دانے بھی نکلتے ہیں اور بہنے والے زخم بھی ہوتے ہیں۔ جلد میں خارش اور سوئیاں چبھتی ہیں خارش کے دانوں سے رطوبت بہتی ہے۔ مختلف ٹکڑوں میں کھرنڈ بن کر اُترنے لگتے ہیں۔

3217۔ماتھے کے ایگزیما میں مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 30-6x

3218۔بڑوں کے سر کا ایگزیما: بالوں والے حصہ میں خارش نہیں ہوتی ہو بلکہ جو حصے بالوں سے خالی ہو گئے ہوں وہاں بہت خارش محسوس ہوتی ہو۔(نمایاں علامت)

کارآمد دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3219۔بچوں کے سر کا ایگزیما: مفید نسخہ

1۔رسٹاکس Rhustox 200 ہفتہ وار چند خوراکیں

بچوں کے سر کا ایگزیما رسٹاکس سے ٹھیک نہ ہو تو جلد کا کینسر ہو سکتا ہے۔ ایسی صورت میں

2۔کارسینوسن Carcinosin 1000

3۔ریڈیم برومیٹم Radium Brom 1000

ہفتہ ہفتہ کے وقفہ سے ایک دو ماہ تک۔اسی طرح

4۔گریفائیٹس Graphites 200

5۔سورائینم Psorinum 200

ادل بدل کر دیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 712)

3220۔بچوں کے سر کا ایگزیما: ایسے مریض جنہیں ایگزیما ہو اور خون بہنے کا رجحان ہو اور وہ کچھ ہکلاتے بھی ہوں ان کے لئے

بہت اعلیٰ دوا: بووسٹا Bovista 30

3221۔شیر خوار بچوں کے سر کے ایگزیما میں

بہت مفید دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3222۔بچوں کی شیر خوارگی کے زمانہ میں سر پر ہونے والے ایگزیما میں

مفید دوا: نیٹرمیور Nat. Mur 30-6x

اس کے ایگزیما کی خاص پہچان یہ ہے کہ جلد سے موٹے آٹے کی طرح کا خشک مواد اُترتا ہے۔

3223۔بچوں کے سر کا ایگزیما: جلد دُکھتی ہو، سُرخ اور متورم ہو جاتی ہو۔ شدید کھُجلی ہوتی ہو۔ چھالوں میں کھرنڈ بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000-200

بچوں کا ایگزیما خصوصاً سر کا ایگزیما رسٹاکس کے زیر اثر آتا ہے۔ لیکن بعض اوقات اس کا ردعمل بہت سخت ہوتا ہے۔ اگر وہ چند دن کے اندر اندر ٹھیک ہو جائے تو پھر دوبارہ رسٹاکس دی جاتی ہے۔

اگر ایگزیما ٹھیک نہ ہو تو پھر دوسری دوا ڈھونڈنی بہت مشکل ہے۔ جلد کی ایسی امراض میں جب یہ صورت پیدا ہو تو یاد رکھنا چاہیئے کہ ہزار طاقت میں ہفتہ ہفتہ کے وقفہ سے ایک دو مہینے تک دے کر دیکھنا چاہیئے۔ اسی طرح گریفائیٹس اور سورائینم کو بھی ادل بدل کر دیا جائے تو بعض سخت ضدی ایگزیموں میں بھی یہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 712)

3224۔ ایگزیما میں دانے اور چھالے نکل آتے ہوں۔ جلن کا بہت احساس ہوتا ہو جلد کا رنگ بدل کر مینڈک کی کھال کی طرح زردی مائل بے جان یا بے رنگ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کالی سلف   Kali Sulph   6x

3225۔ کانوں کے پیچھے، سر کے بعض حصوں، کہنیوں اور ہاتھوں کے جوڑوں پر ظاہر ہونے والا ایگزیما جس سے چپکنے والا مادہ نکلتا ہو اور پھر سخت سا کھرنڈ بن جاتا ہو۔ (علامت)

1۔ گریفائیٹس   Graphites   30

2۔ ہیپر سلف   Hepar Sulph   30

3۔ میزیریم   Mezereum   30

جلد پر چھلکے اور کھرنڈ بنتے ہیں جو اکثر ایگزیموں میں ملتے ہیں۔ اگر کھرنڈ کان کے پیچھے اور گلے کے ارد گرد ہوں اور ان سے گوند کی طرح چپکنے والا مواد رسنے لگے تو گریفائیٹس کو آزمانا چاہیئے۔ اس قسم کے کھرنڈ جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوں ان میں ہیپر سلف کو آزمانا نہ بھولیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 441)

میزیریم کے اخراجات بھی چپکنے والے ہوتے ہیں جو سر کے اوپر ایک خول سا بنا دیتے ہیں۔

3226۔ ایگزیما میں زخموں پر کھرنڈ آ جاتے ہوں جن کی نچلی تہوں سے بدبو دار پیپ نکلتی ہو اور زخم از سر نو تازہ ہو جاتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سورائینم   Psorinum   200

2۔ گریفائیٹس Graphites 200

میڈورائینم میں زخموں کی بدبُو گریفائیٹس اور دیگر دواؤں کے مقابل پر بہت نمایاں ہوتی ہے۔ یہ بدبُو ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ زخموں میں سخت خارش ہوتی ہے اور کھُجلانے سے خون بہنے لگتا ہے۔ تمام جسم پر کھرنڈ والے اُبھار بن جاتے ہیں اور زخم مندمل نہیں ہوتے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 682)

3227۔ جلد کا ایگزیما۔ مفید نسخہ

سلفر Sulphur 200

رسٹاکس Rhustox 200 باری باری ہفتہ وار۔

3228۔ مختلف قسم کے ایگزیمے جن میں جلد خشک ہو اور بڑے بڑے چھلکے اُترتے ہوں جن کے نیچے سے زخمی اور چھلی ہوئی جلد ظاہر ہو اور رطوبت نکلتی ہو۔

مؤثر دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3229۔ منہ اور ٹھوڑی کے گرد گیلا ایگزیما۔

مفید دوا: گریفائیٹس Graphites 30

3230۔ خشک ایگزیما: بچوں میں خارش بے چینی بہت بڑھ جائے تو

بہت مفید اور مؤثر دوا: آرسینک Arsenic 1000

آرسینک میں بے چینی کا عنصر اتنا نمایاں ہے کہ اگر پوری علامتیں نہ بھی ہوں تو بھی کہ کچھ نہ کچھ کام کرتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 408)

3231۔ بچوں کا خشک ایگزیما: دانے بنتے ہوں، جن میں خارش ہوتی ہو اور جلد خون نکل آتا ہو۔ زرد پیپ اور پیلے رنگ کے کھرنڈ بن جاتے ہوں۔

مفید دوا: کلکیریا سلف Calc. Sulph 30-6x

3232۔ بچوں کا خشک ایگزیما: اگر بچوں میں خارش سے بے چینی بہت بڑھ جائے تو

بہت مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb. 1000

یہ خشک ایگزیما کے لئے خاص طور پر مؤثر ہے۔ آرسینک میں بے چینی کا عنصر اتنا نمایاں ہے کہ اگر پوری علامتیں نہ بھی ہوں تو بھی یہ کچھ نہ کچھ کام کرتی ہے۔

3233۔ ایگزیما مگر جلد خشک

مفید دوا : پیٹرولیم Petroleum 30 روزانہ تین بار

3234۔ ایگزیما: جلد میں کچا پن اور سُرخی آ جائے جیسے سورائسس کی ابتدائی علامتوں میں بھی ہوتا ہے۔

1۔ جلد سے چپچپی رطوبت نکلتی ہو تو مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200

2۔ رطوبت چپچپی نہ ہو تو مفید دوا : سلیشیا Silicea 30-6x

3235۔ ایگزیما میں موٹے آٹے کی طرح کا خشک مواد اترتا ہو (خاص پہچان)

مفید دوا: کالی میور Kali Mur 6x

3236۔ چھوٹے بچوں کو بہت شدید قسم کا ایگزیما۔ وہ خارش کر کے جسم کو لہولہان کر لیتے ہوں اور بہت تکلیف دہ صورت حال ہو جاتی ہو بشرط علامات مفید دوائیں:

1۔ سلیشیا Silicea 200-30

2۔ سورائینم Psorinum 200-30

3۔ گریفائیٹس Graphites 200-30

"ان (بچوں) کے اندر کسی گہری بیماری کا فاسد مادہ ہوتا ہے۔ میں نے جب بھی ایسے بچوں کو جو علامات کے لحاظ سے سلیشیا طلب کرتے تھے سلیشیا دینی شروع کی تو بلا استثناء ان کے اندر سے پھوٹ کر مواد نکلا۔ سلیشیا کا یہ اثر مسلّم ہے۔ سلیشیا سے فاسد مادے باہر نکل آئیں اور سلیشیا ہی کے

اثر سے ٹھیک نہ ہوں تو لازماً کسی اور ہالشل دوا کی تلاش ضروری ہے۔ سلیشیا کے بعد عموماً سورائینم کام آتی ہے یا پھر گریفائیٹس۔ سورائینم اکثر اگزیما کو خشک کر دیتی ہے لیکن بعض دفعہ مرض کا کلیتاً صفایا نہیں ہوتا اور خشک جلد پر خارش باقی رہ جاتی ہے تاہم ایک نسبتی تسکین ضرور مل جاتی ہے اور بچہ رات کو کچھ عرصہ تک سکون سے سونے لگتا ہے۔ لیکن کچھ عرصہ کے بعد اگزیما کے اخراجات دوبارہ بہنے لگتے ہیں۔ ایسی صورت گریفائیٹس کو بھی ایک مددگار دوا کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لہذا اگزیما جیسی ضدی بیماریوں میں بہتر یہی ہے کہ بعض ملتی جلتی دواؤں کو ایک دوسرے کے مددگار کے طور پر استعمال کیا جائے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 408)

3237۔ اگزیما میں خارش نہ ہو بلکہ دانوں پر لیموں کے رنگ کا سخت کھرنڈ بن جاتا ہو۔

مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

3238۔ اگزیما میں پانی بہت بہتا ہو (Weeping Eczema) یا بڑے بڑے ہالے بن جاتے ہوں یا پاؤں گل جاتے ہوں یا ہاتھوں پر سخت تکلیف دہ اگزیما ہو۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000

جب یہ دوا کام کرتی ہے تو حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے۔ رسٹاکس کا مرطوب موسم سے گہرا تعلق ہے۔ برسات میں جبکہ گرمی بھی ہو اس کی تکالیف بہت بڑھ جاتی ہیں۔

نوٹ: خصوصاً ایسے اگزیما میں جس میں پانی بہت بہتا ہو۔ پانی لگانے سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ نیز ربڑ یا پلاسٹک کی چیزیں پہننے سے پرہیز کریں۔

3239۔ ہتھیلی اور انگلیوں کے درمیاں نمدار اگزیما

غیر معمولی مؤثر دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 6x

یہ مرض پرانا ہو تو چھوٹی طاقت سے بھی دور ہو سکتا ہے۔ بعض دفعہ مریض کے مزاج اور علامتوں کے لحاظ سے طاقت بدلنی پڑتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 636)

3240۔ اگزیما اور زخموں میں جلن اور چبھن کا احساس نمایاں ہو اور نا قابل برداشت

بدبُو ہوتی ہو۔ جس سے دل متلاتا ہو۔

مفید دوا: مرکری Mec. Sol 30

مرکری کے مریض کی جلد کا رنگ مٹیالا ہوتا ہے۔ خارش اور ایگزیما کے اخراجات میں بدبُو کی علامت نمایاں ہوتی ہے۔ اور خون بہنے لگتا ہے۔ زخموں کے کنارے اٹھے ہوئے ہوتے ہیں اور ان پر سفید جھلی سی آجاتی ہے۔ مرکری کے مریض کی تکلیفیں رات کو بڑھ جاتی ہیں۔ مریض بستر میں ہو یا نہ ہو رات مصیبت بن جاتی ہے۔

3241۔ ایگزیما: بدن کے نچلے حصہ اور رانوں کے اردگرد: مفید دوائیں:

1۔ اینا گیلس Anagallis 30

2۔ کروٹن Croton 30

3۔ رسٹاکس Rhustox 30

3242۔ ایگزیما سارے بدن پر پھیلتا ہو۔

مفید دوا: اناکارڈیم Anacardium 30

3243۔ چہرے کی جلد پر ایگزیما کی قسم کے زخم بن جائیں۔ جو تیزی سے پھیل جائیں اور زرد رنگ کے کھرنڈ بنتے ہوں۔ چھوٹے چھوٹے چھالے گچھوں کی صورت میں ظاہر ہوتے ہوں اور بہت جلد پھیل جاتے ہوں۔

1۔ اگر زخم گینگرین میں تبدیل نہ ہوں تو

مفید دوا: ڈلکامارا Dulcamara 30

2۔ اگر زخم گینگرین میں تبدیل ہونے کا رجحان ہو تو

مفید دوا: آرسینک البم Arsenic Alb. 30

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 354)

3244۔ ایگزیما اور نزلہ: ناک کی علامات ٹھیک ہوں تو ایگزیما ہو جاتا ہو۔ ایگزیما ٹھیک ہو تو نزلہ شروع ہو جاتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا : کالی بائیکروم — Kali Bich 30

3245۔ خارش والا ایگزیما جس میں جگر کی خرابی کی شکایت بھی موجود ہو اور کسی اور دوا سے آرام نہ آئے تو اس میں مفید دوا :

انسولین — Insulin 30-Q

3246۔ آلات تناسل کا ایگزیما:

1۔ سرفہرست دوا: کروٹن — Croton 30

2۔ شہرت یافتہ دوائیں:

1۔ رسٹاکس — Rhustox 200-30

2۔ ایناگیلس — Anagallis 200-30

3۔ گریفائیٹس — Graphites 200-30

کروٹن کے چھالے، رسٹاکس سے چھوٹے ہوتے ہیں اور پانی بھی رسٹاکس کے مقابلہ میں کم بہتا ہے۔ کروٹن اور رسٹاکس ایک دوسرے کے اثر کو زائل (Antidote) کرتی ہیں۔ رسٹاکس میں اسہال کی علامتیں نہیں ملتیں۔ جلن کے اعتبار سے ایناگیلس میں جلن کم اور رسٹاکس میں بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ایناگیلس کا ایگزیما ماؤف جگہ پر دوبارہ اُبھرنے کے اعتبار سے کروٹن سے مشابہ ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

جسمانی تکالیف

Physical Ailments

3247۔جسم میں کیلشیم کی کمی واقع ہو جائے۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

ہومیوپیتھی میں یہ دوا کھلانے سے یہ کمی دُور ہو جاتی ہے۔

3248۔جسم پھول جاتا ہو اور گوشت میں ہوا۔

1۔برائیونیا Bryonia 200

2۔سلفر Sulphur 200

باری باری ہفتہ وار

3۔فاسفورس Phosphorus 30

3249۔مریض کا گوشت پوست سکڑنے لگتا ہو اور وہ آہستہ آہستہ ہڈیوں کا پنجر بن جاتا ہو جیسے اسے گھُن لگ گیا ہو۔(مزاج)

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 30

یہ ٹیرینٹولا کا مزاج ہے اس لئے اگر کسی مریض کا گوشت گھُل رہا ہو اور کوئی اور علامت نہ بھی ہو تو اسے ٹیرینٹولا استعمال کرانی چاہیئے۔

3250۔مریض لمبی بیماریوں کے نتیجہ میں بالکل نڈھال ہو جائیں اور خون کی کمی کا شکار ہو جائیں۔آنکھوں کے نیچے تھلیاں سی لٹک جائیں اور وہ چھوٹی عمر میں ہی بوڑھے دکھائی دینے لگیں۔ممکنہ مفید دوائیں:

1۔چینینم آرس Chininum Ars 30

2۔سارسپریلا Sarsaparilla 30

3251۔ وریکوز وینز (Vericose Veins) رگوں کے گچھے کا نیلا ہو کر پھول جانا۔

ان میں خون جم جانا ہو اور اُبھار اور گانٹھیں بن جاتی ہوں ان کے پھیلنے کا بھی اندیشہ ہوتا ہو۔ یہ بہت ہی خطرناک اور تکلیف دہ بیماری ہے۔ عموماً بعض عورتوں میں حمل کے دوران یا بعد میں ٹانگوں اور پاؤں پر حملہ کرتی ہے۔ بعض دفعہ یہ تکلیف اتنی شدید ہوتی ہے کہ چلنا پھرنا دوبھر ہو جاتا ہے۔

1۔ اگر رگیں پھولنے کی علامت ہو تو اوّلین

مفید دوا : لیکیس Lachesis 200

2۔ روزمرہ کے لئے عمدہ نسخہ:

آرنیکا Arnica 200

لیکیس Lachesis 200

3۔ سب سے اچھا علاج: ایسکولس Aesculus 30

جسمانی کمزوری : Debility

3252۔ جسم میں کمزوری Debility مفید نسخہ

1۔ آرنیکا Ainica 200

2۔ فیرم فاس Ferr. Phos

کالی فاس Kali Phos

کلکیریا فاس Calc. Phos

6x ملا کر

3253۔ عمومی کمزوری بہت بڑھ جائے۔ مریض زیادہ دیر تک بیٹھ بھی نہ سکتا ہو اور کرسی سے پھسل پھسل جاتا ہو۔ مریض میں انتہائی کمزوری کے باعث بار بار سر تکیے سے نیچے ڈھلکتا

رہے تو اسکی سب سے نمایاں اور فوری مؤثر دوائیں۔

1۔میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

2۔اگر روزمرہ ایسا ہو تو اسکی بہتر دوا:

کلکیریا کارب Calc. Carb 30

3254۔جسم میں کمزوری، سردرد، کثرتِ پیشاب۔مفید نسخہ

1۔جلسیمیم Gelsemium 200

2۔کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
6x ملاکر

3255۔ذہنی اور جسمانی کمزوری کے لئے مفید نسخہ:

1۔بیسیلینم Bacillinum 200

2۔کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
سلیشیا Silicea
6x

3256۔بیماریاں بہت شدّت سے حملہ کرتی ہوں جس کے بعد ذہنی اور جسمانی کمزوری اور نیند کا غلبہ ہونا شروع ہو جائے غشی طاری ہو جائے۔

مفید دوا: ایتھوزا Aethusa 30

3257۔مریض رفتہ رفتہ کمزور ہو رہے ہوں۔ان کی طاقت کو بحال کرنے کے لئے

کارآمد دوا: مینگینم Manganum 30

3258۔مریض میں آرسینک کی طرح کمزوری اور بے چینی پائی جاتی ہو۔کمزوری کا دورہ پڑتا ہو۔

مفید دوا : اپیکاک 30 Ipecac

اپیکاک میں ہر تکلیف دورے کی شکل میں آتی ہے۔کمزوری ہوگی تو کمزوری کا دورہ پڑ جائے گا۔

آرسینک میں ہاتھوں پاؤں کی بہت زیادہ کمزوری اور ناتوانی پائی جاتی ہے جو مریض کو لیٹے رہنے پر مجبور کرتی ہے۔ (ڈاکٹر ایل۔ایم ٹیلر)

ڈاکٹر بورک لکھتا ہے۔اس کی عام علامتیں ہی اس کے استعمال کے لئے راہنمائی کرتی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں۔عام کمزوری، شدید تھکن، بے قراری، رات کے وقت تکلیف کا شدت اختیار کرنا، معمولی محنت کے بعد زبردست تھکان ہوتی ہے۔جلن کے ساتھ درد۔پیاس جو نہ بجھے۔وغیرہ

3259۔کمزوری بہت ہوتی ہو اور مریض کا سر کمزوری کی وجہ سے کھسک کر تکیے سے نیچے آجاتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ہائیوسمس 200-30 Hyoscyamus

2۔میوریٹک ایسڈ 30 Muriatic Acid

3260۔مریض بات کرتے کرتے ایک دم نڈھال ہو جاتے ہوں اور خون کی کمی کا بھی شکار رہتے ہوں۔دماغی محنت انہیں کمزور کر دیتی ہو۔جس سے بعض دفعہ وہ پسینہ پسینہ ہو جاتے ہوں اور سانس لینے میں انہیں دقت پیش آتی ہو۔سردی اور نمی کو پسند نہیں کرتے ہوں اور خنکی سے بھی نفرت ہوتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب 30-6x Calc. Carb

3261۔موسم بدلنے سے طبیعت بوجھل اور پژمردہ ہو جاتی ہو۔جسم میں وقتی کمزوری

محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30-6x

3262۔ مریض میں بیماری کے دوران جسم کی بیرونی سطح بالکل ٹھنڈی ہو جاتی ہو لیکن اندرونی طور پر مریض کو بہت گرمی کا احساس ہوتا ہو۔ بے حد نقاہت اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

3263۔ جسم ٹھنڈا ہو اور تشنج کی کیفیت پائی جائے تو کوئی بھی بیماری ہو اس میں

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

3264۔ لمبے عرصہ کی بیماریوں کے نتیجہ میں جسم کے لعاب خشک ہو گئے ہوں اور رطوبتوں میں کمی آ گئی ہو تو انہیں بحال کرنے کے لئے

1۔ اوّلین دوا: چائنا China 200-30

2۔ اچھی کارآمد دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 30-6x

3265۔ جو لوگ خون کی کمی کا شکار ہوں اور جسمانی اور ذہنی محنت سے تھک جاتے ہوں۔ ان کے لئے

بہت مفید دوا : پکرک ایسڈ Picric Acid 30

3266۔ زیادہ جسمانی مشقت اور سخت کھیلوں کے نتیجہ میں تھکان کے لئے تیر بہدف نسخہ:

1۔ آرنیکا Arnica

برائیونیا Bryonia 200

ہومیو پیتھی میں اگر برائیونیا 200، آرنیکا 200 کے ساتھ ملا کر دی جائے تو ہر قسم کی ورزش سے پیدا ہونے والی تھکاوٹ کا بہترین علاج ثابت ہوتی ہے۔

3267۔لمبی سیر پر جانے سے پہلے یا سخت کھیلوں کے آغاز پر بہت فائدہ مند نسخہ:

برائیونیا Bryonia
آرنیکا Arnica
200 ملاکر

3268۔محنت کش کسانوں اور مزدوروں کی جسمانی تھکاوٹ اور درد کو دُور کرنے کیلئے

بہترین دوا: بیلس Bellis 200-30

3269۔مریض ہمیشہ تھکا ہوا رہتا ہو۔رفتہ رفتہ بڑھتی ہوئی کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔
معمولی محنت سے دل کی دھڑکن میں اضافہ ہو جاتا ہو۔بازو اور ٹانگیں کانپنے لگتے
ہوں اور سخت بوجھل محسوس ہوتے ہوں۔

مفید دوا: سٹینم Stannum 30

3270۔پڑھنے سے تھکاوت ہونے لگتی ہو (علامت)

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30

3271۔مریض سخت تھکاوٹ محسوس کرتا ہو، ہلکی سی حرکت سے بھی جسمانی کمزوری کا
احساس ہوتا ہو جو بڑھتے بڑھتے اعصاب پر اثر انداز ہونے لگتی ہو اور پھر اس کمزوری
کا احساس بدنی کمزوریوں پر منتج ہوتا ہو اور جسم سوکھنے لگتا ہو۔

مفید دوا: گائیکم Guaiacum 30

3272۔جسمانی یا ذہنی محنت سے تکلیفیں بڑھتی ہوں اور بہت کمزوری محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: نیٹرم کارب Nat. Carb 30

روزانہ تین بار

3273۔جسم میں اور ٹانگوں میں دردوں کے ساتھ آہستہ آہستہ بڑھتی ہوئی کمزوری کی

علامات ملتی ہوں جنہیں ہلکی حرکت سے کچھ آرام ملتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2۔ رسٹاکس Rhustox 200-30

3274۔ صبح کے وقت مریض جب اُٹھ کر چلتا ہو تو اعضاء بھاری محسوس ہوتے ہوں۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

3275۔ دائیں پہلو میں زیادہ کمزوری محسوس ہوتی ہو۔ مثلاً گردن کا دایاں حصہ اور دایاں ہاتھ متاثر ہوتے ہوں۔ کمزوری بڑھے تو تشنج ہونے لگتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس .Chininum Ars 30

3276۔ سیڑھیاں اُترتے ہوئے کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سٹینم Satnnum 30

جبکہ اکثر عوارض میں مریض کے لئے صرف سیڑھیاں چڑھنا دشوار ہوتا ہے۔

3277۔ شدید جسمانی کمزوری۔ یہانتک کے انگلی ہلانا بھی مشکل ہو جاتا ہو۔ اعصابی دباؤ اور معدہ کا تیزاب مل کر سخت کمزوری پیدا کر دیتے ہوں۔ یہانتک کہ انگلی ہلانا بھی مشکل ہو جاتا ہو۔ بعض دفعہ یوں محسوس ہوتا ہو کہ ابھی جان نکل جائے گی۔ اس شدید کمزوری کے علاج کے لئے

مؤثر دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30 چند منٹوں کے وقفہ سے

3278۔ جسم میں بھی تیزاب کا عنصر زیادہ ہو جانے سے اچانک شدید ضعف کا حملہ ہو جائے اور جسم سے طاقت نکلتی ہوئی محسوس ہوتی ہو۔ ایسی تیزابیت کی

بہترین دوا: سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

جسم میں تیزابیت زیادہ ہو جائے تو بعض دفعہ کھانا کھاتے ہوئے سخت کمزوری کا احساس ہوتا ہے اور مریض پسینہ پسینہ ہو جاتا ہے۔کھانے سے بھی تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔

3279۔جسم میں برقی کوندے ایک طرف سے دوسری طرف لپکتے ہوں۔مریض ان سے لُطف اندوز ہوتے ہوں۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

3280۔مریض میں ہائیڈروکلورک ایسڈ کا توازن بگڑ جانے سے مریض کو اچانک کمزوری کے دورے پڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-30

نیٹرم میور کے مریض میں سخت تھکاوٹ اور نقاہت کے آثار پائے جاتے ہیں۔یہ نقاہت خواہ جسمانی ہو یا اعصابی، نیٹرم میور کے مریضوں میں ضرور دکھائی دے گی۔

3281۔جسم کے تمام اعضاء کمزوری کا شکار ہو جاتے ہوں۔تھوڑے کام سے بہت جلد تھکاوٹ ہو جاتی ہو۔ایک دم طاقت ختم ہو جاتی ہو جیسے ٹارچ میں پُرانا سیل ہو تو وہ ایک شعلہ دکھا کر یکدم بجھ جاتا ہے۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met. 30

مریض جب تک حرکت نہ کرے اسے اپنی کمزوری کا احساس نہیں ہوتا۔خواہ مریض آہستہ ہی چلے کچھ دیر چلتے رہنے سے کمزوری ضرور محسوس ہوتی ہے۔لیکن اگر مریض بغیر حرکت کے لیٹا رہے تو اس سے بھی اس کو تکلیف پہنچتی ہے کیونکہ مسلسل حرکت سے جسم کی خوابیدہ دردیں جاگ اُٹھتی ہیں۔اگر مریض کچھ دیر تیز چلے تو دونوں تکلیفیں بیک وقت ظاہر ہوتی ہیں۔کمزوری بھی نمایاں ہوتی ہے اور دردیں بھی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 379)

3282۔کچھ دیر مسلسل بولنے سے کمزوری کا احساس ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met 30

3283۔اعصابی کمزوری،اعصابی تکلیف،سردرد،گردن،بازو میں درد۔مفید نسخہ جات

A۔ 1۔آرنیکا Arnica
جلسیمیم Gelsemium
200 ملا کر

2۔کالی کارب Kali Carb
سمسی فیوجا Cimicifuga
30 ملا کر

ایک اور مفید نسخہ

B۔ 1۔لائیکوپوڈیم Lycopodium 200

2۔کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
6x

3284۔ہر قسم کی اعصابی کمزوری،اعصابی تناؤ اور سخت تھکاوٹ کیلئے بہترین نسخہ:

کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos
میگ فاس Mag. Phos
6x

ملا کر دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

3285۔اعصابی نظام میں کمزوری پیدا ہونے کی وجہ سے دماغ کی چستی ختم ہو جاتی ہو۔ مریض کو سخت تھکاوٹ اور کمزوری محسوس ہوتی ہو۔بعد میں یہ کمزوری فالج میں تبدیل ہو جاتی ہو۔

بہترین دوا: کاکولس Cocculus 30

اس کیفیت میں عموماً وہ لوگ مبتلا ہوتے ہیں جنہوں نے لمبا عرصہ اپنے قریبی عزیزوں کی تیمارداری کی ہو۔رات دن مسلسل جاگنا پڑا ہو اور فکر اور پریشانی دامنگیر رہی ہو۔

اس کے نتیجہ میں جو کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ اس کا بہترین علاج کاکولس ہے۔

3286۔ مریض ذہنی دباؤ اور اعصابی کمزوری کی وجہ سے ہر سوال کا جواب آہستگی سے دیتا ہو۔ تصورات کی دنیا میں غرق رہتا ہو۔ اسے شدید افسردگی کے دورے پڑتے ہوں۔ دماغ بوجھل رہتا ہو۔

مفید دوا: کاکولس Cocculus 30

عمومی کمزوری، جزوی فالج، حرکت سے تکلیف اور اعصاب کی پیغام رسانی میں آہستگی کاکولس کی خاص علامتیں ہیں۔

3287۔ اعصابی کمزوری اور ذہنی و جسمانی تھکاوٹ میں حیرت انگیز مؤثر دوا:

کالی فاس Kali Phos 200-6x

کالی فاس اعصاب کو تقویت دینے میں خاص شہرت رکھتی ہے۔ فکر، پریشانی، کام کی زیادتی اور ہیجانی کیفیات کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی تکلیفوں میں بھی مفید ہے۔ اس کا مرکزی تعلق اعصاب سے ہے۔ اعصاب کو تقویت دینا گویا اس کے مزاج کا حصہ ہے۔

3288۔ اعصابی کمزوریوں، فالجی احساسات اور عضلات کے تشنج میں

مفید دوا: بوفو Bufo 30

بوفو اعصاب کی بہترین دواؤں میں سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے عضلات میں تشنجی کیفیت پیدا ہوتی ہے آنکھ یا کسی عضو کا پھڑکنا، جگہ جگہ اچانک تشنجی کیفیات پیدا ہونا بوفو کی خاص علامت ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 173)

3289۔ مریض میں اعصابی، ذہنی اور جسمانی کمزوری بہت نمایاں ہو۔ اعصاب میں نقاہت محسوس ہو اور مریض ذہنی اور جسمانی طور پر تھکا ہوا ہو تو

فوری مؤثر دوا: گریشولا Gratiola 30

3290۔اعصابی کمزوری کی وجہ سے کچھ دیر کے لئے نظر دھندلا جاتی ہو تو

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

3291۔ ہر قسم کی اعصابی کمزوری، اعصابی تناؤ اور سخت تھکاوٹ کیلئے بہترین نسخہ:

کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos — 6x
میگ فاس Mag. Phos

ملا کر دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

3292۔ مریض کا اعصابی نظام لمبی بیماریوں کی وجہ سے جواب دے چکا ہو اور اعصاب اتنے کمزور ہو جائیں کہ جسم میں موجود بیماریوں کو باہر اُچھالنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں۔ ان کے اس عارضے کی اصلاح کے لئے

بہترین دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

3293۔جسم کے اعصاب پھڑکنے کا رجحان پایا جاتا ہو اور فالجی کمزوریاں بھی ملتی ہوں تو

مفید دوا : کلکیریا آرس Calc. Ars. 30

دراصل کیلشیئم ایک شدید کمزوری پیدا کرنے والی دوا ہے۔ اگر جسم میں اس کا توازن معمولی سا بھی بگڑ جائے تو بہت نمایاں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

متفرق اعصابی تکالیف

3294۔ چہرے کے بائیں طرف کے اعصابی دردوں میں بہت مؤثر دوا:

سپائیجیلیا Spigelia 30

اس کے بارے میں اکثر قابل ہومیو معالجین کا کہنا ہے کہ گردن سے لیکر چہرے تک کے کوئی اعصابی درد سپائیجیلیا کے دائرہ کار سے باہر نہیں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 761)

3295۔ اعصابی زود حسی کے نتیجہ میں مریض کے چھوٹے اور معمولی زخم کو اگر چھوا جائے تو شدید تشنجی کیفیت پیدا ہو جائے (جو اعصابی زود حسی کا طبعی نتیجہ ہوتی ہے۔)

سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

"مریضہ چھوٹی چھوٹی جسمانی بیماریوں پر شدید تکلیف کا اظہار کرتی ہے اس کے اعصاب پر اتنا تناؤ ہوتا ہے کہ وہ چھوٹی سی تکلیف کو بھی شدت سے محسوس کرتی ہے۔ ملنے جلنے والے لوگ اس کے بارے میں کہنے لگتے ہیں کہ بہانہ کرتی ہے۔ یہ باتیں سُن کر اسکی تکلیف اور بھی بڑھ جاتی ہے اور بعض دفعہ اسے بے ہوشی کے دورے پڑنے لگتے ہیں۔ ایسی مریضاؤں کو سٹیفی سیگریا دینا ضروری ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 774)

3296۔ مریض ذہنی اور جسمانی لحاظ سے بہت حساس ہوتے ہوں۔ درد کو بہت شدت سے محسوس کرتے ہوں لیکن حرکت سے درد میں افاقہ ہوتا ہو۔ تمام جسم میں دُکھن کا

احساس رہتا ہو۔ کارآمد دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3297۔ اعصاب کے غدود جنہیں اصطلاحاً Ganglia (گینگلیا) کہتے ہیں

زود حس ہو جائیں۔ ذرا سا بھی ہاتھ لگ جائے تو اچانک درد شروع ہو جائے۔

مفید دوا سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

بغیر ہاتھ لگائے یا دباؤ کے بغیر ان میں درد نہیں ہوتا۔ محض اعصاب کے غیر معمولی حساس ہونے کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے۔

3298۔اعصاب پر اُبھار اور گومڑ بن جائیں جن میں شدید درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : سٹفی سیگریا Staphysagria 30

3299۔اعصابی دردیں: درد اعصاب کے ریشوں کے ساتھ ساتھ دوڑتے ہوں جیسے بجلی کوندگئی ہو اور بہت تکلیف دہ ہوتے ہوں۔

مفید دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

اعصابی دردوں کو کپڑا اوڑھنے سے آرام ملتا ہے۔

3300۔اعصابی ریشوں یعنی سرکولر فائبرز (Circular Fibers) میں تشنج ہو اور وہ گرمی سے بڑھے تو اس کی بہت مؤثر دوا:

بیلاڈونا Belladonna 200-30

3301۔اعصابی دردوں میں آرام کرنے سے تکلیف بڑھے اور حرکت سے آرام آئے تو

بہت مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200

اعصابی دردوں میں جن میں آرام کرنے سے تکلیف بڑھے اور حرکت سے آرام آء۔ یہ بہت مفید ہے۔ چونکہ جلن کا احساس بہت ہوتا ہے اس لئے آرام نہیں کیا جاتا اور اضطرابی کیفیت طاری رہتی ہے اور کسی کروٹ بھی چین نہیں آتا۔ حرکت سے شروع میں تکلیف بڑھتی ہے لیکن رفتہ رفتہ آرام آنا شروع ہو جاتا ہے۔ مگر کچھ عرصہ بعد دردیں واپس آجاتی ہیں۔ نرم حرکت جو آہستہ آہستہ کی جائے جسم کی دردوں میں کمی کا موجب بنتی ہے۔ سخت ورزش اس کا علاج نہیں بلکہ خطرناک ہے۔ ہلکی ورزش اور ہلکی حرکت مفید ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 708)

3302۔اعصابی دردیں: اعصاب کے اندر تکلیف محسوس ہوتی ہو جس کی وجہ سے سوزش اور چوٹ وغیرہ نہیں ہوتی ہو۔ یہ درد اتنا شدید ہوتا ہو کہ درد کی لکیریں بیرونی جلد پر سُرخی کی صورت میں دکھائی دینے لگتی ہوں۔ (خاص علامت)

مفید دوا : سپائی جیلیا Spigelia 30

غالباً خون کا دوران زیادہ ہو جاتا ہے۔ یہ سپائی جیلیا کی خاص علامت ہے سُرخی کی لکیریں صرف ماؤف جگہ پر ہی اُبھرتی ہیں۔ چبھنے والے دردوں میں لمس نا قابل برداشت ہوتا ہے۔

3303۔ مریض کے خون میں تیزابی مادے پائے جاتے ہوں جن سے اعصابی درد ہوتے ہوں۔

مفید دوا: سیپیا Sepia 30

3304۔ اعصابی دردیں دن کو بڑھتی ہوں۔ سورج چڑھنے کے ساتھ ساتھ تکلیف کا آغاز ہوتا ہو جو آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہوں اور دن ڈھلنے کے ساتھ ساتھ تکلیف میں کمی ہونے لگتی ہو جو غروب آفتاب کے وقت بالکل ختم ہو جاتی ہو۔ (علامت)

مفید دوا: سٹینم Stannum 30

درد آہستہ آہستہ بڑھتے ہیں اور اسی رفتار سے کم ہوتے ہیں (سوائے سردرد کے)

3305۔ سردی لگنے سے اعصاب پر حملہ ہو جاتا ہو اور اعصابی دردیں شروع ہو جاتی ہوں تو

مفید دوا: سٹینم Stannum 30

3306۔ دائیں طرف شدید قسم کا اعصابی درد ہو تو

مفید دوا: سلفر Sulphur 200-30

3307۔ عورتوں کو کپڑے دھونے کے بعد اعصابی درد شروع ہوتے ہوں۔ دانتوں میں بھی درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

☆☆☆☆☆

جسم اور مختلف اعضاء میں دُکھن اور دردیں

3308۔ جلد میں دُکھن کا احساس جو ہلکے دباؤ کو برداشت نہ کر سکے۔ بعض اوقات مریض کپڑے کا وزن بھی برداشت نہیں کر سکتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula Hisp 200-30

3309۔ سر درد اور دوسری جسمانی دردوں کیلئے

بہت اچھی دوا: رسٹاکس Rhustox 200

رسٹاکس جب بھی بالکل دوا ہوگی۔ اس کے کھاتے ہی ضرور گہری نیند آ جائے گی اور گھبراہٹ اور بے چینی کا نام ونشان باقی نہیں رہیگا۔

3310۔ جسم میں درد کے لئے نسخہ

آرنیکا	Arnica	200	ملا کر
کاسٹیکم	Causticum		
برائیونیا	Byonia		

3311۔ عورتوں کے سارے جسم میں دردیں اور بے چینی بوجہ بندش حیض۔

اہم دوا: آرسینک البم Arsenic Alb. 30

مفید نسخہ: کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30 ملا کر باری باری

اگر مروجہ طب کے ذریعہ ایسی مریضہ کی ماہواری کا علاج کیا جائے جسے زیادہ خون آتا ہو تو اسکی بیماری بظاہر دب جاتی ہے مگر رحم کے اندر سڑاند کے آثار پیدا ہو جاتے ہیں اور مستقل بدبُودار، لیسدار مادہ یا خون کے لوتھڑے نکلنے لگتے ہیں۔ اسی طرح دیگر اخراجات کو بھی علاج کے ذریعہ بند کیا جائے تو بہت خطرناک اثرات ظاہر ہوتے ہیں جو بعض اوقات ذہنی بیماریوں پر منتج ہو سکتے ہیں۔

سارے جسم میں دردیں اور بے چینی ہوتی ہے اور جسم میں زہریلے مادے جمع ہونے لگتے ہیں جن کے اخراج کی کوئی صورت نہیں ہوتی اور گردوں پر بہت برا اثر پڑنے لگتا ہے۔ ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اخراجات کو دوبارہ جاری کیا جائے اس میں آرسینک ایک اہم دوا ہے۔ کالی آئیوڈائیڈ اور آرسینک آئیوڈائیڈ کو باری باری یا اکٹھے ملا کر دینا بھی مفید ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 98)

3312۔ وہ عورتیں جو موٹاپے کا شکار ہوں۔ ہر وقت جسم میں دردیں ہوں اور وہ ہر وقت لیٹی رہیں ان کے بشرط دیگر علامات۔

مفید دوا : مینگینم Manganum 30

مینگینم میں حرکت سے اور چلنے پھرنے سے تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں لیکن بیٹھنے سے بھی آرام نہیں آتا۔ ہاں اگر مریض لیٹ جائے تو سب تکلیفیں یوں ختم ہو جاتی ہیں گویا تھی ہی نہیں۔

3313۔ سارے جسم کے عضلات میں ملیریا بخار میں پیدا ہونے والے درد سے مشابہ درد

(نمایاں علامت) برائیونیا Bryonia 200

"بعض لوگوں کو ایسی بیماریاں لگ جاتی ہیں جن کے نتیجہ میں ان میں چلنے پھرنے کی سکت نہیں رہتی۔ ان میں عام کمزوری نہیں ہوتی لیکن کچھ عرصہ چلنے سے جسم بھاری محسوس ہوتا ہے اور یہی بھاری پن گہرے درد میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ ٹانگیں بے جان ہو جاتی ہیں ایسے مریضوں میں برائیونیا بہت مفید ہے لیکن اسے مستقل دینا پڑتا ہے۔"

3314۔ جسم اور ٹانگوں میں دردوں کے ساتھ آہستہ آہستہ بڑھتی ہوئی کمزوری۔ ہلکی حرکت سے آرام۔ دردوں میں آہستہ آہستہ چلنے سے آرام۔ مریض کے پاؤں بھی سُرخ ہو جائیں۔

مفید دوا : ہائیڈراسٹس Hydrastis 30

مریض پژمردہ رہتا ہے۔ سُست رَو اور پس ہمت آتا ہے۔

3315۔ جسم میں درد کہیں بھی واقع ہوں۔ درد لہر در لہر اٹھتے ہوں۔ ہر اگلی لہر پہلی لہر سے زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہو۔ یہانتک کہ مریض کی چیخیں نکل جاتی ہوں اور

ہسٹیریا کے دورے پڑنے لگتے ہوں۔ ٹکور اور دباؤ سے آرام۔

بہت موثر دوا: کولوسنتھ Colocynth 30

ایسے درد جسم میں کہیں بھی واقع ہوں بلاتوقف کولوسنتھ استعمال کریں۔ جب یہ دوا اثر کرتی ہے تو فوری سکون کے نتیجہ میں مریض سو جاتا ہے۔

3316۔ درد سارے جسم میں دوڑتے پھرتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ ایسکولس Aesculus 30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

ایسکولس کا مریض عموماً سردی محسوس کرتا ہے اور اسے دردوں کو گرمی پہنچانے سے آرام آتا ہے۔ پلسٹیلا کے درد ہمیشہ گرمی سے بڑھتے ہیں اور سردی سے آرام آتا ہے۔

3317۔ درد آہستہ آہستہ بڑھتے ہوں لیکن اچانک ختم ہو جاتے ہوں (علامت)

مفید دوا: سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

3318۔ جسم کے درد اِدھر اُدھر گھومتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ ابراٹینم Abrotanum 30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

3۔ لیک کینائینم Lac. Cann. 30

ابراٹینم کے درد ہر طرف گھومتے ہیں۔

پلسٹیلا کے درد ایک خاص سمت میں دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں حرکت کرتے ہیں۔

لیک کینائینم کے درد بھی بہت تیزی سے حرکت کرتے ہیں۔

3319۔ دردیں جو معدہ کی خرابی اور ٹائیفائیڈ سے پیدا ہوتی ہوں۔

مفید دوا: بپٹیشیا Baptisia 30

اگر ہیپٹیشیا کچھ فائدہ دے کر چھوڑ دے تو

یاد رکھنے کے قابل دوا: مینگینم Manganum 30

3320۔ چلنے پھرنے سے دردوں کی تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ بعض دفعہ بیٹھے بیٹھے گھبراہٹ کی وجہ سے حرکت کرنے اور چلنے پھرنے کو دل چاہتا ہو لیکن چلنے پھرنے سے دردوں کی تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ اس علامت میں مفید دوائیں:

1۔ آرسینک Arsenic 200-30

2۔ رسٹاکس Rhustox 200-30

دونوں کی علامات بالکل مختلف ہیں۔ دونوں میں بے چینی کی علامت پائی جاتی ہے۔ اس لئے

بے چینی اگر ذہنی ہو تو آرسینک دوا ہے۔

بے چینی اگر جسمانی ہو تو رسٹاکس دوا ہے۔

3321۔ جسم کے اندرونی اعضاء میں درد ہوتا ہو۔ مثلاً جگر یا دل میں دُکھن ہوتی ہو۔ معدے میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

ضروری نہیں کہ دُکھن کا یہ احساس سارے جسم میں پھیلا ہوا محسوس ہو۔

3322۔ موسم کی تبدیلی سے جسم میں درد شروع ہو جائے۔ تمام جسم کانپے، بہت کمزوری اور تھکن محسوس ہو۔ مریض بے خوابی کا شکار ہو جائے۔ بخار ہو اور پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا: الیکٹریسی ٹاس Electericy Tas 30

☆☆☆☆☆☆

متفرق جسمانی عوارض اور ان کا علاج

3323۔ جسم میں پن یا چھلتر چلی جائے

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

3324۔ جسم کے اندر کوئی بیرونی مادہ داخل ہو جائے تو اسے فوراً باہر نکالنے پھینکنے کے لئے جسم کو ردعمل دکھانے والی دوا: سلیشیا Silicea 6x

اگر بیرونی مادہ بے جان ہو تو (سلیشیا) اس کے ارد گرد پیپ بنا کر اسے باہر کی طرف دھکیلتی ہے۔ یہ پیپ، موبل آئل کی طرح اس بیرونی چیز کے گرد لپٹ کر اس کی حرکت کو آسان کر دیتی ہے اور اس کو نکالنے کے لئے جو رستہ بناتی ہے اس کے گوشت پوست اور جھلیوں وغیرہ کو زخمی نہیں ہونے دیتی۔

اگر بیرونی مادہ جراثیم یا وائرس یا پیٹ کے کیڑے وغیرہ ہوں تو ان کے خلاف ہر مناسب ردعمل کے لئے جسم کو مستعد کرتی ہے اور یہ دفاعی کارروائی تمام اینٹی بائیوٹک (Anti Biotic) دواؤں سے زیادہ مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

سلیشیا جراثیم اور کیڑوں کے خلاف ردعمل دکھا کر ان کو جسم کے اندر ہی مار کر ان کی پیپ بنا دیتی ہے یا انہیں بغیر پیپ بنائے باہر نکال پھینکتی ہے۔

3325۔ جسم میں لوہے کا کیل داخل ہو جائے یا کوئی اور چیز غلطی سے نگل لی جائے۔ گلے میں مچھلی کا کانٹا پھنس جائے یا بندوق کے چھرے جسم میں رہ جائیں۔ تو اس قسم کی چیزوں کو جسم سے باہر نکالنے کے لئے عجیب کام دکھانے والی دوا:

سلیشیا Silicea 6x

بعض اوقات مچھلی کا کانٹا گلے میں پھنس جاتا ہے جو نکلتا ہی نہیں۔ سلیشیا 6x کھا لینے سے چند منٹوں کے بعد ہلکی سی کھانسی کے ساتھ کانٹا خود بخود باہر نکل جاتا ہے۔

3326۔ فیل پا یعنی ہاتھی کے پاؤں جیسی بیماری (گندے پانی کے ایک کیڑے کا جسم میں داخل ہو جانا)

مفید دوا : سلیشیا　Silicea　6x

افریقہ کے بعض ممالک اور پاکستان میں سندھ کے علاقہ میں گندے پانی کی وجہ سے ایک کیڑا جسم میں داخل ہو جاتا ہے جو بہت خطرناک ہوتا ہے اور اندر ہی اندر فیتے کی طرح لمبا ہو جاتا ہے اور ایک سوت کی گٹھی کی طرح جسم میں ابھار بنا دیتا ہے جو بڑھتے بڑھتے ایک فٹ بال کے برابر ہو سکتا ہے۔ سلیشیا 6x اس کیڑے کو اندر ہی اندر پگھلا دیتی ہے۔ اسے چیرا وغیرہ دے کر باہر نکالنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی کیونکہ ایسے کیڑے کو سرجری کی وجہ سے باہر نکالنے کی کوشش انتہائی خطرناک ہو سکتی ہے۔ اگر یہ پورا نکلنے کی بجائے کہیں سے ٹوٹ جائے جس کا غالب امکان ہوتا ہے یا چاقو لگنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے تو خون کے ذریعہ جہاں بھی یہ ٹکڑے پھیلیں گے اس کا ہر ٹکڑا بہت تیزی سے بڑھنے لگتا ہے اور بہت مہلک ثابت ہوتا ہے۔

سلیشیا اس کیڑے کو پگھلا کر زخم کا چھوٹا سا سوراخ بنا کر اس کا مواد باہر نکال دیتی ہے۔

3327۔ خُلیوں اور عضلات میں پیدا ہونے والی سختی کو دُور کرنے کی

بہترین دوا: کلکیریا فلور　Calc. Fluor　6x

3328۔ ہر عضو جسے زیادہ بوجھ اُٹھانے سے نقصان پہنچا ہو۔ اس میں ناقابل فراموش دوائیں:

1۔ رسٹاکس　Rhustox　200

2۔ کالچیکم　Colchicum　200-30

3329۔ جسم میں چربی کے ٹیومر بن جائیں۔

مفید دوا : برائیٹا کارب　Baryta Carb　30-6x

3330۔ پیٹھ اور جسم پر بہت بھدّے چھوٹے گول اُبھار بن جائیں۔

مفید دوا : برائیٹا کارب　Baryta Carb　30-6x

(کینٹ نے لکھا ہے کہ ہر قسم کے چربی کے غدود۔ رسولیاں۔ لیوپس (Lupus) حتیٰ کہ تپدق کے پھوڑوں میں بھی برائیٹا کارب اچھا اثر دکھاتی ہے)

3331۔ سارے بدن میں خصوصیت سے نچلے اعضاء میں آگ لگنے کا احساس پایا جاتا ہو (اس کے ساتھ دل کی بے چینی اور کمزوری میں لازم ہے)

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

3332۔ ہر قسم کی سوزش اور ورم۔ ٹکور اور یا گرمی سے تکلیف بڑھتی ہو۔

مفید دوا : ایپس Apis 30

3333۔ اگر گرمی کی بجائے سردی سے تکلیف بڑھتی ہو تو

مفید دوا : ایپوسائینم Apocynum 30

ایپس کی نمایاں علامت یہ ہے کہ ورموں میں ٹیسوں کا احساس ضرور ہوتا ہے جیسے مکھی نے ڈنگ مارا ہو۔

ایپوسائینم میں ٹیسوں کا احساس نہیں ہوتا۔

دونوں میں عموماً ورم پلپلی ہوتی ہے۔ مگر ایپوسائینم کی ورم بعض دفعہ سخت بھی ہو جاتی ہے اگر جلد کو دبایا جائے تو جیسا کہ ورم کی جگہ میں عموماً ہوتا ہے کہ دبانے کا نشان کچھ دیر تک اسی طرح رہتا ہے اور آہستہ آہستہ اُٹھ کر باقی جگہ سے مل جاتا ہے۔

3334۔ جسم میں پلپلی ورمیں پائی جاتی ہوں جیسے شہد کی مکھی کے کاٹنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ مفید دوائیں:

1۔ ایپس Apis 30

2۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

نیٹرم میور ایپس کا مزمن ہے۔ ایپس کی ورم کو ایپس دینے سے پوری طرح فائدہ نہ ہو تو وہ نیٹرم میور دینے سے ختم ہو جاتی ہے۔

3335۔ جسم میں جگہ جگہ سوزش کی علامات ملتی ہوں خواہ وہ بیرونی ہوں یا اندرونی۔

کارآمد دوا: آرسینک Arsenic 30

3336۔ مریض کی جلد پر پھلپھلی ورمیں پائی جاتی ہوں اور نیلگوں داغ بھی ملتے ہوں۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

3337۔ گردے خراب ہوں اور آنکھ کے نیچے پھلپھلی ورم پائی جاتی ہو۔ اگر اس کے ساتھ گردوں میں ٹیسیں پڑنے یا گرمی سے تکلیف بڑھنے کی علامت ہو تو۔

مفید دوا : ایپس Apis 30

اگر آنکھ کے اندر تکلیف ہو تو آنکھ کا اندرونی حصہ اور پپوٹوں کے نیچے کی جھلیاں سوج کر بھیانک منظر پیش کرتی ہیں۔ ان میں شوخ سُرخی کے علاوہ چبھن دار درد بھی ہوتا ہے

3338۔ آنکھ میں سوزش بہت نمایاں ہوتی ہو جو ساری آنکھ پر اثر انداز ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرسینک البم Arsenic Alb. 30

3339۔ اگر سوزش اوپر کے چھپر تک محدود رہتی ہو تو

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

3340۔ سوزش کے ساتھ آنکھ کے نیچے پھلپھلی ورم پیدا ہو جاتی ہو تو

مفید دوا : ایپس Apis 30

☆☆☆☆☆☆

Perspiration : پسینہ آنا

3341۔ چہرے کا پسینہ بہت نمایاں ہو۔ یوں معلوم ہوتا ہو جیسے پانی اندر سے پھوٹ رہا ہے۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

3342۔ ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہو۔ مفید دوا: کاربوویج Carboveg 30

3343۔ معدے اور سینے میں شدید اور تکلیف دہ جلن جس کے بعد جلد ٹھنڈی اور ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ آئے (نمایاں علامت)

مفید دوا: ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 30-3

3344۔ سر پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہو، ہاتھ بھی ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا: بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

3345۔ سوتے ہوئے سر پر پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

3346۔ مریض سخت ٹھنڈا ہوتا ہو لیکن اس کے باوجود اسے پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 30

3347۔ مریض سردی محسوس کرتا ہو اس کے باوجود اسے پسینہ بھی آتا ہو۔

مفید دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3348۔ مریض کے پسینہ اور بدن کی بُو میں کھٹاس پیدا ہو جاتی ہو۔ دوسرے لوگوں کو بھی یہ کھٹی بُو محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

چونکہ نیٹرم فاس کے مریض کے معدہ میں تیزابیت پائی جاتی ہے اس لئے اس کے پسینہ اور بدن کی بُو میں کھٹاس پیدا ہو جاتی ہے حتیٰ کہ دوسرے لوگوں کو بھی یہ کھٹی بُو محسوس ہوتی ہے۔

3349۔ بغل کے پسینہ سے پیاز کی بُو آتی ہو۔

مفید دوا : بووسٹا Bovista 30

3350۔ پاؤں اور بغلوں میں بدبُو دار پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

مریض کی بغلیں، پاؤں اور سانس سب متعفن ہوتے ہیں۔ سلفر کا مریض سخت گندہ ہوتا ہے۔ جسم سے بدبُو اور بغلوں اور پاؤں میں بدبُو دار پسینہ آتا ہے۔ صفائی کو قطعاً کوئی اہمیت نہیں دیتا۔

3351۔ مریض کے پسینہ سے میٹھی بُو آتی ہو جس پر مکھیاں بھنبھناتی ہوں۔

مفید دوا : کیلیڈیم Caladium 30

پسینہ آنے اور سونے سے تکلیف میں کمی واقع ہو جاتی ہو۔

3352۔ پاؤں پر سخت بدبُو دار پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فلور Calc. Fluor 30

3353۔ پاؤں میں پسینہ آنا (علامت) مفید دوائیں:

1۔ سلیشیا Silicea 30

2۔ سلفر Sulphur 30

سلفر میں پاؤں گرم رہتے ہیں اور پسینہ آتا ہے اور جلن بھی ہوتی ہے۔ سلیشیا میں سردی کے احساس کے باوجود پاؤں میں پسینہ آتا ہے۔ مزاج کے لحاظ سے سلفر گرم ہے اور سلیشیا ٹھنڈی۔

3354۔ مریض کو کثرت سے پسینہ آتا ہو جس سے بدبُو آتی ہو اور کمزوری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : رس گلابرا Rhus Glabra 6x

3355۔ مریض کا نچلا دھڑ خشک ہوتا ہو اور اوپر کے دھڑ پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

3356۔ مریض کو صبح کے وقت پسینہ بہت آتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

کلکیریا کارب سے فرق یہ ہے کہ کلکیریا کارب میں اوپر کے سارے بدن پر نہیں بلکہ صرف سر پر بہت زیادہ پسینہ آتا ہے۔

3357۔ اوپر کے بدن پر پسینہ آتا ہو لیکن سر پر بالکل نہیں آتا ہو۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 30

3358۔ عام طور پر پسینہ کم ہوتا ہو لیکن کمزوری ہو تو مریض پسینہ سے تر بتر ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سائیکلیمن Cycalmen 30

3359۔ کھانا کھاتے ہوئے پسینہ آتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا : بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

3360۔ کھانا کھاتے ہوئے بہت پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 30

کھانے کے بعد جلن اور تیزابیت زیادہ اور منہ سے پانی آنے لگتا ہے۔

3361۔ جسم میں تیزاب زیادہ ہو جائے اور بعض دفعہ کھانا کھاتے سخت کمزوری کا احساس ہوتا ہو اور مریض پسینہ پسینہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

3362۔ گرم مشروب سے پسینہ آتا ہو۔

مفید دوا : میگنیشیا کارب Mag. Carb 30

3363۔ دایاں اور بایاں ہاتھ باری باری ٹھنڈے اور گرم ہوتے ہوں اور سُن بھی ہو جاتے ہوں۔ نیز ان پر ٹھنڈا پسینہ بھی باری باری آتا ہو (علامت)

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

3364۔ ہاتھ پاؤں دونوں پسینے سے شرابور ہو جاتے ہوں۔ پسینہ میں جلن ہوتی ہو۔ انگلیوں کے درمیان پسینہ آنے کی وجہ سے انگلیاں گل جاتی ہوں اس صورت میں

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

فلورک ایسڈ میں گرمی اور سردی کی علامتیں ادلتی بدلتی رہتی ہیں۔ رات کے وقت بستر میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔ تپش محسوس ہوتی ہے۔ مجبوراً مریض ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارتا ہے...... پاؤں جلتے ہوں اور مریض بستر سے پاؤں باہر نکالتا ہے۔

3365۔ ہیضہ کی حالت میں تشنج کے ساتھ اعضاء برف کی طرح ٹھنڈے ہو جائیں اور ٹھنڈا پسینہ آئے (خاص علامت)

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

کیمفر کے ہیضہ میں حبس بھی نمایاں ہوتی ہے کیمفر میں شدید خوف اور اندیشے بھی پائے جاتے ہیں۔

3366۔ ہیضہ میں سردی کا احساس بہت نمایاں ہوتا ہو اور ٹھنڈے پسینے آتے ہوں اور مریض سر سے پاؤں تک ٹھنڈے پسینوں سے شرابور ہوتا ہو۔

1۔ اجابت تھوڑی ہوتی ہو تو مفید دوا: کیمفر Camphor 30

2۔ بے حد پانی والے کھلے اسہال آتے ہوں جو دیکھتے ہی دیکھتے جسم کا پانی نچوڑ لیتے ہوں تو

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

3367۔ عورتیں اُدھیڑ عمر میں جب حیض بند ہونے کا وقت آئے ...... چہرے پر گرمی کی لہریں محسوس ہوتی ہوں۔ کپڑا اُتار دیں تو سخت ٹھنڈ محسوس کرتی ہوں اور کپڑا

اوڑھیں تو پسینہ سے تر بتر ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : کیمفر Camphor 30

3368۔مریض کے ہاتھ پاؤں سخت ٹھنڈے ہوتے ہوں۔

1۔اگر ہاتھ ٹھنڈے ہونے کے باوجود پسینہ آتا ہو تو

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

2۔اگر ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونے کے باوجود پسینہ نہیں آتا ہو تو

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 30

3369۔دل کے شدید حملہ کی صورت میں مریض بظاہر بے جان ہو چکا ہو۔ماتھے پر سخت ٹھنڈا پسینہ ہو اور سانس کالعدم ہو۔

کارآمد دوا: کاربوویج Carboveg 1000-30

کاربوویج دل کی بیماریوں میں جہاں دل کے اعصاب جواب دے رہے ہوں بہت مفید ہے۔یہ عموماً اعصاب کا بہترین ٹانک ہے۔

3370۔دمہ میں مریض کا جسم سخت ٹھنڈا اور پسینہ سے شرابور ہو جائے اور کمزوری کا یہ عالم ہو کہ بلغم باہر نکالنے کی بھی طاقت نہ رہے۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 200-30

3371۔بچوں کے گردن توڑ بخار میں جو خصوصاً گرمیوں میں ہو......سر اور اوپر کا دھڑ سخت گرم اور نچلا دھڑ ٹھنڈا ہو جاتا ہو۔بہت پسینہ آتا ہو تو

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

3372۔راستہ چلتے ہوئے دوران خون سر کی طرف ہو جاتا ہو۔چہرہ تمتمانے لگتا ہو، شدید کمزوری کے احساس کے ساتھ جسم ٹھنڈا اور پسینہ سے تر بتر ہو جاتا ہو اور غشی

طاری ہو جاتی ہو جسے انگریزی کی اصطلاح میں Apoplexy کہتے ہیں۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

3371۔عورتوں کو دوران حیض عضلات میں اینٹھن ہوتی ہو۔ پسینہ بہت آتا ہو تو

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 30

3372۔سر درد کی شدت سے مریض ٹھنڈا ہوا جاتا ہو، پسینے چھوٹ جاتے ہوں اور اُلٹیاں آنے لگتی ہوں۔

مفید دوا : سپائی جیلیا Spigelia 30

ایسے مریض کو فوراً گرم لحاف اوڑھا کر قہوہ وغیرہ پلانا چاہیئے اور بلا تاخیر سپائی جیلیا شروع کرا دینی چاہیئے۔

3373۔اچانک غم کی کوئی خبر ملے یا مریض کسی وجہ سے جذباتی ہو جائے تو دل کی رفتار ہلکی ہو جاتی ہو۔ جسم پر پسینہ آجاتا ہو، سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

3374۔قبض دائمی ہو چکی ہو اور لمبے عرصے تک کمزوری کا رجحان ہو اور ساتھ ٹھنڈا پسینہ بھی آئے تو

اچھا علاج: وریٹرم البم Veratrum Alb. 30 روزانہ تین بار

3375۔مریض کو پسینہ بھی زیادہ اور پیشاب بھی زیادہ آتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

اگر پسینہ بہت آئے تو پیشاب کی مقدار کم ہو جاتی ہے لیکن نیٹرم فاس میں یہ عجیب بات ہے کہ پسینہ بھی زیادہ اور پیشاب بھی زیادہ آتا ہے۔

3376۔مریض کو بخار میں بہت پسینہ آتا ہو جس سے درجہ حرارت کم نہیں ہوتا ہو

(خاص علامت) مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

بار بار پسینہ آتا ہے جو گرم ہوتا ہے جیسے گرمیوں کی برسات کا پسینہ جو جسم کو ٹھنڈا نہیں کرتا بلکہ گرمی کے احساس کو اور بھی بڑھا دیتا ہے۔

3377۔ بخار کی حالت میں بہت پسینہ آتا ہو۔ بائیں گال پر سُرخ دانے پڑ جاتے ہوں اور پیاس نہیں لگتی ہو۔

مفید دوا: ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 30

3378۔ مریض بات کرتے کرتے ایک دم نڈھال ہو جاتے ہوں اور خون کی کمی کا بھی شکار رہے ہوں۔ دماغی محنت انہیں کمزور کر دیتی ہو جس سے بعض دفعہ وہ پسینہ پسینہ ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا کارب Calc. Carb 30

کلکیریا کارب کا مریض واضح طور پر پہچانا جاتا ہے جسم فربہی مائل ہو، زرد رنگت سر نسبتاً بڑا، پسینہ آنے کا رجحان ہو، جسم کبھی ٹھنڈا کبھی گرم، سارے جسم کا نظام سُست ہو تو یہ کلکیریا کارب کے مریض کی عمومی تصویر ہے۔

☆☆☆☆☆

موٹاپا Fatness

3379۔ ہر قسم کے موٹاپے کیلئے اور وزن کم کرنے کیلئے

1۔ بہت شہرت یافتہ دوا: فائٹولاکا بیری Phytolacca Berry Q

اس کے ساتھ

2۔ کریٹیگس مدر ٹنکچر Crataegus Q

نوٹ فائٹولاکا بیری اگرچہ فیوکس (Fucus) کی طرح دل کے لئے زیادہ

خطرناک تو نہیں ہے لیکن بعض مریض جن کے دل کمزور ہوں اس دوا کے اثر سے دل کی کمزوری محسوس کرتے ہیں۔ان کو فوراً یہ دوا بند کر دینی چاہیئے۔نیز جن کا وزن کم کرنا مقصود ہو انہیں دستور کے طور پر کریٹیگس مدر ٹنکچر (Crataegus Q) ضرور ساتھ ساتھ استعمال کرانی چاہیئے۔جو دل کو طاقت دیتی ہے۔(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 665)

3380۔جسم موٹا ہو گیا ہو خصوصاً پیٹ۔مفید نسخہ

فائیٹو لاکا	Phytolacca	30
فاسفورس	Phosphorus	
کولیسٹرینیم	Cholesterinum	

3381۔جسم بھاری اور موٹا۔عمدہ نسخہ

1۔فائیٹو لاکا	Phytolacca	30 ملا کر
برائیٹا کارب	Baryta Carb	

3382۔عورتیں موٹاپے کا شکار ہوں ہر وقت جسم میں دردیں ہوں اور وہ ہر وقت لیٹی رہیں۔ممکنہ دوا: مینگنیم Manganum 30

3383۔وزن کم کرنے کے لئے عمدہ نسخہ

1۔برائیٹا کارب	Baryta Carb	200	ہفتہ وار تین بار
2۔کلکیریا کارب	Calc. Carb	30	روزانہ تین بار

3384۔عضلات کا ڈھیلا پن،عضلات ڈھیلے ہو کر لٹک جاتے ہوں اور جسم موٹا ہونے لگے۔سارا نظام صحت بگڑ جاتا ہو۔

مفید دوا: کلکریا کارب Calc. Carb 30-6x

کچھ عرصہ مسلسل دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

فالج اور لقوہ کی تکالیف

Paralysis & Facial Paralysis

3385۔فالج کے آغاز میں مؤثر دوا: کلکیر یا آرس Calc. Ars 30

فالجی علامتیں شروع ہوں تو ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں اور جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے یہ فالج کا آغاز ہے۔

3386۔اچانک فالج کے لئے مفید دوا: ایکونائیٹ Aconite 1000-30

اچانک فالج کا مزاج ایکونائیٹ میں پایا جاتا ہے

3387۔جزوی فالج جس کا تعلق محض چند عضلات سے ہو۔

لاجواب دوا: کاسٹیکم Causticum 1000-200

3388۔فالج کے سرعت سے ظاہر ہونیوالے اثرات میں بہت اچھی دوا:

رسٹاکس Rhustox 200

اگر جلد استعمال کی جائے تو فوری فائدہ دیتی ہے۔

3389۔اگر فالج میں دیر ہو جائے تو کارآمد نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200

2۔رسٹاکس Rhustox 200

ادل بدل کر دیں۔رسٹاکس نسبتاً کم گہری اور مزمن دوا ہے۔سلفر کے ساتھ ادلنے بدلنے پر اس کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔سلفر دفاعی ردعمل کو جگا دیتی ہے اور رسٹاکس فالجی اثر کو دور کرتی ہے۔

3390۔خشک سردی میں فالج ہو اور دائیں طرف ہو

مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 1M

اونچی طاقت میں چند خوراکیں دی جائیں۔

3391۔سردی لگنے کے بداثرات سے فالج ہو تو

مفیددوا : کاسٹیکم Causticum 1000-200

کاسٹیکم میں دو تین دن پہلے یا کم از کم چوبیس گھنٹے پہلے سردی لگنے سے اس کے بداثرات آہستہ آہستہ اپنی جگہ بنا کر بیماری کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

3392۔آدھے جسم کا فالج ہو جو زیادہ تر دائیں طرف کے اعضاء پر حملہ آور ہو۔تو مفید نسخہ

1۔رسٹاکس Rhustox 200

2۔سلفر Sulphur 200

باری باری ایک دن نمبر 1۔دوسرے دن نمبر 2۔دو چار دن کے بعد پھر ہفتہ وار باری باری۔پھر ہفتہ وار دینے سے بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔

3393۔دائیں طرف کے آدھے جسم کے فالج کے لئے

مفیددوا : چینوپوڈیم Chenopodium 30

3394۔عمومی کمزوری بہت نمایاں جو بعض اوقات فالج کا باعث بن جاتی ہو۔

مفیددوا : ہیلی بورس Helleborus 30

3395۔فالجی امراض جو آ کر ٹھہر جائیں اور ٹھیک ہونے کا نام ہی نہ لیں ان کے لئے

مفیددوا : زنکم سلف Zincum Sulph 200-30

اگر زنک دی جائے تو اعصاب میں ایک اضطراب پیدا ہو جاتا ہے ایک جدو جہد شروع ہو جاتی ہے اور صاف پتہ چلتا ہے کہ جسم نے بیماری کے خلاف ردعمل دکھایا ہے۔ یہ ردعمل زندگی بچانے کیلئے ضروری ہے۔اگر اعصابی کمزوری کی وجہ سے دبے ہوئے فالج کے خلاف ردعمل پیدا کرنا ہو اور اس کے مریض کی دوا زنک ہو تو اس ردعمل کے خلاف پوری طرح متنبہ کر دینا چاہیئے ...... کیونکہ زنک کا اثر بہت جلد ظاہر ہوتا ہے اور اتنی خوفناک سرسراہٹ ہوتی ہے کہ عین ممکن ہے اس کے گھر والے ڈاکٹر کو مارنے دوڑیں ......اس سرسراہٹ کے بعد اعصاب میں جان پڑنے لگے گی اور فالج ٹھیک ہو گا تو

پھر وہ شکریہ ادا کرنے کیلئے ڈاکٹر کو ڈھونڈیں گے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 806)

3396۔ لمبے پرانے فالجوں کیلئے مفید نسخہ

1۔ رسٹاکس Rhustox 200

2۔ سلفر Sulphur 200

ملا کر۔ اس کے بعد

3۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 30

کلکیریا کارب، سلفر اور رسٹاکس دونوں کی مزمن دوا ہے۔ یعنی ان کے اچھے اثرات کو آگے بڑھاتی ہے۔

3397۔ دائیں طرف کا فالج یا لقوہ کیلئے

مفید دوا: کاسٹیکم Causticum 1000 ہفتہ وار

3398۔ دائیں طرف کے فالج میں بہت کارآمد نسخہ:

لیکیسس Lachesis

لیڈم Ledum

آرنیکا Arnica

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph

30 ملا کر

اگر اس نسخہ سے فائدہ نہ ہو تو پھر اسے چھوڑ کر

1۔ رسٹاکس Rhustox 200

2۔ سلفر Sulphur 200

ادل بدل کر ہفتہ وار استعمال کرائیں۔

3399۔ بُری خبر سننے یا حسد اور جلن سے دائیں طرف کا فالج ہو جائے۔

مفید دوا: ایپس Apis 30

3400۔فالج کے ساتھ جھٹکے لگتے ہوں اور اعضاء مڑنے لگیں تو

امکانی دوا: مرک سال Merc. Sol 30

3401۔چہرے کے دائیں طرف کے فالج یعنی لقوہ میں لاجواب دوا:

کاسٹیکم Causticum 1M-200

سالہا سال کے بعد بھی اگر شروع کروائی جائے تو چند مہینے کے استعمال کے بعد اگر وہ پُرانا فالج مکمل طور پر دُور نہ بھی ہو تو اس میں بہت حد تک نرمی پیدا ہو جاتی ہے۔

3402۔دائیں طرف کا فالج یا لقوہ مفید نسخہ:

کاسٹیکم Causticum
لائیکوپوڈیم Lycopodium
200 ملا کر

3403۔بائیں طرف فالج۔لقوہ کیلئے مفید نسخہ

1۔جلسیمیم Gelsemium
کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 200 ملا کر

2۔سلیشیا Silicea
میگ فاس Mag. Phos
کالی فاس Kali Phos
6x ملا کر دن میں تین بار

3404۔بائیں طرف پورا فالج۔عمدہ نسخہ

1۔جلسیمیم Gelsemium 200 ہفتہ وار

2۔میگ فاس Mag. Phos
کالی فاس Kali Phos
کلکیر یا فاس Calc. Phos
6x

3405۔ بائیں طرف کے فالج کے لئے

1۔ کارآمد دوا: رسٹاکس Rhustox 1000-200

2۔ زیادہ مؤثر نسخہ:

لیکیسس	Lachesis	200
لیڈم	Ledum	200
آرنیکا	Arnica	200

3406۔ جسم کے ایک جانب کے فالج (خصوصاً) بائیں طرف کے فالج مثلاً ایک آنکھ کے فالج کیلئے مؤثر دوا:

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 200-30

کیڈمیم سلف زیادہ تر ایک جانب کی تکالیف کی دوا ہے مَیں نے اسے بائیں طرف کے فالج میں مفید دیکھا ہے۔ فالج کا اثر ایک آنکھ یا جسم کی ایک جانب ہوتا ہے۔

(ہومیو یعنی علاج بالمثل صفحہ 182)

3407۔ جسم کے صرف ایک طرف فالج کا حملہ ہو تو حسب علامات قابل استعمال دوائیں:

1۔ سلفر	Sulphur	200
2۔ کاسٹیکم	Causticum	200
3۔ رسٹاکس	Rhustox	200
4۔ جلسیمیم	Gelsemium	200
5۔ لیکیسس	Lachesis	200
6۔ کیڈمیم سلف	Cadmium Sulph	200

3408۔ نچلے دھڑ کے فالج کیلئے مفید دوائیں:

1۔ کاکولس Cocculus CM

"لمبے عرصہ کے بعد دہرانا پڑتا ہے۔ کاکولس کے اس خاص فالج کے ازالہ کے لئے اگر کوئی دوا کام آسکتی ہے تو کاکولس ہی ہے ورنہ ایسے مریض عموماً زندگی بھر لاعلاج رہتے ہیں۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 312)

2۔ مؤثر دوا: گریفائیٹس Graphites 200

"بالخصوص ٹانگوں کے فالج میں گریفائیٹس بعض اور دواؤں کی طرح بہت مؤثر ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 411)

3409۔ نچلے دھڑ کا فالج اور ریڑھ کے اردگرد کے ریشوں میں سختی پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

3410۔ نچلے دھڑ کے فالج میں مفید دوائیں۔

1۔ خصوصی مؤثر دوا: کاکولس Cocculus CM-1M

2۔ اچھی دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30-6x

اگر نیچے کے دھڑ میں شدید درد ہو جو بعض دفعہ فالج کا پیش خیمہ ہو جاتی ہے تو اس میں برائیٹا کارب مفید ہو سکتی ہے۔

3411۔ ٹانگوں اور بعض مقامی حصوں میں یا کسی ایک طرف کا فالج۔ دائیں طرف بھی ہو سکتا ہے اور بائیں طرف بھی (بشرط مزاجی علامات)

کارآمد دوا: سیکیل کار Secale Corr 200-30

سیکیل میں اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جہاں بھی مرض نمودار ہوگا وہاں سُن ہونے کا احساس ضرور پایا جائے گا اور رات کے وقت تشنج اور اینٹھن میں ضرور اضافہ ہوگا۔ اس کا مریض کھلی ہوا میں آرام محسوس کرتا ہے۔ گرمی، ٹکور اور حیض کے ایام میں اس کی تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔

3412۔ ٹانگیں سُن ہو جاتی ہوں اور بائیں طرف فالج ہونے کا احتمال ہو تو

مفید دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

3413۔ایکسیڈنٹ میں ٹانگیں مفلوج (مفید نسخہ)

1۔آرنیکا	Arnica	1000
2۔رسٹاکس	Rhustox	1000

باری باری نمبر 1 پہلے ہفتے نمبر 2 دوسرے ہفتہ اور

3414۔پولیو کے لئے مفید نسخہ:

1۔رسٹاکس	Rhustox	200
2۔سلفر	Sulphur	200

باری باری ہفتہ میں دو بار۔

بچے کو بخار ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ فالجی اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں ۔اگر کسی کو بہت بچپن میں فالج ہو یا ٹانگ کا کوئی حصہ کمزور ہونے لگے تو فوری طور پر رسٹاکس شروع کروادینی چاہیئے ۔اسے سلفر سے ادل بدل کردیں تو بہت بہتر اثر ہوتا ہے۔سلفر از خود بھی فالجی امراض میں بہت مفید ہے۔اس لئے دونوں مل کر بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 711)

اس نسخہ سے پولیو کے بہت پُرانے مریضوں کو بھی اللہ کے فضل سے بہت نمایاں فائدہ ہوا۔رسٹاکس کا فالج سے بہت گہرا تعلق ہے۔ہومیو ڈاکٹر عموماً پرانے فالجوں میں رسٹاکس کو استعمال نہیں کرتے حالانکہ یہ بہت کارآمد دوا ہے۔شرط یہ ہے کہ سلفر سے ادل بدل کردیں۔

3415۔ٹائیفائیڈ اور پولیو کے چھوڑے ہوئے بداثرات کے لئے مفید نسخہ:

1۔ سلفر	Sulphur	200-30
برائیٹا کارب	Baryta Carb	
یا 2۔ رسٹاکس	Rhustox	200-30
برائیٹا کارب	Baryta Carb	

ایک بچے کی ٹانگیں پولیو کے حملہ کی وجہ سے ٹیڑھی ہوگئی تھیں اسے سلفر اور برائیٹا کارب

دی گئیں جن سے اتنا فائدہ ہوا کہ وہ اب معمول کے مطابق زندگی گزار رہا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 131)

وہ فالج جو پرانے ہو چکے ہوں ان پر بھی برائیکا کارب کا واضح اثر پڑتا ہے خصوصاً ٹائیفائیڈ اور پولیو کے چھوڑے ہوئے بداثرات میں جہاں دوسری دوائیں بالکل ناکام ہوگئی ہوں وہاں سلفر یا رسٹاکس کے ساتھ برائیکا کارب کو باری باری دینا بعض دفعہ حیرت انگیز نتائج ظاہر کرتا ہے۔... اگر مختلف اعضاء اور ٹانگوں پر ٹائیفائیڈ یا پولیو کا اثر ہو تو ٹائیفائیڈ میں نسبتاً کم مگر پولیو میں نسبتاً زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ اگر مکمل شفاء نہ بھی ہو تو اتنا نمایاں فرق پڑ جاتا ہے کہ مریض بہت بہتر ہو جاتا ہے، سوکھتی ہوئی ٹانگ دوبارہ موٹی ہونے لگتی ہے ہاتھ سوکھ رہا ہو تو دوبارہ اپنی اصل حالت کی طرف آنے لگتا ہے۔ مگر ضروری نہیں کہ ایسے ہر بیمار کو مکمل شفاء نصیب ہو جائے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 125-126)

بچوں کے فالج Infantile Paralysis میں رسٹاکس بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔ بچوں کو بخار ہوتا ہے اور اس کے بعد آہستہ آہستہ فالجی اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں اگر کسی کو بہت بچپن میں فالج ہو چکا ہو یا ٹانگ کو کوئی حصہ کمزور ہونے لگے تو فوری طور پر رسٹاکس شروع کروانی چاہیئے اسے سلفر سے اول بدل کر دیں تو بہتر اثر ہوتا ہے۔ سلفر از خود بھی فالجی امراض میں بہت مفید ہے اس لئے دونوں مل کر بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔ پولیو کے بعد بہت پرانے مریض اس نسخہ سے خدا کے فضل سے بالکل شفایاب ہو گئے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 711)

3416۔ اعضاء پر فالجی اثر۔ عضو میں درد ہو اور وہ سُوکھ جائے۔

کارآمد: پلمبم Plumbum 30

"پلمبم کی خاص علامت یہ ہے کہ جس عضو میں درد ہو وہ سُوکھ جائے گا۔ یہ علامت بعض دوسرے فالجوں میں بھی ملتی ہے۔ فالجی بخار مثلاً ٹائیفائیڈ وغیرہ میں اگر کسی خاص عضو پر حملہ ہوا ہو تو وہ حصہ کمزور ہو جاتا ہے لیکن درد کی وجہ سے نہیں۔ ٹائیفائیڈ بعض دفعہ ٹانگوں یا بازوؤں کو مفلوج کر دیتا ہے۔ لیکن ہاتھ درد نہیں آتا۔ جبکہ پلمبم کا فالج جس عضو میں ہو وہ درد بھی ضرور کرتا ہے۔ ایسی صورت میں پلمبم کو فوراً استعمال کرنا چاہیئے۔"

3417۔مریض کے کسی عضو میں درد ہو اور وہ عضو سکڑنے لگتا ہو اور کمزوری ہو جاتا ہو۔ مثلاً ٹانگ میں درد ہے تو ٹانگ چھوٹی ہو جاتی ہو۔درد سے ماؤف ٹانگیں ہوں یا بازو، دونوں سکڑنے لگتے ہوں۔

کارآمد دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

3418۔ہاتھ پر فالج کا اثر، کلائی سکڑ کر لٹک جائے، بہت زیادہ لکھنے کی وجہ سے کلائی بے کار ہو جائے۔(بشرط علامات) حیرت انگیز سریع الاثر دوا:

پلمبم Plumbum 30

پلمبم کے مریض کی زندگی اکثر سست رفتار ہوتی ہے۔ذہن اور اعصاب پر ہلکا سا فالجی اثر دکھائی دیتا ہے۔

3419۔ہاتھ پاؤں میں نیم فالجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔اعضاء میں لرزہ طاری ہو جاتا ہو اور کھچاؤ محسوس ہوتا ہو۔کمزوری کے باعث حرکت کرنے کو دل نہیں چاہتا ہو۔

مفید دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

3420۔رفتہ رفتہ بڑھنے والے فالج جو زیادہ لمبا عرصہ رہنے والے اور گہرے ہوتے ہیں ان میں ایک اہم دوا:

کاسٹیکم Causticum 1000-200

کاسٹیکم کو صرف فوری طور پر ظاہر ہونے والے فالج کی دوا نہیں سمجھنا چاہیے۔کاسٹیکم کا فالج کچھ دن پہلے سردی لگنے کے نتیجہ میں اندر ہی اندر شروع ہو چکا ہوتا ہے۔لیکن جب ظاہر ہوتا ہے تو یوں لگتا ہے جیسے اچانک ہوا ہے۔

3421۔آہستہ آہستہ بڑھنے والی عضلاتی کمزوری اور آہستہ آہستہ بڑھنے والے فالج میں اچھی شہرت یافتہ دوائیں:

1۔ پلمبم میٹ	Plumbum Met.	200-30

2۔ اوپیئم	Opium	200-30

3۔ کالی فاس	Kali Phos	1000-30

کالی فاس کو آہستہ آہستہ اُونچی طاقت میں بڑھا کر دینا چاہیئے۔

پراگریسو مسکولر ڈیسٹرافی (Progressive Muscular Dystrophy) میں دماغ کے مرکزی حصہ میں وہ خُلیے مرنے لگتے ہیں جو عضلات اور ان کی حرکت کی صلاحیت کو کنٹرول کرتے ہیں۔ اس بیماری کا کوئی شافی علاج نہیں ہے۔ ایسے مریض آہستہ آہستہ کمزور ہوتے چلے جاتے ہیں اور اکثر جوانی کی عمر تک پہنچنے سے پہلے ہی وفات پا جاتے ہیں۔

Progressive Muscular by Dystrophy یعنی آہستہ آہستہ بڑھنے والی عضلاتی کمزوری اور آہستہ آہستہ بڑھنے والے فالج میں پلمبم کو اچھی شہرت (حاصل) ہے۔ دو تین قسم کی دوائیں ایسی بیماریوں میں کام آسکتی ہیں۔ اوپیئم اور کالی فاس بھی مفید ہیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 678)

3422۔ ذہن اور اعصاب پر ہلکا سا فالجی اثر دکھائی دیتا ہو۔

مفید دوا : پلمبم	Plumbum	30

مریض سے کچھ پوچھا جائے تو وہ کچھ دیر کے بعد جواب دے گا یا بات کو دہرائے گا۔

اگر مریض بعد از وقت ردعمل دکھائے تو پلمبم خصوصی دوا ہے۔

3423۔ پیانو بجانے والوں کی انگلیوں کے جوڑوں کا فالج۔ انگلیاں بیکار ہو کر لٹک جائیں۔

مشہور دوائیں:

1۔ پلمبم	Plumbum	30

2۔ کیورارے	Curare	30

مؤخر الذکر ایک خطرناک زہر ہے جس کا فالج سے خاص طور پر تعلق ہے۔

3424۔ قبض اور انتڑیوں کی فالجی کیفیت:

مفید دوا : پلمبم Plumbum 30

انتڑیوں کے گرد باریک عضلات کی جھلی ماؤف ہو جاتی ہے اور انتڑیوں میں فضلہ کو آگے دھکیلنے کی طاقت نہیں رہتی۔ یہ فالجی کیفیت آہستہ آہستہ بڑھتی ہے اور قبض گہری اور پرانی ہو جاتی ہے ایسی قبض میں صبر کے ساتھ کچھ عرصہ تک پلمبم دیتے رہنا چاہیئے۔ دس پندرہ دن کے اندر پورا اثر ظاہر ہوگا۔

3425۔ انتڑیوں میں خصوصاً بڑی آنت کے آخری حصہ (Rectum) میں فالج۔

مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 30

اگر انتڑیوں میں خصوصاً بڑی آنت کے آخری حصہ (Rectum) میں فالج ہو رہا ہو تو اجابت غیر شعوری طور پر ہوتی رہتی ہے کیونکہ وہاں فضلہ جمع ہو کر گٹھلیاں سی بن جاتی ہیں اس لئے چلتے پھرتے وہی گٹھلیاں لاشعوری طور پر نکلتی رہتی ہیں۔

3426۔ بڑی آنت کا فالج جو مستقل نہیں بلکہ عارضی حیثیت کا ہوتا ہو۔ اجابت کی حاجت ہوتے رہنے کے باوجود فضلہ نکالنے کی طاقت نہیں ہوتی ہو۔ مریض زور لگانے کے باوجود ناکام رہتا ہو اور دوسرے ذرائع اختیار کرنے پڑتے ہوں۔

مفید دوا : کالچیکم Colchicum 200-30

3427۔ انتڑیوں اور پیٹ کے عضلات میں فالجی کمزوری کی وجہ سے قبض ہو جائے اور فضلہ بہت مشکل سے خارج ہوتا ہو۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

3428۔ انتڑیوں میں فالجی کیفیت اور بہت سخت اور گہری قبض ہو تو

• کارآمد دوا: پلمبم Plumbum 200-30

پلمبم کے مریض کی قبض بہت سخت ہوتی ہے۔ اجابت گول شکل میں ہوتی ہے۔ جس کا اخراج بہت مشکل سے ہوتا ہے...... کئی دفعہ زخم بن جاتے ہیں اور فضلہ نکالنے کے لئے آلات استعمال

کرنے پڑتے ہیں۔اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ انتڑیوں کے گرد باریک عضلات کی جھلی ماؤف ہو جاتی ہے اور انتڑیوں میں فضلہ کو آگے دھکیلنے کی طاقت نہیں رہتی۔یہ فالجی کیفیت آہستہ آہستہ بڑھتی ہے اور قبض گہری اور پرانی ہو جاتی ہے۔ اس قبض میں صبر کے ساتھ کچھ عرصہ تک پلمبم دینے رہنا چاہئے۔ دس پندرہ دن کے اندر پورا اثر ظاہر ہوگا۔کیونکہ جو بیماریاں آہستہ آہستہ آتی ہیں ان کا علاج بھی نسبتاً آہستگی سے ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 677)

3429۔مثانے کا فالج:

کار آمد دوا: پلمبم Plumbum 30

مثانے میں بھی فالجی اثر کے تحت پیشاب دھکیلنے کی قوت کم ہو جاتی ہے اور پیشاب رُک جاتا ہے اور مثانہ میں ہی اکٹھا ہوتا رہتا ہے۔پھر قطرہ قطرہ بہنے لگتا ہے۔اس بیماری کا تعلق پراسٹیٹ سے نہیں بلکہ مثانے کے فالج سے ہے۔

3430۔رفتہ رفتہ انتڑیوں میں فالجی علامتیں ظاہر ہو رہی ہوں اور اجابت کے انداز بدلنے سے شک پڑ جائے کہ انتڑیوں کی طبعی حرکت میں کمزوری آ رہی ہے تو بلاتوقف استعمال کی جانے والی مفید دوا :

زنکم میٹ Zincum Met. 200-30

اگر یہ شک درست ہو تو ایسے تدریجی فالج سے کلیتاً نجات مل سکتی ہے بعض دفعہ ایسے مریض کو زنک دینے سے ردعمل کے طور پر اُلٹیاں آنی شروع ہو جاتی ہیں۔یہ ایک بہت خوش کن علامت ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ واقعی تدریجی فالج تھا جس کے عمل کو زنک نے لوٹا دیا ہے۔زنک کا ردعمل ایک وقتی تکلیف کا دور ہے۔

3431۔گلے کے فالج کا صرف نگلنے کے عضلات سے ہی تعلق نہیں ہو بلکہ بولنے کے آلے پر بھی ہو۔

1۔مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 30

کاسٹیکم کی ایک اور علامت گلے کے اندر فالجی کیفیات کا پیدا ہونا ہے۔کاسٹیکم میں صبح کے

وقت گلا بیٹھتا ہے۔کاسٹیکم کے گلے کی فالجی علامات تدریجاً پیدا ہوتی ہیں اور نگلتے ہوئے خطرہ ہوتا ہے کہ لقمہ غلط نالی میں نہ چلا جائے۔

2۔مفید نسخہ: فاسفورس Phosphorus
برائیونیا Bryonia
کاسٹیکم Causticum
30

یہ نسخہ 30 طاقت سے اونچا استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔لیکن اگر یہ نسخہ کام نہ کرے اور اس میں شامل کوئی ایک دوا مریض کی علامتوں سے زیادہ مشابہ ہو تو نسخہ نا کام بھی ہو جائے تو وہ اکیلی دوا کام کر جاتی ہے۔

3432۔نرخرے میں فالجی کمزوریاں پیدا ہو جاتی ہوں اور وہ عضلات جو خوراک کو غذا کی نالی میں دھکیلتے ہیں کمزور پڑ جاتے ہوں اور بعض اوقات کھانا ناک یا خوراک کی نالی میں چلا جاتا ہو جو بہت خطرناک ہے۔اگر یہ رجحان بڑھ جائے تو بعض دفعہ اس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔اس رجحان کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والی

کارآمد دوا: اوپیئم Opium 200-30

3433۔نرخرے اور غذا کی نالی میں فالجی اثرات نمایاں ہوں، غلط نگلنے کا رجحان ہو اور پانی یا خوراک سانس کی نالی یا ناک میں چلے جائیں۔ان علامات میں

مفید دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 200-30

3434۔زبان کا سوج کر موٹا ہونا اور ہونٹوں کا بے حس ہونا۔لفظوں کی ادائیگی مشکل ہو جاتی ہو۔مفید دوا: لیکیسس Lachesis 200-30

اگر اس قسم کی علامات کسی مریض میں ظاہر ہوں۔سرگرم رہتا ہو اور جسم پر جامنی رنگ کے داغ بھی پڑ جاتے ہوں تو لیکیسس ہی دوا ہے۔دراصل زبان کا موٹا ہونا اور ہونٹوں کی بے حسی منہ اور گلے کے اندر فالجی علامات پیدا ہونے کا آغاز ہے اگر اسے بروقت قابو نہ کیا جائے تو زبان اور گلے پر فالج گر سکتا ہے۔اس لئے ایسے مریض کو فوری طور پر لیکیسس دینی چاہیئے۔

3435۔زبان کا جزوی فالج اور ہکلانا.

1۔بہترین دوا: کاسٹیکم Causticum 30

2۔مفید نسخہ: کاسٹیکم Causticum
سٹرامونیم Stramonium
30 ملا کر

ایسے مریضوں میں جہاں خوف وجہ نہ ہو بلکہ ہکلانے کا آغاز زبان کے جزوی فالج سے ہوا ہو وہاں کاسٹیکم بہترین علاج ہے۔اس فالج کے نتیجہ میں اگر بچہ ایک دفعہ ہکلانا شروع کر دے تو خوف بھی ساتھ شامل ہو جاتا ہے۔ایسے موقع پر اگر سٹرامونیم کے ساتھ کاسٹیکم ملا کر دی جائے تو فالج کا اثر بہت جلد زائل ہونے لگتا ہے۔

3436۔زبان مفلوج ہو جائے اور لکنت کے آثار ظاہر ہونے لگیں۔زبان سانپ کی طرح باہر نکلتی اور سکوتی ہو۔

مفید دوا: کیوپرم Curpum 30

3437۔زبان کا فالج۔زبان خشک اور کھردری ہو۔ (نمایاں علامت)

مفید دوا: ڈلکامارا Dulcamara 30

3438۔بوڑھے آدمیوں کی زبان کے فالج کے لئے

مفید دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30-6x

بوڑھے آدمیوں کی زبان کے ساتھ اس کا گہرا تعلق ہے۔

3439۔زبان کا فالج ہو جبکہ گلا ٹھیک ہوتا ہو لیکن زبان کام نہیں کرتی ہو ایسے فالج میں بہت

مفید دوا: میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

اس میں زبان بہت خشک رہتی ہے۔

3440۔مریضوں کے کھانے کی نالی میں فالج ہو جاتا ہو اور وہ کوئی ٹھوس چیز نگل نہیں

سکتے ہوں۔اس علامت میں مفید دوا :

لیک کینائینم Lac. Cann. 200-30

بعض بچوں میں فالجی کیفیت تو نہیں ہوتی ہے لیکن اس نظام کی کمزوری کی وجہ سے ٹھوس چیز نگلنے کی طاقت نہیں رہتی ہے۔لیک کینائینم کا تعلق صرف عضلات کے فالج سے ہے دوسری کمزوری سے نہیں۔

3441۔قوت سماعت کے آلات کا فالج:

مفید دوا : چینو پوڈیم Chenopodium 30

3442۔آنکھوں کے اعصابی ریشوں کا فالج: اگر اعصاب کلیتاً مرے نہ ہوں بلکہ نیم مردہ ہوں تو ایسے نیم مردہ اعصاب کو دوبارہ زندگی بخشنے کی طاقت رکھنے والی دوا:

چینو پوڈیم Chenopodium 30

3443۔سردرد جو (آنکھوں کے) فالج پر منتج ہو اس کی دوا:

کاسٹیکم Causticum 200-30

1۔اگر ایسی سردرد سے بینائی جاتی رہے لیکن کچھ عرصے بعد واپس آ جائے اور کوئی فالجی علامات ظاہر نہ ہوں تو مفید دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

2۔اگر فالجی علامات ظاہر ہوں تو مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 200-30

3444۔آنکھوں کے چھپر کا تدریجی فالج

1۔مفید دوا : کاسٹیکم Causticum 200-30

2۔مفید نسخہ: کاسٹیکم Causticum 200

سلفر Sulphur 200

یہ مریض چونکہ سست رفتار ہے اس لئے شفاء کا عمل بھی وقت چاہتا ہے۔مستقل مزاجی سے علاج جاری رکھنا چاہیئے۔کبھی کبھی (کاسٹیکم کا) سلفر کے ساتھ اولنا بدلنا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

3445۔آنکھ کے پپوٹے کا فالج (خاص علامت)

مفید دوا : کونیم Conium 200-30

کونیم کا فالج آہستہ آہستہ بڑھتا ہے۔اگر اسی وقت کونیم دے دی جائے تو بیماری مزید نہیں بڑھتی اور جلد شفاء ہو جاتی ہے اگر فالج ہو جائے تو پھر ٹھیک ہونے میں وقت لگتا ہے۔

3446۔جلد کا فالج اور بے حسی۔فالج ہونے سے پہلے جلد بہت زیادہ زود حس ہو جاتی ہو۔ مفلوج حصّوں میں درد اور چیونٹیاں رینگنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

3447۔جلد یا اندرونی جھلیوں کے قریب اعصابی ریشوں کا فالج۔

ناقابل فراموش دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

3448۔رحم میں فالجی علامات: خاوند کی وفات یا علیحدگی کے غم کے نتیجہ میں رحم میں فالجی علامات پیدا ہو جائیں جو آہستہ آہستہ بڑھیں جلد کے سُن ہونے کا احساس بھی ہو اور ہاتھ پاؤں کا سونا بھی اور چکر بھی پائے جائیں تو

ضروری دوا: کونیم Conium 200-30

اس کے نتیجہ میں رحم کے منہ پر سوزش ہو تو اس میں بھی کونیم مؤثر ثابت ہوگی۔اگر کونیم دوا نہ بھی ہو تو اس کے شروع کروانے سے جبکہ دوسری دوائیں بھی دی جائیں نقصان کوئی نہیں۔

اعضاء کا سُن ہو جانا Numbness

3449۔اعضاء کا بھاری پن اور سُن ہو جانا (خاص علامت)

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 30-6x

3450۔اعضاء انفرادی طور پر سُن ہو جاتے ہوں۔ناک یا کان کا سُن ہو جانا۔

مفید دوا : کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

3451۔اعضاء میں سُن ہونے کا احساس، کمزوری اور جلن کا پایا جانا (عمومی مزاج)

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

3452۔دائیاں بازو اور دائیں سائیڈ ساری سُن ہو جائے۔ہائیڈروسیل بھی ہو۔

1۔رسٹاکس Rhustox 200

2۔سلفر Sulphur 200

باری باری نمبر 1 صبح نمبر 2 شام۔پھر ہفتہ میں دو بار

3453۔ہاتھ پاؤں کا سونا اور عضلات کا بے حس ہو جانا (علامت)

1۔کالی فاس Kali Phos 200-6x

2۔رسٹاکس Rhustox 200-30

کالی فاس کے تمام اخراجات بدبُو والے ہوتے ہیں۔رسٹاکس کے مریض کے اخراجات میں ایسی بُو نہیں ہوتی۔

3454۔ہاتھ پاؤں کانپتے ہوں اور سُن ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

3455۔ہاتھ پاؤں سونے کی علامت میں بشرط مزاج

مفید دوا : سیپیا Sepia 30

3456۔بڑھاپے میں ہاتھ پاؤں کا سونا

مفید دوا : ایمبراگریسیا Ambra Grisea 30

3457۔ہاتھ پاؤں کا سونا۔ٹانگیں سُن ہو جائیں۔خاص طور پر پنڈلیوں کے اعصاب پر اثر ہو۔

مفید دوا: کاربو ویج Carboveg 30

3458۔ہاتھ پاؤں سُن ہونے کا رجحان۔(علامت)

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

اس میں عموماً جسم تلے دبا ہوا حصہ سُن نہیں ہوتا بلکہ دوسرا حصہ سُن ہو جاتا ہے۔

3459۔ہاتھ پاؤں سوتے ہوں۔دماغی اور جسمانی طور پر سُستی طاری ہو جاتی ہو اور سارا نظام حیات ہی سُست رفتار ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

3460۔اگر بازو سو جائے تو مفید نسخہ:

سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	
کالی فاس	Kali Phos	

3461۔بائیں بازو کا سُن ہونا۔(خاص علامت)

ایکٹیا ریسی موسا Actaea Racemosa 30

3462۔بائیں بازو میں سُن ہونے کا رجحان اور کھچاؤ (علامت)

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

بعض دفعہ دل کی بیماری کے آغاز میں یہ علامت پیدا ہوتی ہے۔مگر ضروری نہیں کہ بائیں بازو کا درد دل ہی کا ہو۔معدے کی تیزابیت سے بھی یہ علامت پیدا ہوتی ہے۔لیکن اگر تنگی اور گھٹن ہو جیسے کسی نے مضبوطی سے بھینچ دیا ہے یا دھڑکن اور گھٹن ہونے کا احساس بھی ہو تو کیکٹس ہی دوا ہوگی۔

3463۔دل کی کمزوری یا بیماری کی وجہ سے بائیں بازو میں سُن ہونے کا احساس

اور بڑھتی ہوئی فالجی کیفیت پیدا ہوتو۔ مفید نسخہ

1۔ لیکیسس Lachesis
آرنیکا Arnica
200 ملاکر

کچھ دن دیں۔ اگر فائدہ نہ ہوتو

2۔ رسٹاکس Rhus Tox 200 کچھ خوراکیں دیں

اور پھر لیکیسس 200 اور آرنیکا 200 دوبارہ شروع کردیں۔

3464۔ بازو اور ہاتھ سُن ہو جاتے ہوں۔ اعصاب میں سوجن بھی نمایاں ہوتی ہوتو

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

3465۔ بایاں ہاتھ سُن ہو جاتا ہو اور بازو بھی متاثر ہوتا ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

3466۔ ہاتھ پاؤں سونے اور کہنی کے تشنجی دردوں کی علامت میں

مفید دوا : ایتھوزا Aethusa 30

ایتھوزا میں ہاتھ پاؤں کے سونے اور تشنجی دردوں کی علامت بھی ملتی ہے۔ کہنی کے جوڑوں میں تشنج ہوتا ہے اور پاؤں میں سُن ہونے کا احساس ہوتا ہے۔

3467۔ پاؤں سے پیٹ تک کا حصہ بے حس محسوس ہو۔

مفید دوا : کونیم Conium 1000

3468۔ ٹانگیں بے حس ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

3469۔ سر سُن ہونے کا احساس جو تمام جسم میں پھیلتا ہوا محسوس ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea 30

3470۔سر کا سُن ہو جانا (سب سے نمایاں علامت)

مفید دوا : ایسافیٹیڈا Asafoetida 30

سُن ہونے کا احساس بسا اوقات سر کی بیرونی جلد تک ہی محدود ہوتا ہے لیکن کبھی سر کے اندر اور دماغ میں بھی محسوس ہوتا ہے اور دونوں صورتوں میں کچھ درد کا احساس بھی پایا جاتا ہے۔ہائیڈرو سائنک ایسڈ اور ٹیرنٹولا ہسپانیہ اور کونیم میں بھی سُن ہونے کا احساس عام ہے۔ایسافوٹیڈا میں مریض بہت زود حس ہوتا ہے۔رات کو تکلیف بڑھ جاتی ہے کھلی ہوا،حرکت اور دباؤ سے کمی محسوس ہوتی ہے۔

3471۔سر کی جلد سُن ہو جائے۔حس ختم ہو جائے اور یوں محسوس ہو کہ سر کا پچھلا حصہ لکڑی

کا بنا ہوا ہے۔اس تکلیف میں بہترین دوا:

فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3472۔سارا سر سُن ہو جاتا ہو اور بہت بوجھل محسوس ہوتا ہو۔ذرا سی حرکت حتیٰ کہ آنکھ جھپکنے کی حرکت بھی ناقابل برداشت ہوتی ہو۔اس لئے مریض آنکھیں بند کر کے لیٹا رہتا ہو۔

مفید دوا : اوپیئم Opium 200-30

3473۔کانوں میں سُن ہونے کا احساس پایا جاتا ہو اور سُن ہونے کا یہ احساس صرف جلد تک محدود ہوتا ہو۔جلد گرم اور خشک ہوتی ہو۔

فوری فائدہ بخش دوا: جلسیمیم Gelsemium 200-30

3474۔جلد کے سُن ہونے کا احساس اور ہاتھ پاؤں سونا۔چکر بھی پائے جائیں تو

ضروری دوا: کونیم Conium 30

3475۔جلد اور اندرونی جھلیاں رفتہ رفتہ بے حس ہو جائیں تو

مفید دوا: کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

3476۔زبان احساس سے عاری ہو جائے۔منہ کے اندرونی حصے خصوصاً زبان کا بے حس ہو جانا۔(نمایاں علامت)

کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

3477۔ریڑھ کی ہڈی میں سُن ہونے کا احساس۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

اسے فوراً استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ سُن ہونے کا احساس کسی وقت اچانک فالج میں تبدیل ہو سکتا ہے۔

3478۔انسان جس پہلو لیٹے وہ بہت جلد سُن ہو جاتا ہو اور ٹانگوں میں سونے کا رجحان پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : ایلومینا Alumina 30

3479۔احساس کا آہستہ آہستہ مدہم ہونا اعصاب کے مستقل سُن ہونے میں تبدیل ہو جاتا ہو۔جلد بے حس ہو جاتی ہو۔پاؤں اور دیگر اعضاء میں آہستہ آہستہ جان اور احساس کی طاقت مٹتی چلی جاتی ہو۔جب بیماری بہت بڑھ جائے تو مریض جسمانی طور پر کمزور ہوتے ہوتے آخر ہڈیوں کے گرد لپٹا ہوا جلد کا ایک تھیلا سا بن جاتا ہو۔

کارآمد دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 200-30

رعشہ CHOREA

3480۔رعشہ: جسم اور ہاتھ کانپتے ہوں۔اعصاب میں جھٹکے لگتے ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔جلسیمیم Gelsemium 200

تین چار دن روزانہ ایک بار۔پھر ہفتہ وار

2۔اگریکس Agaricus 30 روزانہ تین بار

اگیریکس ایک ایسی دوا ہے جس کی سب سے نمایاں علامت جسم کا کانپنا ہے۔ عضلات کی کمزوری اور نفسیاتی تناؤ سے اعصاب اور عضلات لرزتے ہیں۔ ہاتھ کانپتے ہیں اور اعصاب میں جھٹکے لگتے ہیں اور سارے جسم میں کپکپی محسوس ہوتی ہے۔

3481۔ عمومی نقاہت سے ہاتھ کانپنے لگتے ہوں اور کچھ اُٹھانے کی طاقت نہیں رہتی ہو۔ چائے کی پیالی اُٹھانی بھی مشکل ہو جاتی ہو۔ (بشرط علامات)

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

مرکری کی علامات بڑھ جاتی ہوں تو مذکورہ علامات ظاہر ہوتی ہیں۔

3482۔ مریض کی جلد پر کپکپی طاری ہو جاتی ہو۔ کوئی چیز پکڑتے ہوئے ہاتھ کانپتے ہوں۔

اعضاء آپس میں ہم آہنگ نہیں ہو سکتے ہوں اور ان میں عدم توازن پایا جاتا ہو۔ مریض اچانک مڑ نہیں سکتے ہوں۔ انہیں آہستہ آہستہ مُڑنا پڑتا ہو ورنہ شدید چکر آتے ہوں۔

مفید دوا : کاکولس Cocculus 30

3483۔ جسم اور ہاتھ کانپتے ہوں۔ مفید نسخہ

1۔ جلسیمیم Gelsemium 200 ہفتہ میں دو بار

2۔ کالی فاس Kali Phos 6x روزانہ تین بار

3484۔ اعصاب خصوصاً چہرے کے اعصاب پھڑ کنے لگیں۔ مفید دوائیں:

1۔ کلکیریا سلف Calc. Sulph 30

2۔ اگیریکس Agaricus 30

3۔ کالی فاس Kali Phos 30

عضلات کے پھڑکنے میں بھی کلکیریا سلف مفید ہے۔ خصوصاً اگر چہرے کے اعصاب پھڑکنے لگیں۔ اگر کمزور اعصاب کے مریضوں میں ذہنی دباؤ ہو تو عضلات پھڑکنے لگتے ہیں۔ اگیریکس اور کالی فاس بھی مفید ہیں۔

3485۔ بڑی عمر کے مریضوں کو رعشہ ہو جائے۔ مفید اور لازمی دوا:

کروٹیلس Crotalus 30

اگر تمام اعصابی نظام بگڑنے کے نتیجہ میں جسم کمزور ہو جائے۔ ہاتھ پاؤں کانپنے لگیں نسبتاً بڑی عمر کے مریضوں کو رعشہ ہو جائے تو اس میں کروٹیلس مفید بلکہ لازمی دوا بن جاتی ہے۔

3486۔ ایک طرف کے بازو اور ٹانگ کی مسلسل خود بخود ہونے والی حرکت۔

مشہور دوا: ہیلی بورس Helleborus 30

3487۔ ٹانگوں اور بازوؤں کی متوازن حرکت پر قابو نہ رہے اور چلنے میں پاؤں اِدھر اُدھر پڑتے ہوں۔

مفید دوا: الیومینا Alumina 30

3488۔ لیٹے لیٹے جسم پر اچانک لرزہ سا آجاتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

اس کے جھٹکے زلزلہ کی طرح اچانک اور سخت ہوتے ہوں۔

3489۔ جسم پر لرزہ تشنجی جھٹکے اور چکر آنا۔

مفید دوا: کونیم Conium 30

3490۔ ذرا سے اچانک شور سے جسم لرز اٹھتا ہو۔

مفید دوا: زنکم Zincum 30

3491۔ سر اور ہاتھ خود بخود ہلتے رہیں اور رعشہ سا ہو جائے۔

اچھی دوا: زنکم Zincum 30

3492۔ دائیں بائیں سر ہلانا اور سر کو تکیے میں دھنسانے کی کوشش کرنا۔ (علامت)

مفید دوا: زنکم میٹ Zincum Met. 30

3493۔مریض کو ہلکے سے شور سے بھی جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

3494۔مریض اندرونی طور پر کپکپاہٹ محسوس کرتا ہو اور بیرونی جسم نہیں لرزتا ہو۔

اندرونی لرزش کے لئے مفید دوائیں:

1۔ سٹفی سیگریا Staphysagria 30

2۔ جلسیمیم Gelsemium 30

3495۔مریض کے سارے جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی ہو لیکن اس کا سردی کے احساس سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہو۔ بلکہ اس کے بغیر ہی جسم میں تھرتھراہٹ اور لرزہ طاری ہو جاتا ہو۔(علامت) مفید دوا: سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

3496۔مریض کے تمام اعضاء میں لرزہ طاری ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

3497۔مرگی سے ملتی جلتی بچوں کی بیماریوں میں اعضاء کی بے اختیار حرکت جو بلا ارادہ شروع ہو جائے ایک امکانی دوا: مرکری Merc. Sol 30

3498۔تمام اعضاء کانپتے ہوں خصوصاً ہاتھ پاؤں، اعضاء میں جھٹکے بھی لگتے ہوں۔ غیر معمولی بھاری پن تھکاوٹ اور کمزوری محسوس ہوتی ہو اور کھچاؤ بھی محسوس ہوتا ہو جو رات کو بستر کی گرمی میں بڑھ جاتا ہو۔

کارآمد دوا : مرکسال Merc. Sol 30

3499۔اچانک خوف اور دہشت کی وجہ سے یا گہرے غم کے نتیجہ میں جسم کانپنے لگے۔

فوری مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 200-30

3500۔ مریض خواب میں ڈر کر یا کسی اجنبی کو اچانک دیکھ کر خوف سے کانپنے لگتا ہو۔ کوئی ہیجانی کیفیت ہو اور خوف غالب آجاتا ہو۔ جسم ٹھنڈا اور نیلا ہو جاتا ہو۔ بعض دفعہ مرگی کے دورے پڑنے لگتے ہوں۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 200-30

ظاہر ہے کہ ایسے مریض کا دل کمزور ہوگا اور دل کے مریضوں کے لئے یہ ایک قوی دوا ہے۔

3501۔ آنکھیں لرزتی اور ڈولتی رہتی ہوں اور نظر ایک جگہ ٹکتی نہیں ہو آنکھوں کی پتلیاں گھڑی کے پینڈولم کی طرح حرکت کرتی رہتی ہوں۔

مفید دوا: ایگریکس Agaricus 30

3502۔ سارا جسم دھڑکتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔ جہاں بھی درد ہو اگر وہاں اچانک ہو تو اس میں دھڑکن آجائے، جھٹکے اور شور سے تکلیف بڑھتی ہو، گرمی کا احساس ہوتا ہو تو

کارآمد دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

3503۔ فالجی علامتیں شروع ہوں ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہوں اور جسم پر کپکپی طاری ہونے لگتی ہو (یہ فالج کا آغاز ہے۔)

مفید دوا: کلکیریا آرس Calc. Ars. 30

3504۔ مریض کے پٹھے پھڑکتے ہوں۔ پٹھوں کے پھڑکنے کیلئے

بہت اچھی دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

☆☆☆☆☆

تشنج اور تشنجی جھٹکے

3505۔روزمرہ کے تشنج کے ازالہ کیلئے بہترین عمومی دوا:

نکس وامیکا 30 Nux Vomica

نکس وامیکا پنڈلیوں کے تشنج میں بھی مفید ہے آغاز ہی میں دے دی جائے تو بہت جلد اثر دکھاتی ہے۔اگر تشنج میں بیلاڈونا کی علامتیں پائی جائیں تو بھی نکس وامیکا شافی ثابت ہو جاتی ہے۔تشنج کے معاملہ میں نکس وامیکا میں کچھ تضاد بھی پایا جاتا ہے مثلاً کمر درد کو ٹھنڈ سے تکلیف مگر پیٹ درد کو گرمی سے تکلیف ہوگی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ نکس وامیکا میں متعدد کیمیائی عناصر شامل ہیں جو مختلف اوقات میں اپنے الگ الگ اثرات ظاہر کرتے ہیں۔نکس وامیکا میں بیلاڈونا اور کیوپرم کے اجزاء شامل ہونے کی وجہ سے بعض تکلیفوں میں گرمی نقصان پہنچاتی ہے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 639-640)

3506۔تشنجات کی چوٹی کی دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

تشنج اور تشنجی جھٹکے اس کی خاص علامت ہیں۔اگر اعصابی بے چینی ہو زود حسی ہو اور معمولی سے دباؤ سے بھی اعصاب جھنجھنا اٹھیں اور تشنج شروع ہو جاتا ہو جو جسم کے مرکز سے کناروں کی طرف حرکت کرتا ہو تو سیکوٹا کی یہ علامت دوسری دواؤں کے برعکس ہے۔کیونکہ تشنجی کیفیت عموماً ہاتھ کی انگلیوں اور پاؤں کے تلووں سے شروع ہو کر اوپر جسم میں منتقل ہوتی ہے۔لیکن سیکوٹا میں اگر معدے سے تشنج شروع ہو تو وہ حرکت کر کے باقی اعضاء میں پھیل جاتا ہے۔گردن میں اکڑاؤ اور تشنج شروع ہو تو وہ جسم کے نچلے حصوں میں منتقل ہو جاتا ہے۔مرکز سے کناروں کی طرف حرکت اس دوا کی خاص علامت ہے۔

3507۔ہر بیماری میں شدید تشنج اور اینٹھن پائے جاتے ہوں جو جسم کے تمام عضلات پر حاوی ہو جاتے ہوں۔

کارآمد دوا: کیوپرم Cuprum 200-30

کیوپرم میں تشنجی کیفیات بہت نمایاں ہوتی ہیں اور کیوپرم کا تصور ان کیفیات کے بغیر ممکن ہی نہیں۔یہ تشنج اتنا شدید اور ناقابل برداشت ہوتا ہے کہ مریض مرنے کی تمنا کرتا ہے۔

3508۔ تشنج کا آغاز عموماً معدہ یا دل کے ارد گرد سنسناہٹ سے ہوتا ہو۔

مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

3509۔ معدے میں اعصابی تشنج ہو تو مفید دوا :

سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

3510۔ پیٹ میں مروڑ اور تشنج ہو تو

فوری مؤثر دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 200-30

3511۔ پیٹ کے تشنج میں اس کا اثر زائل کرنے کیلئے

بہترین دوا: کالچیکم Colchicum 200

3512۔ شدید پیٹ درد اور تھوڑے اسہال جس کے ساتھ تشنجی دورے ہوں۔ پیٹ تن جائے۔ چھونے سے درد ہوتا ہو اور اندر کی طرف کھچاؤ محسوس ہوتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 200-30

3513۔ معدے کے تشنج کا درد دل کی جانب لپکتا ہو۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Discorea 30

3514۔ معدے کے تشنج سے پیدا ہونیوالی ہچکی (علامت)

کارآمد دوا: کیوپرم Cuprum 200-30

3515۔ خالی پیٹ رہنے سے پیٹ میں تشنجی درد ہوتا ہو۔ پیٹ میں کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا: ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

3516۔ سر اور گردن کے عضلات تشنج کی وجہ سے پیچھے کی طرف کھنچ جاتے ہوں۔

1۔ بہت مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

2۔ بہت عمدہ دوا: سائنا Cina 30

سیکوٹا وروسا میں تشنج گردن کے پیچھے کی طرف ہوتا ہے اور مریض پیچھے کی طرف کمان کی طرح اکڑ جاتا ہے۔ سائنا کے تشنج میں سیکوٹا کی طرح گردن پیچھے کی طرف اکڑ جاتی ہے۔

3517۔ دماغ کے خون کی شریانوں میں تشنجی علامات ظاہر ہو جاتی ہوں جن کے نتیجہ میں مریض بے سروپا باتیں کرتا ہو۔ حافظہ بالکل جواب دے جاتا ہو۔ ہذیان کے علاوہ بے ہوشی بھی ہوتی ہو۔ عضلات میں جھٹکے لگتے ہوں اور تشنج ہوتا ہو۔ پٹھے پھڑکتے ہوں۔

کارآمد دوا: کیوپرم Cuprum 30

3518۔ مریض کی دماغ کی جھلیوں میں یا بیرونی عضلات میں تشنج ہو تو درد کی لہریں پاؤں کے انگوٹھے تک نیچے اُترتی ہوں۔

مفید دوا: ڈائسکوریا Dioscorea 30

3519۔ دماغ کے ورم سے پیدا ہونے والی اینٹھن (تشنج) کے لئے

مفید دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-6x

3520۔ تشنج اور اینٹھن خصوصاً کسی ایک عضو میں مثلاً تلووں، پنڈلیوں یا بازوؤں کے کسی حصہ میں تشنج شروع ہو جاتا ہو۔ (بشرط دیگر علامات)

مفید دوا: سیکیل کار Secale Corr. 30

3521۔ اعضاء میں اینٹھن ہوتی ہو اور جھٹکے لگتے ہوں۔ گردن پیچھے کی طرف اکڑ جاتی ہو۔ ہاتھوں کی انگلیاں اندر کی طرف مڑ جاتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 200-30

2۔سائنا Cina 200-30

3522۔سر، بازوؤں اور ہاتھوں میں تشنج ہونے کا رجحان ہوتو

مفید دوا : اوپیئم Opium 30

3523۔عضلات میں مرگی کا تشنج ہواور فالجی کمزوریاں پائی جاتی ہوں (علامت)

مفید دوا : چائنا China 200-30

3524۔دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور تشہد کی انگلی میں تشنج ہونے لگتا ہو جو لکھتے ہوئے کچھ بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا: سائیکلیمن Cyclamen 30

3525۔مریض کے سب عضلات پھڑکتے ہوں۔اعصاب میں شعلہ سا لپکتا ہو اور تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔ایسی چبھن ہو جیسے سوئی سے ٹانکا بھرا ہو۔اعصاب میں تشنج اور اکڑاؤ پیدا ہو جاتا ہو۔بعض جگہ کے اعصاب پھڑکنے لگتے ہوں۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

3526۔پنڈلیوں کے تشنج میں مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

آغاز میں دے دی جائے تو بہت جلد اثر دکھاتی ہے۔اگر تشنج میں بیلا ڈونا کی علامتیں پائی جائیں تو بھی نکس وامیکا ہی کافی ہوتی ہے۔

3527۔پنڈلیوں کے نہایت تکلیف دہ تشنج کیلئے

بہترین دوا: کاربوویج Carboveg 30

اگر یہ تشنج بڑھ کر مرگی کے دوروں میں تبدیل ہو جائیں تو کریفائٹس کام کرتی ہے۔

3528۔چہرے کے عضلات میں تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 30

3529۔ تشنجی کیفیت رفتہ رفتہ بڑھتی جاتی ہو اور عضلات کو متاثر کرتی ہو۔ جلد سُن ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : پلاٹینم   Platinum 30

3530۔ اعصاب میں بے چینی اور عضلات میں تشنج پیدا ہو جائے تو مفید دوائیں:

1۔ میگنیشیا فاس   Mag. Phos 6x

2۔ کالی فاس   Kali Phos 6x

کالی فاس کا تشنج زیادہ تر دھڑ کے نچلے حصہ سے تعلق رکھتا ہے عموماً رانوں پنڈلیوں یا پاؤں میں تشنجی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ میگ فاس کا تعلق جسم کے ہر حصہ سے تعلق رکھتا ہے اور بعض دفعہ انتڑیاں بھی اس سے متاثر ہوتی ہیں۔

3531۔ جسم کو شدید جھٹکے لگتے ہوں اور دندل پڑ جانے کا رجحان ہو تو

مفید دوا : پلمبم میٹ   Plumbum Met. 200-30

3532۔ اعصاب کے عارضی تشنج کی بہترین دوا:

پلمبم میٹ   Plumbum Met. 30

3533۔ نازک اعصاب کو چوٹ لگ جائے یا کوئی کانٹا چبھ جائے تو اس کے نتیجہ میں تکلیف عموم سے زیادہ محسوس ہوتی ہو۔ اگر اس سے تشنج شروع ہو جائے تو مفید اور

مؤثر دوائیں: 1۔ سیکوٹا وروسا   Cicuta Virostsa 200-30

2۔ آرنیکا   Arnica 200-30

3۔ لیڈم   Ledum 200-30

3534۔ پرانی چوٹوں سے پیدا شدہ تکالیف میں (خصوصاً سر پر چوٹ کے بداثرات بعض اوقات فالجی بیماریوں پر منتج ہو جاتے ہوں۔

1۔ مفید دوا : سیکوٹا وروسا   Cicuta Virosa 200-30

2۔مفید نسخہ: آرنیکا Arnica
نیٹرم سلف Nat. Sulph
1000-200

اس کے بعد

3۔ اوپیئم Opium
پلمبم Plumbum
200-30

3535۔چوٹ لگنے سے تشنج ہونے لگے یا مرگی کے دورے پڑنے لگیں تو

مفید دوا: سیکوٹاوروسا Cicuta Virosa 30

3536۔اعصاب زخمی ہونے اور اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی تکلیفوں (تشنج) کیلئے مفید دوائیں:

1۔ہائی پیریکم Hypericum 30

2۔سٹفی سیگریا Staphysagria 30

3۔رُوٹا Ruta 30

3537۔مریض کو تیز روشنی، چمک دار اشیاء یا پانی دکھائی دے تو اسے تشنج ہو جاتا ہو۔

کارآمد دوا: ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

3538۔مریض پانی پینے سے ڈرنے لگتا ہو اور پانی بہنے کی آواز طبیعت میں ہیجان پیدا کردیتی ہو۔ گلے میں تشنج ہو جاتا ہو اور پانی اندر نہیں جاسکتا ہو۔

مفید دوا: ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

ڈاکٹر کینٹ نے لکھا ہے کہ بیلاڈونا، ہائیوسیمس، کینتھرس اور ہائیڈروفوبینم اس مرض کی بہترین دوائیں ہیں۔ میرے تجربہ میں ہے کہ سٹرامونیم اور ہائیڈروسائینک ایسڈ دونوں اس رجحان کا قلع قمع کرنے والی دوائیں ہیں۔

3539۔اگر پانی پیتے ہوئے گلے میں تشنج پیدا ہو جائے تو اس میں مفید دوائیں:

1۔سٹرامونیم Stramonium 200-30

2۔ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

3540۔سینہ کے درمیان میں درد نچلے حصہ میں بہت تکلیف دہ تشنجی کیفیت۔مریض سمجھتا ہو کہ وہ اس تکلیف سے مر ہی جائے گا۔سینہ سے لیکر پیٹھ تک چاقو کی طرح چیرنے والے درد کا احساس ہوتا ہو۔

جادو اثر دوا: کیوپرم Cuprum 30

3541۔کالی کھانسی اور دمہ کے انتہائی تشنج میں ضروری دوا:

کیوپرم Cuprum 30

3542۔کالی کھانسی کے تشنج میں مفید دوا: ڈروسرا Drosera 30

3543۔دمہ یا کالی کھانسی کے تشنج کی وجہ سے سانس بند ہو جائے اور مریض بے ہوش ہو جائے تو

1۔فوری مؤثر اور چوٹی کی دوا:

ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

2۔بہترین ان ہیلر:

200
- ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid
- ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum

اگر دمہ یا کالی کھانسی کی وجہ سے سانس بند ہو جائے اور مریض بے ہوش ہو جائے تو فوراً ہائیڈروسائینک ایسڈ دینے سے مریض کئی قسم کے خطرات سے بچ جاتا ہے ورنہ تشنج کے نتیجہ میں دماغ کو آکسیجن نہ ملنے کی وجہ سے بعض اوقات وہ مستقل ذہنی مریض بن جاتا ہے یا بعض

اوقات تشنج کی سختی کی وجہ سے اس کی فوری موت واقع ہو جاتی ہے۔اس صورت میں ہائیڈرو سائینک ایسڈ چوٹی کی کام آنے والی دوا ہے۔اسے ہائیڈروفوبینم کے ساتھ ملا کر 200 طاقت میں دیا جائے تو بہترین ایلوپیتھک ان ہیلر (In haler) سے بھی بہتر کام کرتی ہے اور اس کے استعمال سے ان ہیلر (In haler) والے نقصانات بھی نہیں ہوتے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 453-454)

3544۔سانس کی نالی کے تشنج میں بہت مفید ثابت ہونیوالی دوا:

ہائیڈروفوبینم Hydrophobinum 200

یہ تشنج کی بہت اہم دوا ہے۔اس کے تشنج کا روشنی اور پانی کی زود حسی سے تعلق ہوتا ہے۔

3545۔گرمی کے موسم میں سانس کی نالی میں تشنج ظاہر ہو اور ٹھنڈی چیز اور برف کی ٹکور سے فائدہ ہو تو

فوری مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

3546۔دمہ، مرگی اور کالی کھانسی کے تشنج کیلئے

بہترین دوا: ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

3547۔سخت تشنج کی حالت میں جبڑے بھنچ جاتے ہوں۔منہ سے جھاگ نکلتی ہو اور ہونٹ نیلے ہو جاتے ہوں۔سینے میں درد اور گھٹن کا احساس ہوتا ہو۔(علامت)

مفید دوا :ہائیڈروسائینک ایسڈ Hydrocyanic Acid 200

3548۔مرگی اور تشنج کے نتیجہ میں بے ہوشی کے دورے کے بعد مریض بہت فکرمند اور بے چین رہتا ہو۔اس پریشانی کو دُور کرنے میں

ایک بلند پایہ دوا : ڈروسرا Drosera 30

خواہ تشنج مرگی کا ہو یا نہ بھی ہو ڈروسرا مفید دوا ہے۔

3549۔ مریض کو رات کو سوتے ہوئے مرگی کے دورے پڑ جاتے ہوں اور تشنجی کیفیت ہوتی ہو، ہاتھوں کی انگلیوں میں بھی اینٹھن ہوتی ہو تو

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

3550۔ مرگی کے دوروں سے قبل گدی سے سر درد شروع ہو کر آگے پیشانی میں آتا ہو اور رگی میں تشنج بھی نمایاں ہو۔ اُنگلیوں میں جھٹکے لگتے ہوں اور تکلیف سے مریض کی چیخیں نکل جاتی ہوں نیز دورے کے وقت پیشاب اور پاخانہ خطا ہو جاتا ہو تو اس کا

بہترین علاج: کیوپرم Cuprum 30

3551۔ مرگی اور ہیضہ میں تشنج اور نیلاہٹ نمایاں ہو تو

مفید ثابت ہونیوالی دوا : کیوپرم Cuprum 30

3552۔ ہیضے میں تشنج کا آغاز پیٹ سے ہوتا ہو جو بہت شدید ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: کیوپرم Cuprum 30

کیوپرم میں اسہال کھل کر نہیں بلکہ رُک رُک کر تھوڑے تھوڑے آتے ہیں۔ اگرچہ ہاتھ پاؤں بھی مڑتے ہیں مگر پنڈلی کا تشنج پیٹ کے تشنج کے بعد ہر دوسرے تشنج سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ ان تشنجی علامات کے ساتھ کیوپرم کی عمومی نیلاہٹ اس کے مریض کی شناخت کو مزید پختہ کر دیتی ہے۔ جب تشنج کا دورہ ہو تو ہاتھوں کی مٹھیاں شدّت کے ساتھ بھنچ جاتی ہیں۔ اسی طرح پاؤں کے پنجے بھی تشنج کی وجہ سے مڑ جاتے ہیں۔ یہ اینٹھن ہاتھوں اور پاؤں سے آگے بڑھ کر ٹانگوں اور بازوؤں تک پہنچتی ہے اور تمام جسم اکڑ جاتا ہے۔

3553۔ نوجوان بچیوں میں حیض کے دوران کمر اور پیٹ میں تشنج ہوتا ہو۔ اگر یہ تشنج پنڈلیوں میں منتقل ہو جائیں تو

مفید دوا: کیوپرم Cuprum 30

3554۔ گُردے کے تشنج کا درد جگر کی طرف حرکت کرتا ہو تو

مفید دوا : ڈائسکوریا 30 Dioscorea

3555۔ پتہ کے شدید درد اور تشنج میں کارآمد دوا: کیوپرم 30 Cuprum

3556۔ پتہ کی پتھری سے پیدا ہونے والے تشنج کو دُور کرنے کیلئے (بشرط مخصوص علامات)

مفید دوا : ڈائسکوریا 30 Dioscorea

اس کی مخصوص علامت یہ ہے کہ تشنج خواہ پتے میں ہو یا پیٹ کے کسی حصہ میں اس میں ہمیشہ دباؤ سے نقصان پہنچتا ہے اور انگڑائی لے کر ماؤف جگہ پر دباؤ کم کرنے سے آرام ملتا ہے۔ پتے میں تشنج ہو تو درد کی لہریں سینے سے ہوتی ہوئی کندھوں کی طرف بڑھتی ہیں اور بازوؤں میں منتقل ہو کر ہاتھوں تک اُترتی ہیں۔

3557۔ دوران حیض تشنجی کیفیات پیدا ہو جائیں اور سب سے پہلے انگلیاں متاثر ہوں تو

اصل دوا: کیوپرم 30 Cuprum

یہ تشنج اُنگلیوں سے شروع ہو کر تمام جسم میں پھیل جاتا ہے اور جسم اکڑ جاتا ہے اور بے ہوشی ہو جائے اور ہذیانی کیفیت ہو اور آنکھیں اُوپر کو چڑھ جائیں تو فوری طور پر کیوپرم استعمال کرنی چاہیئے۔

3558۔ وضع حمل کے وقت عارضی تشنج سے مریضہ عارضی طور پر بینائی کھو بیٹھتی ہو اور عارضی اندھا پن پیدا ہو جائے تو

کارآمد دوا: کیوپرم 30 Cuprum

3559۔ بوڑھا آدمی جو لمبے عرصہ سے تجرد کی زندگی گزار رہا ہو شادی کرلے کو (مجامعت کے وقت) اسے بعض دفعہ تشنج شروع ہو جاتا ہو جو اکثر پاؤں یا پنڈلیوں سے چل کر اوپر کمر تک پھیل جاتا ہو۔

بہترین دوا: کیوپرم 30 Cuprum

جسم کا دھڑکنا

3560۔سارا جسم دھڑکنے لگتا ہو۔انگلیوں کی پوروں سے لیکر پاؤں کے پنجوں تک دھڑکن محسوس ہوتی ہو (دھڑکن بہت نمایاں ہو)

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

3561۔تکیہ پر سر رکھتے ہی دھڑکن محسوس ہوتی ہو جس کی وجہ سے نیند نہیں آتی ہو اور یہ دھڑکن سارے جسم میں پھیل جاتی ہو۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

گلونائن کی ایک ہی خوراک اس تکلیف کو ختم کر سکتی ہے اور مریض پُرسکون نیند سو جاتا ہے۔

3562۔تمام جسم میں دھڑکن پائی جاتی ہو جو کیکڑس کی طرح شدید ہوتی ہو۔لیکن تشنج اور درد کا فقدان ہوتا ہو (خاص علامت)

مفید دوا : کریوزوٹم Kreosotum 30

☆☆☆☆☆

رسولیاں، گلٹیاں اور ٹیومرز Tumours

3563۔رسولیوں کے لئے مفید دوا :

پروٹو آئیوڈائیڈ Proto Iodide 1000

ڈاکٹر کینٹ کے تجربہ میں آیا کہ انڈے کے برابر رسولی اس دوا کے استعمال سے بالکل ختم ہوگئی۔یہ دوا دائیں طرف کی تکلیف میں زیادہ اثر دکھاتی ہے اس کی دوسری قسم Bin Iodide بائیں طرف کی تکلیف میں مفید ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 599-600)

3564۔ پیٹ میں رسولی کے لئے نسخہ

1۔کالوفائیلم	Caulophyllum	200
پوڈوفائیلم	Podophyllum	
سلفر	Sulphur	

ہفتہ میں دوبار۔ اس کے ساتھ

2۔کلکیر یافلور	Calc. Fluor	6x
کالی فاس	Kali Phos	
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

دودوٹکیاں ملاکرروزانہ تین بار۔

3565۔مثانہ میں رسولی کے لئے نسخہ

1۔سورائینم Psorinum 1000

دس دن کے وقفہ سے تین خوراکیں۔ اس کے ساتھ

2۔کلکیر یافلور	Calc. Fluor	6x
کالی فاس	Kali Phos	
سلیشیا	Silicea	

دودوٹکیاں ملاکرروزانہ تین بار۔

3566۔رحم میں رسولی مفید نسخہ

1۔سلفر	Sulphur	200-30
برائیونیا	Bryonia	

اس کے ساتھ

2۔ بیلاڈونا	Belladonna	200
کالوفائیلم	Caulophyllum	
پوڈوفائیلم	Podophyllum	

باری باری نمبر 1 اور نمبر 2 ہفتہ میں دو بار۔

3567۔ یوٹرس (رحم) میں رسولیاں (ایک اور نسخہ)

1۔ سلفر	Sulphur	200-30
برائیونیا	Bryonia	
2۔ بیلاڈونا	Belladonna	200-30
کالوفائیلم	Caulophyllum	
پوڈوفائیلم	Podophyllum	

باری باری نمبر 1 اور نمبر 2 ہفتہ میں دو بار۔ اور

3۔ کلکیریا فلور	Calc. Fluor	6x
کالی میور	Kali Mur	
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

3568۔ رحم کی رسولیوں میں (بشرط علامت) اچھی مؤثر دوا:

آیوڈم Iodum 30

اس میں لیکوریا گاڑھا اور تیز سوزش پیدا کرنے والا ہوتا ہے۔ تکلیفیں گرمی سے بڑھتی ہیں۔ مریض کو ٹھنڈی ٹکور، کھانا کھانے سے اور کھلی ہوا میں چہل قدمی سے آرام ملتا ہے۔

3569۔ گلٹیاں جو کینسر کی نہ ہوں ان کے لئے

شفا بخش دوا: مرکری Merc. Sol 30

3570۔ ہر قسم کی گلٹیاں جن میں کینسر بننے کا رجحان ہو۔ قابل استعمال دوا:

6x	Calc. Fluor	کلکیر یا فلور

3571۔ کینسر کی گلٹیاں جو جلد پر ظاہر ہو کر پھٹ جائیں ان کا

بہترین مقامی علاج: خالص شہد کا لیپ

3572۔ جسم میں گلٹیاں ہوں تو کارآمد نسخہ

200	Baryta Carb	1۔ برائیٹا کارب
6x	Calc. Fluor	2۔ کلکیر یا فلور
	Kali Mur	کالی میور
	Silicea	سلیشیا
	Mag. Phos	میگ فاس
	Nat. Mur	نیٹرم میور

3573۔ جسم میں اندرونی یا بیرونی گلٹیاں یا ٹیومر، عام گلٹیوں کے لئے نسخہ:

200	Bacillinum	1۔ بیسیلینم
	Baryta Carb	برائیٹا کارب
	Belladonna	بیلاڈونا

چند دن روزانہ ایک بار۔ پھر ہفتہ میں دو بار۔ اس کے ساتھ

6x	Calc. Fluor	2۔ کلکیر یا فلور
	Kali Phos	کالی فاس
	Silicea	سلیشیا

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

3574۔ جسم میں گلٹیوں کے لئے ایک اور نسخہ

کالی میور	Kali Mur	
سلیشیا	Silicea	30 روزانہ تین بار
فیرم فاس	Ferr. Phos	

3575۔ اگر مندرجہ بالا نسخہ سے آرام نہ آئے تو اس کی بجائے حسب ذیل نسخہ

A۔ کروٹن	Croton	1000
B۔ سلفر	Sulphur	1000

باری باری ہفتہ میں ایک خوراک A کی اور ایک B کی۔

علاوہ ازیں: کینتھرس	Canthoris	
نیٹرم میور	Nat. Mur	30 روزانہ تین چار بار
ہیپر سلف	Hepar Sulph	

3576۔ جلد کے اندر چربی کی گلٹیاں بن جائیں جو بڑی ہو کر بہت بھدّی اور بدزیب دکھائی دیتی ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ برائیٹا کارب	Baryta Carb	30

اگر برائیٹا کارب سے تکلیف دور نہ ہو تو

2۔ کونیم	Conium	30

''کونیم میں سینے اور سارے جسم میں گلٹیاں اور اُبھار بننے کا رجحان ہوتا ہے اور چھوٹے چھوٹے اُبھار آہستہ آہستہ بنتے رہتے ہیں اور بظاہر ان میں کینسر کا کوئی نشان نہیں ملتا۔'' (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 329)

3577۔ جسم پر چربی کے ٹیومر بن جاتے ہوں۔ پیٹھ اور جسم کے دیگر حصوں پر موٹی موٹی

گلٹیاں نظر آتی ہوں۔

مفید دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 30-6x

برائیٹا کارب میں جو گلینڈ ایک دفعہ موٹا ہو جائے وہ کم نہیں ہوتا۔ باقی جسم سُوکھ جائے تو سوجی ہوئی گلٹیاں یا بڑھا ہوا پیٹ کم نہیں ہوں گے۔ اس صورت میں بار بار برائیٹا کارب اونچی طاقت میں دینی پڑتی ہے۔ برائیٹا کارب لمبے عرصے تک مسلسل دی جا سکتی ہے۔

کینٹ نے لکھا ہے کہ ہر قسم کے چربی کے غدود، رسولیاں، لیوپس (Lupus) حتیٰ کہ تپ دق کے پھوڑوں میں بھی برائیٹا کارب اچھا اثر دکھاتی ہے۔ لیکن مجھے ان امور کا بھی کوئی تجربہ نہیں۔ جسم کی بیرونی سطح پر اُبھرنے والے موٹے موٹے ٹیومر جو بہت بدزیب دکھائی دیتے ہیں مَیں نے بارہا ان میں برائیٹا کارب استعمال کروائی مگر فائدہ نہیں ہوا۔ ممکن ہے وہ چربی کے ٹیومر ہوں کیونکہ برائیٹا کارب کا تعلق صرف چربی کے ٹیومر سے ہوتا ہے ان میں واقعتاً یہ فائدہ دیتی ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 128)

3578۔ پاؤں کے نیچے گلٹیاں۔ مفید نسخہ

برائیٹا کارب Baryta Carb
آرنیکا Arnica
200

3579۔ گھٹنوں کی پچھلی طرف کے خم میں گلٹیاں بن جائیں۔

مفید دوا: کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

3580۔ ہاتھوں اور چہرے پر مٹر کے دانوں کے برابر اُبھار بن جائیں۔

مفید دوا: سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

3581۔ ہاتھوں کے ٹیومرز کیلئے مؤثر دوا:

ہیکلا لاوا Hekla Lava 30

3582۔ اُنگلیوں کے کناروں یا پاؤں کے پنجوں کے کناروں اور اُنگلیوں کے جوڑوں پر خصوصیت کے ساتھ اُبھار بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

3583۔ دماغ میں ٹیومر کے لئے نسخہ (Brain Tumour)

1۔ آرسینک البم Arsenic Alb. 200

2۔ فاسفورس Phosphorus 200

باری باری ایک رات۔ ایک دوسری رات۔ اس کے ساتھ

3۔ کالی فاس Kali Phos — 6x

کلکیریا فلور Calc. Fluor — 6x

کلکیریا فاس Calc. Phos — 6x

سلیشیا Silicea — 6x

میگ فاس Mag. Phos — 6x

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

3584۔ دماغ کے ٹیومر میں مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

اس کی پوٹینسی کے چناؤ میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے علاج ہمیشہ 30 سے شروع کرنا چاہیئے اور اسے حسب ضرورت رفتہ رفتہ بڑھانا چاہیئے۔

3585۔ ریڑھ کی ہڈی میں ٹیومر۔ (نسخہ)

1۔ کلکیریا فلور Calc. Fluor 1000

2۔ بیسیلینم Bacillinum 1000

باری باری پہلے چند دن کے وقفہ سے۔ پھر ہفتہ وار

3586۔ ٹیومر کا ایک مفید نسخہ

1۔ سلفر	Sulphur	200	صبح روزانہ
2۔ رسٹاکس	Rhustox	200	شام روزانہ
3۔ فاسفورس	Phosphorus	30	شام روزانہ
4۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	6x	
فیرم فاس	Ferr. Phos	6x	
کالی فاس	Kali Phos	6x	
سلیشیا	Silicea	6x	

ایک دن کے وقفہ سے مندرجہ ذیل شروع کر دیں۔

5۔ برائیونیا	Bryonia	200	
6۔ آرنیکا	Arnica	200	باری باری۔
7۔ نکس وامیکا	Nux. Vomica	30	صبح و شام

3587۔ ٹیومر کا ایک اور نسخہ

1۔ بیسیلینم	Bacillinum	200	
برائیٹا کارب	Baryta Carb	200	
بیلاڈونا	Belladonna	200	
2۔ کلکیریا فلور	Calc. Fluor	6x	ملا کر
سلیشیا	Silicea	6x	ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	6x	ملا کر

3588۔ کلائی کے غدود پھول کر سخت ہو جائیں۔

مفید دوا: کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

غدودوں یعنی گلینڈز کے عوارض

Glandular Ailments

3589۔غدودوں کی بیماریاں آہستہ آہستہ پیدا ہوتی ہوں اور پھر بڑھتے بڑھتے مستقل ہو جاتی ہوں گلینڈز میں مادا ے بیٹھ جاتے ہوں اور غدود مستقل طور پر متورم ہو کر ان کی ہیئت میں تبدیلیاں پیدا ہو جاتی ہوں تو بہت مفید دوائیں:

1۔ برائیونیا Bryonia 200-30

2۔ مشابہ دوا: کاسٹیکم Causticum 200-30

برائیونیا کو آرنیکا کے حوالے سے بھی یاد رکھنا چاہیے۔

3۔ مشابہ دوا: فائیٹولا کا Phytolacca 30

اگر برائیونیا اثر نہ دکھائے تو اس کے بعد فائیٹولا کا دینا چاہیے۔

3590۔غدودوں کی پُرانی بیماریوں کیلئے مؤثر نسخہ:

کالی میور	Kali Mur	6x
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

ملا کر یا باری باری دی جائیں تو غدودوں کی پُرانی بیماریوں میں مؤثر ثابت ہوتی ہیں۔

3591۔غدودوں کا سخت ہونا اور سوج جانا۔اگر سختی اور سوزش مستقل ٹھہر جائیں اور ان میں پیپ پیدا ہونے لگے تو

1۔ بلا تامل دی جانے والی دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

2۔ بہت اچھی دوا: کلکیر یا سلف　　30 Calc. Sulph

3592۔جسم میں ہر جگہ غدود بڑھ جاتے ہوں اور سخت ہو جاتے ہوں۔

1۔ مفید دوا : آیوڈم　　30 Iodum

2۔ مشابہ دوا: کونیم　　30 Conium

آیوڈین میں غدودوں کے اندر کی سوزش اور ان کے سخت ہونے کی علامت پائی جاتی ہے۔آیوڈین کی ایک خاص علامت یہ ہے کہ سارے جسم کے غدود پھولنے لگتے ہیں اور سخت ہو جاتے ہیں۔لیکن عورتوں کی چھاتیوں کے غدود سکونے لگتے ہیں اور بالکل جھلی سی باقی رہ جاتی ہے۔یہ اسکی ایک استثنائی علامت ہے ورنہ عموماً یہ ہوتا ہے کہ سارا جسم سُوکھ رہا ہوتا ہے اور غدود بڑھ رہے ہوتے ہیں۔

3593۔جسم سوکھ رہا ہو اور اس کے ساتھ ساتھ غدود بڑھ رہے ہوں تو

مفید دوا : آیوڈم　　30 Iodum

اگر کسی کا جسم سُوکھ رہا ہو اور اس کے ساتھ ساتھ غدود بڑھ رہے ہوں تو ایسے مریض کو آئیوڈم کی ضرورت ہے۔اس میں غدود اور جسم بیک وقت موٹے نہیں ہوتے۔

3594۔عورتوں کے سینے میں چھوٹی چھوٹی گانٹھیں اور اُبھار بننے لگیں تو

مفید دوا : کونیم　　30 Conium

3595۔اندرونی اعضاء مثلاً جگر،تلی پھول کر سخت ہو جائیں اور سارا جسم پھول جائے

(اس کے باوجود بھوک بدستور موجود ہے۔)

مفید دوا : آیوڈم　　30 Iodum

عموماً ایسی سوزش اور غدودوں کی تکلیف کے نتیجہ میں مریض کو دست لگ جاتے ہیں

3596۔پیٹ کے غدود بہت زیادہ پھول جائیں اور ان میں گانٹھیں نمودار ہو جائیں۔

مفید دوا : آیوڈم　　30 Iodum

3597۔ پیٹ کے غدود بڑے ہو کر گٹھلیاں بن جائیں تو اس میں مفید دوا :

نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3598۔ بغلوں کے نیچے غدود بڑے اور سخت ہو جائیں۔

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

3599۔ بغلوں کے غدود سوج جاتے ہوں اور ان میں زخم بننے کا رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : کونیم Conium 30

3600۔ بغلوں کے غدود بڑھ جائیں تو اس بیماری میں

1۔ مفید دوا : لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 30

2۔ اچھی مؤثر دوا: سلیشیا Silicea 1000

3۔ مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

اونچی طاقت میں سلیشیا دینے سے گٹھلی اندر ہی اندر گھل جاتی ہے لیکن اگر گٹھلی پکنے کے قریب ہو تو پھر اونچی طاقت کی بجائے چھوٹی طاقت میں سلیشیا یا ہیپر سلف دینی چاہیے۔

3601۔ گردن کے غدودوں میں پیپ پڑنے کا رجحان۔

مفید دوا : انسولین Insulin 30

3602۔ غدودوں کی سوزش سے گردن کے دونوں اطراف میں غدود پھول جائیں۔

بہت مفید دوا : کالی فاس Kali Phos 1000

بسا اوقات گردن کی دونوں اطراف میں غدود پھول جاتے ہیں۔ یہ تپ دق یا کینسر کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ ایسے مریضوں کو براہ راست سلیشیا دیں تو بعض اوقات خطرناک نتائج نکلتے ہیں لیکن حسب حالات مریض کو سلیشیا دیتے وقت کئی دوسری دوائیں پہلے یا ساتھ ملا کر دینی پڑتی ہیں۔ انہی دواؤں میں سے ایک کالی فاس ہے جس سے سلیشیا کا ردعمل متوازن ہو

جاتا ہے۔....کالی فاس کی ایک ہزار طاقت کی خوراک دے کر چند دن انتظار کر لیا جائے۔ بعض اوقات اسی سے حیرت انگیز نتائج سامنے آتے ہیں اور ایک ہی خوراک غدودوں کو چھوٹا کرنے لگتی ہے۔ ایسی صورت میں سلیشیا دینے کی بھی ضرورت نہیں رہتی آٹھ دس دن کے بعد ایک خوراک اور دی جاسکتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 507)

3603۔ تھائیرائیڈ (Thyroid) کی ہر قسم کی خرابی بہت کارآمد دوا:

برومیم Bromium CM-30

اگر دوسری دوائیں علامات ملنے کے باوجود کام نہ کریں اور غدود بہت سخت ہو جائیں اور رفتہ رفتہ بڑھیں تو ایسی صورت میں برومیم کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے۔ اس میں یہ صلاحیت ہے کہ سخت جمی ہوئی گٹھلیوں کو بھی آہستہ آہستہ گھلانے لگ جاتی ہے۔ مگر اسے لمبے عرصہ پر پھیلا کر دینا چاہیئے۔ 30 طاقت سے شروع کریں پھر 200 دیں، پھر کچھ دیر ٹھہر کر 1000 اور پھر اس سے اونچی طاقت میں دے کر دوائی دینی بند کر دیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 159)

3604۔ گردن کے دونوں طرف سُوجے ہوئے غدودوں کا سلسلہ، پہلوؤں سے نیچے تک اُترتا جاتا ہو اور ان میں ایسا مواد پیدا ہوتا جاتا ہو۔ غدودوں کو سخت کر دیتا ہو۔

مفید دوا : کونیم Conium 30

کونیم کے غدود بیماری ٹھیک ہو بھی جائے تو وہ پہلی حالت پر واپس نہیں آتے۔

3605۔ تھائیرائیڈ گلینڈ سوج کر پتھر کی طرح سخت گلھڑ بن جائے اور بہت بڑھ جائے۔

مفید دوا : کلکیر فلور Calc. Fluor 1000

نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x گلے کے غدود سے اس کا گہرا تعلق ہے

3606۔ گلھڑ یا تھائیرائیڈ کے بڑھنے میں مفید دوا :

سپونجیا Spongia 30

اس کی گلٹیاں پتھر کی طرح سخت نہیں ہوتیں بلکہ اسفنج کی طرح نرم نرم اور انگلی کے دباؤ سے دبنے والی ہوتی ہیں۔

3607۔ بڑھے ہوئے غدودوں اور غدودوں میں زخموں کے لئے

مؤثر دوا: لیک کینائینم Lac. Caninum 30

''اس دوا میں اعصابی علامات بہت نمایاں ہوتی ہیں۔غدودوں پر بھی یہ اثر انداز ہوتی ہے۔ بڑھے ہوئے غدودوں کو ٹھیک کر دیتی ہے۔اگر غدودوں میں زخم ہو جائیں تو ان کی سطح بہت چمکدار ہو جاتی ہے۔ایسی چمک پائی جاتی ہے جو نظر کو بری لگتی ہے۔تناؤ بھی ہوتا ہے لیک کینائینم ایسے زخموں کو ٹھیک کر دیتی ہے۔''

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 526)

3608۔ گلینڈز کی زیادہ خطرناک گہری بیماریوں میں

1۔ کارآمد دوا: سلیشیا Silicea 30-6x

سخت غدودوں کا نرم کرنے میں سلیشیا ایک اہم دوا ہے۔کلکیر یا فلور، برائیٹا کارب، فائیٹو لاکا اور کاسٹیکم بھی مفید ہیں۔

2۔ دیگر کارآمد دوائیں:

1۔ کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	6x
2۔ برائیٹا کارب	Baryta Carb	6x
3۔ فائیٹو لاکا	Phytolacca	200-30
4۔ کاسٹیکم	Causticum	200-30

3609۔ جبڑوں، گردن اور بغلوں کے غدود تیزی سے سخت اور بڑے ہونے شروع ہو جائیں اور مریض ٹھنڈا ہو تو

1۔ قابل استعمال دوا: سلیشیا Silicea 30-6x

سلیشیا گلینڈز کی زیادہ خطرناک اور گہری بیماریوں میں کام آتی ہے۔سخت غدود کو چھوٹا اور نرم

کرنے میں سلیشیا ایک اہم دوا ہے۔ کلکیریا فلور، برائیٹا کارب، فائیٹو لاکا اور کالسیکم بھی مفید ہیں۔

3610۔ جڑوں اور گردن کے غدود تیزی سے سخت اور بڑے ہونے شروع ہو جائیں اور کینسر کا احتمال ہو تو

1۔ سلفر CM Sulphur

جب اس کے استعمال سے مریض ٹھنڈ محسوس کرنے لگے تو پھر نمبر 2

2۔ سلیشیا CM Silicea ایک خوراک

3611۔ عورتوں کے جسم میں غدود بڑھ جائیں تو

بہت مفید دوا : سلیشیا Silicea 6x

3612۔ گلے کے غدود پھول جائیں اور درد کے علاوہ اتنے متورم ہو جائیں کہ گلے

کے باہر گردن پر بھی ورم نمایاں ہو جائے اور سُرخی بھی پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

3613۔ گلے کے غدود اندر کو بڑھے ہوئے اور متورم ہوں اور کھٹی اور سبز رنگ کی قے آتی ہو تو بالمثل ثابت ہونے والی دوا:

نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3614۔ لڑکیاں بلوغت کی عمر کو پہنچ رہی ہوں اور ان کے گلے کے غدود (تھائیرائیڈ گلینڈ) پھول جائیں تو

ناقابل فراموش دوا: کلکیریا آئیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

کلکیریا کا خصوصیت سے اس دور سے تعلق ہے۔ ایسی بچیوں کو بلاتاخیر یہ دوا دینی چاہیئے۔

3615۔ گلینڈز (غدود) میں سوزش ہو جاتی ہو تو

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

3616۔ گلینڈز خصوصاً گلے کے اُوپر کے حصہ میں مستقل سوجن ہو جاتی ہو۔ ہر دفعہ بیماری کا حملہ اس سوجن میں اضافہ کر دیتا ہو تو

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

گلے کے غدود اگر ایک دفعہ سوج جائیں تو پھر کم ہونے کا نام نہیں لیتے اور مستقل سوجے ہی رہتے ہیں۔

3617۔ گلے کے غدود سوج کر کن پیڑوں کی طرح موٹے ہو جاتے ہوں۔

بہت مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 30

3618۔ خنازیر (ہجیروں) یعنی گلے کے باہر گلٹیوں کی زنجیر سی بن جائے اور گلینڈز سوجے ہوں۔

(خاص علامت) سسٹس Cistus 30

3619۔ خُلیوں کی سوزش (Cellulitis) میں جو غدودوں اور جلد کی بیرونی سطح اور اندرونی جھلیوں سے تعلق رکھتی ہیں درد اور اینٹھن کی علامت پائی جاتی ہو تو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

3620۔ بچوں کے غدود پھیل جائیں اور جسم لٹکا ہوا اور ڈھیلا ڈھالا ہو تو ان کے لئے

مفید دوا : سپونجیا Spongia 30

3621۔ ٹھوڑی دُہری ہو جاتی ہو اور نرم نرم گوشت لٹکنے لگتا ہو تو اس کے لئے

ممکنہ دوا : سپونجیا Spongia 30

3622۔ کلائی کے غدود پھول کر سخت ہو جائیں تو

مفید دوا : کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

3623۔رحم کے غدود بڑھ جائیں وہ اسفنج کی طرح پھپھلے ہوں تو

مفید دوا : سپونجیا　Spongia　30

3624۔رحم کے غدودوں میں مؤثر دوا: کالی فاس　Kali Phos　30-6x

اگر یہ شک ہو کہ یہ گومڑ کینسر کی شکل اختیار کر رہے ہیں تو کالی فاس کو لازماً یاد رکھنا چاہیئے یہ کینسر کے زخموں کو مندمل کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

3625۔عورتوں کے رحم کی پھولی ہوئی غدودوں کو درست کرنے کے لئے

اچھی دوا: فاسفورس　Phosphorus　200-30

3626۔رحم کے غدودوں کے لئے بہت مؤثر دوا:

کلکیر یافلور　Calc. Fluor　6x

3627۔عورتوں کی چھاتیوں کے غدود سکڑنے لگتے ہوں اور بالکل جھلّی سی باقی رہ جاتی ہو۔(استثنائی صورت)

مفید دوا : آیوڈین　Iodine　30

☆☆☆☆☆

CANCER : کینسر کی تکالیف

3628۔ ہر قسم کے کینسر کے لئے مفید اور چوٹی کی دوائیں:

1۔کاربونیم سلف　Carbonium Sulph　30

2۔آرسینک آئیوڈائیڈ　Arsenic Iodide　30

3۔گریفائیٹس　Graphites　30

"کینسر کو بڑھنے سے روکنے کے لئے بھی کاربونیم سلف بہت مفید پائی گئی ہے۔

کاربن اور سلفر مل کر ایسی دوا بنتی ہے جو سارے انسانی جسم پر بہت گہرا اثر ڈالتی ہے۔ جو دوا لیوپس جیسی بیماری میں شفا دے سکے وہ لازماً بہت اہم اور گہری دوا ہو گی۔ مختلف قسم کے کینسر کی شفا کے لئے الگ الگ دوائیں چاہئیں لیکن بعض دوائیں ایسی ہوتی ہیں جو ہر قسم کے کینسر میں اتنا فائدہ ضرور دیتی ہیں کہ ایک دو سال تک کینسر کی بڑھوتی رُک جاتی ہے اور اس عرصہ میں اصل دوا تلاش کی جا سکتی ہے۔ کاربونیم سلف، آرسینک آئیوڈائیڈ اور گریفائیٹس تین چوٹی کی دوائیں ہیں جو کینسر میں مفید ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 252)

3629۔ ہر قسم کے کینسر میں کارآمد دوا: نائیٹرک ایسڈ Nitric Acid 30

اگر کٹے پھٹے خوفناک زخم اور خون رسنے کی علامت بھی پائی جائیں۔

3630۔ ہر قسم کے کینسر کو روکنے میں مفید دوا: وسکم البم Viscum Alb. Q

تازہ تحقیق کے مطابق یہ دوا ہر قسم کے کینسر کو روکنے میں مفید بتائی جاتی ہے۔

3631۔ کینسر کے لئے مفید نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica

برائیونیا Bryonia 200

ملا کر شروع میں روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار

2۔ سلفر Sulphur 30 روزانہ تین بار

3۔ کارسینوسن Carcinosin 30 ہفتہ میں دو بار

4۔ کانڈورنگو Candurango 1x-Q

ہفتہ میں ایک دو بار ایک قطرہ ایک گھونٹ پانی میں۔ شروع میں دو بار بعد میں وقفہ بڑھا دیں

5۔ کارڈرس میرنس Carduus Marianus Q

دس پندرہ قطرے پانی کے گھونٹ میں روزانہ چار بار۔

6۔کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر
کلکیر یافلور	Calc. Fluor	
کالی میور	Kali Mur	
میگ فاس	Mag. Phos	
فیرم فاس	Ferr. Phos	

3632۔کینسر کے لئے ایک اور مفید نسخہ

1۔برائیونیا	Bryonia	200
تھوجا	Thuja	
2۔آرسینک	Arsenica	30
3۔کالی میور	Kali Mur	6x
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
کلکیر یافلور	Calc. Fluor	

3633۔بلڈ کینسر : Blood Cancer کیلئے مفید نسخہ

1۔آرسینک	Arsenica	30	روزانہ تین بار
2۔فاسفورس	Phosphorus	30	رات کو سونے سے قبل ایک بار
3۔فیرم فاس	Ferr. Phos	6x	ملا کر روزانہ تین بار
کالی فاس	Kali Phos		
کلکیر یافاس	Calc. Phos		
نیٹرم میور	Nat. Mur		
سلیشیا	Silicea		

3634۔ناک کا کینسر Nose Cancer۔مفید نسخہ

1۔سلیشیا Silicea CM

نمبر1 کے بعد نمبر2 اور بس

2۔کلکیر یا فلور Calc. Fluor CM

3۔فائیٹو لاکا Phytolacca 30

3635۔زبان اور ناک کے کناروں کے کینسر میں مفید دوا :

آرم میور Aurum Mur 30

3636۔زبان کا کینسر: زبان سُرخ، خشک اور سوجی ہوئی ہو۔زبان اور گلے کی خشکی کی وجہ سے بولنا مشکل ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 30

کروٹیلس زبان کے کینسر میں بہترین دوا ہے اگر ساتھ سیاہی مائل خون کا اخراج بھی ہو۔

3637۔ذہن اور ہونٹوں کے کینسر میں مفید دوا :

کالی سائینیٹم Kali Cyanatum (6-2)

اس کی علامت میں بولنے سے تکلیف کا بڑھنا اور گلے میں سوراخ ہونا شامل ہے۔

3638۔زبان کے کینسر میں فائدہ مند دوا: کانڈورینگو Condurango Q

3639۔زبان کے کینسر میں ایک اور مفید دوا :

میوریٹک ایسڈ Muriatic Acid 30

اس کی علامتوں میں بے انتہاء کمزوری کا احساس اور کالے رنگ کی قے بھی شامل ہے۔

3640۔نچلے ہونٹ کے کینسر کے علاج میں بہت شہرت یافتہ اور گہرا اثر رکھنے والی دوائیں:

1۔ سسٹس Cistus 30

2۔ لائیکو پوڈیم Lycopodium 200-30

سسٹس کے کینسر میں جریان خون کا رجحان پایا جاتا ہے۔لائیکو پوڈیم نچلے ہونٹ کے کینسر میں مفید ہے۔

3641۔ہونٹوں کے ناسوراور زخموں کے لئے مفید دوا:

1۔ کالی بائیکروم Kali Bich 30

2۔ سسٹس Cistus 30

سسٹس بھی ہونٹوں کے لئے مفید ہے۔خصوصاً نچلے ہونٹ کے السر میں فائدہ دیتی ہے۔

3642۔ہونٹوں کے کینسر میں مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

3643۔دونوں ہونٹوں کے السر میں

مفید دوا : ڈلکامارا Dulca Mara 30

3644۔ہونٹوں یاناک کے کناروں اور آنکھ کے چھپر کے کینسر میں مفید دوا :

سیپیا Sepia 30

3645۔ہڈی کا کینسر Bone Cancer۔مفید دوائیں:

1۔آرسینک Arsenic 200 ہفتہ میں دو بار

2۔فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین چار بار مسلسل

فاسفورس ہڈیوں کے کینسر میں اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

ہڈیوں کے کینسر میں بھی فاسفورس بارہا شافی ثابت ہوئی ہے۔.....فاسفورس کا استعمال بہت احتیاط سے کرنا چاہیئے کیونکہ یہ بہت گہرا اثر کرنے والی دوا ہے۔زیادہ اونچی طاقت میں استعمال سے گریز کرنا چاہیئے۔یہ جگر، ہڈیوں، ہڈیوں کے گودے (Bone Marrow)اور غدودوں کے کینسر پر اثر انداز ہوتی ہے۔گلے، ہڈیوں اور مثانے وغیرہ کے کینسر میں اسے ہمیشہ یادرکھنا چاہیئے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 658)

3646۔ہڈیوں کے کینسر کی بعض قسموں اور ہڈی کی بیرونی جھلیوں کی تکالیف میں مؤثر نسخہ:

کالی فاس	Kali Phos	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
سلیشیا	Silicea	6x ملا کر
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

3647۔ہڈیوں اور پھیپھڑوں میں کینسر کا اثر پھیلنے سے روکنے کے لئے بہت ضروری دوائیں:

1۔فاسفورس	Phosphorus	30
2۔برائیونیا	Bryonia	30

برائیونیا ہڈیوں کے کینسر میں فاسفورس کی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

ادل بدل کر ان کو اس مقصد کے لئے اکثر 30 طاقت میں استعمال کرنا چاہیئے۔ 30 طاقت میں کام کرنا چھوڑ دے تو پھر 200 طاقت میں دی جائیں۔

3648۔ہڈیوں اور پھیپھڑوں کے کینسر میں گہرا اثر رکھنے والی دوائیں۔

1۔فاسفورس	Phosphorus	30
2۔ کلکیریا فاس	Calc. Phos	30-6x

فاسفورس اور کلکیریا فاس کا ہڈیوں کے کینسر سے گہرا تعلق ہے اور یہ پھیپھڑوں سے بھی تعلق رکھتی ہیں۔

3649۔ہڈیوں کے کینسر میں مفید دوائیں:

1۔بہترین دوا: فاسفورس	Phosphorus	200-30

فاسفورس ہڈیوں کے کینسر میں چوٹی کی دوا ہے۔اس کی علامتوں میں وزن کا مسلسل گرنا شامل ہے۔کینسر ہڈیوں سے شروع ہوا ہو یا ہڈیوں میں منتقل ہوا ہو دونوں صورتوں میں فاسفورس بہترین دوا ہے۔

2۔سلفر Sulphur اونچی طاقت (CM-1000)

3۔کلکیریا کارب Calc. Carb اونچی طاقت (CM - 1000)

3650۔ہڈیوں کے کینسر میں دوا اور مفید دوائیں:

1۔کلکیریا کارب Calc. Carb 30-6x

کلکیریا کارب ہڈیوں کے کینسر میں بہت مفید دوا ہے۔نیز ایسے کینسر جو دوسری جگہ منتقل ہوں۔اس کی خاص علامت جسم میں اچانک طاقت کا ختم ہونا ہے۔

2۔ایگزالک ایسڈ Oxalic Acid 30

ہڈیوں کے کینسر میں بہت مفید ہے شدید درد میں آرام بخش ہے۔

3651۔پھیپھڑوں کا کینسر ہڈیوں میں چلا جائے۔

1۔ مفید دوا : ابراٹینم Abrotanum 30

کینسر جو ہڈیوں سے شروع ہوا ہو اہڈیوں میں منتقل ہوا ہو دونوں صورتوں میں

2۔ بہترین دوا: فاسفورس Phosphorus 30

3652۔پھیپھڑوں سے کینسر کے قلع قمع کے لئے سب سے اچھا نسخہ:

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔برائیونیا Bryonia 30

ادل بدل کر

3۔کارسینوسن Carcinosin CM

ہفتہ دس دن کے وقفہ سے چند خوراکیں دے کر انتظار کریں اور دیکھیں کہ کیا ردعمل ہوا ہے۔

3653۔پھیپھڑے کے کینسر کا بہترین علاج: ہلدی

ایک چمچی کا چوتھا حصہ ہلدی، دُودھ یا پانی کے ساتھ دن میں چار دفعہ استعمال کرائی جائے تو پھیپھڑے کے کینسر کا بہترین علاج ثابت ہوتی ہے...... ہومیو پیتھک علاج کو تقویت دیتی ہے۔

3654۔ٹانگ کے نچلے حصہ میں ہڈیوں کا کینسر۔

مفید دوا: کلکیر یا کارب Calc. Carb CM - 1000

3655۔جبڑے کی ہڈی کا کینسر جو بہت بڑھ چکا ہو۔ جبڑا سوجا ہوا، نا قابل برداشت درد۔

1۔ سلفر Sulphur CM

ایک خوراک پھر دو ہفتوں کے بعد

2۔ سلیشیا Silicea CM

ایک خوراک پھر کچھ عرصہ بعد سلفر CM دوبارہ ادل بدل کر 15 دن کے وقفہ سے

3656۔گردن کے غدود کی سوزش اور کینسر میں لازمی یاد رکھنے والی

مفید دوا: کالی فاس Kali Phos 1000 ہفتہ وار ایک خوراک

کالی فاس کینسر کے زخموں کو مندمل کرنے میں بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔

3657۔گردن کے گلینڈز کا کینسر: گردن کے گلینڈز سوج کر سخت ہو جائیں۔ گلٹیاں بن جائیں۔ سوزش دائمی شکل اختیار کر لے اور گلٹیاں کینسر میں بدل جائیں تو

مفید دوا: امونیم کارب Ammonium Carb 30

3658۔بغلوں کے غدود کا کینسر: بغلوں کے غدود تیزی سے سخت اور بہت بڑے ہونے شروع ہو جائیں اور کینسر کا احتمال ہو تو

1۔ پہلے سلفر Sulphur CM دیں

جب مریض ٹھنڈ محسوس کرنے لگے تو پھر

2۔ سلیشیا Silicea CM دیں۔

نوٹ: جب تک سردی گرمی کی علامتیں تبدیل نہ ہوں اس وقت تک ان کو ادل بدل کر دینا مناسب نہیں ہے۔

3659۔ گلے کا کینسر (مفید نسخہ)

1۔ آرسینک Arsenic 200

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک بار!

2۔ فاسفورس Phosphorus 30 روزانہ تین بار

3660۔ گلے کا کینسر: گلے میں السر کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے جو کینسر کی بھی علامت ہے۔ مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

اگر کسی کی آواز بیٹھ رہی ہو اور گلے میں السر ہو جائے تو پوری احتیاط سے جائزہ لے کر فوراً اس کا علاج شروع کر دینا چاہیئے ورنہ اگر دیر ہو جائے تو گلے کا کینسر خطرناک صورت اختیار کر لیتا ہے اور پھر قابو میں نہیں آتا۔" گلے، ہڈیوں اور مثانے وغیرہ کے کینسر میں اسے ہمیشہ یادرکھنا چاہیئے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 659)

3661۔ سینگوں کا کینسر: جانوروں کے سینگوں کی جڑ میں کینسر جس سے جانور چند دن میں مر جاتا ہے

مفید دوا : سورائینم Psorinum 1000

صرف ایک خوراک خدا کے فضل سے فوری شفا دیتی ہے۔

3662۔ سینے کے کینسر میں بہت مفید دوا :

پروٹو آئیوڈائیڈ Proto Iodide 100

"ڈاکٹر کینٹ سینے کے کینسر کی وجہ سے پیدا ہونے والے درد میں پروٹو آئیوڈائیڈ 100 کی طاقت میں استعمال کرواتے تھے۔ جب بھی درد اٹھے اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔"

3663۔ جلد کا کینسر Skin Cancer۔ مفید نسخہ

1۔ رسٹاکس Rhustox 1000 ہفتہ وار ایک بار

2۔ ریڈیم برومائیڈ Radium Brom. 30 روزانہ تین بار

3664۔ جلد کے کینسر میں مفید دوائیں:

1۔ پائیروجینم Pyrogenium 200

2۔ سورائینم Psorinum 200

ان میں فرق کرنا مشکل نہیں کیونکہ ان کے مریضوں کی اپنی اپنی شخصیت اور مزاج ہوتے ہیں۔

3665۔ جلد کے کینسر (Epithelima) کے لئے

اہم دوا: کلیمیٹس Clematis 30

کلیمٹس میں جلدی تکلیفیں ٹھنڈے پانی، ٹھنڈے موسم اور ٹھنڈی ہوا سے بڑھتی ہیں۔

"کلیمٹس ایک بہت گہری دوا ہے اور اس کا ہر قسم کی جلدی امراض سے تعلق ہے....

اور خصوصاً جلد کے کینسر (Epithelima) کے لئے مفید ہے۔"

3666۔ لیوپس (Lupus) اور جلد کے کینسر میں بہت مؤثر دوا:

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3667۔ جلد کے ناسور بہت نمایاں ہوں۔ اگر یہ بڑھ کر کینسر کی صورت اختیار کر لیں اور کوئی دوا اثر نہ کرے تو

ناقابل فراموش دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

اللہ کے فضل سے اس سے خطرناک اور بڑھنے والے ناسور بھی قابو میں آجاتے ہیں۔

3668۔ چہرے پر ظاہر ہونے والے خطرناک مرض لیوپس (Lupus) جلد کے

کینسر میں بہترین اور بہت مؤثر دوائیں:

1۔ آرسینک آیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

2۔ کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

جہاں مریض کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل نہ ہو سکیں وہاں آرسینک آیوڈائیڈ سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔ کئی ہومیوپیتھک معالجین نے اپنے تجربہ سے لکھا ہے کہ کاربونیم سلف چہرے پر ظاہر ہونے والے خطرناک مرض لیوپس (Lupus) کی بہترین دوا ہے اور اس سے مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

3669۔ چہرے کے دِق کے لئے ایک اور مفید دوا:

سسٹس Cistus 30

اپنے اثرات کے لحاظ سے یہ اتنی گہری دوا ہے کہ اچھے مستند اور قابل ڈاکٹروں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ چہرے کے دِق (Lupus) میں جو تقریباً لاعلاج مرض سمجھا جاتا ہے اکیلی کافی ثابت ہوتی ہے۔

3670۔ مثانے میں کینسر Cancer of Bladder کیلئے مفید نسخہ

1۔ آرسینک Arsenic 200

2۔ فاسفورس Phosphorus 200

ملی فولیم Millefolium 30 ملا کر

3۔ کالی میور Kali Mur 6x

سلیشیا Silicea 6x

فیرم فاس Ferr. Phos 6x

کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

ملا کر روزانہ تین بار

3671۔ مثانے کا کینسر ایک اور مفید نسخہ

1۔ سورائینم Psorinum 1000

2۔ سلیشیا Silicea 1000 ملا کر

کلکیریا فلور Calc. Fluor

نمبر 1 کے چند دن کے بعد نمبر 2۔ پھر ہفتہ کے بعد نمبر 1 اور دوسرے ہفتہ نمبر 2۔

باری باری کچھ دیر تک۔

3672۔ مثانے اور غدّہ قدامیہ (پراسٹیٹ) کے کینسر میں

غیر معمولی اہمیت کی دوا: فاسفورس Phosphorus 30

3673۔ پراسٹیٹ کا کینسر: بہترین دوا: سلیشیا Silicea CM

"پندرہ دن کے وقفہ سے ایک ایک خوراک دی جائے تو چند ہی خوراکوں سے ہی خدا کے فضل سے اس کینسر کا قلع قمع ہو سکتا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 327)

3674۔ پراسٹیٹ کی بیماری اور پراسٹیٹ کے کینسر میں احتمال

مفید دوا : کونیم Conium 30

اگر پیشاب خارج کرنے میں دقت ہو اور پوری طرح فراغت نہ ہو تو بعید نہیں کہ یہ بات پراسٹیٹ گلینڈ کی بیماری کی نشاندہی کرتی ہو۔ ایسی صورت میں کونیم دینے میں کوئی تاخیر نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اگر یہ مریض کونیم کا ہوا تو کونیم بروقت شروع نہ کرانے کی صورت میں پراسٹیٹ گلینڈ میں کینسر بھی بن سکتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 327)

3675۔ پیٹ میں کینسر Abdominal Cancer

1۔ کانڈورنگو Condurango Q

ایک قطرہ آدھی پیالی پانی میں ملا کر دن میں تین بار۔

2۔ کونیم Conium 30 سونے سے قبل ایک بار

3676۔ پیٹ کے کینسر کے لئے ایک اور مفید نسخہ

1۔ برائیونیا	Bryonia		
بیسلینم	Bacillinum	200	ملا کر ہفتہ میں دو بار
کولوفائیلم	Caulophyllum		
2۔ کالی میور	Kali Mur		
سلیشیا	Silicea	6x	
فیرم فاس	Ferr. Phos		
کلکیریا فلور	Calc. Fluor		

3677۔ انتڑیوں اور معدے میں کینسر:

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 30

معدے اور پیٹ میں شدید ٹھنڈ کا احساس ہوتا ہے جیسے کسی نے برف رکھ دی ہو۔ یہ احساس انتڑیوں یا معدے میں کینسر کے آغاز کی علامت بھی ہو سکتا ہے۔ اگر وقت پر کروٹیلس دی جائے تو شفا بھی ہو سکتی ہے۔

3678۔ معدے کی کینسر کی بہت اہم دوا: برومیم Bromium 30

3679۔ معدے کے کینسر میں مفید دوا : ایسٹک ایسڈ Acetic Acid

1۔ بیرونی طور پر پیٹ پر لگانے کے لئے 1x

2۔ اندرونی طور پر 1x_3 تا 30

''ایسٹک ایسڈ معدے کے کینسر میں مفید دوا سمجھی جاتی ہے۔ پیٹ میں شدید کاٹنے والا درد ہوتا ہے۔ شدید پیاس، قے کا رجحان اور جلن پائی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کپڑے کو ایسٹک ایسڈ میں بھگو کر معدے کے مقام پر رکھنے سے معدے کے کینسر کی گلٹی گھلنے لگتی ہے کیونکہ اس میں گلٹی گھولنے اور اس میں پیپ پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے ڈاکٹر اونزر

(Dr.Owners) کی رائے میں (Epithelial Cancer) کیلئے اسے اندرونی
اور خارجی دونوں طرح استعمال کرنا چاہیئے ۔معدے اور سینے میں شدید درد، تکلیف دہ جلن
جس کے بعد جلد ٹھنڈی اور ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ آئے۔ یہ اس کی نمایاں علامت ہے۔"
(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 7)

3680۔معدے کے کینسر میں غیر معمولی اہمیت کی دوا:

کونیم
Conium 30

"معدے کے کینسر میں کونیم کو غیر معمولی اہمیت کی دوا ہے۔مگر وہاں بھی یہی مشکل
پڑتی ہے کہ جب تک کینسر نہ بن جائے معدہ میں پیدا ہونے والا کوئی درد کونیم کی نشاندہی نہیں
کرتا۔اگر دیر ہو جائے تو کونیم صرف وقتی آرام دیتی ہے .... ہاں کسی مریض میں کونیم کی عمومی
علامتیں پائی جائیں مثلاً کونیم سے مشابہ چکر تو اسے بلا تاخیر شروع کر دینا چاہیئے ۔اس کے نتیجہ
میں کینسر کے حملہ کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہتا۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 326)

3681۔معدے کے کینسر کے آغاز میں فائدہ مند نسخہ:

کریئوزوٹ
Kreosot

کونیم
Conium 30 ملاکر

معدے کے کینسر کے آغاز میں (کریئوزوٹ) کونیم کے ساتھ ملا کر دی جائے تو
فائدہ پہنچاتی ہے بیماری کی پوری علامتیں ظاہر ہونے سے پہلے اگر کریئوزوٹ کی علامتیں نظر
آئیں تو فوراً شروع کروا دینی چاہیئے ۔ورنہ اگر یہ کینسر ایک دفعہ شروع ہو جائے تو اسے سنبھالنا
ناممکن ہوتا ہے۔کریئوزوٹ کی علامات۔

1۔اخراجات کاٹنے والے اور جلانے والے۔
2۔جسم میں بغیر تشنج کے درد سے شدید دھڑکن۔
3۔جسم کے کسی بھی حصہ سے چھوٹی سی وجہ سے جریان خون کا رجحان۔

3682۔انتڑیوں کے کینسر میں ایک اور مفید دوا :

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3683۔انتڑیوں کے کینسر کا رجحان۔

مفید دوا : کارسینوسن Carcinosin 200

ڈاکٹر کینٹ نے کارسینوسن کے بارے میں لکھا ہے کہ اس سے کینسر کے درد کی شدّت، چبھن اور جلن میں کمی آجاتی ہے۔مریض کئی سال چین سے زندہ رہتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 255)

''انتڑیوں میں کینسر کا رجحان ہوتو کارسینوسن کے اثر سے مریض کی انتڑیوں سے خارج ہونے والے مواد پر چلنے والے کئی قسم کے چھوٹے اور دیگر کیڑے فضلے میں نکلنے لگتے ہیں۔علاوہ ازیں ایسے مریضوں کو جن میں خاندانی طور پر کینسر کی روایات ملتی ہیں جب بھی کارسینوسن دی جاتی ہے اگر ان کے اندر دبا ہوا مادہ ہوگا تو ضرور ان کے گلوں کے غدود پھول جاتے ہیں جو بہت پُر درد ہوتے ہیں یہ بہت قطعی علامت ہے جو اگرچہ کتابوں میں نہیں لکھی مگر مجھے اپنے تجربہ سے معلوم ہوئی ہے....جن لوگوں میں یہ ردعمل ظاہر ہوان کو یہ دوا دیتے رہنے سے اس بیماری میں نمایاں فائدہ ہوتا ہے۔'' (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 255)

3684۔مقعد میں کینسر : Rectum Cancer۔مفید نسخہ

1۔سلفر Sulphur 200 ہفتہ میں تین بار

2۔سلیشیا Silicea
کلکیر یا فلور Calc. Fluor
6x ملا کر

3685۔مقعد کا کینسر:ایک اور مفید نسخہ

1۔کارسینوسن Carcinosin 30 ہفتہ میں دو بار

2۔کانڈورنگو Condurango Q دن میں تین بار

6x	Kali Mur	3۔ کالی میور
	Silicea	سلیشیا
	Ferr. Phos	فیرم فاس
	Calc. Fluor	کلکیر یا فلور

3686۔رحم کی گردن کا کینسر:

1۔مفید دوا: ہیلونیس — Helonias 30

مکمل شفا نہ ہو تو اس کے بعد

2۔ کاربو اینیملیس — Carbo Animalis 30

ہیلونیس ایک بہت اہم دوا ہے جو خصوصاً عورتوں کی بیماریوں سے تعلق رکھتی ہے اس کا رحم کی گردن کے کینسر سے گہرا تعلق ہے۔کاربو اینیملیس بھی اس کینسر میں مفید ثابت ہو سکتی ہے بشرطیکہ دیگر اعضاء سے تعلق رکھنے والی علامتیں بھی اس میں موجود ہوں جبکہ ہیلونیس کا تعلق براہ راست رحم کے کینسر سے ہے۔اور یہ ضرور کچھ نہ کچھ کام دکھاتی ہے۔رحم کی گردن میں سوزش اور سُرخی ظاہر ہو اور اسی مرحلہ پر ہیلونیس دے دی جائے تو بہت مؤثر ثابت ہوگی۔اگر ہیلونیس سے مکمل شفا نہ ہو تو اس کے بعد کاربو اینیملیس انشاء اللہ ان دونوں دواؤں کے استعمال کے نتیجہ میں مکمل شفا ہو جائے گی ۔(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 435)

3687۔رحم کے منہ کا کینسر بہت مفید دوائیں:

1۔ارجنٹم میٹ — Argent. Met 30

2۔ٹیرینٹولا ہسپانیہ — Tarentula Hisp. 30

3۔ہیلونیس — Hellonias 30

4۔کاربو اینیملیس — Carbo Animalis 30

ارجنٹم میٹیلیکم جلد کے کینسر اور اندرونی جھلیوں کے کینسر میں بہت مفید ہے رحم کے منہ

کے کینسر کو عموماً ہر قسم کے معالج نا قابل علاج مرض تصور کرتے ہیں لیکن ارجنٹم میٹیلیکم اس میں بہت کامیابی سے استعمال ہوتی ہے اور مکمل شفا کا ذریعہ بھی بن سکتی ہے اگر پوری شفاء نہ بھی ہو تو لمبے عرصہ تک مریض کو سکون مل جاتا ہے۔ ٹیرینٹولا ہسپانیہ (Tarentula Hisp) ہیلونیس (Helonias) اور کاربو اینیمیلس (CarboAnimlis) بھی رحم کے منہ کے کینسر میں بہت مفید ہیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 72-73)

کاربو اینیمیلس کی خاص علامت یہ ہے کہ درد رانوں سے نیچے اترتی ہے۔

3688۔ رحم کا کینسر : Uterus Cancer ۔ مفید نسخہ

1۔ تھوجا	Thuja	6x ملا کر
برائیونیا	Bryonia	
2۔ آرسینک	Arsenic	30
3۔ کالی میور	Kali Mur	6x
سلیشیا	Silicea	
فیرم فاس	Ferr. Phos	
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	

3689۔ رحم کے کینسر میں دو بہت مفید دوائیں:

1۔ ہیڈی اوما	Hedeoma	30
2۔ پولکس اریٹینس	Pulex Irritans	200

عورتوں کے رحم کے کینسر میں بھی یہ دوا (ہیڈی اوما) اور پولکس اریٹینس کو میں نے بہت مفید پایا ہے رحم کی اندرونی جھلیوں کو صحت بخشنے میں یہ دونوں دوائیں بہت اچھا کام کرتی ہیں۔ حالانکہ کتابوں میں ان کی اس نہایت اہم خوبی کا کوئی ذکر نہیں۔ مجھے یہ بات مریضوں پر تجربہ سے معلوم ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو بھی اس کا تجربہ کرے گا۔ یہ دوائیں اسے مایوس نہیں کریں گی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 425-426)

3690۔رحم اور خصیۃ الرحم یعنی (Ovary) کے کینسر میں مفید دوائیں:

1۔آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30 اس کے ساتھ

2۔ بچی بوٹی

آرسینک آئیوڈائیڈ رحم اور خصیۃ الرحم یعنی اووری ہو) جس میں افزائش نسل کے انڈے بنتے ہیں اس کے کینسر کو اگر ٹھیک نہ بھی کر سکے تو فوری طور پر بڑھنے سے روکتی ہے۔
ڈاکٹر کینٹ کے نزدیک تو ہر قسم کے کینسر کی بڑھوتی کی رفتار فوری طور پر روکنے کیلئے آرسینک آئیوڈائیڈ بہت مفید ہے۔میرا تجربہ ہے کہ ایسی صورت میں آرسینک آئیوڈائیڈ کے ساتھ بچی بوٹی کو استعمال کروانا زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 102)

3691۔رحم میں کینسر ہو اور شدید خون بہہ رہا ہو تو

شفا بخش دوا: کروٹیلس Crotalus 200-30

ایسی مریضہ کے چہرے پر زردی چھا جاتی ہے اور وہ یرقان کی مریضہ معلوم ہوتی ہے یہ خاص علامت ہے جس سے کروٹیلس کی پہچان ممکن ہے۔

3692۔ فمِ رحم کا کینسر۔اس کینسر میں دردیں کم کرنے کیلئے

چوٹی کی دوا: ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200-30

ہائیڈروکوٹائل اس وقت مکمل شفا نہیں دیتی بہر حال رحم میں زخم اور رحم کی گردن پر سُرخی اور سوزش ہو تو اس مرحلہ میں ہائیڈروکوٹائل کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔

3693۔جگر کے کینسر کے لئے ایک مفید نسخہ:

1۔برائیونیا Bryonia 200 چند دن روزانہ ایک بار

2۔ سلفر Sulphur 30

3۔کارڈووس میریئس Carduus Marianus Q
چیلیڈونیم Chelidonium Q

چند قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر روزانہ تین بار اور پھر نمبر 4 ایک بار

4۔لائیکو پوڈیم Lycopodium 1000 ایک بار

برائیونیا: جگر کے کینسر کی چوٹی کی دوا ہے۔

سلفر: کینسر کے دفاع اور جگر کی خرابی کیلئے مفید ہے۔نظام ہضم کو بحال کرتی ہے بھوک پیاس کو نارمل کرتی ہے اور اُلجھی ہوئی علامتوں کو کھولنے کیلئے مفید ہے۔

کارڈووس میریانس: جگر کے کینسر میں کارآمد ہے اس کی علامتوں میں منہ میں کڑواہٹ، دائیں طرف درد، جریان خون اور متلی کا رجحان شامل ہے۔

چیلیڈونیم: جگر کے کینسر میں کارآمد ہے اس میں جگر میں مسلسل درد کا احساس ہوتا ہے جو دائیں طرف Scapula تک جاتا ہے

لائیکو پوڈیم: جگر کے کینسر میں بہت مفید ہے اس کی علامتوں میں میٹھے کی خواہش، قے سبزی مائل۔تھوڑا سا کھانا کھا کر پیٹ کا بھر جانا اور دائیں کندھے کے نیچے اور پسلیوں کے نیچے درد کا احساس شامل ہے۔

3694۔جگر کا کینسر اور حفظ ماتقدم کیلئے مفید دوا :

کارسینوسن Carcinosin 30

روزانہ تین بار

کارسینوسن جگر کے کینسر میں کارآمد ہے نیز اگر خاندان میں کسی قسم کے کینسر کا رجحان ہو تو حفظ ماتقدم کے طور پر استعمال کی جاسکتی ہے۔

3695۔جگر ہڈیوں اور ہڈیوں کے گودے (Bone Marrow) اور غدود کے کینسر میں

بہت مؤثر دوا: فاسفورس Phosphorus 200-30

گلے، ہڈیوں اور مثانے وغیرہ کے کینسر میں اسے ہمیشہ یاد رکھنا چاہیئے۔

3696۔ جگر اور چھاتیوں کے کینسر کے لئے Liver & Chest Cancer

1۔ سلفر	Sulphur		
برائیونیا	Bryonia	200	ملاکر
لائیکوپوڈیم	Lycopodium		
2۔ کارسینوسن	Carcinosin	30	
3۔ کالی فاس	Kali Phos		
کالی میور	Kali Mur		
میگ فاس	Mag. Phos	6x	
فیرم فاس	Ferr. Phos		
سلیشیا	Silicea		

3697۔ پتے اور لبلبے (Pancrias) کے کینسر کے لئے

مفید دوا : لائیکوپوڈیم Lycopodium 30

لائیکوپوڈیم کا تعلق پتے اور لبلبے (Pancrias) کے کینسر سے ہے۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ جگر کے لعاب یعنی صفراء کو پتلا کرتا ہے اور وہ نارمل ہو جاتا ہے۔

3698۔ کینسر کی گلٹیوں کے لئے مفید نسخہ

کارسینوسن	Carcinosin	30
فاسفورس	Phosphorus	

3699۔ کینسر کی گلٹیوں میں مفید دوا :

امونیم کارب Ammonium Carb 30

3700۔ غدود کے کینسر اور کینسر کی گلٹیوں میں مفید دوا :

امونیم کارب Ammonium Carb 30

امونیم کارب غدوددوں اور سلی امراض میں بھی بہت مفید ہے بعض اوقات گردن کے غدود سوج کر سخت ہو جاتے ہیں اور گلٹیاں بن جاتی ہیں۔ دائمی سوزش امونیم کارب کی خاص علامت ہے۔ اس لئے یہ کینسر کی گلٹیوں میں بھی مفید ہے۔ اگر جلدی بیماریاں علاج سے دبا دی جائیں اور وہ غدوددوں میں پناہ لے لیں اور لمبے عرصہ تک ان کی طرف توجہ نہ دی جائے تو اس کے نتیجہ میں غدوددوں میں کینسر پیدا ہونے کا خطرہ لاحق ہو جائے گا۔ امونیم کارب بھی گٹھلیوں کے کینسر میں کام آنے والی دوا ہے اس میں گلینڈز اس وقت پھولتے ہیں جب بیماریاں بیرونی سطحوں سے اندر کی طرف منتقل ہو کر غدوددوں کی جھلیوں میں گھر بنا لیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 59-60)

3701۔ پھیپھڑوں میں کینسر کا اثر پھیلنے سے روکنے کے لئے بہت ضروری دوائیں:

1۔ فاسفورس	Phosphorus	200-30
2۔ برائیونیا	Bryonia	200-30

اگر 30 طاقت کام کرنا چھوڑ دے تو پھر 200 طاقت میں دی جائیں۔

3702۔ پھیپھڑوں کا کینسر ہڈیوں میں چلا جائے۔ سب سے مؤثر دوائیں:

1۔ فاسفورس	Phosphorus	30
2۔ ابراٹینم	Abrotanum	30

3703۔ عورتوں کی چھاتیوں کے گلینڈز کی خرابی، چھاتیوں کے غدود کا بڑھ جانا جو بعض دفعہ کینسر بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : سسٹس — Cistus — 30

3704۔ کریبس : Krebs (Cancer) کے لئے مفید نسخہ:

1۔ بیسیلینم — Bacillinum — 1000

دس دن کے وقفہ سے خوراک لیں۔

2۔ ٹائیفائیڈینم Typhoidinum 30 روزانہ تین بار

(نوٹ: کریبس Krebs یا Kreps جرمن زبان کا لفظ ہے جس کے معنی کینسر کے ہیں۔)

3705۔ایڈوانس کینسر کے لئے مفید نسخہ

1۔کلکیریا فلور Calc. Fluor CM

2۔سلیشیا Silicea CM

نمبر 1 کے بعد دس دن کا وقفہ اور پھر نمبر 2

3706۔کینسر کو بڑھنے سے روکنے کے لئے بہت مفید دوا:

کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30 روزانہ تین بار

3707۔آکلہ (کینسر کا زہریلی قسم کا بدبُودار آبلہ) کے لئے

مفید دوا: رانا بوفو Rana Bufo 200 روزانہ تین بار

3708۔ناسور کے لئے مفید نسخہ:

1۔سورائینم Psorinum 1000 ہفتہ وار چند خوراکیں

2۔کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 200

3709۔عام ناسوروں میں جو گہرے ہوں اور ہڈی کو کھا رہے ہوں آرسینک سے زیادہ بہتر کام کرنے والی دوائیں:

1۔کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

2۔آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3710۔السر جن کے کینسر بننے کا رجحان ہو

مؤثر دوا: اینتھراسینم Anthracinum 30

3711۔زخم مندمل ہونے کے بعد دوبارہ تازہ ہوتے رہتے ہوں اور بالآخر کینسر میں تبدیل

ہو جاتے ہوں اگر ان کا آپریشن کیا جائے تو کینسر دوبارہ پھوٹ پڑتا ہو اس صورت میں

ناقابل فراموش دوا: گریفائیٹس Graphites 200 یا 1000

جب تک اثر ظاہر نہ ہو اسے دہراتے رہیں۔

3712۔زخم اور ناسور ٹھیک نہ ہوتے ہوں، مسلسل ہرے رہتے ہوں۔ یہ جزوی کینسر کی کیفیت ہے۔

مفید دوا: مینگنیم Manganum 30

3713۔زخم جو مندمل نہ ہوں اور ان میں جلن اور سخت تکلیف ہو۔

مفید دوا : آرسینک سلف فلیوم Arsenic Sulph Flav 30

3714۔شدید خارش اور رسنے والے زخم اور ناسور پیدا ہو جاتے ہوں جن کی سطح سفیدی مائل ہو۔ عموماً جلد پر سفید رنگ کے چٹاخ بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

"ایک دفعہ میرے پاس ایک ایسا مریض آیا جس کے رانوں کے ارد گرد نہایت گہرے اور تکلیف دہ سفید رنگ کے ناسور تھے۔ کسی دوا سے آرام نہ آرہا تھا میں نے اس کو مرکری استعمال کروائی۔ اللہ کے فضل سے ایک ماہ سے بھی کم عرصہ میں بالکل ٹھیک ہو گیا۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 592)

3715۔کینسر کے گہرے پھوڑوں اور آنکھ کے ناسوروں کیلئے

1۔کارآمد دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200-30

2۔بہترین دوا: خالص شہد

ایسے ناسوروں کے مقامی علاج کے طور پر بہترین دوا خالص شہد ہے۔ روزانہ تین بار خالص شہد کی سلائی لگائی جائے تو پہلے کچھ عرصہ تک بہت پانی نکلتا رہتا ہے پھر ناسور مندمل ہونے لگتے ہیں۔

3716۔ کینسر کے زخموں سے خون کا جریان زیادہ ہو تو اس کی روک تھام کیلئے

1۔ مفید دوا: ملی فولیئم Millefolium 200-30

2۔ عمدہ علاج: خالص شہد کا لیپ

خالص شہد کا لیپ بار بار لگانے سے بھی افاقہ ہوتا ہے یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے۔

3717۔ جذبات اور غصہ کو ضبط کرنے کے نتیجہ میں اندرونی بیماریاں پیدا ہو کر کینسر میں تبدیل ہو جائیں۔

مفید دوائیں: 1۔ سٹیفی سیگریا Staphy Sagria 30

2۔ سیپیا Sepia 30

☆☆☆☆☆

گینگرین (GANGRENE)

3718۔ گینگرین کے تکلیف دہ مرض میں جس میں اعضاء گلنے سڑنے لگتے ہیں

1۔ بہت مؤثر دوا: آرسینک Arsenic CM-200

CM ہفتہ میں دس دن کے وقفہ کے بعد دہرائیں۔

2۔ اگر آرسینک سے نمایاں فائدہ نظر نہ آئے تو

1۔ سلیشیا Silicea 1000

2۔ سلفر Sulphur 1000

اونچی طاقت میں دیگر مرض کو قابو میں لائیں۔ ورنہ بہتر ہے کہ سرجن کا مشورہ قبول کر لیا جائے۔

3719۔ گینگرین کے لئے بہت مفید دوائیں:

1۔ کالی فاس Kali Phos 1000

2۔سلیشیا Silicea 1000

کالی فاس گینگرین کے لئے بھی بہت مفید دوا ہے۔زخم گل سڑ کر ناسور بن جائیں اور گینگرین کی شکل اختیار کر لیں تو ایلوپیتھی میں عموماً ایسے اعضاء کو کاٹ دیا جاتا ہے۔اور احتیاطاً اس جگہ سے کاٹتے ہیں جو ماؤف جگہ سے اوپر کی طرف اور صحت مند ہو۔میں نے بعض ایسے مریضوں پر کالی فاس اور سلیشیا کامیابی سے استعمال کی ہیں اسکے بعد انہیں کسی آپریشن کی ضرورت نہیں رہی......اگر کسی بیماری کے غلبہ سے اعصاب اتنے کمزور ہو جائیں کہ ردعمل نہ دکھا سکیں تو خواہ کتنی ہی جراثیم کش ادویات استعمال کی جائیں وہ فائدہ نہیں پہنچائیں گی۔کیونکہ جسم ردعمل چھوڑ چکا ہوتا ہے۔گینگرین میں بھی جسم کا یہ طبعی ردعمل ختم ہو جاتا ہے۔لیکن کالی فاس اس کے ردعمل کو جگا دیتی ہے۔اور اعصاب کو مقابلہ کی طاقت بخشتی ہے۔جس کے نتیجہ میں جسم گینگرین کا مقابلہ شروع کر دیتا ہے۔اعصاب مضبوط ہو جائیں تو سلیشیا بھی خوب اثر دکھاتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 506-507)

3720۔گینگرین: پاؤں کی طرف خون نہیں جاتا۔پنڈلی اور پاؤں سُن۔عمدہ نسخہ

1۔آرنیکا Arnica CM

ایک خوراک پھر ایک ہفتہ کے بعد

2۔سلیشیا Silicea CM

پھر پندرہ دن کے بعد نمبر 1 اور پندرہ دن کے بعد نمبر 2۔ایک ماہ کے بعد نمبر 2 بند کر دیں۔لیکن نمبر 1 ہر ماہ کے وقفہ سے کھاتے رہیں۔اس کے علاوہ

3۔آرسینک Arsenic 30 روزانہ تین بار

3721۔زخموں میں ناسور بننے کا رجحان اور گینگرین کے لئے ایک اور مفید نسخہ

سیکیل کار Secale Cor
آرسینک Arsenic } 30
آرنیکا Arnica

سکیل کے زخموں میں ناسور بننے کا رجحان ہوتا ہے۔زخم رفتہ رفتہ خراب ہو کر گینگرین میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔مثلاً اگر اُنگلی کٹ جائے تو زخم ٹھیک ہونے کی بجائے آہستہ آہستہ اوپر کی طرف بڑھنے لگتا ہے جس سے سخت بدبُو آتی ہے اور جس عضو پر ہو اس کے سارے بقیہ حصے کو گلا دیتا ہے۔اسی وجہ سے اسے جوڑ سے کاٹنا پڑتا ہے ورنہ بیماری جوڑ پار کر جاتی ہے اور بقیہ عضو بھی گینگرین کا شکار ہو جاتا ہے۔ہومیوپیتھی میں خدا کے فضل سے گینگرین کا علاج موجود ہے۔

گینگرین میں سکیل اور آرسینک دونوں بہت مفید دوائیں ہیں اگر آرنیکا بھی ساتھ ملا کر دی جائے تو اثر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔بارہا ایسے مریضوں کا میں نے خود کامیاب علاج کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے کوئی عضو کاٹنا نہیں پڑا جبکہ ڈاکٹروں نے قطعی طور پر اسے گینگرین قرار دے دیا تھا اور سرجری پر مصر تھے۔جب ایسا مریض صحت یاب ہونے لگتا ہے تو سب سے پہلے زخم کی رنگت بدلتی ہے اور سیاہی کی بجائے اس پر سُرخی آنے لگتی ہے۔گینگرین میں سکیل اور آرسینک دونوں بہت مفید دوائیں ہیں۔اگر آرنیکا بھی ساتھ ملا کر دی جائے تو اثر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 736-737)

3722۔رحم میں گینگرین بننے کا خطرہ ہو۔

بہت مفید دوا : سیکیل کار Secale Cor 30

سکیل عورتوں کے اندرونی امراض میں بھی بہت مفید ہے۔رحم میں زخم بن جاتے ہیں اور مسلسل خون جاری رہتا ہے جو سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔مہینہ میں چند دن کے لئے خون رُکے تو سیاہی مائل گندے پانی کا اخراج ہوتا ہے جس میں ناقابل برداشت بُو ہوتی ہے۔سیاہ بدبُو دار خون کے لوتھڑے نکلتے ہیں جن میں تعفن پایا جاتا ہے سکیل ان عوارض میں کام آنے والی بہت اہم دوا ہے۔خصوصاً اگر رحم میں گینگرین بننے کا خطرہ ہو۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 737)

3723۔نمونیہ میں پھیپھڑوں میں گینگرین بننے کا رجحان پیدا ہو جائے۔تو ایسے

نمونیہ کا علاج: سیکیل کار Secale Cor 200-30

سکیل وقت پر دی جائے تو بہت طاقتور دوا ثابت ہوتی ہے اور فوری اثر دکھاتی ہے۔

3724۔ ہر جگہ جہاں زخموں میں سوزش ہو، گلنے سڑنے اور گینگرین بننے کا رجحان پایا جائے۔

خواہ یہ علامتیں معدہ میں ظاہر ہوں یا پھیپھڑوں یا پھر اندرونی جھلیوں میں ان سب عوارض میں

لازمی دوا: سیکیل کار Secale Cor 30

3725۔ گینگرین کی علامات ہونٹوں، گالوں اور مسوڑھوں پر ظاہر ہوتی ہوں، ناک بھی متاثر ہوتا ہو اور اس کی ہڈیاں اندر سے کھائی جاتی ہوں۔

مفید دوا: مرکسال Merc. Sol 30

مرکری میں گینگرین کی علامت ہونٹوں، گالوں اور مسوڑھوں پر ظاہر ہوتی ہے۔ جلد سیاہ ہو کر بھیانک شکل اختیار کر لیتی ہے۔ آتشک میں بھی انہیں جگہوں پر بیماری کی علامتیں بھیانک رنگ میں ظاہر ہوتی ہیں۔ ناک بھی متاثر ہوتا ہے اور اس کی ہڈیاں اندر سے کھائی جاتی ہیں منہ کے ناسور بھی مرکری کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 595)

3726۔ جلد پر زخم بننے لگیں جو ناسور کی شکل اختیار کر لیں اور ان کے کنارے اُبھرے ہوئے ہوں اور خدشہ ہو کہ گینگرین نہ ہو جائے تو اس صورت میں مرک سال کی بجائے

زیادہ بہتر دوا: مرک کار Merc. Corr. 30

ان دونوں کی علامتوں میں نمایاں فرق یہ ہے کہ مرکسال نسبتاً نرم لیکن مزمن دوا ہے۔ مرک کار کی بیماریوں میں شدت پائی جاتی ہے اور یہ نسبتاً زیادہ تیزی سے اثر کرتی ہیں۔ حاد اور مزمن بیماریوں میں اس کا اثر ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 594-595)

☆☆☆☆☆

شنگل : ہرپیز

SHINGLES / HERPES

"اعصابی رگوں کے ساتھ ساتھ جلد پر چھالے اور سوزش پائے جاتے ہیں۔یہ چھالے چہرے پر نمایاں ہوتے ہیں۔اس وجہ سے بہت خطرناک اور بہت گہرے اثرات چھوڑ جاتے ہیں اگر آنکھوں کے قریب چہرے کے اعصاب پر ہوں تو مریض اندھا بھی ہوسکتا ہے اگر صرف ایک ہی طرف اثر ہو تو ایک آنکھ ضائع ہوسکتی ہے اس لئے اس کا فوری علاج ضروری ہے۔"

3727۔ہرپیز کیلئے مفید نسخہ:

200	Gelsemium	1۔جلسیمیم
	Zincum Met.	زنکم میٹیلیکم
6x	Ferr. Phos	2۔فیرم فاس
	Kali Phos	کالی فاس
	Mag. Phos	میگ فاس
	Kali Mur	کالی میور

3728۔ہرپیز کے لئے ایک اور فوری کارآمد نسخہ

1۔اگر بے چینی ہو تو

200	Arnica	آرنیکا
	Ledum	لیڈم
	Arsenic	آرسینک

2۔ اگر بے چینی نہ ہو تو

آرنیکا	Arnica	
لیکیسس	Lachesis	200
لیڈم	Ledum	

3729۔ اگر ان دونوں نسخوں سے فائدہ نہ ہو تو بلا تاخیر استعمال کی جانیوالی دوا:

کینتھرس Canthoris 200-30

3730۔ ہرپیز میں اگر چھالے بڑے بڑے ہوں تو اس تکلیف میں ایک اور

مفید دوا: رسٹاکس Rhustox 200

رسٹاکس کے مقابل پر کینتھرس کے مریض کو بے چینی بہت زیادہ ہوتی ہے جو آرسینک سے مشابہ ہے۔ کینتھرس کے چھالوں کا رنگ تیزی سے بدلتا ہے اور ارد گرد کی ساری جلد سیاہی مائل ہو جاتی ہے اور چہرے پر گینگرین کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ اس کیفیت میں بلا تاخیر کینتھرس دینی چاہیئے۔

3731۔ ہرپیز میں ایک مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30-6x

ہرپیز میں بھی یہ دوا مفید ہے۔ اگرچہ ہرپیز کی علامتوں سے اس دوا کو امتیازی طور پر پہچاننا آسان نہیں ہے۔ اگر مریض میں نیٹرم کارب کی علامتیں موجود ہوں اور دوسری دواؤں سے ہرپیز کو فائدہ نہ ہو تو نیٹرم کارب کو بھی استعمال کر کے دیکھنا چاہیئے۔ سوڈیم اور کاربونیٹ دونوں اعصاب سے تعلق رکھتے ہیں اور اس پہلو سے ہرپیز جو بنیادی طور پر اعصابی تکلیف ہے اس کا مریض اس دوا سے فیضیاب ہو سکتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 612)

3732۔ شنگلز یعنی ہرپیز (Herpes) جس میں اعصاب متاثر ہوتے ہوں، ماؤف جگہ سے بہت گرم پانی بہہ رہا ہو تو اس قسم کی ہرپیز کیلئے

مفید دوا: رسٹاکس Rhustox 200

موہکے، مسّے اور مہاسے Warts :

3733۔موہکے کے لئے مفید نسخہ

1۔تھوجا Thuja 200 ہفتہ وار

2۔کاسٹیکم Causticum 30 روزانہ تین بار

3734۔موہکے باریک اور نرم نرم ہوں اور خصوصاً سر میں ہوں۔

مفید دوائیں: 1۔تھوجا Thuja 200-30

2 ۔ میڈورائینم Medorrhinum 200

3735۔سر میں مہاسے ہوتے ہوں۔اگر یہ خشک اور حساس ہوں تو

1۔مفید دوا : تھوجا Thuja 200-30

اگر تھوجا سے قابو میں نہ آئیں تو

2۔ضروری دوا: میڈورائینم Medorrhinum 1000-200

3736۔موہکے بہت بڑے بڑے اور بہت زیادہ ہوں تو مفید دوائیں:

1۔کاسٹیکم Causticum 30

2۔نائیٹرک ایسڈ Nit. Acid 30

3۔اینٹی مونیم کروڈ Antim Crud 30

کاسٹیکم کے موہکے چہرے اور ناک پر نکلتے ہیں۔

نائیٹرک ایسڈ کے موہکے بہت کٹے پھٹے کینسر کے پھوڑے کی طرح ہوتے ہیں۔

اینٹی مونیم کروڈم بھی بہت کٹے پھٹے کینسر کے پھوڑے کی طرح کے موہکوں میں مفید ہے۔

3737۔گہرے رنگ نیلے رنگ کا موہکہ جو سب سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔

مفید دوا : اینتھراسینم Anthracinum 30

3738۔ سیاہی مائل موہکہ کیلئے کارآمد دوا:

آرنیکا Arnica 30

3739۔ پاؤں کے نیچے سخت کیل کی طرح موہکے یا مسّے ہو جائیں۔

اینٹی مونیم کروڈم Antim Crud 30

3740۔ مریض میں مسّے بننے کا رجحان پایا جاتا ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ مفید دوا : تھوجا Thuja 200-30

2۔ ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 200-30

3741۔ جلد پر مسّے اُگتے ہوں۔

مفید دوا : برائیٹا کارب Baryta Carb 200-6x

3742۔ پرانے مسّوں کیلئے جو ٹھیک نہ ہوں۔ مسّے پھٹ جائیں اور ان سے خون بہنے لگے

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3743۔ مسّوں میں لائنیں سی پڑ جائیں جو بدشکل اور گوبھی کے پھول کی طرح ہوں تو اس کے لئے بہترین دوا : نائیٹرک ایسڈ Nitric Acid 30

3744۔ ہونٹ پر مسّہ بن جائے تو ڈاکٹر کینٹ کے نزدیک مفید دوا:

کالی سلف Kali Sulph 6x

3745۔ ہاتھوں، بازوؤں، ٹانگوں اور کمر پر مسّے اُگنے لگیں۔

مفید دوا : کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

3746۔ بازوؤں اور ہاتھوں پر مسّوں کے لئے

کارآمد دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3747۔ بھورے رنگ کے مسّے جن میں کالے دھبے بننے لگیں

خاص علامت: سیپیا Sepia 30

3748۔ تمام جسم اور جلد پر مہاسے نکل آئیں۔ مفید دوائیں:

1۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 6x

2۔ نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3۔ برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

نیٹرم سلف میں مریضوں کے جسم پر مہاسے نکلنے کا رجحان عام ملتا ہے۔ تمام جسم پر مہاسے نکل آتے ہیں۔

3749۔ سر میں مہاسے جو بہت خشک اور حساس ہوں۔

سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

3750۔ ہتھیلی پر چوڑے ملائم مہاسے نمودار ہوں اور درد کرتے ہوں۔

مفید دوا: رُوٹا Ruta 30 (ڈاکٹر دولت سنگھ)

3751۔ ہاتھ کی پشت پر مہاسے ہوں تو

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30 (ڈاکٹر دولت سنگھ)

3752۔ ناخنوں اور انگلیوں کے قریب مسّے۔

اینٹی مونیم کروڈم Antim Crud 30

3753۔ رانوں اور پیٹھ کے درمیان مسّے جن سے خون بہنے کا رجحان ہو۔

مفید دوا: سبائنا Sabina 30

یہ مسّے خطرناک بھی ہو سکتے ہیں۔

3754۔ مسّوں سے خون بہنے کا رجحان ہو۔ ان کا زیادہ تعلق رانوں اور پیٹھ کے درمیان

والے حصہ سے ہو۔ مسّے کافی خطرناک ہو سکتے ہوں۔

کارآمد دوا: سبائنا Sabina 30

3755۔ مسّے پھٹ جائیں اور ان سے خون بہنے لگے۔

مفید دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3756۔ مسوں میں سرخ خون بہنے کا رجحان۔ مسے کٹی پھٹی شکل کے ہوں۔

1۔ فاسفورس Phosphorus 30

2۔ نائیٹرک ایسڈ Nitric Acid 30

کٹے پھٹے مسے نائیٹرک ایسڈ کی بھی نشاندہی کرتے ہیں۔ تاہم اگر مسوں سے سرخ رنگ کا خون بہے تو یہ فاسفورس کی نشانی ہے۔ نائیٹرک ایسڈ کے مسے گوبھی کے پھول کی طرح بدشکل ہوتے ہیں اور ان میں لائنیں پڑ جاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

جذام: کوڑھ : Leprosy

(کوڑھ، جذام، لیوپس، لیپرسی، سوراٗسس اور چنبل وغیرہ ایک ہی بیماری کے نام ہیں۔)

کوڑھ اور جذام میں اعضاء گل کر جھڑنے لگتے ہیں اور اعضاء کے کناروں، جلد، ناک، کان، انگلیوں وغیرہ پر خطرناک زخم اور ناسور بن جاتے ہیں۔ عموماً دونوں کانوں کا موٹا ہونا کوڑھ کی ابتدائی علامت سمجھا جاتا ہے۔ جذام اور کوڑھ میں جلد کے موٹے ہونے اور سکڑنے کا احساس بھی پایا جاتا ہے۔ جلد پر تناؤ آجاتا ہے اور جلد کھنچی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔

''کوڑھ ایک ایسا مرض ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتا ہے یہ فوری لگنے والا مرض نہیں ہے بلکہ خون میں اس کا مادہ آہستہ آہستہ نشوونما پاتا ہے اور کسی کو کوڑھی کے ساتھ لمبے عرصہ تک مسلسل لمس کرتے رہنے کے نتیجہ میں یہ منتقل بھی ہو سکتا ہے''۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 451)

3757۔کوڑھ یعنی جذام: جلد بہت موٹی ہو جائے اور سکڑ جائے۔جلد پر تناؤ آ جائے اور وہ کھنچی ہوئی معلوم ہوتی ہو۔

جذام کے لئے مفید دوائیں:

1۔ ہورابرازیل Hura Brazil 6x تا 200

2۔ ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200

3۔ میڈورائینم Medorrhinum 1000-200

3758۔جلد پر کوڑھ کے ابتدائی آثار ظاہر ہونے لگیں تو

فوراً دی جانے والی دوا: ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200-30

"اگر جلد پر کوڑھ کے ابتدائی آثار ظاہر ہونے لگیں تو فوراً ہائیڈروکوٹائل دینی چاہیئے۔ورنہ آخرکار جب کوڑھ میں جابجا زخم اور ناسور بن گئے ہوں تو پھر یہ کام نہیں آتی۔میں نے کئی مریضوں میں ہائیڈروکوٹائل استعمال کی ہے۔خدا کے فضل سے ہمیشہ ہی اسے مفید پایا ہے۔بعض دفعہ تو مکمل شفا ہو گئی اور بعض دفعہ بیماری بالکل معمولی رہ گئی۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 451)

3759۔بیماری کے نتیجہ میں عضلات گلنے لگیں اور مریض رفتہ رفتہ کمزور ہو جائے تو

ایسے گرتے ہوئے مریض کو سنبھالنے والی دوا:

کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

☆☆☆☆☆

آتشک : Syphilis

"بعض بہت قابل ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ سفلس (آتشک) اور سوزاک انسانی معاشرہ میں قدیم سے پائے جاتے ہیں..... پہلے سفلس کا علاج بہت مشکل سمجھا جاتا تھا اور عموماً مرکری دے دی جاتی تھی مگر اب اگر مسلسل ایک مہینہ پینسلین (Penicillin) دی جائے تو کہا جاتا ہے کہ یہ بیماری جڑوں سے اُکھڑ جاتی ہے۔ ہومیو پیتھک نظریہ یہ ہے کہ سفلس جڑوں سے کبھی نہیں اُکھڑتی بلکہ مختلف بھیس بدل لیتی ہے اور جب اسے سازگار حالات میسر آئیں تو پھر اصلی صورت میں ظاہر ہو جاتی ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 583)

3760۔آتشک کی اوّلین دوا: فائیٹو لاکا Phytolacca 200-30

فائیٹو لاکا آتشک (Syphilis) کی اوّلین دوا ہے۔آتشک کے پرانے زخموں اور خناق (Diphtheria) میں بھی مفید ہے۔

3761۔آتشک کی چوٹی کی دوا: مرکری Merc. Sol 1000-30

تمام زہروں میں منفی اثرات کے لحاظ سے یہ سب سے خطرناک ہے۔اس کا اثر ہڈیوں اور اعصابی خلیوں پر بھی پڑتا ہے۔خون، جلد، دل، اندرونی جھلیوں اور اعصابی ریشوں کو متاثر کر کے ہڈیوں میں اُتر جاتا ہے اور پھر دماغ پر بھی حملہ کرتا ہے.....مرکری اعصاب کے خلیوں کو کھا جاتا ہے اور ناک کی ہڈیاں اور انگلیاں وغیرہ گلنے سڑنے لگتی ہیں۔کوڑھ کی علامات بھی ظاہر ہو جاتی ہیں جبکہ اس کا ہومیو پیتھک استعمال شفا دینے کی طاقت رکھتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 591-592)

مرکری کی علامات: منہ سے رال کا بہنا، بہت پسینہ آنا۔ گلے کی خرابی اور خوفناک بدبُو وغیرہ ہیں۔مرکری کا مریض ہمیشہ متعفّن ہوتا ہے۔اس سے ایسی خطرناک تیز بدبُو آتی ہے کہ اس کا بیان بہت مشکل ہے۔اگر مرکری کا صحیح استعمال کیا جائے تو اس کی بیماریاں اندر سے اُچھل کر جلد پر نمودار ہو جاتی ہیں۔بعض اوقات شدید خارش اور رسنے والے زخم اور ناسور پیدا

ہو جاتے ہیں جن کی سطح سفیدی مائل ہوتی ہے۔عموماً جلد پر سفید رنگ کے چٹاخ بن جاتے ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 592)

3762۔آتشک کے لئے بہت مفید دوا : سیفیلینم Syphillinum CM

آتشک کے لئے ایک اور دوا سیفیلینم (Syphillinum) بھی بہت مفید ہے جو سفلس (آتشک) کے مادہ سے ہی تیار کی جانے والی دوا ہے۔اگر یہ بہت اونچی طاقت میں دی جائے تو فائدہ مند ثابت ہوگی۔اگر براہ راست فائدہ نہ پہنچائے تو دوسری دواؤں کو مؤثر کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور مرکری جیسی دواؤں کے ذریعہ علاج کو آسان بنا دیتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 591)

3763۔آتشک میں بیماری (گینگرین) کی علامت ہونٹوں،گالوں اور مسوڑھوں پر

ظاہر ہو، جلد سیاہ ہو کر بھیانک شکل اختیار کرلے،ناک بھی متاثر ہو اور اسکی ہڈیاں اندر سے کھائی جائیں۔منہ کے ناسور وغیرہ کیلئے:

کارآمد دوا: مرکری Merc. Sol 30

3764۔جلد پر آتشک کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے دانوں کے لئے

بہت مؤثر دوا: آرسینک سلف فلیوم Ars. Sulph Flavum 30

یہ ہر قسم کی خارش، برص اور جلد پر آتشک کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے دانوں کیلئے بہت مؤثر ہے.....ایسے زخم جو مندمل نہ ہوں اور ان میں جلن اور سخت تکلیف ہو تو آرسینک سلف فلیوم بھی استعمال کرنی چاہیئے۔

3765۔جلد پر زخم بننے لگیں جو ناسور کی شکل اختیار کرلیں اور ان کے کنارے اُبھرے

ہوئے ہوں اور خدشہ ہو کہ گینگرین نہ ہو جائے تو اس صورت میں (مرکری کی نسبت)

زیادہ بہتر دوا: مرک کار Merc. Cor 30

مرک کار کی بیماریوں میں شدّت پائی جاتی ہے اور یہ مقابلۃً زیادہ تیزی سے اثر کرتی

ہے۔حاد اور مزمن دونوں بیماریوں میں اس کا تیز اثر کرنا ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔

3766۔آتشک کے مرض میں حیرت انگیز اثر دکھانے والی دوا:

ایکی نیشیا Echinacea Q 5-15 قطرے

عرصہ تک جاری رکھنے سے آتشکی زہر ہلاک ہو جاتا ہے۔(ڈاکٹر دولت سنگھ)

☆☆☆☆☆

لیوپس : Lupus

لیوپس بھی ایک جلدی بیماری ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ لاعلاج ہے۔
یہ کئی قسم کی شکلوں میں ظاہر ہوتی ہے۔آبلہ دار دانے۔زخم اور خارش کے علاوہ اس میں جلد کھنچ کر سکڑنے لگتی ہے اور بہت تکلیف ہوتی ہے۔

3767۔لیوپس میں بہت مفید دوا :

ہائیڈروکوٹائل Hydrocotyle 200-30

آبلہ دار دانے،زخم اور خارش کے علاوہ اس میں جلد کھنچ کر سکڑنے لگتی ہے اور بہت تکلیف ہوتی ہے۔ہائیڈروکوٹائل اس مرض میں بہت مفید ہے۔

3768۔لیوپس Lupus کی قسم کی ایک جلدی بیماری جس میں سارے جسم پر مچھلی کی طرح کے چانے بننے لگتے ہیں۔اس میں مفید دوائیں:

1۔ سورائینم Psorinum 1000

یا 2۔ آرسینک Arsenic 1000

سورائینم اور آرسینک میں بنیادی فرق یہ ہے کہ سورائینم کے مریض کے اخراجات میں شدید بُو پائی جاتی ہے اور یہ بدبُو بہت نمایاں ہوتی ہے۔

3۔جلن نمایاں ہو تو مفید دوا : سلفر Sulphur 1000

3769۔ لیوپس (Lupus) کی بہت مؤثر دوا:

آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3770۔ لیوپس (Lupus) کے مرض کے لئے شفا بخش دوا:

کالی سلف Kali Sulph 6x

کالی سلف جلدی امراض کے علاوہ اندرونی جھلیوں کے علاج میں بھی مفید ہے۔ کالی سلف کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ لیوپس (Lupus) کے بعض مریض اس سے بالکل شفا پا گئے۔

3771۔ چہرے کے دق (لیوپس) کیلئے مفید دوا :

سسٹس Cistus 30

اپنے اثرات کے لحاظ سے یہ اتنی گہری دوا ہے کہ اچھے مستند اور قابل ڈاکٹروں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ چہرے کے دق (Lupus) میں جو قریباً لا علاج مرض سمجھا جاتا ہے اکسیر کافی ثابت ہوئی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 304)

☆☆☆☆☆

AIDS : ایڈز

3772۔ ایڈز کے لئے مفید دوائیں:

1۔ سورائینم Psorinum CM

ایک خوراک پندرہ دن کے وقفہ سے

2۔ سفلینم Syphilinum CM

پھر پندرہ دن کے وقفہ سے

3۔ پائیروجینم Pyrogenium CM

اور جب بھی کبھی کوئی ری ایکشن یا بخار وغیرہ ہو تو دن میں ایک بار

3773۔ایڈز کے لئے ایک مفید نسخہ:

1۔ پائیروجینم 200 Pyrogenium ملا کر

2۔ سلیشیا Silicea
کالی میور Kali Mur 6x
فیرم فاس Ferr. Phos

3774۔ایڈز کی نہایت مہلک بیماری کے لئے ایک بہت فائدہ منداور موٴثر دوا:

سلیشیا Silicea CM

ایڈز کی بیماری میں اونچی طاقت میں سلیشیا، سورائینم، سلفر، تھیلنیم اور پائیروجینم بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

تابکاری (Radiation) کے خطرناک اثرات

3775۔ایٹمی تابکاری کے اثرات سے بچنے کے لئے مفید نسخہ

1۔ریڈیم برومائیڈ Radium Brom CM

2۔کارسینوسن Carcinosin CM

1 ۔پہلے نمبر 1 کی ایک خوراک ایک دفعہ کھائیں اور

2۔ہفتہ بعد نمبر 2 کی ایک خوراک ایک دفعہ کھائیں۔

اور چند ہفتے تک اسی طرح ہفتے ہفتے کے وقفہ سے دونوں دوائیں جاری رکھیں کیونکہ تابکاری کے اثرات آہستہ آہستہ ظاہر ہوتے ہیں۔اوراس دوا کا نقصان بھی کوئی نہیں۔دونوں دواؤں کو الگ الگ ہومیوپیتھی 2 گرین سائز کی گولیوں پر ڈال کر ان کو اچھی طرح تر کرلیں۔

ایک گولی ایک دفعہ کے لئے ایک خوراک کے طور پر کافی ہے۔

کارسینوسن، ریڈیم برومائیڈ کے ساتھ ادل بدل کر CM پوٹینسی میں دینا تابکاری کے مہلک اثرات سے طبعی دفاع پیدا کرسکتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 257)

3776۔فضاء میں پٹرول اور تابکاری کے اثرات نمایاں ہوں تو جلدی امراض کے لئے مفید نسخہ:

پٹرولیم	Petrolium	30 ملاکر
ریڈیم	Radium	

چوٹیں اور زخم -

INJURIES AND WOUNDS

3777۔چوٹوں کے لئے فوری مؤثر نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملاکر
ایکونائیٹ	Aconite	

آرنیکا 200 کو ایکونائیٹ 200 سے ملا کر دیا جائے تو اکیلی آرنیکا کے مقابل پر یہ دونوں دوائیں مل کر زیادہ اچھا اور فوری اثر دکھاتی ہیں۔

3778۔ایکسیڈنٹ میں شدید زخموں کے لئے۔مفید نسخہ

1۔آرنیکا	Arnica	1000 ملاکر
نیٹرم سلف	Nat. Sulph	
2۔کاسٹیکم	Causticum	200

3779۔حادثات اور چوٹوں کے لئے

بہترین دوا : آرنیکا Arnica 200

چوٹ کھائی ہوئی جگہ نیلی یا کالی ہو جائے اور خون جم گیا ہو تو آرنیکا بلا بے خوف و خطر استعمال کریں۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 84)

3780۔ چوٹ میں ماؤف حصہ پر سُرخی زیادہ نمایاں ہو تو زیادہ مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
بیلاڈونا	Belladonna	

3781۔ عام چوٹیں جسم (جگہ) پر نشان مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	30
ایکونائیٹ	Aconite	
بیلاڈونا	Belladonna	

روزانہ چار پانچ دفعہ استعمال کریں۔

3782۔ اعضاء کی چوٹوں کے لئے بہت مفید نسخہ:

لیڈم	Ledum	30
آرنیکا	Arnica	
ہائی پیریکم	Hypericum	

آرنیکا کی طرح لیڈم کا بھی چوٹوں سے گہرا تعلق ہے اور بعض اعضاء کی چوٹوں میں اسے آرنیکا اور ہائی پیریکم وغیرہ سے ملا کر دیا جائے تو بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

3783۔ پرانی چوٹ کے لئے: مفید نسخہ

1۔ آرنیکا	Arnica	1000
2۔ برائیونیا	Bryonia	1000

باری باری استعمال کریں۔

3784۔شدید چوٹیں تکلیف زیادہ گہری ہوں تو حیرت انگیز طور پر شفاء بخشنے والا نسخہ

آرنیکا Arnica
نیٹرم سلف Nat. Sulph
1000 ملا کر

پہلے دن دو دفعہ پھر روزانہ ایک دفعہ استعمال کروائیں۔

3785۔سر کی چوٹ کی صورت میں اور سر کی پُرانی چوٹ کے مریضوں کے لئے بہت ہی مفید نسخہ:

1۔آرنیکا Arnica
نیٹرم سلف Nat. Sulph
1000 ملا کر

پہلے دن دو دفعہ پھر روزانہ ایک دفعہ استعمال کرائیں۔اس کے ساتھ

2۔نیٹرم سلف Nat. Sulph
برائیونیا Bryonia
200-30 ملا کر

"کھوپڑی کی خطرناک چوٹ میں نیٹرم سلف سے بہتر کوئی دوا مجھے معلوم نہیں۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 86)

3786۔سر کی چوٹ لگنے پر اندرونی بداثرات سے بچانے کے لئے نہایت

اعلیٰ درجہ کی دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 1000-200

3787۔وضع حمل کے وقت بعض اوقات بچے کے سر پر دباؤ پڑ جاتا ہے۔ایسے بچے کو منفی نتائج سے بچانے کے لئے اور بچے کو نیم پاگل ہونے سے بچانے کیلئے

فوراً دی جانیوالی دوا: نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

ایسے بچوں کو ماں کے دُودھ کے ذریعہ فوری طور پر نیٹرم سلف استعمال کروانی چاہیئے تاکہ کوئی منفی نتائج ظاہر نہ ہوں اور بچہ نیم پاگل ہونے سے بچ جائے۔

3788۔ اگر ریڑھ کی ہڈی چوٹ کے صدمے سے ٹوٹ گئی ہو تو یہ نسخہ استعمال کریں۔

	انگریزی	اردو
30	Arnica	آرنیکا
	Ruta	روٹا
	Calc. Phos	کلکیریا فاس
	Symphytum	سمفائیٹم
	Hypericum	ہائیپریکم

روزانہ تین چار بار۔

3789۔ ریڑھ کی ہڈی صدمہ سے ٹوٹ گئی ہو تو اس کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

	انگریزی	اردو
200-30 ملا کر	Ruta	1۔ روٹا
	Hypericum	ہائپریکم
30 روزانہ تین بار	Calc. Fluor	2۔ کلکیریا فلور
	Calc. Phos	کلکیریا فاس
	Symphytum	سمفائیٹم

3790۔ اگر گہری چوٹ لگی ہو مگر ہڈی نہ ٹوٹی ہو تو مفید نسخہ

	انگریزی	اردو
30 ملا کر	Arnica	آرنیکا
	Ruta	روٹا
	Hypericum	ہائپریکم
	Symphytum	سمفائیٹم

3791۔ ہڈیاں جوڑنے کیلئے نہایت مؤثر نسخہ:

	انگریزی	اردو
30	Symphytum	سمفائیٹم
	Ruta	رُوٹا
	Calc. Phos	کلکیریا فاس

"سالہا سال کے تجربے کی بناء پر مَیں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اللہ کے فضل سے ہڈی جڑنے کی رفتار توقع سے دُگنی تیز ہو جاتی ہے اور اس سے ایسی ٹوٹی ہوئی ہڈیاں بھی جُڑ جاتی ہیں جن کے درمیان فاصلہ زیادہ ہو چکا ہو۔ رفتہ رفتہ دونوں طرف سے یہ ہڈیاں بڑھنا شروع ہوتی ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ مل جاتی ہیں۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 86)

3792۔ ٹخنوں کی چوٹوں کے بداثرات کے لئے مفید دوائیں:

1۔ روٹا — Ruta — 30

2۔ بیلس — Bellis — 30

3۔ ایکوی زیٹم — Equisetum — 30

3793۔ ایکسیڈنٹ میں شدید زخموں کے لئے مفید نسخہ

1۔ آرنیکا — Arnica
نیٹرم سلف — Nat. Sulph
1000 ملا کر

2۔ کاسٹیکم — Causticum — 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔

3۔ ہائپریکم — Hypericum
سمفائیٹم — Symphytum
سمسی فیوجا — Cimicifuga
30 روزانہ تین بار

3794۔ حادثات میں شدید زخمی ہو جانے سے اگر جسم اچانک جواب دے جائے

1۔ اکسیر دوا: سٹرونشیم کارب — Strontium Carb — 200

2۔ جادو اثر دوا: کاربو ویج — Carboveg — 200-30

اگر حادثات کے صدمہ کے مریض ایک دم بے جان سا ہو جائے تو ایسی صورت میں سٹرونشیم کارب کے علاوہ کاربو ویج فوری خطرہ سے نکالنے میں جادو اثر دوا ہے۔

3795۔حادثہ اور اندرونی چوٹ کے نتیجہ میں مریض خون تھوکتا ہو۔

مفید دوا : ملی فولیئم Millefolium CM ایک خوراک

3796۔ہڈیوں کے گرد کوئی نوک دار چیز لگنے سے اگر ہڈی کا انیمل زخمی ہو جائے تو اس میں مفید دوائیں:

1۔لیڈم Ledum 200

2۔ہائی پیریکم Hypericum 200-30

۔اس تکلیف میں ہائی پیریکم ہڈی کے گرد لپٹی ہوئی نسوں کو نقصان پہنچنے کی صورت میں کام آتی ہے۔

3797۔اعصابی ریشے زخمی ہو جائیں تو حیرت انگیز مؤثر دوائیں:

1۔روٹا Ruta 200-30

2۔رسٹاکس Rhustox 200-30

3۔ہائی پیریکم Hypericum 200-30

نشتر کے لگائے ہوئے زخموں میں جہاں اعصابی ریشے زخمی ہو جائیں وہاں ہائی پیریکم بہت مؤثر دوا ہے۔

3798۔اگر آپریشن کے دوران سرجن کی بداحتیاطی سے چاقو ہڈی کی سطح کو زخمی کر دے تو اس زخم کو تیزی سے مندمل کرنے والی دوا:

روٹا Ruta 200-30

3799۔حادثہ سے آدمی قومہ میں چلا جائے۔مفید نسخہ

آرنیکا Arnica
نیٹرم سلف Nat. Sulph
200 ملا کر

3800۔کرنٹ لگنے سے دائیں ٹانگ میں کھچاوٹ ۔عمدہ نسخہ

1۔آرنیکا Arnica 1000

ہفتہ میں ایک بار چند ہفتوں تک۔

2۔کاسٹیکم Causticum 200

چند دن تک روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں ایک دو بار۔

3801۔موچ کیلئے مفید نسخہ :

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
لیڈم	Ledum	
بیلاڈونا	Belladonna	

3802۔موچ کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	200
بیلاڈونا	Belladonna	
بیلس پیرینس	Bellis Perenis	

3803۔ایڑی میں موچ آجائے: بہت مفید دوا :

آرنیکا Arnica CM-1000

3804۔بار بار موچ آنے سے ٹخنہ متورم ہو جائے اور اس میں مسلسل تکلیف رہے۔

1۔بہت مفید دوا :ایکوزیٹم Equisetum 30

2۔بہت کارآمد دوا: لیڈم Ledum 200

3805۔عضو کاٹنے کے بعد جو درد رہ جاتا ہے اور جو بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اس کے

لئے مفید دوائیں: 1۔آرنیکا Arnica 200-30

200-30	Ledum	2۔لیڈم
200-30	Hypericum	3۔ہائپریکم
200-30	Symphytum	4۔سمفائیٹم

مگر شرط یہی ہے کہ عضو کے کاٹنے سے پہلے والی بیماری ان دواؤں سے مماثلت رکھتی ہو۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 561)

Wounds : زخم

3806۔بیڈ سور کے لئے : BED SORE۔عمدہ نسخہ

200	Arnica	1۔آرنیکا
30 ملا کر	Kali Mur	2۔کالی میور
	Ferr. Phos،	فیرم فاس
	Silicea	سلیشیا

3807۔ہر قسم کے بیڈ سور (Bed Sore) کے لئے مفید دوائیں:

30	Arnica	1۔آرنیکا
30	Hypericum	2۔ہائپریکم

اگر یہ دونوں دوائیں کام نہ کریں تو

200	Calandula	کیلنڈولا

3808۔زخم ٹھیک نہ ہوتا ہو (مفید نسخہ)

1000 ملا کر	Psorinum	1۔سورائینم
	Arsenic	آرسینک

اس کے ساتھ

2۔سلیشیا	Silicea	6x
کالی سلف	Kali Sulph	
کالی میور	Kali Mur	

روزانہ تین بار دو دو ٹکیاں ملا کر۔

3809۔زخم ٹھیک نہ ہوتا ہو اور ساتھ درد۔

1۔کالی ہائیڈ رو آئیڈیسم	Kali Hydroiodicum	200
2۔اینٹی مونیم کروڈ	Antimonium Crud	30

3810۔زخم ٹھیک نہ ہوتا ہو ایک اور نسخہ:

1۔آرسینک	Arsenic	30
2۔فاسفورس	Phosphorus	30

باری باری دن میں تین چار بار۔

3811۔زخموں سے پیپ اور خون بہتا ہو اور وہ متعفن ہو جائیں اور ان کے گرد دانے سے بن جائیں۔نہ پکنے والے پھوڑے اور وہ زخم جو مشکل سے مندمل ہوں۔

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3812۔زخموں سے سیاہ رنگ کا خون بہتا ہو جو گھاس پھوس کے ریشوں کی طرح جم جاتا ہو اور مقدار میں بہت زیادہ ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200

مریض کا جسم ٹھنڈا اور مریض سخت سردی محسوس کرتا ہے۔

2۔ آرسینک	Arsenic	200
3۔ سیکیل کار	Secale Cor.	200-30

آرسینک کے مریض کا سارا جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور گرمی پہنچانے سے آرام محسوس ہوتا ہے۔آرسینک جو علامات پیدا کرتی ہے ان میں بے چینی سب سے نمایاں ہے۔آرسینک کے مریض کی پیاس بھی بے چینی کا مظہر ہوتی ہے۔

3813۔جلد پر ظاہر ہونے والے ہر قسم کے زخموں کے لئے

مفید دوا : ہیپر سلف   Hepar Sulph 30

3814۔جلد میں زخم بننے لگیں جو ناسور کی شکل اختیار کر لیں اور ان کے کنارے اُبھرے ہوئے ہوں اور گینگرین بننے کا خدشہ ہو تو

کارآمد دوا: مرک کار   Merc. Cor. 30

3815۔چھوٹے چھوٹے زخم علیحدہ پائے جاتے ہوں یا گچھوں کی صورت میں۔زخم ایک طرف سے شروع ہو کر پھیلنے لگیں تو مفید دوائیں:

1۔ہیپر سلف   Hepar Sulph 30

2۔نائیٹرک ایسڈ   Nitric Acid 30

3816۔اگر جراحی کے وقت نشتر سے اعصاب کٹ جائیں اور زخم بظاہر مندمل بھی ہو جائے لیکن درد باقی رہے تو اس کے لئے

مفید دوا : ہائی پیریکم   Hypericum 30

3817۔ایسے زخم جو نوکدار چیز مثلاً کیل، کانٹا وغیرہ چبھنے سے پیدا ہوں ان میں بطور خاص

مفید دوا : لیڈم   Ledum 200

اگر اس کے زخموں میں بظاہر مندمل ہو جانے کے بعد سالہا سال تک درد کی لہریں بجلی کے کوندوں کی طرح اُٹھتی ہوں، ایسی صورت میں تشنج ہو جائے تو اس کا بہترین علاج لیڈم ہے۔

3818۔زخم لگتا ہو کہ جلد ہی گل سڑ جائیں گے لیکن کسی طرح پکنے میں ہی نہیں آتے

ہوں۔ پھٹے بغیر لمبے عرصہ تک زخموں کا اس بین بین حالت میں چلتے چلے جانا بہت تکلیف دہ مرض ہے۔ ایسے مریضوں کیلئے۔

1۔ شہرت یافتہ دوا: ایسکولس Aesculus 30

2۔ مفید نسخہ: آرنیکا Arnica ، لیکیسس Lachesis — 200 ملا کر

ایسکولس کو ایسے مریضوں کی شفایابی میں شہرت حاصل ہے لیکن یہ دوا بھی اکیلی فائدہ نہیں دیتی بلکہ آرنیکا، لیکیسس اور اس طرح کی دوسری مددگار دواؤں کی ضرورت پڑتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 544)

3819۔ زخم اور السر مندمل نہ ہوں اور مستقل ناسور بن جاتے ہوں (بشرط علامات)

کارآمد دوا: سلیشیا Silicea 30-6x

اگر سلیشیا کی علامتیں ملتی ہوں تو یہ ان زخموں کو نیم خوابیدہ حالت سے نکال کر مستعد کر دیتی ہے اوانہیں اُبھار کر پیپ بناتی ہے جب وہ بہہ جائے تو زخم بالکل خشک ہو کر معمولی سا نشان باقی رہ جاتا ہے۔

3820۔ زخم جو مندمل نہ ہوتے ہوں اور ان میں درد بھی محسوس نہیں ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: اوپیئم Opium 200-30

اوپیئم میں درد کے احساس کا فقدان پایا جاتا ہے۔ ماؤف حصہ میں اعصاب کے کنارے مُردہ ہو جاتے ہیں اور صحیح پیغام نہیں پہنچا سکتے اس لئے ایسے زخم مندمل نہیں ہوتے اور ان میں درد بھی محسوس نہیں ہوتا۔ اوپیئم تکلیف کے احساس کو جگا دیتی ہے اور جسم کی دفاعی طاقت زخم کو مندمل کرنے کا عمل شروع کر دیتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 650)

3821۔ پُرانے زخم جو مندمل ہونے کا نام نہ لیں۔ اُن میں اندمال کا رجحان پیدا کرنے کیلئے

بہت مؤثر دوا: کیلنڈولا Calendula 200-Q

جن زخموں میں بیرونی طور پر لوشن کے استعمال سے فائدہ نہیں ہوتا یہ ان کو بھی خشک کر دیتی ہے۔

3822۔ زخموں اور ناسور کے کنارے موٹے ہو جاتے ہوں۔ اکثر زخم لمبا چلتے ہوں اور ٹھیک نہیں ہوتے ہوں۔

مفید دوا : مینگنیم Manganum 30

مینگنیم کے مریض کے زخم اور ناسور ٹھیک نہیں ہوتے اور مسلسل ہرے رہتے ہیں۔ یہ کیفیت جزوی کینسر کی ہے۔ اگر اسے زبردستی ٹھیک کرنے کی کوشش کی جائے تو یہ پورے کینسر میں تبدیل ہو سکتی ہے۔

3823۔ آپریشن کے زخم جو مندمل نہ ہوتے ہوں۔

1۔ بہت مفید دوا : کیلنڈولا Calendula 200

بشرطیکہ ریڈی ایشن (Radiation) کے ذریعہ زخم کے اردگرد خلیوں کو ضائع نہ کر دیا گیا ہو۔

2۔ خالص شہد — مقامی زخموں پر خالص شہد لگانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے اور شہد میں بعض دفعہ کینڈولا سے بھی بڑھ کر شفاء کا اثر ملتا ہے۔

3824۔ زخموں سے خون بہتا ہو۔ زخم خشک ہو کر پھر ہرے ہو جاتے ہوں خاص طور پر بہار کے موسم میں یہ کیفیت پیدا ہو تو

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200

3825۔ بہت زیادہ سیاہ خون بہنے کا رجحان ہو تو مفید دوائیں۔

1۔ سیکیل کار Secale Cor 200

2۔ کریئوزوٹ Kreosot 200-30

کریئوزوٹ کی خاص علامت سیلان خون ہے ذرا سے دباؤ سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ کریئوزوٹ میں مزاج کی تیزی اور جلد غصہ آجانا کیمومیلا سے مشابہ دکھائی دیتا ہے

(کریئوزوٹ میں یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے)....اخراجات سیاہی مائل ہوں تو ان میں بد بُو بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

3826۔زخموں سے سُرخ خون بہنا۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200

3827۔زخموں سے خون بہنے اور قے کے ساتھ خون آنے کا رجحان

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

3828۔السرز اور سیلان خون کے لئے بہت اعلیٰ دوا:

انتھراسینم Anthracinum 30

جسم کے اندرونی حصہ میں پائے جانے والے زخم جن سے خون رستا ہو اور ایسے تمام السرز جن کے کینسر بننے کا خدشہ ہو انتھراسینم مؤثر دوا ہے۔

3829۔زخموں میں گینگرین بننے کا رجحان۔مفید دوائیں:

1۔ سیکیل کار Secale Cor 200-30

2۔ لیکیسس Lachesis 200-30

سیکیل کی طرح لیکیسس کے زخموں میں بھی گینگرین بننے کا رجحان ہوتا ہے اور ان سے سیاہی مائل خون رستا ہے۔زخموں کے اردگرد کے کنارے گل کر متورم ہو جاتے ہیں۔جلد سکڑ کر سیاہی مائل ہو جاتی ہے اور اس میں جھریاں پڑ جاتی ہیں۔لیکن لیکیسس کی باقی علامتیں سیکیل سے بہت مختلف ہیں۔اس میں مریض کا جسم ٹھنڈا اور مریض سخت سردی محسوس کرتا ہے جبکہ سیکیل کا مریض سخت گرمی محسوس کرتا ہے لیکن ماؤف جگہوں پر ٹھنڈی چیز لگانے سے آرام آتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 544-543)

3830۔زخموں کے ناسور بننے اور گینگرین میں تبدیل ہونے کی روک تھام کے لئے

بہترین دوا: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3831۔آپریشن کے بعد جلد زخم ٹھیک ہونے کے لئے مفید نسخہ

ہائپریکم	Hypericum	
سمفائیٹم	Symphytum	30 ملا کر
سٹیفی سیگریا	Staphysagria	

3832۔آپریشن کے بعد سلے ہوئے زخموں کے اردگرد کی جلد سکڑ جاتی ہو۔زخموں میں پیپ بنتی ہو اور کنارے سخت ہو کر اُبھر آتے ہوں۔

کارآمد دوا: کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

3833۔زخموں کی انفیکشن کا اعلیٰ نسخہ

1۔پائیروجینم	Pyrogenium	200 ملا کر
سلفر	Sulphur	

2۔مددگار دوا: بپٹیشیا Baptisia 30

خون میں زہر پھیل جائے اور رحم یا جسم کے کسی دوسرے عضو میں زخم متعفن (Septic) ہوں تو ان میں بھی بپٹیشیا بہت اچھی ہے۔لیکن سلفر 200 اور پائیروجینم 200 ملا کر دی جائے تو یہ سب سے اچھا علاج ہے۔ہاں بپٹیشیا کی علامتیں ہوں تو ان دونوں دواؤں کی مددگار کے طور پر اسے 30 طاقت میں دیا جائے تو سونے پر سہاگے کا کام کرے گی۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 121)

3834۔زخموں سے پیپ نکلتی ہو زخم جلد مندمل نہیں ہوتے ہوں۔پیلے رنگ کے کھرنڈ بن جاتے ہوں۔خارش بھی ہوتی ہو۔

مفید دوا: کلکیریا سلف Calc. Sulph 30-6x

3835۔زخموں میں مزمن ہونے کا رجحان پایا جاتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔کلکیریا آئیوڈائیڈ Calc. Iodide 30

2۔کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

کالی آئیوڈائیڈ میں یہ رجحان کلکیر یا آئیوڈائیڈ سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ اس میں زخم آکر ٹھہر جاتے ہیں۔

3836۔انگلی پر کرانک (Chronic) انفیکشن کے لئے نسخہ

1۔رسٹاکس Rhustox 1000

2۔سلیشیا Silicea
کالی فاس Kali Phos
نیٹرم میور Nat. Mur
6x ملا کر

3837۔ٹانگہ میں زہر کے لئے نسخہ

ہائپر یکم Hypericum
میگ فاس Mag. Phos
30 ملا کر

3838۔جسم کے جس حصہ سے بھی پیپ والا ریشہ دار مواد خارج ہو اس کے لئے

ناقابل فراموش دوا: سلیشیا Silicea 30-6x

3839۔کینسر کے زخم جو جلد پر ظاہر ہو کر ناسور بن جاتے ہوں اور رسنے لگتے ہوں ان میں

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

3840۔معمولی سے زخم کو چھوا جائے تو شدید تشنجی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : سٹیفی سیگریا Staphy Sagria 30

یہ اعصابی زود حسی کا طبعی نتیجہ ہوتی ہے۔

3841۔زخموں سے گندی بُو آتی ہو۔کار آمد دوا: ایکی نیشیا Echinacea 30-Q

ہر قسم کی سڑاند میں یہ سب دواؤں کی سرتاج ہے۔(ڈاکٹر دولت سنگھ)

پھوڑے پھنسیاں

Boils & Pimples

3842۔متعدی بیماریوں یا چھوٹے اور بڑے پھوڑے پھنسیوں کے لئے

بہترین دوا: سلیشیا Silicea 6x

سلیشیا عموماً متعدی بیماریوں، پھوڑے پھنسیوں میں بہترین کام کرتی ہے۔اس کے دوطرح کے اثرات ہوا کرتے ہیں۔اگر چھوٹی طاقت میں دی جائے تو ماؤف جگہ پر آہستہ آہستہ خون کی فراہمی تیز کر کے جراثیم کو مار کر پیپ بنائے گی اوران پھوڑے پھنسیوں کو جو عام طور پر ہفتہ دس دن میں پک کر پھٹنے کے لئے تیار ہوتے ہیں دو تین دنوں میں ہی پکا کر پھٹنے کے لئے تیار کردے گی۔اس سے تکلیف بھی نسبتاً کم ہوتی ہےاور پیپ بھی زیادہ نہیں بنتی۔زخم کا سوراخ بھی معمولی سا ہوتا ہے جو دیکھنے میں بدنما معلوم نہیں ہوتا۔

''اونچی طاقت میں سلیشیا دینے سے بڑے بڑے پھوڑوں کا مواد خود بخود ختم ہونے لگتا ہے۔اوروہ اندرہی اندر سکڑ کر ختم ہو جاتے ہیں پیپ بن کر نہیں بہتی''

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 750-752)

3843۔زہریلے دانوں، چھالوں اور پھوڑوں وغیرہ میں

بہت مؤثر دوا: سلیشیا Silicea 6x

3844۔گہرے Abscess یعنی پھوڑے پیدا ہونے کا رجحان

1۔(علامت) کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

2۔مشابہ دوا: پائیروجینم Pyrogenium 200

3845۔متعفن پھوڑوں کیلئے مفید دوائیں:

1۔پائیروجینم Pyrogenium 200

2۔سلیشیا Silicea 30-6x

پائیروجینم متعفن پھوڑوں میں اس صورت میں کام آتی ہے جب خون میں تعفن پھیل جائے۔سلیشیا کے پھوڑوں میں بھی تعفن ہوتا ہے لیکن اس میں عموماً خون میں تعفن نہیں ہوتا۔

3846۔گندے خون کے نتیجہ میں پھوڑے نکلتے ہوں تو مفید دوائیں:

1۔پائیروجینم Pyrogenium 200

2۔ کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

3847۔کینسر کا رجحان رکھنے والے پھوڑوں میں

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

3848۔بخار کے ساتھ پھوڑے نکلیں تو

مفید دوا : مینگینم Manganum 30

3849۔جوڑوں پر وجع المفاصل کا اثر ہو اور ناسور اور پھوڑے بننے لگیں

مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

3850۔نہ پکنے والے پھوڑے اور وہ زخم جو مندمل نہ ہوتے ہوں۔

مفید دوا : ہیپر سلف Hepar Sulph 30

3851۔گہرے پھوڑے جو جلد کی سطح کے نیچے ہوتے ہیں ان میں

بہت مؤثر دوا: کلکیر یا کارب Calc. Carb 6x

پھوڑا یا تو از خود گھل کر غائب ہو جاتا ہے یا پیپ بنتی ہے تو معمولی اور پھوڑا بغیر کسی تکلیف اور چبھن کے کھل جاتا ہے۔

3852۔مریض کی جلد پر پھنسیاں بن جاتی ہوں جو ٹھیک نہ ہوتی ہوں۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3853۔ مریض کی جلد بہت حساس ہو جاتی ہو اور اس پر زردی نمایاں ہوتی ہو اور پھوڑے نکلنے کا رجحان ہوتا ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس   Crotalus 30

3854۔ جلدی امراض جن میں جلد پر پانی کے چھالوں کے علاوہ خون یا پیپ کے بڑے بڑے چھالے ہوں اور جلن بہت نمایاں ہو۔

مفید دوا : رسٹاکس   Rhustox 200

3855۔ چہرے پر پھوڑا نکل آئے جو پکتا نہ ہو اور لمبے عرصہ تک تکلیف دیتا ہے۔

1۔ عام طور پر مفید دوا : سلیشیا   Silicea 6x

اگر سلیشیا اثر انداز نہ ہو تو اس کے بعد

2۔ زود اثر دوا: فلورک ایسڈ   Fluoric Acid 30

3856۔ چہرے اور سر کی جلد پر پھنسیاں نکلتی ہوں۔

مفید دوا : جلسیمیم   Gelsemium 200-30

3857۔ ناک پر پھوڑے بن جائیں۔ ناک کے سرے پر کچے کچے ناسور بننے لگیں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب   Nat. Carb 30

3858۔ آنکھ کے اردگرد پھنسیاں نکلتی ہوں۔

مفید دوا : گائیکم   Guaiacum 30

3859۔ پھنسیاں اور دانے پیٹ یا کمر پر ظاہر ہوتے ہوں (چہرے یا دیگر اعضاء پر ظاہر نہ ہوتے ہوں)

مفید دوا : کالی فاس   Kali Phos 200-6x

3860۔وہ پھوڑے پھنسیاں جو لمبا عرصہ چلیں اور مزمن شکل اختیار کر جائیں۔ان کے علاج کے دوران نا قابل فراموش دوا :

ریڈیم برومائیڈ Radium Bromide 30

3861۔پھنسیاں جو غدود کی سوزش کے نتیجہ میں پیدا ہوں۔بہت سخت اور گانٹھ دار ہوتی ہوں ان میں نیلاہٹ پائی جاتی ہو۔جو بہت بدزیب دکھائی دیتی ہو اور درد بھی ہوتا ہو لیکن پیپ نہیں بنتی ہو۔ایسی پھنسیوں میں

تیر بہدف دوا: انتھراسینم Anthracinum 30

ایک دو ماہ کے مسلسل استعمال سے یہ پھنسیاں آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہیں۔

3862۔زخموں اور پھوڑوں کو مندمل کرنے کی صلاحیت رکھنے والی اور جسم میں پھوڑے پھنسیوں کے رجحان کا قلع قمع کرنے والی دوا :

انتھراسینم Anthracinum 30

3863۔جسم اور جلد پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلتی ہوں۔جلد سرخ اور سوجی ہوئی ہوتی ہو۔تمام جسم پر تیز خارش اور جلن ہوتی ہو۔جلد جلتی ہو گویا آگ لگی ہوئی ہے۔

مفید دوا: ریڈیم برومائیڈ Radium Brom. 30-3x (دولت سنگھ)

3864۔جلد پر چھالے نمودار ہوں جن سے تیز رطوبت خارج ہوتی ہو۔اس کے لگنے سے اردگرد کی جگہ زخمی ہو جاتی ہے۔

مفید دوا: رے نن کیولس سکیلریٹس Rananculus 3x-Q (دولت سنگھ)

☆☆☆☆☆

جوڑوں کا درد یا اعصابی دردیں

وجع المفاصل: Rheumatism

3865۔ وجع المفاصل اور بائی کی عمومی دردوں میں اگر علامتیں ملتی ہوں تو

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 1000-30

وجع المفاصل میں اگر میڈورائینم پہلے دیا جائے تو اصل علامتیں کھل کر سامنے آجاتی ہیں اور علاج میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔......جوڑوں کی تکلیف میں جس میں بجلی کے کوندوں کی طرح درد کی لہریں اُٹھیں اور چھاتی میں زیادہ شدت سے درد محسوس ہو، میڈورائینم مفید بتائی جاتی ہے۔

3866۔ بائی کی دردیں اور جوڑوں میں سوزش ہو جاتی ہو، ہڈیوں کے اردگرد باریک جھلّی میں خرابیاں پیدا ہو جاتی ہوں جس کی وجہ سے ہڈیاں متاثر ہوتی ہوں اور بعض اوقات بھربھری ہو جاتی ہوں۔

کارآمد دوا: اورم میٹ Aurum Met. 200-30

3867۔ جوڑوں کا درد: اگر جسم پُرخون ہو اور گرم ہو تو مفید نسخہ

ایکونائیٹ Aconite
بیلاڈونا Belladonna
200 ملا کر

3868۔ جوڑوں کا درد: اگر جسم کمزور ہو اور سردی کا احساس زیادہ ہو تو

نیٹرم فاس Nat. Phos
فیرم فاس Ferr. Phos
میگ فاس Mag. Phos
30

3869۔ جوڑوں کا درد: اگر جسم ٹھنڈا ہو لیکن ماؤف جگہوں پر جلن کا احساس ہو تو

سمسی فیوجا	Cimicifuga	200 ملا کر
کالی کارب	Kali Carb	

3870۔ وجع المفاصل: جوڑوں کی تکلیف سردی سے بڑھ جاتی ہو۔ ہر قسم کی سردی جوڑوں پر اثر انداز ہوتی ہو۔

1۔ امتیازی علامت : ریومیکس Rumex 30

2۔ خاص علامت: کلکیر یا فاس Calc. Phos 6x

3871۔ جوڑوں کے درد کو ٹھنڈک پہنچانے سے آرام آتا ہو۔ مریض ٹھنڈا ہو اور بیرونی اور اندرونی طور پر بہت سردی محسوس کرتا ہو۔

مفید دوا : لیڈم Ledum 200-30

ٹھنڈک کے احساس کے باوجود سردی سے آرام اور گرمی سے تکلیف ایک عجوبہ ہے۔

3872۔ سردیوں میں جوڑوں کے درد اور اعضاء شکنی کے لئے

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3873۔ کولہوں اور ہاتھ پاؤں کے جوڑوں کے درد میں مرطوب موسم میں اضافہ ہو جاتا ہو تو

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

3874۔ گاؤٹ (Gout) کے دردوں کا جگہ بدلنا۔ ٹھنڈے اور نمدار موسم میں اور عموماً رات کو بڑھنا۔

مفید دوا : کالچیکم Colchicum 30

3875۔ گاؤٹ یعنی جوڑوں کی تکلیف میں بہت مفید دوا :

سلفر Sulpur 200-30

بعض دفعہ سلفر کھانے کی وجہ سے گاؤٹ کی دبی ہوئی تکلیف جس کی موجودگی کا پہلے علم نہیں ہوتا ظاہر ہو جاتی ہے اور مریض خوفزدہ ہو کر اس کا استعمال چھوڑ دیتا ہے۔ حالانکہ سلفر سے گاؤٹ کی تکلیف ظاہر ہو تو وہی کچھ عرصہ تک دینے سے اس کا مؤثر علاج بھی ثابت ہوتی ہے۔ اگر سلفر بند کر دیں تو یہ بیماری دب جائے گی اور پھر دوسری اندرونی بیماریوں کا پیش خیمہ ہوگی جو بآسانی قابو میں نہیں آسکتیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 783)

3876۔ جوڑوں، کندھوں، کلائیوں اور گھٹنوں میں درد ہوتا ہو۔ سخت کمزوری اور سردی کا احساس ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: لیکٹک ایسڈ Lactic Acid 30-200

3877۔ کندھوں، بازوؤں، ہاتھوں، ٹانگوں اور ناخنوں کے اندر لہر دار درد اور کمزوری

(خصوصی علامت) مفید دوا: بربرس Berberis 30

3878۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں میں نقرس یعنی Gout کی وجہ سے درد اور سختی پیدا ہونے کا اچھا علاج:

کولوفائیلم Caulophyllum 30-200

نقرس نہ بھی ہو تو ہاتھ پاؤں کی اُنگلیوں اور جوڑوں کے عمومی درد میں اور جگہ بدلتے رہنے والے دردوں میں کارآمد دوا ہے۔ عام طور پر ماؤف حصوں میں تشنج کا رجحان ملتا ہے۔

3879۔ پنجوں اور ہاتھوں کی انگلیوں میں درد ہوتے ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ بربرس Berberis Q

2۔ بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

3880۔ نقرس (Gout) کا درد زیادہ تر پاؤں کے انگوٹھے میں ملتا ہو۔

مفید دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 30

3881۔گاؤٹ یعنی گنٹھیا میں پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے اردگرد کے عضلات متاثر ہوں، جلد سُرخ، سخت، متورم، چمکیلی اور انتہائی زود حس ہو جاتی ہو۔ اتنی زیادہ کے کپڑے کا لمس تک برداشت نہ ہوتا ہو۔ مریض اپنے بوٹوں کے چمڑے کو انگوٹھے کے اردگرد سے کٹوا لیتے ہوں۔ تا کہ اگر چل کر باہر جانا ہو تو درد برداشت کے دائرے میں رہے۔

مفید دوا : کالچیکم
200-30 Colchicum

3882۔گاؤٹ یعنی نقرس میں اُنگلیوں اور ہاتھوں کے جوڑوں میں گانٹھیں بن جاتی ہوں اور ہاتھوں کی شکل بگڑ جاتی ہو، اُنگلیاں ٹیڑھی ہونے لگتی ہوں۔

مفید دوا : کالی کارب
200-30 Kali Carb

کالی کارب کو شروع میں 30 طاقت سے اونچا نہیں دینا چاہیئے۔ جب مریض اس کا عادی ہو جائے تو پھر بیشک طاقت بڑھا دیں۔

3883۔بینزوئک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے، کلائی، گھٹنوں، پاؤں کے انگوٹھوں وغیرہ کی سوجن اور درد۔ مفید دوائیں:

1۔بینزوئک ایسڈ — 30 Benzoic Acid
2۔پکرک ایسڈ — 30 Picric Acid
3۔مرکری — 30 Mercurius

3884۔ہاتھ پاؤں، بازو اور ٹانگیں بائی یا گنٹھیا کے دردوں میں مبتلا ہو جاتے ہوں جس سے جوڑوں میں سختی پیدا ہو جاتی ہو۔ بائی کی دردیں جگہ بدلتی رہتی ہوں اور عموماً رات کو بڑھتی ہوں۔

کارآمد دوا: کالچیکم
200-30 Colchicum

3885۔ بائی کے بخار اور رات کو بڑھنے والے دردوں میں

مفید دوا : کالی میور — 6x Kali Mur

یہ درد بستر میں لیٹنے کے بعد بڑھتے ہیں اور بجلی کے کوندوں کی طرح جسم میں حرکت کرتے ہیں۔

3886۔ وجع المفاصل کی تکلیفیں حرکت سے، گرمی سے، دباؤ اور چھونے سے بڑھتی ہوں اور ٹھنڈ سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا : گائیکم — 30 Guaiacum

3887۔ دردیں رات کو لیٹنے سے یا نمدار مرطوب آب وہوا میں زیادہ ہو جاتی ہوں۔

1۔ آرنیکا — Arnica
رسٹاکس — Rhustox
200 ملاکر

تین دن روزانہ رات کو ایک بار۔ پھر ہفتہ وار۔

اور اس کے علاوہ

2۔ نیٹرم سلف — Nat. Sulph
میگ فاس — Mag. Phos
نیٹرم میور — Nat. Mur
6x روزانہ تین بار

3888۔ جوڑوں اور بائی کے دردوں میں ورم اور سوزش پائی جاتی ہو۔ بستر کی گرمی اور پسینہ آنے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔ بار بار پسینہ آتا ہو لیکن بے چینی اسی طرح قائم رہتی ہو۔

(خاص علامت) مرکری — 30 Merc. Sol

3889۔ شام کے وقت یا رات کو ٹانگوں میں دوروں کی شکل میں درد اُٹھے جسے حرکت سے یا دبانے سے آرام آئے

امکانی دوا: پلمبم — 30 Plumbum

3890۔ کولہوں میں خصوصاً رات کے وقت درد ہوتا ہوتو

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

ٹیرینٹولا کی تکلیفیں عموماً رات کو بڑھ جاتی ہیں۔

3891۔ درد کی لہریں بجلی کے کوندوں کی طرح اٹھیں تو مفید دوائیں:

1۔ پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2۔ کاسٹیکم Causticum 30

3۔ کولوفائیلم Caulophyllum 30

بجلی کے کوندوں کی طرح درد کی لہریں اٹھیں تو یہ بھی پلمبم کی ایک علامت ہے کاسٹیکم اور کولوفائیلم میں بھی پائی جاتی ہے۔

3892۔ جوڑوں کی تکلیف جس میں بجلی کے کوندوں کی طرح درد کی لہریں اُٹھیں اور چھاتی میں زیادہ شدّت سے درد محسوس ہو۔

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 1000-200

3893۔ جوڑوں اور سارے بدن کے عضلات میں درد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا رہتا ہو۔ اُچھل اُچھل کر جگہیں بدلتا ہو اور سردی سے آرام پاتا ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ لیک کیناٸینم Lac. Caninum 30

2۔ لیڈم Ledum 30

3۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

''لیک کیناٸینم جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے سارے بدن کے عضلات میں درد ہوتا ہے۔ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا رہتا ہے۔ اچھل اچھل کر جگہیں بدلتا ہے اور سردی سے آرام پاتا ہے۔

لیڈم اور پلسٹیلا میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے پلسٹیلا کا عمومی مزاج گرم ہے لیکن لیڈم کا مزاج گرم نہیں ہے۔ البتہ وجع المفاصل کو ٹھنڈی ٹکور سے آرام آتا ہے یہانتک کہ بعض مریض پانی میں برف کی ٹکڑیاں ڈال کر اس میں اپنے پاؤں رکھتے ہیں۔

لیک کیناعینم کا مزاج بہت گرم ہوتا ہے۔

3894۔ وجع المفاصل اور جوڑوں کی اندرونی جھلیوں کی سوزش:

مفید دوا : میلینڈ رینم Malandrinum 200-30

عموماً یہ دوا جسم کے نچلے حصوں پر زیادہ اثر کرتی ہے۔ ٹانگوں پر گھٹنوں سے لیکر ٹخنوں تک اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔ کمر میں ڈکھن اور چوٹ لگنے کی طرح کا درد ہو تو بھی میلینڈ رینم مفید ہے۔

3895۔ جوڑوں کے درد میں بہت مؤثر دوا: بربرس Berberis 30-Q

اس کے استعمال سے جسم سے تیزابی مادے بذریعہ پیشاب نکلنا شروع ہو جاتے ہیں اور جسم ہلکا ہو جاتا ہے جوڑوں کے درد میں کمی آجاتی ہے۔

3896۔ وجع المفاصل (Rheumatism) یعنی بڑے جوڑوں کے درد سے زیادہ گاؤٹ (Gout) یعنی ہاتھ اور پاؤں کے درد کی علامت پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : بربرس Berberis 30-Q

3897۔ یورک ایسڈ کی زیادتی۔ پیشاب کی مقدار کم ہو جائے تو جوڑوں میں درد ہونے لگے۔

کارآمد دوا: بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

"بینزوئیک ایسڈ کی سب سے واضح علامت پیشاب میں شدید بدبُو ہے جو گھوڑے کے پیشاب کی بدبُو سے مشابہ ہوتی ہے.....اگر ایسے مریض میں یورک ایسڈ کی زیادتی ہو تو یہ دوا کام آتی ہے۔ گردوں میں درد اور اسکے دیگر افعال میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ عموماً کھلا پیشاب آتا ہے لیکن پیشاب کی مقدار کم ہو جائے تو جوڑوں میں درد ہونے لگتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 145)

3898۔ جسم میں تیزابی مادے جمع ہونے سے جوڑوں میں درد۔

مفید دوا : بربرس Berberis Q

جوڑوں کے درد میں بربرس اچھا اثر دکھاتی ہے۔ اس کے استعمال سے جسم کے تیزابی مادے بذریعہ پیشاب نکلنا شروع ہو جاتے ہیں اور جسم ہلکا ہو جاتا ہے۔ جوڑوں کے درد میں کمی آجاتی ہے۔

3899۔ جوڑوں میں درد کے لئے نسخہ

1۔ آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	
2۔ کالی کارب	Kali Carb	30

اگر نمبر 1 اور نمبر 2 سے آرام نہ آئے تو نمبر 3 شروع کر دیں۔

3۔ فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کر
کالی میور	Kali Mur	
نیٹرم میور	Nat. Mur	
میگ فاس	Mag. Phos	

3900۔ جوڑوں کے درد کے لئے ایک اور مفید نسخہ:

1۔ آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	
2۔ نیٹرم میور	Nat. Mur	6x
میگ فاس	Mag. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

3901۔ جوڑوں کے درد کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

1۔ کولوفائیلم	Caulophyllum	200 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	
2۔ آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	

باری باری نمبر 1 اور نمبر 2

3۔ بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

3902۔ جوڑوں میں درد ہوتا ہو۔ جوڑوں میں کڑکڑانے کی آوازیں آتی ہوں۔

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3903۔ جوڑ جواب دے جائیں۔ لمبے عرصہ کی مسلسل محنت کے نتیجہ میں جوڑ جواب

دے جائیں۔ مفید دوا: بیلس Bellis 30

3904۔ اسہال دب جانے سے اچانک جوڑوں کے درد شروع ہو جائیں:

مفید دوا: ابراٹینم Abrotanum 30

3905۔ جوڑوں کے درد کی بیماری۔ مثلاً گاؤٹ (Gout) یا وجع المفاصل کیساتھ دل میں

کچھ بے چینی کا احساس پایا جائے جیسے خون دل کو پھیلتا ہوا گزر رہا ہو۔ نیز ایسے مریضوں کو نکسیر اور پیشاب میں خون آنے کی علامت بھی ہو

امکانی شفابخش دوا: ابراٹینم Abrotanum 30

3906۔ چھاتی کے عضلات میں بائی کی دردیں۔ دل میں وجع المفاصل جیسا درد

اور جسم میں جوڑوں کے درد۔

1۔ اولین دوا: سپائی جیلیا Spigelia 30

2۔دل کی ریحی دردوں میں زیادہ مفید دوا گائیکم Guaiacum 30

3907۔وجع المفاصل کے ساتھ اسہال بھی ہوں۔پنڈلیوں اور پاؤں کے تلوؤں میں تشنج ہو اور پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوں تو دیگر دواؤں کی طرح

ممکنہ دوا: سٹرونشیئم کارب Strontium Carb 200

3908۔جوڑوں کے درد کسی مقامی علاج مثلاً ٹکور وغیرہ سے ٹھیک ہو جائیں اور اسہال لگنے کی بجائے پلوریسی (Plurisy) یعنی ذات الجنب کی تکلیف شروع ہو جائے۔اگر اس سے پہلے جوڑوں کے درد پائے جاتے ہوں تو

لازمی دوا: ابراٹینم Abrotanum 30

اس کا پہلا اثر تو یہ ہوگا کہ پلوریسی کے ٹھیک ہونے پر ضرور کسی نہ کسی جوڑ میں تکلیف دوبارہ شروع ہو جائے گی۔اس کا علاج مسلسل ابراٹینم سے ہی جاری رکھنا چاہیئے۔اللہ تعالیٰ نے چاہا تو اس دوا سے جوڑوں کے درد بھی ٹھیک ہو جائیں گے۔(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 2)

3909۔جوڑوں کے درد میں سوزش اور سُرخی نمایاں ہوتی ہو جس میں بڑے بڑے سُرخ دانے بھی بنتے ہوں جو بعد میں رنگ بدل لیتے ہوں لیکن ان میں پیپ نہیں بنتی ہو۔

مفید دوا: بیلاڈونا Belladonna 200-30

3910۔بائی کی دردوں اور گنٹھیا (Gout) میں اگر موروثی سِل کے مادوں کی علامت پائی جاتی ہو تو

مفید دوا: گائیکم Guaiacum 30

3911۔گنٹھیا کی موجودگی میں خون بہنے کا رجحان رُک جاتا ہو۔گنٹھیا ٹھیک ہو جائے تو خون بہنے لگتا ہو اور خون بہنا رُکے تو گنٹھیا کی تکلیف ہو جاتی ہو۔(عجیب علامت)

مفید دوا: سبائنا Sabina 30

3912۔ وجع المفاصل: مریض جو جوڑوں کے درد میں مبتلا ہوں ان کے اعصاب بہت زود حس ہو جائیں۔

بہت مفید دوا : سپائجیلیا Spigelia 30

وہ اعصابی درد جن کی جڑ وجع المفاصل میں ہو لیکن بظاہر اعصابی تکلیف معلوم ہوتی ہوں ان میں سپائجیلیا بہت مفید دوا ہے.... سپائجیلیا میں اعصاب کے اندر تکلیف محسوس ہوتی ہے جس کی وجہ سوزش اور چوٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ یہ درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ درد کی لکیریں بیرونی جلد پر سُرخی کی صورت میں دکھائی دینے لگتی ہیں۔ غالباً خون کا دوران زیادہ ہو جاتا ہے۔ یہ سپائجیلیا کی خاص علامت ہے۔ سُرخی کی لکیریں صرف ماؤف جگہ پر ہی اُبھرتی ہیں چبھنے والے دردوں میں لمس ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 763,761)

3913۔ جوڑوں میں درد اور پاؤں میں سوجن۔ مفید نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
کولوفائیلم Caulophyllum
200 ملا کر

2۔ بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

3914۔ جوڑوں میں درد، غدود متورم ہو جاتے ہوں۔ ہاتھ پاؤں سوج جاتے ہوں۔ پاؤں کی انگلیوں میں اینٹھن اور درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : کروٹیلس Crotalus 200-30

3915۔ جوڑوں پر وجع المفاصل کا اثر ہو تو ناسور اور پھوڑے بننے لگتے ہوں

مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

3916۔ بائی کے دردوں (Rheumatism) میں مریض کے جوڑوں پر گانٹھیں اُبھر آئیں اور سب عضلات میں بھی درد ہوتا ہو۔ نقرس کا درد زیادہ تر پاؤں کے

انگوٹھے میں ہوتا ہو۔

کامیاب دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 30

3917۔وجع المفاصل کی وجہ سے مریض جھک کر چلنے لگے اور گھٹنے جواب دے جائیں:

1۔کارآمد دوا: گائیکم Guaiacum 30

2۔مفید دوا: کالچیکم Colchicum 30

گائیکم بہت گہرا اثر کرنے والی اور بہت طاقتور دوا ہے۔..... یہ بائی کی دردوں اور گنٹھیا (Gout) میں کام آتی ہے۔..... گائیکم کے مریض وجع المفاصل کی وجہ سے عموماً جھک کر چلتے ہوں ان کے گھٹنے جواب دے جاتے ہیں، ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں اور بعض اوقات بالکل معذور ہو جاتے ہیں۔ان علامتوں کے علاج میں گائیکم کے علاوہ کولچیکم بھی مفید دوا ہے۔جس کی اہم علامت یہ ہے کہ تکلیف پاؤں کے انگوٹھے سے شروع ہوتی ہے۔گائیکم کی نمایاں علامت یہ ہے کہ ماؤف حصہ سخت زود حس ہوتا ہے اور کسی قسم کا لمس برداشت نہیں ہوتا۔گرمی پہنچانے سے تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 417)

3918۔مریض جن کے جوڑوں کی درد کی وجہ سے چلنے پھرنے میں دقت ہو اور وہ لنگڑے ہو جائیں۔ان کیلئے

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 200

☆☆☆☆☆

گھٹنوں، ٹخنوں، ٹانگوں اور ایڑیوں وغیرہ کی تکالیف

Ailments of

Knee, Ankle, Legs and Heal

3919۔ جوڑوں میں عمومی اکڑاؤ، گھٹنے کے درد اور کھلاڑیوں کی پرانی چوٹوں کے جاگ اُٹھنے کے لئے بہت کارگر نسخہ جات۔

1۔ جوڑوں میں عمومی اکڑاؤ کے لئے بہت اچھی دوا:

30 Phosphorus فاسفورس

2۔ جوڑوں میں عمومی اکڑاؤ، گھٹنے کے درد اور کھلاڑیوں کی پرانی چوٹوں کے جاگ اٹھنے کے لئے بہت کارگر نسخہ جات۔

1۔ اگر تکلیف بائیں طرف ہو تو بہت مؤثر نسخہ

200
- Arnica آرنیکا
- Lachesis لیکیسس
- Ledum لیڈم

2۔ اگر تکلیف دائیں طرف ہو تو

200
- Arnica آرنیکا
- Bryonia برائیونیا
- Causticum کاسٹیکم

یہ (نسخہ نمبر 1) گہرے وجع المفاصل کے مریض کو بار بار دیا جا سکتا ہے۔ یعنی 200 طاقت میں دونوں نسخے پہلے ہفتے دن میں تین دفعہ۔ دوسرے ہفتے دن میں دو دفعہ اور تیسرے

ہفتے دن میں ایک دفعہ۔ چوتھے ہفتے تک اجتماعی اثر ظاہر ہو جاتا ہے تو مریض محسوس کرتا ہے کہ گویا یکدم فائدہ ہوا ہے اور اس عارضہ سے پوری طرح نجات مل جاتی ہے۔

دوسرا نسخہ اس وقت کام آتا ہے جب دردوں کا زور دائیں طرف ہو اور چوٹوں کا بھی اثر ہو اور مالش سے تکلیف بڑھتی ہو۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 659-660)

3920۔ گھٹنوں کے جوڑوں کی ہڈیوں میں کیلشیم کے بہت تکلیف دہ اُبھار بن جائیں:

کارآمد دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

"جسم میں کیلشیم کا توازن بگڑنے سے بعض دفعہ ہڈیوں کے کونے بڑھنے لگتے ہیں اور گھٹنوں کے جوڑوں کی ہڈیوں میں کیلشیم کے اُبھار بن جاتے ہیں جو بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں ان کا علاج کلکیریا سے ہو جاتا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 193)

3921۔ اگر گھٹنوں میں درد زیادہ چلنے پھرنے سے بڑھتی ہو تو عمدہ نسخہ

آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

تین دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ وار ایک دو بار۔

3922۔ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے گھٹنے کی ہڈی میں تکلیف ہوتی ہو اور پاؤں بوجھل ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا: کینابس سٹائیوا Cannabis Sativa 30

3923۔ گھٹنے کی درد کیلئے مفید نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

2۔ سلفر Sulphur 30 صبح و شام

3924۔ گھٹنے کی پرانی درد کیلئے عمدہ نسخہ

1۔ آرنیکا	Arnica	1000
2۔ برائیونیا	Bryonia	1000

باری باری دس دس دن کے وقفہ سے چھ سات خوراکیں۔

3925۔ گھٹنوں اور ٹانگوں میں اچانک شدید درد شروع ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فلور   Calc. Fluor   6x

3926۔ گھٹنوں میں درد، سختی اور اینٹھن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم سلف   Nat. Sulph   200-6x

3927۔ چلتے پھرتے یا اُٹھتے بیٹھتے گھٹنوں سے آوازیں نکلتی ہوں جو تکلیف نہ بھی دیں تو ذہنی اُلجھن ضرور پیدا کرتی ہوں۔

1۔ چوٹی کی دوا: کاسٹیکم	Causticum	200
2۔ ہم پلہ دوا: کالی بائیکروم	Kali Bich	30

3928۔ گھٹنے (اور ٹخنے) کے جوڑوں میں بیٹھ رہنے والی تکلیفوں میں بشرطیکہ ایسے گھٹنے کو ٹھنڈی ٹکور سے آرام آئے تو

کارآمد دوا: لیڈم   Ledum   200

لیڈم میں جوڑوں کے درد کو ٹھنڈک پہنچانے سے آرام آتا ہے باوجود اس کے کہ مریض ٹھنڈا ہوتا ہے اور بیرونی اور اندرونی طور پر سردی بہت محسوس کرتا ہے۔ ٹھنڈک کے احساس کے باوجود سردی سے آرام اور گرمی سے تکلیف ایک عجوبہ ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 561-562)

3929۔ اچانک کھڑا ہونے سے گھٹنے کے عضلات جسم کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے

ہوں اور انسان گر جاتا ہو۔ اگر عضلاتی کمزوری سے ایسا ہو تو

بہت مفید دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

3930۔ گھٹنوں کے پچھلی طرف کے خم میں گلٹیاں بن جاتی ہوں۔

مؤثر دوا: کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

3931۔ گھٹنے میں پانی پڑ گیا ہو۔ اعلیٰ نسخہ

1۔ برائیونیا Bryonia
سلفر Sulphur
200 ملا کر

2۔ فاسفورس Phosphorus 30

3932۔ ٹخنوں میں موچ: سب سے مؤثر دوائیں:

1۔ روٹا Ruta 30

2۔ بیلس Bellis 30

3933۔ ٹخنے کی موچ: پٹھوں کے درد اور چوٹ کے نتیجہ میں اجتماع خون کیلئے

بہترین دوا: بیلس Bellis 30

یہ آرنیکا اور رُوٹا کی طرح بہت کثرت سے استعمال نہیں ہوتی۔ حالانکہ ان تکالیف میں یہ بہت اہم ہے۔ ٹخنے کی موچ بہت تکلیف دہ چیز ہے اور زندگی بھر ٹھیک نہیں ہوتی۔ لیکن بیلس دینے سے ٹخنے کا بہت پُرانا درد بھی رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

3934۔ اگر ٹخنے میں موچ آجائے اور اس مرض کی دیگر متعلق دوائیں پورا کام نہ کریں تو شفا کے عمل کو مکمل کرنے والی دوا:

رسٹاکس Rhustox 1000-200

3935۔ ٹخنے اور گھٹنے کے جوڑوں میں بیٹھ رہنے والی تکلیفوں (دردوں) کے لئے

بشرطیکہ ٹھنڈی ٹکور سے آرام آئے۔

کارآمد دوا: لیڈم　Ledum 200

3936۔سخت موچ کے بداثرات کے لئے مؤثر نسخہ

1۔بیلاڈونا	Belladonna	CM-1000
آرنیکا	Arnica	
2۔رسٹاکس	Rhustox	1000-200

سخت موچ کے بداثرات کے لئے آرنیکا کی اونچی طاقت بیلاڈونا سے ملا کر دی جائے تو فوری طور پر فائدہ مند ہوتی ہے اور مرض کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا۔تاہم اگر اس مرض کی دیگر متعلق دوائیں کام نہ کریں تو رسٹاکس شفا کو مکمل کر سکتی ہے۔

3937۔موچ کے لئے مفید نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملاکر
لیڈم	Ledum	
بیلاڈونا	Belladonna	

3938۔موچ کیلئے دوسرا نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملاکر
بیلاڈونا	Belladonna	
بیلس پیرینس	Bellis	

3939۔پاؤں میں موچ آجائے یا پٹھا کھنچ جائے۔

مفید دوا: آرنیکا　Arnica CM-1000

اونچی طاقت میں ایک دفعہ دینے سے غیر معمولی اثر ظاہر ہوتا ہے۔

3940۔موچ کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ

آرنیکا	Arnica	200
برائیونیا	Bryonia	200
کاسٹیکم	Causticum	200

(مالش سے پرہیز کریں کیونکہ اس سے عضلات پھر زخمی ہو جاتے ہیں۔)

آرنیکا کے ساتھ دوسری دوائیں اس لئے ملائی تھیں کہ بعض دفعہ صرف چوٹ کا بھی اثر نہیں ہوتا بلکہ بعض عضلات کمزور ہو جاتے ہیں اور برائیونیا عضلات کے اندر کی تکلیفیں جو چوٹ کے علاوہ ہوں ان کی بھی اچھی دوا ہے اور عضلات میں طاقت پیدا کرتی ہے۔کاسٹیکم میں عضلات ڈھیلے ہوکر مفلوج ہو جاتے ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 88-89)

3941۔اگر تکلیف دائیں طرف ہو تو مفید نسخہ

آرنیکا	Arnica	200
بیلاڈونا	Belladonna	200
برائیونیا	Bryonia	200

3942۔اگر تکلیف بائیں طرف ہو تو مفید نسخہ

آرنیکا	Arnica	200
لیکیسس	Lachesis	200
لیڈم	Ledum	200

3943۔موچ کی کیفیت میں عموماً بہترین دوا:

آرنیکا Arnica 1000 یا CM

موچ کی کیفیت ہو تو عموماً آرنیکا کی اونچی طاقت سے بہتر کوئی اور دوا کام نہیں کرتی۔

3944۔ مریض کے ٹخنے کمزور ہوں جو چلتے چلتے بار بار مُڑ جاتے ہوں۔ اس لئے ان میں موچ آنے کا رجحان پایا جاتا ہو۔

1۔ مفید دوا: کاربوانیمیلس Carbo Ani. 30

ٹخنوں کو تقویت دینے کیلئے یہ لمبا عرصہ 30 طاقت میں دینی چاہیئے۔

2۔ ناقابل فراموش دوا: بیلس Bellis 30

3945۔ چلتے چلتے ٹخنے مُڑ جاتے ہوں اور شدید درد ہوتا ہو۔ تکلیف کے دائمی ہونے کا رجحان ہوتا ہو۔

1۔ آرنیکا Arnica 1000-200

2۔ بیلس Bellis 200-30

آرنیکا سے وقتی فائدہ ہو جاتا ہے لیکن کچھ عرصہ کے بعد درد دوبارہ ظاہر ہوتا ہے ایسی تکلیف کا رجحان بیلس کے استعمال سے ختم ہو جاتا ہے۔

3946۔ ٹخنے کے علاوہ گھٹنے کے جوڑوں میں بیٹھ رہنے والی تکلیفوں میں بشرطیکہ ایسے گھٹنے کو ٹھنڈی ٹکور سے آرام آئے۔

کارآمد دوا: لیڈم Ledum 200

3947۔ ٹخنوں کی مستقل کمزوری کا رجحان پایا جاتا ہو اور پاؤں اکثر رپٹ جاتے ہوں۔

بہت مفید دوا: نیٹرم کارب Nat. Carb 30

نیٹرم کارب ٹخنوں کی اندرونی کمزوری کی وجہ سے موچ آئے رہنے کے رجحان کو دُور کرتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 614)

3948۔ بار بار موچ آنے کی وجہ سے ٹخنہ متورم ہو جائے اور مسلسل اس میں تکلیف رہے۔

1۔ بہت مفید دوا: ایکوئی زیٹم Equisetum 30

2۔ بہت کارآمد دوا: لیڈم 30 Ledum

3949۔ ٹخنوں کی مزمن تکلیفوں میں بہت کارآمد دوا:

میڈورائینم Medorrhinum 1000-200

3950۔ ٹخنوں کی چوٹوں کے بداثرات کیلئے مفید دوائیں:

1۔ روٹا 30 Ruta

2۔ بیلس 30 Bellis

3۔ ایکوی زیٹم 30 Equisetum

3951۔ ٹخنے کی چوٹ صرف ٹخنے تک ہی محدود نہیں رہتی ہو بلکہ پنڈلی کے تشنج میں بھی تبدیل ہو جاتی ہو۔ چلنے یا زیادہ حرکت کرنے سے تشنج شروع ہو جاتا ہو اور شدید بے چینی پیدا ہوتی ہو۔

کارآمد دوا: لیڈم 200 Ledum

بعض دفعہ یہ تشنج گھٹنوں یا کولہوں میں منتقل ہو جاتا ہے اور اس علاج سے آرام نہیں ہوتا اگر صحیح علاج کیا جائے تو تکلیف اوپر سے نیچے کی طرف منتقل ہونے لگے گی اور جہاں پہلی چوٹ لگی تھی وہیں جا کر ٹھہرے گی اگر وہیں اس کا بالمثل علاج کیا جائے تو پھر تکلیف کہیں اور منتقل نہیں ہوگی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 561)

3952۔ بار بار چوٹ آنے کی وجہ سے ٹخنہ متورم ہو جائے اور مسلسل اس میں تکلیف رہے۔

1۔ بہت مفید دوا: ایکویزیٹم 200-30 Equisetum

2۔ کارآمد دوا: لیڈم 200 Ledum

لیکن لیڈم کی سوزش کا عموماً جوڑوں کے درد سے زیادہ تعلق ہے۔

☆☆☆☆☆

ایڑیوں میں درد

3953۔ایڑی میں موچ آجائے تو

مفیددوا :آرنیکا Arnica CM-1000

اعصابی رگوں میں بداثرات باقی رہ جائیں تو انہیں دور کرنے میں آرنیکا کام نہیں آتی۔ان میں زیادہ مؤثر دوائیں:

1۔روٹا Ruta 30

2۔بیلس Bellis 30

3954۔پاؤں کی ایڑیوں میں ناقابل برداشت درد(علامت)

کارآمد دوا: چیلیڈونیم Chelidonium Q

3955۔ایڑیوں کی درد۔(مفید نسخہ)

سلفر Sulphur

آرنیکا Arnica

200 ملاکر

3956۔ایڑیوں میں درد : مفید دوائیں:

1۔ بربرس Berberis Q

2۔ بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 151)

3957۔پاؤں کی ایڑیوں میں ناقابل برداشت درد۔(علامت)

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium 30-Q

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 277)

3958۔ پاؤں کی ایڑیوں میں پھوڑے کا سا درد۔

مفید دوا : سائیکلیمین　Cyclamen　30

بعض اوقات یہ درد ہڈی بڑھ جانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کا زیادہ گہرا علاج کرنا پڑتا ہے۔ جس سے ہڈی مزید بڑھنا بند ہو جاتی ہے۔ لیکن جہاں ہڈیاں بہت بڑھ گئی ہوں وہاں آپریشن کروانا پڑتا ہے جو دوائیں اس تکلیف کو کم کرنے میں مد ہوتی ہیں ان میں :

آرنیکا، لیڈم، روٹا، کلکیریا فلور اور رسٹاکس شامل ہیں۔ اور کلکیریا کارب بھی مفید ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 347)

3959۔ ایڑھی میں موچ آ جائے۔ مفید دوائیں

1۔ آرنیکا　Arnica　CM-1000

2۔ لاروسیراسس　Laurocerasus　200-30

3960۔ ایڑھیوں میں موچ: اعصابی رگوں میں بداثرات باقی رہ جائیں: موثر دوائیں:

1۔ روٹا　Ruta　30

2۔ بیلس　Bellis　30

3961۔ کولہوں اور ایڑیوں میں موچ آنے کی طرح کا درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : لاروسیراسس　Laurocerasus　200-30

3962۔ ایڑیوں اور پاؤں کی ہڈیوں میں گولی لگنے کا سا تیز درد ہوتا ہو۔

مفید دوا: سبائنا　Sabina　30-3x

(ڈاکٹر ڈیم بورک)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

کولہوں اور ٹانگوں میں درد

3963۔کولہوں اور ٹانگ کا درد جو کھڑے ہونے پر شروع ہو جاتا ہو اور تھوڑا سا چلنے سے ٹانگ درد سے بھر جاتی ہو۔ پاؤں میں بھی خصوصاً ایڑیوں اور تلووں میں تکلیف ہوتی ہو۔مفید دوائیں:

1۔ بربرس — Berberis Q

2۔ بینزوئیک ایسڈ — Benzoic Acid 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 151)

3964۔نچلے دھڑ میں خصوصاً چلتے ہوئے ٹانگوں میں دردیں ہوں تو

مفید دوا : کینابس انڈیکا — Cannabis Indica 30

3965۔چلنے سے رانوں میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا — Tarentula 200

3966۔حرکت کے ساتھ پیٹھ میں درد اور بے چینی ہوتی ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا — Tarentula 200

3967۔دائیں ٹانگ میں درد بادی کی وجہ سے۔مفید نسخہ:

1۔لائیکوپوڈیم — Lycopodium
بیلاڈونا — Belladonna
200ملاکر

2۔برائیونیا — Bryonia
کاسٹیکم — Causticum
200ملاکر

باری باری نمبر1 صبح نمبر2 شام

3968۔ٹانگوں میں بجلی کے کوندوں کی طرح درد کی لہریں اُٹھیں جسے حرکت یا دبانے سے آرام آئے ان علامات میں مفید دوائیں:

1۔ پلمبم Plumbum 200-30

2۔ کولوفائیلم Caulophyllum 200

3۔ کاسٹیکم Causticum 200

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 680-679)

3969۔دائیں کولہے کی ہڈی اور جوڑ میں درد جو نیچے ٹانگ تک پھیل جائے اور تشنج بھی ہو، حرکت سے تکلیف بڑھے۔

بہت مفید دوا : کارڈوس میریانس Carduus Marianus Q

3970۔کولہے اور رانوں میں درد ہو تو

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium 30

3971۔ٹانگوں میں درد۔شروع میں چلنے سے آرام آئے لیکن چلنے کے بعد جب خون گردش میں آئے اور ٹانگیں گرم ہو جائیں تو تکلیف بڑھ جائے۔

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 6x

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 212)

3972۔کولہوں یا ٹانگ کا درد کھڑے ہونے پر شروع ہو جائے اور تھوڑا سا چلنے سے ٹانگ درد سے بھر جائے۔پاؤں میں خصوصاً ایڑیوں اور تلوؤں میں تکلیف ہوتی ہو۔

1۔ بربرس Berberis 3-Q

2۔ بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

3973۔ٹانگ کے گوشت میں درد۔کارآمدنسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملاکر
برائیونیا	Bryonia	
کاسٹیکم	Causticum	

3974۔ٹانگ میں درداور سوجن۔مفیدنسخہ

کاربوویج	Carboveg	30 ملاکر
ارجنٹم نائیٹریکم	Argent. Nit.	

3975۔دونوں ٹانگوں اور پاؤں میں اعصابی دردیں پائی جاتی ہوں اور یوں محسوس ہوتا ہو کہ ریشے پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے۔

مفیددوا : ارجنٹم میٹ Argent. Met. 200-30

اگر ٹانگوں میں درد ہے اور اصل وجہ معلوم نہ ہو سکے تو ارجنٹم میٹیلیکم ضرور استعمال کرنی چاہیئے۔

3976۔ٹانگوں میں Cramps یعنی اینٹھن کا رجحان۔

مفیددوا : بیلاڈونا Belladonna 200-30

3977۔ٹانگ میں نیل اور خون جمتا ہو۔مفیدنسخہ

آرنیکا	Arnica	200
لیکیسس	Lachesis	
لیڈم	Ledum	

3978۔ٹانگیں گھٹنوں سے لے کر پاؤں تک ٹھنڈی۔مفیدنسخہ

1۔سورائینم Psorinum 1000

ہفتہ کے وقفہ سے کل تین خوراک۔

2۔کونیم Conium 30

3979۔ٹانگوں میں کمزوری (مفید نسخہ)

1۔کونیم	Conium	200
2۔سورائینم	Psorinum	200

نمبر1 یا نمبر2 ہفتہ وار ایک بار۔

3۔کاربوویج	Carboveg	30	روزانہ تین بار

اگر فائدہ نہ ہو تو نمبر3 کی بجائے نمبر4

4۔پکرک ایسڈ	Picric Acid	30	روزانہ تین بار

3980۔ٹانگوں میں کمزوری کے لئے ایک اور نسخہ:

1۔اینٹی مونیم کروڈ	Antimonium Crud	200
2۔سلیشیا	Silicea	6x
کالی میور	Kali Mur	6x
فیرم فاس	Ferr. Phos	6x
کلکیر یا فلور	Calc. Fluor	6x

3981۔ٹانگوں میں کمزوری کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ:

بیلس پیرینس	Bellis	30 ملا کر
روٹا	Ruta	30 ملا کر

3982۔ٹانگوں میں کمزوری: بیماریوں کے نتیجہ میں چلنے پھرنے کی سکت نہ رہے کچھ عرصہ چلنے سے جسم بھاری محسوس ہوتا ہو اور یہی بھاری پن گہرے درد میں تبدیل ہو جاتا ہو۔ٹانگیں بے جان ہو جاتی ہوں۔(اسے مستقل دینا پڑتا ہے۔)

بہت مفید دوا : برائیونیا Bryonia 200

3983۔ چلتے چلتے اچانک کوئی ٹانگ جواب دے دیتی ہوں لیکن یہ کیفیت وقتی ہوتو

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

3984۔ بائیں ٹانگ میں سردی کی لہر دوڑتی اور سنسناہٹ محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرسینک آیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

3985۔ بازوؤں اور ٹانگوں میں کمزوری کا احساس، اچانک جھٹکوں کے بعد شدید کمزوری، ٹانگیں لڑکھڑاتی ہوں اور جسم کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتی ہوں۔

مفید دوا : سیکوٹاوروسا Cicuta Virosa 200-30

3986۔ اچانک بازوؤں اور ٹانگوں میں ضعف محسوس ہوتا ہو۔ دبوانے سے طبیعت بہتر محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

3987۔ بازوؤں اور ٹانگوں میں موچ آنے کی طرح کا درد ہوتا ہو اور جھٹکے لگتے ہوں۔

مفید دوا : چائنا China 200-30

3988۔ عضلاتی کمزوری کی وجہ سے ایک دم کھڑا ہونا مشکل ہوتا ہو۔

بہت مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30

3989۔ کسی عضو میں دیر تک درد رہے اور وہ عضو سکڑنے لگتا ہو اور کمزور ہو جاتا ہو اگر ایک ٹانگ میں تکلیف ہو تو وہ دوسری ٹانک کی نسبت کچھ چھوٹی ہو جاتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ لیڈم Ledum 200-30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

لیڈم کا مریض سردی محسوس کرتا ہے پھر بھی سردی ہی سے اسے آرام آتا ہے پلسٹیلا کا مریض گرمی محسوس کرتا ہے اور سردی سے آرام آتا ہے۔

لنگڑی کا درد

عرق النساء (Sciatica)

یہ درد کمر سے دونوں ٹانگوں میں یا بعض دفعہ ایک ٹانگ میں نیچے اُترتا ہے... لنگڑی کے درد کو انگریزی میں Sciatica کہا جاتا ہے جو دراصل ان اعصاب کا نام ہے جن میں یہ درد پایا جاتا ہے۔

3990۔ لنگڑی کے درد (Sciatica) میں

بہت مفید دوا : کولوفائیلم Caulophyllum 200

"کولوفائیلم کو میں نے مخصوص علامتوں والے لنگڑی کے درد (Sciatica) میں بہت مفید پایا ہے حالانکہ اس پہلو سے اس کا کتابوں میں ذکر نہیں ملتا۔ یہ درد کمر سے دونوں ٹانگوں میں یا بعض دفعہ ایک ٹانگ سے نیچے اترتا ہے اور کولوفائیلم کی مریض عورتوں میں حمل کے دوران جو تکلیفیں ملتی ہیں ان سے مشابہت رکھتا ہے۔ اس مشابہت کی بناء پر میں نے اسے لنگڑی کے درد میں کامیابی کے ساتھ استعمال کرا کے دیکھا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 261)

3991۔ عرق النساء۔ لنگڑی کا درد۔ مفید دوا : پلمبم Plumbum 30

عرق النساء میں بھی یہ مفید ہے۔ اگر پلمبم کی دیگر علامات بھی پائی جائیں تو سب سے پہلے یہی دوا استعمال کروانی چاہیئے۔

پلمبم کے مریض کی زندگی اکثر سُست رفتار ہوتی ہے۔ ذہن اور اعصاب پر ہلکا سا فالجی اثر دکھائی دیتا ہے۔ مریض سے کچھ پوچھا جائے تو وہ کچھ دیر کے بعد جواب دیگا یا بات کو دہرائے گا۔ اگر مریض بعد از وقت ردعمل دکھائے تو وہاں پلمبم خصوصی دوا ہے۔ پلمبم کا عمومی مزاج سورائینم سے ملتا ہے یعنی بہت ٹھنڈا۔ مریض گرمیوں میں بھی اپنے آپ کو لپیٹ کر رکھتا ہے۔

3992۔عرق النساء میں نا قابل فراموش دوائیں:

1۔میڈورائینم Medorrhinum CM

2۔کولوسنتھ Colocynthis CM

''امکان ہے کہ ایسے مریض جن کے جوڑوں کے درد کی وجہ سے چلنے پھرنے میں وقت ہو اور وہ لنگڑے ہو جائیں۔ان میں بھی میڈورائینم مفید ثابت ہو''.....ریڑھ کی ہڈی کے منکے ایک طرف ہو جائیں اور اعصاب دب جائیں، ٹانگوں کی طرف اُترنے والی دردیں ہوں یا شیائیکا (Sciatica) ہو جائے تو ان سب تکلیفوں میں گہری چھان بین سے علامتی دوا تلاش کرنی چاہیئے۔اگر اس طرح تشخیص نہ ہو سکے یا تشخیص کام نہ کرے تو پھر میڈورائینم کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 587 تا 589)

(کولوسنتھ)Sciatica(عرق النساء) کے درد کمر سے شروع ہو کر نیچے ٹانگوں میں اُترتے ہیں۔کولوسنتھ میں درد دورے کی شکل میں آتا ہے۔ہر دورہ پہلے دورے سے زیادہ شدید ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ بڑھتا ہے اور بڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔کولوسنتھ دینے سے فوراً آرام آجاتا ہے۔''

یہ کولوسنتھ کے دردوں کے عمومی مزاج ہیں کہ ٹکور اور دباؤ سے آرام۔ایسے درد جسم میں کہیں بھی واقع ہوں۔ہر جگہ بلاتوقف کولوسنتھ استعمال کریں۔جب یہ دوا اثر کرتی ہے تو فوری سکون کے نتیجہ میں مریض سو جاتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 324)

☆☆☆☆☆

پنڈلیوں اور ٹانگوں کی تکالیف

3993۔پنڈلیوں میں اینٹھن۔ٹانگوں کے پٹھوں میں سختی محسوس ہوتی ہو اور ٹانگیں بے حس ہو جاتی ہوں۔پنڈلیوں کے سامنے کی ہڈی کی دُکھن۔

بہت مفید دوا : مینگنیم Manganum 30

3994۔درد پنڈلی سے کمر کی طرف جاتی ہو۔مفید نسخہ

نکس وامیکا	Nux. Vomica	30 ملا کر
سمسی فیوجا	Cimicifuga	
ہائپریکم	Hypericum	

3995۔پاؤں اور پنڈلیوں میں تشنج جس کی وجہ سے تیز چلنا مشکل ہو۔اگر تیز چلنے سے تشنج ہو تو مفید نسخہ

آرنیکا Arnica 200

برائیونیا Bryonia 200

باری باری استعمال کریں۔

3996۔تھکاوٹ بڑھ جائے۔چند قدم چلنے سے بھی تشنج ہونے لگے تو (بشرط مزاج)

کارڈوس میریانس Carduus Marianus Q

3997۔زیادہ دیر کھڑے ہونے سے پنڈلیوں میں تشنج ہو جائے۔

مفید دوا : میگ فاس Mag. Phos 6x

3998۔خون بند ہونے سے پنڈلیوں میں تشنج ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

3999۔پنڈلیوں اور تلوؤں میں تشنج ہو جاتا ہو اور پاؤں مڑنے اور اندر کی طرف سکڑنے کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

4000۔تشنج تلوؤں میں بھی آتا ہو اور پاؤں میں مڑنے اور سکڑنے کا احساس ہوتا ہو تو

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200-30

مسّل وغیرہ کا کھنچ جانا : Muscle Pull

4001۔ بوجھ اُٹھانے سے ٹانگ یا بازو کے پٹھے کھنچ جائیں:

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 200-30

"یہ دوا ایسے سب عضلات پر اچھا اثر دکھاتی ہے جو طاقت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھانے سے بیمار پڑ جائیں۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 211-212)

4002۔ مسّل اگر کھینچا جائے۔ عمدہ نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	

4003۔ مسّل کھینچا جائے۔ ایک اور مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
کاسٹیکم	Causticum	

4004۔ کسی عضو پر ضرورت سے زیادہ بوجھ پڑے اور وزنی چیز کو اُٹھانے یا کھینچنے کے بد اثرات باقی رہ جائیں اور کھچاؤ پیدا ہو تو مفید دوائیں:

1۔ رسٹاکس Rhustox 200

2۔ ملی فولیئم Millefolium 200

3۔ رُوٹا Ruta 30

4005۔ قوت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھانے سے ٹانگ یا بازو کے پٹھے کھنچ جائیں۔

مفید دوا : کلکیر یا سلف Calc. Sulph 30

یہ دوا ایسے سب عضلات پر اچھا اثر دکھاتی ہے جو طاقت سے بڑھ کر بوجھ اُٹھانے

سے بیمار پڑ جائیں۔

4006۔ مریض کے عضلات بوجھ اُٹھانے کی کوشش سے کھنچ جاتے ہوں اور ایسے مریضوں کو پھر تھوڑا سا بوجھ اُٹھانے سے بھی ان عضلات میں ہمیشہ تکلیف ہوتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ فیرم فاس — Ferr. Phos 6x

2۔ ملی فولیئم — Millefolium 200-30

ہاتھ، پاؤں، کلائی اور گردن

کے عضلات کی متفرق تکالیف

4007۔ کلائی میں موچ آنے اور اُنگلیوں کے کھچاؤ کو دور کرنے کے لئے

مفید دوا: روٹا — Ruta 30

4008۔ ہاتھ، پاؤں اور کلائی کے جوڑوں کے درد کے

1۔ علاج کے آغاز کیلئے مفید دوا: کاربوویج — Carboveg 30

2۔ بعد میں مفید دوا: کالی کارب — Kali Carb 6x

4009۔ کلائی اور ہاتھوں کے عضلات میں تشنج۔ اور لکھتے ہوئے یا ٹائپ کرتے ہوئے انگلیوں میں جھٹکے لگنا (خاص علامت)

مفید دوا: سٹینم — Stannum 30

4010۔ سوتے سوتے گردن میں بل پڑ جائے۔ مفید نسخہ:

جلسیمیم — Gelsemium
بیلاڈونا — Belladonna
200 ملا کر

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 396)

4011۔گردن سردی لگنے سے اکڑ جائے۔

مفید دوا : مرکری Merc. Sol 30

4012۔صبح اُٹھ کر گردن میں اکڑاؤ کا احساس ہو تو

1۔اوّلین دوا: بیلاڈونا Belladonna 30

2۔مفید دوا: مرکسال Merc. Sol 30

4013۔عضلات کو ہڈی سے ملانے والے سفید ڈورے (Tendon) سکڑ جانے اور ان میں تناؤ پیدا ہو جانے سے ٹانگیں اور بازو پوری طرح نہ کھلیں اور درد محسوس ہوتا ہو

مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

4013۔فلیکسرز (Flexors) یعنی ہاتھ پاؤں اندر کی طرف کھولنے والے اور ایکٹینسرز (Extensors) یعنی باہر کی طرف کھولنے والے عضلات پر فالجی اثر۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

4014۔ٹانگوں اور بازوؤں کی متوازن حرکت پر ارادہ کو اختیار نہ رہے اور چلنے میں پاؤں اِدھر اُدھر پڑیں۔

فائدہ مند دوا: الیومینا Alumina 30

الیومینا کا لمبا استعمال ضرور فائدہ دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

کندھوں کا درد، کمر کا درد

Frozen Shoulder / Pain in Shoulder

4015۔کندھوں کا درد: Frozen Shoulder بوجہ پتے کی پتھری اور جگر کا کینسر بلا تاخیر استعمال کی جانے والی دوا:

کالی بائیکروم Kali Bich 30

کالی بائیکروم میں درد جگر سے کندھوں کی طرف حرکت کرتا ہے۔ یہ ایک خطرناک بیماری ہے۔ جگر اور پتے کے کینسر میں یہ علامت ملتی ہے اور مریض کندھے میں شدید درد کی شکایت کرتا ہے۔ اس صورت میں کالی بائیکروم کو استعمال کرنا چاہیئے ..... پتے کی پتھری اور جگر کا کینسر مل کر کندھے میں درد پیدا کرتے ہیں۔ یہ عجیب قسم کا درد ہوتا ہے جس کا کندھے کے عضلات سے براہ راست کوئی تعلق نہیں۔ کالی بائیکروم پتے کی پتھری اور جگر کی تکلیفوں میں بلا تاخیر شروع کروانی چاہیئے اس کے اثر سے بسا اوقات پتے کی پتھریاں گھلنے لگتی ہیں۔ اور آپریشن کی ضرورت ہی نہیں پیش آتی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 491)

4016۔کندھے کے جوڑ کا بائی کا درد Frozen Shoulder جوڑ ہلتا ہی نہ ہو۔ اگر بائی کی دردوں کی وجہ سے جوڑ حرکت نہ کرے تو۔

بہترین دوا: آرم میٹ Aurum Met. 200

آرم میٹ میں بائی کی دردیں بھی پائی جاتی ہیں۔ جوڑوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ ہڈیوں کے اردگرد پائی جانے والی باریک جھلی میں خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے ہڈیاں متاثر ہوتی ہیں اور بعض اوقات بھر بھری ہو جاتی ہیں۔ کرکری ہڈیوں یعنی لچکدار ہڈیوں میں بھی کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ ہڈیوں کے ریشوں میں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ ارجنٹم نائیٹریکم کے مشابہ ہے۔ ہڈیوں میں چاقو لگنے کا سا درد ہوتا ہے۔ بعض اوقات

جوڑوں کو حرکت دینا مشکل ہو جاتا ہے۔ جیسے کندھے کا جوڑ ہلتا ہی نہیں اسے عموماً Frozen Shoulder کہتے ہیں۔ بعض اوقات چوٹ لگنے کی وجہ سے بھی جوڑ ہلانا جُلانا مشکل ہوتا ہے لیکن اگر بائی کی دردوں کی وجہ سے جوڑ حرکت نہ کرے تو آرم میٹ بہترین دوا ہے۔

4017۔ کندھے کا جوڑ جم جائے اور گردن کا دایاں حصہ اور کمر کا پچھلا حصہ بھی متاثر ہو اور سب عضلات اکڑ جائیں تو

بہت مؤثر دوا: سینگونیریا Sanguinaria 30

4018۔ گردن اور کندھے کے جوڑوں میں درد مستقل صورت میں ٹھہر جائے۔ گرم ٹکور کرنے سے آرام آتا ہو۔

مفید دوا: سپائیجیلیا Spigelia 30

سپائی جیلیا کی تکلیفیں سردی سے بڑھتی ہیں لیکن درد میں جلن پائی جاتی ہے جیسے آگ سی لگی ہو اور درد کے کوندے شعلوں کی طرح لپکتے ہیں یا ایسے لگتا ہے کہ گرم تاروں سے ماؤف جگہ کو جکڑ دیا گیا ہے اور اعصاب کے کناروں پر بھی گرمی کا شدید احساس ہوتا ہے۔ ایسی کیفیت میں سپائی جیلیا کو نہیں بھولنا چاہیئے۔ حتیٰ المقدور ایلوپیتھک ٹیکوں سے احتراز کرنا چاہیے۔ جو ان دردوں کو دبانے میں مفید تو ثابت ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ٹیکہ غلط لگ جائے تو دائمی نقصان کا موجب بن سکتا ہے۔ سپائی جیلیا کام کرے تو کسی ٹیکے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 761)

4019۔ کمر کے عضلات میں کھچاؤ اور تناؤ کی وجہ سے کمر درد کندھوں تک پھیل جائے

اور سر کے پیچھے تک محسوس ہو۔ گردن اکڑ جائے جس کی وجہ سے گردن موڑنا مشکل ہو جائے۔

مفید دوا: جلسیمیم Gelsemium 200

4020۔ کندھوں کا درد۔ درد جگر سے کندھوں کی طرف حرکت کرے۔

کالی بائیکرومیم Kali Bich. 30

4021۔ وجع المفاصل، کندھوں، بازوؤں، ہاتھوں، ٹانگوں اور پاؤں میں ناخنوں کے اندر لہر دار درد اور کمزوری (خصوصی علامت)

مفید دوائیں: 1۔ بربرس Berberis Q

2۔ بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

بربرس میں وجع المفاصل (Rheumatism) یعنی عام بڑے جوڑوں کے درد سے زیادہ ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں کے درد کی علامت پائی جاتی ہے۔ پنجوں اور ہاتھوں کی انگلیوں وغیرہ میں جو درد پائے جاتے ہیں ان کا بینزوئیک ایسڈ کی طرح بربرس سے بھی گہرا تعلق ہے۔ کولہوں یا ٹانگ کا درد کھڑے ہونے پر شروع ہو جاتا ہے۔ اور تھوڑا سا چلنے سے ہی ٹانگ درد سے بھر جاتی ہے۔ پاؤں میں خصوصاً ایڑیوں میں اور تلووں میں تکلیف ہوتی ہے۔

4022۔ کندھوں میں درد ہوتا ہو۔ خصوصاً دائیں کندھے میں۔ سارے جسم میں تھکاوٹ کا احساس۔

مفید دوا: میگنیشیا کارب Mag Carb 6x

4023۔ دائیں کندھے کے جوڑ کے درد کی

مفید دوا: لائیکو پوڈیم Lycopodium 200-30

4024۔ دونوں کندھوں کے جوڑ کے درد کی

مفید دوا: چینو پوڈیم Chenopodium 30

4025۔ کندھوں میں درد ہوتا ہو خصوصاً دائیں کندھے میں۔

مفید دوا: میگ کارب Mag. Carb 30

میگ کارب کے تمام اعصابی دردوں کو ہلکا ہلکا چلنے سے آرام آتا ہے۔ ہلکی حرکت سے درد میں افاقہ ہوتا ہے۔ سردی نا قابل برداشت ہوتی ہے۔ بستر کی گرمی میں تکلیف بڑھ جاتی ہے۔

4026۔دائیں کندھے اور سینے کے دائیں طرف درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : چیلیڈونیم Chelidonium 30-Q

4027۔دائیں کندھے اور سینہ میں درد جس میں سانس اندر کی طرف کھینچنے سے

اضافہ ہو جاتا ہو۔مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

4028۔دائیں کندھے کے درد کیلئے ایک

مفید دوا : سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

سٹرونشیم کارب گردن کے پٹھوں کے درد میں بھی مفید دوا ہے۔

4029۔جوڑوں کا درد بالعموم دائیں کندھے سے شروع ہوتا ہو اور بعض اوقات یہاں تک ہی محدود نہیں رہتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4030۔گنٹھیا اور بائی کے درد جو لمبے عرصہ سے موجود ہوں، دائیں کندھے اور بازو میں اینٹھن، بجلی کے کوندوں کی طرح لپکنے والا درد جو ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف حرکت کرے اور ٹخنوں اور پاؤں کے پنجوں میں درد ہوتا ہو۔(علامت)

مفید دوا : فائٹولاکا Phytolacca 200-30

4031۔کندھوں کے دونوں طرف کے اعصاب میں دُکھن اور تھکاوٹ کا احساس ہوتا ہو۔اس تکلیف میں مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

4032۔کمر اور کندھوں میں درد ہوتا ہو۔سخت چیز سے دبانے سے درد کی شدت میں کمی آجاتی ہو۔اسی طرح سخت چیز پر سونے سے بھی آرام ملتا ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

4033۔گردن، کندھوں، کمر اور بازوؤں میں شدید درد ہوتا ہو۔ کمر درد کے ساتھ بہت کمزوری ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

4034۔گاؤٹ (Gout) کے مادے دبا دینے سے ریحی دردیں گردن کے پچھلے حصہ میں ہوں اعصاب جکڑے ہوئے محسوس ہوں اور گردن کو حرکت دینا بھی مشکل ہو۔

ناقابل فراموش دوا: گائیکم Guaiacum 30

4035۔گردن اور کمر کے عضلات میں پھوڑے کی طرح کا درد جو بجلی کے کوندے کی طرف ہر طرف پھیل جائے۔ آرام کرنے سے تکلیف میں کمی اور حرکت کرنے سے اضافہ، ٹھنڈک اور نمی سے آرام۔

مفید دوا : ایکٹیا ریسی موسا Actaea Racemosa 30

☆☆☆☆☆

کمر، ریڑھ کی ہڈی، سلپ ڈسک، کمر میں چُک پڑنا اور دُمچی کی ہڈی کی تکالیف

4036۔چُک پڑ جائے: اگر کمر میں کسی جھٹکے کے نتیجہ میں چُک پڑ جائے اور مستقل بیماری بن جائے تو

مفید دوا : آرنیکا Arnica 1000-200

4037۔ریڑھ کی ہڈی میں چُک پڑ جائے تو شروع میں بہت مؤثر دوا:

نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

نیٹرم میور کے مریض کی اکثر علامتیں نرم بستر میں بڑھ جاتی ہیں۔ ریڑھ کی ہڈی نسبتاً بہت حساس ہو جاتی ہے۔ اعصاب میں بے چینی محسوس ہوتی ہے اور درد ہوتا ہے۔ سخت جگہ پر لیٹنے سے آرام آتا ہے۔

4038۔ کسی جھٹکے کے نتیجہ میں چک پڑ جائے اور مستقل بیماری بن جائے اور کمر کو جھٹکا لگنا عمر بھر کا روگ بن جائے۔

1۔ کارآمد دوا: آرنیکا Arnica 1000-200

2۔ مفید دوا: سمسی فیوجا Cimicifuga 200-30

4039۔ اگر کمر میں درد ٹھہر جائے تو آغاز میں مفید نسخہ

آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia
200 ملا کر

4040۔ اگر افاقہ عارضی ہو تو مفید نسخہ

آرنیکا Arnica
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

4041۔ کمر میں چک پڑ جانے کے لئے ایک اور نسخہ

1۔ آرنیکا Arnica
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

2۔ کالی فاس Kali Phos
کلکیریا فلور Calc. Fluor
نیٹرم میور Nat. Mur
30

روزانہ تین بار

Backache : Lumbago : کمر درد

4042۔ کمر درد (Lumbago) کیلئے مفید نسخہ

کالی کارب	Kali Carb	
سمسی فیوجا	Cimicifuga	30 ملا کر
میگ فاس	Mag. Phos	

4043۔ کمر درد کے لئے ایک اور مفید نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
ایکونائیٹ	Aconite	

4044۔ کمر درد کے لئے ایک اور کارآمد نسخہ

1۔ آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
رسٹاکس	Rhustox	
2۔ کالی کارب	Kali Carb	30

4045۔ گردن اور کمر کے عضلات میں پھوڑے کی طرح درد جو بجلی کے کوندے کی طرح ہر طرف پھیل جائے آرام کرنے سے تکلیف میں کمی اور حرکت کرنے سے اضافہ ٹھنڈک اور نمی سے آرام۔

مفید دوا : ایکٹیا ریسی موسا Actaea Racemosa 30

4046۔ کمر کا اذیت ناک درد۔ خاص طور پر اگر درد کمر سے نیچے دونوں کولہوں میں اُترے۔ (خاص علامت)

کارآمد دوا: کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

4047۔ کمر درد جو رات کے پچھلے پہر یعنی تین چار بجے کے قریب بڑھے۔ (علامت)

30 Kali Carb کالی کارب

4048۔ کمر درد جس میں رات پڑنے پر اکثر اضافہ ہونے لگے۔ کمر درد اسہال لگ جانے سے ٹھیک ہو جاتا ہو۔ (مرکزی علامت)

30 Abrotanum ابراٹینم

4049۔ کمر میں چوٹ لگ جانا (مفید نسخہ)

آرنیکا Arnica

ایکونائیٹ Aconite — 30 ملا کر

بیلاڈونا Belladonna

4050۔ کمر کی کمزوری کا احساس رہتا ہو اور مریض کا دل لیٹنے کو چاہتا ہو۔ کھڑا ہونا اور بیٹھنا مشکل ہوتا ہو۔ ہلکا چلنے سے آرام محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

4051۔ قبض اور کمر درد کیلئے مفید دوائیں:

1۔ برائیونیا Bryonia 200

2۔ سلفر Sulphur 200

4052۔ کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے قریب شدید درد ہوتا ہو جو شانوں کی ہڈیوں میں پھیل جاتا ہو۔ مفید دوا : چینوپوڈیم Chenopodium 30

4053۔ طاقت سے بڑھ کر بوجھ اٹھانے سے کمر پر بوجھ پڑ جائے۔ عضلات میں کھچاؤ پیدا ہو جائے۔ (درد ہوتا ہو۔)

کارآمد دوا : کلکیریا سلف Calc. Sulph 200-6x

4054۔ بوجھ اُٹھانے سے کمر میں درد ہوتا ہوتو

مفید دوا : کلکیر یا فاس Calc. Phos 200-6x

4055۔ کمر کی تکلیف کا ٹانگوں پر اثر ہوایسا بھاری پن پیدا ہو جاتا ہو کہ ٹانگیں لکڑی کی بنی ہوئی لگتی ہوں۔ (علامت)

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200

4056۔ کمر درد، کمر کے نچلے حصے میں درد ہوتا ہو، کمر میں کمزوری محسوس ہوتی ہواور بیٹھ کر اُٹھنے سے تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب Calc. Carb 30-6x

4057۔ پنڈلیوں اور کمر میں درد، صبح بستر سے اُٹھنے سے بڑھ جاتا ہو۔ مگر عموماً رات کے وقت آرام کرنے سے تکلیف میں کمی ہوتی ہو۔

مفید دوا : سٹیفی سیگریا Staphysagria 30

4058۔ کمر درد سردی اور نمی سے بڑھتا ہو۔ مریض رات کو جب بستر میں گرم ہوتو درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : فائیٹولاکا Phytolacca 200-30

4059۔ بہت زیادہ بیٹھنے کی وجہ سے کمر کے عضلات میں درد ہوتو

اکثر کارآمد دوا: نکس وامیکا Nux Vomica 30

نکس وامیکا کا کمر درد ایک ہی جگہ ٹھہرا رہتا ہے۔

4060۔ کمر درد میں جلن اتنی شدید ہوتی ہو جیسے ماؤف مقام پر گرم استری رکھ دی گئی ہو۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

4061۔ کمر میں درد اور جلن نیز دونوں کندھوں کے درمیانی حصہ میں گرمی کا احساس، کندھوں کے جوڑوں میں جلن اور درد۔

مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 200-30

4062۔ مریض کی کمر میں مستقلاً تھکی تھکی سی درد کا احساس رہتا ہو۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

4063۔ وجع المفاصل کی دردیں اور کمر درد۔ اسی طرح کولہے میں یا پنڈلی میں یا پاؤں کے تلوؤں میں درد ان سب کو ہلکی حرکت سے آرام آتا ہو تو

مفید دوا : فیرم میٹ Ferr. Met. 30

4064۔ کمر درد جسے صرف پیٹ کے بل لیٹنے سے ہی آرام آتا ہو۔

مفید دوا : ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 30

4065۔ مریض اکثر کمر درد کا شکار رہتا ہو۔ بازوؤں، ٹانگوں خصوصاً گھٹنوں میں کمزوری کا احساس ہوتا ہو تو

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

4066۔ کمر میں درد ہوتا ہو اور ریڑھ کی ہڈی بہت زود حس ہو جاتی ہو۔ رات کو بہت درد ہوتا ہو۔

کارآمد دوا: ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

4067۔ بواسیر کے ساتھ کمر اور پیٹ میں درد، کمر کا درد حرکت سے بڑھ جاتا ہو۔ لیکن مسلسل حرکت سے اس میں کمی آجاتی ہو۔

مفید دوا : کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

4068۔ کمر کے عضلات میں کھچاؤ اور تناؤ کی وجہ سے کمر درد کندھوں تک پھیل جاتا ہو اور سر کے پیچھے تک محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : جلسیمیم Gelsemium 200-30

4069۔ کمر میں کمزوری کا احساس رہتا ہو اور مریض کا دل لیٹنے کا چاہتا ہو کھڑا ہونا، اور بیٹھنا مشکل ہوتا ہو، ہلکا چلنے سے آرام محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : سلفیورک ایسڈ Sulphuric Acid 30

4070۔ کمر کے نچلے حصہ میں درد، جس میں درد برداشت نہیں ہوتا ہو۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

4071۔ ریڑھ کی ہڈی میں درد اور نچلے حصہ میں درد۔ چلنا مشکل۔ مفید نسخہ

ہائپریکم	Hypericum	
روٹا	Ruta	30 ملاکر
سٹفی سیگریا	Staphy sagria	

4072۔ ریڑھ کی ہڈی میں درد مفید نسخہ نمبر 1

برائیونیا	Bryonia	
پوڈوفائیلم	Podophyllum	200 ملاکر
کاسٹیکم	Causticum	

اگر نمبر 1 سے فائدہ نہ ہو تو پھر مندرجہ ذیل استعمال کریں۔

4073۔ ریڑھ کی ہڈی میں درد کے لئے نسخہ نمبر 2۔

1۔ آرنیکا	Arnica	
لیکیسس	Lachesis	200 ملاکر
لیڈم	Ledum	

2۔ سمسی فیوجا Cimicifuga
کالی کارب Kali Carb — 30 ملا کر
میگ فاس Mag. Phos

4074۔ ریڑھ کی ہڈیوں کے مہروں کے ٹیڑھے پن میں ایک بہت کام آنے والی دوا:

پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

یہ ریڑھ کی ہڈیوں کے عضلات کو طاقت دے کر انہیں سیدھا کر دیتی ہے اور دونوں طرف کے تناؤ کو برابر کر دیتی ہے۔

4075۔ ریڑھ کی ہڈی میں پانی۔ کارآمد نسخہ

1۔ بیسیلینم Bacillinum
سورائینم Psorinum — 200 ملا کر
پائیروجینم Pyrogenium

2۔ کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea — 6x ملا کر
فیرم فاس Ferr. Phos

4076۔ ریڑھ کی ہڈی کے منکے ایک طرف ہو جائیں اور اعصاب دب جائیں، ٹانگوں کی طرف اُترنے والی دردیں ہوں یا شیاٹیکا (Sciatica) ہو جائے:

ناقابل فراموش دوا: میڈورائینم Medorrhinum CM-1M

4077۔ ریڑھ کی ہڈی سے درد ٹانگ تک جائے۔

1۔ آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia — 200 ملا کر

2۔ ہائپریکم　　Hypericum
سٹفی سیگریا　　Staphysagaria　　30 ملا کر

4078۔ ریڑھ کی ہڈی سے درد ٹانگ تک جائے تو ایک اور کار آمد دوا:

اونینتھی کروکیٹا　　Onanthi Krokata　　6x　　ملا کر دن میں تین بار

4079۔ بچوں کی ریڑھ کی ہڈی میں سوزش کی وجہ سے ران کی ہڈی بھی بڑھ جائے جو بہت سخت تکلیف دہ ہوتی ہو۔ پیٹھ کے نچلے حصہ میں درد اور گردن کے غدود اکڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا فلور　　Calc. Fluor　　6x

☆☆☆☆☆

کمر کی کمزوری اور کُبڑا پن

4080۔ بچوں کی ریڑھ کی ہڈی میں خم پڑ جائے، قد نہیں بڑھتا ہو اور وہ اونچا ہونے کی بجائے کبڑے ہونے لگیں۔ ایسے کبڑوں کے لئے

مفید دوا : پلسٹیلا　　Pulsatilla　　200-30

4081۔ وقت سے پہلے کُبڑے پن کا رجحان ختم کرنے کیلئے

مفید دوا : کینابس انڈیکا　　Cannabis Indica　　30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 226)

4082۔ کمر کے عضلات میں کمزوری کی وجہ سے کُبڑا پن۔ علامات کی ابتداء میں

مفید دوا : کینابس انڈیکا　　Cannabis Indica　　30

4083۔ وقت سے پہلے کُبڑا پن کے رجحان کو ختم کرنے کیلئے

مفید دوا : کینابس انڈیکا　　Cannabis Indica　　30

4084۔ کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے قریب شدید درد ہوتا ہو جو شانوں کی ہڈیوں میں پھیل جاتا ہو اور سینہ میں بھی جاتا ہو۔

مفید دوا: چینو پوڈیم Chenopodium 30-Q

4085۔ اعضاء میں تھکن اور درد خصوصاً کمر اور پیٹھ میں درد (نمایاں علامت)

کارآمد دوا: روٹا Ruta 30

چت لیٹنے سے درد کی شدت میں کمی آتی ہے، آرام سے عموماً تکلیف بڑھتی ہے اور حرکت سے کم ہو جاتی ہے۔

4086۔ کمر کی تکلیفوں اور ریڑھ کی ہڈی کے اردگرد کے عضلات کی اکثر خرابیوں میں بہت

مفید دوا: رسٹاکس Rhustox 200-30

4087۔ ریڑھ کی ہڈی اور ٹانگوں میں کمزوری کیلئے مفید دوائیں:

1۔ کونیم Conium 30

2۔ فاسفورس Phosphorus 200-30

3۔ پکرک ایسڈ Picric Acid 30

4088۔ ریڑھ کی ہڈی میں دباؤ اور ٹھنڈک کا احساس۔

مفید دوا: بینزوئک ایسڈ Benzoic Acid 30

4089۔ ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ اور اعصاب میں سوزش کیلئے

بہت اچھی دوا: بیلس Bellis 30

4090۔ ریڑھ کی ہڈی میں کمزوری آجائے، کمر اور ٹانگیں جواب دے جاتی ہوں، چلنے سے پاؤں لڑکھڑاتے ہوں، بیٹھ کر اُٹھنا مشکل ہو۔

مفید دوا: ایسکولس Aesculus 30

4091۔ریڑھ کی ہڈی اور حرام مغز کی سوزش (Spinal Meningitis) کیلئے

مفید دوا : زنکم میٹ Zinucm Met. 200-30

4092۔ریڑھ کی ہڈی میں سُن ہونے کا احساس۔

مفید دوا : فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

☆☆☆☆☆

SLIP DISK : سلپ ڈسک

4093۔سلپ ڈسک : SLIP DISK کے لئے مفید نسخہ:

1۔آرنیکا Arnica
رسٹاکس Rhustox
200 ملا کر

2۔نیٹرم میور Nat. Mur
کلکیر یا فلور Calc. Fluor
میگ فاس Mag. Phos
6x ملا کر

4094۔سلپ ڈسک: ریڑھ کی ہڈی کے مہرے عضلات میں کمزوری کی وجہ سے اِدھر اُدھر مڑ جائیں اور چلنا دوبھر ہو جائے تو ریڑھ کی ہڈی کے عضلات کو طاقت بخشنے والی

بہترین دوا : بیلس Bellis 30

بیلس کا ریڑھ کی ہڈی کے عضلات سے گہرا تعلق ہے۔عضلات میں کمزوری ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے ہڈی کے مہرے ادھر اُدھر مڑ جاتے ہیں۔ریڑھ کی ہڈی کے عضلات کو طاقت بخشنے کیلئے بیلس بہترین دوا ہے۔ایک آدھ مہرے میں بھی تکلیف ہو تو چلنا پھرنا دوبھر ہو جاتا ہے۔اس صورت میں بیلس بہت نمایاں اثر دکھاتی ہے۔ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ اور اعصاب میں سوزش کے لئے بیلس بہت اچھی ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 143-144)

4095۔سلپ ڈسک: کمر کی ہڈی گھس گئی ہو اور اُٹھانے سے درد

بیسلینم	Bacillinum	30 ملا کر
فاسفورس	Phosphorus	

4096۔ریڑھ کی ہڈی کے منکے ایک طرف ہو جائیں اور اعصاب دب جائیں۔ٹانگوں کی طرف اُترنے والی دردیں ہوں یا شیاٹیکا (Sciatica) ہو جائے۔

مفید دوا: میڈورائینم Medorrhinum 1000

اُونچی طاقت میں دے کر ہفتہ دس دن تک اس کا اثر دیکھنا چاہیئے۔

ڈُمچی کی تکالیف

Ailments of coccyx

4097۔ڈُمچی کی تکلیف کے لئے بہت خاص دوا:

ہائی پیریکم Hypericum 30

4098۔ڈُمچی کی تکلیف کے لئے خاص نسخہ

ہائپریکم	Hypericum	200-30 ملا کر
بیلس	Bellis	

4099۔ڈُمچی کی تکلیف کے لئے ایک اور مؤثر نسخہ

ہائپریکم	Hypericum	200-30 ملا کر
آرنیکا	Arnica	

☆☆☆☆☆

ہڈیوں کی تکالیف

Ailments of Bones

4100۔ہڈی کی چوٹ: ہڈی پر ضرب آجائے یا فریکچر ہوجائے۔

1۔مفید دوا : روٹا Ruta 30

2۔بہت مفید نسخہ:

رُوٹا	Ruta	30 ملا کر
کلکیر یافاس	Calc. Phos	
آرنیکا	Arnica	
سمفائیٹم	Symphytum	

کسی ہڈی پر ضرب آجائے یا فریکچر ہوجائے تو روٹا دینے سے شفاء کی رفتار بہت تیز ہوجاتی ہے۔روٹا ہڈی اور اس کے اردگرد کے اعصاب کو تقویت دیتی ہے۔روٹا کے ساتھ کلکیر یافاس اور سمفائیٹم کو ملالیا جائے تو بہت مفید نسخہ بنتا ہے۔کلکیر یافاس ہڈی کے اندرونی مادے کیلئے اور سمفائیٹم اور روٹا اعصابی رگ وریشہ کو طاقت دینے کیلئے مفید ہیں۔اگر چوٹ تازہ ہوتو آرنیکا 30 بھی ملالینی چاہیئے۔

4101۔ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے اور دردوں کے لئے ایک مفید نسخہ

1۔روٹا	Ruta	200 ملا کر
ہائپریکم	Hypericum	
2۔کلکیر یافاس	Calc. Phos	30
سمفائیٹم	Symphytum	
کلکیر یافلور	Calc. Fluor	

4102۔ہڈیاں نرم ہوکر ٹیڑھی ہونے لگیں اور اسفنج کی طرح ہوجائیں۔

1۔عمومی دوا: کلکیریا کارب Calc. Carb 30

2۔اگر وجع المفاصل کا بھی رجحان ہوتو

مفید دوا: گائیکم Guaiacum 30

4103۔ہڈیوں میں نقص پیدا ہوجائے اور وہ ٹیڑھی ہوجائیں اور ٹانگوں کی ہڈیاں اندر کی طرف مڑنے لگیں اور چلتے ہوئے گھٹنے کی ہڈیاں آپس میں ٹکرانے لگیں۔مفید دوائیں:

1۔ کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

2۔ میلینڈرینم Malandrinum 30

کمزور ہڈیوں کیلئے کلکیریا کارب بہت مفید دوا ہے بلکہ اصل دوا ہی یہ ہے۔لیکن میلینڈرینم بھی اچھا کام کرتی ہے۔

4104۔کُرکُری ہڈیاں (جن میں لچک پائی جاتی ہے اور وہ بآسانی مُڑ جاتی ہیں) موٹی اور سخت ہونے لگتی ہوں۔ناک کی ہڈی موٹی ہوجانے کے باعث سانس لینے میں دقّت ہوتی ہو۔کان کی ہڈیوں میں چھوٹی چھوٹی گانٹھیں سی پڑ جاتی ہوں اور وہ سوج کر موٹی ہونے لگتی ہوں۔

مفید دوا : ارجنٹم میٹیلیکم Argent. Met. 30

یہی علامتیں بڑھ کر کینسر میں بھی تبدیل ہوسکتی ہیں۔

4105۔ہڈیوں کے درد خصوصاً دانتوں کے نیچے ہڈی میں درد اکثر رات کو بڑھتا ہو۔

اگر چھ بجے شام کو شروع ہو اور صبح 4 بجے تک جاری رہے۔

ناقابل فراموش دوا: گائیکم Guaiacum 30

دانتوں کے درد کی وجہ سے جسم میں بھی شدید دردیں ہوتی ہیں ڈاکٹر عموماً مشورہ دیتے

ہوں کہ دانت یا ٹانسلو نکلوا دیں لیکن پھر بھی تکلیف باقی رہتی ہے۔ اگر وقت پر گائیکم دے دی جائے تو آپریشن کی نوبت نہیں آتی۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 419-420)

4106۔ بڑھتی ہوئی ہڈیوں کو روکنے کے لئے مفید نسخہ

فیرم فاس	Ferr. Phos	6x ملا کر
کالی فاس	Kali Phos	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

4107۔ ہڈیوں میں ایسے درد کا احساس جیسے رگڑ لگ گئی ہو یا مار اپیٹا گیا ہو۔

1۔ ہڈیوں کی صرف سطح پر دُکھن اور رگڑ کا احساس ہو تو

مفید دوا : کالی بائیکروم Kali Bich 30

2۔ جسم کی ساری ہڈیاں اندر سے دُکھتی ہوں تو

مفید دوا : یوپیٹوریم Eupatorium 30

4108۔ ہڈیوں میں دردیں جو مستقل بیماری کی شکل اختیار کر لیں۔

مفید دوا : مرکری Mercurius 30

"اس کی پہچان یہ ہے کہ ان ہڈیوں میں جہاں جلد اور ہڈی کے درمیان گوشت کی زیادہ تہیں نہ ہوں وہاں دردیں نمایاں طور پر محسوس ہوتی ہیں یعنی جلد سے چمٹی ہوئی ہڈیوں میں درد کا احساس ہوتا ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 593)

4109۔ چلنے سے ہڈیوں میں درد ہو تو

1۔ مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
برائیونیا	Bryonia	

اگر فائدہ نہ ہوتو

2۔مفید دوا : میگنیم Maganum 30

اس مریض کو معمولی سالس بھی تکلیف دیتا ہے۔یہ ان دونوں دوائیوں کی (آرنیکا، برائیونیا) کی نسبت گہرا اثر رکھتی ہے۔

4110۔غدودوں اور ہڈیوں میں اگر ناسور مزمن ہو جائیں تو

نا قابل فراموش دوا: مرکری Merc. Sol 30

مرکری کی خاص علامت یہ ہے کہ جوڑوں میں درد کے ساتھ پیپ بننے کا رجحان بھی ہوتا ہے۔چونکہ مرکری کے مریض کا مزاج آتشک کے مریض کے مشابہ ہوتا ہے اس کی ہڈیوں میں ناسور اور سوزش کے علاوہ پیپ کی علامت بھی ملتی ہے۔

ڈاکٹر عموماً اس پیپ کو پچکاری کے ذریعہ باہر نکالتے ہیں۔اگر مرکری چھوٹی طاقت میں شروع کر کے آہستہ آہستہ طاقت بڑھائی جائے تو بہت مفید نتائج ظاہر ہوں گے۔ایک دم اونچی طاقت میں مرکری دینا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 593-594)

4111۔ہڈی کی انفیکشن کیلئے مفید نسخہ

کلکیر یا فلور Calc. Fluor 1000

فاسفورس Phosphorus 1000

باری باری کچھ عرصہ تک۔

4112۔ہڈیاں گلنے اور کھوکھلی ہونے کا رجحان

مفید دوا : آرم میور Aurum Mur 30

4113۔وہ بیماریاں جن میں ہڈیاں گلنے لگیں اور ناسور بن جائیں ان میں بہت

مفید دوا : مرک سال Merc. Sol 30

4114۔ ہڈیوں کے بکھر بکھرا ہونے کی خطرناک بیماری کے لئے

موثر دوا: ایسافیٹیڈا

30 Asafoetida

4115۔ جسم میں کیلشیم کا توازن بگڑنے سے ہڈیوں کے کونے بڑھنے لگیں اور گھٹنوں کے جوڑوں کی ہڈیوں میں کیلشیم کے ابھار بن جائیں جو بہت تکلیف دہ ہوتے ہوں۔

کلکیر یا کارب

30 Calc. Carb

4116۔ ہڈیوں میں ٹیڑھاپن پیدا ہونے لگے اور وہ بدنما دکھائی دینے لگیں۔

مفید دوا : کلکیر یا کارب

30 Calc. Carb

"اگر کلکیر یا کارب کے مزاجی مریض کی ہڈیوں میں ٹیڑھاپن پیدا ہونے لگے اور وہ بدنما دکھائی دینے لگیں تو کلکیر یا کارب دینے سے بتدریج مگر واضح بہتری کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔"

کلکیر یا کارب کا مریض واضح طور پر پہچانا جاتا ہے۔ جسم فربہی مائل ہو، زرد رنگت، سر نسبتاً بڑا، پسینہ آنے کا رجحان، جسم کبھی ٹھنڈا کبھی گرم، سارے جسم کا نظام سست ہو تو یہ کلکیر یا کارب کے مریض کی عمومی تصویر ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 193-194)

ہڈیوں کی متفرق تکالیف

4117۔ ہڈیوں میں چاقو لگنے کی طرح کا درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : آرم میٹ

30 Aurum Met.

4118۔ ہڈیوں میں ایسے درد کا احساس ہونے لگتا ہو جیسے رگڑ لگ گئی ہو اور مارا پیٹا گیا ہو۔

مفید دوا : کالی بائیکروم

30 Kali Bich

کالی بائیکروم میں ہڈیوں کی صرف سطح پر دکھن اور رگڑ کا احساس پایا جاتا ہو۔

4119۔ جسم میں وہ حساس جگہیں جہاں ہڈی کے ساتھ جلد ملی ہوتی ہے اور درمیان

میں گوشت یا چربی کی موٹی تہہ نہیں ہوتی وہاں چھلنے اور دُکھن کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوائیں: 1۔فاسفورس Phosphorus 200-30

2۔مرک سال Merc. Sol 200-30

4120۔سارے جسم کی ہڈیاں اندر سے دُکھتی ہوں۔

عمدہ دوا: یوپیٹوریم Eupatorium 30

4121۔ہڈی کے اُبھاروں پر خارش ہوتی ہو تو

مفید دوا : ہورابرازیل Hura Braziliensis 30-6x

4122۔ہڈیوں، چھاتی اور گُردے کی بیماریوں میں اگر مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوں تو مفید نسخہ:

1۔فاسفورس Phosphorus 30

2۔سلیشیا Silicea 30-6x

ادل بدل کر۔

4123۔ہڈیوں کے ریشوں میں سختی پیدا ہو جائے تو

مفید دوا : آرم میٹ Aurum Met. 30

4124۔کنپٹی کی ہڈیوں پر اُبھار بن جائیں جن میں سوزش ہو۔

مفید دوا : کیپسیکم Capsicum 30

☆☆☆☆☆☆

ہاتھوں اور پاؤں کی متفرق تکالیف

Ailments of Extremities

4125۔سردی سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں جبکہ سر اور چہرہ گرم رہتے ہوں۔

مفید دوا : سباڈیلا   Sabadilla   30

4126۔مریضوں میں بعض دفعہ سارا ہاتھ نہیں بلکہ صرف انگلیاں ٹھنڈی ہوتی ہوں اور کسی طرح گرم ہونے میں نہیں آتی ہوں۔

کارآمد دوا: لیک ڈیف   Lac. Def   200-30

4127۔مریض کی ہتھیلیاں جلتی ہوں مگر اس کے باوجود ہاتھ باری باری ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔مفید دوا : میڈورائینم   Medorrhinum   200

4128۔مریض کے ہاتھ پاؤں سخت ٹھنڈے ہوتے ہوں۔مفید دوائیں:

1۔ جلسیمیم   Gelsemium   200-30

2۔گلونائین   Glonoine   200-30

فرق یہ ہے کہ جلسیمیم میں بالکل پسینہ نہیں آتا جبکہ گلونائن میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونے کے باوجود پسینہ آتا ہے۔

4129۔بازو اور ٹانگیں ٹھنڈی ہو جاتی ہوں اور ان میں بوجھل پن محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : میوریٹک ایسڈ   Muriatic Acid   30

4130۔پاؤں میں چل بلینز (Chilblains) یعنی انتہائی سردی کے نتیجہ میں پاؤں کے پنجے کا سُرخ ہو کر متورم ہو جانا۔جس کے نتیجہ میں پنجہ جھڑ بھی سکتا ہے۔

کارآمد دوا: زنکم میٹ   Zincum Met.   30

کوہ پیاؤں کو بعض دفعہ انتہائی سرد موسم میں برف پر مسلسل چلنے سے یہ تکلیف ہوتی ہے

4131۔ پاؤں اور ٹانگوں میں ورم۔ گھٹنے تک ٹانگیں بے حد ٹھنڈی ہو جاتی ہوں

تلوے اتنے زود حس ہو جاتے ہوں کہ مریض تلووں کے بل پر چل بھی نہ سکتا ہو اور گھٹنوں کے بل اپنے آپ کو گھسیٹنا پڑتا ہو۔

مفید دوا : میڈورائینم Medorrhinum 200-30

4132۔ ہاتھ پاؤں متورم ہو جائیں۔ گردوں کی تکلیف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں متورم ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : آیوڈم Iodum 30

اگر گردوں کی بیماری میں آیوڈم کو وقت پر دیا جائے تو مریض بہت سی ناقابل علاج اور تکلیف دہ بیماریوں سے بچ جاتا ہے۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 471)

4133۔ ہاتھ پاؤں متورم، ہاتھ نرم اور ٹھنڈے برف ہونے کا احساس، ٹانگوں میں بے چینی

مفید دوا : کیکٹس Cactus 30

سب علامات کیکٹس کی تصویر ہیں۔

4134۔ سردی سے ہاتھ پاؤں پھٹتے ہوں۔

1۔ سورائینم Psorinum 200 ہفتہ وار

2۔ پیٹرولیم Petrolium 30 روزانہ تین بار

4135۔ سیمنٹ کے استعمال سے ہاتھ خراب (پھٹ جاتے ہوں)

رسٹاکس Rhustox 1000

سلفر Sulphur 1000

ہفتہ وار چند ہفتے۔

4136۔ ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہوں تو

مفید دوا :سلفر Sulphur 200

چند دن روزانہ ایک بار پھر ہفتہ میں دو بار۔

4137۔ پاؤں کی اُنگلیوں کے نیچے جلد پھٹنے کا رجحان ملتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4138۔ ہاتھوں اور چہرے پر مٹر کے دانوں کے برابر اُبھار بن جاتے ہوں۔

مفید دوا : سیکوٹا وروسا Cicuta Virosa 30

4139۔ پاؤں میں گٹے پڑ جانا، تنگ جوتا پہننے سے گٹے پڑ جائیں۔ حسب علامات

مفید دوائیں: 1۔ سلیشیا Silicea 30

2۔ سلفر Sulphur 30

4140۔ پاؤں کی اُنگلیوں پر گٹے پڑ گئے ہوں (CORNS)

مفید دوا : ایڈرنالین Adernalin 30

4141۔ پاؤں کی انگلیوں پر گٹے پڑ جائیں۔ ایک اور مفید نسخہ

1۔ اینٹی مونیم کروڈ Antimonium Crud 200

2۔ سلیشیا Silicea

کالی میور Kali Mur

فیرم فاس Ferr. Phos

کلکیر یا فلور Calc. Fluor

(6x ملا کر)

4142۔ پاؤں کی اُنگلیوں پر گٹے پڑ جائیں۔ ایک اور کار آمد نسخہ

بیلس میری نس Bellis

روٹا Ruta

(30 ملا کر)

4143۔ گاؤٹ یعنی نقرس میں انگلیوں اور ہاتھوں کے جوڑوں میں گانٹھیں بن جاتی ہوں ہاتھوں کی شکل بگڑ جاتی ہو۔ انگلیاں ٹیڑھی ہونے لگتی ہوں۔

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

"اس صورت میں کالی کارب کو اونچی طاقت میں دینا جبکہ وہ مریض کے مزاج کے عین مطابق بھی ہو بہت خطرناک ہے اور مریض کو سخت تکلیف میں مبتلا کر کے جان سے مارنے کے مترادف ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 495)

4144۔ ہاتھ پاؤں اور کندھے کے جوڑ میں سوجن اور ہتھیلیوں پر نیلے داغ۔

آرنیکا Arnica
لیکیسس Lachesis
لیڈم Ledum
200 ملا کر

4145۔ ہاتھ پاؤں کی جلن کیلئے مفید نسخہ

1۔ تھوجا Thuja
سلفر Sulphur
200 ملا کر

4146۔ اگر پاؤں کی جلن کو سلفر 200 سے فائدہ نہ ہو تو

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 1000

صرف ایک خوراک

4147۔ ہاتھ پاؤں جلتے ہوں، پاؤں ٹھنڈے ہوں یا پاؤں جلتے ہوں اور ہاتھ ٹھنڈے ہوں۔ مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 200-30

4148۔ ایڑیاں جلتی ہوں تو مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4149۔ ہاتھ پاؤں میں گرمی، جلن اور پسینہ کی علامت۔ پاؤں جلتے ہوں اور مریض بستر

سے پاؤں باہر نکالتا ہو۔ ہاتھ پاؤں پسینے سے شرابور ہوتے ہوں۔ پسینہ میں جلن ہوتی ہو۔

مفید دوائیں: 1۔ سلفر Sulphur 30

2۔ فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

3۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

فلورک ایسڈ میں رات کے وقت بستر میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں تپش محسوس ہوتی ہے نتیجۃً مریض ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارتا ہے سلفر میں گرمی کے احساس کے باوجود پانی سے تنفر ہوتا ہے لیکن فلورک ایسڈ والے مریض کو ٹھنڈا پانی پسند ہوتا ہے اس لحاظ سے یہ پلسٹیلا سے مشابہ ہے پاؤں جلتے ہیں اور مریض بستر سے پاؤں باہر نکالتا ہے۔ ہاتھ پاؤں دونوں پسینے سے شرابور ہوتے ہیں۔ پسینہ میں جلن ہوتی ہے۔

4150۔ ہاتھ پاؤں پر پسینہ: پاؤں گرم رہتے ہوں اور پسینہ آتا ہو اور جلن بھی ہوتی ہو

مفید دوا: سلفر Sulphur 200

4151۔ ہاتھ پاؤں پر پسینہ: پاؤں وغیرہ پر سردی کے احساس کے باوجود پسینہ آتا ہو

مفید دوا: سلیشیا Silicea 6x

4152۔ اُنگلیوں کے درمیان پسینہ آنے کی وجہ سے اُنگلیاں گل جاتی ہوں۔

بہت مفید دوا: فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

4153۔ پاؤں پر سخت بدبُو دار پسینہ آتا ہو مفید دوا:

کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

4154۔ پاؤں بدبُو دار ہوتے ہوں تو

مفید دوا: برائیٹا کارب Baryta Carb 6x

4155۔ ہاتھوں اور پاؤں کی اُنگلیوں کے درمیان چھالے بن جاتے ہوں۔ ایسے

چھالوں کیلئے مفید دوائیں:

1۔ پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

2۔ سلفر Sulphur 30

4156۔ ہاتھوں یا پاؤں کی انگلیوں میں گینگرین ہو، پاؤں پر گٹے پڑ جائیں،

مؤثر دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

4157۔ ہاتھ پاؤں میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس نمایاں ہوتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4158۔ ہاتھوں اور اُنگلیوں میں فالجی کیفیت اور چیونٹیاں رینگنے کا احساس، کہنیوں اور کندھوں کے جوڑوں میں جلن اور درد۔

مفید دوا: فاسفورس Phosphorus 30

4159۔ یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے کلائی، گھٹنوں، پاؤں کے انگوٹھوں وغیرہ کی سوجن اور درد، اسی طرح ریڑھ کی ہڈی میں ٹھنڈک کا احساس (علامت)

مفید دوا: بینزوئیک ایسڈ Benzoic Acid 30

4160۔ انگوٹھا مُڑ کر ہتھیلی میں دھنس جاتا ہو۔

مفید دوا: ہیلی بورس Helleborus 30

4161۔ کلائی میں موچ آنے اور انگلیوں کے کھچاؤ کو دور کرنے کیلئے

مفید دوا: رُوٹا Ruta 30

4162۔ کلائی کی ہڈی میں لکھتے ہوئے درد ہوتا ہو

مفید دو: آرسینک آئیوڈائیڈ Arsenic Iodide 30

4163۔ کلائی اور ہاتھوں کے عضلات میں تشنج اور لکھتے ہوئے یا ٹائپ کرتے ہوئے انگلیوں میں جھٹکے لگیں (خاص علامت)

مفید دوا : سٹینم Stannum 30

4164۔ لکھتے ہوئے ہاتھوں میں اینٹھن ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4165۔ پنڈلیوں کے نہایت تکلیف دہ تشنج کے لئے

بہترین دوا: کاربوویج Carboveg 30

اگر یہ تشنج مرگی کے دوروں میں تبدیل ہو جائیں تو

کارآمد دوا: گریفائیٹس Graphites 200

4166۔ عضلات میں خصوصاً پنڈلیوں میں تشنج اور کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4167۔ دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور تشہد کی اُنگلی میں تشنج ہونے لگے جو لکھتے ہوئے بڑھ جاتا ہو۔

مفید دوا : سائیکلیمن Cyclamen 30

4168۔ پاؤں اور پنڈلیوں میں تشنج ہونے لگتا ہو جس کی وجہ سے چلنا مشکل ہو جاتا ہو۔ اگر تیز چلے تو تشنج ہو جاتا ہو تو

1۔ مفید نسخہ: برائیونیا Bryonia ⎤
آرنیکا Arnica ⎦ 200

ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

2۔ مفید دوا : کارڈووس میریانس Carduus Marihanus Q

کارڈووس میریانس کے مریضوں کی تکلیف جب بڑھ جائے تو چند قدم چلنے سے بھی تشنج ہونے لگتا ہے۔ پاؤں میں کمزوری کا احساس ہوتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 260)

4169۔ پاؤں کی انگلیوں اور ٹخنوں میں اکڑاؤ (بشرط مزاج)

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

مریض کھلی اور تازہ ہوا پسند کرتا ہے مریض ٹھنڈا ہوتا ہے لیکن کھڑکی بند کرنا پسند نہیں کرتا۔ مریض جوشیلا ہوتا ہے۔ غصہ بہت آتا ہے۔

4170۔ پاؤں کی اُنگلیوں میں سختی اور چبھن کا احساس ہوتا ہو

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 30

4171۔ پاؤں متورم ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : کارڈووس میریانس Carduus Marihanus 30-Q

4172۔ بازوؤں اور ٹانگوں میں تشنج اور درد ہوتا ہو جو لہروں کی صورت میں حرکت کرتا ہو۔ بار بار عود کر آتا ہو اور دیر تک جاری رہتا ہو۔

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

4173۔ تمام اعضاء میں خصوصاً بازوؤں اور ٹانگوں میں کھینچنے والے درد ہوتے ہوں۔

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

4174۔ بائیں ہاتھ کی اُنگلیوں میں درد (علامت)

مفید دوا : گلونائن Glonoine 30

4175۔ بازوؤں اور ہاتھوں میں کپکپاہٹ جو نچلے دھڑ تک جاتی ہوئی محسوس ہوتی ہو۔ ٹانگوں میں فالجی کیفیت پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

4176۔بازو بے حس ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا :ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

4177۔ہاتھوں، کلائی کہنیوں یا پاؤں کے جوڑ اچانک جواب دے جائیں تو

ممکنہ مفید دوا :فاسفورس Phosphorus 200-30

4178۔انگلیاں بدشکل ہو جاتی ہوں اور ہاتھوں کی رگیں پھول جاتی ہوں۔

مفید دوا : لاروسیراسس Laurocerasus 30

4179۔ہاتھ پاؤں کو اندر کی طرف کھینچنے والے عضلات، فلیکسرز (Flexors) اور باہر کی طرف کھولنے والے عضلات ایکسٹینسرز (Extensors) پر فالجی اثر۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 200-30

4180۔اعضاء کے سکونے اور کھلنے والے عضلات پر یکساں اثر کرنے

والی دوا: کیوپرم Cuprum 30

جب یہ تشنج پیدا کرے تو درد ہوتا ہے اور جب عضلات کو ڈھیلا کر دے تو شعوری طور پر ان کو سنبھالا نہیں جا سکتا۔

4181۔عضلات میں کھچاوٹ اور تناؤ پیدا ہو، جیسے وہ چھوٹے ہو گئے ہوں اور انہیں پوری طرح کھولنے میں دقت محسوس ہوتی ہو۔ان کے پیچھے بھی تناؤ ہو۔

مؤثر دوا: گریفائیٹس Graphites 200-30

گریفائیٹس عضلاتی نظام پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ٹانگوں کے پچھلے حصے خصوصاً ٹانگوں کے پیچھے اس کا نمایاں اثر ہوتا ہے۔مریض کھڑے ہونے یا بیٹھنے سے تکلیف محسوس کرتے ہیں۔

4182۔سفید ڈورے (Tendon) جو عضلات کو ہڈی سے ملاتے ہیں سکڑ جاتے ہوں ان میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہو جس کی وجہ سے ٹانگیں اور بازو پوری طرح نہیں

کھلتے ہوں اور درد محسوس ہوتا ہو۔

مفید دوا : گائیکم Guaiacum 30

4183۔کولہوں اور ایڑیوں میں موچ آنے کی طرح کا درد ہوتا ہو۔

لاروسیراسس Laurocerasus 30

4184۔پاؤں کے نیچے درمیان میں درد۔مفید نسخہ

آرنیکا Arnica
برائیونیا Bryonia 200 ملا کر
بیلاڈونا Belladonna

4185۔پاؤں کی ہڈیوں میں درد جس کی وجہ سے قدم زمین پر رکھنا دشوار ہو اور یوں محسوس ہو جیسے زخم بن گئے ہوں۔ عمدہ دوا : روٹا Ruta 30

4186۔پاؤں اور پنڈلیوں میں پھلپھلی سی ورم۔رنگت نیلاہٹ کی طرف مائل ہو۔

مفید دوا : لیڈم Ledum 30

4187۔چلتے ہوئے ٹانگوں میں دردیں ہوں تو

مفید دوا : کینیبس انڈیکا Cannabis Ind. 30

بازوؤں اور ہاتھوں میں کپکپاہٹ ہوتی ہے جو نچلے دھڑ تک جاتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ٹانگوں میں فالجی کیفیت پائی جاتی ہے۔کینابس انڈیکا کی پہچان کرنے والی ایک علامت یہ ہے کہ مریض کو نیند آتی ہے لیکن وہ سو نہیں سکتا۔

4188۔صبح اُٹھنے پر یوں محسوس ہوتا ہو جیسے چوٹیں لگی ہیں، چلنے سے دُکھن ہوتی ہو، پنڈلیوں میں کمزوری کا احساس ہوتا ہو۔

مفید دوا :ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

4189۔لمبی سیر پر جانے سے پہلے یا سخت کھیلوں کے آغاز میں بہت فائدہ مند نسخہ:

برائیونیا Bryonia
آرنیکا Arnica
200 ملا کر

4190۔مریض چلنے سے کمزوری محسوس کرتا ہو، ٹانگیں بوجھ برداشت نہیں کر سکتی ہوں اعضاء میں درد اور تھکن ہوتی ہو۔

مفید دوا : رُوٹا Ruta 30

4191۔درد ٹانگ سے پاؤں تک جائے۔مفید نسخہ

لیکیسس Lachesis
لیڈم Ledum
200 ملا کر

4192۔پاؤں کے تلوے کمزور اور نرم پڑ جاتے ہوں اور کچھ سوج جاتے ہوں۔

مفید دوا : الیومینا Alumina 30

4193۔تمام اعضاء ڈھیلے پڑ جاتے ہوں اور رفتہ رفتہ ٹانگیں اور پاؤں مرجھانے لگتے ہوں۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

ناخنوں کی تکالیف

Ailments of Nails

4194۔ناخن خراب ہوں۔ٹوٹ رہے ہوں۔کارآمد نسخہ

سلیشیا Silicea
کلکیریا فلور Calc. Fluor
نیٹرم میور Nat. Mur
6x صبح وشام روزانہ دو ہفتوں تک

4195۔ہاتھوں کے ناخن جلد ٹوٹتے ہوں اور بہت خستہ ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : ڈائسکوریا Dioscorea 30

4196۔ناخن جھڑ جاتے ہوں۔

مفید دوا : ہیلی بورس Helleborus 30

4197۔ناخنوں کے ساتھ جلد اُکھڑ جاتی ہو اور بہت تکلیف کا باعث بنتی ہو۔مفید دوائیں

1۔کلکیریا کارب Calc. Carb 6x

2۔پیٹرولیم Petroleum 30

جلد خشک ہو کر ناخنوں کو چھوڑ دیتی ہے جسے خشک ایگزیما کہتے ہیں۔

4198۔ہاتھ کے ناخنوں کی اردگرد کی جلد خشکی سے پھٹ جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 200-6x

4199۔ناخنوں کی ہر قسم کی بدوضعی۔ناخنوں پر لکیریں بن جانا۔ناخن موٹے اور بھدے ہو کر ٹیڑھے ہونے لگیں۔

اہم دوا: سسٹس Cistus 30

سسٹس میں ناخنوں کی ہر قسم کی بدوضعی پائی جاتی ہے۔

4200۔ناخن بدنما، اُکھڑے اُکھڑے اور بہت تیزی سے بڑھتے ہوں۔کنارے پھٹ جاتے ہوں اور پچک کر بے جان ہو جاتے ہوں۔مفید دوائیں:

1۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

2۔ فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

4201۔ناخن موٹے اور ٹیڑھے ہو جاتے ہوں ان میں سخت درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : گریفائیٹس Graphites 200-30

4202۔ ناخنوں میں پیپ پڑ جائے۔ پورا ناخن اُکھڑ جاتا ہو پھر نیا آ جاتا ہو۔

اوّلین دوا: ہیپر سلف Hepar Sulph 30

4203۔ ناخن اُکھڑنے لگتے ہوں یا چپک جاتے ہوں اور ان میں لکیریں سی پڑ جاتی ہوں موٹے موٹے اُبھار بن جاتے ہوں۔

کارآمد دوا: اینٹی مونیم کروڈ Antim. Crud 200-30

4204۔ ناخن میں سیاہی اور خطرناک گہرا رنگ نمایاں ہو جائے اور ناخن کی شکل بگڑنے لگے۔

1۔ اوّلین دوا: سورائینم Psorinum 200

2۔ مفید دوا: اینٹی مونیم کروڈ Antim Crud 30

4205۔ بچوں میں ناخن کھانے کی عادت: جس کی وجہ سے ناخنوں کے کنارے پر گوشت اُکھڑنے لگے اور بے چینی پیدا کرے۔ اگر ذرا بھی ہاتھ لگ جائے تو بہت تکلیف ہوتی ہو۔ بچہ اس گوشت کو چبائے اور آہستہ آہستہ دانتوں سے نوچتا ہو، پھر اس کی یہ عادت پختہ ہو جاتی ہو۔ اس بیماری میں مفید دوائیں:

1۔ نیٹرم میور Nat. Mur 30

2۔ ہیپر سلف Hepar Sulph 30

4206۔ ہاتھوں اور پاؤں کے ناخنوں پر چھوٹے چھوٹے اُبھار بن جاتے ہوں۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 30

4207۔ انگلیاں بدشکل ہو جاتی ہوں اور ہاتھوں کی رگیں پھول جاتی ہوں۔

مفید دوا: لاروسیراسس Laurocerasus 30

4208۔ناخنوں کی جڑوں میں سوزش ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم سلف Nat. Sulph 200-6x

4209۔پاؤں کے ناخنوں میں مزمن سوزش (علامت)

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4210۔اُنگلیوں کے جوڑوں پر گانٹھیں اور سوزش۔

مفید دوا :کلکیر یا فلور Calc. Fluor 6x

4211۔پاؤں کی انگلیوں کے اندر کی طرف اُگنے والے ناخن(In Growing Toe Nail) کی وجہ سے سوزش اور درد۔رگڑ لگنے سے تکلیف بڑھ جائے۔

1۔حسب علامت مفید دوائیں:1۔سلیشیا Silicea 6x

2۔سلفر Sulphur 30

2۔کارآمد دوا: میگنٹ آسٹریلین نارتھ پول 30

بعض ہومیوپیتھس نے دعویٰ کیا ہے کہ انگوٹھے کے ناخنوں کی یہ بیماری سب سے زیادہ آسٹریلین نارتھ پول میگنٹ سے تیار کی ہوئی ہومیوپیتھک دوا کے دائرہ کار میں آتی ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 759)

☆☆☆☆☆

متفرق بیماریاں

Different Ailments

Bites : کاٹے کا علاج

4212۔ پاگل کتے نے کاٹا ہو تو مفید نسخہ

ہائیڈروفوبینم	Hydrophobinum	200 ملا کر
سٹرامونیم	Stramonium	

اگر کسی جگہ ٹیکے میسر نہ ہوں تو خواہ یہ پتہ نہ بھی ہو کہ کاٹنے والا کتا پاگل تھا یا نہیں فوراً یہ دونوں دوائیں ملا کر دیں۔ چند دن روزانہ پھر کچھ مہینے ہفتہ میں دو تین دفعہ کھلاتے رہیں۔ پھر آہستہ آہستہ بند کر دیں۔ تو اللہ کے فضل سے پاگل پن کے آثار ظاہر ہی نہیں ہوتے اور خطرہ مستقل ٹل جاتا ہے۔

4213۔ مکڑی نے کاٹا ہو تو مفید نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
لیڈم	Ledum	

4214۔ اگر سانپ کاٹ جائے

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
لیڈم	Ledum	

دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے تین خوراک چند دن روزانہ پھر ہفتہ وار۔

4215۔ بچھو اور سانپ کے کاٹنے پر (مفید نسخہ)

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
لیڈم	Ledum	
نیٹرم میور	Nat. Mur	

دس منٹ کے وقفہ سے ایک خوراک۔ چند دن تک صرف ایک بار روزانہ۔

ہر قسم کے زہریلے جانوروں کے کاٹنے کیلئے اوپر کا نسخہ مفید ہے۔

4216۔ شہد کی مکھی یا بھڑ کاٹ جائے۔

لیڈم	Ledum	200
آرسینک	Arsenic	
نیٹرم میور	Nat. Mur	

ملا کر دینے سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے۔

4217۔ شہد کی مکھیاں یا بھڑ کاٹ جانے کی وجہ سے جسم میں خطرناک ردعمل اور الرجی

ظاہر ہو تو بہترین دوا : کاربالک ایسڈ Carbolic Acid 30

اس کی دو خوراکیں دینے سے ہی مکمل شفاء ہو سکتی ہے۔

4218۔ ہر موسم بہار میں سانپ کے کاٹے کے زخم دوبارہ ہرے ہو جاتے ہوں۔ ایسے زخموں سے مستقل نجات کیلئے اور پرانے زخموں کے نشانات دور کرنے کیلئے

بہترین دوا : لیکیس Lachesis 1000

بد اثرات اور ری ایکشن

Bad Effects & Reactions

4219۔ ٹیکے کے ری ایکشنز کیلئے مفید نسخہ

سلیشیا	Silicea	
کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر
فیرم فاس	Ferr. Phos	

4220۔غلط دوا کے ٹیکہ کا اثر دور کرنے کے لئے

عمدہ دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 200

4221۔ٹیکوں کے بد اثرات دور کرنے کے لئے

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

4222۔جسم میں ٹیکے کے ردعمل کے طور پر پیدا ہونے والی دُکھن میں

مفید دوا : آرنیکا Arnica 200-30

یہ دُکھن دراصل ٹیکے کی دوا سے پیدا نہیں ہوتی بلکہ اس دوا میں ملاوٹ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

4223۔سکہ کا زہر (Lead Poisoning) چڑھ جانے سے شدید مروڑ والا درد اُٹھے

1۔ فوری فائدہ بخش دوا: اوپیئم Opium 30

2۔ سکے کے زہر کا تریاق: سٹینم Stannum 30

3۔ مفید دوا : پلمبم Plumbum 30

جن لوگوں کو سکہ کے زہر سے الرجی ہوتی ہے اگر وہ ایسے کمرے میں داخل ہوں تو ان پر فوراً الرجی کا اثر ہوگا اور پیٹ میں شدید درد کا دورہ پڑے گا۔ جیسے پیٹ کو کسی نے شکنجہ میں جکڑ دیا ہو یا مٹھی میں مروڑ دیا ہو۔ اگر پینٹ سے الرجی نہ بھی ہو اور ویسے ہی شدید پیٹ درد میں یہی علامات پائی جائے تو پلمبم مفید ثابت ہوگی۔

4224۔پینٹ (Paint) سے الرجی کا بہترین علاج:

الیومن Alumen 30

عموماً پینٹ میں پلمبم یعنی سکہ پایا جاتا ہے اور جو لوگ پینٹ سے الرجک ہوں انہیں پینٹ کی ہلکی سی بُو سے ہی فوراً تکلیفیں شروع ہو جاتی ہوں۔ الیومن اس کا بہترین علاج ہے۔

4225۔تارکول کا ایک اچھا تریاق: بووسٹا Bovista 30

4226۔لائیکو پوڈیم کے بداثرات جن کی وجہ سے انسان بے حد شرمیلا ہو جائے حتیٰ کہ اپنے سایہ سے بھی ڈرے۔

ان کا تریاق: پلسٹیلا Pulsatilla 30

4227۔کوئلے کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں

مفید دوا: سلفر Sulphur 30

4228۔ادھ جلے کوئلے کے دھوئیں (کاربن مونو آکسائیڈ (**Carbon Mono Oxide**)) کے مہلک زہر کے اثر سے گہری نیند کیلئے

1۔فوری کامیاب علاج: کاربوویج Carboveg
آرنیکا Arnica
30 ملا کر

2۔اچھی دوا: بووسٹا Bovista 30

اگر دھواں ادھ جلے کوئلے کا ہو تو اس سے انسان کے خون میں کاربن مونو آکسائیڈ (**Carbon Mono Oxide**) شامل ہو کر اسے گہری نیند سُلا دیتی ہے۔یہ نیند صحت مند نہیں ہوتی بلکہ اس زہر کے مہلک اثر سے آتی ہے۔اگر فوری طور پر اس کا علاج نہ ہو اور مریض کو ایسے کمرے سے کھلی ہوا میں نہ لے جایا جائے تو اکثر میٹھی نیند اسے موت سے ہمکنار کر دیتی ہے۔ساری جلد کا رنگ نیلا ہو جاتا ہے۔کاربوویج اور آرنیکا 30 طاقت میں ملا کر دینا اس کا فوری کامیاب علاج ہے۔لیکن بعض کتابوں میں بووسٹا کو بھی اس تکلیف کے ازالے کے لئے اچھی دوا بتایا گیا ہے۔

4229۔مریض کا دم لکڑی کے دھوئیں سے بہت زیادہ گھٹتا ہو۔

مفید دوا: بووسٹا Bovista 30

☆☆☆☆☆

الرجی Allergy

4230۔الرجی کے بروقت علاج کیلئے بہت مفید دوائیں:

1۔ایکونائیٹ	Aconite	1000
2۔آرسینک	Arsenic	1000
3۔سلفر	Sulphur	1000

الرجی کو بروقت پکڑنا بہت ضروری ہے اگر علامات ظاہر ہو جائیں اور اعضاء بیمار ہونے لگیں تو پھر ان کا علاج مشکل اور لمبا وقت لیتا ہے۔بروقت استعمال کیلئے ایکونائیٹ، آرسینک اور سلفر بہت مفید ہیں یہ تینوں دوائیں ایک ہزار طاقت میں فائدہ دیتی ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ایڈیشن دوم صفحہ 241)

4231۔دُھوپ، مٹی، گرد وغبار سے الرجی کے دانے ہوں۔مفید نسخہ

نیٹرم میور	Nat. Mur	200 ملا کر
بیسلینم	Bacillinum	

4232۔الرجی کھانے کی چیزوں سے ہوتی ہو۔مفید دوائیں

1۔نیٹرم سلف	Nat. Sulph	200
2۔کلکیریا کارب	Calc. Carb	30

4233۔چہرے پر الرجی کی وجہ سے دانے بنتے ہوں۔مفید دوائیں

1۔سورائینم	Psorinum	200
2۔پیٹرولیم	Petroleum	30

4234۔گائے کے دودھ سے الرجی ہو جاتی ہو۔مفید دوا:

لیک ڈیف	Lac. Def	CM	صرف ایک خوراک

4235۔ مریض جنہیں دودھ پینے سے نفرت ہو یا ان کی تکلیفیں دودھ پینے سے بڑھ جائیں۔ متلی، قے، سردرد۔ ڈکار، معدہ میں ہوا وغیرہ پیدا ہونے لگے۔

کارگر اور بہت مؤثر دوا: لیک ڈیف Lac. Def CM

اس قسم کی سب علامتوں میں لیک ڈیف ایک لاکھ میں ایک ہی خوراک کارگر ثابت ہوسکتی ہے۔ بعض دفعہ اسے کچھ عرصہ بعد دہرانا پڑتا ہے۔

4236۔ عورتیں جو موٹی ہوں جسم ٹھنڈا ہو اور وہ دودھ ہضم نہ کرسکتی ہوں ان کیلئے

نہایت مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def CM-30

4237۔ دودھ کی چیزوں سے الرجی ہو۔

مفید دوا: لیک ڈیف Lac. Def 30

4238۔ بچوں کو دودھ سے الرجی ہو۔ وہ دودھ ہضم نہ کرسکیں اور انہیں اسہال وغیرہ شروع ہوجاتے ہوں۔ لیک ڈیف Lac. Def CM

"بعض اوقات لیک ڈیف کی ایک خوراک ہی بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے اور پھر دوبارہ تکلیف نہیں ہوتی۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 531)

4239۔ دُودھ اور میٹھی چیزوں سے معدے کی تیزابیت بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا: مرکسال Merc. Sol CM-30

4240۔ کھانے سے الرجی، مریض کی کھانے سے نفرت بڑھ جائے اور اس کو صرف دودھ پر گزارا کرنا پڑے جس کو وہ شوق سے پیتا اور آسانی سے ہضم کرسکتا ہو۔

مفید دوا: ہائیڈراسٹس Hydrastis 200

4241۔ کھانے کی بُو ناقابل برداشت ہو اس سے متلی شروع ہوجائے۔

1۔ کالچیکم Colchicum 200-30

2۔ کاکولس Cocculus 30

4242۔ کھانے کی بُو خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو سے شدید متلی جس سے مریض بے ہوش ہو جائے۔

کالچیکم Colchicum 200-30

4243۔ کھانے کی بُو سے سخت متلی اور انتڑیوں میں تشنج شروع ہو جائے۔

مفید دوا: کالچیکم Colchicum 200-30

4244۔ خوراک سے نفرت اور بے دلی، ٹھنڈے پانی کی پیاس اور متلی کی علامت۔

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 30

4245۔ مرغن غذاؤں اور چکنائی سے نفرت۔

کارآمد دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

4246۔ مریض چکنائی، مرغن غذائیں، سرکہ، پھل اور دُودھ وغیرہ کو پسند نہیں کرتا ہو۔

چکنائی سے نفرت کی علامت میں

1۔ مفید دوا: نیٹرم فاس Nat. Phos 6x

2۔ مشابہ دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

4247۔ گوشت سے الرجی اور نفرت، روٹی کھانے کی اشتہاء بڑھ جائے۔

سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

4248۔ گوشت یا چاول کھانے سے الرجی۔ معدہ کی تیزابیت میں اضافہ ہو جائے۔

نکس وامیکا Nux Vomica 30

نکس وامیکا دینے سے اللہ کے فضل سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے یہ چاولوں سے پیدا ہونے والی الرجی کو اکثر دور کر دیتی ہے۔ حالانکہ یہ خشک مزاج کی دوا ہے۔ جبکہ چاول کی الرجی مرطوب دواؤں سے تعلق رکھتی ہے۔

4249۔ چاولوں سے الرجی۔ مفید دوا : سلفر Sulphur 1000

بعض دفعہ چاولوں کی الرجی کو سلفر اونچی طاقت کی ایک ہی خوراک بالکل ٹھیک کر دیتی ہے۔

4250۔ گوشت، کافی اور چکنائی سے نفرت ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : مرکسال Merc. Sol 30

4251۔ انڈے سے الرجی۔

کلکیریا کارب Calc. Carb CM-1000 ایک خوراک

اس میں کلکیریا کارب اونچی طاقت میں ایک خوراک دینے سے ہی الرجی ٹھیک ہو سکتی ہے۔

4252۔ انڈے ڈبل روٹی اور گرم کھانے اور پینے سے نفرت ہو جائے۔ کھانے پینے کے بعد معدے میں درد، جلن اور تشنج ہو، قے ہو جس میں غیر ہضم شدہ غذا کے علاوہ بلغم ہوتی ہو۔

مفید دوا: کالی سلف Kali Sulph 6x

4253۔ مچھلی اور انڈہ ہضم نہیں ہوتے ہوں لیکن ان کے خلاف الرجی نہیں ہوتی ہو۔

مفید دوا : چینیم آرس Chininum Ars. 30

4254۔ ڈبل روٹی چکنائی اور روغنی غذا پسند نہ ہو۔

نیٹرم میور Nat. Mur 6x

4255۔ تیل، گھی اور چربی والی مرغن غذا ہضم نہ ہوتی ہو، ذرا سی ملائی (بالائی) کھانے سے معدہ جواب دے جاتا ہو۔ ایسے مریض چکنائی سے نفرت کرنے لگتے ہوں۔ نفرت نہ بھی ہو تو چکنائی والی غذا انہیں ہضم نہیں ہوتی ہو۔ مفید دوائیں:

1۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

2۔ کاربوویج Carboveg 30

4256۔کھٹی چیزوں سے الرجی۔سخت نفرت۔کھانے کی کوشش کریں تو اسہال لگ جائیں

فیرم میٹ Ferr. Met 30

4257۔میٹھی چیزوں سے الرجی۔ ہر کھانے کے بعد متلی اور قے کا رجحان۔

گریفائیٹس Graphites 200

4258۔کالی مرچ سے الرجی۔کسی چیز پر چھڑکتے ہی چھینکوں کا دورہ پڑ جائے۔

پائیپر نیگرم Piper Nigrum 30

4259۔کافی سے الرجی۔کافی پینے کے بعد معدے کی تکلیفیں بڑھ جائیں۔اسہال شروع ہو جائیں۔جتنی مرتبہ کافی پئیں اتنی مرتبہ اسہال آئیں۔

سائیکلیمن Cyclamen 30

4260۔گلاب کے پھولوں کی خوشبو سے الرجی۔

مفید تریاق: سینگونیریا Sanguinarea 30

4261۔مختلف رنگوں سے الرجی: کالے، سُرخ اور سبز رنگ نا قابل برداشت ہوں ان سے نفرت اور کراہت پائی جائے۔اگر یہ کیفیت دائمی ہو تو کارآمد دوا:

ٹیرینٹولا Tarentula 1000

4262۔منشیات سے الرجی۔مریض کے لئے شراب الکوہل وغیرہ نا قابل برداشت ہوں۔نشہ آور چیزوں سے لرزہ، سر میں سخت درد ہو۔

کونیم Conium 30

4263۔رنگ شدہ کمروں میں داخل ہونے سے (سکہ سے) الرجی ہو جائے اور پیٹ درد کا شدید دورہ پڑے جیسے کسی نے شکنجہ میں جکڑ دیا ہو یا مٹھی میں مروڑ دیا ہو۔

مفید دوا: پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

4264۔ کچھ مخصوص لوگوں سے الرجی۔ کچھ مخصوص لوگ نا قابل برداشت ہوں۔

نیٹرم کارب — Natrum Cab 30

4265۔ سرد موسم میں باہر سے گرم کمرے میں آنے سے الرجی۔ ہاتھ پاؤں میں گہری کھجلی ہونے لگے سُرخی اور ورم نمایاں ہو۔

ایگیریکس — Agaricus 30

4266۔ سرد ہوا کے جھونکے سے نفرت ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب — Nat. Carb 30

4267۔ سردی سے گرمی میں بدلتے ہوئے موسم میں الرجی۔

بہت کارآمد دوا: برائیونیا — Bryonia 30

4268۔ سردی و گرمی سے الرجی۔ دونوں نا قابل برداشت ہوں۔

مفید دوا : نیٹرم کارب — Nat. Carb 30

4269۔ موسم کی تبدیلی اور سردی نا قابل برداشت ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب — Nat. Carb 30

4270۔ کھلی ہوا سے الرجی۔ مریض کھلی ہوا پسند نہ کرے۔

نیٹرم فاس — Nat. Phos 6x

4271۔ موسم بہار میں پیدا ہونے والی الرجی (چھینکیں آنے لگیں)

1۔ سب سے مؤثر دوا: لیکیسس — Lachesis 1000

2۔ مفید دوا : سباڈیلا — Sabadilla 30

3۔ عمدہ دوا: نیٹرم میور — Nat. Mur 30

بہار میں اگر اچانک سخت چھینکیں آنے لگیں تو یہ بھی لیکیسس کی ایک علامت ہے اور

بعض مریضوں پر میں نے خود آزما کر دیکھا ہے کہ سالہا سال کی بہار کی الرجی یعنی دن رات بکثرت چھینکیں آنا لیکیسس ایک ہزار کی ایک ہی خوراک سے دور ہوگئی اور پھر دوبارہ کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔ اگر لیکیسس ناکام ہو تو اس قسم کی الرجی میں نیٹرم میور اور سباڈیلا بھی اچھا کام کرتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 541)

4272۔ ہر موسم میں چھینکیں آنے کی الرجی۔

مفید دوا : ڈلکامارا Dulcamara 30

4273۔ شور اور آواز سے الرجی۔ معمولی سی آواز ناقابل برداشت ہو۔

سٹفی سیگیریا Staphysagria 30

4274۔ ذرا سا شور ناقابل برداشت۔ کاغذ کی سرسراہٹ بھی بُری لگے۔

مفید دوا : نیٹرم میور Nat. Mur 6x

نیٹرم میور کے مریض کے اعصاب تنے ہوئے ہوتے ہیں اور اسے ذرا سا شور بھی برداشت نہیں ہوتا، اچانک کوئی آواز آجائے تو سر درد ہونے لگتا ہے۔ کاغذ کی سرسراہٹ بھی بُری لگتی ہے۔

4275۔ مریض کو بادلوں کی گھن گرج کے دوران بہت بے آرامی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

4276۔ موسیقی ناقابل برداشت۔

مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

4277۔ مریض موسیقی کو برداشت نہیں کرسکتا ہو۔ اس کے سر درد میں اضافہ ہوجاتا ہو۔

مفید دوا : ایمبرا گریسیا Ambra Grisea 30

4278۔ نہانے سے نفرت اور الرجی۔

1۔ مفید دوا : سلفر Sulphur 30

2۔عمدہ دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 30-6x

سلفر کا مریض چونکہ نہانے سے نفرت کرتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نہانا اسے راس نہیں آتا اور گرم مریض ہونے کے باوجود اسے نہانے کے بعد سردی لگ جاتی ہے اور نزلہ زکام ہو جاتا ہے۔ایسے نزلہ میں فوری طور پر پہلے ایکونائیٹ دینی چاہیئے پھر سلفر دیں۔

4279۔مریض کی تکلیفیں نہانے سے بڑھ جاتی ہوں تو ایک اور مفید دوا :

کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

کاربونیم سلف میں نہانے سے واقعتاً بیماری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

4280۔الرجی جلد خشک اور خارش۔

لیک ڈیف Lac. Def CM صرف ایک خوراک

4281۔بالوں میں خضاب لگانے سے الرجی، یعنی خارش ہو جاتی ہو۔مفید نسخہ

بیلاڈونا Belladonna
رسٹاکس Rhustox
200 ملاکر

4282۔جلد حساس ہو اور آرٹیفیشل زیور سے الرجی۔

پیٹرولیم Petroleum 30

☆☆☆☆☆

جسم اور اعضاء سے بدبُو آنا

4283۔جسم سے ہر قسم کی بدبُو کو ختم کر دینے والی دوا:

رس گلابرا Rhus Glabra 30

بعض نوجوان جو اپنے جسم سے آنے والی بدبُو سے خود بھی سخت بیزار تھے انہیں رس گلابرا سے نمایاں فائدہ ہوا اور بعض تو مکمل طور پر شفایاب ہو گئے۔

4284۔ مریض کی جلد سے بُو آتی ہو۔ پیشاب میں بھی بدبُو ہو اور انتہا کی متعفن ہو۔ اسہال اور اُلٹیاں سخت بدبُو دار ہوتے ہوں۔

مفید دوا : پیولکس اریٹینس Pulex Irritans 200

4285۔ مریض کے پسینہ اور بدن کی بُو میں کھٹاس پیدا ہو جاتی ہو، دوسرے لوگوں کو بھی یہ کھٹی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم فاس Nat. Phos 30-6x

چونکہ نیٹرم فاس کے مریض کے معدہ میں تیزابیت پائی جاتی ہے اس لئے اس کے پسینہ اور بدن کی بُو میں بھی کھٹاس پیدا ہو جاتی ہے۔

4286۔ مریض کے سانس میں بہت بدبُو ہوتی ہو۔

مفید دوا : پیولکس اریٹینس Pulex Irritans 200

4287۔ منہ سے بہت سخت بدبُو آئے تو

مفید دوا : پائیروجینم Pyrogenium 200

4288۔ ایسے مریض اگر بہت سردی محسوس کریں تو بہتر نسخہ:

پائیروجینم Pyrogenium
سورائینم Psorinum
200 ملا کر

ملا کر دینا، اکیلا اکیلا دینے سے بہتر ہے۔

4289۔ اجابت میں پائی جانے والی عام بُو کو مٹانے کیلئے

مفید دوا : رَس گلابرا Rhus Glabra 6x

☆☆☆☆☆

سردی اور ٹھنڈ لگنا یا ٹھنڈک کا احساس Coldness

4290۔مریض کے جسم میں حرارت غریزی کم ہونے کی وجہ سے جسم ٹھنڈا رہتا ہو لیکن اس کے باوجود اس کا مریض بستر کی گرمی برداشت نہیں کر سکتا ہو۔ٹکور کرنے سے بھی درد میں اضافہ ہو جاتا ہو۔مریض اپنے پاؤں ٹھنڈے پانی میں رکھنا پسند کرتا ہو۔

مفید دوا : لیڈم Ledum 200-30

4291۔سر میں سردی محسوس نہ ہوتی ہو جبکہ باقی جسم ٹھنڈا ہوتا ہے۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

4292۔سر میں برف کوٹ کر بھر دیئے جانے کا احساس۔گدّی اور سر کی چوٹی پر یہ احساس بہت نمایاں ہو۔

مفید دوا : وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

4293۔مریض بہت ٹھنڈا ہوتا ہو خصوصاً اس کے پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہوتے ہوں مگر گرم پانی سے تکلیف بڑھتی ہو۔

جادو اثر دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

لیکیسس میں دوران خون زیادہ ہونے کا خاص مقام سر ہے۔خون کا اجتماع تیزی سے سر کی طرف ہو جاتا ہے اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔اگر پاؤں ٹھنڈے ہوں اور لیکیسس کی باقی علامتیں بھی پائی جائیں تو اس کی ایک خوراک ہی جادو کا اثر دکھاتی ہے۔

سردی سے کانپتا ہوا مریض جو تہہ بہ تہہ لحاف میں لپٹا ہوا ہو اور اس کے پاؤں ناقابل برداشت حد تک ٹھنڈے ہوں۔دوا دینے کے چند منٹ بعد ہی یوں محسوس کرتا ہے کہ یکدم گرمی کی لہریں جسم میں اوپر سے نیچے کی طرف سرائیت کر گئی ہیں۔

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 545)

4294۔جسم میں ہر وقت سردی کا ہلکا سا احساس رہتا ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس Chininum Ars. 30

4295۔مریض کا سارا جسم ہمیشہ ٹھنڈا رہتا ہو۔مریض گرمیوں میں بھی اپنے آپ کو ڈھانپ کر رکھتے ہوں۔مفید دوائیں:

1۔سورائینم Psorinum 200

2۔پلمبم میٹ Plumbum Met. 30

4296۔مریض کو بہت سردی لگتی ہو اور اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہوں۔

(عمومی علامت) مفید دوا : سلیشیا Silicea 200-6x

4297۔سردی سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں جبکہ سر اور چہرہ گرم رہتے ہوں

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4298۔مریض کو سردی بہت لگتی ہو۔بیرونی ذریعہ سے گرمی پہنچانے سے بھی سردی کا احساس کم نہیں ہوتا ہو۔

مفید دوا :لاروسیراسس Laurocerasus 30

4299۔سردی سے زود حسی پائی جاتی ہو تو

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 30

4300۔مریض سردی برداشت نہیں کرتا ہو پاؤں ذرا بھی ٹھنڈے ہو جائیں تو فوراً بیمار پڑ جاتا ہو۔

مفید دوا : کاربونیم سلف Carbonium Sulph 30

اگر کسی کا مزاج کاربونیم سلف کا ہو تو اسے اپنے پاؤں گرم رکھنے چاہئیں۔

4301۔ مریض سردی بالکل برداشت نہیں کر سکتا ہو۔ تکلیفیں موسم کی تبدیلی اور خاموش رہنے سے زیادہ ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا: سٹرونشیم Strontium Carb 30

4302۔ مریض بالکل ٹھنڈا ہوتا ہو لیکن گرم کمرے میں تکلیفیں بڑھتی ہوں۔ کھلی ہوا پسند کرتا ہو۔

مفید دوا: نیٹرم میور Nat. Mur 30

4303۔ مریض ٹھنڈا ہونے کے باوجود باہر نکلنا پسند کرتا ہو۔ کھلی ہوا میں جسمانی تکلیفیں کم ہو جاتی ہوں۔ لیکن ذہنی تکلیفیں بڑھ جاتی ہوں۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

4304۔ مریض شدید سردی محسوس کرنے کے باوجود سخت ٹھنڈا پانی پیتا ہو۔

مفید دوا: وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

4305۔ مریض کا بظاہر جسم گرم ہوتا ہو، لیکن مریض اندرونی طور پر سردی محسوس کرتا ہو۔ اور گرم کمرے میں جانے کے باوجود سردی کا احساس کم نہیں ہوتا ہو بلکہ زیادہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

4306۔ مریض کے سر میں سردی محسوس نہیں ہوتی ہو۔ جبکہ باقی جسم ٹھنڈا ہوتا ہو۔ لیکن بعض دفعہ یوں محسوس ہوتا ہو جیسے کسی نے سر میں برف کوٹ کر بھری دی ہے۔ گدی اور سر کی چوٹی میں یہ احساس بہت نمایاں ہوتا ہو۔ (جو سلفر کے بالکل برعکس ہے)

ان تضادات میں کارآمد دوا:

وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

4307۔ کسی بوجہ، اچانک پریشانی یا ویسے ہی کبھی کبھی مریض میں کمزوری سے اس کا بدن یکدم ٹھنڈا ہو جاتا ہو۔ لیکن سر گرم رہتا ہو۔ (علامت)

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

4308۔ اچانک غم کی خبر ملے یا مریض کسی وجہ سے جذباتی ہو جائے تو دل کی رفتار ہلکی ہو جاتی ہو۔ جسم پر پسینہ آجاتا ہو، سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : لیکیسس Lachesis 200-30

4309۔ رات کو سوتے ہوئے سارا جسم ٹھنڈا اور سُن ہو جائے تو

مفید نسخہ: سلیشیا Silicea
کاربوویج Carboveg
30 ملا کر

4310۔ سردی لگنے سے سیاہی مائل دست شروع ہو جاتے ہوں۔ جو بہت کمزوری پیدا کرتے ہوں۔ زبان اور منہ میں ٹھنڈک کا احساس نمایاں مگر ساتھ ہی ایک نہ بجھنے والی پیاس ہو۔ مفید دوا : کیمفر Camphor 30

4311۔ ہیضہ خصوصاً گُم ہیضہ میں...... یکدم توانائی ختم ہو کر سارا جسم ٹھنڈا ہو جائے، تشنج کے ساتھ اعضاء برف کی طرح ٹھنڈے ہو جائیں اور ٹھنڈا پسینہ آئے

(خاص علامت) مفید دوا : کیمفر Camphor 30

4312۔ رات کو لحاف اُتر جائے اور سرد ہوا کے جھونکوں سے کمر میں درد ہونے لگے بہت

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

4313۔ ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے اعصاب کے ریشوں میں آگ سی لگ جاتی ہو اور گرمی دانے نکل آتے ہوں۔

مفید دوا : کالی کارب Kali Carb 30

4314۔ پیٹھ میں اور پیٹھ کے نچلے حصہ میں سردی کا احساس ہوتا ہو تو مفید دوائیں:

1۔کالی بائیکروم Kali Bich 30

2۔کالی کارب Kali Carb 30

کالی کارب میں سردی کا یہ احساس پیٹھ کے نچلے حصے تک محدود رہتا ہے جبکہ کالی بائیکروم بھی اپیکاک کی طرح گردن تک سردی کی لہریں جاتی ہیں۔

4315۔ دانت سردی سے بہت زود حس ہو جاتے ہوں تو

مفید دوا: کالی کارب Kali Carb 30

دانتوں کو گرم چیز لگنے سے بھی تکلیف ہوتی ہے اور ٹھنڈی چیز لگنے سے بھی۔

4316۔ مریض مسلسل سردی محسوس کرنے کی وجہ سے سخت چڑچڑا اور مائل بہ اشتعال ہو جاتا ہو۔

مفید دوا: وریٹرم البم Veratrum Alb. 30

اگر ایسے مریض کو بروقت گرم رکھا جائے تو اس کی طبیعت اعتدال پر آ جاتی ہے یعنی اشتعال اس کے مزاج کا کوئی مستقل حصہ نہیں ہوتا۔

جلن اور گرمی محسوس ہونا

4317۔ جلدی امراض مثلاً چھالے، خشک خارش، تر خارش، جلد پر خشکی کے ایسے چھلکے بن بن کر اُترنا جیسے مچھلی کی جلد پر ہوتے ہیں۔ خارش سے خون بہنے کا رجحان مختلف قسم کے پھوڑے پھنسیاں وغیرہ جن میں جلن کی علامات نمایاں ہوں۔

مفید دوا: سلفر Sulphur 30

4318۔ سر کی چوٹی، آنکھوں، چھاتی اور دونوں کندھوں کے درمیان جلن ہوتی ہو۔

بعض اوقات جسم سے آگ کے شعلے نکلتے ہوئے محسوس ہوتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سلفر Sulphur 30

2۔ نیٹرم سلف Nat. Sulph 30-6x

سلفر میں سر کی چوٹی پر جلن کا احساس ہوتا ہے۔

4319۔ ہاتھ پاؤں اور سر کی چوٹی جلتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ سلفر Sulphur 30

2۔ پلسٹیلا Pulsatilla 30

سلفر میں مسلسل گرمی پائی جاتی ہے جو جسم کا جزو بن جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں اور سر کی چوٹی جلتے ہوں۔

پلسٹیلا میں بھی گرمی کا احساس پایا جاتا ہے لیکن فرق یہ ہے کہ پلسٹیلا میں پیاس نہیں ہوتی اور سلفر میں پیاس ہوتی ہے اور سلفر پیاس والی دوا ہے۔

4320۔ بواسیر کے مسّوں، چھالوں، معدہ اور گلے میں جلن کا احساس ہوتا ہو۔ پیشاب بھی جلتا ہوا آتا ہو۔

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

4321۔ مریض کے پاؤں رات کو جلتے ہوں اور وہ انہیں بستر سے باہر نکال کر ٹھنڈا کرنا چاہتا ہو۔

1۔ مفید دوا : سلفر Sulphur 30

2۔ مشابہ دوا: پلسٹیلا Pulsatilla 30

4322۔ مریض کے پاؤں کے تلوے جلتے ہوں۔ (خاص علامت)

مفید دوا : سلفر Sulphur 30

4323۔ مریض کی ہتھیلیاں جلتی ہوں مگر اس کے باوجود ہاتھ باری باری ٹھنڈے ہو جاتے ہوں۔

مفید دوا : میڈورائینم — Medorrhinum 200

4324۔ پاؤں کے تلوؤں میں جلن محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : نیٹرم کارب — Nat. Carb 30

4325۔ ہتھیلیاں اور پاؤں جلتے ہوں۔ مفید دوائیں:

1۔ ٹیرینٹولا — Tarentula 30

2۔ سلفر — Sulphur 30

ٹیرینٹولا کی تکلیفوں میں سردی مضر ہے مگر اس کی بعض علامتیں سلفر سے ملتی ہیں۔
ہتھیلیوں اور تلوؤں کی جلن کے لئے ٹیرینٹولا اچھی دوا ثابت ہو سکتی ہے۔

4326۔ مریض کی ہتھیلیاں اور پاؤں جلتے ہوں اور وہ پاؤں بستر سے باہر رکھتا ہو۔

مفید دوائیں:

1۔ پلسٹیلا — Pulsatilla 30

2۔ سینگونیریا — Sanguinaria 30

پلسٹیلا میں یہ علامتیں صرف عورتوں کیلئے مخصوص ہیں۔ سینگونیریا میں مرد عورتیں سب برابر ہیں۔

4327۔ بے چینی اور جلن۔ مفید دوائیں:

1۔ سلفر — Sulphur 30

2۔ آرسینک — Arsenic 30

3۔ ٹیرینٹولا ہسپانیہ — Tarentula Hisp 30

4328۔ سارے بدن میں اور خصوصیت سے نچلے اعضاء میں آگ لگنے کا احساس پایا جاتا ہو۔ اس کے ساتھ دل میں کمزوری اور بے چینی بھی لازم ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 30

اس کے ساتھ بے چینی اور کمزوری بھی لازم ہے۔

4329۔ جسم کے اندر جلن کا احساس ہوتا ہو جبکہ بیرونی طور پر سردی محسوس ہوتی ہو۔

مفید دوا : کاربوویج Carboveg 30

4330۔ گرمی، جلن اور جسم میں کچھ رینگنے کا احساس پایا جاتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4331۔ جلن کا احساس ہر جگہ محسوس ہوتا ہو۔ بعض دفعہ اندرونی جلن اور سوزش ایسی خواہشات کو اُبھار دیتی ہوں جو غیر طبعی ہوتی ہیں۔ مریض خواہ مرد ہو یا عورت دونوں کا

ممکنہ علاج: گریشولا Gratiola 30

4332۔ پیشاب میں جلن جو بعد میں بھی جاری رہے۔

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

4333۔ پیشاب کی نالیوں میں شدید جلن، گردوں کی تھیلیاں سُوج جاتی ہوں۔ قطرہ قطرہ پیشاب بار بار جل کر آتا ہو۔ جیسے پگھلا ہوا تانبا ہو۔

کارآمد دوا: ٹیرینٹولا ہسپانیہ Tarentula Hisp 30

4334۔ پیچش میں...... اجابت کے باوجود پیٹ میں بل پڑتے ہوں اور جلن رہتی ہو

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

4335۔ معدے میں میٹھی چیزوں سے جلن پیدا ہو جاتی ہو۔ ہچکی اور قے کا رجحان ہو

جاتا ہو۔ مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

4336۔ سینہ کے بائیں طرف جلن کا احساس۔ مفید دوائیں:

1۔ لیکیسس Lachesis 200-30

2۔ میڈورائینم Medorrhinum 200

4337۔ سینے میں جلن ہوتی ہو۔ منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہو۔ پیٹ میں درد ہوتا ہو۔

مفید دوا : سبائنا Sabina 30

4338۔ ریڑھ کی ہڈی میں جلن کا احساس جو صبح تین چار بجے بڑھ جاتا ہو۔ دوپہر کو تکلیفوں میں کمی آجاتی ہو۔ اگر پسینہ آجائے تو طبیعت بحال ہو جاتی ہو۔

مفید دوا : نکس وامیکا Nux Vomica 30

4339۔ خسرہ میں.... اگر جلن اور بے چینی بہت بڑھ جائے لیکن دانے باہر نہ نکلیں اور خدشہ ہو کہ بیماری جھلیوں پر حملہ نہ کردے تو بہت کارآمد دوائیں:

1۔ سلفر Sulphur 30

2۔ آرسینک Arsenic 30

سلفر میں آرسینک جیسی بے چینی نہیں ہوتی ہاں جلن اور آگ کا احساس آرسینک سے مشابہ ہوتا ہے۔

4340۔ ہسٹیریا کا مزاج رکھنے والی عورتوں کے رحم کی جلن کیلئے بہت

اچھی دوا: ٹیرینٹولا Tarentula Hisp 30

4341۔ لُو لگنے (Sun Stroke) اور اس سے بچنے کیلئے مفید نسخہ

بیلاڈونا Belladonna
نیٹرم میور Nat. Mur
گلونائین Glonoine

30 ملا کر

جب بھی باہر نکلنا ہو تو ایک خوراک پہلے کھالیا کریں۔

4342۔ لُو لگنے کے باقی رہنے والے بداثرات۔ لُو لگنے کے بعد نزلہ گلے میں گرے اور مستقل بیماری بن کر چمٹ جائے۔

بہت مفید دوا : نیٹرم کارب Nat. Carb 30

سر درد کے دورے اور گرمی سے زود حسی میں بھی بہت اچھا اثر کرتی ہے۔

4343۔ گرمی کی شدت یا اندرونی کمزوریوں کی وجہ سے عورتوں کو دندل پڑ جائے۔

مشہور علاج: کیمفر Camphor 30

منہ زبردستی کھول کر اندر دوا ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیمفر کی چھوٹی طاقت کی ہومیو دوا سے صرف ہونٹ گیلا کر دیں تو وہ خود بخود اثر دکھائے گی اور یہ کیفیت جاتی رہے گی۔ تشنج اور دندل پڑنے سے ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔ صرف ہونٹ ہی نہیں بلکہ زبان بھی نیلی ہو جاتی ہے۔ یہ کیمفر کی خاص علامت ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 219)

☆☆☆☆☆☆

وزن کا گر جانا

4344۔ ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں کام کرنے سے وزن کا گرنا۔

1۔ ریڈیم برومیٹم Radium Brom 200 ہفتہ میں ایک بار

2۔ فیرم فاس Ferr. Phos
کلکیریا فاس Calc. Phos
کالی فاس Kali Phos
سلیشیا Silicea
6x ملا کر

ملا کر ایک ماہ تک باقاعدہ استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆

فوڈ پوائزننگ

4345۔فوڈ پوائزننگ کے لئے (Food Poisoning)

مفید دوا: پائیروجینم　Pyrogenium　200

☆☆☆☆☆

آپریشن کے سلسلہ میں مفید نسخہ جات

Operation & Remedies

4346۔آپریشن سے پہلے حفظ ماتقدم (زیادہ خون ضائع ہونے سے بچنے کے لئے)

ایڈرنالین　Adernalin　30

4347۔وضع حمل کی طرح ہر آپریشن سے پہلے استعمال کروانے کیلئے۔

عمدہ دوا : آرنیکا　Arnica　1000

"وضع حمل کی طرح ہر آپریشن سے پہلے آرنیکا 1000 طاقت میں دینا کئی قسم کی پیچیدگیوں سے بچالیتا ہے۔" (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 92)

4348۔ہر آپریشن سے پہلے اور بعد میں بہت سے پیچیدگیوں سے بچنے کے لئے۔

آرنیکا　Arnica　1000　ایک ایک خوراک

آرنیکا آپریشن کے بعد پیدا ہونے والے بداثرات کو دُور کرتی ہے اور اینٹی سپٹک (Anti Septic) کا کام کرتی ہے۔آرنیکا 30 یا 200 طاقت میں آپریشن سے پہلے اور بعد میں دینے سے کئی قسم کی پیچیدگیاں پیدا نہیں ہوتیں۔1000 طاقت میں بھی بہت مفید ہے اور لمبا اثر دکھاتی ہے

4349۔جن لوگوں میں جریان خون کا رجحان ہو ان کے لئے آپریشن سے پہلے حفظ ماتقدم

ملی فولیم　Millefolium　1000

4350۔ جولوگ آپریشن کے صدمہ سے اچانک مفلوج ہوجاتے ہوں اور موت کے قریب پہنچ جاتے ہوں۔ ان کے لئے بہت

اچھی دوا: سٹرونشیم کارب Strontium Carb 200

سٹرونشیم کارب عمل جراحی کے بعد پیدا ہونے والی علامات میں بہت مفید ہے۔ سرجن کو چاہیئے کہ آپریشن کے دوران اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 777)

4351۔ آپریشن کے بعد مریض کی حالت بہت جلد خراب ہوجائے اور وہ سخت نڈھال ہوجائے۔ بہت مفید دوائیں:

1۔ ایسٹک ایسڈ Acetic Acid 30

2۔ سٹرونشیم کارب Strontium Carb 30

3۔ کاربوویج Carboveg 30

"روزمرّہ کے دستور کے مطابق آپریشن کے بداثرات میں سٹرونشیم کو اہمیت دینی چاہیئے عموماً اس کے بظاہر مرتے ہوئے جسم میں جان پڑ جاتی ہے جسم گرم ہوجاتا ہے مریض آرام سے سوجاتا ہے اگر فائدہ نہ ہوتو کاربوویج ضرور دیں۔ مریض کی وہ آخری حالت جس میں جسم کا دفاعی نظام تقریباً بےکار ہوجاتا ہے اور ردعمل باقی نہیں رہتا اور مریض موت کے کنارے پہنچ جاتا ہے۔ کاربوویج کا تقاضا کرتی ہے جو مریض کو واپس زندگی کی طرف لوٹا دیتی ہے جسم کا دفاعی نظام بیدار ہوجاتا ہے اور دوسری دواؤں کے اثر کو قبول کرنے لگتا ہے۔"

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 7, 777)

4352۔ آپریشن کے بعد اگر جسم کا درجہ حرارت بہت زیادہ گر جائے اور خون کے دباؤ میں کمی ہوتو مفید دوائیں:

۱۔ کاربوویج Carboveg 30

2۔کیمفر Camphor 30

چند خوراکوں سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔

4353۔آپریشن کے بعد زخم مندمل نہ ہوتے ہوں۔(بشرطیکہ ریڈی ایشن(Radiation) کے ذریعہ زخموں کے اردگرد کے خُلیوں کو ضائع نہ کر دیا گیا ہو۔)

1۔ کارآمد دوا: کیلینڈولا Calendula 200

2۔ خالص شہد بیرونی طور پر لگائیں۔

(شہد میں بعض دفعہ کیلینڈولا سے بھی بڑھ کر شفا کا اثر ملتا ہے۔)

پرانے زخم جو مندمل ہونے کا نام نہ لیں ان میں اندمال کا رجحان پیدا کرنے کے میں کیلینڈولا 200 طاقت میں بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

4354۔آپریشن کے بعد سلے ہوئے زخموں کے اردگرد کی جلد سکڑ جائے۔زخموں میں پیپ بنتی اور کنارے سخت ہو کر اُبھر جاتے ہوں۔

مفید دوا : کلکیریا فلور Calc. Fluor 6x

4355۔آپریشن کے نتیجہ میں زخم کے اردگرد دوبارہ درد ہونے لگے۔

1۔بہترین دوا: تھایوسینامینم Thiosinaminum 30

2۔اچھی دوا: لیکیسس Lachesis 200

4356۔آپریشن کے بعد شدید متلی جو قابو میں نہ آئے۔

بہت مفید دوا : فاسفورس Phosphorus 30

☆☆☆☆☆

چھٹی حس Sixth Sense

4357۔کسی نفسیاتی بیماری کے نتیجہ میں کسی شخص کے ذہنی خیالات دوسرے کے ذہن

کی طرف منتقل ہونے لگیں۔ دُور جگہ پر رکھی ہوئی چیزیں چھٹی حس کے ذریعہ معلوم ہونے لگیں۔ تو

قابل استعمال دوا: کینابس انڈیکا Cannabis Indica 30

جل جانا Burn Off

4358۔ جل جانا : اگر چھالے بہت بڑے نہ ہوں:

مفید دوا : کینتھرس Canthoris 30

4359۔ جل جانا : آگ نے سارے بدن کو متاثر کر دیا ہو۔ چھالے بڑے ہوں۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000

رسٹاکس میں بہت جلن ہوتی ہے۔ چند بار دینے سے جلنے کی غیر معمولی تکلیف میں بہت جلد کمی آجاتی ہے۔ رسٹاکس جل جانے والے مریضوں کو غیر معمولی فائدہ پہنچاتی ہے۔ انہیں اونچی طاقت میں فوراً رسٹاکس دینا بہت مفید ہوتا ہے۔

4360۔ جلن اور سوزش جس کے نتیجہ میں بڑے بڑے چھالے بنتے ہوں۔ (اہم علامت)

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000

4361۔ جل جانے کیلئے اگر چھالے نسبتاً کم ہوں تو مفید دوائیں:

1۔ اناکارڈیم Anacardium 30

2۔ کینتھرس Canthoris 30

کینتھرس 1x تا 6x، 30 خارجی طور پر 1x ڈائی لوشن کو پانی میں ڈال کر یا اس کی مرہم بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ جلتے ہوئے مقام پر چھالا پڑنے سے پہلے یا جبکہ چھالے پڑ چکے ہوں یہ دوائی اُوپر لگائی جاتی ہے۔ اگر چمڑہ نہ پھٹا ہو تو اس دوائی کے 2x یا 3x سولیوشن (جو کہ الکوحل میں تیار کیا گیا ہو۔) رُوئی میں بھگو کر اُوپر لگانا چاہیئے۔ اس سے درد کو بہت جلدی

آرام آجاتا ہے اور چھالے بھی نہیں پڑتے۔ اگر چہرہ پھٹ چکا ہو تو اس دوائی کو اُبلے ہوئے پانی یا مقطر پانی میں ڈال کر رُوئی کے ساتھ اوپر لگانا چاہیئے اور اندر بھی دوائی کھلانی چاہیئے۔ (دولت سنگھ)

4362۔ آگ نے سارے بدن کو متاثر کر دیا ہو تو۔

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 1000

چند بار دینے سے جلنے کی غیر معمولی تکلیف میں بہت جلد کمی آ جاتی ہے۔

4363۔ جل جانے کے موقعوں پر کارآمد دوا:

کیلینڈولا Calendula Q

"کیلینڈولا کے لوشن کو عام طور زخموں کے علاج کے لئے بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر اندرونی طور پر یہ دوا ہومیو پیتھک پوٹینسی میں کھلانے سے زخموں کے بھرنے میں مفید ثابت ہوتی ہے۔"

پرانے زخم جو مندمل ہونے کا نام نہ لیں۔ ان میں اندمال کا رجحان پیدا کرنے میں کیلینڈولا 200 طاقت میں بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے۔" (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 215)

بے چینی Anxiety

خدا تعالیٰ نے بے چینی اور تکلیف کا احساس بھی جسم کے دفاعی نظام کو متحرک کرنے کیلئے پیدا کیا ہے۔ یہ اپنی ذات میں بیماری بھی ہے اور شفاء کا محرک بھی۔ اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو جسم کی توجہ مقابلہ کیلئے بیدار ہی نہیں ہوتی۔

4364۔ بے چینی اگر جسمانی ہو۔ مریض کو بے چینی کی وجہ سے کسی کروٹ چین نہ آتا ہو تو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200-30

جسمانی بے چینی جس میں مریض کو تکلیف کی وجہ سے کسی کروٹ چین نہیں آتا۔ ایسی بے چینی میں رسٹاکس بہت مفید ہے۔

4365۔ بے چینی اگر ذہنی ہو، مریض درد کی وجہ سے نہیں بلکہ ذہنی بے چینی کی وجہ سے کروٹیں بدلتا ہو تو

مفید دوا : آرسینک Arsenic 200-30

آرسینک جو علامات پیدا کرتا ہے ان میں بے چینی سب سے نمایاں ہے۔ ایسی بے چینی اگر جسمانی ہو تو رسٹاکس اور ذہنی ہو تو آرسینک دوا ہے۔ آرسینک میں ایکونائیٹ کی طرح موت کا خوف بھی پایا جاتا ہے مگر ویسی بے چینی نہیں ہوتی بلکہ بے قراری، بے چینی اور وہم ہوتے ہیں۔

4366۔ مریض سوتے ہوئے بہت بے چینی محسوس کرتا ہو۔ بہت خوفناک خوابیں آتی ہوں۔ خوفناک نظارے، نیچے گرنے کا احساس، اور بھاگنے کی خواہش پائی جاتی ہو۔

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalus 30

دراصل دل ڈوبنے کا احساس خواب میں جسم کے گرنے کے احساس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

4367۔ سونے سے پہلے ٹانگوں میں بے چینی نمایاں ہوتی ہو مفید دوائیں:

1۔ ٹیرینٹولا Tarentula 30

2۔ ارجنٹم میٹ Argent. Met. 30

3۔ لائیکو پوڈیم Lycopodium 30

4۔ آرسینک Arsenic 30

ٹیرینٹولا بے چینی اور جلن کے لحاظ سے آرسینک سے مشابہ ہے اور ہاتھ پاؤں کے تلوے جلنا، خصوصیت سے سلفر کی یاد دلاتا ہے۔

4368۔ اعصاب اور دل کی کمزوری کی وجہ سے مریض سوتے ہوئے بہت بے چینی محسوس کرتا ہو، سوتے ہوئے جھٹکے بھی لگتے ہوں۔

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalus 30

4369۔معدے کی بیماریاں: ہوا بکثرت بنتی ہو، متلی بھی ہوتی ہو۔ مریض بیقراری اور بے چینی محسوس کرتا ہو۔ اجابت رُک رُک کر اور کم آتی ہو۔

مفید دوا : پلاٹینم Platinum 30

4370۔معدہ میں بے چینی بہت ہوتی ہو۔ مریض اس بے چینی کی وجہ سے سو بھی نہیں سکتے

ہوں۔ 1۔اچھی دوا: کیڈمیم سلف Cadmium Sulph 30

2۔مفید دوا : آرسینک Arsenic 30

کیڈمیم سلف میں بے چینی اور بے قراری نمایاں ہوتی ہے اس لحاظ سے یہ آرسینک سے مشابہ دوا ہے۔ معدہ میں کیڈمیم سلف کا اثر آرسینک کی طرح ہوتا ہے۔ معدہ میں بے چینی ہوتی ہے۔ بعض مریض اس بے چینی کی وجہ سے سو بھی نہیں سکتے۔ کیڈمیم سلف ایسی بے چینی کیلئے اچھی دوا ہے۔ اس کا آرسینک سے ایک فرق یہ بھی ہے کہ آرسینک کا مریض بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہتا ہے اور ایک حالت میں نہیں رہ سکتا۔ جبکہ کیڈمیم کا مریض حرکت سے تکلیف محسوس کرتا ہے۔ اس کی کاہلی اور سستی، بے چینی پر غالب آجاتی ہے اور وہ کوئی حرکت بھی پسند نہیں کرتا۔ وہ اپنی بے چینی کا اظہار صرف زبان سے کرتا ہے۔

4371۔کھانا کھانے کے بعد مسلسل بے چینی، جلن اور ایسا احساس رہتا ہو کہ ابھی قے آنے والی ہے۔

مفید دوا : ایسکولس Aesculus 30

4372۔مریض کی پیاس بے چینی کا مظہر ہو، گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہو لیکن پیاس نہ بجھتی ہو۔

مفید دوا : آرسینک Arsenic 30

اصل میں یہ پیاس ہے ہی نہیں محض بے چینی ہے جس سے بار بار منہ خشک ہوتا ہے جسے تر کرنے کیلئے مریض گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہے۔ اگر بیماری لمبی ہو جائے تو پیاس کلیتًا غائب ہو

جاتی ہے لیکن بے چینی قائم رہتی ہے۔ایسی صورت میں سارا جسم بے قراری سے حرکت کرتا ہے۔اگر جسم میں طاقت نہ ہو تو مریض دائیں بائیں سر پٹکتا ہے، منہ خشک ہونے کے باوجود پانی پینے کو دل نہیں چاہتا۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 94)

4373۔سارے بدن میں اور خصوصیت سے نچلے اعضاء میں آگ لگنے کا احساس پایا جاتا ہو اس کے ساتھ دل میں بے چینی اور کمزوری لازم ہو۔

مفید دوا : ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

4374۔غم کے نتیجہ میں دل کا حملہ ہو، دل پھڑ پھڑاتا ہو یا اچانک چلتے ہوئے بند ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہو۔بے انتہا بے چینی کی کیفیت پیدا ہوتی ہو، دل کے رُکنے کا احساس ہو۔(خاص علامت)

مفید دوا : ڈیجی ٹیلس Digitalus 30

4375۔عورتیں صدموں اور پرسوتی بخاروں کی وجہ سے ہر وقت بے چینی میں مبتلا رہتی ہوں۔

مفید دوا : آرسینک Arsenic 30

اس کا مریض بے حد نازک اور نفیس مزاج ہوتا ہے جو کپڑے کی ذرا سی سلوٹ بھی برداشت نہیں کرسکتا۔

4376۔مروجہ طب کے ذریعہ ایسی مریضہ کی ماہواری کا علاج کیا جائے جسے زیادہ خون آتا ہو تو اس کی بیماری بظاہر دب جانے سے رحم کے اندر سڑاند کے آثار ہو جائیں اور مستقل بدبُو دار لیس دار مادہ یا خون کے لوتھڑے نکلنے لگیں......سارے جسم میں دردیں اور بے چینی ہوتی ہو اور جسم میں زہریلے مادے بننے لگیں (ایسی صورت

میں ضروری ہے کہ اخراجات کو دوبارہ جاری کیا جائے)

1۔اہم دوا: آرسینک Arsenic 30

2۔مفید نسخہ: 1۔آرسینک Arsenic 30

کالی آئیوڈائیڈ Kali Iodide 30

ملا کر یا باری باری۔علاوہ ازیں

2۔سلفر Sulphur

پائیروجینم Pyrogenium

200 ملا کر

ملا کر دینا بھی رحم کے اکثر تعفنات اور اس کے نتیجہ میں بخار یا ذہنی انتشار کو دُور کرنے میں بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

3۔مفید دوائیں: 1۔آرسینک Arsenic 30

2۔سیکیل کار .Secale Cor 30

آرسینک (Arsenic) اور سیکیل کار (Secale Cor) علامتوں میں ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔ سیکیل کار خون کے گہرے امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ جس بیماری میں بھی کالے رنگ کا متعفن خون خارج ہونے لگے اور سیکیل کی نمایاں علامت یعنی شدید گرمی کا احساس موجود ہو۔ یہ دوا بسا اوقات تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔ آرسینک میں جو علامات ملتی ہیں ان میں بے چینی اور خون کے تعفنات شامل ہیں۔ لیکن ایک امتیازی فرق یہ ہے کہ سیکیل کار کا مریض شدید گرمی محسوس کرتا ہے اور آرسینک کا مریض سخت سردی کے احساس سے اپنے جسم کو ہر وقت ڈھانپتا رہتا ہے اور آگ کے پاس بیٹھنا پسند کرتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 98)

4377۔رحم کی بیماریاں ذہنی بیماریوں میں تبدیل ہو جائیں۔ کسی دوا سے ماہانہ نظام ٹھیک ہو جائے لیکن بے چینی, توہمات, موت کا خوف اور پاگل پن کی علامات ظاہر ہونے لگیں۔(بشرط علامات) مفید دوا: آرسینک Arsenic 30

اگر آرسینک کی علامات ہوں تو آرسینک دینے سے یہ سب بیماریاں یک دفعہ دُور ہو جائیں گی۔ آرسینک کی بے چینی بعض دفعہ پاگل پن میں تبدیل ہو جاتی ہے اور خودکشی کا رجحان پیدا ہو جاتا ہے اور مریض اس وہم میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ اس کی بخشش کے دن گزر چکے ہیں۔

4378۔ پیچش اور اسہال ک رنگت سیاہی مائل ہو اور (بے چینی کی وجہ سے) تھوڑی تھوڑی اجابت بار بار ہوتی ہو۔

مفید دوا : آرسینک 30 Arsenic

بے چینی کی وجہ سے انتڑیوں کی طبعی حرکت متاثر ہوتی ہے اور بہت سے زہریلے مادے جو قدرتی طور پر نکل جانے چاہئیں وہ جسم میں جذب ہونے لگتے ہیں۔ جن کی وجہ سے بے چینی میں اضافہ ہو جاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے بعض مریضوں کو تشنج کا دورہ بھی پڑتا ہے۔ اگر وقت پر آرسینک دے دی جائے تو انتڑیوں کی حرکت معمول پر آجاتی ہے اور مریض کی طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔

4379۔ جسم میں بے چینی رہتی ہو جو شام کو بڑھ جاتی ہو۔

مفید دوا : چینینم آرس 30 Chininium Ars.

4380۔ مریض بے چین ہو اور مسلسل کروٹیں بدلتا ہو تھوڑا تھوڑا پیشاب بار بار آتا ہو۔

مفید دوا : آرسینک 30 Arsenic

4381۔ گلے اور مثانے کی تکلیفوں میں آرسینک کی طرح بے چینی پائی جائے۔ (یہ بیماری کینسر بھی ہو سکتی ہے۔)

کارآمد دوا: آرسینک 30 Arsenic

مثانے اور گلے کے کینسر میں آرسینک براہ راست پوری طرح شفاء نہ دے تو اس کا استعمال پھر بھی جاری رکھنا چاہیئے کیونکہ یہ مرض میں کمی ضرور پیدا کر دیتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ متعلقہ کینسر کی بالمثل دوا فوری تلاش کرنی چاہیئے۔

4382۔شدید اور مسلسل قبض رہتی ہے جس کی وجہ سے مریض سخت بے چینی محسوس کرتا ہو، کروٹیں بدلتا ہو اور تکیہ پر سر رگڑتا ہو۔

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

انیما اور اسہال کی دواؤں سے بھی افاقہ نہیں ہوتا، ایسی قبض میں ٹیرینٹولا مفید ثابت ہوتا ہے۔

4383۔اعضاء میں سُن ہونے کا احساس، کمزوری اور جلن ہر وقت بے چینی رہتی ہو۔ اعضاء میں شدید درد ہوتا ہو۔ ٹانگوں کا درد خاص طور پر نمایاں ہو۔

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

ٹیرینٹولا میں اعضاء میں سُن ہونے کا احساس، کمزوری اور جلن کا پایا جانا اس کے عمومی مزاج کا خاصہ ہے، ہر وقت بے چینی رہتی ہے، اعضاء میں شدید درد ہوتا ہے۔

4384۔خسرہ میں جلن اور بے چینی بہت بڑھ جائے اور خدشہ ہو کہ بیماری اندرونی جھلیوں پر حملہ نہ کر دے تو مفید دوائیں:

1۔سلفر Sulphur 200-30

2۔آرسینک Arsenic 30

سلفر میں بھی یہی علامتیں ہیں لیکن بے چینی نہیں ہے۔ دانوں میں جلن اور آگ لگنے کا احساس ہوتا ہے۔ آرسینک میں بے چینی اس کے علاوہ ہے۔

4385۔سونے سے پہلے ٹانگوں میں بے چینی نمایاں ہو

مفید دوا: ٹیرینٹولا Tarentula 200-30

یہ علامت ارجنٹم، لائیکو پوڈیم اور آرسینک میں بھی برابر ملتی ہے۔ ٹیرینٹولا بے چینی اور جلن کے لحاظ سے آرسینک سے مشابہ ہے۔

4386۔عورتوں کو خاص طور پر رات کے وقت ٹانگوں میں بے چینی شروع ہو جاتی ہو

اور وہ دونوں پاؤں بستر سے باہر نکال کر آپس میں رگڑتی ہوں۔

1۔اگر جوڑوں کی تکلیفوں کی وجہ سے ایسا ہوتو

مفید دوا : رسٹاکس Rhustox 200

2۔اگر محض اعصابی تناؤ کی وجہ سے ایسا ہوتو

مفید دوا : زنکم میٹ Zincum Met. 30

یہ بے چینی بعض دفعہ دبے ہوئے ایگزیما یا خارش کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے اگر ایسا ہوتو رسٹاکس دینے سے مریض کی ٹانگوں پر خارش شروع ہو جائے گی یا ایگزیما اچھل پڑے گا۔اس وقت گھبرانا نہیں چاہیئے یہ اچھی علامت ہے اسی دوا سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

4387۔دونوں پاؤں بے چینی کی وجہ سے ہلتے رہیں یا آپس میں رگڑتے رہیں۔

(خاص علامت) زنکم Zincum 30

زنک کی ایک خاص پہچان یہ ہے کہ اس کا مریض اپنے پاؤں کو مسلسل حرکت دیتا رہتا ہے۔عموماً عورتیں اپنے پاؤں بستر سے باہر نکال کر آپس میں رگڑتی رہتی ہیں یا بعض مریض اپنی ٹانگوں کو مسلسل ہلاتے رہتے ہیں۔اگر کسی میں یہ علامت پائی جائے تو وہ جب بھی بیمار ہو اسے زنک دے کر دیکھنا چاہیئے۔اگر زنک کے مزاجی مریض کی پہچان ہو جائے تو اس کی سب بیماریوں میں زنک مفید ثابت ہوگا۔ (ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 806)

☆☆☆☆☆

بے ہوشی Fainting

4388۔گرمی کی شدت سے یا اندرونی کمزوریوں کی وجہ سے عورتوں کو دندل پڑ جائے۔

کیمفر Camphor 30

کیمفر کی چھوٹی طاقت کی ہومیو دوا سے صرف ہونٹ گیلا کر دیں تو وہ خود بخود اثر دکھائے گی اور یہ کیفیت جاتی رہے گی۔

4389۔مریض بیہوش ہو جائے اور ہذیانی کیفیت ہو اور آنکھیں اوپر چڑھ جائیں تو فوری طور پر استعمال کرنے والی

مفید دوا : کیوپرم Cuprum 30

4390۔کھانے کی بُو خصوصاً مچھلی پکنے کی بُو سے شدید متلی جس سے مریض بے ہوش ہو جائے۔

کالچیکم Colchicum 200-30

4391۔بچے ناراضگی کے صدمہ سے مغلوب ہو کر بیہوش ہو جائیں

مفید دوئیں: 1۔ایسکولس Aesculus 30

2۔ایگریکس Agaricus 30

بچے معمولی ڈانٹ ڈپٹ سے بیہوش ہو جاتے ہیں۔(ایسکولس میں یہ علامت زیادہ ملتی ہے)

4392۔بیہوشی کے ساتھ سارا جسم تن جائے۔جیسا کہ مرگی کے دوروں میں ہوتا ہے

خاص علامت : کیوپرم Cuprum 30

4393۔گہری بیہوشی کا رجحان جس میں آنکھ کی ایک پتلی پھیل جاتی ہو۔

1۔ بیلاڈونا Belladonna 200

2۔ اوپیم Opium 30

4394۔بیماری کے دوران مریض پر بیہوشی طاری ہو جائے اور وہ غنودگی کے دوران چُپ چاپ پڑا رہے۔

آرنیکا Arnica 30

4395۔مریضہ چھوٹی سی تکلیف کو بھی بہت شدت سے محسوس کرتی ہو ملنے جلنے والے

لوگ اس کے بارے میں کہنے لگتے ہوں کہ بہانہ کرتی ہے یہ سُن کر اس کی تکلیف اور بھی بڑھ جاتی ہو اور بعض دفعہ بیہوشی کے دورے پڑنے لگتے ہوں

مفید دوا : سٹفی سیگریا Staphysagria 30

4396۔ مریض نیم بیہوشی کے عالم میں اپنے آپ سے باتیں کرتا ہو پھر بہت چیخیں مارتا ہو اور بیہوش ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : ہائیوسیمس Hyoscyamus 200-30

4397۔ گرم ممالک میں ہجوم اور جمگھٹے میں کئی عورتیں بیہوش ہو جاتی ہوں۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

4398۔ غم یا خوف وغیرہ کے اثرات کی شدّت کے وقت بیہوشی۔

مفید دوا : اگنیشیا Ignatia 30

یہ اعصابی کمزوری کی بیہوشی ہے۔ مریضہ نروس ہو تو وہ کانپتی ہے اور اعصاب جھرجھری سی محسوس کرتے ہیں۔ یہ کیفیت بڑھ کر تشنج میں تبدیل ہو جاتی ہے اور مریضہ بے ہوش ہو جاتی ہے جیسے ہسٹیریا کی مریضہ ہو۔

☆☆☆☆☆

Longings : خواہشات

4399۔ پنیر کھانے کی بہت خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : سسٹس Cistus 30

4400۔ مریض کا دل مسالے دار چیزیں کھانے کو چاہتا ہو۔ (خصوصاً عورتوں کا)

مفید دوا : سسٹس Cistus 30

4401۔مریض کوٹھنڈا کھانا کھانے کی خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : پلسٹیلا Pulsatilla 30

4402۔مریض گرم چیزیں کھانے سے بہتر محسوس کرتا ہو۔ٹھنڈا اور ٹھنڈے مشروبات سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4403۔میٹھی چیزیں کھانے کی خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا : سباڈیلا Sabadilla 30

4404۔میٹھے کی خواہش کے ساتھ پیٹ میں ہوا اور تناؤ بہت نمایاں ہو(علامت)

مفید دوا : ارجنٹم نائیٹریکم Argent. Nit. 30

4405۔مریض ترش چیزیں پسند کرتا ہو، زبان سفید اور منہ کا ذائقہ بہت نمکین ہو۔

مفید دوا : سپیا Cepia 30

4406۔مریضوں میں انڈہ کھانے کی شدید خواہش ہوتی ہو۔

مفید دوا :کلکیریا کارب Calc. Carb 200-6x

4407۔بچوں میں نا قابل ہضم چیزوں کے کھانے کی خواہش، مثلاً مٹی، کاغذ، وغیرہ

مفید دوا:کلکیریا کارب Calc. Carb 30-6x

اکثر ایسے بچے مستقل بدہضمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

4408۔مریض جہاں بھی ہو وہاں سے کہیں اور جانا چاہتا ہو(علامت)

1۔ٹیوبرکولینم Tuberculinum 200

2۔آرنیکا Arnica 30

3۔تھوجا Thuja 30

4409۔ مریض نئی جگہ جانے کی خواہش کرتا ہو وہ سوچتا ہو کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے سے آرام آجائے گا۔

مفید دوا : آرنیکا Arnica 200-30

4410۔ مریض کہیں اور جانے کی خواہش کرتا ہو تا کہ تکلیف میں کمی ہو۔

مفید دوا : کلکیریا فاس Calc. Phos 6x

☆☆☆☆☆

بدعادات اور ان کا علاج

Ailments Of Bad Habbits

4411۔ ناخن کھانے کی عادت

کلکیریا کارب Calc. Carb 30 روزانہ تین بار

4412۔ بچہ مٹی کھاتا ہو۔

برائیٹا کارب Baryta Carb 30

4413۔ بچہ مٹی کھاتا ہو تو مفید نسخہ

کلکیریا کارب Calc. Carb 1000

دس دن کے وقفہ سے صرف تین خوراک

4414۔ سگریٹ نوشی کی عادت چھڑانے کیلئے

مفید دوا: کیلیڈیم Caladium 30

یہ تمباکو نوشی کی کثرت سے پیدا ہونے والی جنسی کمزوریوں میں بھی مفید ہے۔ (مرزا طاہر احمد)

اس کے استعمال سے حقہ نوشی کی عادت جاتی رہتی ہے۔ (دولت سنگھ)

4415۔شراب کی پرانی عادت توڑنے کی بہترین دوا:

سلفیورک ایسڈ   Sulphuric Acid

ایک بڑے گلاس پانی میں خالص سلفیورک ایسڈ کا ایک قطرہ ملا دینا چاہیئے اس پانی کو دن بھر تین خوراکوں میں ختم کر دینا چاہیئے۔

4416۔شراب نوشی کی عادت چھڑانے میں خاص شہرت یافتہ دوا:

کورکس کلینڈیم   Quercus Calandium   30-Q

اس کے استعمال سے شراب پینے کی خواہش معدوم ہو جاتی ہے۔(دولت سنگھ)

4417۔شراب خوری کی عادت چھوڑنے کے بعد کوئی تکلیف پیدا ہو جائے تو

مشکل کشا دوا: کیپسیکم   Capsicum   6x-Q   (دولت سنگھ)

4418۔افیون کھانے کی عادت چھڑانے کے لئے

مفید دوا: بربرس   Berberis   Q   (بورک)

4419۔جلق (Self Abuse) مشت زنی روکنے اور اس کے بد اثرات دور کرنے والی مفید دوا :

بوفورانا   Rana Bufo   30

"اگر کوئی نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو جائے تو اس کی دوا بوفو (Bufo) ہے۔اور یہ جلق (Self Abuse) کو روکتی اور اسکے بد اثرات کو دُور کرتی ہے۔"

(ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 173)

4420۔جنسی بے راہ روی کے شکار لوگ جو بالکل بیکار اور ناکارہ ہونے کے باوجود نظر بازی سے باز نہ آئیں ان کے لئے بہترین دوائیں۔(بشرط مزاج)

1۔ فلورک ایسڈ   Fluoric Acid   30

2۔ پکرک ایسڈ — Picric Acid 30

3۔ لائیکوپوڈیم — Lycopodium 30

4۔ سیپیا — Sepia 30

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 391)

4421۔ نشہ آور چیزوں کے منفی اثرات دور کرنے اور نیند کی گولیوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے۔

1۔ مفید دوا: نکس وامیکا — Nux Vomica 30

2۔ مفید نسخہ: نکس وامیکا — Nux Vomica، کیموملا — Chamomilla — 30

جو لوگ نشہ کے عادی ہوں یا جنہیں نیند کی گولیاں کھانے کی عادت پڑ جائے ان کے لئے نکس وامیکا بہترین متبادل ہے۔۔۔۔ اگر یہ اکیلی کافی نہ ہو تو ساتھ کیموملا استعمال کروائیں یہ دونوں دوائیں نیند لانے کے علاوہ بہت سی نشہ آور ڈرگز (Drugs) کے بداثرات کو ختم کر دیتی ہیں۔

جانوروں کی بیماریاں

Diseases of Animals

4422۔ کُتّے کی گردن پر خطرناک چھالے نکل آئیں۔

مفید دوا: میلینڈرینم — Malandrinum 200-30

4423۔ مویشیوں میں اگر بچہ پیدا کرنے کے بعد آنول رہ جائے اور پرسوتی بخار ہو۔

مفید نسخہ: پائیروجینم — Pyrogenium، سلفر — Sulphur — 200 ملا کر

یہ نسخہ انسانوں کی طرح مویشیوں پر بھی بڑا اثرانداز ہوتا ہے۔

4424۔ جانوروں کے پلورل نمونیہ (پھیپھڑوں کے اردگرد کی جھلّی کا نمونیہ) میں

تیر بہدف دوا: سینیگا Senega 200-30

اس بیماری کے ازالہ میں اس کا اتنا گہرا تعلق ہے کہ انسانوں میں اگرچہ اس کا یہ استعمال خطا بھی جاتا ہے اور تشخیص غلط بھی ہو سکتی ہے۔ لیکن جانوروں کے پلورل نمونیہ میں یہ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 743)

4425۔ جانوروں کی انتڑیوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں بڑھتا ہوا دباؤ اور اپھارہ۔

جادو اثر دوا: کالچیکم Colchicum 200

4426۔ گھوڑا خود کسی کیل وغیرہ پر پاؤں رکھ دے اور اس کے سُم میں گہرا زخم بن جائے جو ہڈی کے کنارے تک جا پہنچے تو اس کا تشنج اور ٹیٹنس دُور کرنے کیلئے

مؤثر دوا: لیڈم Ledum 200

اس کا تشنج اور ٹیٹنس لیڈم 200 دینے سے آناً فاناً دُور ہو جاتا ہے۔

4427۔ گائے، بھینس، بھیڑ، بکری یا گھوڑے کی انتڑیوں کے تشنج اور اپھارہ کے لئے

جادو اثر دوا: کالچیکم Colchicum 200

انتڑیوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں ہوا کا بڑھتا ہوا تناؤ عرف عام میں اپھارہ کہلاتا ہے۔ اس قسم کا اپھارہ جانوروں میں بھی ملتا ہے۔ (اگر وہ ایسا چارہ استعمال کریں جس میں ہائیڈروسائینک ایسڈ (Hydrocyanic Acid) پیدا ہو چکا ہو) اس قسم کے اپھارے میں خواہ وہ گائے، بھینس، بھیڑ، بکری یا گھوڑے کو ہو...... کالچیکم کی چند گولیاں جادو کا اثر دکھاتی ہیں۔

جانوروں کے جس اپھارہ کا ذکر کیا گیا ہے اس میں اکثر زمیندار جراح کو بلا لیتے ہیں جو پسلی میں نشتر گھونپ کر ایسے جانور کی ہوا باہر نکالتا ہے۔ لیکن اس صورت میں بعض اوقات ایسے جانور مرنے کے قریب ہو جاتے ہیں اور مرنے سے پہلے انہیں ذبح کر لیا جاتا ہے۔ اگر کالچیکم کی 200 طاقت کی چند گولیاں میسر ہوں تو قیمتی جانوروں کا اس طرح ضیاع نہ ہو۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 320)

روزمرہ کام آنے والے بعض مجرب نسخے

4428۔ بچوں کے دانت نکلنے میں سہولت کیلئے غیر معمولی مفید بائیوکیمک مرکب نسخہ

کالی فاس	Kali Phos	6x ملا کر
فیرم فاس	Ferr. Phos	
سلیشیا	Silicea	
کلکیریا فاس	Calc. Phos	
کلکیریا فلور	Calc. Fluor	

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 429)

4429۔ بچے کمرہ امتحان میں جا کر سب کچھ بھول جاتے ہوں یا کنفیوز ہو جاتے ہوں۔

ایتھوزا	Aethusa	200

4430۔ طالبعلموں کو امتحان کا خوف ہو۔ مفید نسخہ

ارجنٹم نائیٹریکم	Agent. Nit.	200 ملا کر
ایتھوزا	Aethusa	

4431۔ طالبعلموں کو امتحان کا ڈر لگا رہتا ہو۔

بڑی فائدہ مند دوا: اینا کارڈیم	Anacardium	200-Q (دو وقت ہمراہ)

4432۔ بچے سکول جانے سے خوفزدہ ہوں۔

فاسفورس	Phosphorus	30
ایکونائیٹ	Aconite	
اوپیئم	Opium	

4433۔حادثہ کے نتیجہ میں اگر دماغ پر چوٹ آجائے تو اکثر فائدہ مند نسخہ

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
نیٹرم سلف	Natrum Sulph	

4434۔اچانک دماغ کی رگ پھٹ جائے اور بے ہوشی طاری ہو جائے تو حیرت انگیز مفید نسخہ:

آرنیکا	Arnica	200 ملا کر
اوپیئم	Opium	

اگر اچانک دماغ کی رگ پھٹ جائے اور بے ہوشی طاری ہو جائے تو فوراً بہت اونچی طاقت میں آرنیکا کے ساتھ اوپیئم ملا کر دینے سے حیرت انگیز فائدہ پہنچتا ہے۔آرنیکا اکیلی اتنی مفید نہیں ہے لیکن اگر اس کے ساتھ اوپیئم ملا کر دی جائے تو سارے خون میں طراوت سی آجاتی ہے، چستی پیدا ہوتی ہے، ٹھنڈا جسم گرم ہونے لگتا ہے اور منجمد خون خود بخود ہی پتلا ہو کر معمول کے مطابق گردش کرنے لگتا ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 646)

4435۔خوف کے بداثرات کو دور کرنے کے لئے مؤثر نسخہ

ایکونائیٹ	Aconite	CM ملا کر
اوپیئم	Opium	

4436۔بچے رات کو ڈر کر اٹھ جائیں۔مفید نسخہ

آرسینک	Arsenic	
ایکونائیٹ	Aconite	30 ملا کر
اوپیئم	Opium	

4437۔ہر قسم کی بیماریاں ہر موسم میں اگر اچانک اور تیزی سے شروع ہوں اور شدید خوف دامنگیر ہو تو بلاتردد استعمال کی جانے والی

1۔مفید دوا: ایکونائیٹ Aconite 1000-30

2۔مفید نسخہ: ایکونائیٹ Aconite
رسٹاکس Rhustox] 200 ملاکر

ایکونائیٹ کو اگر رسٹاکس سے ملا کر دیا جائے تو یہ نسخہ بیماریوں کے آغاز میں اور بھی زیادہ مؤثر اور وسیع الاثر ثابت ہوتا ہے۔میرے نزدیک یہ اسپرین (Asprin) کا بہترین بدل ہے۔ہر ایسی بیماری کے آغاز میں جس میں بے چینی اور بخار کی کیفیت ہو اور محسوس ہوتا ہو کہ کچھ ہونے والا ہے ایکونائیٹ اور رسٹاکس کی 200 طاقت میں دو تین خوراکیں بیماری کو آغاز میں ہی ختم کر دیتی ہیں۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 10)

4438۔اگر کسی کام میں دل نہ لگے، موت کا خوف ہو، حادثہ کا ڈر ہو اور بے چینی بہت ہو

مفید دوا: آرسینک Arsenic 1000 چند خوراکیں

4439۔ہر آپریشن سے پہلے اور بعد کی پیچیدگیوں سے بچانے والی دوا:

آرنیکا Arnica 1000

ہر آپریشن سے پہلے اور بعد میں آرنیکا (Arnica) 1000 کی ایک ایک خوراک دینا بہت سی پیچیدگیوں سے بچالیتا ہے۔

4440۔آپریشن کرانے کے بعد حرارت غریزی گر جائے، خون کا دباؤ کم ہو جائے تو

کارآمد دوا: کیمفر Camphor 1x

1x کی تین خوراکیں ہر پندرہ منٹ کے بعد دینی چاہئیں۔(دولت سنگھ)

4441۔زندگی بچانے والی چوٹی کی دوا: کاربوویج Carboveg 200-30

''جب کسی بیماری کے بہت بڑھ جانے کے نتیجہ میں زندگی کی رمق کالعدم ہو جائے تو ان نازک لمحات میں کاربوویج ڈوبتی ہوئی زندگی کو واپس کھینچ لانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے...بارہا تجربوں سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ جب زندگی بالکل ختم ہونے کے قریب ہو تو کاربوویج فوراً اثر کرتی ہے اور جسم کی حرارت بحال کر دیتی ہے۔

کتابیات

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف
1	ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل	مرزا طاہر احمد صاحب
2	نسخہ جات ہومیوپیتھی	// // //
3	لیکچرز کینٹ میٹریا میڈیکا	ڈاکٹر کینٹ
4	بورک میٹریا میڈیکا	ڈاکٹر ولیم بورک
5	سائیکلوپیڈیا آف ہومیوپیتھک ڈرگز	ڈاکٹر کاشی رام
6	میٹریا میڈیکا	ڈاکٹر دولت سنگھ
7	مکینیکل میٹریا میڈیکا	ڈاکٹر فرنگٹن
8	نیش لیڈرز	ڈاکٹر ای بی نیش
9	کیریکٹرسٹک میٹریا میڈیکا	ڈاکٹر داس گپتا
10	پریکٹیکل ہومیو پیتھک تھیراپیوٹکس	ڈاکٹر ڈبلیو اے ڈیو
11	ہومیو پیتھک گائیڈ ٹو فیملی ہیلتھ	ڈاکٹر رجیندر رنڈن اور ڈاکٹر ویدرتن بجاج
12	جدید علاج	ڈاکٹر ایم مستقیم انور